اور اسباط پر نازل کیا گیا ہے اُسپر اور جو کچھ موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو دیا گیا ہے اُسپر اور جو اور نبیو کو اُنکے رب کیطرف سے

مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ

ملا ہے اُسپر اور ہم (مثل یہود کے) ان مین سے کسی مین کوئی فرق نہین کرتے اور ہم اُسی خدا کے

مُسْلِمُونَ ○ فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوْا
مطیع ہیں اگر وہ بھی اسی طرح ایمان لے آئے جسطرح تم ایمان لائے ہو تو بیشک انہوں نے ہدایت پائی
وَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِي شِقَاقٍ ۖ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ ۚ
اور اگر روگردان ہوگئے تو وہی نافرمانی میں ہیں پس اللہ تمکو انکے شر سے بچائے گا
وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ صِبْغَةَ اللَّهِ ۖ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ
اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے یہ اللہ کا رنگ ہے اور اللہ سے کس کا رنگ
اللَّهِ صِبْغَةً ۖ وَنَحْنُ لَهُ عَابِدُونَ ○ قُلْ أَتُحَاجُّونَنَا فِي
ہو گا کس کا؟ حالانکہ ہم اسی کی عبادت کرنیوالے ہیں (اے رسول) کہدو کہ کیا اللہ کے بارے میں
اللَّهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۖ وَلَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ ۖ
تم ہم سے حجت کرتے ہو حالانکہ وہ ہمارا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی اور ہمارے اعمال ہمارے لئے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لئے
وَنَحْنُ لَهُ مُخْلِصُونَ ○ أَمْ تَقُولُونَ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ
اور ہم اسی سے خلوص رکھنے والے ہیں یا تم یہ کہتے ہو کہ ابراہیم اور اسمٰعیل
وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطَ كَانُوا هُودًا أَوْ
اور اسحٰق اور یعقوب اور اسباط یہودی یا
نَصَارَىٰ ۗ قُلْ أَأَنْتُمْ أَعْلَمُ أَمِ اللَّهُ ۗ وَمَنْ أَظْلَمُ
نصرانی تھے (اے رسول) کہدو کہ تم زیادہ واقفکار ہو یا اللہ اور اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا
مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهُ مِنَ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ
جو اللہ کی شہادت کو جو اسکے پاس ہے چھپائے اور اللہ اس سے جو کچھ تم کرتے ہو
عَمَّا تَعْمَلُونَ ○ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۖ لَهَا مَا
بیخبر نہیں ہے وہ ایک لوگ تھے جو گزر گئے انکا کیا انکے لئے
كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ ۖ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ ع ۱۲/۱۶
اور تمہارا کیا تمہارے لئے اور تم سے اسکی بابت جو وہ کیا کرتے تھے سوال نہیں کیا جائیگا

وَاعْلَمُوٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ

اور یہ جان لو کہ جب کسی طرح کی غنیمت تمہارے ہاتھ آئے تو اسکا پانچوان حصہ

خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

اللہ کا اور رسول کا اور (رسول کے) قرابت داروں کا اور یتیموں کا

وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ

اور مسکینوں کا اور مسافروں کا (حق) ہے بشرطیکہ تم اللہ پر ایمان لائے ہو

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى

اور اس (مدد) پر جو ہمنے اپنے بندے پر فیصلہ کے دن نازل کی تھی جس دن دو گروہ ہو نکی مڈبھیڑ

الْجَمْعٰنِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اِذْ اَنْتُمْ

ہو گئی تھی اور اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ

بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى

تم نزدیک کی گھاٹی میں تھے اور وہ انتہائی سرے پر اور قافلہ

وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ

تم سے نیچے کی طرف تھا اور اگر تم ایک دوسرے سے وعدہ کرتے

لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا

تو وقت معین سے تم ضرور اختلاف کرتے لیکن (تمکو یکایک ایک دوسرے کے مقابل کردیا) تاکہ جو ہونیوالا

كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّ

تھا اسکو اللہ پورا کردے اور تاکہ جو ہلاک ہو نیوالا ہے وہ حجت (ودلیل) سے ہلاک ہو اور جو

يَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ

زندہ رہنے والا ہے وہ بھی حجت (ودلیل) سے زندہ رہے اور ضرور اللہ سننے والا (اور)

عَلِيْمٌ ۝ اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ۭ

جاننے والا ہے (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ اللہ تعالےٰ نے اُن لوگو نکو تمہارے خواب مین کم کرکے دکھایا

(منقول بالسین ہاں شی سید ظفر یاب ہاشمی سید ظفر یاب ہاشمی)

وَلَوْ أَرٰىكَهُمْ كَثِيرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ
اور اگر وہ تمہین زیادہ کرکے دکھاتا تو تم ضرور ہمت ہار دیتے اور اس معاملہ مین ضرور تم آپس مین جھگڑتے
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ وَ
لیکن اللہ نے بچا لیا بیشک وہ دلون کی حالت سے خوب واقف ہے اور (اُسوقت
إِذْ يُرِيكُمُوهُمْ إِذِ الْتَقَيْتُمْ فِي أَعْيُنِكُمْ قَلِيلًا
کو یاد کرو) جبکہ تمہاری ایک دوسرے سے مُڈبھیڑ ہوئی تھی تو اُنہین تمہاری نظرون مین کم دکھایا تھا
وَيُقَلِّلُكُمْ فِي أَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا ۗ
اور تمکو اُنکی نظرون مین تھوڑا کرکے دکھایا تھا تاکہ اللہ کو جو کچھ کرنا تھا اُسکو پورا کردے
وَإِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوٓا إِذَا ع ۵
اور کل امور کی بازگشت اللہ ہی کی طرف ہے اے ایمان لانیوالو جب کسی گروہ
لَقِيتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ
سے تمہاری مُڈبھیڑ ہو جائے تو ثابت قدم رہا کرو اور اللہ کو بہت یاد کیا کرو تاکہ تم
تُفْلِحُونَ ۝ وَأَطِيعُوا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُوا
فلاح پاؤ اور اللہ اور اُسکے رسول کی اطاعت کرو اور آپس مین نہ جھگڑو
فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ ۖ وَاصْبِرُوا ۚ إِنَّ اللّٰهَ
ورنہ تم ہمت ہار دوگے اور تمہاری ہوا اُکھڑ جائیگی اور تم صبر کرو بیشک اللہ
مَعَ الصّٰبِرِينَ ۝ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا
صبر کرنیوالون کے ساتھ ہے اور تم اُن لوگون کی مانند نہو جو اپنے گھرون سے
مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّونَ
اِترانے ہوئے اور لوگون کو دکھاتے ہوئے نکلے اور (لوگون کو) راہ خدا
عَن سَبِيلِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ۝
سے روکتے ہوئے اور جو عمل بھی یہ کرتے ہین اللہ کے احاطہ مین ہین

وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ أَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ
اور جب شیطان نے اُنکے اعمال اُنکی نظرون مین زینت دیدیا اور یہ کہدیا کہ آج ان آدمیون
لَّكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ ۖ فَلَمَّا تَرَاءَتِ
مین سے تم پر کوئی غالب آئیگا جس حال مین کہ مین تمہارا پشت پناہ ہون پھر جب اُن
الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيٓءٌ مِّنكُمْ
دو فوجون نے ایک دوسرے کو دیکھا تو شیطان اپنے پچھلے پاؤن پلٹ گیا اور اُنسے کہنے لگا کہ مین تو
إِنِّيٓ أَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّيٓ أَخَافُ اللّٰهَ ۚ وَاللّٰهُ شَدِيدُ
تم سے الگ ہون مین وہ کچھ دیکھتا ہون جو تم نہین دیکھتے مین اللہ سے ڈرتا ہون اور اللہ سخت
الْعِقَابِ ۝ إِذْ يَقُولُ الْمُنٰفِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم ع ۲
عذاب دینے والا ہے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ منافق اور وہ لوگ جنکے دلون مین روگ تھا یہ کہنے لگے
مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِينُهُمْ ۗ وَمَن يَتَوَكَّلْ
کہ اِن کو گون کو اُنکے دین نے دھوکا دیا ہے اور جو اللہ پر بھروسہ
عَلَى اللّٰهِ فَإِنَّ اللّٰهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ وَلَوْ تَرٰٓى إِذْ
رکھیگا تو اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے اور کاش تم اُسوقت دیکھتے
يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُونَ
جبکہ فرشتے اُن کافرون کی روح قبض کرتے ہین اور اُنکے چہرون اور
وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوقُوا عَذَابَ
پیٹھون پر مارتے جاتے ہین اور (یہ کہتے جاتے ہین کہ) عذاب دوزخ کا مزہ
الْحَرِيقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ
چکھو یہ اُسکا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھ پہلے کر چکے ہین
وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ۝ كَدَأْبِ
اور اللہ اپنے بندون کے حق مین ہرگز ظالم نہین ہے جیسے

اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
فرعون والون کی اور اُنسے پہلے والون کی حالت ہوئی کہ اُنہون نے خدا کی نشانیون
فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ
کا انکار کیا اور اللہ نے اُنکے گناہون کے بدلے مین اُنکو گرفتار کیا بیشک اللہ زبردست (اور) سخت
الْعِقَابِ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً
عذاب دینے والا ہے یہ اسلئے کہ اللہ کسی نعمت کا جو کسی قوم کو عنایت کی ہو بدلنے والا
اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَ
نہین ہے جبتک کہ وہ اپنے نفسون کی حالت خود نہ بدل ڈالین اور
اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ
بیشک اللہ سُننے والا (اور) جاننے والا ہے جیسے کہ فرعون والون کی
وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ
اور اُنسے پہلے والون کی حالت ہوئی کہ اُنہون نے اپنے پروردگار کی نشانیون کو جھٹلایا اور ہمنے اُنکو
بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا
اُنکے گناہون کے بدلے مین ہلاک کردیا اور فرعون والون کو ڈبو دیا اور وہ سب کے سب
ظٰلِمِيْنَ ۝ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ
ظالم تھے بیشک اللہ کے نزدیک سب سے بدتر حیوانات وہ لوگ ہین جو کافر ہوگئے
كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ
اور ایمان نہین لاتے جن سے تمنے معاہدہ کیا پھر
ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ۝
وہ اپنے عہد کو ہر ہر مرتبہ توڑ تو دیتے ہین اور ذرا نہین ڈرتے
فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ
پس اگر تم اُنپر لڑائی مین قابو پاجاؤ تو اُنکے ذریعے سے اُنکو جو اُنکی پشتی پر ہین

لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ ○ وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً

تتر بتر کر دینا کہ یہ بھی یاد رکھیں اور اگر تمکو کسی قوم سے عہد توڑ ڈالنے کا خوف ہو تو مساوی حیثیت

فَانْبِذْ إِلَيْهِمْ عَلَىٰ سَوَاءٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِينَ ○

سے تم بھی انسے دست بردار ہو جانا بیشک اللہ خیانت کرنیوالون کو دوست نہین رکھتا

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَبَقُوا ۚ إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ ○

اور جو لوگ کافر ہو گئے ہین وہ یہ گمان نہ کرین کہ وہ بازی لے گئے یقیناً وہ (ہمکو) عاجز نہ کر سکینگے

وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ

اور جو قوت تم بہم پہنچا سکتے ہو اور جتنے گھوڑے تم سرحد پر بندھے رکھ سکتے ہو انکو ان (کفار)

رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ

کے مقابلہ کے لئے تیار کر رکھو کہ ایسا کرنے سے تم اللہ کے دشمن کو اور اپنے دشمن کو اور انکے سوا اور لوگون کو

وَآخَرِينَ مِنْ دُونِهِمْ ۖ لَا تَعْلَمُونَهُمُ ۖ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ

ڈراتے رہوگے تم انکو نہین جانتے اللہ انکو جانتا ہے

وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ

اور جو کچھ تم اللہ کی راہ مین خرچ کرو گے اسکا عوض تمکو پورا پورا دیا جائیگا اور تمہارا

وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ○ وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ

کسی طرح نقصان نہ کیا جائیگا اور اگر وہ صلح کی طرف مائل ہون تو تم بھی اسکی طرف مائل

لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ

ہو جاؤ اور اللہ پر بھروسہ کرو بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا

الْعَلِيمُ ○ وَإِنْ يُرِيدُوا أَنْ يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ

ہے اور اگر وہ تمہین دھوکا دینا چاہینگے تو اللہ تمہارے

حَسْبَكَ اللَّهُ ۚ هُوَ الَّذِي أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ ○

لئے کافی ہے وہ وہی ہے جسنے اپنی امداد سے اور مومنین کے ذریعہ سے تمہاری تائید کی

وَالَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ ۚ لَوْ أَنفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ
اور اُنکے دلون مین الفت پیدا کردی تھی اگر زمین مین جو کچھ ہے تم سب بھی خرچ کردیتے
جَمِيعًا مَّا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ
تو اُنکے دلون مین الفت نہ پیدا کرسکتے لیکن اللہ نے اُنکے دلون مین الفت
بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ
پیدا کردی بیشک وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے اے نبیؐ تمہارے لئے اللہ
حَسْبُكَ اللَّهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ ع ۴
اور مؤمنین مین سے جو تمہارا اتباع کرتے ہین وہی کافی ہین
يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ ۚ إِن
اے نبیؐ مؤمنون کو لڑائی پر آمادہ کرو اگر تم مین سے
يَكُن مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ
بیس صبر کرنیوالے (بھی) ہونگے تو وہ دو سو پر غالب رہینگے
وَإِن يَكُن مِّنكُم مِّائَةٌ يَغْلِبُوا أَلْفًا مِّنَ الَّذِينَ
اور اگر تم مین سے سو ہونگے تو وہ کافرون مین سے ہزار پر غالب رہینگے اس لئے کہ
كَفَرُوا بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ۝ الْآنَ خَفَّفَ اللَّهُ
کافر ایسے لوگ ہین جو سمجھتے ہی نہین اب اللہ نے تمہارے بارے مین (اس حکم
عَنكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضَعْفًا ۚ فَإِن يَكُن مِّنكُم مِّائَةٌ
مین) تخفیف فرمادی اور یہ جان لیا کہ تم مین کمزوری ہے پس اگر تم مین سے صبر کرنیوالے سو ہونگے
صَابِرَةٌ يَغْلِبُوا مِائَتَيْنِ ۚ وَإِن يَكُن مِّنكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُوا
تو وہ دو سو پر غالب آئینگے اور اگر تم مین سے ہزار ہونگے تو وہ حکم خدا سے
أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝ مَا كَانَ
دو ہزار پر غالب رہینگے اور اللہ صبر کرنیوالون کے ساتھ ہے نبیؐ کے پاس جبتک کہ

لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ ؕ
وہ ملک مین غالب نہ آجائے قیدیون کا ہونا مناسب نہین ہے
تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ
تم سامان دنیا کے خواستگار ہو اور خدا تعالےٰ آخرت چاہتا ہے
وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ
اور اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے اگر تحریر خدا پہلے سے نہ ہو گئی ہوتی تو جو کچھ تمنے لیا ہے
لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ فَكُلُوْا مِمَّا
اُسکے بارے مین تمپر بڑا سخت عذاب واقع ہوتا اب جو کچھ تمنے بطور
غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
غنیمت لیا ہے اُسمین سے حلال وطیب سمجھکر کھا (پی) لو اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور)
رَّحِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ ع ۹ ۵
رحم کرنیوالا ہے اے نبی قیدیون مین سے جو تمہارے ہاتھ مین ہین اُنسے کہدو کہ اگر اللہ تمہارے دلون مین نیکی
الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِىْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ
پائیگا تو جو کچھ تم سے لیا گیا ہے اُس سے بہتر تمکو دیدیگا اور
خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ
تمہارے گناہ بخشدیگا اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا
رَّحِيْمٌ ۝ وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ
ہے اور اگر وہ تم سے خیانت کا ارادہ کرینگے تو وہ اللہ سے تو پہلے ہی
مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ اِنَّ
خیانت کر چکے ہین اور اسی سے اُنپر قابو دیدیا ہے اور اللہ صاحب علم وحکمت ہے بیشک
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ
جو لوگ ایمان لائے اور اُنہون نے ہجرت کی اور راہ خدا مین اپنے مال اور جان سے

منزل ۲

وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا وَّنَصَرُوا
جہاد کیا اور جنہون نے جگہ دی اور نصرت کی
أُولَٰئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ وَالَّذِينَ آمَنُوا
وہ ایک دوسرے کے سرپرست ہین اور جو ایمان تو لائے
وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُم مِّن وَلَايَتِهِم مِّن شَيْءٍ
اور انہون نے ہجرت نہین کی تو جب تک کہ وہ ہجرت نہ کرین تمکو انکی سرپرستی
حَتَّىٰ يُهَاجِرُوا ۚ وَإِنِ اسْتَنصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ
سے کوئی تعلق نہین اور اگر وہ تم سے دین مین مدد مانگین تو
فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ إِلَّا عَلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم
تمکو مدد دینا لازم ہے مگر اس قوم کے مقابلہ مین نہین جسکے اور تمہارے مابین
مِّيثَاقٌ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ وَالَّذِينَ
معاہدہ ہو اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسکا دیکھنے والا ہے اور جو لوگ
كَفَرُوا بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُن
کافر ہوچکے وہ ایک دوسرے کے مددگار ہین اگر تم (جو حکم دیا گیا ہے) وہ نہ کروگے تو
فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ ۝ وَالَّذِينَ آمَنُوا
ملک مین فتنہ اور بڑا فساد ہوجائیگا اور جو لوگ ایمان لائے
وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا
اور انہون نے راہ خدا مین ہجرت کی اور جہاد کئے اور جنہون نے جگہ دی
وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۖ لَّهُم
اور نصرت کی برحق مومن وہی ہین بخشش اور
مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝ وَالَّذِينَ آمَنُوا مِن بَعْدُ
عزت کی روزی انہی کے لئے ہے اور جو لوگ بعد مین ایمان لائے

وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا مَعَكُمْ فَأُولَٰئِكَ مِنكُمْ

اور انہوں نے ہجرت کی اور تمہارے ساتھ ہو کر جہاد کئے وہ بھی تمہیں میں محسوب ہیں

وَأُولُوا الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَىٰ بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ

اور رشتہ دار حکم خدا کے بموجب ایک دوسرے کی وراثت کے زیادہ مستحق ہیں

إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝

بیشک اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے

سُورَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَتِسْعٌ وَعِشْرُونَ آيَةً

بَرَاءَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ إِلَى الَّذِينَ عَاهَدتُّم

اللہ اور اسکا رسول اُس عہد سے بری ہیں جو تم نے مشرکین

مِّنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ فَسِيحُوا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ

سے کیا تھا پس (اے مشرکو!) چار مہینے ملک میں چلو پھرو

أَشْهُرٍ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللَّهِ وَأَنَّ اللَّهَ

اور یہ سمجھ لو کہ تم اللہ کے عاجز کرنیوالے نہیں ہو اور اللہ

مُخْزِي الْكَافِرِينَ ۝ وَأَذَانٌ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ

کافروں کا رسوا کرنیوالا ہے اور اللہ اور اسکے رسول کی طرف سے حج اکبر

إِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ أَنَّ اللَّهَ بَرِيءٌ مِّنَ

کے دن کل آدمیوں کے لئے اعلان (کیا جاتا) ہے کہ اللہ اور اسکا رسول مشرکوں

الْمُشْرِكِينَ وَرَسُولُهُ ۚ فَإِن تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ

سے دست بردار ہیں پھر اگر تم توبہ کرلو تو تمہارے لئے

لَّكُمْ ۖ وَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ غَيْرُ

بہتر ہے اور اگر روگردان رہو گے تو یہ سمجھ لو کہ تم اللہ کے عاجز کرنیوالے

ربع

آیاتها ۱۲۹
کلماتها ۱۶
حروفها ۲۵۳۶
نقطها ۱۱۳۶

نصف

مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝
نہین ہو اور (اے رسول) تم کافرون کو دردناک عذاب کی خوشخبری پہنچا دو
اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ
مگر مشرکین مین سے وہ لوگ جنسے تمنے عہد کیا تھا پھر انہون نے تمہارے ساتھ
شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ
کوئی کمی نہین کی اور نہ تمہارے برخلاف کسی کو مدد دی تو انکے عہد کو انکی
عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝
مدت تک پورا کرو بیشک اللہ پرہیزگارون کو دوست رکھتا ہے
فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ
پھر جب حرمت والے مہینے پورے ہو جائین تو مشرکین کو جہان جہان تم پاؤ
حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ
قتل کر ڈالنا اور انکو گرفتار کر لینا اور انکا محاصرہ کرنا
وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا
اور ہر ہر راستہ پر انکے لئے گھات مین بیٹھ جانا پھر اگر وہ توبہ کر لین اور نماز
الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
پڑھنے لگین اور زکوٰۃ دینے لگین تو انکا راستہ کھول دینا بیشک اللہ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ
بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور اگر مشرکون مین سے کوئی شخص تم سے پناہ مانگے
اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ
تو اسکو پناہ دینا تاکہ وہ خدا کا کلام سنے پھر اسے اسکے ٹھکانے
مَاْمَنَهٗ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ ع ۷
پر پہنچا دینا یہ اسلئے کہ وہ ایسے لوگ ہین جو کچھ جانتے بوجھتے نہین ہین

منزل ۲

چلنے پھرنے کی اجازت دیگئی تھی تفسیر عیاشی مین جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ وہ مدت دسوین ذی الحجہ سے

كَيْفَ يَكُونُ لِلْمُشْرِكِينَ عَهْدٌ عِنْدَ اللَّهِ وَ

اللہ اور اُسکے رسول کے ذمہ مشرکین کا کوئی عہد رہ کیونکر سکتا ہے سوائے

عِنْدَ رَسُولِهِ إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدْتُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ

اُنکے جن سے تم نے مسجد الحرام کے پاس عہد کر لیا تھا پس جب تک

الْحَرَامِ ۖ فَمَا اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا لَهُمْ ۚ

وہ تمہارے ساتھ اسپر قائم رہین تم بھی اُنکے ساتھ اسپر قائم رہو

إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ۝ كَيْفَ وَإِنْ يَظْهَرُوا

بیشک اللہ پرہیزگارون کو دوست رکھتا ہے یہ عہد رہتا کیونکر حالانکہ اگر (اب بھی) وہ

عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوا فِيكُمْ إِلًّا وَلَا ذِمَّةً ۚ يُرْضُونَكُمْ

تم پر غلبہ پا جائین تو نہ تمہارے بارے مین قرابت کا لحاظ کرین نہ عہد و پیمان کا وہ زبانی باتون

بِأَفْوَاهِهِمْ وَتَأْبَىٰ قُلُوبُهُمْ وَأَكْثَرُهُمْ

سے تمکو راضی کرنا چاہتے ہین حالانکہ اُنکے دل خوش نہین ہین اور اُن مین سے اکثر

فَاسِقُونَ ۝ اشْتَرَوْا بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا

نافرمان ہین اُنہون نے خدا کی آیتون کے بدلے تھوڑی سی قیمت لیلی

فَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِهِ ۚ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا

اور (لوگون کو) اُسکے راستے سے روکا بیشک جو عمل وہ کر رہے ہین (یہ) بہت ہی

يَعْمَلُونَ ۝ لَا يَرْقُبُونَ فِي مُؤْمِنٍ إِلًّا وَلَا ذِمَّةً ۚ

بُرا ہے وہ کسی مومن کے بارے مین نہ قرابت کا لحاظ کرتے ہین نہ عہد و پیمان کا

وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُونَ ۝ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا

اور وہ بڑی ہی زیادتی کرنیوالے ہین پھر اگر وہ توبہ کرلین اور نماز

الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ ۗ

پڑھنے لگین اور زکوٰۃ دینے لگین تو دین مین وہ تمہارے بھائی ہین

وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ○ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا

اور اُن لوگون کے لئے جو علم رکھتے ہین ہم آیات کو کھولکر بیان کر دیتے ہین اور اگر وہ عہد کے بعد اپنی قسمون

اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ

کو توڑ ڈالین اور تمہارے دین کے بارے مین طعن کرین

فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ

تو تم بھی سرداران کفر کو یہان تک مارو کہ وہ باز آجائین بیشک وہ ایسے ہی ہین جنکی قسم کوئی چیز

يَنْتَهُوْنَ ○ اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

نہین کیا تم اُن لوگون سے نہین لڑتے جنہون نے اپنی قسمین توڑ ڈالین

وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ

اور رسول کے نکالنے کا ارادہ کیا اور تمہارے ساتھ ابتدا اُنہون نے کی

مَرَّةٍ ۭ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ

کیا تم اُنسے ڈرتے ہو حالانکہ اگر تم مومن ہو تو خدا اِسکا زیادہ مستحق ہے کہ تم

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ

اُس سے ڈرو اُنسے (خوب) لڑو اللہ تمہارے ہاتھون اُنکو عذاب

بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَ

دیگا اور اُنکو رسوا کریگا اور اُنکے برخلاف تمکو مدد دیگا اور

يَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ○ وَيُذْهِبْ

مومن لوگون کے دل ٹھنڈے کریگا اور اُنکے دلون کا غصہ

غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

دور کر دیگا اور اللہ جسکی چاہیگا توبہ قبول فرمائیگا

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ○ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا

اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے آیا تمنے یہ گمان کرلیا ہے کہ تم چھوڑ دیے جاؤگے

وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ

حالانکہ اللہ نے ابھی اُن لوگون کو جنھون نے تم مین سے جہاد کئے ہین جانچا نہین ہے

وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا

اور سوائے اللہ کے اور اُسکے رسول کے اور ایمان دینے والون کے اور کسی کو رازدار نہین

الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ ع ۲

بنایا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے باخبر ہے

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ

مشرکون کا یہ حق نہین ہے کہ جس حال مین وہ اپنی ذات کے لئے کفر کے معترف ہون وہ خدا

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۖ

کی مسجدونکو آباد کرین اُنکے سب اعمال اکارت ہوچکے

وَفِى النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ

اور وہ جہنم مین ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے اللہ کی مسجدون کو تو وہ آباد کرے

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ

جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھے اور نماز پڑھے اور

اٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ ۖ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ

زکوٰۃ دے اور سوائے اللہ کے کسی سے نہ ڈرے پس اُنھی لوگون کی نسبت یہ امید ہے

اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ

کہ وہ ہدایت یافتہ ہوجائین کیا تمنے حاجیون کا پانی پلانا

الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ

اور مسجد الحرام کا آباد رکھنا اُس شخص کے برابر کردیا جو اللہ پر

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

اور قیامت کے دن پر ایمان لایا اور جسنے راہ خدا مین جہاد کیا

لَا يَسْتَوُۥنَ عِندَ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ
اللہ کے نزدیک تو یہ سب برابر نہین ہین اور اللہ ظالم لوگون کی راہبری
ٱلظَّٰلِمِينَ ۝ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَهَاجَرُوا۟ وَجَٰهَدُوا۟
نہین فرماتا جو لوگ ایمان لائے اور جنہون نے راہ خدا مین ہجرت کی اور اپنے
فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ بِأَمْوَٰلِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ أَعْظَمُ دَرَجَةً
مالون سے اور جانون سے جہاد کیا وہ اللہ کے نزدیک درجہ مین
عِندَ ٱللَّهِ ۚ وَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْفَآئِزُونَ ۝ يُبَشِّرُهُمْ
سب سے بڑھکر ہین اور وہی کامیاب ہونیوالے ہین انکا پروردگار انکو
رَبُّهُم بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَٰنٍ وَجَنَّٰتٍ لَّهُمْ فِيهَا
اپنی رحمت کی رضامندی کی اور ایسی جنتون کی خوشخبری دیتا ہے جنمین انکے لئے
نَعِيمٌ مُّقِيمٌ ۝ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ۚ إِنَّ ٱللَّهَ عِندَهُۥٓ
دائمی آسائش ہوگی اور وہ انمین ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے بیشک اللہ کے پاس
أَجْرٌ عَظِيمٌ ۝ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَتَّخِذُوٓا۟
بڑا اجر موجود ہے اے ایمان لانیوالو تم اپنے باپ دادا ؤن کو اور اپنے بھائی بندو نکو
ءَابَآءَكُمْ وَإِخْوَٰنَكُمْ أَوْلِيَآءَ إِنِ ٱسْتَحَبُّوا۟ ٱلْكُفْرَ
اگر وہ ایمان کے مقابلہ مین کفر کو دوست رکھتے ہون (اپنا)
عَلَى ٱلْإِيمَٰنِ ۚ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَأُو۟لَٰٓئِكَ
دوست نہ بناؤ اور جو تم مین سے انکو دوست بنالیگا تو وہی تو
هُمُ ٱلظَّٰلِمُونَ ۝ قُلْ إِن كَانَ ءَابَآؤُكُمْ وَأَبْنَآؤُكُمْ
ظالم ہین (اے رسول) تم کہدو کہ اگر تمہارے باپ دادا اور تمہارے بیٹے
وَإِخْوَٰنُكُمْ وَأَزْوَٰجُكُمْ وَعَشِيرَتُكُمْ وَأَمْوَٰلٌ
اور تمہارے بھائی بند اور تمہاری بیبیان اور تمہارا کنبہ قبیلہ اور وہ مال جو تم نے

وقف لازم

اقترفتموها وتجارة تخشون كسادها
جمع کرلئے ہین اور وہ تجارت جسکی کساد بازاری سے تم ڈرتے ہو
ومسكن ترضونها احب اليكم من الله ورسوله
اور وہ مکانات جو تمکو پسند آگئے ہین (یہ سب چیزین) اللہ سے اور اسکے رسول سے
وجهاد في سبيله فتربصوا حتى يأتي الله بامره
اور راہ خدا مین جہاد کرنے سے تمکو زیادہ پیاری ہین تو (جس حالت مین ہو) رہو یہان تک کہ اللہ اپنے امر
والله لا يهدي القوم الفسقين ○ لقد نصركم
کو ظاہر کردے اور اللہ نافرمان لوگون کی راہبری نہین فرماتا بیشک اللہ نے تمہاری
الله في مواطن كثيرة ۙ ويوم حنين ۙ اذ اعجبتكم
بہت سے موقعون پر مدد کی اور (خاصکر) حنین کے دن جبکہ تمہاری کثرت نے
كثرتكم فلم تغن عنكم شيئا وضاقت عليكم
تمکو نازان کردیا تھا پھر وہ تمہارے کچھ کام نہ آئی اور زمین باوجود وسعت کے تم پر
الارض بما رحبت ثم وليتم مدبرين ○ ثم
تنگ ہوگئی پھر تم پیٹھ دکھاکر بھاگے پھر
انزل الله سكينته على رسوله وعلى المؤمنين
اللہ نے اپنی تسکین اپنے رسولؐ اور مومنین پر نازل کی
وانزل جنودا لم تروها وعذب الذين كفروا ۗ
اور ایسے لشکر اتارے جنکو تمنے (کبھی) نہ دیکھا تھا اور کافرون کو عذاب دیا
وذلك جزاء الكفرين ○ ثم يتوب الله من بعد
اور کافرون کی سزا (بھی) یہی ہے پھر اسکے بعد اللہ جسکی چاہے توبہ
ذلك على من يشاء ۗ والله غفور رحيم ○
قبول فرمالے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے

ع ۸ ۹

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ

اے ایمان لانیوالو سوائے اسکے نہین ہے کہ مشرک نجس ہین

فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ

تو وہ اِس سال کے بعد مسجد الحرام مین نہ آنے پائین

وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ

اور اگر تمکو بھوکے مرنیکا اندیشہ ہو تو آگے چل کر اللہ چاہیگا تو اپنے

فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ قَاتِلُوا

فضل سے تمکو غنی کر دیگا بیشک اللہ صاحب علم و حکمت ہے اُن لوگون سے

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

جنکو کتاب دیگئی ہے جو بھی خدا پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہین رکھتے اور

وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ

جن جن چیزون کو اللہ اور اُسکے رسول نے حرام کر دیا اُنکو حرام نہین جانتے اور دین حق کو دین نہین

دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا

سمجھتے اُنسے لڑتے رہو تا آنکہ وہ ذلیل و خوار ہو کر اپنے ہاتھون

الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ

جزیہ دینے لگین اور یہودیون نے یہ کہدیا کہ

عُزَيْرُ ِۨابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ

عزیرؑ اللہ کے بیٹے ہین اور نصرانیون نے یہ کہا کہ مسیح اللہ کے بیٹے ہین یہ

قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اُنکے اپنے منہ کی کہن ہے (اور) جو لوگ اُنسے پہلے کافر ہو گئے تھے اُنکی سی

مِنْ قَبْلُ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ اِتَّخَذُوْٓا

باتین یہ بھی بناتے ہین خدا اُنپر لعنت کرے یہ کدھر بہکے چلے جاتے ہین اُنہون نے خدا کو چھوڑ کر

اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ
اپنے عالمون اور درویشون کو اور مسیح ابن مریم کو خدا
ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ
بنا لیا ہے حالانکہ اُنکو کوئی اور حکم نہین دیا گیا تھا سوا اسکے کہ خدائے واحد کی عبادت کرتے رہین
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ يُرِيْدُوْنَ
جسکے سوا کوئی معبود نہین ہے اور جن جن چیزونکو یہ شریک ٹھہراتے ہین اُن سب سے اُسکی ذات منزہ ہے وہ تو یہ
اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ
چاہتے ہین کہ نور خدا کو اپنے اپنے مُنہ سے (پھونک مار مار کر) بجھا دین اور اللہ کو اور کچھ منظور نہین ہے سوا اسکے
يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ
کہ اپنے نور کو پورا کردے گو کافرون کو بُرا لگے وہ (خدا) وہی تو ہے جسنے
اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ
اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا کہ اُسکو تمام
عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝
ادیان پر غالب کردے گو مشرکون کو بُرا لگے
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ
اے ایمان لانیوالو ضرور بہت سے علماء اور درویش لوگون
وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ
کے مال ناحق کھا کھا جاتے ہین اور (اُنکو)
وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ
راہِ خدا سے روکتے ہین اور جو لوگ سونا اور چاندی
الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
جمع کرتے رہتے ہین اور اُسکو راہِ خدا مین خرچ نہین کرتے

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ يَوْمَ يُحْمَىٰ عَلَيْهَا
سو تم اُنکو دردناک عذاب کی خوشخبری سُنا دو (اُس دن کے متعلق) جس دن وہ سونا چاندی آگ میں

فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوَىٰ بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوبُهُمْ
مین تپایا جائیگا پھر اُسکے ذریعہ سے اُنکی پیشانیان اور اُنکے پہلو اور اُنکی پیٹھین داغی جائینگی (اور

وَظُهُورُهُمْ ۖ هَٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِأَنفُسِكُمْ فَذُوقُوا
اُنسے یہ کہا جائیگا) کہ یہی ہے جو تم اپنی ذات کے لئے جمع کیا کرتے تھے پس جیسا تم جمع کیا کرتے تھے

مَا كُنتُمْ تَكْنِزُونَ ۝ إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِندَ اللَّهِ
(ویسا ہی اب) اِسکا مزہ چکھو بیشک خدا کے نزدیک مہینون کی گنتی جس دن

اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ
سے خدا نے آسمان و زمین کو پیدا کیا ہے خدا کی کتاب مین

وَالْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ ۙ
بارہ (ہی) مہینے ہین جنمین سے چار محترم ہین سیدھا سادہ قاعدہ یہی ہے

فَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ أَنفُسَكُمْ ۚ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ
پس تم ان مہینون کے بارے مین اپنے آپ پر ظلم نہ کرو اور مشرکون سے اکٹھے ہو کر لڑو

كَافَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ
جیسے کہ وہ تم سے اکٹھے ہو کر لڑتے ہین اور یہ سمجھ لو کہ اللہ پرہیزگارون کا

الْمُتَّقِينَ ۝ إِنَّمَا النَّسِيءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ ۖ يُضَلُّ
ساتھی ہے سوائے اسکے نہین کہ نوند کا مہینہ کفر کا اور بڑھانا ہے جو لوگ کافر

بِهِ الَّذِينَ كَفَرُوا يُحِلُّونَهُ عَامًا وَيُحَرِّمُونَهُ عَامًا
ہو گئے ہین اسکے ذریعہ سے اور گمراہ کئے جاتے ہین کہ کسی سال تو وہ اِسکو حلال سمجھ لیتے ہین اور کسی

لِّيُوَاطِئُوا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ فَيُحِلُّوا مَا
سال اسی کو حرام قرار دیدیتے ہین تاکہ خدا کے محترم کئے ہوئے مہینونکی تعداد سے مطابقت کر کے اللہ نے جو کچھ حرام قرار دیا ہے

حَرَّمَ اللّٰهُ ۙ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ

اُسکو حلال کرلیں اُنکے اعمال کی بدی اُنکو اچھی کرکے دکھائی گئی ہے حالانکہ اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

منکر لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا اے ایمان لانیوالو تم کو

مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ

ہوگیا ہے بیوقت تم سے یہ کہا جاتا ہے کہ راہ خدا میں (جہاد کی نیت سے) نکلو تو تم زمین پر

اِلَى الْاَرْضِ ۭ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ

بوجھل ہو جاتے ہو کیا تم آخرت کے مقابل زندگانی دنیا پر راضی ہوگئے ہو

فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝

حالانکہ زندگانی دنیا کا سرمایہ آخرت کے مقابل کچھ بھی نہیں ہے مگر ہیچ

اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا

اگر تم (جہاد کی نیت سے) نہ نکلو گے تو خدا تیکو دردناک عذاب دیگا اور تمہارے بدلے تمہارے علاوہ

غَيْرَكُمْ ۠ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـــًٔا ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

اور لوگ لے آئیگا اور تم اُسکا کچھ نہ بگاڑ سکوگے اور اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اگر تم رسول خدا کی مدد نہ کروگے تو (کچھ پروا نہیں) اللہ نے تو اُسکی مدد ایسے وقت کی تھی جبکہ اُن لوگوں نے جو کافر ہوگئے تھے اُسے ایسی

ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ

حالت میں نکالا تھا کہ دو میں کا دوسرا تھا (اور وہ دوسرا بھی یار شاطر نہ تھا بلکہ یار خاطر) جسوقت کہ وہ دونوں غار میں تھے اُسوقت ہمارا رسول

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ

اپنے اُس ساتھی سے کہہ رہا تھا کہ (جو موقع تیرے ہاتھ سے نکل گیا اُسپر افسوس نکر) بیشک اللہ ہم دونوں (یعنی تیرے اور میرے) کے ساتھ ہے پس

وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ

اللہ نے اپنے رسول پر اپنی تسکین نازل فرمائی اور ایسے لشکروں سے اُنکو مدد پہنچائی جنکو تم نہیں دیکھتے اور کافروں کی بات کو اُسنے

كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ

پست کر دیا اور اللہ ہی کا بول بالا رہا اور اللہ زبردست (اور)

حَكِيْمٌ ۝ ○ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ

حکمت والا ہے کم ہتھیار لگا کے اور زیادہ ہتھیار لگا کے نکل کھڑے ہو اور خدا کی راہ میں

وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرو اگر تم کچھ سمجھ رکھتے ہو تو تمہارے لئے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا

یہی سب سے بہتر ہے اگر فوری فائدہ اور متوسط درجے کا سفر ہوتا تو (اے رسول)

قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ

یہ (چپ چاپ) تمہارے ساتھ ساتھ ہو لیتے لیکن مشقت کا سفر انپر گران گزرتا ہے

وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ

اور عنقریب یہ تم سے خدا کی قسم کھا کر کہینگے کہ اگر ہم سے ہو سکتا تو ہم آپکے ساتھ ہی

يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ○

چلے چلتے۔ یہ اپنے ہی آپ کو ہلاک کرتے ہین اور اللہ تو خوب جانتا ہے کہ یہ جھوٹے ہین

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ

خدا آپکا بھلا کرے آپنے انکو (رہجانیکی) اجازت دے کیون دی (اور اتنا توقف کیون نہ کیا کہ

الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ○ لَا يَسْتَاْذِنُكَ

آپ پر خود بخود کھل جاتا کہ سچے کونسے ہین اور جھوٹون کو بھی آپ جان لیتے جو لوگ اللہ پر اور قیامت کے دن پر

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ

ایمان رکھتے ہین وہ آپ سے اس بات کی اجازت نہین مانگتے کہ

يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۝

اپنے مالون اور جانون سے جہاد کرین اور اللہ پرہیزگارون سے

ع ۶ ۱۲

بِالْمُتَّقِينَ ○ إِنَّمَا يَسْتَأْذِنُكَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ

خوب واقف ہے سوائے اسکے نہین کہ تم سے اجازت مانگتے وہی لوگ ہین جو اللہ پر اور

بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوبُهُمْ فَهُمْ فِي

قیامت کے دن پر ایمان نہین رکھتے اور اُنکے دل شک کرتے رہتے ہین پھر وہ اپنے شک ہی مین

رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُونَ ○ وَلَوْ أَرَادُوا الْخُرُوجَ لَأَعَدُّوا

پڑے ہین اور اگر وہ نکلنے کا ارادہ کرتے تو اُسکی کوئی تیاری

لَهُ عُدَّةً وَلَٰكِنْ كَرِهَ اللَّهُ انْبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ

کرتے لیکن اللہ کو اُنکا اُٹھنا ہی ناپسند ہوا پس اُنکو سست بنا دیا

وَقِيلَ اقْعُدُوا مَعَ الْقَاعِدِينَ ○ لَوْ خَرَجُوا فِيكُمْ

اور اُنسے کہدیا کہ تم (گھر مین) بیٹھنے والون کے ساتھ بیٹھے رہو اگر یہ تمہارے ساتھ ہو کر نکلتے تو

مَا زَادُوكُمْ إِلَّا خَبَالًا وَلَأَوْضَعُوا خِلَالَكُمْ

تو سوائے خرابی کے اور کچھ نہ بڑھاتے اور تم مین فتنہ پھیلاتے پھرتے

يَبْغُونَكُمُ الْفِتْنَةَ وَفِيكُمْ سَمَّاعُونَ لَهُمْ

اور تم مین (اب بھی) اُنکے جاسوس موجود ہین

وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ○ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ

اور اللہ ظالمون کے حال سے خوب واقف ہے اُنہون نے تو پہلے ہی فتنہ ڈالنا

مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوا لَكَ الْأُمُورَ حَتَّىٰ جَاءَ

چاہا تھا اور تمہارے معاملات کو اُلٹ پلٹ کر دیا تھا یہانتک کہ اُنکو حق ظاہر

الْحَقُّ وَظَهَرَ أَمْرُ اللَّهِ وَهُمْ كَارِهُونَ ○ وَمِنْهُمْ

ہو گیا اور امرِ خدا غالب آگیا حالانکہ وہ ناپسند کرنیوالے تھے اور اُن مین سے

مَنْ يَقُولُ ائْذَنْ لِي وَلَا تَفْتِنِّي أَلَا فِي الْفِتْنَةِ

(ایک آدھ) ایسا بھی ہے جو یہ کہتا ہے کہ مجھے اجازت دیجئے اور مجھے آزمائش مین نہ ڈالئے خبردار ہو آزمائش مین

سَقَطُوْا ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ○
میں تو یہ پڑ ہی گئے اور جہنم سب کافرون کو یقیناً گھیر لینے والی ہے
اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ
اگر تمکو کوئی خیر و خوبی پہنچتی ہے تو وہ اُنکو بُری لگتی ہے اور اگر تمپر کوئی مصیبت
مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَ
آپڑتی ہے تو یہ کہنے لگتے ہیں کہ ہمنے تو اپنا انتظام پہلے ہی کر لیا تھا اور
يَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ○ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا
خوش خوش (وہان سے) چل دیتے ہیں تم یہ کہدو کہ سوائے اُسکے جو اللہ نے ہمارے
مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ
لئے لکھدی ہے اور کوئی مصیبت ہمکو ہرگز ہرگز نہ پہنچیگی وہ ہمارا حاکم ہے اور مومنون
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ
کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیئے تم کہدو کہ ہمارے بارے مین تم اور کس چیز کا انتظار
بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ
کر رہے ہو سوائے اسکے کہ دو خوبیون مین سے ایک حاصل ہو (یعنی شہادت ملے یا فتح ہو جائے) اور
اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۚ
ہم تمہارے بارے مین یہ انتظار کر رہے ہین کہ تمکو اللہ اپنی طرف سے کوئی عذاب دے یا ہمارے ہاتھون سے (سزا دلوائے)
فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ○ قُلْ اَنْفِقُوْا
سو تم انتظار کئے جاؤ ہم بھی تمہارے ساتھ ساتھ انتظار کر رہے ہین تم کہدو کہ تم بخوشی خرچ کرو
طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ۭ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ
یا ناراض ہو کر (تمہاری یہ خدمت) قبول کبھی نہ کی جائیگی بیشک تم نافرمان
قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ○ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ
لوگ ہو اور اس بات سے کہ اُنکا خرچ کرنا قبول کیا جائے کوئی مانع

نَفَقَتُهُمْ إِلَّا أَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَبِرَسُولِهِ وَلَا

کیا ہے سوائے اسکے کہ اُنہون نے اللہ اور اُسکے رسولؐ کا یقیناً انکار کیا اور نماز

يَأْتُونَ الصَّلَاةَ إِلَّا وَهُمْ كُسَالَىٰ وَلَا يُنفِقُونَ

کو نہین آتے ہین مگر اس طرح سے کہ وہ مالکسالے ہوئے ہوتے ہین اور خرچ کچھ نہین کرتے

إِلَّا وَهُمْ كَارِهُونَ ۝ فَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلَا

مگر اس طرح سے کہ وہ بیدل ہوتے ہین پس تمکو نہ اُنکے مال تعجب مین ڈالین اور نہ

أَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُم بِهَا فِي

اُنکی اولاد اللہ تو چاہتا یہی ہے کہ اِن چیزون کے ذریعہ سے اُنکو زندگانی دنیا مین

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ ۝

عذاب دے اور اُنکی جانین اِس حال مین نکل جائین کہ وہ کافر ہی ہون

وَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ إِنَّهُمْ لَمِنكُمْ ۖ وَمَا هُم مِّنكُمْ

اور وہ خدا کی قسم کھا کھا کر کہینگے کہ ہم تمہی مین سے ہین حالانکہ وہ تم مین سے نہین ہین

وَلَٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَفْرَقُونَ ۝ لَوْ يَجِدُونَ مَلْجَأً أَوْ

بلکہ وہ ایسے لوگ ہین جو ڈرپوک ہین اگر وہ کوئی جاے پناہ یا غار یا

مَغَارَاتٍ أَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا إِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُونَ ۝

گھسنے کی جگہ پالین تو بھاگ دوڑکر اُسکی طرف چلے جائین

وَمِنْهُم مَّن يَلْمِزُكَ فِي الصَّدَقَاتِ ۖ فَإِنْ أُعْطُوا

اور اُنمین سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو (تقسیم) صدقات کے بارے مین تمپر الزام

مِنْهَا رَضُوا وَإِن لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَا إِذَا هُمْ

لگاتا ہے پس اگر اُن مین سے اُنکو دیدیا جائے تو راضی راضی ہین اور اگر اُن مین سے اُنکو نہ

يَسْخَطُونَ ۝ وَلَوْ أَنَّهُمْ رَضُوا مَا آتَاهُمُ اللَّهُ

دیا جائے تو اُسی وقت بگڑ جاتے ہین اور کاش وہ اُسپر راضی ہو جاتے جو اللہ اور اُسکے رسولؐ

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ دو تہائی آدمیون سے زیادہ اس آیت کے اہل ہین ۱۲

وَرَسُولُهُ وَقَالُوا حَسْبُنَا اللَّهُ سَيُؤْتِينَا اللَّهُ

نے انکو دیا تھا اور یہ کہتے کہ ہمارے لئے تو اللہ ہی کافی ہے عنقریب خدا اپنے فضل سے

مِن فَضْلِهِ وَرَسُولُهُ إِنَّا إِلَى اللَّهِ رَاغِبُونَ ۝ إِنَّمَا

اور اسکا رسول ہمکو اپنے فضل سے (بہت کچھ) اور دیگا بیشک ہم اللہ ہی کی طرف مائل ہیں سوائے اسکے

الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ

نہیں ہے کہ صدقات تو محتاجوں کا حق ہے اور مسکینوں کا اور صدقات وصول کرنیوالوں کا

عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ

اور اُنکا جنکی تالیف قلوب منظور ہے نیز گردنیں چھڑانے میں اور قرضداروں کے لئے

وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ ۖ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ ۗ

اور راہ خدا میں (مجاہدین کی تیاری میں) اور مسافر کی امداد میں (صرف کیا جائے) اسکی طرف سے مقرر

وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ وَمِنْهُمُ الَّذِينَ يُؤْذُونَ

ہو چکا ہے اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے اور اُنمیں سے ایسے بھی ہیں جو نبی کو ایذا بھی پہنچاتے ہیں

النَّبِيَّ وَيَقُولُونَ هُوَ أُذُنٌ ۚ قُلْ أُذُنُ خَيْرٍ

اور کہتے ہیں کہ اسکے تو نرے (کان ہی) کان ہیں تم کہدو کہ وہ تمہارے لئے (تو)

لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِينَ وَرَحْمَةٌ

کان ہے۔ اللہ کا بھی یقین رکھتا ہے اور مؤمنین کی بھی مان لیتا ہے۔ اور جو تم میں سے ایمان

لِّلَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ ۚ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ

لائے ہیں اُنکے لئے رحمت ہے اور جو اللہ کے رسول کو ایذا

رَسُولَ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ يَحْلِفُونَ

دیتے ہیں اُنکے لئے دردناک عذاب تیار ہے وہ تمہارے سامنے قسمیں

بِاللَّهِ لَكُمْ لِيُرْضُوكُمْ ۚ وَاللَّهُ وَرَسُولُهُ

کھا جاتے ہیں کہ تمکو راضی کرلیں حالانکہ اللہ اور اُسکا رسول

أَحَقُّ أَن يُرْضُوهُ إِن كَانُوا مُؤْمِنِينَ ۝ أَلَمْ يَعْلَمُوا

اِسکے زیادہ مستحق ہین کہ اگر یہ مومن ہین تو اُنکو راضی کرلین کیا اُنہون نے اتنا نہ سمجھا

أَنَّهُ مَن يُحَادِدِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَأَنَّ لَهُ نَارَ

کہ جو اللہ اور اُسکے رسول کی مخالفت کرتا ہے تو اُسی کے لئے تو دوزخ کی

جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيهَا ۚ ذَٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيمُ ۝ يَحْذَرُ

آگ ہے جس مین وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہیگا یہی تو سب سے بڑی رسوائی ہے منافق اس سے

الْمُنَافِقُونَ أَن تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُورَةٌ تُنَبِّئُهُم بِمَا

ڈرتے رہتے ہین کہ (مبادا) اُنکے برخلاف کوئی ایسی سورت نازل کیجائے جو لوگون کو اُسسے

فِي قُلُوبِهِمْ ۚ قُلِ اسْتَهْزِئُوا إِنَّ اللَّهَ مُخْرِجٌ

جو کچھ اُنکے دلون مین ہے آگاہ کردے۔ تم کہدو کہ تم ہنسی اُڑاتے ہو جس چیز سے تم ڈرتے ہو اللہ ضرور

مَّا تَحْذَرُونَ ۝ وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا

اُسکو ظاہر کرکے رہیگا اور اگر تم اُنسے دریافت کروگے تو وہ ضرور یہ کہدینگے کہ ہم تو

كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ ۚ قُلْ أَبِاللَّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ

صرف بات چیت اور ہنسی مذاق کررہے تھے تم یہ کہدو کہ کیا تم اللہ کا اور اُسکی آیتون کا اور اُسکے رسول

كُنتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ ۝ لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُم

کا مذاق کررہے تھے حیلے حوالے نہ کرو تم ایمان لانیکے بعد یقیناً کافر ہوگئے ہو

بَعْدَ إِيمَانِكُمْ ۚ إِن نَّعْفُ عَن طَائِفَةٍ مِّنكُمْ

اگر ہم تم مین سے ایک گروہ کو معاف بھی کردینگے

نُعَذِّبْ طَائِفَةً بِأَنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ۝

تو ایک گروہ کو سزا بھی ضرور دینگے اسلئے کہ وہ مجرم ہین

الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ بَعْضُهُم مِّن بَعْضٍ

منافق مرد اور منافق عورتین ایک دوسرے کے ہمجنس ہین

يَأْمُرُونَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوفِ وَ
برائی کا حکم دیتے رہتے ہین اور نیکی سے (برابر) باز رکھتے ہین اور
يَقْبِضُونَ أَيْدِيَهُمْ ۚ نَسُوا اللَّهَ فَنَسِيَهُمْ ۚ إِنَّ
اپنے ہاتھ بند رکھتے ہین وہ اللہ کو بھول گئے ہین تو اللہ نے بھی اُنکو (گویا) بھلا دیا ہے بیشک
الْمُنَافِقِينَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ۝ وَعَدَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ
منافق لوگ ہی تو نافرمان ہین اللہ نے منافق مردون اور منافق عورتون
وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ
اور کافرون سے آتش جہنم کا وعدہ کرلیا ہے وہ ہمیشہ (ہمیشہ) اُسی مین رہینگے
هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللَّهُ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُقِيمٌ ۝
وہی اُنکو کافی ہوگی اور اللہ نے اُنپر لعنت کی ہے اور اُنکے لئے پائدار عذاب ہے
كَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوا أَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً
مثل اُن لوگون کے جو تم سے پہلے تھے کہ وہ قوت مین تم سے بڑھے ہوے
وَأَكْثَرَ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا ۚ فَاسْتَمْتَعُوا بِخَلَاقِهِمْ
اور مال و اولاد مین تم سے زیادہ تھے پس اُنہون نے اپنے حصہ سے نفع اُٹھایا
فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ
اور تم نے اپنے حصہ سے ویسا ہی نفع اُٹھایا جیسا کہ تم سے پہلے والون نے اپنے حصہ سے نفع اٹھایا
بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِي خَاضُوا ۚ أُولَٰئِكَ
تھا اور تم نے ویسی ہی باتین بنائین جیسی باتین اُنہون نے بنائی تھین اُنہی کے
حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ وَأُولَٰئِكَ
اعمال دنیا و آخرت مین بکار رہے اور وہی نقصان
هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ أَلَمْ يَأْتِهِمْ نَبَأُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ
اُٹھانیوالے ہونگے کیا اُنکے پاس اُن لوگون کی خبر نہین آئی جو اُنسے پہلے تھے

ع ۱۲

قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۙ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ

نوحؑ کی قوم کی اور عاد کی اور ثمود کی اور ابراہیمؑ کی قوم کی اور مدین والون

مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا

کی اور اُلٹی ہوئی بستیون کے رہنے والون کی اُنکے رسولؐ اُنکے پاس کھلی دلیلین لیکر

كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝

آئے تھے پس اللہ کی یہ شان نہین ہے کہ اُنپر ظلم کرتا لیکن وہ اپنی جانون پر آپ ظلم توڑا کرتے تھے

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ

اور مومن مرد اور مومن عورتین ایک دوسرے کے حامی ہوا کرتے ہین

يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ

وہ نیکی کا حکم دیتے ہین اور بدی سے (برابر) منع کرتے ہین اور

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَ

نماز پڑھتے ہین اور زکوٰۃ دیتے ہین اور اللہ اور اُسکے رسولؐ کی اطاعت

رَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

کرتے ہین یہی لوگ ہین کہ عنقریب اللہ اُنپر رحمت کریگا بیشک اللہ زبردست (اور)

حَكِيْمٌ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ

حکمت والا ہے اللہ نے مومن مرد اور مومن عورتون سے ایسی جنتون کا وعدہ کیا ہے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ

جنکے نیچے ندیان بہتی ہونگی اور اُنمین ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے اور دائمی

طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ

بہشتون مین اچھے اچھے مکانون کا بھی وعدہ کیا ہے اور اللہ کی خوشنودی سب سے بڑھکر ہے

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ

یہی تو بڑی کامیابی ہے اے نبیؐ کفار اور

ع ۹ ۶ ۱۵

الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ

منافقین سے جہاد کرو اور اُنپر سختی کرو اور اُنکا ٹھکانا جہنم ہے

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۚ وَلَقَدْ

اور وہ بہت ہی بُری جگہ ہے وہ خدا کی قسم کھا کھا کر کہتے ہین کہ اُنھون نے ایسا نہین کہا

قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَ

حالانکہ اُنھون نے کفر کا کلمہ ضرور کہا اور وہ اپنے اسلام کے بعد کافر ہوگئے اور

هَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ

ایسی بات کا قصد کیا جسے کر نہ سکے اور وہ اسی سے تو بگڑے کہ اللہ نے اور اُسکے رسول

وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ

نے اپنے فضل سے اُنکو غنی کر دیا پس اگر وہ توبہ کرلینگے تو اُنکے لئے بہتر ہوگا

وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا فِي الدُّنْيَا

اور اگر وہ روگردان ہونگے تو اللہ اُنکو دنیا اور آخرت مین دردناک عذاب

وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا

معذب کریگا اور زمین مین نہ اُنکا کوئی حامی ہوگا اور نہ مددگار

نَصِيْرٍ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَىِٕنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ

اور اُنمین ایسے بھی ہین جنھون نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر وہ اپنے فضل سے

لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ

ہمکو کچھ دیگا تو ہم ضرور تصدق بھی دیا کرینگے اور نیک بندون مین سے بھی ہوجائینگے پھر جب اُنھون نے اپنے فضل سے اُنکو دیا

مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ فَاَعْقَبَهُمْ

تو اُسکے بارے مین اُنھون نے بخل کیا اور روگردان ہوکر اپنے عہد سے پھر گئے پس خدا تعالےٰ نے اُنکے دلون

نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ

مَاوَعَدُوهُ وَبِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوا اَنَّ اللّٰهَ

جو وعدہ اُنہون نے خدا سے کیا تھا اُسکے خلاف کیا اور (دوسرے) اسلئے کہ جھوٹ بولا کرتے تھے۔ اُنہون نے اتنا نہ سمجھا کہ

يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝

اللہ اُنکے راز کو بھی جانتا ہے اور اُنکی سرگوشیون کو بھی اور یہ کہ اللہ بڑا غیب کا جاننے والا ہے

اَلَّذِينَ يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فِي

جو لوگ مومنین مین خوش دلی سے خیرات کرنیوالون کو عیب لگاتے ہین

الصَّدَقٰتِ وَالَّذِينَ لَا يَجِدُونَ اِلَّا جُهْدَهُمْ

اور جنکو اپنی محنت کے سوا کچھ میسر نہین آتا اُنکو بھی عیب لگاتے ہین

فَيَسْخَرُونَ مِنْهُمْ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ

پھر (اس طرح) سب سے ہنستے ہین اللہ اُن سب کی ہنسی اڑائیگا اور اُنکے لئے دردناک عذاب

اَلِيمٌ ۝ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِنْ

(بھی) ہے تم اُنکے لئے دعاے مغفرت مانگو یا نہ مانگو اگر تم

تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ

اُنکے لئے ستر مرتبہ بھی دعاے مغفرت مانگوگے تو بھی اللہ اُنکو ہرگز ہرگز نہ بخشیگا

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهٖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي

یہ اسلئے کہ اُنہون نے خدا کا اور اُسکے رسول کا انکار کیا اور اللہ نافرمان لوگون کی

الْقَوْمَ الْفٰسِقِينَ ۝ فَرِحَ الْمُخَلَّفُونَ بِمَقْعَدِهِمْ ع ۱۶

راہبری نہین فرماتا پیچھے رہجانیوالے اللہ کے خلاف اپنے بیٹھ رہنے سے

خِلٰفَ رَسُولِ اللّٰهِ وَكَرِهُوا اَنْ يُّجَاهِدُوا بِاَمْوَالِهِمْ

خوش ہوے اور اس سے اُنہون نے نفرت کی کہ راہِ خدا مین اپنے مالون اور جانون سے

وَاَنْفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَقَالُوا لَا تَنْفِرُوا فِي الْحَرِّ ۭ

جہاد کرتے اور لوگون سے کہا کہ گرمی مین نہ نکلو

قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرًّا ۚ لَوْ كَانُوا يَفْقَهُونَ ○

تم یہ کہدو کہ آتش دوزخ کی گرمی تو بہت بڑھی ہوئی ہے کاش یہ سمجھتے ہوتے

فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَلْيَبْكُوا كَثِيرًا ۚ جَزَاءً بِمَا

پس اُنھین چاہیئے کہ ہنسین تو تھوڑا اور روئین بہت سا کہ جو کچھ وہ کیا کرتے تھے

كَانُوا يَكْسِبُونَ ○ فَإِنْ رَجَعَكَ اللَّهُ إِلَىٰ طَائِفَةٍ

اُسکا بدلہ ہو پھر اگر اللہ تمکو اُنمین سے کسی گروہ کے پاس واپس

مِنْهُمْ فَاسْتَأْذَنُوكَ لِلْخُرُوجِ فَقُلْ لَنْ تَخْرُجُوا مَعِيَ

لائے اور وہ تم سے نکلنے کی اجازت مانگین تو تم کہدینا کہ تم ہرگز میرے ہمراہ ہوکر

أَبَدًا وَلَنْ تُقَاتِلُوا مَعِيَ عَدُوًّا ۖ إِنَّكُمْ رَضِيتُمْ

نہ نکلوگے اور میرے ساتھ ہوکر کبھی کسی دشمن سے نہ لڑوگے تم پہلی ہی دفعہ بیٹھ رہنے سے

بِالْقُعُودِ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوا مَعَ الْخَالِفِينَ ○

راضی ہوے اب پیچھے رہنے والون کے ساتھ بیٹھے رہو

وَلَا تُصَلِّ عَلَىٰ أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلَا تَقُمْ

اور اے رسول (جب) اُنمین سے کوئی مرجائے تو تم کبھی اُسکے جنازہ کی نماز نہ پڑھنا اور نہ اُسکی

عَلَىٰ قَبْرِهِ ۖ إِنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَمَاتُوا

قبر پر کھڑے ہونا بیشک اُنھون نے اللہ کے اور اُسکے رسول کے ساتھ کفر کیا ہے اور وہ نافرمانی کی

وَهُمْ فَاسِقُونَ ○ وَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَ

حالت مین مرگئے ہین اور اُنکے مال اور اُنکی اولاد تمکو تعجب مین

أَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ أَنْ يُعَذِّبَهُمْ بِهَا

نہ ڈالین سوائے اسکے نہین کہ اللہ یہ چاہتا ہے کہ اِن چیزون کے ذریعہ سے اُنکو

فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ ○

عذاب دے اور اُنکی جانین اِس حالت مین نکلین کہ وہ کافر ہون

وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا
اور جب کوئی سورت (اس حکم کے ساتھ) نازل کی جاتی ہے کہ تم اللہ پر ایمان لاؤ اور اُسکے رسول کے
مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَ
ساتھ ہوکر جہاد کرو تو اُنمین سے جو صاحبان مقدرت ہین وہ تمسے اجازت مانگتے ہین اور
قَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ۝ رَضُوْا بِاَنْ
کہتے ہین کہ ہمکو چھوڑ دیجئے کہ ہم بیٹھ رہنے والون کے ساتھ رہین وہ اِسپر راضی ہوگئے ہین کہ
يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ
عورتون کے ساتھ رہین اور اُنکے دلون پر چھاپا لگا دیا گیا ہے پس وہ
لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
(کچھ) سمجھتے نہین لیکن رسول نے اور اُن لوگون نے جو اُنکے ساتھ ایمان لائے
مَعَهٗ جَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ
ہین اپنے مالون اور جانون سے جہاد کیا اور اُنہی کے لئے
لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝
سب خوبیان ہین اور وہی (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہین
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
اللہ نے اُنکے لئے جنتین تیار کی ہین جنکے نیچے ندیان بہتی ہین
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝
اُنمین وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے یہی تو بڑی کامیابی ہے
وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ
اور بدّوون مین سے عذر کرنیوالے آئے کہ اُنکو بھی (بیٹھ رہنے کی) اجازت دی جائے
لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ
اور جن لوگون نے اللہ اور اُسکے رسول سے جھوٹ بولا اور بیٹھ رہے

ع ۱۲ ۹ ۱۷

اَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

اور جو ہماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے اُن سب کو ہمنے ڈبو دیا پس سوچ لو کہ انجام اُن لوگوں کا جنکو ڈرایا جاتا تھا

الْمُنْذَرِيْنَ ○ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ

کیا ہوا؟ پھر ہمنے اُنکے بعد اور رسول اُنکی اپنی قوموں میں بھیجے

فَجَاۗءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا

پس وہ کھلی دلیلیں لیکر آئے تاہم وہ لوگ جن باتوں کی پہلے سے تکذیب کر چکے تھے اُنپر

بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۭ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰي قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ○

کسی طرح ایمان نہ لائے زیادتی کرنیوالوں کے دلوں پر ہم اسی طرح چھاپا لگا دیا کرتے ہیں

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ

پھر ہمنے اُنکے بعد موسےٰ اور ہارونؑ کو فرعون اور اُسکے درباریوں کے پاس اپنی

وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ○

نشانیاں دیکر بھیجا پس اُن لوگوں نے تکبر کیا اور وہ گنہگار لوگ تھے

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ
پھر جب ہمارے پاس سے اُنکے پاس حق آیا تو کہنے لگے بیشک یہ تو کھلا جادو ہے
مُّبِيْنٌ ○ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ۭ اَسِحْرٌ
موسےٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کیا تم حق کی نسبت جب وہ تمہارے پاس آیا یہ کہتے ہو کہ
هٰذَا ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ○ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا
یہ جادو ہے حالانکہ جادوگر فلاح نہیں پاتے اُنہوں نے جواب دیا کیا تم ہمارے پاس اسلئے
عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِي الْاَرْضِ ۭ
آئے ہو کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو جسپر پایا ہے اُس سے ہمکو ہٹا دو۔ اور تم دونوں کی اس زمین میں بڑائی قائم ہو جائے
وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ○ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ
حالانکہ ہم تمپر ایمان لانیوالے نہیں ہیں اور فرعون نے یہ کہا کہ ہمارے پاس ہر واقف کار جادوگر
سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ○ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا
کو لے آؤ پس جب سب جادوگر آچکے تو موسےٰ (علیہ السلام) نے اُنسے فرمایا کہ تمکو جو کچھ ڈالنا ہے
مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ○ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰي مَا جِئْتُمْ
ڈالو پس جب وہ ڈال چکے موسےٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ جو کچھ تمنے کیا ہے
بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ
یہ جادو ہے بیشک اللہ اسکو عنقریب باطل کر دیگا بیشک اللہ مفسدوں کے کسی کام کی اصلاح
الْمُفْسِدِيْنَ ○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ
نہیں فرماتا اور اللہ تعالےٰ اپنے کلمات کے ذریعہ سے حق کو حق ثابت کر دیتا ہے اگرچہ
الْمُجْرِمُوْنَ ○ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ ۠ ع ۱۲ ۱۳
گنہگاروں کو بُرا لگے پس فرعون اور اُسکے سرداروں کے خوف سے کہ کہیں ہمکو تکلیف نہ پہنچائیں
عَلٰي خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ۭ وَاِنَّ
موسےٰ (علیہ السلام) پر اُنکی قوم کے تھوڑے سے آدمیوں کے سوا اور کوئی ایمان نہ لایا اور بیشک

فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْأَرْضِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الْمُسْرِفِينَ ○

فرعون اُس ملک میں غالب تھا اور یقیناً وہ بڑی زیادتی کرنیوالوں میں سے تھا

وَقَالَ مُوسَىٰ يَا قَوْمِ إِن كُنتُمْ آمَنتُم بِاللَّهِ فَعَلَيْهِ

اور موسےٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو تو اُسپر توکل رکھو

تَوَكَّلُوا إِن كُنتُم مُّسْلِمِينَ ○ فَقَالُوا عَلَى اللَّهِ

اگر تم اطاعت کرنیوالے ہو انہوں نے عرض کی کہ ہمنے اللہ پر بھروسہ

تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○

کیا اے ہمارے پروردگار ہمکو ظالم لوگوں کی آزمائش نہ بنا

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ○ وَأَوْحَيْنَا

اور ہمکو اپنی رحمت سے کافروں (کے ظلم) سے نجات دے اور ہمنے موسےٰ اور

إِلَىٰ مُوسَىٰ وَأَخِيهِ أَن تَبَوَّآ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوتًا

اُنکے بھائی کی طرف وحی کی کہ تم دونو اپنی قوم کے لئے مصر میں کچھ مکان بناؤ

وَاجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ ۗ وَبَشِّرِ

اور اپنے اُن مکانوں کو نماز کی جگہ قرار دو اور (اُن میں) نماز پڑھا کرو اور مؤمنین کو

الْمُؤْمِنِينَ ○ وَقَالَ مُوسَىٰ رَبَّنَا إِنَّكَ آتَيْتَ فِرْعَوْنَ

خوشخبری سُناؤ اور موسےٰ نے عرض کی کہ اے ہمارے پروردگار بالتحقیق تونے فرعون اور

وَمَلَأَهُ زِينَةً وَأَمْوَالًا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوا

اُسکے درباریوں کو زندگانی دنیا میں سامان آرائش اور مال بہت کچھ دیا ہے اے ہمارے پروردگار

عَن سَبِيلِكَ ۖ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَىٰ أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ

اسلئے کہ وہ تیری راہ سے بھٹکائیں اے ہمارے پروردگار اُنکے مال غارت کردے اور اُنکے دل سخت

عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوا حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ○

کردے کہ وہ جب تک دردناک عذاب نہ دیکھینگے ایمان نہ لائینگے

قَالَ قَدْ أُجِيبَت دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيمَا وَلَا تَتَّبِعَانِّ

خدا تعالےٰ نے فرمایا کہ تم دونو کی دعا قبول ہو گئی پس تم دونو ثابت قدم رہو اور ہرگز جاہلوں کی

سَبِيلَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ

راہ نہ چلو اور ہمنے بنی اسرائیل کو دریا کے پار اُتار دیا

الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُ بَغْيًا وَعَدْوًا حَتَّىٰ

پس فرعون اور اُسکے لشکر نے ازروے بغاوت وظلم اُنکا پیچھا کیا یہانتک کہ جب وہ

إِذَا أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ آمَنتُ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا الَّذِي

ڈوبنے لگا تو اُسنے کہا کہ میں اس بات پر ایمان لایا کہ جس خدا پر بنی اسرائیل

آمَنَتْ بِهِ بَنُو إِسْرَائِيلَ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝

ایمان لائے ہیں اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں اطاعت کرنیوالوں میں سے ہوں

آلْآنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنتَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ۝

(کہا گیا کہ) کیا اب تو ایمان لاتا ہے حالانکہ پہلے تو نے نافرمانی کی اور تو فساد کرنیوالوں میں سے تھا

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً ۚ

پس آج کے دن ہم صرف تیرے بدن کو نجات دینگے تاکہ تو اپنے بعد والوں کے لئے نشانی رہے

وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ آيَاتِنَا لَغَافِلُونَ ۝ وَلَقَدْ ع ۹ ۱۰ ۱۴

اور بیشک بہت سے آدمی ہماری نشانیوں سے غافل ہیں اور یقیناً ہم نے

بَوَّأْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ مُبَوَّأَ صِدْقٍ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ

بنی اسرائیل کو بہت ہی اچھے مقام پر آباد کیا اور پاکیزہ چیزیں اُنکو کھانے کو

الطَّيِّبَاتِ ۖ فَمَا اخْتَلَفُوا حَتَّىٰ جَاءَهُمُ الْعِلْمُ ۚ إِنَّ

دیں پس جب تک اُنکے پاس علم نہ آگیا اُنہوں نے کوئی اختلاف نہ کیا بیشک

رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ

تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُنکے مابین اُن سب باتوں کا فیصلہ کر دیگا جن میں وہ اختلاف

يَخْتَلِفُونَ ○ فَإِن كُنتَ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ

کیا کرتے تھے پھر اگر تم کو اس میں جو کچھ ہمنے تمہاری طرف نازل کیا شک ہو تو

فَسْئَلِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكَ لَقَدْ جَاءَكَ

وہ لوگ جو تم سے پہلے سے کتاب پڑھتے ہیں اُنسے دریافت کرلو بیشک تمہارے پاس

الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ○ وَلَا تَكُونَنَّ

حق تمہارے رب کی طرف سے آیا پس تم ہرگز شک کرنیوالوں میں سے نہ ہونا اور نہ تم اُن میں سے

مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ فَتَكُونَ مِنَ الْخَاسِرِينَ ○

ہونا جنہوں نے آیات خدا کو جھٹلایا ورنہ تم نقصان اُٹھانیوالوں میں سے ہوجاؤگے

إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ ○

بیشک وہ لوگ جن پر تمہارے رب کا کلمہ (کفر کی موت مرنا) ثابت ہوگیا ایمان نہ لائینگے

وَلَوْ جَاءَتْهُمْ كُلُّ آيَةٍ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ○

جب تک کہ وہ دردناک عذاب کو دیکھ نہ لیں کوئی نشانی اُنکے پاس ہرگز آجائے

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَهَا إِيمَانُهَا إِلَّا قَوْمَ

پس کوئی بستی ایسی نہیں ہوئی کہ وہ (عذاب کو دیکھکر) ایمان لائی ہو تو اُسکو اُسکے ایمان نے

يُونُسَ لَمَّا آمَنُوا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي

نفع دیا ہو سوائے قوم یونس کے کہ وہ جسوقت ایمان لائے ہمنے زندگانی دنیا میں رسوائی کا عذاب اُنسے

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَىٰ حِينٍ ○ وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ

ہٹادیا اور پھر ایک مدت تک اُنکو آباد رکھا اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا تو

لَآمَنَ مَن فِي الْأَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيعًا ۚ أَفَأَنتَ تُكْرِهُ

زمین میں جتنے ہیں سب کے سب ایمان لے آتے پھر کیا تم لوگوں کو اس بات پر مجبور کروگے

النَّاسَ حَتَّىٰ يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ○ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَن

کہ وہ مومن ہوجائیں حالانکہ کوئی نفس بغیر اذن خدا کے

تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ

ایمان نہیں لاتا اور وہ شک کو اُنہی لوگوں پر مسلط کر دیتا ہے جن میں

لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

عقل نہیں تم یہ کہدو کہ جو جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اُس میں غور کرو

وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝

حالانکہ جو لوگ ایمان نہ لائینگے اُنکو نہ نشانیاں کچھ کام دیتی ہیں اور نہ ڈرانیوالے

فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ

پھر کیا وہ ایسے زمانہ کے منتظر ہیں جیسا کہ اُن سے پہلے گزر گیا

قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝

تم کہدو کہ تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنیوالوں میں سے ہوں

ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا

پھر ہم اپنے رسولوں کو اور اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں نجات دینگے اسی طرح ہم پر حق ہے کہ

عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ ع ۱۱ ۱۵

ہم مؤمنین کو نجات دیں تم کہدو کہ اے آدمیو اگر تم میرے دین کی طرف سے

فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَاۤ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ

شک میں ہو پس میں اُنکی عبادت نہیں کرتا جنکی خدا کو چھوڑ کر تم

دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۖ وَاُمِرْتُ

عبادت کرتے ہو ولیکن میں تو اُس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمکو موت دیگا اور مجھے یہ حکم دیا گیا

اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ

ہے کہ میں مؤمنین میں سے ہو جاؤں اور یہ (حکم دیا گیا ہے) کہ تم اسی کی طرف خلوص سے

لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

متوجہ رہو اور یہ کہ تم ہرگز مشرکوں میں سے نہونا

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ

اور اللہ کے سوا کسی ایسی چیز کو نہ پکارنا جو نہ تم کو نفع پہنچائے نہ ضرر

فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَاِنْ

پھر اگر تم نے ایسا کیا تو تم بھی ظالموں میں سے ہوجاؤ گے اور اگر

يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ

اللہ تمکو کوئی ضرر پہنچائیگا تو اُسکا دور کرنیوالا سوائے خود اُسکے کوئی اور نہوگا اور اگر وہ

يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

تمہارے لئے کسی کار خیر کا ارادہ کرے تو اُسکے فضل کا دفع کرنیوالا بھی کوئی نہیں وہ اپنی بندوں میں سے جسکو چاہتا ہی

مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ قُلْ يٰٓاَيُّهَا

اپنی فضل کے ذریعہ سے خیر پہنچا دیتا ہی۔ اور وہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہی تم کہدو کہ اے

النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ

آدمیو بیشک حق تمہارے رب کے پاس سے تمہارے پاس آیا اب جو شخص راہ راست

اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا

اختیار کریگا اپنی ذات کے نفع کے لئے اختیار کریگا اور جو گمراہی اختیار کرے سوائے اسکے

يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ○ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى

نہیں ہے کہ اُسکا وبال اُسی پر رہیگا اور میں کچھ تمہارا نگراں نہیں ہوں اور جو وحی تمہاری طرف بھیجی جاتی ہی

اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ○ ع ۱۱ ۶ ۱۶

اُسکی پیروی کرو اور جبتک خدا تعالیٰ فیصلہ نہ کری صبر کرو اور وہ فیصلہ کرنیوالوں میں سب سے بہتر ہے

سورۃ ھود مکیۃ وھی مائۃ وثلث وعشرون آیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)



الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ

الٓرٰ ۔ وہ کتاب جسکی آیتیں محکم کی گئی ہیں پھر اسکی تفصیل جاننے والے حکیم کی طرف سے

حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۝ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ

کی گئی ہے کہ سوائے اللہ کے کسی کی عبادت نہ کرو بیشک میں تمہارے لئے اللہ کی طرف سے

نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ۝ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا

ڈرانیوالا اور خوشخبری سنانیوالا ہوں اور یہ کہ اپنے پروردگار سے گناہوں کی مغفرت مانگو پھر اسکی حضور میں

اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى

توبہ کرو کہ ایسا کرنا وقت مقررہ تک تمکو بہت اچھی طرح نفع پہنچائیگا اور ہر زیادہ عطا

وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ

کرنیوالے کو زیادہ عطا فرمائیگا اور اگر وہ روگرداں ہوں تو میں

اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝ اِلَى اللّٰهِ

تمہارے لئے بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں تم سب کی بازگشت

مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

اللہ ہی کی طرف ہے اور وہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت

قَدِيْرٌ ۝ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ

رکھنے والا ہے آگاہ ہو کہ وہ لوگ اپنے سینوں کو دہرا کر لیتے ہیں

لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ

کہ اللہ سے اپنے راز چھپائیں خبردار ہو جس وقت وہ اپنے کپڑے اوڑھ لیتے

ثِيَابَهُمْ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ

ہیں اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ وہ چھپاتے کس چیز کو ہیں اور ظاہر کس چیز کو کرتے ہیں

اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

بیشک وہ دلوں کے حال سے باخبر ہے

وَمَآ أُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌۢ

اور میں اپنے نفس کو (بدی سے) بری نہیں کہتی نفس تو بالطبع بدی کی طرف مائل ہونیوالا

بِالسُّوْٓءِ إِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۚ إِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

ہے سوائے اُسکے جسپر میرے پروردگار نے رحم فرمایا ہو (یعنی اُسے معصوم بنایا ہو) بیشک میرا پروردگار

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا

بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور بادشاہ نے حکم دیا کہ اُسے میرے پاس لاؤ میں اُسے (بھڑا کر)

كَلَّمَهٗ قَالَ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ أَمِيْنٌ ○ قَالَ

اپنا خاص کرکے رکھونگا۔ چنانچہ جسوقت بادشاہ نے یوسفؑ سے باتیں کیں تو کہا کہ آج کے دن سے تم ہمارے یہاں

اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْأَرْضِ ۖ إِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ○ وَ

صاحب منزلت اور معتمد ہو گئے۔ یوسفؑ نے درخواست کی کہ اس ملک کے خزانوں پر مجھے معین کردو (اور دیکھو)

كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْأَرْضِ يَتَبَوَّأُ مِنْهَا حَيْثُ

میں کیسا حفاظت کرنیوالا اور وجوہ معارف جاننے والا ہوں۔ اور اسطرح ہمنے یوسفؑ کو سرزمین مصر پر قابو دیدیا

يَشَآءُ ۚ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ أَجْرَ

کہ اُس میں جہاں جی چاہے وہاں رہے۔ ہم جسکو چاہتے ہیں اپنی رحمت اسی طرح پہنچا دیا کرتے ہیں اور

الْمُحْسِنِيْنَ ○ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ (ہاں) جو لوگ ایمان لائے ہیں اور پرہیزگاری کرتے ہیں

كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ○ ع ۸ وَجَآءَ إِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ

اُنکا آخرت کا اجر بہت ہی بہتر ہے اور یوسفؑ کے بھائی بھی آئے اور خود اُن تک پہنچے پس یوسفؑ نے تو

فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ○ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ

اُنکو پہچان لیا حالانکہ وہ اُنکو نہیں پہچانتے تھے جسوقت یوسفؑ نے اُنکا سامان ٹھیک ٹھاک

بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِأَخٍ لَّكُمْ مِّنْ أَبِيْكُمْ ۚ

کرادیا تو اُنسے یہ فرمایا کہ اپنے سوتیلے بھائی کو بھی میرے پاس لینے آنا کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں

الجزء ۱۳

علیہ السلام کے بیٹے ہیں۔ وہ ہمارے ہی جدِ امجد سے بلکہ نمرود کے ہاتھ میں ڈلوا دیا تھا اور اُنکو سلامت رکھا تھا۔ دریافت کیا کہ

الَا تَرَوْنَ اَنِّیْٓ اُوْفِی الْكَیْلَ وَاَنَا خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ○

کیسے پورے پورے پیمانے دیتا ہوں اور کیسا اچھا مہمان نواز ہوں

فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِیْ بِهٖ فَلَا كَیْلَ لَكُمْ عِنْدِیْ وَلَا

اب اگر تم اُسکو میرے پاس نہ لائے تو نہ میرے پاس تمہارے لئے کچھ اجناس ہے اور نہ میرے پاس

تَقْرَبُوْنِ ○ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ○

آکر پھٹکنا انہوں نے یہ کہا کہ ہم اُسکے باپ میں اُسکے باپ کو بہلائیں پھسلائینگے اور ہم ضرور ایسا کرینگے

وَقَالَ لِفِتْیٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِیْ رِحَالِهِمْ

اور (حضرت یوسفؑ نے اپنے ملازموں سے کہدیا کہ انکا (اصل) سرمایہ انکے اسباب میں رکھدو تاکہ

لَعَلَّهُمْ یَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓی اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ

جب یہ اپنے اہل وعیال میں پلٹ کر جائیں تو اس احسان کو بھی سمجھیں تاکہ پھر لوٹ کر

یَرْجِعُوْنَ ○ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓی اَبِیْهِمْ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا مُنِعَ

آئیں پس جب یہ اپنے والد کے پاس پلٹ کر آئے تو کہنے لگے کہ باباجان ہمارا تو اناج

مِنَّا الْكَیْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ○

بند کر لیا گیا پس ہمارے بھائی کو ہمارے ساتھ بھیجئے کہ ہم اپنی رسد لائیں اور ہم ضرور اُسکی محافظ رہینگے

قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَیْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓی اَخِیْهِ

(یعقوبؑ نے) فرمایا کیا میں اُسکے بارے میں تمہارا ویسا ہی اعتبار کرلوں جیسا پہلے اُسکے بھائی

مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ○

یوسفؑ کے بارے میں کیا تھا پس سب سے اچھا حفاظت کرنیوالا اللہ ہے اور وہی سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ

اور جب اُنہوں نے اپنا اسباب کھولا تو یہ پایا کہ اُنکی پونجی اُنکو لوٹادی گئی تھی

اِلَیْهِمْ ؕ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِیْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ

کہنے لگے کہ باباجان اور ہمکو کیا چاہئے یہ سرمایہ بھی ہمارا ہمکو لوٹادیا گیا

سلسلہ

لہ قافلہ خیر خیریت سے آئیگا تفسیر محمدی البیان میں ایک حدیث منقول ہے کہ خداوند تعالیٰ نے فرمایا کہ بعد اسکے کہ تونے مجھ سے قول کرلیا ہے میں دو نور کے پاس لیں کرونگا ۱۲

اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ

اور ہم اپنے کنبہ کے لئے رسد لے آئینگے اور اپنے بھائی کی حفاظت کرینگے اور ایک اونٹ

بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ۝ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى

کا بار زیادہ لائینگے یہ رسد (جو لائے ہیں یہ) تو تھوڑی ہے (یعقوبؑ نے) فرمایا کہ میں اُسکو تمہارے ساتھ ہرگز نہ بھیجونگا

تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ

جب تک کہ تم مجھے خدا کی ضمانت اِس بارے میں نہ دیدو کہ اِسے ضرور میرے پاس لے آؤ گے سوائے اُس صورت کے

بِكُمْ ۚ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ

کہ تم سب گھیرے میں آجاؤ پس جسوقت اُنہوں نے ضمانت دیدی (یعقوبؑ نے) فرمایا کہ جو کچھ ہم کہتے ہیں اللہ اُسکا

وَكِيْلٌ ۝ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ[1]

ضامن ہے اور فرمایا کہ اے میرے بیٹو! (اُس شہر میں) ایک دروازہ سے نہ جانا مختلف

وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ

دروازوں سے جانا میں خدا کے ارادہ سے تو تمکو نہیں

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَ

بچاتا ہوں فیصلہ تو صرف اُسی کے ہاتھ ہے اُسی پر بھروسہ ہے اور سب

عَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ

بھروسہ کرنیوالوں کو اُسی پر بھروسہ کرنا چاہیئے اور جب وہ اسطرح سے (شہر میں) گئے

حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

جس طرح اُنکے والد نے حکم دیا تھا کہ کوئی شے اُنکو (قضاے) خدا سے تو بچا نہیں سکتی تھی یہ

مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ

یعقوب (علیہ السلام) کی ایک دلی خواہش تھی جسکی بابت اُنہوں نے کہدیا تھا اور بیشک جو کچھ

لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ ع ۸ ۱۱ ۲

ہمنے اُنکو تعلیم کیا تھا اُسکا وہ علم رکھنے والے تھے لیکن بہت سے لوگ (اس راز کو) نہیں جانتے

[1] لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ چونکہ یعقوب علیہ السلام کے سب بیٹے بڑے حسین بڑے خوبصورت اور بڑے کڑیل جوان تھے۔ اور تمام ملک مصر میں یہ مشہور ہو گیا تھا کہ بادشاہ اُنکے ساتھ حالت خاص سے پیش آیا ہے اور اُنکو تقرب حاصل ہوا ہے۔ اسلئے یعقوب علیہ السلام کو یہ خیال آیا کہ کہیں اُنکو نظر نہ لگ جائے ۱۲

وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ

اور جب یہ بھائی یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے تو انہوں نے اپنے (حقیقی) بھائی کو اپنے پاس جگہ دی

اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا

اور (چپکے سے) یہ کہدیا کہ میں تیرا (سگا) بھائی ہوں پھر اب جو کچھ یہ کر چکے اسکا افسوس نہ کر پس جب یوسف

جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ

انکی روانگی کا سامان کر چکے تو پانی پینے کا برتن اپنے بھائی کے اسباب میں رکھوا دیا پھر ایک

اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسَارِقُوْنَ ۝ قَالُوْا

منادی نے ندا کی کہ اے قافلہ والو! تم چور ہو قافلہ والوں نے انکی طرف

وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ۝ قَالُوْا نَفْقِدُ

رخ کرکے کہا تمہاری کیا چیز کھوئی گئی ہے انہوں نے کہا کہ بادشاہ کا پیمانہ

صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ

ہمکو نہیں ملتا اور جو اسکو ڈھونڈھ لائیگا اسکے لئے ایک اونٹ کا بوجھ (انعام) ہے اور

زَعِيْمٌ ۝ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ

میں اسکا ضامن ہوں انہوں نے کہا کہ خدا کی قسم تم یقیناً جانتے ہو کہ ہم اسلئے نہیں آئے کہ اس ملک میں

فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سَارِقِيْنَ ۝ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ

کوئی خرابی کریں اور نہ ہم چور ہیں انہوں نے کہا کہ اگر تم جھوٹے نکلے تو چوری کی

اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ۝ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ

سزا کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ اسکی سزا جسکے اسباب میں سے وہ نکل آئے (یہ ہے کہ)

رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝

وہ شخص خود اسکا عوض ہو ہم تو نافرمانی (چوری) کرنیوالوں کو یہی سزا دیا کرتے ہیں

فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا

پس (تلاشی لینے والے نے) یوسف کے بھائی کی خورجین سے پہلے اوروں کی خورجیوں سے شروع کیا پھر اس برتن کو

شریعت یعقوب علیہ السلام میں یہ حکم تھا کہ جسکے پاس سے چوری کی چیز نکل آئے وہی غلام بنا لیا جائے ۱۲

مِنْ وِّعَآءِ اَخِیْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِیُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ
یوسف کے بھائی کی خورجین سے نکالدیا اس طرح ہمنے یوسف کے لئے تدبیر کردی کہ وہ بادشاہ کے
لِیَاْخُذَ اَخَاهُ فِیْ دِیْنِ الْمَلِكِ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ
قانون سے اپنے بھائی کو نہیں لے سکتے تھے سوائے اُس صورت کے کہ اللہ چاہتا ہم جسکو
دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ۝ قَالُوْۤا
چاہتے ہیں درجہ بدرجہ بلند کردیا کرتے ہیں اور ہر علم والے سے بڑھکر علم والا موجود ہے اب انھوں نے یہ
اِنْ یَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاَسَرَّهَا
کہدیا کہ اگر اسنے چوری کی تو (کچھ تعجب نہیں) اسکے (حقیقی) بھائی نے پہلے ہی چوری کی تھی پس یوسف نے
یُوْسُفُ فِیْ نَفْسِهٖ وَلَمْ یُبْدِهَا لَهُمْ ؕ قَالَ اَنْتُمْ
اسکو اپنے دل میں رکھا اور اُنپر اسکو ظاہر نہ کیا (اور بجائے خود یہ) کہا کہ تم بہت ہی
شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ۝ قَالُوْا یٰۤاَیُّهَا
بُرے لوگ ہو اور جو کچھ تم بیان کرتے ہو اُس سے اللہ خوب واقف ہے اُن سب نے عرض کی کہ اے
الْعَزِیْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا شَیْخًا كَبِیْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ
عزیز اسکا باپ بہت ہی بوڑھا ہے پس اسکی بجائے ہم میں سے ایک کو لے لیجئے
اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ
ہم تو حضور کو بہت ہی نیکدل پاتے ہیں (یوسف نے) کہا اس سے خدا کی پناہ کہ سوائے اُسکے
اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ۝
جس سے ہمنے اپنا مال پایا ہو ہم کسی اور کو لے لیں کہ اُس صورت میں تو ہم بھی ظالم ٹھہرینگے
فَلَمَّا اسْتَایْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِیًّا ؕ قَالَ كَبِیْرُهُمْ
پس جب وہ یوسف کی طرف سے مایوس ہوئے تو مشورہ کرنیکے لئے الگ ہو بیٹھے اُنمیں بڑے نے کہا
اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَیْكُمْ مَّوْثِقًا

کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے باپنے تم سے خدا کی ضمانت لیلی تھی اور پہلے سے تم یوسف کے

ع ۹ ۱۱ ۳

۱۲ ع

محمد سے منقول ہے کہ سب سے بڑے بھائی کا نام ۔ اور تفسیر قمی میں ہے کہ بڑے کا نام لاوذی تھا ۔ ۱۲

مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمُوْنِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ
بارے میں کیا کچھ قصور کر چکے ہو پس میں تو اس ملک
الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْۤ اَبِيْۤ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ
سے نہ جاؤنگا جب تک کہ میرے والد مجھکو اجازت نہ دیں یا خدا میرے حق میں کوئی فیصلہ نہ کردے اور وہ سب سے
الْحٰكِمِيْنَ ۝ اِرْجِعُوْۤا اِلٰۤى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰۤاَبَانَاۤ اِنَّ
بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے تم سب والد کی خدمت میں پلٹ کر جاؤ اور عرض کردو کہ ابا جان آپکے بیٹے نے
ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَاۤ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا
چوری کی اور جو کچھ ہمنے بیان کیا بعد علم و یقین بیان کیا اور ہم غیب کے نگہبان تو
لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ۝ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا
تھے نہیں آپ اس بستی والوں سے دریافت کرلیجئے جس میں ہم تھے اور
وَالْعِيْرَ الَّتِيْۤ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝ قَالَ
اس قافلہ والوں سے پوچھ لیجئے جس میں ہم آئے ہیں اور ہم یقیناً سچے ہیں (یعقوبؑ نے) فرمایا
بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ عَسَى اللّٰهُ
(یوں تو نہیں ہے) بلکہ تمنے اپنے دل سے ایک بات بنالی ہے پس صبر ہی بہتر ہے قریب ہے کہ خدا تعالےٰ
اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝
اُن سب کو میرے پاس پہنچادے۔ بیشک وہی صاحب علم و حکمت ہے
وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰۤاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ
اور اُنکی طرف سے منہ پھیر لیا اور کہنے لگے ہائے ہائے یوسفؑ۔ اور غم واندوہ سے اُنکی دونوں آنکھیں سفید ہوگئیں
مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ۝ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ
اسلئے کہ وہ رنج کو ضبط کرنیوالے تھے بیٹوں نے کہا بخدا آپ ہمیشہ یوسفؑ ہی کی یاد میں
يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ۝
پڑے رہینگے یہاں تک کہ آپ بیمار ہو جائیں یا مرجائیں

قَالَ إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللَّهِ وَأَعْلَمُ

فرمایا کہ میں اپنی پریشانی اور رنج کی شکایت خدا ہی سے کرتا ہوں اور خدا کی طرف سے

مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ○ يَا بَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا

وہ کچھ جانتا ہوں جو کچھ تم نہیں جانتے اے میرے بیٹو جاؤ اور یوسفؑ اور اُسکے

مِن يُوسُفَ وَأَخِيهِ وَلَا تَيْأَسُوا مِن رَّوْحِ اللَّهِ ۖ

(حقیقی) بھائی کا پتہ لگاؤ اور خدا کی رحمت سے ناامید مت ہو

إِنَّهُ لَا يَيْأَسُ مِن رَّوْحِ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُونَ ○

بیشک خدا کی رحمت سے کافر لوگوں کے سوا کوئی ناامید نہیں ہوگا

فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَيْهِ قَالُوا يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ مَسَّنَا وَأَهْلَنَا

پھر جب وہ سب یوسفؑ کے پاس آئے کہنے لگے کہ اے عزیز ہمکو اور ہمارے کنبہ کو بڑی تکلیف

الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجَاةٍ فَأَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ

پہنچی ہے اور ہم کچھ ناقص پونجی لائے ہیں پس ہمکو پورا ناپ دلوائیے

وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۖ إِنَّ اللَّهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِينَ ○ قَالَ

اور ہمپر احسان کیجئے بیشک اللہ احسان کرنیوالوں کو نیک بدلہ دیتا ہے فرمایا

هَلْ عَلِمْتُم مَّا فَعَلْتُم بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ إِذْ أَنتُمْ

آیا تم جانتے بھی ہو کہ تمنے یوسفؑ اور اُسکے (حقیقی) بھائی کے ساتھ کیا بدسلوکی کی تھی جبکہ تم جہالت

جَاهِلُونَ ○ قَالُوا أَإِنَّكَ لَأَنتَ يُوسُفُ ۖ قَالَ أَنَا

پر آگئے تھے (اب تو وہ سب چونک کر) بولے کیا تم ہی یوسفؑ ہو؟ فرمایا ہاں میں ہی

يُوسُفُ وَهَٰذَا أَخِي قَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا ۖ إِنَّهُ مَن يَتَّقِ

یوسفؑ ہوں اور یہ میرا بھائی ہے یقیناً اللہ نے ہمپر احسان کیا ہے بیشک جو شخص پرہیزگار

وَيَصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ○ قَالُوا

رہتا اور صبر کرتا ہے تو اللہ نیکوکاروں کے اجر کو ضائع نہیں فرماتا کہنے لگے اللہ کی قسم

تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِئِيْنَ ○ قَالَ

خدا نے آپ کو ہم پر بزرگی دی ہے اور ہم ضرور خطاوار ہیں فرمایا پھر اب

لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ز وَهُوَ اَرْحَمُ

تم پر کوئی الزام نہیں خدا تمکو بخشدے اور وہ سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ

الرّٰحِمِيْنَ ○ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى

رحم کرنیوالا ہے لو میرا یہ کرتہ لیجاؤ اور اسے میرے والد کے منہ پر

وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ؕ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ○ ع ۱۰

ڈالدینا کہ وہ بینا ہو جائینگے اور اپنے سب کنبہ کو میرے پاس لے آؤ

وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ

اور جسوقت یہ قافلہ (آبادی مصر سے) روانہ ہوا تو انکے والد نے کہا کہ اگر تم مجھے ناقص العقل نہ جانو

يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ○ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ

(اور مجھے سچا سمجھو) تو مجھے یوسف کی خوشبو آتی ہے وہ کہنے لگے خدا کی قسم آپ تو اپنی اسی

لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ○ فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ ربع

قدیمی وارفتگی میں ہیں پھر جب خوشخبری دینے والا آیا اور اس کرتے کو

اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ؕ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ

یعقوب کے منہ پر ڈالا تو انکی آنکھیں کھل گئیں فرمانے لگے کہ میں نہ کہتا تھا

لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ قَالُوْا

کہ میں اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو کچھ تم نہیں جانتے بیٹے کہنے لگے کہ

يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِئِيْنَ ○ قَالَ

بابا جان ہمارے گناہوں کی مغفرت طلب کیجئے بیشک ہم خطاوار ہیں فرمایا

سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ

میں اپنے رب سے آئندہ تمہاری مغفرت کا طالب ہونگا بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور)

الرَّحِيمُ ○ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ

رحم کرنیوالا ہے پھر جب سب یوسفؑ کے پاس پہنچے تو انہوں نے اپنے والدین کو اپنے پاس

أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ○

جگہ دی اور فرمایا شہر مصر میں انشاء اللہ امن و امان سے چلے چلو

وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا ۖ وَقَالَ

اور اپنے والدین کو تخت پر بٹھایا اور سب کے سب سجدہ کا شکر میں گر پڑے اور یوسفؑ نے

يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِن قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي

عرض کی ابا جان یہ میرے پہلے خواب کی تعبیر ہے میرے پروردگار نے اسے سچا کر دکھایا

حَقًّا ۖ وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاءَ

اور اسنے میرے ساتھ یقیناً احسان کیا جبکہ اسنے مجھے قید خانہ سے نکالا اور بعد اسکے

بِكُم مِّنَ الْبَدْوِ مِن بَعْدِ أَن نَّزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَ

کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈالدیا تھا تم سب کو جنگل سے

بَيْنَ إِخْوَتِي ۚ إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِّمَا يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ هُوَ

لا ملایا میرا پروردگار جو کچھ چاہتا ہے اسکے لئے بڑا مدبر ہے بیشک وہ

الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ○ رَبِّ قَدْ آتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ وَ

صاحب علم و حکمت ہے اے میرے پروردگار بالتحقیق تو نے مجھے حکومت میں سے حصہ دیا

عَلَّمْتَنِي مِن تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ

اور باتوں کی مجھے تعبیر جتنی مناسب جانی سکھائی اے آسمانوں کے اور زمین کے

وَالْأَرْضِ ۖ أَنتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ تَوَفَّنِي

پیدا کرنیوالے تو ہی دنیا و آخرت میں میرا کارساز ہے میرا خاتمہ فرمانبرداری کی حالت

مُسْلِمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ ○ ذَٰلِكَ مِنْ أَنبَاءِ

میں کیجیو اور مجھے نیک بندوں کے ساتھ ملا دیجیو غیب کی خبروں میں سے یہ وہ ہیں

الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ أَجْمَعُوا
جو ہم تمہیں وحی کے ذریعہ سے بھیجتے ہیں حالانکہ جسوقت انہوں نے اپنے معاملہ پر اجماع کیا تھا
أَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُونَ ۝ وَمَا أَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ
اور چال چلتے تھے تم تو انکے پاس نہ تھے اور تم کتنا ہی چاہو لیکن بہت سے لوگ
حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا تَسْأَلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ
ایمان نہ لائینگے اور تم تبلیغ رسالت پر کوئی اجرت نہیں
أَجْرٍ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۝ وَكَأَيِّن مِّن
مانگتے یہ تو کل عالموں کے لئے فقط ایک نصیحت ہے اور آسمانوں میں اور
آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ
زمین میں بہت سی نشانیاں ہیں جنپر سے وہ گزرتے ہیں اور اُنسے
عَنْهَا مُعْرِضُونَ ۝ وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُم بِاللَّهِ إِلَّا
بے پروا رہتے ہیں اور بہت سے ان میں سے ایمان تو لے آتے ہیں مگر (عملاً)
وَهُم مُّشْرِكُونَ ۝ أَفَأَمِنُوا أَن تَأْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ
مشرک رہتے ہیں تو کیا وہ اس سے بے خوف ہوگئے کہ اُنپر (اچانک) خدا
مِّنْ عَذَابِ اللَّهِ أَوْ تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَهُمْ
کا عذاب چھا مارے یا قیامت اُنکو ایکایک آلے اور اُنکو
لَا يَشْعُرُونَ ۝ قُلْ هَٰذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ ۚ عَلَىٰ
خبر بھی نہو تم یہ کہدو کہ یہ میرا راستہ ہے میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں میں (بھی)
بَصِيرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِي ۖ وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَمَا أَنَا مِنَ
اور وہ (بھی) جنہے میری پیروی کی ہے بصیرت پر ہیں اور اللہ پاک ہے اور میں شرک کرنیوالوں میں سے
الْمُشْرِكِينَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوحِي
نہیں ہوں اور (اے رسول) ہمنے تم سے پہلے بستیوں کے رہنے والوں میں ایسے آدمی ہی

ع ۱۱ ۵

اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

بھیجے تھے جنکی طرف ہم وحی کیا کرتے تھے کیا یہ اس سرزمین میں نہیں چلے پھرے کہ دیکھ لیتے کہ

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ

ان سے پہلے والونکا انجام کیسا ہوا اور آخرت کا گھر تو اُنہی لوگوں

خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ حَتّٰۤى اِذَا

کے لئے اچھا ہے جو ڈرتے رہے کیا تم اتنا نہیں سمجھتے یہانتک کہ جب رسول

اسْتَايْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ

مایوس ہوگئے اور اُمت والوں نے یہ گمان کرلیا کہ اُنسے جھوٹ بولا گیا تو ہماری مدد

نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ

اُنکے پاس آئی پس جسکو ہمنے چاہا اُسکو نجات مل گئی اور گناہگار لوگوں سے ہمارا عذاب ہٹایا ہی

الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي

نہیں جاتا بیشک اُن (رسولوں اور اُنکی اُمت والوں) کے قصوں میں اُنکے لئے عبرت ہے یہ کوئی

الْاَلْبَابِ ؕ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ

بنائی ہوئی بات نہیں بلکہ جو اس سے پہلے ہے

تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ

اُسکی تصدیق ہے اور ہر چیز کی تفصیل

وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ ع ۱۲ ۷ ۶

اور جو لوگ ایمان لائے اُنکے لئے ہدایت و رحمت ہے

سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

آیاتها ۴۳ | رکوعاتها ۶ | کلماتها ۸۶۳ | حروفها ۴۶۱۴

الٓمٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

الٓمٓرٰ۔ یہ کتاب کی آیتیں ہیں اور جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف

مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

نازل کیا گیا ہے وہ برحق ہے لیکن بہت سے لوگ ایمان نہیں لاتے

اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ

اللہ وہی ہے جس نے آسمانوں کو بغیر ایسے ستونوں کے جنکو تم دیکھتے ہو بلند کیا پھر

اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ

عرش پر (اسکا حکم) غالب آیا اور سورج اور چاند کو مطیع کر لیا ہر ایک مدت

يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ

معینہ تک کے لئے رواں ہے تمام معاملات کی تدبیر خود کرتا ہے (اور) نشانیاں

الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ

کھولکر بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے پروردگار کی ملاقات کا یقین کر لو اور وہ وہی ہے جس نے

مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ

زمین کو پھیلایا اور اسمیں بھاری بھاری پہاڑ اور دریا مقرر کئے اور ہر قسم کے پھلوں

كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي الَّيْلَ

میں سے اُس میں دو دو طرح کے پیدا کر دئے دن کو وہ رات سے

النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَفِي

ڈھانپ دیتا ہے بیشک اسی میں فکر کرنیوالوں کے لئے نشانیاں موجود ہیں اور زمین کے

الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ

مختلف قسم کے ٹکڑے ایک دوسرے کے پاس پاس ہیں اور انگور کے باغ اور کھیتیاں اور کھجور کے درخت

وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ

ایک ہی جڑ میں سے کئی اگے ہوئے اور علحدہ علحدہ اگے ہوئے کہ یہ سب ایک ہی پانی سے سینچے جاتے ہیں

حدیث ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ لوگ مختلف درختوں سے ہیں اور میں اور تم ایک درخت سے ہیں ۱۲ منہ

وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
اور اُنکے پھلوں کے بارے میں ہم ایک کو دوسرے پر برتری دیدیتے ہیں بیشک اسمیں عقل رکھنے والوں
لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ ۝
کے لئے نشانیاں موجود ہیں اور (اے رسول) اگر تمکو تعجب ہو تو انکا یہ قول زیادہ
قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۭ اُولٰٓئِكَ
عجیب ہے کہ کیا جب ہم مٹی ہو جائینگے تو ہم از سر نو پیدا ہونگے یہی تو وہ لوگ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ
ہیں جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا اور یہی ہیں جنکی گردنوں میں
اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝
طوق ہونگے اور یہی جہنم والے ہیں جس میں یہ (ہمیشہ) ہمیشہ رہینگے
وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ
اور یہ عافیت سے پہلے تم سے عذاب کی جلدی مچاتے ہیں حالانکہ اُنسے پہلے عذاب کی بہت سی
خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ
مثالیں گزر چکی ہیں اور بیشک تمہارا پروردگار کل آدمیوں
مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰي ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ
کے لئے باوجود اُنکی نافرمانی کے بڑا بخشنے والا ہے اور بیشک تمہارا رب بڑا سخت
لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ
عذاب دینے والا بھی ہے اور جو لوگ کافر ہو گئے وہ یہ کہتے ہیں کہ اسکے پروردگار
اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّ
کی طرف سے کوئی نشانی (ہماری خواہش کے موافق) کیوں نہ اُتاری گئی (اے رسول) سوائے اسکے نہیں ہے کہ
لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا
تم تو ڈرانیوالے ہو اور ہر قوم کے لئے ایک ہادی ہوا کرتا ہے اللہ جانتا ہے کہ ہر مادہ کے حمل میں کیا ہوتا ہے اور ارحام

تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۖ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ ۝
کتنی کمی رکھتے ہیں اور کتنی بیشی اور اُسکے پاس ہر چیز اندازہ سے ہے

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ ۝ سَوَاءٌ
(وہ) پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا سب سے بزرگ (اور) سب سے اعلےٰ ہے تم میں سے جو شخص

مِّنكُم مَّنْ أَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَن جَهَرَ بِهِ وَمَنْ هُوَ
چپکے سے بات کہے اور جو پکار کر کے دونوں برابر ہیں اور وہ جو رات کو چھپا ہوا

مُسْتَخْفٍ بِاللَّيْلِ وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ ۝ لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِّن
ہو اور (وہ جو) دن میں کھلی کوچوں میں پھرنیوالا ہو (دونو برابر ہیں) (انسان میں سے) ہر ایک کے لئے پہرہ دینے

بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ ۗ
(مقرر) ہیں جو خدا کے حکم سے آگے کی طرف سے اور پیچھے کی طرف سے حفاظت کرتے ہیں

إِنَّ اللَّهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنفُسِهِمْ ۗ وَ
بیشک خدا تعالےٰ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود اپنے حال کو نہ بدلیں اور جب اللہ

إِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِقَوْمٍ سُوءًا فَلَا مَرَدَّ لَهُ ۚ وَمَا لَهُم
کسی قوم کے حق میں بدی چاہتا ہے تو اُسکا دفعیہ کچھ نہیں ہے اور بندوں کا اُسکے سوا

مِّن دُونِهِ مِن وَالٍ ۝ هُوَ الَّذِي يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا
کوئی والی نہیں ہے وہ وہی ہے جو ڈرانیکے لئے اور لالچ دلانیکے لئے تمکو بجلی کی

وَطَمَعًا وَيُنشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ
چمک دکھلاتا ہے اور گھنگھور گھٹائیں پیدا کرتا ہے اور رعد اُسکی حمد کی تسبیح پڑھتا

بِحَمْدِهِ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيفَتِهِ ۖ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ
ہے اور کل فرشتے اُسکے خوف سے (تسبیح پڑھتے ہیں) اور وہ بجلیاں گراتا ہے پس جسکو چاہتا ہے اُنکے

فَيُصِيبُ بِهَا مَن يَشَاءُ وَهُمْ يُجَادِلُونَ فِي اللَّهِ وَهُوَ
ذریعہ سے نقصان پہنچا دیتا ہے حالانکہ یہ لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہی رہتے ہیں اور وہ

شَدِيدُ الْمِحَالِ ۝ لَهُ دَعْوَةُ الْحَقِّ ۖ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ

بڑا سخت گرفت والا ہے اسی سے دعا کرنا برحق ہے اور جو اُسکے سوا اوروں کو پکارتے ہیں وہ

مِن دُونِهِ لَا يَسْتَجِيبُونَ لَهُم بِشَيْءٍ إِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ

اُنکو کچھ بھی جواب نہیں دیتے مگر ایسے ہی جیسے کوئی شخص اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف

إِلَى الْمَاءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهِ ۚ وَمَا دُعَاءُ

پھیلائے کہ وہ خود سے اسکے مُنہ میں آجائے حالانکہ وہ کبھی اُسکے مُنہ میں آنیوالا نہیں ہے

الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ ۝ وَلِلَّهِ يَسْجُدُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ

اور کافروں کا دعا کرنا محض بیکار ہے اور جو آسمانوں اور زمین میں ہیں بخوشی و

وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَظِلَالُهُم بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ ۝

بہ جبر خدا کو سجدہ کرتے ہیں اور اسی طرح صبح و شام اُنکے سائے (بھی)

قُلْ مَن رَّبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ قُلِ اللَّهُ ۚ قُلْ أَفَاتَّخَذْتُم

تم کہو کہ آسمانوں کا اور زمین کا پروردگار کون ہے؟ تم کہو کہ اللہ تم کہو کہ کیا اُسکو چھوڑ کر

مِّن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ لَا يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ نَفْعًا وَلَا

تمنے ایسوں کو اپنا ولی بنایا ہے جو اپنے آپ کے لئے کسی نفع کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ کسی

ضَرًّا ۚ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ ۙ أَمْ هَلْ

نقصان کا تم کہو کہ کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہوتے ہیں؟ یا اندھیاں

تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ ۚ أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ

اور روشنی برابر ہے؟ یا اُنہوں نے اللہ کے ایسے شریک مقرر کئے ہیں جنہوں

خَلَقُوا كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ۚ قُلِ اللَّهُ خَالِقُ

اُسی کی سی مخلوق پیدا کردی ہے کہ اُنپر مخلوق کی شناخت مشتبہ ہوگئی ہو تم یہ کہدو کہ اللہ ہر چیز کا

كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ

پیدا کرنیوالا ہے اور وہ یکتا و زبردست ہے اُسنے آسمان سے پانی اُتارا

مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا

پھر اپنی اپنی مقدار کے موافق نالے (ندیاں) بہ نکلے اور رَو جھاگ کو اوپر اوپر

رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ

لے گئی اور اُس میں سے جو زیور یا مال بنانے کے لئے تپایا جاتا ہے ایسا ہی

اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ

جھاگ نکلا کرتا ہے۔ اسی طرح اللہ حق اور باطل کی مثال بیان کرتا ہے

فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ

پس جھاگ تو بیکار جاتا ہے اور رہا وہ جو لوگوں کو نفع پہنچاتا ہے وہ زمین

فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ۝

میں رہجاتا ہے اسی طرح اللہ مثالیں بیان کیا کرتا ہے

لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ وَالَّذِيْنَ

اُن لوگوں کے لئے جنہوں نے پروردگار کا حکم مانا خیر و خوبی ہے اور جنہوں نے

لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّ

اُسکا حکم نہ مانا اگر اُنکے پاس وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اُتنا ہی

مِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۝

اور بھی ہو کہ اُس سب کو فدیہ دیدیں (تو بھی) وہ یہی ہیں جنکے لئے سخت عذاب ہے

وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ

اور جنکا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے کیا وہ شخص جو یہ جانتا ہی کہ تمہارے رب

اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ

کی طرف سے جو کچھ اُتارا گیا ہے وہ برحق ہے اُسکے مانند (ہو سکتا) ہے جو دل کا اندھا ہو اس بات

اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا

کو تو عقلمند ہی سمجھتے ہیں جو خدا کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور اپنے پیمان کو

وقف النبی علیہ السلام

ع ۲۰ ۸

لوگ ہو جنکو کتاب خدا میں اُولُوا الْاَلْبَابِ کہا گیا ہے۔ اور پھر یہ آیت تلاوت فرمائی اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۱۲

يَنقُضُونَ الْمِيثَاقَ ۝ وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ

نہیں توڑتے اور جو اُنکے ساتھ صلۂ رحمی کرتے رہتے ہیں جنکی صلۂ رحمی کا خدا نے حکم

أَن يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الْحِسَابِ ۝

دیا ہے اور اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہیں اور حساب کی سختی سے خوف کھاتے رہتے ہیں

وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ

اور جن لوگوں نے اپنے پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنیکے لئے صبر کیا اور نماز پڑھی اور جو کچھ ہمنے

وَأَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً وَيَدْرَءُونَ

انکو دیا تھا اُس میں سے چھپا کر اور ظاہر طور پر (راہ خدا میں) خرچ کیا اور بدی کا بدلہ

بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝

نیکی سے کرتے رہے عاقبت کا گھر اُنہی کے لئے ہے (یعنی)

جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا وَمَن صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ

رہنے کے باغات جنمیں خود وہ بھی ہمیشہ رہینگے اور اُنکے آباؤ اجداد میں سے اور ازواج میں

وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ ۖ وَالْمَلَائِكَةُ يَدْخُلُونَ

سے اور اُنکی اولاد میں سے بھی جو (جو) اس قابل ہونگے اور فرشتے ہر دروازے سے اُنکے پاس آیا

عَلَيْهِم مِّن كُلِّ بَابٍ ۝ سَلَامٌ عَلَيْكُم بِمَا صَبَرْتُمْ

کرینگے (اور یہ کہا کرینگے کہ) یہ عوض تمہارے صبر کرنے کے تم پر سلامتی ہو دیکھو (تمہارا)

فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝ وَالَّذِينَ يَنقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ

انجام کار کیسا اچھا ہوا اور جو عہد خدا کو بعد اُسکے پختہ ہو جانے کے توڑ ڈالتے

مِن بَعْدِ مِيثَاقِهِ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَن

ہیں اور جنکی صلۂ رحمی کا خدا نے حکم دیا تھا اُنسے قطع رحمی کرتے ہیں

يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ أُولَٰئِكَ لَهُمُ

اور زمین میں فساد پھیلاتے رہتے ہیں یہی لوگ ہیں کہ اُنکے لئے

اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۝ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

لعنت ہے اور (انہی کے لئے) اُس گھر کی خرابی ہے اللہ جسکے لئے چاہتا ہے رزق کو وسیع

لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ

کر دیتا ہے اور (جسکے لئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے اور لوگ دنیا کی زندگانی سے راضی ہو گئے ہیں

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝ ع ۳ ۸ ۹ وَيَقُوْلُ

حالانکہ زندگانی دنیا آخرت کے مقابلہ میں سوائے ادنے سرمایہ کے کچھ بھی نہیں ہے اور جو لوگ کافر

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ

ہو گئے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ اسکے رب کے پاس سے کوئی نشانی کیوں نہ اُتری تم یہ کہدو

اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ۝

کہ اللہ جس سے چاہتا ہے توفیق ہدایت سلب کر لیتا ہے اور جو رجوع کرتا ہے اسکو اپنی راہ بتاتا ہے

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ

جو لوگ ایمان لائے اور اُنکے دل ذکر خدا سے مطمئن ہیں یاد رکھو کہ ذکر خدا سے دل مطمئن

تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ ؕ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

ہو جایا کرتے ہیں جو لوگ ایمان لے آئے اور اُنہوں نے نیکیاں کیں

طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ۝ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ

خوشحالی اور انجام بخیر اُنہی کے لئے ہے ہمنے اس امت میں تمکو اسی طرح رسول بنا کر

اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ

بھیجا ہے جیسے انسے پہلے اور بہت سی اُمتیں گزر گئیں تاکہ تمہاری طرف جو ہمنے

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ؕ قُلْ هُوَ رَبِّيْ

وحی کی ہے اُنکو پڑھ کر سنا دو حالانکہ وہ رحمٰن کے منکر ہیں تم کہدو کہ وہ میرا پروردگار ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ۝ وَلَوْ

اُسکے سوا کوئی معبود نہیں اُسی پر میں نے توکل کیا اور اُسی کی طرف میری بازگشت ہے اور اگر

اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ
کوئی قرآن (ایسا) ہوتا کہ پہاڑ اُسکے ذریعہ سے چلائے جاتے یا زمین اُسکے ذریعہ سے ٹکڑے کر دی جاتی یا
بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ
مُردوں سے اُسکے ذریعہ سے باتیں کی جاتیں (تو وہ یہی قرآن ہوتا) لیکن ہر قسم کا اختیار خدا ہی کو ہے۔ کیا وہ لوگ جو
اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَا يَزَالُ
ایمان لائے ہیں یہ نہیں سمجھتے کہ اگر اللہ چاہتا تو سب آدمیوں کو ہدایت کر دیتا اور جو لوگ کافر ہو گئے
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ
ہیں اُنکو جو کچھ وہ کرتے رہتے ہیں اسکے عوض میں کوئی (نہ کوئی) مصیبت برابر پہنچتی رہیگی یا اُنکے گھر کے
قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ
اُس پاس آتی رہیگی جبتک کہ خدا کا وعدہ پورا نہو بیشک اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا
الْمِيْعَادَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ
اور تم سے پہلے رسولوں کی یقیناً ہنسی اڑائی گئی اور میں (قرآن
فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ
لوگوں کو جو کافر ہو گئے مہلت دی پھر اُنسے مواخذہ کیا پھر میری سزا کیسی
عِقَابِ ۝ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ ۢ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ ۢ بِمَا كَسَبَتْ ۗ
سخت تھی کیا وہ جو ہر نفس کے اعمال کا نگراں ہے (اُسکے مانند ہو سکتا ہے جو ایسا نہیں ہے) اور اُنہوں نے
وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّـُٔوْنَهٗ بِمَا
اللہ کے شریک قرار دے لئے تم کہدو کہ ذرا اُنکے نام لو یا تم اُسکو ایسوں کی خبر دیتے ہو جنکو وہ
لَا يَعْلَمُ فِي الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ
زمین میں جانتا ہی نہیں یا خالی باتیں ہی باتیں ہیں بلکہ (صورت حال یہ ہے کہ) جو لوگ
لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ
کافر ہو گئے اُنکی چالیں اُنکی نظروں میں زینت پا گئی ہیں اور راہ راست سے وہ روک دیئے گئے ہیں اور

ع ۳ ۵ ۶

۱۳ سورۃ الرعد مکیۃ

۱ قرآنا سیرت بہ الجبال۔ کافی میں جناب امام موسی کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہ قرآن جس میں وہ کچھ ہے جسکے ذریعہ سے پہاڑ چلائے جائیں اور مُردوں سے باتیں کی جائیں یا مُردے زندہ کر دیئے جائیں اُسکے مالک ہم ہیں ۱۲ ۲ افلم ییئس الذین امنوا۔ تفسیر مجمع البیان میں ہے کہ جناب امیر المومنین اور جناب امام جعفر صادق علیہما السلام اسکو

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ

جس سے اللہ توفیق ہدایت سلب کرلے اسکا کوئی راہ بتانیوالا نہیں ہوتا۔ انکے لئے زندگانی دنیا میں بھی عذاب ہے

الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ؕ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ

اور آخرت کا عذاب اور زیادہ سخت ہے اور اللہ کے عذاب سے انکو کوئی بچانیوالا

وَّاقٍ ۝ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِيْ مِنْ

نہوگا جس جنت کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے اسکا حال یہ ہے کہ اسکے نیچے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ

ندیاں بہتی ہونگی اسکے پھل اور اسکا سایہ ہمیشہ رہیگا یہ ان لوگوں کا انجام ہے جو پرہیزگار

اتَّقَوْا ۗ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

رہے اور کافروں کا انجام جہنم ہے اور وہ لوگ جنکو ہمنے کتاب دی

الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ

وہ اس سے جو کچھ تمہاری طرف نازل کیا گیا خوش ہیں اور گروہوں میں سے ایسے بھی ہیں جو

مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ

اسکی بعض باتوں سے انکار کرتے ہیں تم یہ کہدو کہ مجھے یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور کسی کو

اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ۝ وَكَذٰلِكَ

اسکا شریک نہ کروں اسی کی طرف میں بلاتا ہوں اور اسی کی طرف میری بازگشت ہے اور اسی طرح ہمنے اسکو عربی

اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ

زبان میں فرمان (بناکر) نازل کیا ہے اور اگر بعد اسکے کہ تمہارے پاس علم آچکا ہے تم انکی خواہشوں کی

مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ۝ ع ۵ ۶ ۱۱

پیروی کروگے تو خدا کے مقابلہ میں پھر تمہارا کوئی نہ حامی ہوگا اور نہ بچانیوالا

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا

اور بیشک ہمنے تم سے پہلے بھی کچھ رسول بھیجے تھے اور انکے لئے ازواج بھی مقرر کی تھیں

منزل ۳

رسول ہوچکے ہیں جنکی ازواج بھی بہت تھیں اور اولاد بھی تھی تفسیر عیاشی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اسکا مطلب یہ ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی حالت پہلے رسولوں میں سے ایک کی مانند ہے کہ اللہ نے انکو ازواج بھی دی ہیں اور اولاد بھی اور یہ شرف انکا خاص ہے کہ جس پائے کے انکے اہلبیت قبول اسلام میں ہوئے اس پائے کے اور کسی نبی کے نہیں ہوئے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ ذریت رسول اللہ جنکا ذکر اس آیت میں ہے وہ ہم ہیں ۱۲

وَذُرِّيَّةً ۚ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ
اور اولاد بھی اور کسی رسول کا یہ کام نہ تھا کہ بغیر حکم خدا کوئی علامت ظاہر کرے ہر وقت مقررہ کے
لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ ۝ يَمْحُو اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ ۖ وَعِنْدَهُ
لئے ایک نوشتہ (ہی حکم) ہے اللہ جسے چاہتا ہے محو کر دیتا ہے اور جو چاہتا ہے قائم فرما دیتا ہے
أُمُّ الْكِتَابِ ۝ وَإِنْ مَا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ
اور اصلی کتاب اسی کے پاس ہے اور جن جن چیزوں کا ہم انسے وعدہ کرتے ہیں خواہ انمیں سے بعض تمکو دکھلا دیں
نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ۝
یا تمکو (پہلے ہی) اٹھا لیں پس تمہارے ذمہ تو صرف پہنچا دینا ہے اور حساب لینا ہمارے ذمہ ہے
أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ
کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اسکے اطراف سے برابر کم کرتے چلے آرہے ہیں اور اللہ حکم
وَاللَّهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝
دیتا ہے اسکے حکم کا رد کرنیوالا کوئی نہیں ہے اور وہ سب سے تیز حساب لینے والا ہے اور
وَقَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلَّهِ الْمَكْرُ جَمِيعًا ۖ يَعْلَمُ
جو لوگ اُنسے پہلے گذرے ہیں انہوں نے یقیناً چالیں چلیں مگر تمام چالوں کا بدلہ دینا تو اللہ کا کام ہے ہر نفس
مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۗ وَسَيَعْلَمُ الْكُفَّارُ لِمَنْ عُقْبَى
جو کچھ کرتا ہے اللہ اس سے واقف ہے اور عنقریب کفار بھی جان لینگے کہ اس گھر کا انجام (بخیر)
الدَّارِ ۝ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلًا ۚ
کسکے لئے ہے اور جو لوگ کافر ہو گئے وہ یہ کہتے ہیں کہ تم کسی کے بھیجے ہوئے نہیں ہو تم یہ
قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ
کہدو کہ میرے اور تمہارے درمیان گواہی دینے کو ایک تو اللہ کافی ہے اور
عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ ۝
(دوسرے) وہ جنکے پاس اس کتاب کا پورا علم ہے

ایاتھا ۵۲۰ | رکوعاتھا ۷ | کلماتھا ۸۴۵ | حروفھا ۳۶۰۱

سورۃ ابرٰھیم مکیۃ وھی اثنتان وخمسون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن اور رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ

الٓرٰ۔ یہ کتاب ہمنے تمہارے پاس اس غرض سے اُتاری ہے کہ خدا کے حکم کے بموجب

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ

خَالِصًا سَاۗىِٕغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ○ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ

جو پینے والوں کو بہت ہی گوارا ہوتا ہے اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے تم نشہ کی

وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ۭ

چیز بھی بنا لیا کرتے ہو اور اچھی روزی (بھی) بیشک سمجھنے والوں کے لئے

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ○ وَاَوْحٰى رَبُّكَ

اسی میں نشانی (موجود) ہے اور تمہارے پروردگار نے

اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ

شہد کی مکھی کے دل میں یہ بات ڈالدی کہ تو پہاڑوں میں گھر بنالے اور درختوں میں اور

وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ○ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ

اُن اونچے اونچے چھتوں میں جو لوگ بنا لیتے ہیں پھر ہر پھل میں سے تو کھا اور اپنے پروردگار کے

سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۭ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ

راستوں میں عجز و انکسار کے ساتھ چلی جا اسی مکھی کے پیٹ سے ایک شربت رنگ برنگ کا

مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاۗءٌ لِّلنَّاسِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

نکلتا ہے جس میں آدمیوں کے لئے شفا ہے بیشک غور و فکر کرنیوالوں کے لئے

لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ

اسی میں ایک نشانی (موجود) ہے اور اللہ نے تمکو پیدا کیا ہے پھر وہی تمہارا خاتمہ کریگا

وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ

اور تم میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو نکمی عمر کو پہنچ جاتا ہے کہ جاننے کے بعد پھر ہر علم سے

بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ وَاللّٰهُ فَضَّلَ ع ۹ ۱۵

لا علم ہو جائے بیشک اللہ جاننے والا (اور) قدرت والا ہے اور خدا نے روزی میں (بھی) تم

بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا

میں سے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی ہے پس وہ جنکو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنا رزق اپنے

بِرَاۗدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰي مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ ۭ ۱۲

ماتحتوں کو دینے والے نہیں ہیں مرزوق ہونے میں تو وہ سب برابر ہیں پھر کیا وہ اللہ کی نعمتوں

سَوَاۗءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ

کا انکار کرتے ہیں اور اللہ نے تمہاری ہی جنس میں سے

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ

تمہارے لئے ازواج مقرر کی ہیں اور تمہاری ازواج سے تمہارے لئے

بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ

بیٹے اور پوتے بنا دئے اور (اچھی) اچھی چیزیں تمہیں عطا فرمائیں کیا پھر (بھی) وہ باطل پر

يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ۝ وَيَعْبُدُوْنَ

ایمان لائینگے اور اللہ کی نعمتوں کا انکار کئے جائینگے اور اللہ کو چھوڑ کر

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ

انکی عبادت کرتے رہینگے جو آسمان کی اور زمین کی کسی چیز کا اختیار

وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ

نہیں رکھتے کہ انکو بطور رزق کے دیدیں اور نہ کچھ اور ہی کر سکتے ہیں پس اللہ کی نسبت تم

رسول خدا اور قرآن مجید اور دین اسلام مراد ہیں۔ ۱۲

الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ ضَرَبَ اللّٰهُ
بیشک اللہ (سب کچھ) جانتا ہے اور تم (کچھ) نہیں جانتے اللہ نے ایک ایسے غلام
مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ
کی مثال دی ہے جو دوسرے کی ملک ہو اور کسی چیز کا اختیار نہ رکھتا ہو اور اُسکی جسکو
رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا
ہمنے اپنے پاس سے اچھی روزی دے رکھی ہو اور وہ اُسمیں سے پوشیدہ اور ظاہر خوب
وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ
خرچ کرتا ہو آیا یہ برابر ہیں (ہرگز نہیں!) ہر قسم کی تعریف خدا ہی کے لئے ثابت ہے لیکن اُنمیں سے اکثر
لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَا
(کچھ) نہیں جانتے اور اللہ نے دو شخصوں کی مثل بیان کی ہے کہ ایک تو اُن میں سے
اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا
پیدائشی گونگا ہو جو کسی چیز پر قادر نہو اور وہ اپنے سرپرست پر بار (بھی) ہو کہ جدھر وہ
يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ
اُسکو بھیجے تو وہ کوئی کام (بھی) ٹھیک کرکے نہ لائے کیا وہ اور وہ شخص برابر ہو سکتا ہے جو
يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَلِلّٰهِ ع ۱۰ ۱۲
انصاف پر قائم رہنے کا حکم دیتا ہو اور خود (بھی) راہِ راست پر ہو؟ اور
غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا
آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ باتیں خدا ہی سے متعلق ہیں اور (قیام) قیامت تک کا معاملہ ایک پلک
كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
جھپکنے کا یا اس سے بھی کم کا ہوگا بیشک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے
قَدِيْرٌ ۝ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

اور اللہ نے تمکو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے اس طرح نکالا کہ تم

خود مالک کے اپنے تصرف میں ہو تب طلاق کسکے ہاتھ ہے؟ فرمایا خود اُسی مالک کے ہاتھ ۱۲ ۸۲ مَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ تفسیر قمی میں ہے کہ وہ جو عدل کا حکم دیتے ہیں جناب امیر المؤمنینؑ اور ائمہ معصومین ہیں ۱۲

لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

کچھ بھی نہ جانتے تھے اور اُسی نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنا دئے

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى

تاکہ تم شکر ادا کیا کرو کیا ان لوگوں نے اُن پرندوں

الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ

کی طرف جو آسمان سے خلا میں تابع فرمان اُڑتے رہتے ہیں خیال نہیں کیا اُس مقام پر سوائے خدا کے اُنکو

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ

کوئی اور روکے ہوئے ہے بیشک ایمان والے لوگوں کے لئے اسی میں نشانیاں موجود ہیں اور اللہ نے تمہارے لئے

لَكُمْ مِّنْ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ

تمہارے گھروں میں آرام کی جگہ بنائی اور تمہارے لئے چوپایوں کی کھال سے مکان (یعنی خیمے) مقرر کردئے

بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ

جنکو تم اپنے کوچ کے دن اور مقام کے دن (اٹھانے بٹھانے میں) ہلکا پاتے ہو

وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّ

اور بھیڑوں کی اُون سے اور اونٹوں کی اُون سے اور بکریوں کے بالوں سے تمہارے لئے اوڑھنے

مَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا

بچھانے کے سامان اور نفع اٹھانیکا اسباب ایک وقتِ معین تک کے لئے (مقرر کر دیا) اور جو جو چیزیں اللہ نے

وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

پیدا کی ہیں اُن میں سے بعض کو سایہ تمہارے لئے بنا دئے اور پہاڑوں میں تمہارے بسنے کے لئے محفوظ مقام مقرر کئے

سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ

اور تمہارے لئے ایسے کپڑے پیدا کئے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور ایسے لباس بنائے جو تمکو آپس کی جنگوں سے

كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ۝

محفوظ رکھتے ہیں اس طرح وہ اپنی نعمت تمپر پوری کرتا ہے تاکہ تم حقیقی اطاعت کرو

فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ۝ يَعْرِفُونَ

اسپر بھی اگر وہ روگرداں ہوں تو تمہارے ذمہ تو صرف کھولکر پہنچا دینا ہے وہ اللہ کی

نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُونَهَا وَأَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُونَ ۝

نعمت کو پہچانتے ہیں پھر بھی اُسکا انکار کرتے ہیں حال یہ ہے کہ اُن میں سے اکثر کافر ہیں

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ

اور جسدن ہم ہر اُمت کے ایک گواہ کو بلا بینگے پھر وہ لوگ جو کافر ہو گئے ہیں اُنکو کوئی اجازت

لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۝ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ

نہ دیجائیگی اور نہ اُنکا کوئی عذر سُنا جائیگا اور جسوقت وہ لوگ جنہوں نے

ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ۝

ظلم کیا ہے عذاب کو دیکھینگے تو پھر نہ اُنکا عذاب کم کیا جائیگا اور نہ اُنکو مہلت دیجائیگی

وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ أَشْرَكُوا شُرَكَاءَهُمْ قَالُوا رَبَّنَا

اور جسوقت وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا ہے اپنے شریکوں کو دیکھینگے یہ کہینگے کہ ای ہمارے پروردگار

هٰؤُلَاءِ شُرَكَاؤُنَا الَّذِينَ كُنَّا نَدْعُو مِنْ دُونِكَ ۚ

یہ ہمارے شریک ہیں جنکو ہم تیرے سوا پکارا کرتے تھے پس وہ شریکوں بات کو

فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ لَكٰذِبُونَ ۝ وَأَلْقَوْا

اُنہی پر اُلٹ دینگے کہ تم جھوٹے ہو اور وہ اُس دن

إِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا

خدا کی حضور میں صلح پیش کرینگے اور جو کچھ جھوٹ وہ بولا کرتے تھے وہ سب اُن سے

يَفْتَرُونَ ۝ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ

جاتا رہیگا وہ لوگ جو کافر ہو گئے اور راہ خدا سے وہ روکا کرتے تھے

زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا

تو وجہ اسکے کہ وہ فساد کیا کرتے تھے ہم اُنکے عذاب پر عذاب زیادہ

يُفْسِدُونَ ○ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا

کر دینگے اور جسدن ہم ہر اُمت میں سے ایک ایک گواہ اُنہی کے برخلاف مبعوث

عَلَيْهِمْ مِنْ أَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ

کرینگے اور (اے رسُول) اُن سب پر تمکو گواہ بناکر بلا بھیجینگے

هَٰؤُلَاءِ ۚ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِكُلِّ شَيْءٍ

اور ہمنے تمپر یہ کتاب نازل کی ہے کہ ہر چیز کا بلیغ بیان (ہے)

وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ○ إِنَّ اللَّهَ ع ۱۲ ۶ ۱۸

اور حقیقی اطاعت کرنیوالوں کے لئے ہدایت ورحمت وخوشخبری بالتحقیق اللہ

يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَىٰ

عدل کا اور احسان کا اور ذوی القربےٰ کو (اُنکے حقوق) دینے کا

وَيَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ

حکم دیتا ہے اور بیحیائی اور بدی اور بغاوت سے منع فرماتا ہے تمکو نصیحت کرتا ہے

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ○ وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللَّهِ إِذَا عَاهَدْتُمْ

تاکہ تم نصیحت حاصل کرو اور اللہ کے عہد کو جب تم عہد کر چکے پورا کرو اور قسموں کو

وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللَّهَ

اُنکے پختہ کر دینے کے بعد نہ توڑو جس حال میں کہ تم اللہ کو

عَلَيْكُمْ كَفِيلًا ۚ إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ○ وَلَا

ضامن دیچکے ہو بیشک جو کچھ تم کروگے اللہ اُسے خوب واقف ہے اور تم

تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا ۚ

اُس عورت کے مانند نہو جانا جو اپنے کاتے ہوئے کو مضبوط ہو جانیکے بعد ٹکڑے ٹکڑے کرے)

تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ تَكُونَ

کر دیا کرتی تھی کہ تم (بھی) اپنی قسموں کو باہمی مکر وحیلہ کا سبب بنالو (اس خیال سے) کہ ایک

اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ؕ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ

گروہ دوسرے سے بڑھا چڑھا ہے سوائے اسکے نہیں ہے کہ اللہ اسکے ذریعہ سے تمہاری

وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝

آزمائش کرتا ہے اور جو جو کچھ تم کیا کرتے تھے اُس سب کو ضرور تمہارے لئے قیامت کے دن صاف صاف کھولدیگا

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ

اور اگر اللہ چاہتا تو تمکو ایک ہی گروہ بنا دیتا لیکن وہ جس سے چاہتا ہے توفیق ہدایت سلب کرلیتا

مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا

ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرما دیتا ہے اور تم جو جو کچھ کرتے رہتے ہو اُسکی بابت تم سے

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا

ضرور ضرور باز پرس کیجائیگی اور تم اپنی قسموں کو باہمی مکر و حیلہ کا سبب نہ بناؤ کہ جمنے کے بعد

بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ

پھر پاؤں اُکھڑ جائیں اور اسکے بدلے میں کہ تم راہِ خدا سے روکتے رہتے تھے برائی

بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ

کا مزا چکھو اور تمہارے لئے سخت

عَظِيْمٌ ۝ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا

عذاب ہو اور خدا کے عہد کو تھوڑی سی قیمت پر نہ بیچو بیشک جو کچھ

عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ مَا

اللہ کے پاس ہے وہ بہت اچھا ہے بشرطیکہ تم سمجھو جو کچھ

عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ وَلَنَجْزِيَنَّ

تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائیگا اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہیگا۔ اور جن لوگوں نے

الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا

صبر کیا اُنکا اجر ہم ضرور اُس سے کہیں بہتر عطا کرینگے جیسے کہ وہ عمل

بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الجوامع میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہ سب آیتیں علیؑ مرتضیٰ کی ولایت اور اُنکی بیعت کے بارے میں اُس وقت نازل ہوئی تھیں جبکہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ نے حکم دیا تھا کہ علیؑ کو امیر المؤمنین کہکے سلام کیا کرو۔ ۱۲۔

منزل ۳

يَعْمَلُونَ ○ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَىٰ

کیا کرتے تھے مردوں میں سے ہو یا عورتوں میں سے جو شخص بھی کوئی نیک عمل کریگا بشرطیکہ

وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً ۖ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ

وہ ایمان رکھنے والا ہو تو ضرور ہم اسکی زندگی اچھی گزار دینگے اور جو عمل وہ کیا کرتے تھے انکا

أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ فَإِذَا قَرَأْتَ

اُس سے کہیں بہتر صلہ اُنکو ضرور دینگے پھر جسوقت تم قرآن

الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ○ إِنَّهُ

پڑھنا چاہو تو شیطان ملعون کے شر سے خدا کی پناہ مانگ لیا کرو بیشک اُسکا

لَيْسَ لَهُ سُلْطَانٌ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ

کوئی قابو اُن لوگوں پر نہیں ہے جو ایمان لائے ہیں اور اپنے پروردگار پر بھروسہ

يَتَوَكَّلُونَ ○ إِنَّمَا سُلْطَانُهُ عَلَى الَّذِينَ يَتَوَلَّوْنَهُ

رکھتے ہیں اُسکا قابو تو اُنہی لوگوں پر (چلتا) ہے جو اُسکے دوست بنتے ہیں

وَالَّذِينَ هُم بِهِ مُشْرِكُونَ ○ وَإِذَا بَدَّلْنَا آيَةً

اور اُنپر جو اُسکو شریک کرنیوالے ہیں اور جب ہم نے کسی آیت کی جگہ کوئی آیت بدلی

مَّكَانَ آيَةٍ ۙ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوا إِنَّمَا أَنتَ

حالانکہ اللہ جو کچھ نازل فرماتا ہے خود وہ اُس (کی مصلحت) سے زیادہ واقف ہے تو اُنہوں نے یہ کہدیا

مُفْتَرٍ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ○ قُلْ نَزَّلَهُ

کہ تو تو مفتری ہے حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے بہت سے کچھ نہیں جانتے تم یہ کہدو کہ اسے تو روح القدس

رُوحُ الْقُدُسِ مِن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِينَ

نے تمہارے پروردگار کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کیا ہے تاکہ جو ایمان لائے

آمَنُوا وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ○ وَلَقَدْ

ہیں اُنکو ثابت قدم کردے اور حقیقی اطاعت کرنیوالوں کیلئے ہدایت و بشارت ہو اور ہم خوب

ع ۱۱ ۱۳ ۱۹

نَعْلَمُ أَنَّهُمْ يَقُولُونَ إِنَّمَا يُعَلِّمُهُ بَشَرٌ ۗ لِّسَانُ

جانتے ہیں کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ اِسکو تو ایک آدمی تعلیم دیتا ہے اُسکی زبان

الَّذِي يُلْحِدُونَ إِلَيْهِ أَعْجَمِيٌّ وَهَٰذَا لِسَانٌ

جسکی طرف یہ (تعلیم کی) نسبت دیتے ہیں عجمی ہے اور یہ تو کھلی عربی

عَرَبِيٌّ مُّبِينٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ

زبان ہے بالتحقیق وہ لوگ جو خدا کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے اللہ اُنکو

لَا يَهْدِيهِمُ اللَّهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ إِنَّمَا يَفْتَرِي

ہدایت نہ فرمائیگا اور اُنکے لئے دردناک عذاب ہے سوائے اسکے نہیں کہ

الْكَذِبَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ۖ وَأُولَٰئِكَ

جھوٹ تو وہی لوگ باندھتے ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے اور وہی

هُمُ الْكَاذِبُونَ ۝ مَن كَفَرَ بِاللَّهِ مِن بَعْدِ إِيمَانِهِ

جھوٹے ہیں جو بعد ایمان لانے کے خدا کا انکار کر جائے سوائے اُس صورت

إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ وَلَٰكِن

کے کہ اُسپر جبر کیا گیا ہو درآنحالیکہ اُسکا دل ایمان سے مطمئن ہو لیکن جو دل

مَّن شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللَّهِ ۖ

کھولکر کفر کرے پس ایسے ہی لوگوں پر اللہ کا غضب ہے

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا

اور اُنہی کے لئے بڑا عذاب (تیار) ہے یہ اس سبب سے کہ اُنہوں نے زندگانی دنیا کو

الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي

آخرت کے مقابلہ میں پسند کرلیا ہے اور بیشک اللہ منکر لوگوں کو ہدایت

الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ

نہیں فرماتا وہ وہی ہیں جنکے دلوں پر اور کانوں پر

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ

اور آنکھوں پر اللہ نے چھاپا لگا دیا ہے اور خود وہی

هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ

غافل ہیں ضرور ہے کہ آخرت میں وہی ٹوٹا اٹھانیوالے

الْخٰسِرُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْ

ہونگے پھر ضرور ہے کہ تمہارا پروردگار اُن لوگوں کے واسطے

بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ

جنہوں نے آزمائے جانے کے بعد (اپنے گھر چھوڑے پھر جہاد کئے اور صبر کیا بیشک تمہارا پروردگار

ع ۱۴ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يَوْمَ تَاْتِىْ كُلُّ

ان سب باتوں کے بعد (اُن لوگوں کے لیے) بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے جس دن ہر نفس اپنے آپ سے

نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا

جھگڑتا ہوا آئیگا اور ہر نفس کو جو جو کچھ وہ کیا کرتا تھا پورا پورا

عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

بدلہ دیا جائیگا اور اُنپر ظلم نہ کیا جائیگا اور خدا تعالےٰ نے ایک گاؤں کی مثل

قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا

بیان کی ہے جو بیخوف و مطمئن تھا اور سامان رزق اُس میں ہر طرف سے

مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ

بکثرت چلا آتا تھا پھر وہاں کے باشندوں نے خدا کی نعمتوں کا انکار کیا تو خدا نے اُنکی کرتوت

لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝

کی پاداش میں اُنکو بھوک اور خوف کا نمایاں مزا چکھا دیا

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ

اور اُنکے پاس ایک رسول اُنہی میں سے آیا اُنہوں نے اُسکو جھٹلایا پس جس حال میں کہ وہ نافرمان

الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ فَكُلُوْا مِمَّا

تھے عذاب نے انکو آلیا پس اللہ نے جو کچھ تمہیں

رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ

دیا ہے اُس میں سے حلال (اور) طیب چیزیں کھاؤ اور اگر اللہ ہی کے بندے بنتا

كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ

چاہتے ہو تو اُسکی نعمتوں کا شکر ادا کرتے رہو سوائے اسکے نہیں ہے کہ اُسنے تم پر مردار اور خون

وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ

اور سؤر کا گوشت اور وہ (ذبیحہ) جو اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیکر ذبح کیا گیا ہو حرام کیا ہے

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

پھر جسکو اضطرار ہو نہ وہ نافرمان ہو اور نہ حد سے گزرنیوالا تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور)

رَّحِيْمٌ ۝ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ

رحم کرنیوالا ہے اور تمہاری زبانوں سے جو جھوٹ نکلتا ہے اُسکے قائل نہ ہو جاؤ

الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ

کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اسطرح خدا پر جھوٹ باندھو تم لوگ

الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

بیشک جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھینگے وہ فلاح

لَا يُفْلِحُوْنَ ۝ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۖ وَّلَهُمْ عَذَابٌ

نہ پائینگے (یہ) چند روزہ فائدہ ہے اور (آخر) اُنکے لئے دردناک عذاب

اَلِيْمٌ ۝ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا

ہے اور اُنپر جو یہودی تھے ہمنے وہ چیزیں حرام کی تھیں جنکا قصہ ہم تمکو

عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

پہلے سُنا چکے اور ہمنے اُنپر ظلم نہیں کیا تھا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر

يَظْلِمُونَ ۝ ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ عَمِلُوا السُّوءَ

ظلم کیا کرتے تھے پھر ضرور تمہارا پروردگار اُن لوگوں کے واسطے جنہوں نے ازراہ نادانی بدی

بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوا مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا إِنَّ

کی پھر اُسکے بعد توبہ کرلی اور (خرابی کی) اصلاح کی (تو) بیشک تمہارا

رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ ع ۱۵ ۲۱

پروردگار ان باتوں کے بعد (اُنکے لئے) بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے بیشک ابراہیمؑ ایک

كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِلَّهِ حَنِيفًا وَلَمْ يَكُ مِنَ

خلوص دل سے خدا کی فرمانبرداری کرنیوالے تھے اور وہ مشرکوں میں سے

الْمُشْرِكِينَ ۝ شَاكِرًا لِأَنْعُمِهِ اجْتَبَاهُ وَ

نہ تھے خدا کی نعمتوں کا شکر ادا کرنیوالے تھے اُسنے اُنکو برگزیدہ

هَدَاهُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ۝ وَآتَيْنَاهُ فِي

کرلیا تھا اور اُنکو راہ راست بتلادی تھی اور ہمنے اُنکو دنیا میں بھی

الدُّنْيَا حَسَنَةً وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ

خیر وخوبی عطا کی تھی اور یقیناً آخرت میں (بھی) وہ صالحین میں سے

الصَّالِحِينَ ۝ ثُمَّ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ ۱۲

ہونگے پھر ہمنے تمہاری طرف وحی کی کہ تم یکسو ہوکر ملت ابراہیمؑ

إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

کی پیروی کرو حالانکہ وہ مشرکوں میں سے نہ تھے

إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِينَ اخْتَلَفُوا ۱۳

سوائے اسکے نہیں ہے کہ سبت تو اُن لوگوں پر واجب کیا گیا تھا جنہوں نے اُسمیں اختلاف کیا

فِيهِ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُن تمام باتوں کا فیصلہ کردیگا

فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ○
جن (جن) میں یہ لوگ آپس میں اختلاف کیا کرتے تھے

اُدْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ
تم اپنے پروردگار کے راستہ کی طرف حکمت کے ساتھ اور اچھی

وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِي
نصیحتوں کے ساتھ (انکو) بلاؤ اور انسے اس طریقہ سے بحث کرو جو

هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ
بہت ہی اچھا ہو بیشک تمہارا پروردگار انسے بھی خوب واقف ہے جو

ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ○
راہ راست سے بھٹکے ہوئے ہیں اور انسے بھی خوب واقف ہے جو ہدایت یافتہ ہیں

وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ
اور اگر بدلہ لو تو اتنا ہی بدلہ لو جتنی کہ تمپر سختی کی گئی تھی

بِهِ ۖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِينَ ○
اور اگر صبر کرو تو وہ صبر کرنیوالوں کے لئے بہت ہی اچھا ہے

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا
اور (اے رسول) صبر کرو اور تمسے صبر نہوگا مگر اللہ ہی کی مدد سے اور ان

تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ
(شہداء احد) کے متعلق رنج نہ کرو اور (کافر) جو چال چلتے ہیں اس سے

مِمَّا يَمْكُرُونَ ○ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ
دلتنگ نہو بیشک اللہ انکے ساتھ ہے جو (کفر و گناہ سے)

اتَّقَوْا وَّالَّذِينَ هُمْ مُحْسِنُونَ ع ۱۶ ○ ۲۲
بچتے رہیں اور انکے ساتھ ہے جو نیکیاں کرنیوالے ہوں

آیاتها ۱۱۱ — کلماتها ۱۵۸۲ — رکوعاتها ۱۲ — حروفها ۶۷۱۰

الجزء الخامس عشر ۱۵

سورة بنی اسرآءیل مکیة وهی مائة واحد عشر اٰیة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سُبْحٰنَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ

منزہ ہے وہ جو راتوں رات اپنے بندہ کو

لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ

مسجد الحرام سے مسجد اقصا تک لے گیا

الْاَقْصَا الَّذِيْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِيَهٗ مِنْ

جسکے حوالی کو خود ہمنے برکت دی ہے تاکہ ہم اسکو اپنی نشانیوں میں سے بعض

اٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ○ وَ

دکھاویں بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے اور

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى

موسےٰ کو ہمنے کتاب دی تھی اور اسکو بنی اسرائیل کے لئے

لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ

ہدایت مقرر کیا تھا کہ میرے سوا کسی اور کو

دُوْنِيْ وَكِيْلًا ○ ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا

کارساز نہ بناؤ (یہ) انکی اولاد (تھے) جنکو ہمنے نوح کے ساتھ

مَعَ نُوْحٍ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ○

(کشتی میں) سوار کیا تھا بیشک وہ بڑا شکر گزار بندہ تھا

وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ فِي الْكِتٰبِ

اور ہمنے اسی کتاب میں بنی اسرائیل کو یہ خبر دیدی تھی

نہیں پس اس پر نعمت و عافیت پر تیری حمد و تیرا شکر بہت بہت ہے) تین مرتبہ اس طرح صبح کو فرمائے تھے اور تین مرتبہ شام کو (سوائے اسکے کہ شام کے وقت بجائے

لَتُفْسِدُنَّ فِي الْأَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا
کہ تم ضرور بالضرور زمین میں دو مرتبہ فساد کروگے اور ضرور تم بڑی سرکشی کروگے
كَبِيرًا ۝ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ أُولَاهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ
پھر جبکہ اُن دونوں میں سے پہلے وعدہ کا موقع آیا ہمنے تمہارے برخلاف
عِبَادًا لَّنَا أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ فَجَاسُوا خِلَالَ
اپنے بڑی قوت والے بندے بھیجدئے پس وہ شہروں میں گھس پڑے
الدِّيَارِ ۚ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُولًا ۝ ثُمَّ رَدَدْنَا
اور وعدہ پورا ہوکے رہا پھر ہمنے تمکو اُن پر
لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنَاكُم بِأَمْوَالٍ وَّ
دوبارہ غلبہ دیا اور مال سے اور بیٹوں سے تمہاری
بَنِينَ وَجَعَلْنَاكُمْ أَكْثَرَ نَفِيرًا ۝ إِنْ أَحْسَنتُمْ
مدد کی اور از روئے تعداد تمکو بہت بڑھادیا اگر تمنے نیکی کی تو
أَحْسَنتُمْ لِأَنفُسِكُمْ ۖ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا ۚ فَإِذَا
اپنی ذات کے لئے نیکی کی اور اگر تمنے بدی کی تو وہ بھی اپنے ہی لئے پھر جب
جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا
دوسرے وعدہ کا موقع آیا (تو ہمنے اُنکو بھیجدیا) کہ تمہارے منہ بگاڑدیں اور تاکہ مسجد میں
الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوا مَا
اُسی طرح گھس جائیں جس طرح پہلی دفعہ اُس میں گھس گئے تھے اور تاکہ جب تک اُنکو غلبہ رہے ایسا ہلاک
عَلَوْا تَتْبِيرًا ۝ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن يَرْحَمَكُمْ ۚ وَإِنْ
کردیں جیسا کہ ہلاک کرنیکا حق ہے قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تم پر رحم فرمائے اور اگر تمنے
عُدتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ حَصِيرًا ۝
پھر وہی کیا تو ہم بھی وہی کرینگے اور کافروں کے لئے ہمنے جہنم کو قید خانہ مقرر کیا ہے

إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ
بیشک یہ قرآن وہ راستہ بتاتا ہے جو سب سے سیدھا ہے اور اُن مومنوں کو جو
الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ أَنَّ لَهُمْ
نیکیاں کرتے رہتے ہیں (یہ) خوشخبری سناتا ہے کہ اُنکے لئے
أَجْرًا كَبِيْرًا ۝ وَّأَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ
بہت بڑا اجر ہے اور یہ کہ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُنکے لئے
أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيْمًا ۝ وَيَدْعُ الْإِنْسَانُ
ہمنے دردناک عذاب تیار کیا ہے اور انسان بُری چیز کے لئے بھی ویسی ہی دعا
بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْإِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝
مانگتا ہے جیسی کہ اچھی چیز کے لئے اور انسان ہے جلد باز
وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ
اور ہمنے رات کو اور دن کو دو نشانیاں مقرر کیا پھر ہمنے رات کی نشانی کو تاریک
الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا
کردیا اور ہمنے دن کی نشانی کو روشن بنادیا تاکہ تم اپنے رب کے فضل کی
مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ
خواستگاری کرو اور تاکہ تم اُنکے ذریعہ سے برسوں کی گنتی اور حساب سمجھ لیا کرو
وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ۝ وَكُلَّ إِنْسَانٍ
اور ہر چیز کو ہمنے ایسا کھولکر بیان کردیا ہے جیسا کہ کھولکر بیان کرنیکا حق ہے اور ہر انسان کا عمل ہمنے اُسکے
أَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ۭ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
گلے کا ہار کردیا ہے اور قیامت کے دن اُسکے لئے ہم ایک نوشتہ نکالینگے
كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ۝ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ۭ كَفٰى بِنَفْسِكَ
جسے وہ پھیلا ہوا پائیگا (ہم اُسکو حکم دینگے کہ) اپنا نوشتہ پڑھ لے آج کے دن اپنی ذات کا

الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا ۝ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ

حساب لینے کو تو خود ہی کافی ہے جسنے ہدایت پائی تو اُسنے اپنی ذات کے لئے ہدایت

لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۭ وَلَا تَزِرُ

پائی اور جو گمراہ ہوگیا پس اُسکی گمراہی کا وبال اُسی پر ہے اور کوئی بوجھ اُٹھانیوالا

وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى

کسی دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھائیگا اور ہم جب تک رسول نہ بھیجدیں عذاب

نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۝ وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً

دینے والے نہیں ہیں اور جب ہم کسی بستی کے ہلاک کردینے کا ارادہ کرتے ہیں تو ہم

اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ

اُس میں مالدار لوگوں کو زیادہ کر دیتے ہیں پس وہ اُس بستی میں (ہمارے احکام کے بارے میں) نافرمانی کرنے لگتے

فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ۝ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ

ہیں پھر وہ بستی عذاب کی مستحق ہوجاتی ہے پھر ہم اُسکو بالکل برباد کردیتے ہیں۔ اور نوح کے بعد ہم کتنے ہی گروہوں کو

مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ۭ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ

ہلاک کرچکے اور تمہارا پروردگار اپنے بندوں کے گناہوں کی دیکھ بھال

خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ۝ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا

کو کافی ہے جو دنیا کا خواستگار ہوتا ہے تو ہم اُس میں سے جسکے لئے

لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَاۗءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ

چاہتے ہیں جتنا چاہتے ہیں جلد اُسے دیدیتے ہیں پھر ہنے اُسکے لئے جہنم مقرر

جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۝ وَمَنْ

کیا ہے وہ اُس میں بُرے حال سے اور رحمت خدا سے محروم ہوکر جلایا جائیگا اور جو

اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ

آخرت کا خواستگار ہوا اور اُسکے حصول کے لئے ایسی ہی کوشش کی جیسا کہ کوشش کرنیکا حق ہے درآنحالیکہ وہ

فَأُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُورًا ۝ كُلًّا نُّمِدُّ
وہ مومن بھی ہو تو یہی لوگ ہیں جنکی سعی مشکور ہوگی ہم ہر ایک کی انکی بھی
هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۚ وَمَا كَانَ
اور اُنکی بھی تمہارے پروردگار کی بخششوں سے امداد کرتے رہتے ہیں اور تمہارے
عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُورًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا
پروردگار کی بخشش (کسی پر) بند نہیں ہے غور کرو ہمنے کس طرح ایک پر دوسرے کو
بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۚ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّ
فضیلت دی ہے اور آخرت کا فرق از روے درجات بھی بہت بڑا ہوگا اور
اَكْبَرُ تَفْضِيلًا ۝ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ
از روے فضیلت بھی؛ اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود نہ ٹھہراؤ ورنہ اس حال میں بیٹھ رہوگے
فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ۝ وَقَضٰى رَبُّكَ ع ۲ ۱۲ ۲
کہ (تمہیں) سب برا کہینگے اور سب (تمہیں) چھوڑ دینگے اور تمہارے پروردگار نے یہ حکم قطعی
اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ
دیدیا ہے کہ تم اُسکے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرتے رہو
اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا
اگر اُن دونوں میں سے ایک یا دونو تمہاری موجودگی میں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو اُنکے سامنے اُف بھی
فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا
نہ کرو اور نہ اُنکو جھڑکو اور اُنسے ادب واخلاق
قَوْلًا كَرِيْمًا ۝ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ
کی باتیں کرو اور رحم ومروت سے عاجزی کا بازو اُنکے سامنے خم کرو
مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ
اور یہ کہا کرو کہ اے میرے پروردگار تو ان دونو پر ایسا ہی رحم فرما جیسا کہ

صَغِيرًا ۝ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا فِي نُفُوسِكُمْ ۚ إِنْ تَكُونُوا
ان دونوں کو بچپن میں پالا تھا تمہارا پروردگار جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اُس سے خوب واقف ہے اگر تم نیک رہو گے
صَٰلِحِينَ فَإِنَّهُ كَانَ لِلْأَوَّٰبِينَ غَفُورًا ۝ وَآتِ
تو وہ بھی توبہ کرنیوالوں کے لئے بڑا ہی بخشنے والا ہے اور (اے رسول) تم
ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَلَا
قرابت والے کو اُسکا حق دیدو اور مسکین و مسافر کو اُسکا اور
تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا ۝ إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُوا إِخْوَانَ
بیجا نہ اُڑاؤ بالتحقیق بیجا اُڑانیوالے شیاطین کے
الشَّيَاطِينِ ۖ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهِ كَفُورًا ۝ وَإِمَّا
بھائی ہیں اور شیطان اپنے پروردگار کا سب سے زیادہ منکر ہے اور اگر تم
تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ مِنْ رَبِّكَ تَرْجُوهَا
اپنے پروردگار کی رحمت حاصل کرنیکے لئے جسکی تمکو امید ہے اُنسے مُنہ بھی پھرالو
فَقُلْ لَهُمْ قَوْلًا مَيْسُورًا ۝ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ
تو بھی بات اُنسے نرمی سے کیا کرو اور نہ تو پورے کنجوس ہی
مَغْلُولَةً إِلَىٰ عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ
بنجاؤ اور نہ بڑے فضول خرچ کہ پھر خالی ہاتھ
فَتَقْعُدَ مَلُومًا مَحْسُورًا ۝ إِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ
پشیمان بیٹھے رہو بیشک تمہارا پروردگار جسکے لئے چاہتا ہے
الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ
روزی وسیع کردیتا ہے اور جسکے لئے چاہتا ہے تنگ کردیتا ہے بیشک وہ اپنے بندوں کی خبر رکھنے والا اور
خَبِيرًا بَصِيرًا ۝ وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ ع ۳
(اُنکی) دیکھ بھال کرنیوالا ہے اور فقر و فاقہ کے خوف سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو

إِمْلَاقٍ ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُمْ ۚ إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ

ہم ہی انکو بھی روزی دیتے ہیں اور تمکو بھی بیشک انکا قتل کرنا

خِطْأً كَبِيرًا ۝ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَىٰ إِنَّهُ كَانَ

کبیرہ گناہ ہے اور زنا کے پاس نہ پھٹکو یقیناً وہ بیحیائی

فَاحِشَةً ۖ وَسَاءَ سَبِيلًا ۝ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي

کی بات اور بُری راہ ہے اور کسی نفس کو جسکا قتل خدا نے حرام کیا ہے

حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ ۗ وَمَن قُتِلَ مَظْلُومًا فَقَدْ

سوائے حق کے اور کسی طرح قتل نہ کرو اور جو شخص مظلوم قتل کیا جائیگا تو ہم نے ضرور اسکے

جَعَلْنَا لِوَلِيِّهِ سُلْطَانًا فَلَا يُسْرِف فِّي الْقَتْلِ ۖ إِنَّهُ كَانَ

وارث کو غلبہ دیا ہے پس وہ قتل میں زیادتی نہ کرے بیشک وہ

مَنصُورًا ۝ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ

مدد کیا گیا ہے اور یتیم کے مال کے پاس نہ جانا سوائے اُس صورت کے جو

أَحْسَنُ حَتَّىٰ يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۚ وَأَوْفُوا بِالْعَهْدِ ۖ إِنَّ

اُسکی بہتری کی ہو جبتک کہ وہ بالغ ہو جائے اور عہد کو پورا کرنا بالتحقیق

الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُولًا ۝ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ إِذَا كِلْتُمْ

عہد کے متعلق سوال کیا جائیگا اور جب ناپو تو پیمانہ پورا دو

وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ

اور سچی ترازو سے تولو یہی بہتر ہے

وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ۝ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ

اور اسی کا انجام اچھا ہے اور اُس بات کے درپے نہ ہوا کرو جسکا تمکو علم نہیں ہے

عِلْمٌ ۚ إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولَٰئِكَ

بالتحقیق کان اور آنکھ اور دل ان میں سے ہر ایک کے متعلق

فرماتا ہے۔ پھر یہی آیت تلاوت فرمائی۔ اور جناب رسول خدا نے فرمایا ہے کہ خدا تعالےٰ اُس بندہ پر رحم فرمائے جو کوئی بات کرے تو نیک بات کرے تاکہ فائدہ اٹھائے

كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ۝ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ
جواب طلب کیا جائیگا اور زمین پر اترائے ہوئے نہ چلو یقیناً
لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ۝ كُلُّ
نہ تو تم زمین ہی کو پھاڑ ڈالوگے اور نہ بڑھکر پہاڑوں کی بلندی تک پہنچ سکوگے ان میں
ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ۝ ذٰلِكَ مِمَّآ
سے ہر بات کی برائی تمہارے رب کو ناپسند ہے یہ اُن میں سے ہیں جو
اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۭ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ
حکمت کی باتیں تمہارے پروردگار نے تمہاری طرف وحی فرمائی ہیں اور تم اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود
اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۝
نہ بنا لینا ورنہ ملامت زدہ اور رحمت سے دور ہوکر جہنم میں ڈالدئے جاؤگے
اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ
کیا تمکو تمہارے خدا نے بیٹے دینے کے لئے چن لیا ہے اور خود فرشتوں میں سے اُسنے (اپنے لئے) بیٹیاں
اِنَاثًا ۭ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا
لیلی ہیں؟ بیشک تم بڑا بول بولتے ہو اور یقیناً ہمنے اس قرآن میں
فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ۭ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا
بار بار دلیلیں بیان کی ہیں تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں حالانکہ اس بیان نے اُنکی نفرت ہی
نُفُوْرًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا
بڑھائی تم یہ کہدو کہ اگر اُنکے کہنے کے مطابق اُنکے ساتھ اور بھی خدا ہوتے تو اُس صورت میں صاحب عرش
اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ۝ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا
تک پہنچنے کا راستہ وہ بھی تو ڈھونڈھ لیتے جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں اُس سے اُسکی ذات کہیں
يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ
زیادہ منزہ اور برتر ہے ساتوں آسمان اور پوری زمین اور جو

وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ

اُن میں ہیں (وہ سب) اُسکی پاکی بیان کرتے رہتے ہیں اور ایک چیز بھی ایسی نہیں ہے کہ اُسکی حمد کی تسبیح پڑھتی ہو

وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا

لیکن تم اُنکی تسبیح کو سمجھتے نہیں ہو بیشک وہ بڑا بُردبار (اور) بڑا

غَفُوْرًا ۝ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَ

بخشنے والا ہے۔ اور جسوقت تم قرآن مجید پڑھتے ہو ہم تمہارے مابین اور اُن لوگوں

بَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۙ ۝

کے مابین جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ایک خفیہ پردہ قائم کردیتے ہیں

وَّجَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ

اور ہم اُنکے دلوں پر غلاف چڑھادیتے ہیں کہ وہ اُسکو نہ سمجھیں اور ہم اُنکے کانوں میں ہلکی پن

وَقْرًا ۭ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓي

ڈالدیتے ہیں اور جس وقت تم قرآن مجید میں اپنے پروردگار یکتا کو یاد کرتے ہو تو وہ نفرت کھا کر

اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ

پچھلے پاؤں پلٹ جاتے ہیں ہم خوب واقف ہیں کہ جب یہ کان لگا کر سُنتے ہیں تو کس غرض

اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ

سے سُنتے ہیں اور جب یہ ظالم ایک دوسرے سے چُپکے چُپکے یہ کہتے ہیں کہ

الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝ اُنْظُرْ

تم تو ایسے شخص کی پیروی کررہے ہو جسپر جادو کردیا گیا ہے خیال تو کرو

كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

اِنھوں نے تمہارے لئے کیسی کیسی مثلیں بیان کی ہیں پس یہ خود ہی گمراہ ہوگئے اب کوئی راہ نہیں

سَبِيْلًا ۝ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا ربع

پاسکتے اور اُنھوں نے یہ کہدیا کہ جب ہم ہڈیاں اور مٹی ہوجائینگے تو کیا پھر بھی ہم

لَمَبْعُوثُونَ خَلْقًا جَدِيدًا ۝ قُلْ كُونُوا حِجَارَةً أَوْ حَدِيدًا ۝
ازسرِنو پیدا کرکے اُٹھائے جائینگے تم (جواب میں) یہ کہدو کہ تم پتھر ہوجاؤ یا لوہا

أَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِي صُدُورِكُمْ ۚ فَسَيَقُولُونَ مَن
یا کوئی اور مخلوق جو تمہارے خیالات میں بڑی معلوم ہوتی ہو اسپر وہ یہ کہینگے کہ پھر ہمکو واپس

يُعِيدُنَا ۖ قُلِ الَّذِي فَطَرَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُونَ
کون لائیگا؟ تم یہ کہدینا کہ وہی جسنے تمکو اوّل مرتبہ پیدا کیا تھا اسپر وہ تمہاری طرف (دیکھ دیکھکر)

إِلَيْكَ رُءُوسَهُمْ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هُوَ ۖ قُلْ عَسَىٰ أَن
اپنے اپنے سر ہلائینگے اور کہینگے کہ یہ ہوگا کب؟ تم کہدو شاید قریب ہی

يَكُونَ قَرِيبًا ۝ يَوْمَ يَدْعُوكُمْ فَتَسْتَجِيبُونَ بِحَمْدِهِ
ہوجائے جس دن وہ تمکو بُلائیگا تم اُسکی تعریف کرتے ہوئے دوڑے چلے جاؤگے

وَتَظُنُّونَ إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا ۝ وَقُل لِّعِبَادِي
اور یہ خیال کرتے ہوگے کہ تم بہت ہی کم ٹھہرے اور (اے رسُول) میرے بندوں سے یہ کہدو

يَقُولُوا الَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَنزَغُ بَيْنَهُمْ ۚ
کہ وہ ایسی بات کہا کریں جو بہت ہی اچھی ہو یقیناً شیطان اُن میں فساد ڈالتا ہے

إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلْإِنسَانِ عَدُوًّا مُّبِينًا ۝ رَّبُّكُمْ
بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے تمہارا پروردگار

أَعْلَمُ بِكُمْ ۚ إِن يَشَأْ يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِن يَشَأْ يُعَذِّبْكُمْ ۚ
تم سے خوب واقف ہے اگر وہ چاہیگا تمپر رحم فرمائیگا یا اگر چاہیگا تو عذاب دیگا

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ وَكِيلًا ۝ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ
اور (اے رسُول) ہمنے تمکو اُنکا وکیل بناکر نہیں بھیجا ہے اور تمہارا پروردگار اُنسے جو آسمانوں

بِمَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ
میں اور زمین میں ہیں خوب واقف ہے اور یقیناً ہمنے بعض انبیاء کو

ع ۱۲ ۵

النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝ قُلِ ادْعُوا
بعض پر فضیلت دی اور ہمنے داؤدؑ کو زبور عنایت کی تم کہدو کہ اُسکے سوا
الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ
(جن) جنکا تمکو گھمنڈ ہے تم اُنکو پکارلو کہ وہ تم سے نہ کوئی مصیبت رفع کرسکینگے اور
عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ
نہ (اُسے) بدل سکینگے یہی لوگ وہ ہیں جنہیں یہ تو پکارتے ہیں اور وہ خود اپنے
اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ
رب کی حضور میں وسیلہ ڈھونڈھتے ہیں کہ کون زیادہ قرب رکھنے والا ہے اور اُسکی رحمت کے اُمیدوار ہیں
وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ۝
اور اُسکے عذاب سے ڈرتے رہتے ہیں بیشک تمہارے پروردگار کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے
وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
اور ایک بستی بھی ایسی نہیں ہے جسکو ہم روزِ قیامت سے پہلے (یا پہلے) ہلاک نہ کردیں
اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي
یا اُسکو سخت عذاب نہ دیں یہ بات لوحِ محفوظ میں
الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝ وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ
لکھی جاچکی ہے اور ہمکو نشانیوں کے بھیجنے سے کسی اور چیز نے نہیں روکا
اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ
سوائے اسکے کہ پہلوں نے اُنکو جھٹلایا (اور جھٹلانیکا عذاب پایا) تھا۔ اور ہمنے قوم ثمود کو صریح (نشانی) اونٹنی
مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا
عنایت کی تھی پھر اُنہوں نے اُسپر ظلم کیا تھا اور ہم تو (ایسی) نشانیاں صرف ڈرانے ہی کیلئے بھیجا کرتے
تَخْوِيْفًا ۝ وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا
ہیں اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے تم سے کہا تھا کہ بیشک تمہارے پروردگار نے اُن لوگوں کو گھیر لیا ہے اور وہ

۱۵ منزل ۱۰

۱۵ مُطلقاً کو مَا الفقیہ میں بروایت جناب امام جعفر صادقؑ سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا گیا تھا تو فرمایا کہ یہاں ہلاکت کے معنی ہیں موت کے ذریعے سے فنا کردینا ۱۲

جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ
خواب جو ہمنے تمکو دکھایا ہے اُسکو ہمنے نہیں مقرر کیا ہو مگر کل آدمیوں کے لیے ایک آزمائش اور
الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ۭ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا
قرآن مجید میں ایک لعنتی درخت (یعنی نسل) اور ہم اُنکو ڈراتے ہیں مگر سوائے اسکے کہ اُنکی سرکشی بڑھے
ع ۶ ۸ ۶ طُغْيَانًا كَبِيْرًا ۝ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ
اور کوئی نتیجہ نہیں نکلتا اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے کل فرشتوں سے یہ کہا کہ تم آدم کو سجدہ کرو
فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ۝
پس سوائے ابلیس کے سب ہی نے سجدہ کیا تھا اُسنے یہ کہا کہ کیا میں اُسکو سجدہ کروں جسکو تو نے مٹی سے پیدا کیا
قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ لَىِٕنْ اَخَّرْتَنِ
اُسنے (یہ بھی) کہا کہ بھلا دیکھ تو یہی وہ ہی جسکو تو نے مجھپر فضیلت دی ہے اگر تو نے مجھے روز قیامت تک
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ قَالَ
مہلت دی تو میں سوائے قدرے قلیل کے اسکی کل اولاد کی بیخ کنی کر دونگا فرمایا جا
اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَاۗؤُكُمْ
(دور ہو) ان میں سے جو کوئی تیری پیروی کریگا پس جہنم تم سب کا پورم پور
جَزَاۗءً مَّوْفُوْرًا ۝ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ
بدلہ ہوگا اور ان میں سے جسکو تو بہکا سکتا ہے اپنی آواز سے
بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَ
بہکالے اور انکے مقابلہ کے لیے سواروں اور پیادوں کو پکارلے اور
شَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۭ وَمَا
مال اور اولاد میں انکا شریک ہوجا اور انسے وعدے کر حالانکہ
يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ۝ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ
شیطان اُنسے کوئی وعدہ نہ کریگا مگر دھوکا یقیناً (جو) میرے بندے (ہیں) اُنپر تو تیرا

لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا ۭ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ۝ رَبُّكُمُ الَّذِيْ

کوئی قابو ہی نہوگا اور تیرا پروردگار اُنکا کارساز ہونے کو کافی ہے تمہارا پروردگار وہی

يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ

ہے جو تمہارے لئے سمندر میں جہازوں کو چلاتا ہے تاکہ تم اُسکے فضل کے خواستگار ہو بیشک وہ

كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ۝ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ

تمہارے لئے بڑا رحم کرنیوالا ہے اور جب تم پر سمندر میں کوئی آفت پڑتی ہے تو اُسکے

ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ

سوا اور جن جن کو تم پکارا کرتے ہو وہ سب گم ہوجاتے ہیں پھر جب وہ نجات دیکر تمکو خشکی تک پہنچا دیتا ہے

اَعْرَضْتُمْ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ۝ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ

تو تم روگرداں ہوجاتے ہو اور انسان ہے بڑا ناشکرا آیا تم اس سے مطمئن ہوگئے ہو کہ

يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا

وہ خشکی کے ایک حصّہ کو مع تمہارے دھنسادے یا تم پر کنکریاں برسانیوالی آندھی بھیجدے

ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ۝ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ

پھر تم کسی کو اپنا کارساز نہ پاؤ یا تم اس سے مطمئن ہوگئے ہو کہ ایک دفعہ اور

فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ

تمکو سمندر میں لوٹا لیجائے پھر وہ تم پر کشتی شکن ہوا بھیجدے

فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا

اور جو کفران نعمت تم کرچکے ہو اُسکے عوض تمکو ڈبو دے پھر تم اسکی باری میں ہمارا پیچھا کرنیوالا کسی کو نہ پاؤگے

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَ

اور یقیناً ہمنے اولادِ آدمؑ کو عزت دی اور خشکی و تری میں اُنکو سواریاں دیں اور

رَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰي كَثِيْرٍ مِّمَّنْ

اچھی اچھی چیزوں سے اُنکو روزی دی اور بہت سی مخلوق پر اُنکو ایسی فضیلت دی جیساکہ

اور امالی میں جناب امام جعفر صادقؑ سے جو کچھ منقول ہے اُسکا خلاصہ یہ ہے کہ انسان کی فضیلت ہر چوپائے اور ہر پرندے کے مقابلے میں یہ ہے کہ وہ اپنا کھانا پانی اپنے ہاتھ سے اُٹھا کر اپنے منہ تک پہنچاتا ہے۔ ۱۲

خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ۝ يَوْمَ نَدْعُوا كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ
فضیلت دینے کا حق ہے جس دن ہم ہر گروہ کو اُسکے امام کے ساتھ بلائینگے پس جس شخص کو
أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ فَأُولَٰئِكَ يَقْرَءُونَ كِتَابَهُمْ وَلَا
اُسکا نامۂ اعمال اُسکے دائیں ہاتھ میں دیا جائیگا پس وہ تو اپنے نامۂ اعمال کو (خوش خوش) پڑھینگے اور اُنکو ایک سوت
يُظْلَمُونَ فَتِيلًا ۝ وَمَنْ كَانَ فِي هَٰذِهِ أَعْمَىٰ فَهُوَ فِي
برابر بھی نقصان نہ پہنچایا جائیگا اور جو اس دنیا میں اندھا رہا پس وہ آخرت میں بھی
الْآخِرَةِ أَعْمَىٰ وَأَضَلُّ سَبِيلًا ۝ وَإِنْ كَادُوا لَيَفْتِنُونَكَ
اندھا رہیگا اور راہ (راست) سے بہت بھٹکا ہوا اور قریب تھا کہ یہ لوگ تمکو بھی اُس سے جو کچھ ہمنے
عَنِ الَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهُ ۖ وَإِذًا
تمہاری طرف وحی کی تھی ہٹانیکے لئے فتنہ میں ڈالدیں تاکہ تم اُسکے خلاف کچھ ہماری طرف منسوب کردو اور اُس
لَّاتَّخَذُوكَ خَلِيلًا ۝ وَلَوْلَا أَنْ ثَبَّتْنَاكَ لَقَدْ كِدْتَّ
صورت میں یہ تمکو دوست بنا لیتے اور اگر ہمنے تمکو ثابت قدم نہ رکھا ہوتا تو قریب تھا کہ تم
تَرْكَنُ إِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيلًا ۝ إِذًا لَّأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيَاةِ
کچھ نہ کچھ اُنکی طرف مائل ہو جاتے اُس صورت میں ہم تمکو زندگانی دنیا کا بھی دوہرا اور اچھا
وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيرًا ۝ وَإِنْ
اور موت کے بعد کا بھی دوہرا پھر تم ہمارے برخلاف کسی کو اپنا مددگار نہ پاتے اور اگرچہ
كَادُوا لَيَسْتَفِزُّونَكَ مِنَ الْأَرْضِ لِيُخْرِجُوكَ مِنْهَا وَإِذًا
قریب تھا کہ وہ تمکو اس زمین سے پریشان ہی کر چلے تھے اس غرض سے کہ وہ تمکو اس سے نکال دیں اور
لَّا يَلْبَثُونَ خِلَافَكَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ سُنَّةَ مَنْ قَدْ أَرْسَلْنَا
اُس صورت میں وہ بھی تمہارے بعد بہت ہی کم رہتے اسی طریقہ پر جو پیغمبر ہمنے تمسے پہلے اپنے
قَبْلَكَ مِنْ رُسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيلًا ۝ أَقِمِ الصَّلَاةَ
رسول بھیجے تھے اور تم ہمارے طریقہ میں کوئی تبدیلی نہ پاؤگے زوال آفتاب سے

لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ
آدھی رات تک (مقررہ) نمازیں پڑھا کیا کرو اور صبح کا قرآن (یعنی نماز) بیشک صبح کے قرآن
الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ
(یعنی نماز) کے بارے میں گواہی دیجائیگی اور (اے رسول) رات کے ایک حصہ میں تہجد پڑھا کرو یہ فریضہ تمہارے
عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝ وَقُلْ رَّبِّ
لئے مخصوص ہے۔ قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تمکو مقام محمود پر مبعوث کرے اور یہ عرض کیا کرو کہ اے
اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ
میرے پروردگار مجھکو پسندیدہ مقام پر پہنچائیو اور خوبی کے ساتھ مجھے یہاں سے لیجائیو
وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝ وَقُلْ جَآءَ
اور میرے لئے اپنی طرف سے مدد کرنیوالا غلبہ مقرر فرما دیجیو اور یہ کہدو کہ حق آگیا
الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝ وَ
اور باطل مٹ گیا بیشک باطل کا کام ہی ہے مٹ جانا اور
نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ
قرآن میں سے ہم وہ چیزیں نازل کرتے ہیں جو مومنین کے لئے شفا و رحمت ہیں
وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ
اور نافرمانوں کے لئے (وہی چیزیں) نقصان ہی بڑھاتی ہیں اور جب ہم انسان کو نعمت عطا کرتے ہیں تو
اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ۝ قُلْ
وہ روگردان ہو جاتا اور پہلوتہی کرتا ہے اور جب اُسپر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو وہ مایوس ہو جاتا ہے تم یہ کہدو کہ
كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى
ہر شخص اپنے اپنے طور پر عمل کیا کرتا ہے پس تمہارا پروردگار اُس سے خوب واقف ہے جو راہ راست پر
سَبِيْلًا ۝ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ ع ۵
ہے اور لوگ تم سے روح کی بابت سوال کرتے ہیں تم کہدو کہ روح میرے پروردگار کا حکم ہے

رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ وَلَئِنْ شِئْنَا
اور تمکو اس بارے میں بہت ہی کم علم دیا گیا ہے اور اگر ہم چاہتے تو
لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا
اُسکو جو تمہاری طرف وحی کی ہے غائب کر دیتے پھر تم اُسکے لئے اپنے لئے ہمارے برخلاف کسی کو
وَكِيْلًا ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ
اپنا کارساز نہ پاتے سوائے اسکے کہ تمہارے پروردگار کی رحمت ہوتی بیشک اُسکا فضل تم پر بہت ہی بڑا ہے
كَبِيْرًا ۝ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ
تم یہ کہدو کہ اگر سب آدمی اور کل جن اس بات کے لئے جمع ہوجائیں کہ اس قرآن (مجید) کی مانند
يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ
بنالائیں تو اسکے مانند نہ لاسکینگے گو اُن میں
بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا
ایک دوسرے کا پشت پناہ بھی ہو اور یقیناً ہمنے کل آدمیوں کے نفع کے لئے اس قرآن میں
الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝
ہر قسم کی مثال بار بار بیان کی ہے پھر بھی بہت سے لوگ ناشکری کئے بغیر نہ رہے
وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ
اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ ہم تو تمپر ایمان لائینگے نہیں جبتک کہ تم ہمارے لئے زمین سے ایک چشمہ جاری
يَنْۢبُوْعًا ۝ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ
نہ کردو یا خاص تمہارے لئے کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ ہو پھر اُسکے اندر ہی
الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ۝ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ
تم زمین کو پھاڑ کر ندیاں نہ بہادو یا جیسا کہ تمہارا گمان ہے ہمپر آسمان کا ایک ٹکڑا نہ گرادو یا اللہ
عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ قَبِيْلًا ۝ اَوْ يَكُوْنَ
کو اور فرشتوں کو سامنے لاکر کھڑا نہ کردو یا خاص تمہارا

لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَىٰ فِي السَّمَاءِ ۖ وَلَن نُّؤْمِنَ

سونے کا ایک محل نہو یا تم آسمان پر چڑھ نہ جاؤ اور ہم تمہارے چڑھ جانے پر

لِرُقِيِّكَ حَتَّىٰ تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَابًا نَّقْرَؤُهُ ۗ قُلْ سُبْحَانَ

بھی ایمان نہ لائینگے جب تک ہمپر ایک نوشتہ نہ نازل کرو کہ ہم اُسے پڑھکر دیکھلیں تم جواب دیدو کہ میرا پروردگار

رَبِّي هَلْ كُنتُ إِلَّا بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٤﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ ع ۱۰

(اس سے) منزہ ہے (کہ آسمپر کسی کا حکم چلے) میں تو صرف ایک انسانی رسول ہوں (کچھ اور تو نہیں؟) اور آدمیونکو جبکہ انکے پاس

أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءَهُمُ الْهُدَىٰ إِلَّا أَن قَالُوا أَبَعَثَ

ہدایت آچکی ایمان لانے سے، روکا کس چیز نے ہی سوائے اسکے کہ انہوں نے یہ کہدیا کہ کیا خدا نے کسی

اللَّهُ بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٥﴾ قُل لَّوْ كَانَ فِي الْأَرْضِ مَلَائِكَةٌ

آدمی کو رسول بنا کر بھیجا ہے تم یہ کہدو کہ اگر اسی زمین میں فرشتے اطمینان سے چلتے پھرتے ہوتے

يَمْشُونَ مُطْمَئِنِّينَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِم مِّنَ السَّمَاءِ مَلَكًا

تو ہم اُنپر آسمان سے کسی فرشتہ ہی کو رسول بنا کر بھیجتے

رَّسُولًا ﴿٩٦﴾ قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۚ إِنَّهُ

تم کہدو کہ میرے اور تمہارے درمیان گواہی دینے کو اللہ ہی کافی ہے بیشک وہ

كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ﴿٩٧﴾ وَمَن يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ ع

اپنے بندوں کے حال سے باخبر اور اُنکی دیکھ بھال کرنیوالا ہی اور جسکو خدا ہدایت دیتا ہے پس وہی

الْمُهْتَدِ ۖ وَمَن يُضْلِلْ فَلَن تَجِدَ لَهُمْ أَوْلِيَاءَ مِن

ہدایت یافتہ ہوتا ہے اور جن سے توفیق ہدایت سلب کرلیتا ہے پس تم اُسکے سوا کسی کو اُنکا حمایتی

دُونِهِ ۖ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ عُمْيًا

نہ پاؤ گے اور قیامت کے دن ہم اُنکو اس حالت میں اوندھے منہہ محشور کرینگے کہ وہ اندھے

وَبُكْمًا وَصُمًّا ۖ مَّأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنَاهُمْ

اور گونگے اور بہرے ہونگے اُنکا ٹھکانا جہنم ہوگا (اُسکی آگ) جب ذرا بجھنے لگیگی ہم اُنکی خاطر

نصف

علیٰ کتابا تقرؤہ علینا تک خدا تعالیٰ نے نفی فرمائی ہی اور اپنے رسول کو یہ مخصوص طریقہ سکھایا ہی (جو ہمنے اپنے اس نوٹ کے عنوان میں درج کیا ہی) قل کفی باللہ شہیدا بینی وبینکم شہادت دونوں باتوں کے متعلق ہی خواہ نبوت کی ہو خواہ خلق کی ہو کہ ایک کریم رب کی طرف سے رسول ہوں یا کہ ایک کریم رب نے مجھے پیدا کیا ہی اور میرا پالنا کیا ہی اور میرا پالنا کیا ہی اور میرا پالن

سَعِيرًا ۝ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِأَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوٓا

اور بھڑکا دینگے یہ سزا اُنکی اس لئے ہوگی کہ اُنہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا تھا اور یہ کہہ دیا تھا

ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوثُونَ خَلْقًا جَدِيدًا ۝

کہ کیا جب ہم ہڈیاں اور مٹی ہو جائینگے تو کیا ہم ازسر نو پیدا کرکے اُٹھائے جائینگے

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

کیا اُنہوں نے یہ نہیں سمجھا تھا کہ وہ خدا جسنے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا ہے

قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ

قادر ہے کہ اُن جیسے اور پیدا کردے اور اُسنے اُنکے لئے ایک مدّت مقرر کردی ہے جسمیں

فِيهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُونَ اِلَّا كُفُورًا ۝ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُونَ

کسی طرح کا شک نہیں پھر بھی یہ ظالم انکار کئے بغیر نہ رہے تم کہدو کہ اگر تم میرے پروردگار کی رحمت

خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ۭ

کے خزانوں کا اختیار رکھتے ہوتے تو اُسوقت بھی تم اُنکے خرچ ہو جانیکے خوف سے بخل کرتے

ع ۱۱ ۱۱ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ

اور انسان ہے ہی بخیل اور یقیناً ہمنے موسٰے کو نو کھلی نشانیاں

اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ

دی تھیں پس بنی اسرائیل سے دریافت کرلو کہ جب وہ اُنکے پاس آئے تو فرعون نے

فِرْعَوْنُ اِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ۝ قَالَ لَقَدْ

اُنسے یہ کہدیا تھا کہ اے موسٰے میں تو یہ خیال کرتا ہوں کہ تمپر کسی نے جادو کردیا ہے اُنہوں نے فرمایا کہ (اے فرعون)

عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اتنا تو تو بھی سمجھ گیا کہ اِنکو کسی اور نے نہیں اُتارا ہے مگر آسمانوں کے اور زمین کے پروردگار نے

بَصَاۗىِٕرَ ۚ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ۝ فَاَرَادَ اَنْ

دلیلیں مقرر کرکے اور اے فرعون میرا یہ خیال ہے کہ تیری شامت آئی ہے پس فرعون نے یہ ارادہ کیا کہ

يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ۙ

اُنکو اُس ملک سے پریشان کرکے نکالدے پس ہمنے اُسکو اور جو اُسکے ساتھ تھے اُن سب کو ڈبو دیا

وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ

اور اُسکے بعد بنی اسرائیل سے یہ کہدیا کہ تم اس زمین میں (جہاں سے فرعون نے تمکو نکالنا چاہا تھا) آباد ہو

فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ۝ وَبِالْحَقِّ

پھر جب آخرت کا وعدہ آئیگا تو ہم تم سب کو اکٹھا کرکے لائینگے اور حق کے ساتھ ہمنے

اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

اسکو نازل کیا اور حق ہی کے ساتھ وہ اُترا ہے اور ہمنے تمکو صرف خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا بناکر بھیجا ہی

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰي مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ

اور قرآن کو ہمنے تھوڑا تھوڑا کرکے اُتارا تاکہ تم ٹھہر ٹھہر کر لوگوں کو پڑھکر سُنا دو اور ہمنے اسی طرح اسے اُتارا جس طرح

تَنْزِيْلًا ۝ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

اُتارنا مناسب تھا تم کہدو کہ تم اسپر ایمان لاؤ یا ایمان نہ لاؤ بالتحقیق وہ لوگ جنکو اس سے پہلے

الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ

علم دیا گیا ہے جسوقت اُنکے سامنے یہ پڑھا جاتا ہے وہ منہہ کے بھل سجدہ میں گر پڑتے

سُجَّدًا ۝ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا

ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارا پروردگار منزہ ہے بیشک ہمارے پروردگار کا وعدہ ضرور

لَمَفْعُوْلًا ۝ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ

پورا ہونا ہے اور وہ روتے ہوئے منہ کے بھل گر پڑتے ہیں اور (قرآن کا سُننا) اُنکے (خضوع و)

خُشُوْعًا ۝ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۭ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا

خشوع کو اور بڑھا دیتا ہی تم کہدو کہ اللہ کہکر پکارو یا رحمٰن کہکر پکارو جس (نام) سے بھی پکارو پس (سب) اچھے اچھے

فَلَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا

نام اُسی کے ہیں اور تم اپنی نماز میں اپنی آواز کو نہ بلند ہی کیا کرو اور نہ اسمیں چپکے ہی چپکے پڑھا کرو

وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

بلکہ اُن دونو کے بین بین کا راستہ اختیار کرو اور یہ کہو کہ سب تعریف اُسی خدا کے لئے (زیبا) ہے جسنے

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ

نہ کوئی بیٹا بنایا اور نہ سلطنت میں کوئی اُسکا شریک ہے اور نہ وہ عاجز

يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

ہے کہ کوئی اُسکا حامی ہو اور تم اُسکی بڑی کبریائی کا اظہار کرتے رہا کرو

سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّعَشْرُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ

سب تعریف اُس اللہ کے لئے (زیبا) ہے جسنے اپنے بندہ پر کتاب نازل فرمائی اور اُسمیں کوئی کجی

لَّهٗ عِوَجًا ۝ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَ

نہ رکھی (ایسی) ٹھیک (کتاب) کہ اُسکے ذریعہ سے خدا کے سخت عذاب کا خوف دلائی اور

يُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ

اُن مومنوں کو جو نیکیاں کرتے ہیں (یہ) خوشخبری سُنائے کہ اُنکے لئے نیک

اَجْرًا حَسَنًا ۝ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۝ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ

معاوضہ ہے جسمیں وہ ہمیشہ رہینگے اور اُن لوگوں کو بھی ڈرائے جنہوں نے

قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ

یہ کہدیا تھا کہ اللہ نے بیٹا بنالیا ہے نہ تو خود اُنکو اسکا کچھ علم ہے اور نہ اُنکے باپ دادا ہی کو تھا

كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۭ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا

بڑی سخت بات ہے جو اُنکے مُنہ سے نکلتی ہے وہ نرا جھوٹ

ع ۱۲ ۱۱ ۱۲

آیاتھا ۱۱۰
رکوعاتھا ۱۲
کلماتھا ۱۷۰۸
حروفھا ۶۶۲۰

كَذِبًا ۝ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ

بولتے ہیں پس اگر وہ اس بات پر ایمان نہ لائیں تو شاید تم افسوس کے مارے

لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى

اُنکے پیچھے اپنی جان ہلاک کر ڈالو گے بالتحقیق ہے اُسکو جو زمین پر

الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝

ہے اِسکی زینت قرار دیا ہے کہ ہم اُنکو آزمائیں کہ اُن میں سب سے اچھا عمل کرنیوالا کون ہے

وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ

اور ہم جو کچھ بھی اُسپر ہے (اُسے فنا کرکے) چٹیل میدان بنانیوالے ہیں کیا تُو نے یہ گمان کر لیا ہے کہ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝ اِذْ اَوَى

غار والے اور کتبہ والے ہماری نشانیوں میں سے کچھ زیادہ عجیب تھے (اُسوقت کو یاد کرو)

الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً

جبکہ یہ نوجوان غار میں جا رہے اور اُنہوں نے عرض کی تھی کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو اپنے پاس سے رحمت

وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ

عنایت کر اور ہمارے معاملہ کی درستی کا سامان کر دے پس اُسی کھوہ میں ہمنے اُنکو

فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۝ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَىُّ

برسوں سُلا رکھا پھر ہمنے اُنکو اُٹھا بٹھایا تاکہ ہم یہ جان لیں کہ

الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ۝ ع ۱۲/۱۳ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ

اُنکے دو گروہوں میں سے اس مدت کو کسیں وہ وہاں رہے ہیں زیادہ یاد رکھا ہے۔ ہم تم سے اُنکی خبر

نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ

ٹھیک ٹھیک بیان کرتے ہیں بیشک وہ ایسے جوان تھے جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے تھے اور ہمنے اُنکے

هُدًى ۝ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا

دلوں کو مضبوط کر دیا تھا جبکہ وہ کھڑے ہو گئے اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ ہمارا پروردگار تو

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا

آسمانوں کا اور زمین کا پروردگار ہے ہم ہرگز اُسکے سوا کسی دوسرے کو معبود کہکر نہ پکاریں گے

لَقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ۝ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ

کہ (اگر ایسا کریں تو) اُس صورت میں گویا ہم بہت ہی ناشائستہ بات کہیں۔ اس ہماری قوم نے تو اُسکے سوا بہت سے خدا بنا لیے

دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۭ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ۭ فَمَنْ

ہیں پھر اُن خداؤں کے متعلق کوئی دلیل کیوں نہیں پیش کرتے؟ پس اُس سے

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا ۝ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا

زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے اور (اب) جبکہ تم اُنسے الگ ہو چکے ہو اور جن

يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ

چیزوں کو وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں اُنکو چھوڑ چکے ہو تو کسی غار میں چل رہو تمہارا پروردگار تمہارے لئے

رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ۝ وَتَرَى

اپنی رحمت وسیع فرمادیگا اور تمہارے معاملہ میں سہولت کے سامان مہیا کردیگا اور تم آفتاب کو

الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ

دیکھو گے کہ جسوقت نکلتا ہے اُنکے غار سے بچا بچا دائیں ہاتھ کی طرف رہتا ہے

وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ

اور جب ڈوبتا ہے تو بائیں ہاتھ کو کترا تا ہوا چلا جاتا ہے اور وہ اُس غار کے کھلے حصہ میں ہیں

مِّنْهُ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ

یہ بھی خدا کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے جسے خدا ہدایت دیتا ہے وہ ہدایت پانیوالا ہوجاتا ہے

وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ۝ وَتَحْسَبُهُمْ

اور جسے توفیق ہدایت سلب کرلیتا ہے پس اُسکے لئے تم کوئی حامی اور ہدایت کرنیوالا نہ پاؤگے اور تم اُنکو جاگتا ہوا خیال

اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۡ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ

کروگے حالانکہ وہ سوتے ہیں اور ہم دائیں اور بائیں اُنکو کروٹ بدلوادیا کرتے ہیں

الشِّمَالِ ۚ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ ۚ لَوِ

اور اُنکا کتا چوکھٹ پر دونو ہاتھ پھیلائے ہوئے ہے اگر تم

اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ

اُنہیں دیکھ پاؤ تو اُنسے منہ پھیر کر بھاگو اور تمپر اُنکا رعب چھا جائے

رُعْبًا ۝ وَكَذَٰلِكَ بَعَثْنَاهُمْ لِيَتَسَاءَلُوا بَيْنَهُمْ ۚ قَالَ قَائِلٌ

اور اسی طرح ہمنے اُنکو اُٹھا بٹھایا تھا کہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال کرلیں اُنمیں سے ایک

مِنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۚ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۚ قَالُوا

کہنے والے نے یہ کہا کہ تمہیں یہاں کتنی دیر ہوئی؟ اُنہوں نے کہا کہ ہمکو ایک دن ہوا یا کچھ کم۔ اُنہوں نے کہا

رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ فَابْعَثُوا أَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هَٰذِهِ

جتنا عرصہ بھی ہوا اُس سے تو تمہارا پروردگار خوب واقف ہے پس تم اپنے میں سے ایک کو یہ روپیہ دیکر شہر

إِلَى الْمَدِينَةِ فَلْيَنْظُرْ أَيُّهَا أَزْكَىٰ طَعَامًا فَلْيَأْتِكُمْ بِرِزْقٍ

کی طرف بھیجو کہ وہ جاکر دیکھے کہ کونسا کھانا پاکیزہ ہے؟ پس وہ اُس میں سے تمہارے لئے کچھ کھانا

مِنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَدًا ۝ إِنَّهُمْ إِنْ

لائے اور چپ چاپ جائے اور کسی کو تمہاری مطلق خبر نہ کرے بیشک اگر وہ لوگ تمپر

يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي مِلَّتِهِمْ وَ

غالب آگئے تو تمکو سنگسار کردینگے یا تمکو اپنے مذہب میں دوبارہ (جبراً) ملا لینگے اور اُس

لَنْ تُفْلِحُوا إِذًا أَبَدًا ۝ وَكَذَٰلِكَ أَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوا

صورت میں تم کبھی فلاح نہ پاؤ گے اور اسطرح ہمنے لوگوں کو اُنکے حال پر مطلع کردیا تاکہ وہ یہ جان لیں

أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيهَا ۚ إِذْ يَتَنَازَعُونَ

کہ اللہ کا وعدہ ضرور سچا ہے اور قیامت ضرور آنیوالی ہے جسمیں کوئی شک نہیں جسوقت وہ اُنکے معاملے میں

بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۖ رَبُّهُمْ أَعْلَمُ

آپس میں جھگڑنے لگے تو اُنہوں نے کہا کہ ان پر ایک عمارت بنادو اُنکا پروردگار اُنکے حال سے

بِهِمْ ۚ قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا عَلَىٰ أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ
خوب واقف ہے اور اُن لوگوں نے جو اُنکے معاملہ میں غالب آگئے تھے یہ کہا کہ ہم تو ضرور بالضرور ان پر ایک
مَّسْجِدًا ۝ سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۖ وَيَقُولُونَ
مسجد بنائینگے عنقریب وہ یہ کہینگے کہ وہ تین ہیں (اور) چوتھا اُنکا کتا ہے اور بعضے اٹکل پچو یہ
خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۖ وَيَقُولُونَ
کہینگے کہ وہ پانچ ہیں (اور) چھٹا اُنکا کتا ہے اور بعضے اُن میں سے یہ کہینگے کہ وہ سات ہیں
سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِم مَّا
اور آٹھواں اُنکا کتا ہے تم کہدو کہ میرا پروردگار اُنکی گنتی سے خوب واقف ہے
يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ ۖ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاءً ظَاهِرًا ۖ
اُنکو نہیں جانتے ہیں مگر بہت ہی کم پس تم اُنکے باب میں سوائے ظاہری بحث (کسی سے) کچھ جھگڑا نہ کرو
وَلَا تَسْتَفْتِ فِيهِم مِّنْهُمْ أَحَدًا ۝ وَلَا تَقُولَنَّ لِشَايْءٍ ع ۵ ۱۵
اور اُنکے باب میں ان میں سے کسی سے کوئی بات نہ پوچھو اور کسی چیز کی نسبت یہ ہرگز نہ کہو کہ کل میں
إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ۝ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ ۚ وَاذْكُر
اسے ضرور کرونگا سوائے اسکے کہ (یہ شرط لگادو) اگر اللہ بھی چاہے اور جب بھول جاؤ
رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰ أَن يَهْدِيَنِ رَبِّي لِأَقْرَبَ
اللہ کو یاد کرلو اور یہ کہدو کہ شاید میرا پروردگار اس سے بھی بڑھکر مجھے کوئی ہدایت
مِنْ هَٰذَا رَشَدًا ۝ وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلَاثَ مِائَةٍ
کی بات سجھادے اور (وہ لوگ کہتے ہیں کہ) وہ اپنے غار میں نو اوپر تین سو برس
سِنِينَ وَازْدَادُوا تِسْعًا ۝ قُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوا ۖ لَهُ
رہے تم کہدو کہ اسے تو اللہ ہی خوب جانتا ہے کہ وہ کتنا رہے
غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ أَبْصِرْ بِهِ وَأَسْمِعْ ۚ مَا لَهُم
آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ باتیں اسی کو (معلوم) ہیں وہ کیسا (دیکھنے والا اور کیسا) سننے والا ہے اُنکا اسکے سوا

مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ۚ وَلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ۝

کوئی کارساز نہیں ہے اور وہ اپنے فیصلہ میں کسی اور کو شریک نہیں کرتا

وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۭ لَا مُبَدِّلَ

اور تمہاری طرف تمہارے پروردگار کی کتاب سے جو کچھ وحی کی گئی ہے وہ پڑھکر سنا دو اُسکے کلمات کا

لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۝ وَاصْبِرْ

بدلنے والا کوئی نہیں ہے اور تم اُسکے سوا کسی اور کو ہرگز جائے پناہ نہ پاؤ گے اور اُن لوگوں کے ساتھ

نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ

بسر کرنیکی برداشت کرو جو صبح و شام اپنے پروردگار سے دعا مانگتے ہیں اور اُسی کی رضا کی

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ

خواستگاری کرتے ہیں اور اپنی نظر اُنسے نہ ہٹاؤ کہ تم زندگانی دنیا کی زینت کے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ

خواستگار ہو اور اُس شخص کی پیروی نہ کرنا جسکے دل کو ہمنے اپنی یاد سے غافل

ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۝ وَقُلِ الْحَقُّ

کر دیا ہے اور وہ اپنی خواہش کا تابع ہو گیا ہے اور اُسکا معاملہ حد سے گزر گیا ہے اور تم یہ کہدو کہ حق تمہارے

مِنْ رَّبِّكُمْ ۣ فَمَنْ شَاۗءَ فَلْيُؤْمِنْ ۣ وَّمَنْ شَاۗءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ

پروردگار کی طرف سے ہے پس جسکا جی چاہے ایمان لے آئے اور جسکا جی چاہے کافر ہو جائے

اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ

بیشک ہمنے نافرمان لوگوں کے لئے ایسی آگ تیار کی ہے جسکے پردے اُنکو گھیر لینگے اور اگر وہ

يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَاۗءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ

(پیاس سے) فریاد کرینگے تو اُنکو ایسا پانی پلایا جائیگا جیسے پگھلا ہوا تانبا جو چہروں کو جھلس دیگا وہ کتنی بری

الشَّرَابُ ۭ وَسَاۗءَتْ مُرْتَفَقًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

پینے کی چیز ہوگی اور کتنی بری جگہ ہوگی؟ بالتحقیق وہ لوگ جو ایمان لائے اور

ثلثۃ ارباع

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۝
جنہوں نے نیک عمل کیے یقیناً ہم نیک عمل کرنیوالوں کا ثواب ضائع نہ کرینگے

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ
وہ وہی تو ہیں جنکے لیے دائمی باغات ہیں جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں

يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا
جن میں انکو سونے کے کنگنوں سے آراستہ کیا جائیگا اور سندس و استبرق کے

خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى
سبز کپڑے پہنینگے (اور) اُنہی میں تختوں پر تکیے لگائے (بیٹھے ہونگے)

الْاَرَآئِكِ ۭ نِعْمَ الثَّوَابُ ۭ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝ وَاضْرِبْ
یہ کیسا اچھا صلہ ہے اور وہ کتنی عمدہ جگہ ہوگی؟ اور اُنکے لئے

لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ
اُن دو آدمیوں کی مثل بیان کردو کہ ہمنے اُن دونوں سے ایک کیلیے انگور کے دو باغ لگا دئے تھے

وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ۭ كِلْتَا
اور اُن دونو نکو کھجور کے درختوں سے گھیر دیا تھا اور اُن دونو باغوں کے درمیانی حصہ میں کھیتی قائم کردی تھی۔ یہ دونو

الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـــًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا
باغ خوب پھل لایا کرتے تھے اور اُن پھلوں میں ذرا سا بھی نقصان نہوتا تھا اور ہمنے اُن دونو کے بیچ میں

خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۝ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ
ایک ندی جاری کردی تھی اور اُس شخص پاس بہت کچھ مال تھا پس وہ اپنے ساتھی سے باتیں کرنے میں کہنے لگا

يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ۝ وَدَخَلَ
کہ میں مال کی حیثیت سے تجھ سے بہت بڑھا ہوا ہوں اور جتھے کی حیثیت سے بھی بڑھا ہوا ہوں اور وہ اپنے باغ میں

جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ
ایسی حالت سے پہنچا کہ اپنے آپ پر خود ظلم کرنیوالا تھا کہنے لگا کہ میں گمان نہیں کرتا کہ یہ باغ کبھی بھی فنا

ع ۹ ۱۶

اَبَدًا ۝ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ

ہوگا اور نہ میں یہ گمان کرتا ہوں کہ قیامت آئیگی اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی گیا

لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ۝ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ

تو ضرور بالضرور اس سے بہتر حالت پاؤنگا اُسکے ساتھی نے اُس سے گفتگو کرتے ہوئے یہ کہا کہ

يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ

کیا تو اُسکا انکار کرتا ہے جس نے (فی الحقیقت) تجھکو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ

نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ۝ لٰكِنَّا هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ

سے پھر تجھے اچھا خاصا آدمی بنا دیا رہا میں سو میرا پروردگار تو وہی اللہ ہے اور میں اپنے

بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ۝ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ

پروردگار کا شریک کسی کو نہیں کرتا اور تو نے اپنے باغ میں داخل ہوتے ہوئے یہ کیوں نہ کہا کہ جو کچھ اللہ نے چاہا

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ۝

(سو ہوا) خدا کی قوت کے بغیر کوئی قوت نہیں گو تو یہ سمجھتا ہو کہ میں مال و اولاد میں تجھ سے کم ہوں

فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا

مگر اب قریب ہے کہ میرا پروردگار مجھے تجھ سے بہتر باغ دیدے اور اس (تیرے باغ) پر آسمان سے عذاب

حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ۝ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا

بھیجدے کہ یہ چٹیل میدان ہو کر رہجائے یا اسکا پانی اتنا گہرا چلا جائے

غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ۝ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ

کہ تجھ میں اُسکے نکالنے کی قوت ہی نہ رہے چنانچہ اُسکے پھلوں پر آفت آہی گئی پس جو

يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا

مال وہ اُس میں لگا چکا تھا اُسپر صبح کو ہاتھ ملتا رہگیا باغ تو ٹٹیوں پر اُلٹا پڑا تھا اور مالک یہ

وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ۝ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ

کہہ رہا تھا کہ کاش میں اپنے پروردگار کا کسی کو شریک نہ کرتا اور (اُسوقت) کوئی جتھا خدا کی

فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ۝ هُنَالِكَ

سوا اُسکی مدد کرنیکو نہ تھا اور نہ وہ شخص خدا کے انتقام کو روک سکا اُس موقع پر

الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ۝ وَاضْرِبْ

حکومت خدائے برحق ہی کی ہوگی وہ ثواب دینے کے لئے بھی سب سے اچھا ہے اور انجام کی رو سے بھی سب سے بہتر ہے اور اُنسے

لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ

زندگانی دنیا کی مثال بیان کردو کہ (وہ) اُس پانی کے مانند ہے جسکو ہمنے آسمان سے اُتارا

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ

پھر اُسکے ساتھ زمین کی روئیدگی مل گئی پھر وہ ریزہ ریزہ ہو گیا کہ ہوائیں اُسکو اُڑا دیتی ہیں

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ

اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے (مال و) دولت اور بیٹے زندگانی دنیا کی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ

آرائش ہیں اور باقی رہنے والی نیکیاں تمہارے رب کے نزدیک انجام کی حیثیت سے بھی

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ۝ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ

بہتر ہیں اور امید و آرزو کرنیکی حیثیت سے بھی اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائینگے اور تم زمین کو کھلا ہوا دیکھوگے

بَارِزَةً وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ۝ وَعُرِضُوْا

اور ہم اُنکو اس طرح جمع کر لینگے کہ اُن میں سے کسی ایک کو بھی نہ چھوڑینگے اور وہ تمہارے

عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ز

رب کی حضور میں صف بہ صف پیش کئے جائینگے (اور اُنسے یہ کہا جائیگا کہ) تم ہمارے پاس اُسی طرح آگئے جیسا کہ ہمنے تمکو

بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ۝ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ

پہلی دفعہ پیدا کیا تھا بلکہ تمہارا تو یہ گمان تھا کہ ہمنے تمہارے لئے کوئی وقت مقرر ہی نہیں کیا ہے اور اعمالنامے پیش کئے جائینگے

فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ

اُسوقت تم گناہگاروں کو دیکھوگے کہ جو جو کچھ (ایک ایک کے) اعمالنامے میں ہوگا اُس سے وہ ڈرتے ہونگے اور کہتے ہونگے کہ

يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً
ہائے خرابی ہماری یہ کیسا نوشتہ ہے کہ اسنے کسی چھوٹی یا بڑی بات کو چھوڑا ہی نہیں

اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ
جسے ضبط نہ کر لیا ہو الحاصل جو کچھ انہوں نے کیا ہوگا اُسکو موجود پائینگے اور تمہارا پروردگار کسی کے

اَحَدًا ۝ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا ع ۶ ۵ ۱۸
حق میں ظلم نہیں کریگا اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے کل فرشتوں سے کہا تھا کہ آدم کو سجدہ کرو پس ابلیس

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۭ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ
کے سوا سب نے ہی سجدہ کیا تھا وہ قوم جن سے تھا پس اُسنے اپنے پروردگار کے حکم سے سرتابی کی کیا تم مجھے چھوڑ کر

وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۭ بِئْسَ
اُسے اور اُسکی اولاد کو دوست اور بناتے ہو حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں ؟ نا فرمانی کرنیوالوں کے

لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ
لیے بدلہ کیسا بُرا ہے میں نے آسمانوں کی اور زمین کی پیدائش کا اُنکو گواہ نہیں

وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۠ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ
بنایا ہے اور نہ اُنکی اپنی پیدائش کا اور میں گمراہ کرنیوالوں کو قوت بازو

الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ۝ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ
نہیں بناتا اور اُس دن خدا تعالےٰ فرمائیگا کہ تم میرے اُن شریکوں کو پکارو جو

زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ
تمہاری خیال میں تھے پس وہ اُنکو پکارینگے اور وہ اُنکو کچھ جواب نہ دینگے اور ہم اُنکے مابین ایک مہلکہ (یا

مَّوْبِقًا ۝ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا ع ۷ ۱۹
آڑ) مقرر کر دینگے اور گنہگار آتش جہنم کو دیکھینگے اور یہ گمان کرینگے کہ اسمیں اب گرے

وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا
اور اُس سے گریز کی کوئی جگہ نہ پائینگے اور یقیناً ہمنے کل آدمیوں کے نفع کے لیے اس

الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ

قرآن میں طرح طرح کی مثل بار بار بیان کی ہی اور انسان جھگڑنے کے لیے ہر چیز سے بڑھا ہوا

شَيْءٍ جَدَلًا ۝ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ

ہے اور جبکہ لوگوں کے پاس ہدایت آچکی تو اُنکو ایمان لانے سے اور اپنے

الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ

پروردگار سے گناہوں کی معافی مانگنے سے کسی اور بات نے نہیں روکا سواے اسکے کہ اُنپر پہلوں کا

الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ۝ وَمَا نُرْسِلُ

قاعدہ جاری ہوجائے یا عذاب اُنکے سامنے آکھڑا ہو اور ہم رسولوں کو نہیں

الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ

بھیجتے ہیں مگر خوشخبری دینے والے اور ڈرانیوالے بنا کر اور جو لوگ کافر ہو گئے ہیں وہ

كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ

باطل کے لیے جھگڑا کرتے ہیں کہ اُسکے ذریعہ سے حق کو زائل کردیں اور اُنہوں نے میری آیتوں کو اور جس چیز سے

اُنْذِرُوْا هُزُوًا ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ

ڈرائے گئے تھے اُسکو دل لگی بنا لیا اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جسکو اُسکے پروردگار کی آیتوں کے ذریعہ سے

فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى

نصیحت کیجائے پھر وہ اُنسے روگردانی کرے اور جو جو کرتوت اُسکے ہاتھوں سے ہو چکی ہی اُسے بھول جائے یقیناً

قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ

ہمنے اُنکے دلوں پر پردے ڈالدیے ہیں تاکہ اُسکو نہ سمجھیں اور اُنکے کانوں میں گرانی قرار دیدی ہی اور اگر تم اُنکو

تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝ وَرَبُّكَ

ہدایت کی طرف بلاؤ گے تو اُس صورت میں بھی وہ کبھی ہدایت یافتہ نہ ہونگے اور تمہارا پروردگار

الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ

بڑا بخشنے والا (اور) رحمت والا ہی اگر وہ اُنسے اُنکے کیے کے بدلے میں مواخذہ کرتا تو اُنکو بہت جلد

الْعَذَابُ ۭ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْىِلًا ○
عذاب دیتا لیکن اُنکے وعدہ کا ایک وقت ہے جس سے بچنے کی وہ ہرگز کوئی جگہ نہ پائینگے

وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ
اور یہ بستیاں جسوقت اُنکے باشندوں نے نافرمانی کی ہمنے اُنکو ہلاک کردیا اور اُنکے ہلاک کرنیکا (بھی) ہمنے

مَّوْعِدًا ○ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ ع ۸
ایک وقت مقرر کرلیا تھا اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ موسےٰ نے اپنے جوان (ساتھی) سے یہ کہا کہ میں نوٹ کر

مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ○ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا
جاؤنگا نہیں جبتک کہ میں دونو سمندروں کے مقام اتصال پر نہ پہنچوں یا سالہا سال چلا نہ چلوں۔ پس جب وہ دونو اُن

نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ○ فَلَمَّا
دونو سمندروں کے مقام اتصال پر پہنچے تو وہ دونو اپنی مچھلی بھول گئے پس اُس مچھلی نے دریا میں اپنی راہ بنالی پھر جب وہ

جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَاۗءَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا
دونو اُس سے آگے بڑھ گئے تو موسےٰ نے اپنے جوان (ساتھی) سے کہا کہ ہمارا ناشتہ لاؤ ہمیں اپنے اس سفر سے یقیناً

هٰذَا نَصَبًا ○ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ
رنج پہنچا ہے (جوان ساتھی نے کہا کہ آپنے یہ بھی خیال کیا کہ جسوقت ہم اُس پتھر کے پاس ٹھیرے تھے

نَسِيْتُ الْحُوْتَ وَمَآ اَنْسٰىنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ
تو میں مچھلی کو بھول گیا تھا اور شیطان نے ہی مجھے یہ بات بھلادی تھی کہ میں اُسے یاد رکھتا

وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ عَجَبًا ○ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۭ
اور عجیب طرح سے اُسنے دریا میں اپنی راہ بنالی تھی موسےٰ نے فرمایا کہ یہی (جگہ) تو ہم ڈھونڈھتے

فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ○ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ
پھرتی تیں پس دونو اپنے پاؤں کے نشانوں پر کھوج لگاتے ہوئے پھر پلٹے اور اُن دونو نے ہمارے بندوں میں سے

عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا
ایک بندے کو پایا جسکو ہمنے اپنے پاس سے رحمت دی تھی اور اُسکو ہمنے اپنے پاس سے علم

چنانچہ اُس کے اثر سے وہ مچھلی زندہ ہوکر پانی میں چلی گئی۔ اور موسےٰ اور یوشع اُتنا چلے اتنا چلے کہ تھک گئے۔ (بقیہ حاشیہ میں ملاحظہ ہو) ۱۲ غ ش

عِلْمًا ۝ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا

سکھایا تھا موسےٰ نے اُنسے عرض کی کہ کیا میں اس شرط سے آپکے پیچھے پیچھے (ساتھ ساتھ) رہوں کہ جو

عُلِّمْتَ رُشْدًا ۝ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝

علم آپکو سکھایا گیا ہی اُس میں سے آپ کچھ مجھے بھی سکھادیں۔ فرمایا کہ تمسے میرے ساتھ یقیناً صبر نہ ہوسکیگا

وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ۝ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ

اور جسکی تمکو آگاہی نہ ہو اُسپر تم صبر کروگے بھی کیونکر؟ (موسےٰ نے) عرض کی اگر اللہ نے چاہا تو

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ۝ قَالَ فَاِنِ

آپ مجھے صبر کرنیوالا ہی پائینگے اور میں کسی معاملہ میں آپکی نافرمانی نہ کرونگا فرمایا بس تو اگر تم میرے

اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ۝

ساتھ رہنا چاہتے ہو تو مجھ سے کوئی بات نہ پوچھنا جب تک کہ میں خود بخود اُسکا ذکر تم سے نہ کروں

فَانْطَلَقَا ۖ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ۭ قَالَ

اب دونو چلے یہانتک کہ دونو کشتی میں سوار ہوگئے جسے اُس (یعنی خضر علیہ السلام) نے توڑدیا (موسےٰ نے)

اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ۝ قَالَ

کہا کیا تمنے اسے اسلئے توڑدیا کہ اسکی سواریونکو ڈبودو یقیناً یہ تو آپسے بڑی بیجا بات ہوئی فرمایا میں نے

اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ۝ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ

کہا نہ تھا کہ تم سے میرے ساتھ ہرگز صبر نہوسکیگا (موسےٰ نے) عرض کی کہ مجھ سے جو بھول ہوگئی اُسکے

بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ۝ فَانْطَلَقَا ۖ

عوض میں مجھسے مواخذہ نہ کیجئے اور میرے معاملہ میں اتنی سخت گیری نہ برتیے پھر دونو چلے

حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً

یہاں تک کہ ایک لڑکے سے ملے پس اُسکو اُس (یعنی خضر) نے قتل کردیا (موسےٰ نے) کہا کہ کیا آپنے

بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ۝

ایک بیگناہ شخص کو بغیر قصاص کے مار ڈالا؟ یہ تو ضرور آپنے انوکھی بات کی!

ع ۹ ۱۱ ۲۱

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ

فرمایا میں نے تم سے کہہ نہیں دیا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر

صَبْرًا ۝ قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصٰحِبْنِيْ

نہ کرسکو گے عرض کی اگر اسکے بعد میں آپ سے کسی چیز کی نسبت سوال کروں تو مجھے ساتھ نہ رکھیئگا

قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ۝ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰۤى اِذَاۤ

اب تو میری طرف سے کافی معذرت ہوگئی پھر دونو چلے یہاں تک کہ ایک

اَتَيَاۤ اَهْلَ قَرْيَةِ ِۨ اسْتَطْعَمَاۤ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا

گاؤں والوں کے پاس پہنچے جن سے انہوں نے کھانا مانگا اور انہوں نے ان دونو کو مہمان کرنے سے انکار

فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ

کردیا پس ان دونو کو اس بستی میں ایک دیوار ملی جو گرا ہی چاہتی تھی پس اُسے اُس (خضرؑ) نے ٹھیک کردیا

لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ۝ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ

(موسےٰ نے) عرض کی کہ اگر آپ چاہتے تو اس کام کی اجرت لے لیتے (خضرؑ نے) فرمایا یہی میرے اور آپکے مابین

وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ

جُدائی (کا باعث) ہے ہاں جن باتوں پر آپ سے صبر نہو سکا اُنکا اصلی مطلب میں آپکو جتلائے دیتا ہوں

صَبْرًا ۝ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

(سنیے) وہ کشتی تو غریب لوگوں کی تھی جو (اُسکے ذریعہ سے) سمندر میں (اپنی روزی کمایکے

فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ

لیوے) کام کیا کرتے ہیں پس میں نے چاہا کہ اُسکو عیب دار بنادوں انکے آگے ایک ایسا بادشاہ تھا جو

يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ۝ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ

ہر کشتی کو جبرًا گرفتار کرلیا کرتا تھا اب رہا لڑکا سو اُسکے ماں باپ دونو

مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَاۤ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۝ فَاَرَدْنَاۤ

مؤمن تھے پس ہمکو یہ اندیشہ ہوا کہ وہ (لڑکا) سرکشی اور کفر کرکے اُن دونو پر غالب نہ آجائے پس ہمنے چاہا

أَن يُبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكَاةً وَأَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾
کہ انکا پروردگار اُن دونو کو اُسکے بدلہ میں (ایک ایسا بچہ) دیدے جو اُس سے پاکنفسی میں (بھی) بہتر ہو اور رحمت و مہربانی میں (بھی) بڑھکر ہو

وَأَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلَامَيْنِ يَتِيمَيْنِ فِي الْمَدِينَةِ وَ
اب رہی دیوار وہ اُس بستی کے دو یتیم بچوں کی تھی اور اُسکے نیچے

كَانَ تَحْتَهُ كَنزٌ لَّهُمَا وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحًا ۚ فَأَرَادَ
اُن دونو کا ایک خزانہ تھا اور اُن دونو کا باپ ایک مرد نیک تھا پس تمہارے پروردگار

رَبُّكَ أَن يَبْلُغَا أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّن
نے محض اپنی رحمت کی وجہ سے یہ چاہا کہ وہ دونو بالغ و عاقل ہوکر اپنا خزانہ خود

رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ۚ ذَٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِع
نکال لیں اور میں نے تو اپنی طرف سے کچھ نہیں کیا (لیجیے) جن باتوں پر آپسے صبر نہوسکا اُنکا مطلب

عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٨٢﴾ وَيَسْأَلُونَكَ عَن ذِي الْقَرْنَيْنِ ۖ قُلْ
یہ ہے اور (اے رسول) لوگ تم سے ذوالقرنین کا حال پوچھتے ہیں تم کہدو کہ

سَأَتْلُو عَلَيْكُم مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ
لو میں تمہیں اُسکا حال سُناتا ہوں بیشک ہم نے اُسکو زمین میں حکومت دی تھی

وَآتَيْنَاهُ مِن كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿٨٤﴾ فَأَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ
اور ہمنے اُسکو ہر چیز کے متعلق ایک سبب عنایت کیا تھا پس اُسنے ایک سبب کا راستہ لے لیا یہانتک کہ جب وہ سورج کے

مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَوَجَدَ
ڈوبنے کی جگہ پہنچا تو اُسکو کالی دلدل کے چشمہ میں ڈوبتا ہوا پایا اور اس چشمہ کے

عِندَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِمَّا أَن تُعَذِّبَ
قریب کچھ (کافر) لوگوں کو پایا ہمنے (اُس سے) کہا کہ اے ذوالقرنین (تمہیں اختیار ہے) خواہ تم اُنکو عذاب دو

وَإِمَّا أَن تَتَّخِذَ فِيهِمْ حُسْنًا ﴿٨٦﴾ قَالَ أَمَّا مَن ظَلَمَ فَسَوْفَ
خواہ اُنکے بارے میں نیکی اختیار کرو (ذوالقرنین نے) عرض کی جو اُن میں سے نافرمانی کریگا اُسے تو ہم

ع ۱۲

نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ۝ وَاَمَّا

عذاب دیگے پھر وہ اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹایا جائیگا اور وہ اُسکو (عذاب بھی) انوکھا عذاب دیگا اور جو ایمان

مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَآءَ ِۨ الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ

لائیگا اور نیک عمل کریگا تو اُسکے لئے بدلہ میں نیکی ہے اور ہم اُسکے متعلق اپنا

لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ۝ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ

حکم (بھی) آسان ہی دینگے پھر اُسنے ایک اور سبب اختیار کیا یہانتک کہ جب سورج کے نکلنے

مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ

کی جگہ پہنچا تو اُسکو ایسے لوگوں پر طلوع ہوتے پایا جنکے لیے ہمنے اُس (سورج) سے

لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ۝ كَذٰلِكَ ۚ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا

بچانیکی کوئی آڑ مقرر نہیں کی تھی اور اُسکے اختیار میں جو کچھ تھا اُس سے ہم

لَدَيْهِ خُبْرًا ۝ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ۝ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ

یقیناً خبردار تھے پھر اُسنے ایک اور سبب لیا یہانتک کہ جب وہ (قدرتی) آڑوں (یعنی پہاڑوں) کے مابین

وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ۝

پہنچا تو اُن سے اس طرف ایسے لوگوں کو پایا جو قریب قریب ایسے تھے کہ کوئی بات ہی نہیں سمجھتے تھے

قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ

اُنہوں نے عرض کی کہ اے ذوالقرنین یاجوج و ماجوج اس ملک میں فساد پھیلاتے

فِى الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا

رہتے ہیں تو آیا ہم تیرے لیے کچھ خرچ اس شرط پر مقرر کردیں کہ آپ ہمارے اور اُنکے مابین ایک

وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ۝ قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ رَبِّىْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِىْ

دیوار بنادیں (ذوالقرنین نے) فرمایا کہ جن چیزوں کا اختیار میرے پروردگار نے مجھے دیا ہے وہ (تمہارے خرچ سے کہیں)

بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ۝ اٰتُوْنِىْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ؕ

بہتر ہے پس تم جسمانی طاقت سے میری مدد کرو میں تمہارے اور اُنکے مابین ایک دیوار بنادوں۔ تم مجھے لوہے کی چادریں دو

حَتّٰۤى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا

یہانتک کہ جب دونو پہاڑوں کے پہلوؤں کے بیچ کی جگہ کو (بھر کر) برابر کردیا (تو) حکم دیا کہ دھونکو یہانتک کہ جب اُس

جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِيْۤ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ۝ فَمَا اسْطَاعُوْا

(لوہے) کو (دہکا کر) آگ (انگارا سا سرخ کردیا تب حکم دیا کہ) مجھے تانبا دو کہ میں اُسپر ڈال دوں پس اُن (یاجوج وماجوج) کو

اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ۝ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ

یہ نہو سکا کہ اِس (دیوار) پر چڑھ آتے اور نہ یہ ہوسکا کہ اُس میں کوئی نقب لگا دیتے (ذوالقرنین نے) فرمایا کہ یہ (کارگزاری) میرے

مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ

پروردگار کی ایک رحمت ہے پھر جسوقت میرے پروردگار کے وعدہ کا وقت آجائیگا تو وہ اس (دیوار) کو گرا کر زمین کی برابر کردیگا اور میرے

رَبِّيْ حَقًّا ۝ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّ

پروردگار کا وعدہ ضرور پورا ہونا ہے اور اُسدن ہم اس طرح چھوڑ دینگے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ گڈمڈ ہوجائینگے اور

نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ۝ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ

صور پھونکا جائیگا پھر ہم اُنکو یکجا جمع کرلینگے اور اُس دن اُن کافروں کے لیے جہنم

يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضَا ۝ ۙ الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ

آنکھوں پر تو ہماری نصیحت کی طرف سے پردہ پڑا ہوا تھا اور وہ (کانوں سے ہماری ہدایت) سُن ہی نہ سکتے

غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ۝

تھے جہنم کو ہم ایسا ظاہر کرینگے جیسا کہ ظاہر کرنیکا حق ہے

اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْۤ

کیا ان لوگوں نے جو کافر ہوگئے ہیں یہ گمان کرلیا کہ میرے خلاف میرے بندوں کو حامی بنا لینگے

اَوْلِيَآءَ ؕ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ۝ قُلْ هَلْ

یقیناً ہمنے ایسے ہی کافروں کے لیے جہنم کو بطور مہمانی کے تیار کیا ہے (اے رسول) تم یہ کہدو کہ آیا

نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ۝ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ

میں تمہیں اُن لوگوں کی حال سے آگاہ کروں جو اعمال کی رو سے سب سے زیادہ نقصان اُٹھانیوالے ہیں۔ وہ وہ ہیں جنکی زندگانی دنیا کی

ع ۱۱ ۱۹ ۲

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ

کوشش بیکار ہوگئی اور وہ یہی گمان کرتے رہے کہ ہم نیکی کر رہے ہیں

صُنْعًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ

وہ وہی ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کا اور اُسکی حضور میں جانیکا انکار کیا

فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ۝

پس اُنکے اعمال بیکار ہوگئے پس قیامت کے دن ہم اُنکے اعمال کے لیے کوئی میزان قائم نہ کرینگے

ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَ

یہ اُنکا معاوضہ جہنم اُسکے بدلہ میں ہوگا جسکا اُنہوں نے انکار کیا تھا اور اسکے بدلہ میں کہ اُنہوں نے میرے احکام کا

رُسُلِيْ هُزُوًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور میرے رسولوں کا ٹھٹھا اُڑایا تھا بیشک جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے

كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

اُنکے لیے فردوس کے باغات بطور مہمانی کے ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہینگے

لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا

اور کبھی اُنکو بدلنا نہ چاہینگے (اے رسول) تم کہدو کہ اگر سمندر میرے پروردگار کے کلمات کے لیے روشنائی

لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ

ہو جائیں تو قبل اِسکے کہ میرے پروردگار کے کلمات ختم ہوں سمندر ختم ہو جائیگے گو ہم مدد کے لیے

وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى

ویسا ہی (اور بھی) لے آئیں (اے رسول) تم یہ کہدو کہ (بحیثیت مخلوق) میں (بھی) تم ہی جیسا ایک آدمی ہوں

اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ

(فرق یہ ہے کہ) میری طرف وحی کیجاتی ہے کہ تمہارا معبود معبود یکتا ہے پس جسکو اپنے پروردگار کی حضور میں جانیکی امید ہو

فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝

اُسے لازم ہے کہ نیک عمل بجالائے اور اپنے پروردگار کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے

ع ۹ ۱۳

سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝

کٓہٰیٰعٓصٓ یہ تمہارے پروردگار کا اپنے بندہ زکریا پر رحم فرمانیکا ذکر ہے

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ

جبکہ اُنھوں نے اپنے پروردگار کو چپکے چپکے پکارا تھا اور (یہ) عرض کیا (تھا) کہ اے میرے پروردگار بیشک میری

الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ

ہڈیاں سست پڑگئیں اور بڑھاپے سے سر سفید ہوگیا اور اے پروردگار تجھ سے دعا کرکے

بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ

میں کبھی نا امید نہیں رہا اور یقیناً مجھے اپنے بعد اپنے بھائی بندوں سے اندیشہ

مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ

ہے اور میری زوجہ بانجھ ہے پس مجھے اپنے پاس سے

لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝ يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ

ایک وارث عطا کر کہ وہ میرا (بھی) وارث ہو اور آلِ یعقوب کا (بھی) وارث ہو

وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ۝ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ

اور اے میرے پروردگار اُسے پسندیدہ قرار دے (جواب ملا کہ) اے زکریا بیشک ہم تمکو ایک ایسے لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں

اِسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ

جسکا نام یحییٰ ہوگا اور اس سے پہلے اس نام کا ہم نے کوئی نہیں بنایا (زکریا نے) عرض کی اے میرے

اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّقَدْ

پروردگار میرے لڑکا ہوگا کہاں سے حالانکہ میری زوجہ بانجھ ہے اور میں

بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ○ قَالَ كَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ

بڑھاپے کی انتہا کو پہنچ گیا ہوں فرمایا ایسا ہی ہوگا تمہارا پروردگار فرماتا ہے کہ

هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكِ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْـًٔا ○

وہ میرے لیے آسان ہے اور میں تمکو پیدا کرچکا ہوں حالانکہ تم کوئی چیز نہ تھے

قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ

عرض کی اے میرے پروردگار میرے لیے کوئی علامت قرار دے فرمایا کہ تمہارے لیے علامت یہ ہے کہ تم لوگوں سے باوجود صحیح وسالم

ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ○ فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ

ہونیکے تین رات (دن) بات نہ کرسکوگے پس (زکریا) محراب (عبادت) سے نکلکر اپنی قوم کے پاس آئے

فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ○ يٰيَحْيٰى

اور اشارہ سے اُنسے کہا کہ تم صبح وشام اُسکی تسبیح پڑھو (ہم نے حکم دیا کہ) اے یحییٰ کتاب

خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ○ وَّ

(توریت) کو مضبوطی سے لیے رہنا اور ہمنے اُنکو بچپن ہی میں فیصلہ کی قوت اور اپنی طرف سے مہربانی اور

حَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۭ وَكَانَ تَقِيًّا ○ وَّبَرًّا

پاک باطنی عطا کی اور وہ پرہیزگار اور اپنے ماں باپ کے حق میں نیکی

بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا ○ وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ

کرنیوالے تھے اور سخت گیر (و) نافرمان نہ تھے اور اُنپر سلامتی ہو اُسدن (بھی)

يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ○ وَاذْكُرْ

جسدن پیدا کیگئے اور اُسدن بھی جسدن مرینگے اور اُسدن بھی جسدن زندہ کرکے اُٹھائے جائینگے اور اس کتاب میں

فِي الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا

مریم کا (قصہ) بیان کرو جبکہ وہ اپنے گھر والوں سے الگ ہوکر جانب شرق ایک مکان میں

شَرْقِيًّا ○ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۠ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا

چلی گئیں اور اُنے ایک آڑ کرلی پس ہمنے اُنکی طرف اپنی روح (جبرئیل) کو بھیجا

ع ۱ ۵ ۷ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۰ ۲۱ ۲۲ ۲۳ ۲۴ ۲۵ ۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹ ۳۰ ۳۱ ۳۲ ۳۳ ۳۴ ۳۵ ۳۶ ۳۷ ۳۸ ۳۹ ۴۰ ۴۱ ۴۲ ۴۳ ۴۴ ۴۵ ۴۶ ۴۷ ۴۸ ۴۹ ۵۰ ۵۱ ۵۲ ۵۳ ۵۴ ۵۵ ۵۶ ۵۷ ۵۸ ۵۹ ۶۰ ۶۱ ۶۲ ۶۳ ۶۴ ۶۵ ۶۶ ۶۷ ۶۸ ۶۹ ۷۰ ۷۱ ۷۲ ۷۳ ۷۴ ۷۵ ۷۶ ۷۷ ۷۸ ۷۹ ۸۰ ۸۱ ۸۲ ۸۳ ۸۴ ۸۵ ۸۶ ۸۷ ۸۸ ۸۹ ۹۰ ۹۱ ۹۲ ۹۳ ۹۴ ۹۵ ۹۶ ۹۷ ۹۸ ۹۹ ۱۰۰ ۱۰۱ ۱۰۲ ۱۰۳ ۱۰۴ ۱۰۵ ۱۰۶ ۱۰۷ ۱۰۸ ۱۰۹ ۱۱۰ ۱۱۱ ۱۱۲ ۱۱۳ ۱۱۴ ۱۱۵ ۱۱۶ ۱۱۷ ۱۱۸ ۱۱۹ ۱۲۰ ۱۲۱ ۱۲۲ ۱۲۳ ۱۲۴ ۱۲۵ ۱۲۶ ۱۲۷ ۱۲۸ ۱۲۹ ۱۳۰ ۱۳۱ ۱۳۲ ۱۳۳ ۱۳۴ ۱۳۵ ۱۳۶ ۱۳۷ ۱۳۸ ۱۳۹ ۱۴۰ ۱۴۱ ۱۴۲ ۱۴۳ ۱۴۴ ۱۴۵ ۱۴۶ ۱۴۷ ۱۴۸ ۱۴۹ ۱۵۰ ۱۵۱ ۱۵۲ ۱۵۳ ۱۵۴ ۱۵۵ ۱۵۶ ۱۵۷ ۱۵۸ ۱۵۹ ۱۶۰ ۱۶۱ ۱۶۲ ۱۶۳ ۱۶۴ ۱۶۵ ۱۶۶ ۱۶۷ ۱۶۸ ۱۶۹ ۱۷۰ ۱۷۱ ۱۷۲ ۱۷۳ ۱۷۴ ۱۷۵ ۱۷۶ ۱۷۷ ۱۷۸ ۱۷۹ ۱۸۰ ۱۸۱ ۱۸۲ ۱۸۳ ۱۸۴ ۱۸۵ ۱۸۶ ۱۸۷ ۱۸۸ ۱۸۹ ۱۹۰ ۱۹۱ ۱۹۲ ۱۹۳ ۱۹۴ ۱۹۵ ۱۹۶ ۱۹۷ ۱۹۸ ۱۹۹ ۲۰۰ ۲۰۱ ۲۰۲ ۲۰۳ ۲۰۴ ۲۰۵ ۲۰۶ ۲۰۷ ۲۰۸ ۲۰۹ ۲۱۰ ۲۱۱ ۲۱۲ ۲۱۳ ۲۱۴ ۲۱۵ ۲۱۶ ۲۱۷ ۲۱۸ ۲۱۹ ۲۲۰ ۲۲۱ ۲۲۲ ۲۲۳ ۲۲۴ ۲۲۵ ۲۲۶ ۲۲۷ ۲۲۸ ۲۲۹ ۲۳۰ ۲۳۱ ۲۳۲ ۲۳۳ ۲۳۴ ۲۳۵ ۲۳۶ ۲۳۷ ۲۳۸ ۲۳۹ ۲۴۰ ۲۴۱ ۲۴۲ ۲۴۳ ۲۴۴ ۲۴۵ ۲۴۶ ۲۴۷ ۲۴۸ ۲۴۹ ۲۵۰ ۲۵۱ ۲۵۲ ۲۵۳ ۲۵۴ ۲۵۵ ۲۵۶ ۲۵۷ ۲۵۸ ۲۵۹ ۲۶۰ ۲۶۱ ۲۶۲ ۲۶۳ ۲۶۴ ۲۶۵ ۲۶۶ ۲۶۷ ۲۶۸ ۲۶۹ ۲۷۰ ۲۷۱ ۲۷۲ ۲۷۳ ۲۷۴ ۲۷۵ ۲۷۶ ۲۷۷ ۲۷۸ ۲۷۹ ۲۸۰ ۲۸۱ ۲۸۲ ۲۸۳ ۲۸۴ ۲۸۵ ۲۸۶ ۲۸۷ ۲۸۸ ۲۸۹ ۲۹۰ ۲۹۱ ۲۹۲ ۲۹۳ ۲۹۴ ۲۹۵ ۲۹۶ ۲۹۷ ۲۹۸ ۲۹۹ ۳۰۰ ۳۰۱ ۳۰۲ ۳۰۳ ۳۰۴ ۳۰۵ ۳۰۶ ۳۰۷ ۳۰۸ ۳۰۹ ۳۱۰ ۳۱۱ ۳۱۲ ۳۱۳ ۳۱۴ ۳۱۵ ۳۱۶ ۳۱۷ ۳۱۸ ۳۱۹ ۳۲۰ ۳۲۱ ۳۲۲ ۳۲۳ ۳۲۴ ۳۲۵ ۳۲۶ ۳۲۷ ۳۲۸ ۳۲۹ ۳۳۰ ۳۳۱ ۳۳۲ ۳۳۳ ۳۳۴ ۳۳۵ ۳۳۶ ۳۳۷ ۳۳۸ ۳۳۹ ۳۴۰ ۳۴۱ ۳۴۲ ۳۴۳ ۳۴۴ ۳۴۵ ۳۴۶ ۳۴۷ ۳۴۸ ۳۴۹ ۳۵۰ ۳۵۱ ۳۵۲ ۳۵۳ ۳۵۴ ۳۵۵ ۳۵۶ ۳۵۷ ۳۵۸ ۳۵۹ ۳۶۰ ۳۶۱ ۳۶۲ ۳۶۳ ۳۶۴ ۳۶۵ ۳۶۶ ۳۶۷ ۳۶۸ ۳۶۹ ۳۷۰ ۳۷۱ ۳۷۲ ۳۷۳ ۳۷۴ ۳۷۵ ۳۷۶ ۳۷۷ ۳۷۸ ۳۷۹ ۳۸۰ ۳۸۱ ۳۸۲ ۳۸۳ ۳۸۴ ۳۸۵ ۳۸۶ ۳۸۷ ۳۸۸ ۳۸۹ ۳۹۰ ۳۹۱ ۳۹۲ ۳۹۳ ۳۹۴ ۳۹۵ ۳۹۶ ۳۹۷ ۳۹۸ ۳۹۹ ۴۰۰ ۴۰۱ ۴۰۲ ۴۰۳ ۴۰۴ ۴۰۵ ۴۰۶ ۴۰۷ ۴۰۸ ۴۰۹ ۴۱۰ ۴۱۱ ۴۱۲ ۴۱۳ ۴۱۴ ۴۱۵ ۴۱۶ ۴۱۷ ۴۱۸ ۴۱۹ ۴۲۰ ۴۲۱ ۴۲۲ ۴۲۳ ۴۲۴ ۴۲۵ ۴۲۶ ۴۲۷ ۴۲۸ ۴۲۹ ۴۳۰ ۴۳۱ ۴۳۲ ۴۳۳ ۴۳۴ ۴۳۵ ۴۳۶ ۴۳۷ ۴۳۸ ۴۳۹ ۴۴۰ ۴۴۱ ۴۴۲ ۴۴۳ ۴۴۴ ۴۴۵ ۴۴۶ ۴۴۷ ۴۴۸ ۴۴۹ ۴۵۰ ۴۵۱ ۴۵۲ ۴۵۳ ۴۵۴ ۴۵۵ ۴۵۶ ۴۵۷ ۴۵۸ ۴۵۹ ۴۶۰ ۴۶۱ ۴۶۲ ۴۶۳ ۴۶۴ ۴۶۵ ۴۶۶ ۴۶۷ ۴۶۸ ۴۶۹ ۴۷۰ ۴۷۱ ۴۷۲ ۴۷۳ ۴۷۴ ۴۷۵ ۴۷۶ ۴۷۷ ۴۷۸ ۴۷۹ ۴۸۰ ۴۸۱ ۴۸۲ ۴۸۳ ۴۸۴ ۴۸۵ ۴۸۶ ۴۸۷ ۴۸۸ ۴۸۹ ۴۹۰ ۴۹۱ ۴۹۲ ۴۹۳ ۴۹۴ ۴۹۵ ۴۹۶ ۴۹۷ ۴۹۸ ۴۹۹ ۵۰۰ ۵۰۱ ۵۰۲ ۵۰۳ ۵۰۴ ۵۰۵ ۵۰۶ ۵۰۷ ۵۰۸ ۵۰۹ ۵۱۰ ۵۱۱ ۵۱۲ ۵۱۳ ۵۱۴ ۵۱۵ ۵۱۶ ۵۱۷ ۵۱۸ ۵۱۹ ۵۲۰ ۵۲۱ ۵۲۲ ۵۲۳ ۵۲۴ ۵۲۵ ۵۲۶ ۵۲۷ ۵۲۸ ۵۲۹ ۵۳۰ ۵۳۱ ۵۳۲ ۵۳۳ ۵۳۴ ۵۳۵ ۵۳۶ ۵۳۷ ۵۳۸ ۵۳۹ ۵۴۰ ۵۴۱ ۵۴۲ ۵۴۳ ۵۴۴ ۵۴۵ ۵۴۶ ۵۴۷ ۵۴۸ ۵۴۹ ۵۵۰ ۵۵۱ ۵۵۲ ۵۵۳ ۵۵۴ ۵۵۵ ۵۵۶ ۵۵۷ ۵۵۸ ۵۵۹ ۵۶۰ ۵۶۱ ۵۶۲ ۵۶۳ ۵۶۴ ۵۶۵ ۵۶۶ ۵۶۷ ۵۶۸ ۵۶۹ ۵۷۰ ۵۷۱ ۵۷۲ ۵۷۳ ۵۷۴ ۵۷۵ ۵۷۶ ۵۷۷ ۵۷۸ ۵۷۹ ۵۸۰ ۵۸۱ ۵۸۲ ۵۸۳ ۵۸۴ ۵۸۵ ۵۸۶ ۵۸۷ ۵۸۸ ۵۸۹ ۵۹۰ ۵۹۱ ۵۹۲ ۵۹۳ ۵۹۴ ۵۹۵ ۵۹۶ ۵۹۷ ۵۹۸ ۵۹۹ ۶۰۰ ۶۰۱ ۶۰۲ ۶۰۳ ۶۰۴ ۶۰۵ ۶۰۶ ۶۰۷ ۶۰۸ ۶۰۹ ۶۱۰ ۶۱۱ ۶۱۲ ۶۱۳ ۶۱۴ ۶۱۵ ۶۱۶ ۶۱۷ ۶۱۸ ۶۱۹ ۶۲۰ ۶۲۱ ۶۲۲ ۶۲۳ ۶۲۴ ۶۲۵ ۶۲۶ ۶۲۷ ۶۲۸ ۶۲۹ ۶۳۰ ۶۳۱ ۶۳۲ ۶۳۳ ۶۳۴ ۶۳۵ ۶۳۶ ۶۳۷ ۶۳۸ ۶۳۹ ۶۴۰ ۶۴۱ ۶۴۲ ۶۴۳ ۶۴۴ ۶۴۵ ۶۴۶ ۶۴۷ ۶۴۸ ۶۴۹ ۶۵۰ ۶۵۱ ۶۵۲ ۶۵۳ ۶۵۴ ۶۵۵ ۶۵۶ ۶۵۷ ۶۵۸ ۶۵۹ ۶۶۰ ۶۶۱ ۶۶۲ ۶۶۳ ۶۶۴ ۶۶۵ ۶۶۶ ۶۶۷ ۶۶۸ ۶۶۹ ۶۷۰ ۶۷۱ ۶۷۲ ۶۷۳ ۶۷۴ ۶۷۵ ۶۷۶ ۶۷۷ ۶۷۸ ۶۷۹ ۶۸۰ ۶۸۱ ۶۸۲ ۶۸۳ ۶۸۴ ۶۸۵ ۶۸۶ ۶۸۷ ۶۸۸ ۶۸۹ ۶۹۰ ۶۹۱ ۶۹۲ ۶۹۳ ۶۹۴ ۶۹۵ ۶۹۶ ۶۹۷ ۶۹۸ ۶۹۹ ۷۰۰ ۷۰۱ ۷۰۲ ۷۰۳ ۷۰۴ ۷۰۵ ۷۰۶ ۷۰۷ ۷۰۸ ۷۰۹ ۷۱۰ ۷۱۱ ۷۱۲ ۷۱۳ ۷۱۴ ۷۱۵ ۷۱۶ ۷۱۷ ۷۱۸ ۷۱۹ ۷۲۰ ۷۲۱ ۷۲۲ ۷۲۳ ۷۲۴ ۷۲۵ ۷۲۶ ۷۲۷ ۷۲۸ ۷۲۹ ۷۳۰ ۷۳۱ ۷۳۲ ۷۳۳ ۷۳۴ ۷۳۵ ۷۳۶ ۷۳۷ ۷۳۸ ۷۳۹ ۷۴۰ ۷۴۱ ۷۴۲ ۷۴۳ ۷۴۴ ۷۴۵ ۷۴۶ ۷۴۷ ۷۴۸ ۷۴۹ ۷۵۰ ۷۵۱ ۷۵۲ ۷۵۳ ۷۵۴ ۷۵۵ ۷۵۶ ۷۵۷ ۷۵۸ ۷۵۹ ۷۶۰ ۷۶۱ ۷۶۲ ۷۶۳ ۷۶۴ ۷۶۵ ۷۶۶ ۷۶۷ ۷۶۸ ۷۶۹ ۷۷۰ ۷۷۱ ۷۷۲ ۷۷۳ ۷۷۴ ۷۷۵ ۷۷۶ ۷۷۷ ۷۷۸ ۷۷۹ ۷۸۰ ۷۸۱ ۷۸۲ ۷۸۳ ۷۸۴ ۷۸۵ ۷۸۶ ۷۸۷ ۷۸۸ ۷۸۹ ۷۹۰ ۷۹۱ ۷۹۲ ۷۹۳ ۷۹۴ ۷۹۵ ۷۹۶ ۷۹۷ ۷۹۸ ۷۹۹ ۸۰۰ ۸۰۱ ۸۰۲ ۸۰۳ ۸۰۴ ۸۰۵ ۸۰۶ ۸۰۷ ۸۰۸ ۸۰۹ ۸۱۰ ۸۱۱ ۸۱۲ ۸۱۳ ۸۱۴ ۸۱۵ ۸۱۶ ۸۱۷ ۸۱۸ ۸۱۹ ۸۲۰ ۸۲۱ ۸۲۲ ۸۲۳ ۸۲۴ ۸۲۵ ۸۲۶ ۸۲۷ ۸۲۸ ۸۲۹ ۸۳۰ ۸۳۱ ۸۳۲ ۸۳۳ ۸۳۴ ۸۳۵ ۸۳۶ ۸۳۷ ۸۳۸ ۸۳۹ ۸۴۰ ۸۴۱ ۸۴۲ ۸۴۳ ۸۴۴ ۸۴۵ ۸۴۶ ۸۴۷ ۸۴۸ ۸۴۹ ۸۵۰ ۸۵۱ ۸۵۲ ۸۵۳ ۸۵۴ ۸۵۵ ۸۵۶ ۸۵۷ ۸۵۸ ۸۵۹ ۸۶۰ ۸۶۱ ۸۶۲ ۸۶۳ ۸۶۴ ۸۶۵ ۸۶۶ ۸۶۷ ۸۶۸ ۸۶۹ ۸۷۰ ۸۷۱ ۸۷۲ ۸۷۳ ۸۷۴ ۸۷۵ ۸۷۶ ۸۷۷ ۸۷۸ ۸۷۹ ۸۸۰ ۸۸۱ ۸۸۲ ۸۸۳ ۸۸۴ ۸۸۵ ۸۸۶ ۸۸۷ ۸۸۸ ۸۸۹ ۸۹۰ ۸۹۱ ۸۹۲ ۸۹۳ ۸۹۴ ۸۹۵ ۸۹۶ ۸۹۷ ۸۹۸ ۸۹۹ ۹۰۰ ۹۰۱ ۹۰۲ ۹۰۳ ۹۰۴ ۹۰۵ ۹۰۶ ۹۰۷ ۹۰۸ ۹۰۹ ۹۱۰ ۹۱۱ ۹۱۲ ۹۱۳ ۹۱۴ ۹۱۵ ۹۱۶ ۹۱۷ ۹۱۸ ۹۱۹ ۹۲۰ ۹۲۱ ۹۲۲ ۹۲۳ ۹۲۴ ۹۲۵ ۹۲۶ ۹۲۷ ۹۲۸ ۹۲۹ ۹۳۰ ۹۳۱ ۹۳۲ ۹۳۳ ۹۳۴ ۹۳۵ ۹۳۶ ۹۳۷ ۹۳۸ ۹۳۹ ۹۴۰ ۹۴۱ ۹۴۲ ۹۴۳ ۹۴۴ ۹۴۵ ۹۴۶ ۹۴۷ ۹۴۸ ۹۴۹ ۹۵۰ ۹۵۱ ۹۵۲ ۹۵۳ ۹۵۴ ۹۵۵ ۹۵۶ ۹۵۷ ۹۵۸ ۹۵۹ ۹۶۰ ۹۶۱ ۹۶۲ ۹۶۳ ۹۶۴ ۹۶۵ ۹۶۶ ۹۶۷ ۹۶۸ ۹۶۹ ۹۷۰ ۹۷۱ ۹۷۲ ۹۷۳ ۹۷۴ ۹۷۵ ۹۷۶ ۹۷۷ ۹۷۸ ۹۷۹ ۹۸۰ ۹۸۱ ۹۸۲ ۹۸۳ ۹۸۴ ۹۸۵ ۹۸۶ ۹۸۷ ۹۸۸ ۹۸۹ ۹۹۰ ۹۹۱ ۹۹۲ ۹۹۳ ۹۹۴ ۹۹۵ ۹۹۶ ۹۹۷ ۹۹۸ ۹۹۹ ۱۰۰۰

رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ۝ قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ

اور وہ مریم کے لیے صحیح وسالم آدمی کی صورت بنگئے (مریم نے) کہا کہ اگر تو نیک ہے تو میں تجھ سے ضرور

بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ۝ قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ

خدا کی پناہ مانگتی ہوں (کہ تو مجھ سے کوئی غرض نہ رکھے) (روح الامین نے) عرض کی کہ میں تو تمہارے پروردگار کا

رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ۝ قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ

فرستادہ ہوں کہ تمہیں ایک پاک وپاکیزہ لڑکا دیدوں (مریم نے) فرمایا میرے لڑکا کہاں سے ہوگا؟ حالانکہ مجھے

غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ۝ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ

کسی مرد نے نہیں چھوا اور نہ میں بدکار ہوں (روح الامین نے) کہا یونہی ہوگا

قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ

تمہارے پروردگار نے فرمایا ہے کہ وہ امر (بے باپ کے بیٹا پیدا کردینا) میرے لیے آسان ہے اور اس سے غرض یہ ہے کہ ہم اسکو کل

وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ۝ فَحَمَلَتْهُ

آدمیوں کے لیے ایک نشانی اور اپنی طرف سے رحمت قرار دیں اور یہ معاملہ طے ہو چکا ہے پس وہ (حضرت مریم) روح اللہ

فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ۝ فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى

سے حاملہ ہوگئیں اور اپنے اس حمل کو لیے ہوئے ایک دور کے مکان میں چلی گئیں پھر دردِ زہ انکو ایک کھجور کے درخت کی جڑ میں

جِذْعِ النَّخْلَةِ ۚ قَالَتْ يٰلَيْتَنِيْ مِتُّ قَبْلَ هٰذَا وَكُنْتُ

لے آیا وہ کہنے لگیں کاش میں اس سے پہلے مرجاتی اور بھولی بسری

نَسْيًا مَّنْسِيًّا ۝ فَنَادٰىهَا مِنْ تَحْتِهَآ اَلَّا تَحْزَنِيْ قَدْ

ہوجاتی پس اسکے نیچے سے اس (بچے) نے آواز دی کہ رنجیدہ مت ہو کہ تمہارے پروردگار نے

جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ۝ وَهُزِّيْٓ اِلَيْكِ بِجِذْعِ

تمہارے پاؤں کے نیچے تو ایک چشمہ جاری کردیا ہے اور اس کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلاؤ کہ تازہ تازہ

النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ۝ فَكُلِيْ وَاشْرَبِيْ وَ

خرمے تم پر ٹپک پڑینگے پس (خرمے) کھاؤ اور (چشمہ کا پانی) پیو اور

ربع

قَرِّيْ عَيْنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ اَحَدًا فَقُوْلِيْٓ اِنِّيْ نَذَرْتُ

آنکھیں ٹھنڈی کرو پھر اگر کوئی آدمی نظر پڑ جائے تو اُس سے (اشارہ سے) کہدینا کہ میں نے خدا کے لیے

لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا فَلَنْ اُكَلِّمَ الْيَوْمَ اِنْسِيًّا ۝ فَاَتَتْ بِهٖ

(خاموش رہنے کا) سُنتی روزہ رکھا ہے لہذا میں آج کسی انسان سی ہرگز بات نہ کرونگی پس (حضرت مریم) اُس

قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ۭ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْـــًٔا فَرِيًّا ۝

بچے کو لیے ہوئے اپنے لوگوں کے پاس آئیں وہ بولے کہ اے مریم یہ تو تم ناموزوں چیز لائیں

يٰٓاُخْتَ هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ

اے مقدس عورت نہ تیرا باپ کوئی بُرا آدمی تھا اور نہ تیری ماں

اُمُّكِ بَغِيًّا ۝ فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ ۭ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ

بدکار تھی پس مریم نے اُس (بچے) کی طرف اشارہ کر دیا وہ بولے کہ ہم اُس سے کیونکر بات کریں جو

كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا ۝ قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۭ اٰتٰىنِيَ الْكِتٰبَ

گہوارہ میں بچہ ہے وہ (بچہ بہ قدرت خدا) گویا ہوا کہ میں اللہ کا بندہ ہوں اُسنے مجھے کتاب عطا فرمائی ہے

وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا ۝ وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ وَ

اور مجھے نبی بنایا ہے اور جہاں کہیں میں ہوں مجھے برکت والا مقرر کیا ہے اور جب تک میں

اَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ۝ وَّبَرًّا

زندہ رہوں مجھے نماز (ادا کرنے) کا اور زکوٰۃ (فطرہ دینے) کا حکم دیا ہے اور مجھے میری والدہ

بِوَالِدَتِيْ وَلَمْ يَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا شَقِيًّا ۝ وَالسَّلٰمُ عَلَيَّ

کا مطیع بنایا ہے اور مجھے سخت گیر (اور) بدبخت نہیں بنایا ہے اور خاص سلامتی مجھپر اُس دن بھی

يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ۝ ذٰلِكَ

ہے جسدن پیدا کیا گیا اور اُس دن بھی ہوگی جس دن مرونگا اور اُسدن بھی جسدن زندہ کر کے اُٹھایا جاؤنگا یہی ہیں

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝

عیسیٰ ابن مریم سچی بات (تنی ہی ہے) جسکے بارے میں یہ لوگ جھگڑتے ہیں

سلیے کہ خود اُنکا بیان اُنکی تکذیب کے لیے کافی ہے کہ کہتے تو اُنکو خدا ہیں اور بندوں کی تمام صفتیں اُن میں ہونیکے قائل ہیں ۱۲

مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ سُبْحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا

خدا کے لیے زیبا نہیں ہے کہ وہ کسی کو بیٹا بنائے اُسکی ذات منزہ ہے (اُسکی شان یہ ہے کہ) جب کسی معاملہ کو طے کر چکتا ہے تو

فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ

سوائے اسکے نہیں ہے کہ وہ اسکی نسبت فرمائے کہ ہو اور وہ ہو جائے اور (یہ بھی فرمایا کہ) اللہ میرا بھی پروردگار ہے اور

فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ فَاخْتَلَفَ

تمہارا بھی پروردگار ہے پس تم اُسی کی عبادت کرو۔ سیدھا راستہ یہی ہے پھر اُن میں سے گروہ کے گروہ

الْاَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ

مختلف ہو گئے پس اُن لوگوں کے لیے جو کافر ہو گئے اُس سخت دن کی

مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ ۙ يَوْمَ يَاْتُوْنَنَا

حاضری بہت ہی افسوس ناک ہوگی جسدن وہ ہماری حضور میں آئینگے اُسدن وہ کیسے بڑے سننے والے اور کیسے بڑے

لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَاَنْذِرْهُمْ

دیکھنے والے ہونگے لیکن آج تو یہ نافرمان کھلی گمراہی میں ہیں اور انکو اُس حسرت کے دن

يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ

سے ڈراؤ جبکہ کل معاملہ ہی طے کر دیا جائیگا حالانکہ (آج) وہ غفلت میں ہیں اور وہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا

ایمان نہیں لاتے بیشک ہم ہی زمین کے وارث ہونگے اور اُنکے بھی جو اُسپر ہیں

وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِبْرٰهِيْمَ ۘ اِنَّهٗ

اور سب کی بازگشت ہماری ہی طرف ہوگی اور اس کتاب میں ابراہیمؑ کا (قصہ) بیان کرو بیشک

كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ

وہ صدیق نبی تھے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ اُنہوں نے اپنے چچا سے کہا کہ چچا جان تم اُنکو کیوں پوجتے ہو

مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْئًا ۝ يٰٓاَبَتِ

جو نہ سنتے ہیں اور نہ تمہیں دیکھتے ہیں اور نہ تمہارے کچھ کام آسکتے ہیں چچا جان

ع ۲ ۵ ۵

اِنِّیْ قَدْ جَآءَنِیْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ یَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِیْٓ اَهْدِكَ

مجھے یقیناً وہ علم ملا ہے جو آپکو نہیں ملا پس آپ میری پیروی کیجیے میں آپ کو ٹھیک رستہ

صِرَاطًا سَوِیًّا ○ یٰٓاَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّیْطٰنَ ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ

بتلا دونگا چچا جان شیطان کے بندے نہ بنیے بیشک شیطان

كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِیًّا ○ یٰٓاَبَتِ اِنِّیْٓ اَخَافُ اَنْ یَّمَسَّكَ

خدا کا نافرمان (بندہ) ہے چچا جان مجھے یہ اندیشہ ہے کہ آپکو خدا کی

عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّیْطٰنِ وَلِیًّا ○ قَالَ

طرف سے عذاب پہنچے پھر آپ شیطان کے ساتھی بنجائیں (آزر) بولا کہ

اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِیْ یٰٓاِبْرٰهِیْمُ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ

اے ابراہیم کیا تو میرے خداؤں سے برگشتہ ہے اگر تو باز نہ آیا تو میں ضرور تجھے

لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِیْ مَلِیًّا ○ قَالَ سَلٰمٌ عَلَیْكَ ۚ

سنگسار کردونگا اور ایک عرصہ کے لیے مجھ سے جدا ہو جا فرمایا (لو چلا) تمپر میرا سلام

سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِیْ حَفِیًّا ○ وَاَعْتَزِلُكُمْ

عنقریب میں تمہارے لیے اپنے پروردگار سے گناہوں کی بخشش مانگونگا بیشک وہ مجھپر حد سے زیادہ مہربان ہے میں تم سے اور جن جن کو

وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّیْ ۫ عَسٰٓی اَلَّآ

تم خدا کے سوا پکارتے ہو اُنسے الگ ہوتا ہوں اور اپنے پروردگار سے دعا کرونگا امید ہے کہ میں اپنے پروردگار

اَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّیْ شَقِیًّا ○ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا

سے دعا کرنیکے سبب ناکام نہ رہونگا پس جسوقت وہ اُنسے اور اُن چیزوں سے جنکی

یَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ ؕ

وہ خدا کے سوا عبادت کیا کرتے تھے الگ ہوگئے تو ہمنے اُنکو اسحٰق و یعقوب عطا کیے

وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِیًّا ○ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا

اور ہر ایک کو ہمنے نبی قرار دیا اور اُن سب کو ہمنے اپنی رحمت سے حصہ دیا اور ہمنے اُن سب کے لیے

ع ۳ ۱۰ ۶

ابراہیمؑ کو پہلے ہی سے سمجھ عنایت کی تھی اور ہم اُن (کی قابلیت) سے واقف تھے
اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ
اُسوقت کو یاد کرو جبکہ اُنہوں نے اپنے چچا سے اور اپنی قوم سے یہ کہا تھا کہ یہ مورتیں چیز کیا ہیں
اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ○ قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا
جنکی تم تعظیم کرتے ہو؟ اُنہوں نے کہا تھا کہ ہمنے اپنے باپ دادا کو انکی پرستش
عٰبِدِيْنَ ○ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ
کرتے پایا فرمایا تم اور تمہارے باپ دادا بیشک کھلی گمراہی
ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ
میں تھے اُنہوں نے کہا کہ آپ کوئی حق بات لائے ہیں یا یونہی دل لگی
اللّٰعِبِيْنَ ○ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
کرنیوالے ہیں؟ فرمایا ہاں تمہارا پروردگار وہی آسمانوں کا اور زمین کا پروردگار ہے
الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۫ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ
جسنے انکو پیدا کیا ہے اور میں (بھی) اس بات پر گواہی دینے والوں میں سے
الشّٰهِدِيْنَ ○ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ
ہوں اور خدا کی قسم جب تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے تو میں تمہارے
ربع بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ○ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا
اِن بتوں کے ساتھ کوئی نہ کوئی چال ضرور چلونگا چنانچہ اُنکے بڑے کو چھوڑ کر اور سب ہی کا

اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ○ قَالُوْا

چکنا چور کر دیا تاکہ وہ اسکی طرف لوٹ کر آئیں (تو اُسے سلامت پائیں۔ جب لوٹے تو) بولے

مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ قَالُوْا

ہمارے معبودوں کی جسنے یہ گت بنائی ہے وہ بیشک بڑا ہی ظالم ہے بعض نے کہا

سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ○ قَالُوْا

کہ ہمنے تو ایک نوجوان کو جو ابراہیمؑ کے نام سے مشہور ہے انکا ذکر برائی کے ساتھ کرتے ہوئے سنا تھا وہ کہنے لگے

فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ○

ایسا ہی ہے تو اُسے آدمیوں کے روبرو لاؤ کہ وہ گواہی دیں (جب حاضر کیے گئے

قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ○ قَالَ

تو لوگ) بولے اے ابراہیمؑ کیا تونے ہی ہمارے معبودوں کی یہ گت بنائی ہے؟ فرمایا

بَلْ فَعَلَهٗ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ○

جو اُن میں سب سے بڑا ہے (معلوم ہوتا ہے کہ) اُسنے ایسا کیا ہے پس اگر یہ بولتے ہوں تو انہی سے پوچھ لو

فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ○

اُسوقت وہ اپنے اپنے دل میں سوچے اور (بجائے خود) قائل ہوئے کہ ظالم تو تم خود ہی ہو

ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ

پھر اپنے اپنے گریبانوں میں منہ ڈالے ہوئے بولے یہ تو تم یقیناً جانتے ہو کہ یہ

يَنْطِقُوْنَ ○ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا

بولتے نہیں فرمایا کیا تم خدا کو چھوڑ کر ایسوں کو پوجتے ہو جو نہ تمکو کوئی نفع

لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ○ اُفٍّ لَّكُمْ وَ

پہنچائیں اور نہ تمکو نقصان پہنچائیں تم پر بھی تف ہے اور

لِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○

اُنپر بھی جنکی تم خدا کے سوا پرستش کرتے ہو کیا تم اتنی بھی سمجھ نہیں رکھتے۔

قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانْصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ فَاعِلِينَ ۝

(اب تو کفار بگڑ کر) کہنے لگے کہ اگر تم سے ہو سکتا ہے تو اسکو جلا دو اور اپنے دیوتاؤں کی مدد کرو

قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ ۝ وَ

ہمنے کہا کہ اے آگ تو ابراہیمؑ پر ٹھنڈی ہو جا مگر سلامتی کے ساتھ اور

أَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ ۝ وَنَجَّيْنَاهُ

انہوں نے ابراہیمؑ سے چال چلی مگر ہمنے انہی کو سب سے زیادہ نقصان اٹھانیوالا کر دیا اور ہمنے ابراہیمؑ کو

وَلُوطًا إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا لِلْعَالَمِينَ ۝ وَ

اور لوطؑ کو نجات دیکر ایک ایسی زمین پر پہنچا دیا جس میں ہمنے تمام عالموں کے لیے برکت دی تھی اور

وَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ نَافِلَةً وَكُلًّا جَعَلْنَا

ہمنے اُسے (بیٹا) اسحٰقؑ اور پوتا یعقوبؑ عنایت کیے اور اُن میں سے ہمنے ہر ایک

صَالِحِينَ ۝ وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا

کو نیک بنایا اور اُنکو ہمنے ایسا امام بنایا جو ہمارے حکم کے بموجب ہدایت کرتے تھے

وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَإِقَامَ الصَّلَاةِ

اور اُنکی طرف ہمنے نیکیاں کرنیکی اور نماز پڑھنے کی اور زکوٰۃ دینے کی

وَإِيتَاءَ الزَّكَاةِ وَكَانُوا لَنَا عَابِدِينَ ۝ وَلُوطًا

وحی فرمائی اور وہ سب کے سب ہماری بندگی کرنیوالے تھے اور لوطؑ کو ہمنے

آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْقَرْيَةِ

فیصلہ کی قوت اور علم عنایت کیا اور اُنکو اُس بستی سے نجات دی

الَّتِي كَانَتْ تَعْمَلُ الْخَبَائِثَ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمَ

جو بدکاریاں کیا کرتی تھی بیشک وہ بدکار (اور) نافرمان

سَوْءٍ فَاسِقِينَ ۝ وَأَدْخَلْنَاهُ فِي رَحْمَتِنَا

لوگ تھے اور ہمنے لوطؑ کو اپنی رحمت میں داخل کر لیا

إِنَّهُ مِنَ الصَّٰلِحِينَ ۝ وَنُوحًا إِذْ نَادَىٰ مِن قَبْلُ ع ۵

یقیناً وہ نیک لوگوں میں سے تھے اور نوحؑ جبکہ اُنہوں نے ہمکو پہلے ہی پکارا تھا

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ فَنَجَّيْنَٰهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ۝

ہمنے اُنکی دعا قبول کرلی تھی اور اُنکو اور اُنکے کنبہ کو سخت مصیبت سے نجات دی تھی

وَنَصَرْنَٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِـَٔايَٰتِنَآ ۚ إِنَّهُمْ

اور اُن لوگوں کے مقابلہ میں جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ہمنے اُنکو مدد دی تھی بیشک وہ

كَانُوا قَوْمَ سَوْءٍ فَأَغْرَقْنَٰهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ وَدَاوُۥدَ

لوگ بدکار تھے پھر ہمنے اُن سب کو ڈبو بھی دیا تھا اور داؤدؑ

وَسُلَيْمَٰنَ إِذْ يَحْكُمَانِ فِى الْحَرْثِ إِذْ نَفَشَتْ فِيهِ

و سلیمانؑ جبکہ اُس کھیتی کے بارے میں فیصلہ کر رہے تھے جس میں رات کے وقت

غَنَمُ الْقَوْمِ ۖ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شَٰهِدِينَ ۝

ایک گروہ کی بکریاں چر گئی تھیں اور ہم اُنکے فیصلہ کے دیکھنے والے تھے

فَفَهَّمْنَٰهَا سُلَيْمَٰنَ ۚ وَكُلًّا ءَاتَيْنَا حُكْمًا وَعِلْمًا

پس ہمنے سلیمانؑ کو وہ فیصلہ سمجھا دیا تھا اور (یوں) فیصلہ کی قوت اور علم تو ہمنے ہر ایک کو دیا تھا

وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوُۥدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۚ وَكُنَّا

اور پہاڑوں کو ہمنے داؤدؑ کے تابع کر دیا تھا کہ اُنکے ساتھ (ساتھ) تسبیح (خدا) کیا کرتے تھے اور اسی طرح پرندوں کو

فَٰعِلِينَ ۝ وَعَلَّمْنَٰهُ صَنْعَةَ لَبُوسٍ لَّكُمْ

اور ان باتوں کے کرنیوالے ہم ہی تو تھے۔ اور ہمنے داؤدؑ کو زرہ بنانی سکھائی تھی کہ تمکو

لِتُحْصِنَكُم مِّنۢ بَأْسِكُمْ ۖ فَهَلْ أَنتُمْ شَٰكِرُونَ ۝

لڑائی میں محفوظ رکھے آیا تم اب (بھی) شکر گزار ہو

وَلِسُلَيْمَٰنَ الرِّيحَ عَاصِفَةً تَجْرِى

بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۭ وَكُنَّا بِكُلِّ
بموجب اُس سرزمین میں لیجایا کرتی تھی جسمیں ہمنے برکت دی تھی اور ہم ہرہر چیز کے
شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ۝ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ
جاننے والے ہیں اور شیاطین میں سے (اُنکے تابع وہ کر دیے تھے) جو سمندر میں)
لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ
اُنکی خاطر غوطے لگاتے تھے اور اسکے علاوہ بہت سے کام انجام دیا کرتے تھے اور ہم اُن سب کے
حٰفِظِيْنَ ۝ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ
نگہبان تھے اور ایوبؑ جسوقت اُنہوں نے اپنے پروردگار کو آواز دی کہ مجھے بیماری نے بہت ستایا
الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ
ہے حالانکہ تو سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے تو ہمنے اُنکی دعا قبول کرلی اور جو
فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ ۡ وَاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ
تکلیف اُنکو تھی وہ دفع کردی اور اپنی طرف سے رحمت کے
مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى
طور پر اور اِس غرض سے کہ عبادت کرنیوالوں کے لیے ایک یادگار رہے اُنکے اہل وعیال (جو مرچکے
لِلْعٰبِدِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ
تھے) پھر عطا کیے اور اُتنے ہی اور دیے اور اسمٰعیلؑ اور ادریسؑ اور ذوالکفلؑ اِن میں سے
كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ
ہرایک صبر کرنیوالا تھا اور اِن سب کو ہمنے اپنی رحمت میں داخل کرلیا تھا
اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ
کہ وہ یقیناً نیکوں میں سے تھے اور ذوالنون (یونسؑ) جبکہ وہ خفا ہوکر چلے گئے
مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى
تھے اور اُنکو یقین تھا کہ ہم اُنپر (رزق کی) تنگی نہ کرینگے پس وہ اندھیریوں میں پکارا

فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ

(حاکر) پکارا کہ سوائے تیرے کوئی معبود نہیں ہے

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ

میں تو اندھیرے میں آپھنسا پس ہمنے اُنکی دعا قبول کرلی اور

وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

اُنکو اُس مصیبت سے نجات دیدی اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیدیا کرتے ہیں

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا

اور زکریا نے جبوقت اپنے پروردگار کو پکارا کہ اے میرے پروردگار مجھے تنہا نہ چھوڑ یو حالانکہ تو ہی تو

وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۠ وَوَهَبْنَا

سب سے بہتر وارث ہے پس ہمنے اُنکی دعا قبول کرلی اور اُنکو عیحے (سابیٹا)

لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا

عطا کیا اور اُنکی خاطر سے اُنکی زوجہ میں (جننے کی) صلاحیت پیدا کردی بیشک وہ سب کے سب

يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّ

نیک کاموں میں جلدی کیا کرتے تھے اور امید و بیم کے ساتھ ہمسے دعا مانگا کرتے تھے

رَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ۝ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ

اور ہمارے لیے عاجزی کرنیوالے تھے اور وہ عورت (مریم) جسنے اپنی شرمگاہ کی

فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ

حفاظت کی تھی پھر ہمنے اُس میں اپنی (پیدا کی ہوئی) روح پھونک دی تھی اور ہمنے اُسکو اور اُسکے بیٹے کو

اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً

تمام عالموں کے لیے ایک معجزہ بنادیا تھا بیشک یہ تمہارا گروہ ایک ہی گروہ ہے

وَّاحِدَةً ۠ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۝

اور میں تمہارا پروردگار ہوں پس میری ہی عبادت کیا کرو

وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ۝ ع ۶ ۱۸ ۶

اور لوگوں نے اپنے دین کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا (آخر تو سب ہمارے پاس آنیوالے ہیں

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

پس جو شخص مومن ہونیکی حالت میں نیکیاں کریگا اُسکی کوشش کی ناقدری نہ

فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ۝ وَحَرٰمٌ

کی جائیگی جس حال میں کہ ہم اُسکو لکھتے جاتے ہیں اور جس بستی کو ہم

عَلٰي قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ حَتّٰٓى

ہلاک کر چکے اُسکے لیے ممانعت ہے کہ وہ رجعت کے زمانہ میں واپس نہ آئینگے یہانتک کہ

اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ

جب یاجوج اور ماجوج کھولے جائینگے اور وہ ہر بلندی پر سے پھیلتے

حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ۝ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا

چلے آئینگے اور سچا وعدہ قریب آپہنچیگا تو یکایک اُن لوگوں کی

هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يٰوَيْلَنَا

جو کافر ہو گئے تھے آنکھیں کھلی کی کھلی رہجائینگی (اور وہ یہ کہینگے) ہائے خرابی ہماری

قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝

ہم تو اس سے غفلت ہی میں رہے بلکہ ہم نافرمان تھے

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ۭ

(کہا جائیگا کہ) یقیناً تم بھی اور جنکی تم خدا کے سوا عبادت کرتے تھے وہ بھی جہنم کا ایندھن ہو

اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَاۗءِ اٰلِهَةً

تم اسی میں اُترنیوالے ہو اگر یہ خدا ہوتے تو یہ جہنم میں نہ اُترتے

مَّا وَرَدُوْهَا ۭ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

حالانکہ ان میں سے ہر ایک ہمیشہ اسی میں رہنے والا ہے

لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَهُمْ فِيهَا لَا يَسْمَعُونَ ۝ إِنَّ

اُنکی چیخ پکار اُسی میں ہوگی اور وہ اُس میں اور کچھ نہ سُن سکینگے بالتحقیق

الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا

وہ لوگ جنکے حق میں ہماری طرف سے نیکی پہلے ہی طے ہو چکی ہے وہ اُس سے

مُبْعَدُونَ ۝ لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا ۖ وَهُمْ

دور رہینگے وہ اُسکے جلنے کی آواز نہ سُنینگے اور جن جن

فِي مَا اشْتَهَتْ أَنْفُسُهُمْ خَالِدُونَ ۝ لَا يَحْزُنُهُمُ

چیزوں کو اُنکا جی چاہیگا مدام اُنہی کا لطف اُٹھاتے رہینگے (وہ قیامت کا) بڑا بھاری خوف

الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ۖ هَٰذَا يَوْمُكُمُ

اُنکو رنج نہ دیگا اور فرشتے اُنکو لینے آئینگے (اور یہ کہینگے کہ) جسدن کا تم سے

الَّذِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ۝ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ

وعدہ کیا گیا تھا وہ یہی ہے اُس دن آسمان کو ہم اس طرح لپیٹ لینگے

كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۚ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ ۚ

جس طرح خط ما کاغذ لپیٹا جاتا ہے جیسے ہمنے اول اسکو پیدا کیا تھا اُسی طرح اُسکو دوہرا دینگے

وَعْدًا عَلَيْنَا ۚ إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ۝ وَلَقَدْ كَتَبْنَا

(یہ کرنا) ہمارے ذمہ ہے اور ہم ہی ضرور اُسکے کرنیوالے ہیں اور بیشک زبور میں ہمنے بعد نصیحت کے

فِي الزَّبُورِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا

یہ لکھدیا تھا کہ (آخر میں) میرے نیک بندے زمین کے

عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ۝ إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا

وارث ہوجائینگے بیشک خدا پرست لوگوں کے لیے اسی میں

لِقَوْمٍ عَابِدِينَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً

کافی نصیحت موجود ہے اور (اے رسول) ہمنے تمکو تمام عالموں کے لیے رحمت ہی کرکے

لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ

بھیجا ہے تم کہدو کہ سوائے اسکے نہیں ہے کہ مجھے وحی کی گئی ہے کہ تمہارا معبود

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○ فَاِنْ

معبود یکتا ہے تو آیا تم اب بھی مانوگے؟ پھر اگر وہ

تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ اَدْرِيْٓ

روگرداں ہوں تو تم یہ کہدو کہ میں نے تو برابر اطلاع دی ہے اور میں یہ نہیں جانتا کہ جس چیز

اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ○ اِنَّهٗ يَعْلَمُ

کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا بعید بیشک وہ بلند آواز کی

الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ○

بات کو (بھی) جانتا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اسکو (بھی) جانتا ہے

وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ

اور میں یہ نہیں جانتا کہ شاید یہ (تاخیر) تمہارے لیے آزمائش ہو اور چند روز کا

اِلٰى حِيْنٍ ○ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا

نفع پہنچانا (رسول نے) عرض کی اے میرے پروردگار تو حق کے ساتھ فیصلہ کردے اور ہمارا پروردگار

الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ○ ع

ہی وہ رحمن ہے جس سے ان تمام باتوں پر جو تم بیان کرتے ہو مدد طلب کی جاتی ہے

سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَسَبْعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ

اے آدمیو! تم اپنے پروردگار سے ڈرو بیشک قیامت کا زلزلہ

آیاتها ۷۸ | رکوعاتها ۱۰ | کلماتها ۱۲۸۳ | حروفها ۵۴۳۲

السَّاعَةَ شَيْءٌ عَظِيمٌ ۝ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ

بہت بڑی چیز ہے جس دن تم اُس (قیامت) کو دیکھو گے

كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ

ہر دودھ پلانیوالی اُس سے غافل ہو جائیگی جسے دودھ پلایا کرتی تھی اور ہر حمل والی اپنا حمل

حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَىٰ وَمَا هُم

گرا دیگی اور تم لوگوں کو نشہ کی سی حالت میں دیکھو گے حالانکہ وہ متوالے

بِسُكَارَىٰ وَلَٰكِنَّ عَذَابَ اللَّهِ شَدِيدٌ ۝ وَمِنَ

نہونگے بلکہ خدا کا عذاب ہی سخت ہوگا اور آدمیوں میں سے

النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّبِعُ

(کوئی) کوئی ایسا بھی ہے جو بغیر علم کے خدا کے بارے میں جھگڑتا ہے اور ہر سرکش شیطان

كُلَّ شَيْطَانٍ مَّرِيدٍ ۝ كُتِبَ عَلَيْهِ أَنَّهُ مَن تَوَلَّاهُ

کی پیروی کرتا ہے اُس (شیطان) کے لیے یہ طے کر دیا گیا ہے کہ جو بھی اُس سے

فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَيَهْدِيهِ إِلَىٰ عَذَابِ السَّعِيرِ ۝

تو لا رکھیگا وہ اُسکو ضرور بہکائیگا اور اُسکو دہکتی ہوئی آگ کے عذاب تک پہنچا یگا

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ

اے آدمیو! اگر تم مبعوث ہونیکی طرف سے شک میں ہو تو (اسی سے سمجھ لو کہ ابتداءً) ہمنے تمکو

فَإِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ

مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر

مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِن مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَغَيْرِ

بستہ بوند سے پھر گوشت کے لوتھڑے سے (جو پانو) کامل الخلقت (ہو گیا) یا ناقص

مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۚ وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ

(گر گیا) تاکہ تمہارے لیے واضح کر دیں اور ہم جسکو چاہیں رحم میں ایک مدت معینہ

مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا

تک کے لیے ٹھہرائیں پھر تمکو بچہ بناکر نکالیں

ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَ

پھر تم اپنی پوری قوت کو پہنچو اور تم میں سے کوئی تو (جوان ہی) مرجائے اور

مِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ

کوئی تم میں سے بوڑھا پھونس ہوجائے کہ جاننے کے بعد پھر

مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً

انجان بنجائے اور زمین کو تم خشک اور مردہ دیکھتے ہو

فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَ

پھر جسوقت ہم اُسپر پانی اُتارتے ہیں تو وہ ہری بھری ہوجاتی ہے اور

اَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ

طرح بطرح کے لہلہاتی ہوئی نباتات کے جوڑے پیدا کردیتی ہے اِس ذکر سے غرض یہ ہے کہ اللہ

هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

وہی تو برحق ہے اور وہی مُردہ کو زندہ کردیتا ہے اور وہی ہر چیز پر پوری پوری قدرت

قَدِيْرٌ ۝ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَ

رکھنے والا ہے اور قیامت آنیوالی ہے جس میں کسی قسم کا شک نہیں اور

اَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝ وَمِنَ النَّاسِ

اللہ اُن سب کو جو قبروں میں ہیں اُٹھا کھڑا کریگا اور آدمیوں میں سے کوئی (کوئی)

مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ

ایسا بھی ہے جو اللہ کے بارے میں جھگڑتا ہے حالانکہ نہ اُسکو علم ہے اور نہ ہدایت پہنچی ہے اور نہ کوئی کتاب

مُّنِيْرٍ ۝ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ

روشنی پہنچانیوالی ہو (وہ) نرا متکبر ہے جسکی غرض یہ ہے کہ (لوگوں کو) راہ خدا سے بہکائے

لَهٗ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّنُذِیْقُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عَذَابَ

اُسکے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم جلنے کے عذاب کا اُسے مزہ

الْحَرِیْقِ ○ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ یَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَیْسَ

چکھائینگے (اور یہ کہینگے کہ) یہ اُسی عمل کا بدلہ ہے جو تیرے ہاتھوں نے پہلے کیا اور اللہ اپنے بندوں کے

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ○ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰی ع ۱۰ ۸

حق میں ظالم نہیں ہے اور آدمیوں میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو دین کے کنارے پر ہوکر

حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَیْرُ ِۨاطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ

اللہ کی عبادت کرتا ہے پھر اگر اُسکو خیر و خوبی پہنچ گئی تب تو اُس سے مطمئن ہوجاتا ہے اور اگر اُسپر کوئی

اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِۨانْقَلَبَ عَلٰی وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْیَا

مصیبت آپڑی تو منہ پھیر کے پلٹ جاتا ہے ایسا شخص دنیا اور آخرت دونو

وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ ○ یَدْعُوْا

کی طرف سے ٹوٹے میں ہے (اور) یہی صریح نقصان ہے وہ اللہ کو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَضُرُّهٗ وَمَا لَا یَنْفَعُهٗ ۭ ذٰلِكَ

چھوڑ کر اُس چیز کو پکارتا ہے جو نہ اُسے ضرر پہنچائے ورنہ اُسے نفع پہنچائے یہی تو

هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِیْدُ ○ یَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗٓ اَقْرَبُ

بڑی گمراہی ہے (بلکہ) وہ تو اُسکو پکارتا ہے جسکا ضرر نفع کی بہ نسبت

مِنْ نَّفْعِهٖ ۭ لَبِئْسَ الْمَوْلٰی وَلَبِئْسَ الْعَشِیْرُ ○

زیادہ یقینی ہے وہ بہت ہی بُرا مددگار اور بہت ہی بُرا رفیق ہے

اِنَّ اللّٰهَ یُدْخِلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

بیشک اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ

ایسی جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے نہریں جاری ہیں بیشک اللہ جو چاہتا ہے

مَا يُرِيدُ ○ مَنْ كَانَ يَظُنُّ أَنْ لَنْ يَنْصُرَهُ اللَّهُ فِي

کرتا ہے جس شخص کو یہ گمان ہو گیا ہو کہ اللہ اُسکی دنیا اور آخرت میں ہرگز

الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاءِ

مدد نہ کریگا پس اُسکو چاہیے کہ آسمان کی طرف ایک رسی تانے

ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهُ مَا يَغِيظُ ○

پھر اُسے گلے میں ڈالکر لٹک جائے پھر دیکھے کہ آیا اُسکی یہ تدبیر غیظ دلانیوالی چیز کو رفع کرتی ہے یا نہیں

وَكَذَٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَأَنَّ اللَّهَ يَهْدِي

اور اس طرح ہمنے اِس قرآن کو کھلی آیتیں کرکے اُتارا ہے اور اللہ جسکی چاہتا ہے راہبری

مَنْ يُرِيدُ ○ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا

فرماتا ہے بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہو گئے

وَالصَّابِئِينَ وَالنَّصَارَىٰ وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا

اور ستارہ پرست اور نصارے اور آتش پرست اور جن لوگوں نے شرک کیا

إِنَّ اللَّهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ

قیامت کے دن خدا یتعالےٰ اِن سب کے مابین فیصلہ فرمائیگا یقیناً اللہ ہر چیز کا

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ○ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَسْجُدُ لَهُ مَنْ

دیکھنے والا ہے کیا تُنے اس میں غور نہیں کیا کہ جو آسمانوں میں ہیں اور

فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند

وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ وَكَثِيرٌ

اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور بہت سے آدمی اللہ ہی

مِنَ النَّاسِ ۖ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۗ وَمَنْ

کو سجدہ کرتے ہیں اور بہت سے عذاب کے مستحق ہو گئے ہیں اور جسکی

يُهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا

خدا اہانت کرے اُسکو عزت دینے والا کوئی نہیں ہوگا بیشک اللہ جو چاہتا ہے

يَشَآءُ ۝ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۖ

کرتا ہے یہ دونو (آپس میں) دشمن ہیں جو اپنے پروردگار کے بارے میں جھگڑتے رہے

فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ يُّصَبُّ

پس جو کافر ہوگئے اُنکے لیے آگ کے کپڑے قطع کردیے گئے (اور) اُنکے

مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۝ يُصْهَرُ بِهٖ مَا

سروں پر گرم پانی اُنڈیلا جائیگا جسکے ذریعے سے جو کچھ اُنکے

فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۝ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ

پیٹ میں ہوگا وہ اور اُنکی کھالیں پگھلادی جائینگی اور اُنکے لیے لوہے کے ہتوڑے

حَدِيْدٍ ۝ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ

ہیں جسوقت تکلیف کے سبب وہ یہ ارادہ کرینگے کہ اُس میں سے نکلیں

غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۠ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝

اُسی میں لوٹا دیے جائینگے اور (اُنسے یہ کہا جائیگا کہ) جلنے کے عذاب کا مزا چکھو

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

بالتحقیق اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے ایسی

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا

جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں اُن بہشتوں میں اُنکو

مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا

سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائینگے اور (وہاں) پوشاک اُنکی

حَرِيْرٌ ۝ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَ

ریشمی ہوگی وجہ یہ ہے کہ اُنہوں نے پاکیزہ کلمہ کی ہدایت پائی تھی اور

هُدُوْٓا اِلَى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

خدائے حمید کے راستہ کی ہدایت پائی تھی) بیشک جو کافر ہو گئے

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ

اور لوگوں کو راہ خدا سے اور مسجد الحرام سے روکتے ہیں جس میں

جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ِ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ؕ

ہمنے سب آدمیوں کا حق برابر رکھا ہے وہاں کا رہنے والا ہو تو اور باہر سے آنیوالا ہو تو

وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۭ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ

اور جو اُس میں ناحق کجی کا خواستگار ہوگا اُسکو ہم دردناک عذاب کا مزہ چکھائینگے

اَلِيْمٍ ○ وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ ع ۳

اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے ابراہیمؑ کو بیت اللہ کے پاس اس غرض سے جگہ دی کہ

لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ

میرا کسی چیز کو شریک نہ کرو اور میرے مکان کو طواف کرنیوالوں کے لیے اور قیام کرنیوالوں کے لیے اور رکوع و سجود

وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ○ وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ

کرنیوالوں کے لیے پاک وصاف رکھو اور لوگوں کو حج کے لیے اعلان دو کہ وہ تمہارے

يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ

پاس پیدل آئیں اور تمام دور کے راستوں سے (دبلے) دبلے اونٹوں پر

كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ○ لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا

سوار ہوکر چلے آئیں تاکہ وہ اپنے دینی اور دنیوی نفعے بھی دیکھیں اور معلوم دنوں

اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ

میں جو چوپائے خدانے اُنکو عطا کیے ہیں خدا کا نام لیکر اُنکی

مِّنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا

قربانی (بھی) کریں پس اُن میں سے خود بھی کھاؤ اور مصیبت زدہ

الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ۝ ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا

محتاجوں کو (بھی) کھلاؤ پھر چاہیے کہ اپنی کثافتیں دور کریں اور اپنی نذریں

نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝ ذٰلِكَ ۚ

پوری کریں اور اس آزاد خانۂ (خدا) کا طواف کریں یہ تو ہو چکا

وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ

اور جو شخص احکام خدا کی عظمت کریگا تو وہ اُسکے لیے اُسکے رب کے نزدیک بہت ہی اچھا ہے

وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ

اور تمہارے لیے چوپائے حلال کیے گئے ہیں سوائے اُنکے جنکا ذکر تمکو سنایا جائیگا

فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ

پس اب تم بتوں کی گندگی سے بچو اور تمام لہو و لعب کی باتوں سے

الزُّوْرِ ۝ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يُّشْرِكْ

اجتناب کرو خالص دل سے خدا کے ہو جاؤ اُسکے ساتھ شرک کرنیوالے نہ رہو اور جو شخص کسی کو اللہ کا

بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ

شریک کرتا ہے تو وہ ایسا ہے جیسے کوئی آسمان سے گر پڑا پھر اُسکو پرندے اُچک لے گئے یا

تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ۝ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ

ہوا نے اُسے اُڑا کر کسی دور کی جگہ پھینکدیا یہ تو ہوا اور جو شخص

يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ۝

خدا کی نشانیوں کی عظمت کریگا پس یہ امر دلوں کی پرہیزگاری میں شامل ہے

لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى

تمہارے لیے ایک وقت مقررہ تک قربانی کے جانوروں میں منافع ہیں پھر اسی آزاد گھر کے پاس

الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا

اُنکے حلال ہونیکا محل ہے اور ہر امت کے لیے ہمنے ایک عبادت کی جگہ

لِيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ بَهِيْمَةِ
قرار دیدی ہے کہ جو چوپائے ہمنے اُنکو رزق کے طور پر دیے ہیں اُنکو
الْاَنْعَامِ ۭ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ۭ وَبَشِّرِ
اللہ کا نام لیکر ذبح کیا کریں پس تمہارا معبود معبود یکتا ہے پس تم اُسی کے تابع ہو جاؤ اور اُن
الْمُخْبِتِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ
تضرع وزاری کرنیوالونکو خوشخبری سُنادو جنکے سامنے جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُنکے دل سہم جاتے ہیں
وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰي مَآ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَ
اور جو مصیبت اُن پر پڑتی ہے اُسپر صبر کرنیوالے ہیں اور نماز کے ادا کرنیوالے ہیں اور جو کچھ
مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا
ہمنے اُنکو دیا ہے اُسکا ایک حصہ (راہ خدا میں) خرچ کرتے ہیں اور موٹے تازے اونٹ اُنکو (بھی) ہمنے تمہارے
لَكُمْ مِّنْ شَعَاۗىِٕرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۠ فَاذْكُرُوا
لیے خدا کی نشانیوں میں سے قرار دیا ہے اُن میں تمہارے لیے (دینی اور دنیوی) نفعے ہیں پس اُنکو
اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَاۗفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا
نحر کرتے وقت خدا کا نام لیا کرو پھر جب وہ اپنے پہلوؤں کے بل گر پڑیں
فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۭ كَذٰلِكَ
تو تم خود (بھی) اُن میں سے کھایا کرو اور قناعت کرنیوالے مسکینوں اور پھیری کرنیوالے فقیروں کو (بھی) کھلایا کرو اسطرح
سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا
ہمنے اُنکو تمہارا مطیع کر دیا ہے تاکہ تم شکر گزار ہو خدا کو نہ کبھی اُنکے گوشت پہنچینگے
وَلَا دِمَاۗؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۭ كَذٰلِكَ
اور نہ اُنکے خون بلکہ اُسکو (تو) تمہاری پرہیزگاری پہنچیگی اسی طرح
سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰي مَا هَدٰىكُمْ ۭ
اُسنے اُنکو تمہارا تابع کر دیا ہے تاکہ اُس ہدایت پر جو اُسنے کی ہے تم خدا کی بڑائی (بیان) کرنے لگو

وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ

اور (اے رسول) تم نیکی کرنیوالوں کو خوشخبری سنادو۔ بالتحقیق اللہ اُن لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں (شکوک کی

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ۝ اُذِنَ لِلَّذِيْنَ

تکلیف دہی کو) دفع فرماویگا بیشک اللہ کسی خیانت کرنیوالے ناشکرے کو دوست نہیں رکھتا اُن لوگوں کو جنسے جنگ کی جاتی ہے

يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ

اِسلیے اجازت دیگئی ہے کہ اُنپر ظلم کیا گیا تھا اور بیشک اللہ اُنکو مدد دینے پر پوری پوری قدرت

لَقَدِيْرُ ۝ اِلَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ

رکھنے والا ہے جو اپنے ملک سے ناحق صرف اتنی سی بات کہنے پر نکالے گئے تھے کہ

اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ

ہمارا پروردگار اللہ ہے اور اگر خدا آدمیوں کو ایک کے ذریعہ سے دوسرے کو

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ

دفع نہ کرتا رہتا تو عبادت خانے اور گرجا اور کنیسے اور مسجدیں جن میں خدا کا

وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ

نام زیادہ لیا جاتا ہے سب گرادیے جاتے اور اللہ اُسکی مدد ضرور کریگا

مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ اَلَّذِيْنَ

جو خود اللہ کی مدد کرتا ہے بیشک اللہ قوت والا (اور) زبردست ہے وہ وہ لوگ ہیں

اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ

جنکو اگر ہم زمین میں تمکن دینگے تو وہ (باقاعدہ) نماز پڑھینگے اور زکوٰۃ دینگے

وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ

اور نیک کاموں کا حکم کرینگے اور بدی سے مانع ہونگے اور تمام کاموں کا انجام

الْاُمُوْرِ ۝ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

اللہ ہی کے ہاتھ ہے اور اگر یہ لوگ تمکو جھٹلاتے ہیں تو اُن سے پہلے

ع ۱۲ ۵ ۵ ۱۲ ۱۲ ۱۲

قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ۝ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ

نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور ابراہیم کی قوم اور لوط

لُوْطٍ ۝ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ

کی قوم اور مدین والے (اپنے اپنے نبی کو) جھٹلا چکے ہیں اور موسٰے بھی جھٹلائے گئے تھے پھر میں نے

لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝ فَكَاَيِّنْ

کافروں کو مہلت دی پھر انکو دھر پکڑا پھر میرا عذاب کیسا تھا؟ پھر کتنی ہی

مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ

بستیاں ایسی تھیں جنکو ہمنے انکی نافرمانی کے سبب ہلاک کر دیا پس وہ اپنی اپنی چھتوں پر

عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ۝ اَفَلَمْ

گری پڑی ہیں اور کتنے ہی کنوئیں بیکار پڑے ہیں اور مضبوط محل کیا وہ زمین

يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ

میں نہیں چلے پھرے کہ انکے ایسے دل ہو جاتے جن سے سمجھتے بوجھتے

بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ

یا انکے ایسے کان ہو جاتے جن سے سنتے اِسلیے کہ آنکھیں ہی اندھی نہیں ہوا کرتیں

وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ۝ وَ

بلکہ دل جو سینوں میں ہیں وہ بھی اندھے ہو جایا کرتے ہیں اور

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ؕ

(اے رسول) وہ عذاب کے بارے میں تم سے جلدی کرتے ہیں حالانکہ اللہ کبھی اپنے وعدہ کے خلاف کریگا

وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا

اور تمہارے پروردگار کے نزدیک ایک دن تمہاری گنتی سے ہزار برس کے برابر

تَعُدُّوْنَ ۝ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ

ہے اور کتنی ہی بستیاں ایسی ہوئیں جو نافرمان تھیں اور میں نے انکو

ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝ قُلْ يٰٓاَيُّهَا

مہلت دی پھر اُنکو دھر پکڑا اور میری ہی طرف بازگشت ہے تم یہ کہدو کہ اے

النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

آدمیو! سوائے اسکے نہیں ہے کہ میں تم سب کے لیے ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں پس جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝

اور جنہوں نے نیک عمل کیے اُنکے واسطے گناہوں کی بخشش ہوگی اور عزت کی روزی

وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اور جو لوگ ہماری آیتوں کے بارے میں عاجز کر دینے کی نیت سے کوشش کرتے ہیں وہی جہنمی

الْجَحِيْمِ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا

ہیں اور ہمنے تم سے پہلے کوئی رسول اور نبی نہیں بھیجا مگر یہ کہ جس وقت

نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ

اُس نے کوئی خواہش کی شیطان نے اُسکی خواہش میں کوئی (نہ کوئی) دخل دیا

فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۭ وَاللّٰهُ

پس شیطان جو دخل دیتا ہے اللہ اُسکو مٹا دیتا ہے پھر اللہ اپنی آیتوں کو مضبوط کر دیتا ہے اور اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ

جاننے والا (اور) حکمت والا ہے تاکہ شیطان نے جو دخل دیا ہے اُسکو اُن لوگوں کے لیے آزمائش

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاِنَّ

قرار دے جنکے دلوں میں روگ ہے اور اُنکے لیے جو سنگدل ہیں اور بیشک

الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ۝ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

ظالم سخت نافرمانی میں ہیں اور ایک غرض یہ بھی تھی کہ وہ لوگ

اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ

جنکو علم دیا گیا ہے وہ یہ جان لیں کہ حق تمہارے پروردگار ہی کی طرف سے ہے پس وہ اُسپر ایمان لے آئیں

ع ۶ ۱۰ ۱۳

جیسے یہاں ان دونوں کے بعد علی مرتضیٰ آگئے) ثم یحکم اللہ آیاتہ مطلب یہ ہے کہ اللہ اپنی آیتوں کو اسی طرح مضبوط کرتا رہتا ہے جیسے جناب امیر المومنین کی نصرت فرمائی۔ ۱۲

فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
پس اُنکے دل اُس کے لیے نرم ہوجائیں اور ضرور اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں صراطِ مستقیم
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
تک پہنچا دینے والا ہے اور جو لوگ کافر ہوچکے وہ تو برابر
فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ
اُسکی طرف سے شک میں رہینگے یہانتک کہ قیامت اُنکو یکایک آلیگی یا
يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ۝ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ
انوکھے دن کا عذاب اُن پر آجائیگا اختیار اُس دن خدا ہی کو ہوگا
يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
وہی اُنکے مابین فیصلہ کریگا اب جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے
فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا
وہ تو نعمت والی جنتوں میں ہونگے اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا
فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا ع ۹ ۱۴
پس اُنہی کے لیے ذلیل کرنیوالا عذاب ہوگا اور جنہوں نے راہِ خدا میں
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ
ہجرت کی پھر قتل کردیے گئے یا مرگئے ضرور اللہ تعالےٰ اُنکو بہت ہی اچھا
رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝
رزق عطا فرمائیگا اور بیشک اللہ سب سے اچھا رزق عطا کرنیوالا ہے
لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ
ضرور اُنکو ایسے مقام میں پہنچا دیگا جسکو وہ پسند کرینگے اور بیشک اللہ بڑا جاننے والا (اور)
حَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ
بُردبار ہے یہ (تو ہوگا) اور جو اتنی تکلیف پہنچائے جتنی تکلیف خود اُسکو پہنچائی گئی ہو

ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ

پھر بھی اُسکے برخلاف بغاوت کی جائے تو اللہ اُسکی نصرت ضرور کریگا بیشک اللہ بڑا معاف کرنیوالا (اور)

غَفُوْرٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ

بخشنے والا ہے یہ اسوجہ سے کہ اللہ رات کو دن میں داخل کردیتا ہے اور

يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝

دن کو رات میں داخل کردیتا ہے اور اللہ بڑا سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ

یہ اسوجہ سے کہ اللہ وہی تو حق ہے اور جسکو اللہ کے سوا پکارتے ہیں

دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ۝

وہ باطل ہے اور اللہ وہی عالیشان (اور) بڑائی والا ہے

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَتُصْبِحُ

کیا تُو نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ آسمان سے پانی اُتارتا ہے پھر زمین

الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ لَهٗ

ہری بھری ہوجاتی ہے بیشک اللہ صاحب لطف و خبر ہے جو کچھ

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُسی کا ہے اور یقیناً اللہ بے پروا (اور)

الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي ع ۱۵

قابل تعریف ہے کیا تُو نے یہ نہیں دیکھا کہ زمین میں جو کچھ ہے اللہ نے اُسکو تمہارا

الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ وَيُمْسِكُ

مطیع کردیا ہے اور کشتی سمندر میں اُسی کے حکم سے چلتی ہے اور وہ آسمان کو

السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ

اِس بات سے روکے ہوئے ہے کہ بغیر اُسکے حکم کے زمین پر گر پڑے

إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ وَهُوَ الَّذِي
ضرور خدا تعالیٰ لوگوں پر بڑا مہربانی کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور وہ وہی ہے جس نے
أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۗ إِنَّ الْإِنسَانَ
تمکو زندہ کیا پھر وہ تمکو موت دیگا پھر وہ تمکو زندہ کریگا بیشک انسان بڑا ناشکرا
لَكَفُورٌ ۝ لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ
ہے ہر امت کے لیے ہمنے ایک طریقہ بندگی مقرر کیا ہے جسپر وہ چلنے والے ہیں
فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ
پس چاہیے کہ وہ تجھ سے امر دین میں نہ جھگڑیں اور تم اپنے رب کی طرف بلائے چلے جاؤ یقیناً
لَعَلَىٰ هُدًى مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَإِن جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ
تم ہدایت مستقیم پر ہو اور اگر وہ تم سے جھگڑا ہی کریں تو کہدو کہ جو
أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝ اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
عمل تم کرتے ہو اللہ اُس سے خوب واقف ہے قیامت کے دن اللہ تمہارے مابین اُن معاملات میں
فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ
فیصلہ فرمائیگا جن میں تم اختلاف کیا کرتے تھے کیا تم یہ نہیں جانتے کہ آسمان میں
يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۗ إِنَّ ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ ۗ
اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ اُسے جانتا ہے بیشک یہ سب ایک نوشتے میں ہے
إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ۝ وَيَعْبُدُونَ مِن
بیشک یہ اللہ پر آسان ہے اور وہ اللہ کو چھوڑکر اُس چیز کو
دُونِ اللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُم
پوجتے ہیں جسکے بارے میں خدا نے کوئی دلیل نازل نہیں کی اور جسکے بارے میں اُنکو
بِهِ عِلْمٌ ۗ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ
کوئی علم نہیں ہے اور ظالموں کا کوئی (بھی) مددگار نہ ہوگا اور جبوقت اُنکے سامنے

سلسلہ

ملہ فلا ینازعنک فی الامر الخ اس سے معلوم ہوا کہ اس میں کہ بدل بن دینہ وغیرہ قبیلہ خزاعہ کے کفار نے مسلمانوں سے یہ کہا تھا کہ تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ اپنے بھائی بندوں کو چھوڑ کر ایک نئے دین کے پیچھے ہو لیے ہو وہ صحیح نہیں کھانے پیر کا

نازل ہوئی ۱۲

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ

ہماری کھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو جو لوگ کافر ہوگئے ہیں اُنکے چہروں سے تم انکار

كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ۭ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ

(کے آثار) پہچان لوگے قریب ہے کہ جو ہماری آیتیں پڑھتے ہیں

يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۭ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ

اُن پر یہ لوگ حملہ کر بیٹھیں تم کہدو کیا میں تمکو اس سے بدتر کی خبر

ذٰلِكُمُ ۭ النَّارُ ۭ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ

دوں وہ دوزخ ہے جو لوگ کافر ہوگئے ہیں اللہ نے اُنسے اُسکا وعدہ کیا ہے

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ ع ۹ ۸ ۱۲

اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے اے آدمیو! ایک مثل بیان کی گئی ہے

فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ

اُسکو غور سے سُن لو یقیناً وہ جنکو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ کبھی

يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ۭ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ

ایک مکھی بھی پیدا نہ کرسکینگے گو اسکے لیے سب کے سب جمع ہوجائیں اور اگر مکھی اُن سے کوئی چیز

الذُّبَابُ شَيْـــًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۭ ضَعُفَ الطَّالِبُ

چھین لیجائے تو اُس سے چھڑا نہ سکینگے پیچھے پڑنیوالے اور جسکے پیچھے

وَالْمَطْلُوْبُ ۝ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

پڑے وہ دونو بودے ہیں اُنھوں نے اللہ کو پہچانا ہی نہیں جیسا کہ اُسکے پہچاننے کا حق ہے بیشک اللہ

لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ

قوت والا اور زبردست ہے اللہ فرشتوں میں سے اور آدمیوں میں سے رسولوں کو

رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝

چھانٹ لیتا ہے بیشک اللہ سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ

وہ اُنکے آیندہ کا حال (بھی) جانتا ہے اور گزشتہ کا (بھی) اور اللہ ہی کی طرف

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا

کُل امور کی بازگشت ہوگی اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو تم رکوع کرو

وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ

اور سجدے کرو اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور نیکی کرو

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۭ

تاکہ تم فلاح پاؤ اور خدا کی راہ میں ایسا جہاد کرو جو حق جہاد کرنیکا ہے

هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي

اُسنے تمکو چن لیا ہے اور تم پر دین کے بارے میں کوئی سختی روا نہیں

الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۭ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ

رکھی یہ تمہارے باپ ابراہیمؑ ہی کی ملت ہے (اور) اُس (خدا) نے

سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا

پہلے ہی سے تمہارا نام مسلم (مطیع فرمانبردار) رکھا اور اِس (قرآن) میں بھی (یہی) نام رکھا)

لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا

تاکہ رسُول تمہارے اعمال و افعال پر گواہی دیں اور تم لوگوں کے

شُهَدَاۗءَ عَلَى النَّاسِ ۚ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

اعمال و افعال پر گواہی دو پس اب تم نماز پڑھو اور زکوٰۃ

الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۭ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ

دو اور اللہ پر پورا (پورا) بھروسہ رکھو وہی تمہارا کارساز ہے

فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

پس وہ سب سے بہتر کارساز اور سب سے بہتر مددگار ہے

آیاتها ۱۱۸ رکوعاتها ۶ کلماتها ۱۰۰۰ حروفها ۴۵۳۸

الجزء ۱۸ من کتاب عشر

سورة المؤمنون مكية وهي مائة وثمان عشرة آية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ

بیشک اُن مومنوں نے فلاح پائی جو اپنی نمازوں میں

صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ

خشوع کرنیوالے ہیں اور جو بیہودہ باتوں سے منہہ پھرانیوالے

مُعْرِضُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ

ہیں اور جو زکوٰۃ ادا کرنیوالے ہیں اور جو اپنی

هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا

شرمگاہوں کی حفاظت کرنیوالے ہیں سوائے اپنی ازواج کے یا اپنے ہاتھ کے مال

مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰى

(لونڈیوں) کے کہ اس صورت میں وہ قابل ملامت نہیں ہیں پس جو اسکے سوا خواہش

وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ

کرے پس وہی تو زیادتی کرنیوالے ہیں اور وہ جو اپنی امانتوں

لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى

کی اور عہد و پیمان کی رعایت کرنیوالے ہیں اور جو اپنی نمازوں کی حفاظت

صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوَارِثُوْنَ ۝

کرتے ہیں یہی لوگ تو وارث ہیں

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَلَقَدْ

جو جنت فردوس کو میراث میں لے لینگے (اور) وہ ہمیشہ اُسی میں رہنے والے ہونگے اور ضرور

خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً

ہمنے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے پیدا کیا پھر ہمنے اسکو ایک ٹھہرنی جگہ

فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا

جگہ میں نطفہ قرار دیدیا پھر ہمنے اُس نطفہ کو ایک بستہ بوند بنا دیا پس ہمنے اُس بستہ بوند

الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا

کو ایک لوتھڑا بنا دیا پس اُس لوتھڑے کو ہمنے ہڈیاں بنا دیا پس ہمنے اُن ہڈیوں پر گوشت

الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۭ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ

کی پوشش پہنائی پھر اسکے بعد ہمنے اسکی ایک دوسری صورت بنا دی تو کیسا برکت والا ہے

اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ۝

اللہ جو سب بنانیوالوں سے اچھا ہے پھر اسکے بعد تم سب ضرور مرنیوالے ہو

ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ

پھر قیامت کے دن تم دوبارہ اُٹھائے جاؤگے اور یقیناً ہمنے تمہارے اوپر سات آسمان

سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ۝ وَاَنْزَلْنَا

بنائے اور ہم مخلوق (کے پیدا کرنے) سے غافل نہیں ہیں اور ہمنے آسمان سے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّا عَلٰى

ایک اندازہ سے پانی اُتارا پھر اُسکو زمین میں ساکن کردیا اور یقیناً ہم اُسکو

ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۝ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ

دور کردینے پر قادر ہیں پھر ہمنے اُسی کے ذریعے سے تمہارے لیے کھجوروں

نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۙ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝

اور انگوروں کے باغات پیدا کیے جنمیں تمہارے لیے بہت سے میوے ہیں اور انہی میں سے تم کھایا (پیا) کرتے ہو

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ

اور ایک درخت جو طورِ سینا سے نکلتا ہے جو ایک روغن کو بھی ساتھ ہی لیئے ہوئے اُگتا ہے

وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ○ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ

اور کھانیوالوں کے لیے سالن (کا بھی) اور یقیناً تمہارے لیے چوپایوں میں ایک نصیحت ہے

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ ۙ

کہ جو کچھ اُنکے پیٹ میں ہے اُس میں سے ہم تمکو پلاتے (بھی) ہیں اور تمہارے لیے اُن میں بہت سے فائدے ہیں

وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ○ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ○

اور اُن ہی میں سے تم بعض کو کھاتے بھی ہو اور اُن پر اور کشتیوں پر لدے (پھندے) پھرتے ہو

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

اور بیشک ہمنے نوحؑ کو اُنکی قوم کی طرف بھیجا تھا پھر اُنہوں نے یہ کہا کہ اے میری قوم تم اللہ کی عبادت کرو

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ○ فَقَالَ الْمَلَؤُا

جسکے سوا تمہارا کوئی اور معبود نہیں ہے کیا تم ڈرتے نہیں؟ تو اُنکی قوم میں سے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ

جو کافر ہو گئے تھے اُنکے سرداروں نے کہا کہ یہ کچھ (بھی) نہیں ہے مگر تم ہی جیسا ایک آدمی چاہتا

اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚ

ہے کہ تم سے افضل ہو جائے اور اگر اللہ چاہتا تو فرشتے اُتارتا

مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْۤ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ○ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌ

ہمنے تو اپنے باپ دادا ؤں میں پہلے ایسی بات سُنی نہیں یہ کچھ نہیں ہے مگر ایک مرد

بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ○ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا

جسکو جنون ہو گیا ہے پس تم بھی اُسکے بارے میں کچھ انتظار کرو (نوحؑ نے) عرض کی اے میرے پروردگار جیسا انہوں نے

كَذَّبُوْنِ ○ فَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَ

مجھ کو جھٹلایا ہے تو بھی میری مدد کر پس ہمنے اُنکی طرف وحی کی کہ تم کشتی ہمارے سامنے اور ہماری وحی کے موافق تیار کرو

وَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ

پھر جسوقت ہمارا حکم پہنچے اور تنور سے فوارہ نکلے اُسوقت ہر جانور کا جوڑا اِس کشتی میں

۱ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۔ یعنی خشکی اور تری میں کہ یہ اونٹ خشکی کا جہاز مشہور ہے ۱۲ ۲ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ

فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ
داخل کر دینا اور اپنے گھر والوں کو (بٹھا لینا) سوائے اسکے جسکی بابت پہلے ہی بات
عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۖ وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ
طے ہو چکی ہے اور جو نافرمان ہو گئے ہیں انکے بارے میں مجھسے خطاب نہ کرنا
إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ ۝ فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ
وہ ضرور ڈبو دیے جائینگے پھر جسوقت تم اور جو تمہارے ساتھ ہیں ۔۔ کشتی میں
عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ
ہو بیٹھو تو یہ کہنا کہ سب تعریف اُسی اللہ کے لیے ہے جسنے ہمکو نافرمان لوگوں سے
الظَّالِمِينَ ۝ وَقُلْ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُبَارَكًا وَأَنْتَ
نجات دی اور یہ عرض کرنا کہ اے میرے پروردگار مجھے برکت کی جگہ اُتار یو اور تو ہی
خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ وَإِنْ كُنَّا
سب سے اچھا اُتارنیوالا ہے بیشک اِس میں نشانیاں ہیں اور ضرور ہم ہی آزمائش
لَمُبْتَلِينَ ۝ ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ۝
کرنیوالے ہیں پھر اُنکے بعد ہمنے اور زمانہ کے لوگ نئے سرے سے پیدا کر دیے پس
فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ
اُن میں ایک رسول اس حکم کے ساتھ بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت کرو مجھے سوا تمہارا کوئی اور
إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝ وَقَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِينَ
معبود نہیں ہے کیا تم ڈرتے نہیں ؟ اور اُنکی قوم میں سے وہ سردار جو کافر ہو گئے تھے
كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِلِقَاءِ الْآخِرَةِ وَأَتْرَفْنَاهُمْ فِي الْحَيَاةِ
اور آخرت کے آنیکو جھٹلایا کرتے تھے اور ہمنے اُنکو زندگانی دنیا کی نعمتیں دے رکھی تھیں
الدُّنْيَا مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يَأْكُلُ مِمَّا

کہنے لگے کہ یہ تو تم ہی جیسا ایک آدمی ہے جو کچھ تم کھاتے ہو اُسی میں سے

ع ۲

منزل ۴

خدا تعالیٰ کا لحاظ محفوظ رکھا ہے کہ تم پر ظلم کرے مگر اس سے امان نہیں دی کہ تمہارا امتحان نہ لے اور آزمائش کرے چنانچہ خود فرماتا ہے اِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ۝

تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ۝ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ

کھاتا ہے اور جو کچھ تم پیتے ہو اُسی میں سے یہ پیتا ہے اور اگر تم اپنے ہی جیسے آدمی

بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ

کی اطاعت کرنے لگوگے تو اُس صورت میں تم بھی ضرور نقصان اُٹھانیوالے ہوجاؤگے۔ کیا وہ تمہیں اس بات سے

اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ۝

ڈراتا ہے کہ جب تم مرجاؤگے اور مٹی اور ہڈیاں ہوجاؤگے تو تم پھر (قبروں سے) نکالے جاؤگے؟

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ۝ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا

جس بات سے تمکو ڈرایا جاتا ہے وہ بہت ہی بعید (از عقل) ہے جو کچھ بھی ہے یہی دنیا کی زندگانی

الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا

ہے جہاں ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہم مبعوث نہیں کیے جائینگے یہ کچھ اور نہیں ہے مگر

رَجُلٌ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ قَالَ

ایسا شخص جسنے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا ہے اور ہم اسپر ایمان لانیوالے نہیں ہیں۔ (اُس سوال کے جواب میں)

رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ۝ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ

کہ اے میرے پروردگار بسبب اسکے کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا تو میری مدد کر۔ خدا نے فرمایا کہ عنقریب یہ ندامت اُٹھانیوالے

نٰدِمِيْنَ ۝ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً

ہوجائینگے پھر اُنکو ایک حقیقی چیخ نے آلیا پھر ہمنے اُنکو خس و خاشاک کردیا

فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا

پس نافرمان لوگوں کے لیے دوری ہو پھر ہمنے اُنکے بعد اور زمانہ کے لوگ نئے سرے سے

اٰخَرِيْنَ ۝ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝

بنادیے کوئی گروہ نہ اپنے مقررہ وقت سے آگے بڑھ سکتا ہے اور نہ وہ پیچھے رہ سکتے ہیں

ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۭ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا

پھر ہمنے اپنے رسول لگاتار بھیجے جب کسی اُمت کا رسول اُسکے پاس آیا

كَذَّبُوهُ فَأَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَجَعَلْنَاهُمْ أَحَادِيثَ
انہوں نے اسی کو جھٹلایا پس ہمنے بھی ایک کو دوسرے کے قدم بقدم کر دیا اور انکو قصہ کہانی بنا دیا پس ان لوگوں کے لیے
فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ ۝ ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ وَأَخَاهُ
جو ایمان نہیں لاتے ہلاکت ہو پھر ہمنے موسے اور انکے بھائی ہارون
هَارُونَ ۙ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ۝ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَ
کو اپنی نشانیوں کو اور کھلے غلبہ کے ساتھ فرعون اور اسکے سرداروں کی طرف بھیجا پس
مَلَإِيْهِ فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا عَالِينَ ۝ فَقَالُوا
انہوں نے تکبر کیا اور وہ تھے ہی متکبر اور وہ کہنے لگے کہ
أَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عَابِدُونَ ۝
کیا ہم اپنے ہی جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں حالانکہ ان دونو کی قوم ہمارے ماتحت ہے؟
فَكَذَّبُوهُمَا فَكَانُوا مِنَ الْمُهْلَكِينَ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى
پس انہوں نے ان دونو کو جھٹلایا پس ہلاک ہو گئے اور ضرور ہمنے موسے کو کتاب عنایت
الْكِتَابَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ۝ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ
کی تاکہ وہ لوگ ہدایت پائیں اور ہمنے مریم کے بیٹے اور اسکی ماں کو ایک
آيَةً وَآوَيْنَاهُمَا إِلَىٰ رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَمَعِينٍ ۝ يَا أَيُّهَا
نشانی مقرر کیا اور ان دونو کو ایک اونچے پر چور ٹھہرنے کی جگہ تھی اور صاف پانی کے پاس جگہ دی اے پیغمبرو!
الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا ۖ إِنِّي بِمَا
تم پاک چیزوں میں سے کھاؤ اور نیکی کرتے رہو بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اسکا
تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝ وَإِنَّ هَٰذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً
پورا پورا جاننے والا میں ہوں اور تمہارا یہ گروہ حقیقۃً ایک ہی گروہ ہے اور میں تمہارا پروردگار
وَأَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُونِ ۝ فَتَقَطَّعُوا أَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ
ہوں پس مجھ ہی سے ڈرو پھر (امت کے لوگوں نے) اپنے معاملۂ (دین) کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے

زُبُرًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ فِيْ
کردوالا ہر فرقے کے لوگ جو کچھ اُنکے پاس ہے اُسی سے خوش ہو رہے ہیں پس تم ایک زمانہ تک اُنکو اُنکی
غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ
کی جہالت میں رہنے دو کیا یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم جو اُنکی مدد مال سے اور بیٹوں
مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ
سے کر رہے ہیں تو یہ کچھ اُنکے لیے خوبیوں کی جلدی کر رہے ہیں؟ بلکہ وہ
لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ
شعور ہی نہیں رکھتے بالتحقیق وہ لوگ جو اپنے پروردگار سے
مُّشْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝
ڈرنیوالے ہیں اور وہ جو اپنے پروردگار کی نشانیوں پر ایمان رکھتے ہیں
وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا
اور وہ لوگ جو اپنے پروردگار کا کسی کو شریک نہیں کرتے اور وہ لوگ جو دیتے ہیں جو کچھ بھی دیتے
قَوْمًا مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيرٍ مِّن قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ

تم ان لوگوں کو ڈراؤ جنکے پاس تم سے پہلے کوئی ڈرانیوالا آیا ہی نہیں ہے کہ وہ راہ پر

يَهْتَدُونَ ۝ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ

آجائیں اللہ ہی وہ ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان

وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۖ

دونو کے درمیان میں ہے اسکو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر حاوی ہو گیا

مَا لَكُم مِّن دُونِهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا شَفِيعٍ ۚ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ ۝

اسکے سوا نہ تمہارا کوئی حاکم ہے اور نہ سفارشی کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟

يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ

آسمان سے زمین تک کے معاملے کی تدبیر وہی کرتا ہے پھر اس دن میں جسکی

إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ أَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ ۝

مقدار تمہاری گنتی سے ہزار برس کی ہوگی کل معاملہ اسی کی حضور میں پیش ہوگا۔

ذَٰلِكَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

وہی چھپی اور کھلی باتوں کا جاننے والا زبردست (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے

الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنسَانِ مِن

جس نے ہر چیز کو جسے پیدا کیا بہت ہی اچھا پیدا کیا اور انسان کی پیدائش کی ابتدا مٹی سے

طِينٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِن سُلَالَةٍ مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ ۝

کی۔ پھر اسکی نسل کو ایک ذلیل پانی کے خلاصے سے قرار دیا۔

ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ

پھر اسکو ٹھیک ٹھاک کیا اور اپنی (پیدا کی ہوئی) روح اس میں پھونک دی اور تمہارے لیے کان

منزل ۵

تفسیر کتب وہ سب اوصاف چیزوں کے کرنیکا حکم دیتی ہے تمام وہ اور سلسلے بندوں کے اعمال۔ قیامت کے دن ان سب چیزوں کا اظہار زور دیگا۔ اور اس

دن کا طول تمہارے برسوں کے حساب سے ہزار برس کا ہوگا۔ (مزید توضیح کے لیے دیکھو صفحہ ۵۳۸ نوٹ ۳) ۱۲ ؛

وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا
اور آنکھیں اور دل بنادیے تم شکر ہی تھوڑا ادا کرتے ہو۔ اور انہوں نے یہ کہدیا
ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِى الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِىْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۢ
کہ کیا جب ہم زمین میں گم ہو جائینگے تو کیا ہم نئی صورت میں پیدا ہونگے؟
بَلْ هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ
اصل یہ ہے کہ وہ اپنے پروردگار کی حضور میں آنے ہی کے منکر ہیں۔ تم یہ کہدو کہ ملک الموت جو تم پر
مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِىْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ
معین کیا گیا ہے وہ تمہارا خاتمہ کریگا پھر تم اپنے پروردگار کی حضور میں
تُرْجَعُوْنَ ۝ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ ع ۱۱ ۱۴
لوٹائے جاؤ گے۔ اور کاش تم دیکھتے کہ جب یہ گنہگار اپنے پروردگار کی حضور میں سر جھکائے
عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ
کھڑے ہونگے (اور یہ عرض کرتے ہونگے کہ) اے ہمارے پروردگار اب ہماری آنکھیں اور کان کھلے اب کر ہمکو
صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ
واپس کردی تو ہم نیکی ہی نیکی کرینگے بیشک ہم یقین کرنیوالے ہو گئے ہیں۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہر ہر نفس کو توفیق ہدایت
هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّىْ لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ
دیدیتے لیکن میرا قول پورا اترا کہ میں جہنم کو جنوں سے اور آدمیوں سے سب کے ضرور ضرور
الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ
پاٹ دونگا۔ (پس ان سے کہا جائیگا کہ) اسکے عوض میں کہ تم آج کے دن کی حاضری کو
لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ ۖ وَذُوْقُوْا عَذَابَ
بھول گئے تھے مزہ چکھو (اب) ہم نے بھی تم کو بھلا دیا اور جو عمل تم
الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا

کیا کرتے تھے اسکے عوض میں ہمیشہ کے عذاب کا مزہ چکھتے رہو۔ سوائے اسکے نہیں کہ ہماری آیتوں پر ایمان

الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّدًا وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ
وہی لوگ رکھتے ہیں جنکو جسوقت بھی اُنکے ذریعہ سے نصیحت کیجاتی ہے وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور
رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۝ تَتَجَافَىٰ جُنُوبُهُمْ عَنِ
اپنے پروردگار کی حمد کی تسبیح پڑھتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔ اُنکے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں
الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ
(وہ) اپنے پروردگار سے بیم و امید کی حالت میں دعائیں مانگتے رہتے ہیں اور جو کچھ ہمنے اُنکو دیا ہے
يُنفِقُونَ ۝ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ
اُسکا ایک حصہ (ہماری راہ میں) خرچ کیا کرتے ہیں۔ پس کوئی نفس اس بات کو نہیں جانتا کہ اُنکی آنکھوں کی ٹھنڈک
أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ أَفَمَن كَانَ
کیا کیا چیزیں اُنکے لیے چھپا رکھی گئی ہیں یہ اُنکے اعمال کا بدلا ہوگا جو وہ کیا کرتے تھے۔ کیا وہ شخص جو مومن ہے
مُؤْمِنًا كَمَن كَانَ فَاسِقًا لَّا يَسْتَوُونَ ۝ أَمَّا الَّذِينَ
اُسکے مانند ہے جو فاسق ہے (دونوں ہرگز) برابر نہیں ہیں۔ (یعنی) وہ لوگ جو ایمان
آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ جَنَّاتُ الْمَأْوَىٰ
لائے اور اُنھوں نے نیک عمل کیے پس جو عمل وہ کیا کرتے تھے اُسکے عوض میں اُنکے لیے
نُزُلًا بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَأَمَّا الَّذِينَ فَسَقُوا
مہمانی کے طور پر رہنے کے (بہشتی) باغات ہونگے۔ اور رہے وہ جو نافرمان تھے پس اُنکا ٹھکانا
فَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ۖ كُلَّمَا أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا
جہنم ہے جس وقت بھی وہ ارادہ کرینگے کہ جہنم سے نکلیں
أُعِيدُوا فِيهَا وَقِيلَ لَهُمْ ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ
اُسی میں لوٹا دیے جائینگے اور اُن سے یہ کہا جائیگا کہ اب تم اُس آتش دوزخ کے عذاب کا مزہ چکھو
الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ۝ وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنَ الْعَذَابِ
جسکو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ اور یہ بھی ضرور ہے کہ اُس بڑے عذاب کے علاوہ ہم

الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ○

ایک چھوٹے عذاب کا بھی مزہ چکھائیں تاکہ وہ (زمانۂ رجعت میں) پلٹ کر آئیں۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ

اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جسکو اُسکے پروردگار کی آیتوں کے ذریعے سے نصیحت کی گئی پھر وہ اُنسے

اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ○ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

روگرداں ہوگیا۔ یقیناً ہم مجرموں سے انتقام لینے والے ہیں۔ اور بالتحقیق ہم نے موسےٰ کو

مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَ

کتاب عنایت کی پس تم اُنکی قیامت کی حاضری کے بارے میں شک میں نہ رہنا اور ہم نے

جَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ○ ج وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ

اُس کتاب کو اولادِ اسرائیل کے لیے ہدایت مقرر کیا۔ اور چونکہ اُنہوں نے صبر کیا تھا

اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا قف ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا

اور ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے ہمنے بھی اُن میں سے ایسے امام مقرر کیے جو ہمارے حکم کے بموجب

يُوْقِنُوْنَ ○ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

ہدایت کرتے تھے۔ بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُن تمام باتوں کے بارے میں جن میں وہ

فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ

اختلاف کیا کرتے تھے اُنکے مابین فیصلہ فرما دیگا۔ کیا اِس بات نے کہ ہمنے اِنسے پہلے

اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ

کتنے ہی زمانہ والوں کو جن کے گھروں میں یہ چلتے پھرتے ہیں ہلاک کردیا اِنکو کچھ بھی

مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ○

نہ سجھایا بیشک اِس میں نشانیاں موجود ہیں کیا اب بھی وہ (توجہ سے) نہیں سنتے؟

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ

کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم پانی کو چٹیل زمین کی طرف ہنکا کر لیجاتے ہیں پھر اُسکے ذریعے سے

بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ۝

کھیتی پیدا کر دیتے ہیں جس میں سے اُنکے چوپائے بھی کھاتے ہیں اور وہ خود بھی کیا اب بھی وہ (غور سے) نہیں دیکھتے

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ

اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتاؤ کہ یہ فیصلہ کب ہوگا؟ تم یہ کہدو کہ

يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ

فتح کے دن اُن لوگوں کو جو کافر ہو گئے اُنکا ایمان کچھ فائدہ نہ دیگا اور نہ اُنکو

يُنْظَرُوْنَ ۝ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ۝ ع ۳ ۸ ۱۶

مہلت دیجائیگی پس تم اُن سے روگرداں ہو جاؤ اور انتظار کرو کہ (آخر) یہ بھی تو انتظار کر رہے ہیں۔

سورة الاحزاب مدنية وهي ثلث وسبعون آية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ

اے نبی تم اللہ سے ڈرو اور کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانو

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى

بیشک اللہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔ اور جو کچھ تمہارے پروردگار کی طرف سے

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

تمہاری طرف وحی کی جاتی ہے اُسکی پیروی کرو یقیناً اللہ اُس عمل سے جو تم کیا کرتے ہو خبردار ہے

وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝ مَا جَعَلَ اللّٰهُ

اور اللہ ہی پر بھروسہ رکھو اور کارسازی کے لیے اللہ ہی کافی ہے۔ اللہ نے کسی شخص کے

لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ

سینے میں دو دل نہیں بنائے اور نہ تمہاری اُن بیبیوں کو جن سے تم

آیاتها ۷۳ | رکوعاتها ۹ | کلماتها ۱۲۱۰ | حروفها ۵۹۰۹

تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ

ظہار کرلو تمہاری ماں بنا دیا ہے اور نہ تمہارے متبنّے بیٹوں کو تمہارا (اصلی) بیٹا

اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ

بنا دیا ہے یہ تو تمہارے اپنے مُنہ کی کہن ہے اور اللہ حق حق

الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ

فرماتا ہے اور وہی ٹھیک ٹھیک راستہ بتلاتا ہے۔ لے پالکوں کو اُنکے حقیقی باپ کا کرکے

هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ

پکارا کرو کہ خدا کے نزدیک یہی بات زیادہ انصاف کی ہے پھر اگر تم اُنکے باپوں کو نہ جانتے ہو تو وہ دین میں تمہاری بھائی

فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ؕ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ

اور تمہارے (دینی) دوست ہیں۔ اور جو کچھ تم سے بھول چوک ہو جائے اُس میں تم پر کوئی

اَخْطَاْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

الزام نہیں لیکن (اُس میں ہے) جسکا قصد تمہارے دل کریں۔ اور اللہ بڑا بخشنے والا

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

(اور) رحم کرنیوالا ہے۔ نبی مؤمنین کی جانوں کا خود اُن سے زیادہ اختیار رکھنے والا ہے

وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى

اور اُسکی بیبیاں اُنکی مائیں ہیں اور رشتہ دار مؤمنین و مہاجرین میں سے خدا کے نوشتہ

بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ

کے بموجب بعض بہ نسبت بعض کے (میراث کے) زیادہ مستحق ہیں اور یہ اَور بات ہے کہ

تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ

تم اپنے اولیا کے ساتھ کچھ سلوک کرو کتاب میں لکھا ہوا حکم

مَسْطُوْرًا ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ

یہی ہے۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جس وقت ہمنے پیغمبروں سے اُنکا اپنا اپنا عہد لیا

وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ
اور تم سے اور نوح سے اور ابراہیم سے اور موسٰے سے اور عیسٰے ابن
مَرْيَمَ ۠ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝ لِّيَسْـَٔلَ
مریم سے اور ہم نے اُن سے عہد بھی سخت لیا تاکہ خدا سچائے
الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝
سچوں سے اُن کے سچ کی بابت سوال کرے اور کافروں کے لیے اُس نے دردناک عذاب تیار کیا ہے
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ
اے ایمان لانیوالو! اللہ کی نعمت جو تم پر ہے اُسے یاد کیا کرو جس وقت تم پر لشکر کے لشکر
جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَ
آچڑھے پس ہمنے اُن پر ہوا بھیجی اور ایسے لشکر جنکو تمنے نہیں دیکھا اور
كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۝ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ
جو عمل تم کیا کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے۔ (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تمپر بلندی کی طرف سے
فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَ
بھی آئے اور پستی کی طرف سے بھی اور جب مارے ڈر کے تمہاری آنکھیں کج ہوگئیں اور
بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۝
تمہارے کلیجے مُنہ کو آگئے اور تم خدا کی نسبت طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔
هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ۝
اُسی موقع پر مومنوں کی آزمائش کی گئی اور اُنکو بہت ہی سختی کے ساتھ ہلا ڈالا گیا۔
وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں روگ تھا یہ کہنے لگے کہ
مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ۝ وَاِذْ قَالَتْ
اللہ اور اُس کے رسول نے ہم سے کچھ وعدہ نہیں کیا ہے مگر زادھوکا۔ اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ

ع ٨ ٧

سورۃ ٣٣

طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَ
اُن میں سے ایک گروہ نے یہ کہدیا کہ اے یثرب کے رہنے والو اب تمہارے ٹھہرنیکی جگہ نہیں رہی اب پلٹ جاؤ اور

يَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا
اُن میں سے ایک گروہ نبی سے یہ کہکر اجازت مانگتا تھا کہ ہمارے مکان غیر محفوظ

عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۛ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ○
ہیں حالانکہ مکانات غیر محفوظ نہیں ہیں وہ تو صرف بھاگنا چاہتے ہیں۔

مغ ۱۰ عند المتقدمین ۱۲

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ
اور اگر لشکر اُن پر اطراف سے آجاتے پھر خود اُن سے فساد برپا کرنیکو کہا جاتا تو

لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ○ وَلَقَدْ كَانُوْا
ضرور برپا کر دیتے اور اس بارے میں اگر توقف کرتے بھی تو کچھ یونہی سا۔ اور یقیناً وہ پہلے سے اللہ

عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۭ وَكَانَ
سے عہد کر چکے تھے کہ پیٹھ نہ پھیرینگے اور اللہ کے عہد کی

عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ○ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ
بابت بازپرس (بھی) کی جائیگی۔ تم یہ کہدو کہ اگر تم موت یا قتل سے بھاگتے ہو تو یہ بھاگنا

فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا
تمکو ہرگز نفع نہ پہنچائیگا اور اُس صورت میں تم کو فائدہ (حیات) بھی کم

قَلِيْلًا ○ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ
دیا جائیگا۔ تم یہ کہدو کہ وہ کون ہے جو اللہ سے تمکو بچالیگا اگر وہ تمکو عذاب دینا

بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۭ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ
چاہے یا تمہارے حق میں رحمت کرنا چاہے اور وہ اللہ کے سوا کسی کو نہ اپنا کارساز

دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ○ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ
پائینگے اور نہ مددگار یقیناً اللہ تم لوگوں میں سے دیر کرنیوالوں کو بھی

مِنكُمْ وَالْقَآئِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا وَلَا يَأْتُونَ
جانتا ہے اور اپنے بھائیوں سے یہ کہنے والوں کو بھی کہ ہمارے پاس چلے بھی آؤ حالانکہ وہ لڑائی
الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ فَإِذَا جَاءَ
کے میدان میں آتے ہی کم ہیں۔ (وہ) تمہاری مدد کرنے میں سخت بخیل ہیں پھر جب خوف کی صورت
الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ
آجائے تو تم انکو دیکھو گے کہ وہ تمہاری طرف نگاہ لگائے ہوئے ہیں اور
كَالَّذِي يُغْشَىٰ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ
انکی پتلیاں اس طرح پھر رہی ہیں جیسے اس شخص کی جسپر موت کی غشی طاری ہو پھر جب خوف جاتا رہے
سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۚ أُولَٰئِكَ
تو مال غنیمت لینے کے لیے کڑے پڑتے ہیں اور طرار زبانوں سے تمہیں طعنوں کی بھرمار کرتے ہیں
لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ
یہ لوگ ایمان ہی نہیں لائے اور اللہ نے بھی انکے اعمال اکارت کر دیے اور اللہ کے نزدیک یہ بات
يَسِيرًا ۝ يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا ۖ وَإِن
آسان ہے۔ کفار کے جتھوں کی نسبت یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ گئے نہیں اور اگر
يَأْتِ الْأَحْزَابُ يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِي الْأَعْرَابِ
جتھے (دوبارہ) آجائے تو انکی خواہش یہی ہوتی کہ کاش (کہیں) جنگلوں میں بدوؤں میں ہوتے
يَسْأَلُونَ عَنْ أَنبَائِكُمْ ۖ وَلَوْ كَانُوا فِيكُم مَّا قَاتَلُوا إِلَّا
اور وہیں سے تمہاری خبریں پوچھا کرتے۔ اور اگر تم میں رہتے تو لڑائی نہ لڑتے مگر بہت ہی
قَلِيلًا ۝ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ ع ٢ ١٢ ١٨
کم (اے لوگو!) بیشک تمہارے لیے پیروی کرنیکو اچھے سے اچھا نمونہ خود رسول اللہ موجود ہیں
لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا ۝
یعنی اس شخص کے لیے جو اللہ اور قیامت کے دن کی امید رکھتا ہو اور اللہ کی بہت سی یاد کیا کرتا ہو

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ
اور جسوقت مومنوں نے کافروں کے جتھوں کو دیکھا تو یہ کہا کہ یہ وہی تو ہے جسکا اللہ نے اور اُسکے
وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّا
رسول نے ہم سے وعدہ کیا تھا اور اللہ نے اور اُسکے رسول نے سچ فرمایا تھا غرض اس آزمائش نے اُنکے ایمان
اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ۝ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا
اور تسلیم کو اور بڑھا ہی دیا مومنین میں سے ایسے مرد بھی ہیں کہ اُنھوں نے اللہ سے جو کچھ
مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَ
عہد کیا تھا اُسے سچ کر دکھایا پس بعض اُن میں سے ایسے ہیں جنکا خاتمہ ہو گیا اور اُن میں
مِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۫ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۝ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ
سے کوئی ایسا بھی ہے جو (شہادت کا) منتظر ہے اور اُنھوں نے کوئی تبدیلی نہیں کی تاکہ اللہ سچوں کو اُنکے
الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ
سچ کے موافق بدلا دے اور منافقوں کو اگر چاہے تو عذاب دے
اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝
یا اُنکی توبہ قبول کرے بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے
وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ۭ وَ
اور اُن لوگوں کو جو کافر ہو گئے تھے اللہ نے اُنکے غصہ ہی کی حالت میں لوٹا دیا کہ وہ کسی مراد کو نہ پہنچے اور
كَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۝
اللہ نے مومنوں کو لڑائی کی نوبت ہی نہ آنے دی اور اللہ صاحب قوت (اور) صاحب غلبہ ہے
وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
اور اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے اُنکی مدد کی تھی اُنکو اُنکے قلعوں سے
مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا
نیچے اُتار دیا اور اُنکے دلوں میں رعب ڈالدیا کہ تم ایک گروہ کو

تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ۝ وَاَوْرَثَكُمْ

قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو قید کرتے ہو۔ اور تم کو اُن کی زمین کا

اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ؕ

اور اُنکے گھروں کا اور اُنکے مالوں کا وارث کر دیا اور ایسی زمین کا جس پر تمہارے کبھی قدم بھی نہ آئے

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ ع ۳ ۱۹

اور اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبی تم اپنی ازواج

قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

سے یہ کہدو کہ اگر تم زندگانی دنیا اور اُسکی زینت کی

وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا

خواستگار ہو تو آؤ میں تمکو نفع پہنچا دوں اور پھر تمہیں نہایت خوبی سے

جَمِيْلًا ۝ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

رخصت کردوں۔ اور اگر تم اللہ اور اُسکے رسول کی اور آخرت کے گھر کی خواستگار ہو

وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ

تو اللہ نے تم میں سے جو نیک ہونگی اُن کے لیے بہت بڑا

مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ

اجر مہیا فرمایا ہے۔ اے نبی کی بیبیو! جو

يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ

تم میں سے کوئی کھلی بدی کریگی تو اُس کو عذاب

لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ

بھی دُہرا دیا جائیگا۔ اور اللہ پر یہ بات

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝

آسان ہے۔

الجزء والعشرون في الثلث ۲۲

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ

اور تم میں سے جو اللہ اور اُسکے رسول کی فرمانبرداری کریگی اور نیک عمل

صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا

بجالائیگی تو ہم اُسکو اُسکا اجر (بھی) دُہرا دینگے اور ہم نے اُسکے لیے اچھی روزی

رِزْقًا كَرِيْمًا ۝ يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ

(بھی) تیار کر رکھی ہے اے نبی کی عورتو! اگر تم پرہیزگاری کرو تو تم اور عورتوں کے

النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ

مانند نہیں ہو پس دبی زبان سے باتیں نہ کیا کرو کہ وہ شخص جسکے دل میں

الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَ

روگ ہے کسی طرح کا لالچ کرے اور نیک (یعنی شک سے بچی ہوئی) باتیں کیا کرو۔ اور

قَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ

اپنے گھروں میں (عزت و وقار سے) بیٹھی رہو اور قدیم جاہلیت کا سا بناؤ سنگار کرکے باہر نہ نکلا کرو

الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ

اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (برابر) اللہ

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ

اور اُسکے رسول کی اطاعت کرتی رہو۔ اے اہلبیت سوائے اسکے نہیں ہے کہ خدا یہ چاہتا ہے کہ تم سے

اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ۝ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى

ہر قسم کے جس کو دور کردے اور تمکو ایسا پاک کردے جیسا کہ پاک کرنیکا حق ہے۔ اور تمہارے گھروں میں خدا کی

فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا

آیتیں اور حکمت کی باتیں جو پڑھی جاتی ہیں اُنہیں یاد رکھو بیشک خدا تعالےٰ بڑا باریک بین

خَبِيْرًا ۝ اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ

(اور) خبردار ہے۔ یقیناً فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور ایمان والے مرد

وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ
اور ایمان والی عورتیں اور دعا کرنیوالے مرد اور دعا کرنیوالی عورتیں اور اپنے قول و فعل میں سچے مرد
وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ
اور سچی عورتیں اور صبر کرنیوالے مرد اور صبر کرنیوالی عورتیں اور گڑگڑانیوالے مرد
وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ
اور گڑگڑانیوالی عورتیں اور صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور روزہ رکھنے والے مرد
وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ
اور روزہ رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرمگاہوں کو محفوظ رکھنے والے مرد اور محفوظ رکھنے والی عورتیں
وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ
اور بہت کثرت سے خدا کی یاد کرنیوالے مرد اور یاد کرنیوالی عورتیں ان سب کے لیے خدا تعالے
مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا
نے گناہوں کی بخشش اور بہت بڑا اجر مہیا فرمایا ہے اور نہ کسی مومن مرد کے لیے یہ بات موزوں ہے اور نہ
مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ
کسی مومن عورت کے لیے کہ جب خدا اور اسکے رسول نے ایک بات طے کردی ہو تو پھر انہیں اپنے اس معاملہ میں
لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ۗ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
کچھ بھی اختیار (باقی) رہے اور جو اللہ اور اسکے رسول کی نافرمانی کریگا یقینا
فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ۝ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ
وہی تو کھلی گمراہی میں پڑیگا۔ اور (اے رسول) جبوقت تم اس سے جسپر اللہ نے
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ
بھی احسان کیا تھا اور تمنے بھی احسان کیا تھا یہ کہہ رہے تھے کہ تو اپنی زوجہ کو اپنے پاس رہنے دے
وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ
اور اللہ سے ڈر اور تم اپنے دل میں وہ بات چھپائے ہوئے تھے جسکو اللہ ظاہر کرنیوالا تھا

وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا

اور تم لوگوں (کی بدگوئی) سے ڈرتے تھے حالانکہ اللہ اس بات کا زیادہ مستحق ہے کہ تم اس سے ڈرا کرو پس جب زید

قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ

اس سے اپنی حاجت پوری کر چکا تو ہم نے اس عورت کو اس غرض سے تمہاری زوجیت میں دیدیا کہ مومنوں

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا

کے لیے انکی متبنّے اولاد کی ازواج کے بارے میں جبکہ وہ اپنی حاجت پوری کر چکا کریں کوئی

قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝۳۷ مَا

روک ٹوک نہ رہے اور خدا کا حکم ہو کر رہا۔ نبی کے

كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ

لیے اس بات میں جو اللہ نے واجب کر دی ہو کوئی روک نہیں ہے۔

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ

خدا تعالیٰ کا قاعدہ ان لوگوں میں جو پہلے گزر گئے ایک ہی چلا آتا ہے اور خدا کا حکم ایک حد پر

قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۝۳۸ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ

اندازہ کیا ہوا ہے۔ پیغمبر ایسے لوگ ہیں جو خدا کا حکم پہنچاتے ہیں

وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

اور اسی سے ڈرتے ہیں اور سوائے اللہ کے اور کسی سے نہیں ڈرتے۔ اور حساب لینے کو اللہ ہی

حَسِيْبًا ۝۳۹ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ

کافی ہے۔ محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ

لیکن وہ خدا کے رسول ہیں اور پیغمبروں کا خاتمہ۔ اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا)

شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝۴۰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا

جاننے والا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! اللہ کی یاد بہت کچھ

كَثِيرًا ۝ وَّسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَّأَصِيلًا ۝ هُوَ الَّذِي
کیا کرو اور اُسکی پاکی صبح و شام بیان کیا کرو۔ وہ وہی ہے جو خود
يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ
اور اُس کے فرشتے تم پر صلوات بھیجتے ہیں تاکہ وہ تم کو (کفر و نفاق کی) اندھیریوں سے
إِلَى النُّورِ ۚ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا ۝ تَحِيَّتُهُمْ
(ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لے اور وہ مومنوں پر بہت ہی رحم کرنیوالا ہے۔ جس دن یہ لوگ خدا
يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلٰمٌ ۚ وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْرًا كَرِيمًا ۝
سے ملینگے سلام اُنکی اعلےٰ درجہ کی مدارات ہوگا اور خدا تعالےٰ نے اُنکے لیے بہت ہی اچھا اجر تیار کر رکھا ہے
يٰٓأَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّآ أَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا ۝
اے نبی ہمنے تمکو گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا
وَّدَاعِيًا إِلَى اللّٰهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُّنِيرًا ۝ وَبَشِّرِ
اور اللہ کے حکم سے اُسکی طرف بلانیوالا اور روشنی پہنچانیوالا چراغ بنا کر بھیجا ہے۔ اور مومنین کو
الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيرًا ۝ وَلَا
یہ خوشخبری پہنچا دو کہ اللہ کی طرف سے اُنپر بہت بڑا فضل ہے۔ اور
تُطِعِ الْكٰفِرِينَ وَالْمُنٰفِقِينَ وَدَعْ أَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ
کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانو اور اُنکو ایذا دینا چھوڑ دو اور اللہ پر
عَلَى اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيلًا ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوٓا إِذَا
بھروسہ کرو اور کارسازی کے لیے اللہ ہی کافی ہے۔ اے ایمان لانیوالو! جبوقت تم نے
نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ
ایمان والی عورتوں سے نکاح کیا پھر قبل اسکے کہ تمنے اُن سے مباشرت کی ہو اُنکو طلاق دیدی
فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا ۖ فَمَتِّعُوهُنَّ وَ
تو اُنکے ذمے تمہاری خاطر کوئی عدہ نہیں ہے جسے وہ پورا کریں۔ پس تم اُنکو کچھ نفع پہنچا دو اور

سَرَاحًا جَمِيلًا ○ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا

اُنکو نہایت خوبی سے رخصت کردو۔ اے نبی بیشک ہمنے تمہارے لیے

لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ

وہ بیبیاں جن کے تم مہر دے چکے ہو اور وہ لونڈیاں جو خدا یتعالےٰ نے بطور

يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَ

مال غنیمت تمکو عطا فرمائی ہیں اور جنکے تم مالک ہوگئے ہو اور تمہارے چچا کی بیٹیاں اور

بَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ

تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تمہارے ماموؤں کی بیٹیاں اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں جو

هَاجَرْنَ مَعَكَ ۚ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ

تمہارے ساتھ ہجرت کرکے آگئی ہیں اور ہر مومن عورت اگر وہ اپنے آپ کو نبی کے

نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً

حوالے کردے بشرطیکہ نبی کا بھی ارادہ ہو کہ اُس سے نکاح کرے خاص تمہارے لیے حلال کردی ہیں

لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا

یہ حکم خالص تمہارے لیے ہے اور مومنوں کے لیے نہیں۔ ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ ہمنے اُنپر اُنکی

عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا

ازواج کے اور اُنکی لونڈیوں کے بارے میں لازم کیا ہے تاکہ تمہارے لیے کوئی

يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ○

تنگی نہ ہو اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔

تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۭ وَ

اُنمیں سے جسکو تم چاہو الگ کردو اور جسکو چاہو اپنے پاس رکھو پھر جن کو تم الگ کردیے ہو اُنمیں سے جسکو چاہو طلب

مَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۭ ذٰلِكَ

کرلو تو تمہارے ذمے کوئی الزام نہیں ہے یہ خصوصیت اِس سے قریب تر ہے کہ اُن

جماعت کی اور دو کو بھی رخصت کردیا۔ اور جب انتقال فرمایا تو نو زندہ چھوڑیں (ان سب کے نام ضمیمہ میں ملاحظہ ہوں) ۱۲ - ۱۲۔

أَدْنَىٰ أَن تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا
سب کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ رنجیدہ نہ رہیں اور جو کچھ تم نے انکو دیدیا ہے اُس سے
آتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ
وہ سب کی سب خوش رہیں اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اُسے اللہ جانتا ہے اور اللہ بڑا
عَلِيمًا حَلِيمًا ۝ لَّا يَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِن بَعْدُ وَلَا
جاننے والا (اور) بردبار ہے۔ اِس کے بعد نہ تمہارے لیے اور عورتیں حلال ہیں اور نہ
أَن تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ
یہ بات کہ تم موجودہ ازواج کے بدلے اور ازواج کرلو گو تمکو اُنکا حسن کتنا ہی اچھا معلوم ہو
إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
سوائے اُنکے جنکے تم مالک ہو جاؤ (یعنی لونڈیاں) اور اللہ ہر چیز کا نگران
رَّقِيبًا ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ ع ۱۲ ۶ ۳
ہے۔ اے ایمان لانیوالو! نبی کے گھروں میں نہ جاؤ
إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ
سوائے اِسکے کہ تم کو کھانے کے لیے اجازت دیجائے سو ایسے وقت نہ جاؤ کہ کھانا طیار ہونے کا منتظر رہو
وَلَٰكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانتَشِرُوا
بلکہ جب تم کو بُلایا جائے تو عین وقت پر جاؤ اور جیسے ہی کھانا کھا چکو فوراً متفرق ہو جاؤ
وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي
اور باتوں میں نہ لگو۔ یقیناً یہ بات نبی کو تکلیف دیتی ہے
النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنكُمْ ۖ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ ۚ وَإِذَا
پس وہ (تمہیں اپنے گھر سے نکالنے میں) شرم کرتے ہیں۔ اور اللہ حق بات (بیان کرنے) سے نہیں شرماتا اور
سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ ۚ ذَٰلِكُمْ
جب تم ازواج نبی سے کوئی چیز مانگو تو اُن سے پس پردہ سے مانگا کرو یہ بات

أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ ۚ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُؤْذُوا

دلوں کیلئے بھی بڑی پاک کرنیوالی ہے اور اُنکے دلوں کیلئے بھی) اور تمہارے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ تم رسول اللہ

رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَنْ تَنْكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِنْ بَعْدِهِ أَبَدًا ۚ

کو ایذا دو اور نہ یہ کہ تم اُنکی ازواج سے اُن کے بعد کبھی بھی نکاح کرو۔

إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللَّهِ عَظِيمًا ○ إِنْ تُبْدُوا شَيْئًا

بیشک یہ بات اللہ کے نزدیک بڑی (برائی) ہے۔ اگر تم کسی بات کو ظاہر کرو

أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ○ لَا جُنَاحَ

یا چھپاؤ تو اللہ تو ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے۔ اُن (عورتوں) پر نہ اپنے

عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ

باپوں کے سامنے ہونے میں کوئی حرج ہے اور نہ اپنے بیٹوں کے اور نہ اپنے بھائیوں کے

وَلَا أَبْنَاءِ إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاءِ أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ

اور نہ اپنے بھتیجوں کے اور نہ اپنے بھانجوں کے اور نہ اپنی بیٹیوں کے

وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِينَ اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ

اور نہ اپنی لونڈیوں کے۔ اور اُنکو چاہیے کہ اللہ سے ڈریں۔ بیشک اللہ

عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدًا ○ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ

ہر چیز کا دیکھنے والا ہے۔ بالتحقیق اللہ اور اُس کے فرشتے نبی (یعنی محمدؐ)

عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا

آلِ محمدؐ پر درود بھیجتے رہتے ہیں۔ اے ایمان لانیوالو تم بھی اُنپر درود بھیجو اور (اُنکی فضیلتوں کو)

تَسْلِيمًا ○ إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ

ایسا تسلیم کرو جیسا کہ تسلیم کرنیکا حق ہے۔ بالتحقیق جو لوگ اللہ اور اُسکے رسول کو ایذا دیتے ہیں

اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُهِينًا ○

اللہ اُن پر دنیا اور آخرت میں لعنت فرماتی ہے اور اُنکیلئے ذلیل کرنیوالا عذاب تیار کیا ہے

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ

اور جو لوگ ایماندار مردوں اور ایماندار عورتوں کو بلا قصور ایذا پہنچاتے ہیں وہ

ع ۴ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝

بہتان اور صریح گناہ کا وبال اپنے ذمے لیتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ

اے نبی! تم اپنی ازواج سے اور اپنی بیٹیوں سے اور اہل ایمان کی

الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ

عورتوں سے یہ کہدو کہ وہ اپنی چادروں سے گھونگھٹ نکال لیا کریں۔ اس سے

ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

قرین (عقل) ہے کہ وہ پہچانی جائیں اور ستائی نہ جائیں اور اللہ بڑا بخشنے والا

ربع غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ

(اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اگر منافق اور وہ لوگ جنکے دلوں میں روگ ہے

وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي

اور مدینہ میں جھوٹی خبریں اڑانیوالے باز نہ

الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ

آئے تو ہم ضرور تم کو انکے درپے کر دینگے پھر وہ اس شہر میں تمہارے پڑوس میں

ع ۱۲ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا

نہ رہینگے مگر بہت ہی کم اور ہر طرف سے انپر لعنت ہوتی رہیگی۔ وہ جہاں کہیں پائے جائینگے پکڑے جائینگے اور

وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ۝ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ

بیدریغ قتل کیے جائینگے جیسا کہ قتل کیے جانیکا حق ہے۔ اللہ کا قاعدہ ان لوگوں میں جو پہلے گزر گئے (یہی تھا) اور تم

ربع وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۝ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ

اللہ کے قاعدہ میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤگے۔ لوگ تم سے قیامت کا حال

السَّاعَةِ ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ

پوچھتے ہیں تم کہدو کہ اُسکا علم اللہ کے پاس ہے اور تمکو کیا خبر ہے شاید

السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ

قیامت قریب ہی ہو۔ بیشک اللہ نے کافروں پر لعنت کی ہے اور اُنکے

لَهُمْ سَعِيْرًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا

لیے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کی ہے جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے نہ کوئی حمایتی پائینگے اور

وَّلَا نَصِيْرًا ۝ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ

نہ کوئی مددگار۔ جس دن اُنکے منہ جہنم میں اوندھا دیے جائینگے وہ یہ کہتے ہونگے کہ

يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ۝ وَقَالُوْا رَبَّنَآ

کاش ہم اللہ کی اطاعت کرتے اور (کاش ہم) رسول کی اطاعت کرتے۔ یہ بھی عرض کرینگے کہ ای ہمارے پروردگار

اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ۝

یقیناً ہم نے اپنے سرداروں کی اور اپنے بڑی بڑوں کی اطاعت کی تھی پس اُنہوں نے ہمکو راہ راست سے بھٹکا دیا۔

رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا

ای ہمارے پروردگار! اُن کو اس عذاب کا دُہرا حصہ دے اور اُن پر لعنت (بھی) بڑی سی لعنت

كَبِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا ع ۵

کر۔ اے (ایمان لانیوالو! تم اُن لوگوں کے مانند نہ ہونا جنہوں نے موسےٰ کو ایذا

مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ۝

دی تھی پھر جو کچھ وہ لوگ کہا کرتے تھے اللہ نے موسیٰ کو تو اُس سے بری کیا اور موسیٰ اللہ کے نزدیک رُو دار تھے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝

اے ایمان لانیوالو! اللہ سے ڈرو اور ٹھیک (ٹھیک) بات کیا کرو کہ

يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ

وہ تمہاری خاطر سے تمہارے کاموں کو سنوار دے اور تمہارے گناہوں کو بخشدے اور جو اللہ اور اُس کے

وَرَسُولَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا ۝ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ

رسول کی اطاعت کریگا اُسی نے تو بڑی کامیابی حاصل کی۔ بیشک ہمنے اِس امانت کو آسمانوں

عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا

کے اور زمین کے اور پہاڑوں کے سامنے پیش کیا تو ان سب نے اُس کے اُٹھانے سے انکار کر دیا

وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا

اور اُس سے ڈر گئے اور انسان نے اُس کو اُٹھا لیا۔ یقیناً وہی (انسان) اپنے حق میں بڑا ظالم

جَهُوْلًا ۝ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

(اور) نادان تھا۔ تاکہ اللہ منافق مردوں کو اور منافق عورتوں کو اور مشرک مردوں کو اور مشرک

وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ

عورتوں کو عذاب دے اور ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کی توبہ قبول کرے

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ ع ۹ ۵ ۶

اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔

سبا

سُوْرَةُ السَّبَاِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

ہر قسم کی تعریف اُسی اللہ کے لیے زیبا ہے جس کی ملکیت آسمانوں میں جو کچھ ہے وہ (سبھی) ہے اور

الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ

زمین میں جو کچھ ہے وہ (بھی) اور ہر قسم کی تعریف آخرت میں بھی اُسی کی ہے اور وہی حکمت والا (اور)

الْخَبِيْرُ ۝ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا

صاحب خبر ہے۔ جو چیز زمین میں داخل ہوتی ہے اُسے بھی وہ جانتا ہے اور جو چیز اُس سے نکلتی ہے اُسے بھی

وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا ۚ وَهُوَ الرَّحِيمُ
اور جو آسمان سے اترتی ہے اسے بھی اور جو اس پر چڑھتی ہے اسے بھی اور وہ بڑا رحم کرنیوالا (اور)
الْغَفُورُ ○ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَأْتِينَا السَّاعَةُ ۖ
بخشنے والا ہے۔ اور جو لوگ کافر ہو گئے انہوں نے یہ کہدیا کہ ہمارے لیے قیامت (ہی) نہ آئیگی
قُلْ بَلَىٰ وَرَبِّي لَتَأْتِيَنَّكُمْ عَالِمِ الْغَيْبِ ۖ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ
تم کہدو ہاں میرے پروردگار کی قسم جو غیب کا جاننے والا ہے اور جس سے کوئی ذرہ برابر چیز آسمانوں
مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ وَلَا أَصْغَرُ
کی پوشیدہ ہے اور نہ زمین کی اور نہ اس سے چھوٹی چیز پوشیدہ ہے اور نہ بڑی مگر یہ کہ
مِنْ ذَٰلِكَ وَلَا أَكْبَرُ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ○ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ
کھلی کتاب میں سب (کا مذکور) ہے قیامت تمہارے لیے ضرور آئیگی تاکہ خدا ایسوں کو جو
آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَ
کو جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے جزائے خیر دے۔ گناہوں کی بخشش اور بہتر سی بہتر رزق
رِزْقٌ كَرِيمٌ ○ وَالَّذِينَ سَعَوْ فِي آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ
انہی کے لیے ہے۔ اور جنہوں نے ہمکو ہرانیکے لیے ہماری آیتوں کو باطل کرنے میں کوشش کی
أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِنْ رِجْزٍ أَلِيمٌ ○ وَيَرَى
دکھ دینے والی تکلیفوں کا عذاب انہی کے لیے ہے۔ اور وہ لوگ جنکو
الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ الَّذِي أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ
علم دیا گیا ہے یہ دیکھ لینگے کہ جو کچھ تمہارے رب کے پاس سے تمہاری طرف نازل کیا گیا
رَبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطِ الْعَزِيزِ
ہے وہی حق ہے اور وہی زبردست (اور) لائق تعریف (خدا) کے راستہ کی طرف ہدایت
الْحَمِيدِ ○ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلَىٰ رَجُلٍ
کرتا ہے۔ اور جو لوگ کافر ہو گئے انہوں نے یہ کہا کہ کیا ہم تمہیں ایسا شخص بتائیں جو تمہیں

ع ۱۲

لہ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ ... تا ... فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ۔ تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ سب سے پہلے

يُنَبِّئُكُمْ إِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ إِنَّكُمْ لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ ۝

یہ خبر دے کہ جب تم بالکل ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تو پھر تم از سر نو پیدا کیے جاؤ گے۔

أَفْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَمْ بِهِ جِنَّةٌ ۚ بَلِ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ

کیا اُس نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا ہے یا اُسے جنون ہی؟ (یہ تو نہیں) بلکہ جو لوگ آخرت پر ایمان

بِالْآخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلَالِ الْبَعِيدِ ۝ أَفَلَمْ يَرَوْا

نہیں رکھتے وہ عذاب میں اور بڑی گمراہی میں ہیں۔ کیا اُنہوں نے اپنے

إِلَىٰ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَ

آگے اور پیچھے اور آسمان و زمین کے متعلقات پر نظر نہیں ڈالی

الْأَرْضِ ۚ إِنْ نَشَأْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْأَرْضَ أَوْ نُسْقِطْ

اگر ہم چاہتے تو ہم اُن سمیت زمین کو دھنسا دیتے یا اُن پر آسمان کا

عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِنَ السَّمَاءِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِكُلِّ

ایک ٹکڑا گرا دیتے۔ بیشک ہر رجوع کرنیوالے بندہ کے لیے اسی میں

عَبْدٍ مُنِيبٍ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ مِنَّا فَضْلًا ۚ

نشانی موجود ہے۔ اور ضرور ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے برتری عطا کی (ہم نے پہاڑوں

يَا جِبَالُ أَوِّبِي مَعَهُ وَالطَّيْرَ ۖ وَأَلَنَّا لَهُ الْحَدِيدَ ۝

کو حکم دیا کہ) اے پہاڑو تسبیح میں اُسکا ساتھ دو اور ایسا ہی پرندوں کو (حکم دیا) اور ہم نے لوہے کو اُنکے لیے نرم کر دیا

أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ وَقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوا

(اور یہ حکم دیا کہ پوری پوری زرہیں بناؤ اور اُن کے جوڑنے میں صحیح اندازہ کا خیال رکھو اور نیکیاں

صَالِحًا ۚ إِنِّي بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ وَلِسُلَيْمَانَ

کرتے رہو بیشک جو عمل تم کرتے ہو میں اُسکا دیکھنے والا ہوں۔ اور سلیمانؑ کے لیے

الرِّيحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۖ وَأَسَلْنَا

ہم نے ہوا کو مسخر کر دیا تھا کہ اُنکی صبح کی سیر بھی ایک مہینہ کی راہ تک ہوتی تھی اور شام کی سیر بھی ایک مہینہ کی راہ تک اور اُنکی

اور سلیمان علیہما السلام کو جو معجزات ملے وہ انبیائے سابقین میں سے کسی کو نہیں ملے۔ پرندوں کی بولی اُنکو سکھائی گئی تھی۔ لوہا اور

لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ
خلط سے بہنے تانبے کا چشمہ جاری کر دیا تھا۔ اور جنوں میں سے ایسے بھی تھے جو حکم خدا سے اُنکی حضور میں کام
بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ
انجام دیتے تھے اور اُن میں سے جو ہمارے حکم سے انحراف کرتا تھا اُسکو ہم بھڑکتی آگ
عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ
کے عذاب کا مزہ چکھاتے تھے وہ (سلیمانؑ) جو جو کچھ چاہتے یہ جنات اُن کے لیے بناتے رہتے تھے
وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ؕ
(جیسے) بڑی بڑی اونچی عمارتیں اور مورتیں اور بڑے بڑے حوض سے لگن اور ایک ہی جگہ جمی رہنے والی بڑی بڑی دیگیں
اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ
اے آل داؤدؑ ہمارا شکر بجا لاؤ حالانکہ میرے بندوں میں سے شکر گزار بہت ہی
الشَّكُوْرُ ۝ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ
کم ہیں۔ پھر جب سلیمانؑ پر موت کا حکم جاری کر دیا تو اُن (کے ماتحتوں) کو
عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ
اُن کی موت کی خبر سوائے دیمک کے جو اُنکا عصا کھا گئی اور کسی نے نہیں دی۔
فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ
پھر جب وہ گرے تب جنات سمجھے کہ اگر ہم غیب جانتے ہوتے تو کبھی اِس ذلیل کرنیوالے
مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ۝ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ
عذاب میں گرفتار نہ رہتے۔ سبا والوں کے لیے اُنکے اپنے گھروں
فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ؕ جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ؕ كُلُوْا
میں (بڑی) نشانی موجود تھی۔ دائیں اور بائیں دو نوطرف دو باغ تھے (اور اُن سے کہدیا گیا
مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ
تھا کہ) اپنے پروردگار کی دی ہوئی روزی کھاؤ اور اُسکا شکر بجا لائے رہو (رہنے کو) ایسا پاکیزہ شہر ہے اور

ع ۱۰ ۱۱

غَفُوْرٌ ۝ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ
(سرکشی کو) بڑا بخشنے والا پروردگار۔ پھر (ہماری احکام سے) انہوں نے روگردانی کی تو ہمنے بھی اُنپر زور کا سیلاب بھیجدیا

وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ
اور اُنکے اُن دو باغوں کو ایسے دو باغوں سے بدل دیا جن کے پھل کڑوے تھے اور کچھ جھاؤ

وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ۝ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا
تھا اور کچھ تھوڑی بہت بیری۔ اُنکے کفرانِ نعمت کے بدلے ہمنے اُن کو یہ بدلا دیا تھا

وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ۝ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ
اور کفرانِ نعمت کرنیوالوں کو سوا ایسی سزا کے ہم کسی اور کو تھوڑا ہی دیتے ہیں۔ اور اُنکے مابین اور اُن بستیوں کے مابین

الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا
جن کو ہمنے برکت دی تھی ہمنے کچھ ایسی بستیاں بھی رکھی تھیں جو ایک دوسری دکھائی دیتی تھیں اور اُنکے مابین چلنا

السَّيْرَ ۭ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ۝ فَقَالُوْا
مقرر کر دیا تھا (اور یہ حکم دیدیا تھا کہ) اِن میں راتوں کو اور دنوں میں بے کھٹکے چلو (پھرو) پھر اُنہوں نے عرض کی

رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ
کہ اے ہماری پروردگار تو ہماری منزلوں کو دور کر دے اس طرح اُنہوں نے اپنی ہی اوپر ظلم کیا۔ پس ہمنے بھی اُنکو پورا

اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
افسانہ بنا دیا اور ہمنے اُن کو پورا پورا تتر بتر کر دیا بیشک اِس واقعے میں ہر بڑے

لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ
صبر و شکر کرنیوالے کے لیے نشانیاں موجود ہیں۔ اور یقیناً ابلیس نے اُنکے بارے میں اپنی

اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
رائے کو سچ کر دکھایا کہ سوائے مومنوں کے ایک گروہ کے سب ہی تو اُس کے پیرو ہو گئے۔

وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ
اور اُسکا اُن پر کوئی قابو تو تھا نہیں مگر اِس لیے کہ ہم اُنکو جو آخرت پر ایمان رکھتے ہیں

يُؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ۭ وَرَبُّكَ

اُن سے جو اُس کی طرف سے شک میں ہیں الگ پہچان لیں۔ اور تمہارا پروردگار

عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ ع ۲ ۱۲

ہر چیز کا نگراں ہے۔ تم کہدو کہ تم اُنکو بلا لو جنکا تم کو خدا کے سوا

دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ

گمنڈ ہے۔ حالانکہ نہ وہ آسمانوں میں کسی ذرہ بھر (چیز) کے مالک ہیں

وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ

اور نہ زمین میں اور نہ اُن (آسمان وزمین) کے بنانے میں اُنکا کوئی ساجھا ہے اور نہ اُن میں سے

مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ۝ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا

کوئی خدا کا مددگار ہے۔ اور اُسکی حضور میں کوئی سفارش نفع نہ دیگی سوائے اُس شخص

لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ۭ حَتّٰٓى اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا

(کی سفارش) کے جسکے لیے وہ حکم دیدے یہانتک کہ جب اُن کے دلوں سے پریشانی دور ہوئی تو اُنہوں نے کہا

مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ

کہ یہ تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا؟ اُنہوں نے کہا کہ حق فرمایا۔ اور وہی تو بلند مرتبہ اور

الْكَبِيْرُ ۝ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

بزرگ ہے۔ دریافت کرو کہ تم کو آسمانوں سے اور زمین سے روزی دیتا کون ہے؟

قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰي هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ

تم کہدو کہ اللہ۔ اب ہدایت پر یا کھلی گمراہی میں ہم ہیں یا تم ہو؟

مُّبِيْنٍ ۝ قُلْ لَّا تُسْـَٔـلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔـلُ

تم یہ کہدو کہ جو گناہ ہم نے کیے ہیں اُنکے متعلق تم سے کوئی باز پرس نہ کی جائیگی اور جو عمل تم

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ

کرتے ہو اُسکی باز پرس ہم سے نہ کی جائیگی تم یہ کہدو کہ ہمارا پروردگار ہم سب کو جمع کریگا پھر ہمارے مابین

بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ۭ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ۝ قُلْ اَرُوْنِيَ
فیصلہ کریگا۔ اور وہ بڑا فیصلہ کرنیوالا (اور) علم والا ہے۔ تم یہ کہدو کہ تم مجھے انکو دکھاؤ
الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَاۗءَ كَلَّا ۭ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ
جنکو تم نے شریک بناکر اُس کے ساتھ ملا دیا ہے ہرگز ایسا نہیں ہو بلکہ وہی زبردست (اور) حکمت
الْحَكِيْمُ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَاۗفَّةً لِّلنَّاسِ
والا خدا ہے۔ اور ہم نے تم کو کل آدمیوں کے لیے خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا ہی (بناکر)
بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝
بھیجا ہے لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے۔
وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝
اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ بتاؤ کہ یہ وعدہ کب آئیگا؟
قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً
تم یہ کہدو کہ تمہارے لیے وعدے کا ایک دن مقرر ہے جس سے تم ایک گھڑی نہ پیچھے رہ سکوگے
وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ
اور نہ آگے بڑھ سکوگے۔ اور جو لوگ کافر ہوگئے انہوں نے یہ کہدیا کہ ہم نہ کبھی
نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ۭ
اِس قرآن پر ایمان لائینگے اور نہ اُن کتابوں پر جو اِس سے پہلے تھیں
وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖ
اور کاش تم دیکھتے کہ جسوقت یہ ظالم تمہارے پروردگار کی حضور میں کھڑے کیے جائینگے
يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ۨ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ
ایک دوسرے پر طعن کرتا ہوگا اُس وقت کمزور اُن لوگوں سے جو بڑے بنگئے تھے
اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا
یہ کہینگے کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور مومن

میں سے علے العموم مالدار لوگ ہوتے تھے۔ اُنہوں نے ہمیشہ نعمتوں پر بیجا فخر کیا اور یہ کہہ کہ دیا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّ

مُؤْمِنِيْنَ ○ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا

ہو جاتے۔ وہ لوگ جو بڑے بنگئے تھے اُن لوگوں سے جو کمزور تھے کہینگے کہ بعد اسکے کہ

اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ

ہدایت تمہارے پاس آچکی تھی کیا ہمنے تمکو اُس سے روکا تھا (یہ تو نہیں ہے) بلکہ تم خود

كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ○ وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا

(ہی) مجرم تھے۔ اور کمزور لوگ اُن سے جو بڑے بنگئے تھے یہ کہینگے کہ

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ

تمہاری رات دن کی چالوں نے ہمکو روکا کہ تم برابر ہمکو یہ حکم دیتے رہے

اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ وَاَسَرُّوا[1]

کہ ہم اللہ کا انکار کریں اور اُسکا شریک قرار دیں غرض جس وقت وہ

النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ؕ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ

عذاب کو دیکھینگے تو ندامت کا اظہار کرینگے اور ہم اُن لوگوں کی گردنوں میں

فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

جو کفر کرتے رہے طوق ڈالدینگے آیا اُنکو سوائے اُسکے جو عمل وہ کیا کرتے

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ

تھے کچھ اور بدلا دیا جائیگا؟ اور جس بستی میں ہمنے کوئی ڈرانیوالا بھیجا

نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ

اُس کے مالداروں نے یہ ضرور کہدیا کہ جو کچھ تم دیکر بھیجے گئے ہو ہم اُسکے

بِهٖ كٰفِرُوْنَ ○ وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا

یقیناً منکر ہیں۔ اور اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ ہم مال میں اور اولاد میں بہت ہی بڑھے ہوئے ہیں

وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ○ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

اور ہمکو عذاب نہیں دیا جائیگا۔ تم یہ کہدو کہ بیشک میرا پروردگار جسکے لیے چاہتا ہے روزی

[1] وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۔ تفسیر قمی میں ہے معصوم نے فرمایا کہ جب وہ ولی خدا کو دیکھینگے تو جہنم میں بھی اپنی

لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

کو فراخ کر دیتا ہے اور جسکے لیے چاہتا ہے کہ کر دیتا ہے لیکن بہت سے لوگ (اسکی مصلحت) نہیں جانتے۔

وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا

اور تمہارے مال اور تمہاری اولادیں ایسی چیز نہیں ہیں کہ وہ ہماری حضور میں تمہارا درجہ قریب کر دیں

زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۪ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ

ہاں جو شخص ایمان لائے اور نیک عمل کرے تو ایسے ہی لوگ وہ ہیں کہ جو عمل (بھی)

الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ۝

وہ کریں اسکا دس چند معاوضہ انکے لیے (مہیا) ہے اور وہی بالاخانوں میں امن سے رہینگے۔

وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ فِي

اور جو لوگ (ہمکو) ہرا دینے کے خیال سے ہماری نشانیوں کے بارے میں کوشش کرتے رہتے ہیں وہی تو

الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ

برابر عذاب میں حاضر رکھے جائینگے۔ تم یہ کہدو کہ میرا پروردگار اپنے بندوں میں سے جسکے لیے چاہتا ہے

لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ

(ایک وقت) روزی کو فراخ کر دیتا ہے اور (ایک وقت) اسی کیلئے کم کر دیتا ہے اور جو چیز بھی تم اسکی راہ میں خرچ

مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ وَ

کرو گے پس وہ اسکا عوض ضرور دیگا اور وہ سب سے اچھا رزق دینے والا ہے اور

يَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ

جس دن وہ ان سب کو جمع فرمائیگا پھر کل فرشتوں سے یہ ارشاد کریگا کہ کیا یہی لوگ

اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا

تمہاری عبادت کیا کرتے تھے؟ (فرشتے) عرض کرینگے کہ تیری ذات منزہ ہے ہمارا تو

مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ

کچھ یہ تو ہیں نہیں۔ (ان سے کیا واسطہ) یہ تو جنات کی عبادت کیا کرتے تھے اور ان میں سے اکثر

بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ
انھی پر ایمان رکھتے تھے۔ سو آج کے دن تم میں سے ایک دوسرے کے نہ نفع کا اختیار
نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا
رکھیگا اور نہ ضرر کا۔ اور جو لوگ ظالم ہوگئے ہیں اُن سے ہم یہ کہینگے کہ اُس آتش دوزخ
عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى
کے عذاب کا مزہ چکھو جسکو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ اور جس وقت اُن کو
عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ
ہماری کھلی آیتیں پڑھکر سنائی جاتی ہیں تو وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ شخص فقط اتنا چاہتا ہے کہ جن چیزوں
اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ
کی تمہارے باپ دادا پرستش کیا کرتے تھے اُن سے تمکو باز رکھے اور یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ محض بنی ہوئی
اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ
باتیں ہیں۔ اور اُن لوگوں نے جو کافر ہو گئے ہیں حق کی نسبت جسوقت وہ اُنکے پاس آیا یہ
اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ
کہدیا کہ یہ تو بلاشبہ کھلا جادو ہے۔ اور اُنکو ہم نے کتابیں تو دی نہیں تھیں
يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ
جنکو وہ پڑھتے ہوں اور نہ ہم نے تم سے پہلے اُنکے پاس کوئی ڈرانیوالا بھیجا
نَّذِيْرٍ ۝ وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا
تھا۔ اور اُن سے پہلے جو لوگ تھے اُنھوں نے بھی جھٹلایا تھا حالانکہ جو کچھ ہم نے اُنکو
مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۡ فَكَيْفَ كَانَ
دیا تھا اُسکے دسویں حصہ کو بھی نہیں پہنچے ہیں۔ غرض اُنھوں نے میرے رسولوں کو جھٹلایا تھا پس میری ناخوشی کا نتیجہ کیسا
نَكِيْرِ ۝ قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ
ہوا؟ تم یہ کہدو سوائے اسکے نہیں کہ میں تو ایک ہی بات کی تمکو نصیحت کرتا ہوں کہ تم دو دو ایک ایک کر کے

مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوْا مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ
خدا کے (کام کے) لیے کھڑے ہو جاؤ پھر غور کرو کہ تمہارے اس رفیق (پیغمبرؐ) کو جنون تو نہیں ہے۔

اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ۝
یہ تو سخت عذاب کے آنے سے پہلے پہلے تمہارے لیے صرف ایک ڈرانیوالا ہے۔

قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا
تم یہ کہدو کہ جو اجرت میں نے مانگی ہے اُسکا نفع تو تمہارے ہی لیے ہے۔ میری مزدوری تو صرف خدا

عَلَى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ
کے ذمے ہے اور وہ ہر چیز کا گواہ ہے۔ تم یہ کہدو کہ میرا پروردگار

يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا
غیب کا جاننے والا حق کو دل میں ڈال دیتا ہے۔ تم کہدو کہ حق آگیا اور باطل

يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ ۝ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَا
ظاہر نہیں ہو سکتا اور نہ وہ پلٹ سکتا ہے۔ تم کہدو کہ اگر میں گمراہ ہو گیا ہوں تو میں اپنی ہی ذات

اَضِلُّ عَلٰى نَفْسِيْ ۚ وَاِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِيْٓ اِلَيَّ
کو ضرر پہنچانے کے لیے گمراہ ہونگا اور اگر میں راہ پر ہوں تو اُسی کی ذریعہ سے جو میرا پروردگار مجھ وحی بھیجتا

رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ۝ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا
ہے بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) قریب ہے۔ اور کاش کہ تم اُنکو دیکھتے جبکہ وہ گھبرائے ہوئے

فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ۝ وَّقَالُوْٓا
پھر نکلو اور کوئی بھاگنے کی جگہ نہ پائینگے اور پاس کے پاس سے گرفتار کر لیے جائینگے اور وہ یہ کہینگے کہ ہم اس

اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ۝
(قائم آل محمدؐ) پر ایمان لائے۔ اور اتنے پرے سے اُن کو ایمان دستیاب کیونکر ہو گا؟

وَقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ
حالانکہ وہ پہلے سے اسی (قائم آل محمدؐ) کا انکار کرتے تھے اور دور بیٹھے بیٹھے غیبت کے بارے میں اٹکل پچو

مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ○ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا

باتیں بنایا کرتے تھے۔ اور اُنکے درمیان اور جن جن چیزوں کی اُنکو خواہش ہوگی اُنکے درمیان ایک آڑ

فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ○ ع ۶ ۹ ۱۲

کردی جائیگی جیسا کہ اُنسے پہلے گروہوں کے بارے میں کیا گیا ہے بیشک وہ سب کے سب پریشان کردینے والے شک میں تھے۔

سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ

ہر قسم کی تعریف اللہ کے لیے (زیبا) ہے جو آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنیوالا ہے اور فرشتوں کو رسول

الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ؕ

بنا کر بھیجنے والا ہے جو دو دو بازو والے بھی ہیں تین تین والے بھی اور چار چار والے بھی

يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

(اور) وہ جو کچھ چاہتا ہے خلقت میں زیادہ کردیتا ہے بیشک اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا

جو رحمت خدا تعالےٰ آدمیوں کے لیے کھولدیتا ہے اُسکا کوئی روکنے والا نہیں ہے۔ اور جو کچھ وہ

يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

روک لیتا ہے پھر اُس کے بعد اُسکا کوئی بھیجنے والا نہیں ہے۔ اور وہ بڑا زبردست (اور)

الْحَكِيْمُ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ

حکمت والا ہے۔ اے آدمیو! تم پر خدا تعالےٰ کی جو نعمتیں ہیں اُنکو یاد کرتے رہو

هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ

آیا اللہ کے سوا کوئی اور پیدا کرنیوالا بھی ہے جو آسمان و زمین سے تم کو روزی دیدے؟



آیاتها ۴۵ | کلماتها ۷۹۲ | رکوعاتها ۵ | حروفها ۳۲۸۹

بیان ہوئی آدمیوں کے متعلق ہے اور اوپر کی حدیث میں جو کچھ بیان ہوا تھا وہ اشارہ فرشتوں کے متعلق تھا کیونکہ خلق میں دونو داخل ہیں ۱۲ ۵۴ ما یفتح اللہ للناس

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ
سوائے اسکے کوئی معبود نہیں ہے پھر تم کدھر بہکے چلے جاتے ہو؟ اور اگر یہ لوگ تمکو جھٹلائیں تو تم سے پہلے
فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ
بہت سے رسولوں کی تکذیب کی گئی ہے۔ اور کل معاملات کی بازگشت خدا ہی
الْاُمُوْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا
کی طرف ہوگی۔ اے لوگو! بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے پس زندگانی دنیا
تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ
تم کو فریب نہ دے اور کوئی بڑا دغاباز اللہ کے بارے میں تمکو دغا
الْغَرُوْرُ ۝ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ
نہ دیدے۔ شیطان تمہارا یقینی دشمن ہے پس تم بھی اس کو دشمن
عَدُوًّا ۭ اِنَّمَا يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ
سمجھو۔ وہ اپنے گروہ کو محض اسی لیے بلاتا رہتا ہے کہ وہ جہنمی
السَّعِيْرِ ۝ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ
ہو جائیں۔ جو لوگ کافر ہو گئے ان کے لیے سخت عذاب ہے
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ
اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے گناہوں کی بخشش
وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْۗءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ
اور بہت بڑا اجر ہے۔ کیا وہ شخص جسکی نظر میں اسکی بدکرداری کو زینت دیدی گئی ہے پھر اسکو اچھا
حَسَنًا ۭ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ
بھی سمجھتا ہے (کیں اسکے مانند ہو سکتا ہے جو ایسا نہیں ہے) پس اللہ جس کو چاہتا ہے توفیق ہدایت سلب کر لیتا ہے
يَّشَاۗءُ ۠ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ۭ
اور جسکی چاہتا ہے رہبری فرما دیتا ہے پس انکے بارے میں افسوس کرتے کرتے کہیں تمہاری جان نہ نکل جائے

ع ۱۳

اور جبر کے بارے میں نازل ہوئی۔ (زیق و جبر کی تصریح کے لیے دیکھو صفحہ ۲۲۵ نوٹ نمبر ۱) ۱۲

إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَصْنَعُونَ ○ وَاللَّهُ الَّذِي

یقیناً جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ اس سے (بخوبی پورا) آگاہ ہے۔ اور اللہ وہی ہے جو

أَرْسَلَ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا فَسُقْنَاهُ إِلَىٰ بَلَدٍ

ہواؤں کو بھیجتا ہے پھر وہ بادل کو اُبھار لاتی ہیں پھر ہم اس بادل کو مردہ شہر کی طرف ہنکا دیتے

مَّيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ كَذَٰلِكَ

ہیں پھر ہم اس (بادل) کے ذریعے سے زمین کو اسکی موت کے بعد زندہ کر دیتے ہیں۔ ایسا ہی (قیامت

النُّشُورُ ○ مَن كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلَّهِ الْعِزَّةُ جَمِيعًا ۚ

میں) جی اٹھنا ہوگا۔ جو شخص عزت کا خواستگار ہو تو پوری عزت خدا ہی کے لیے ہے۔

إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ ۚ

اُسی کی طرف پاکیزہ کلمات چڑھ کر پہنچتے ہیں اور وہی نیک عمل کو بلند کرتا ہے۔

وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۖ

اور جو چالیں کرکے بدیاں کرتے رہتے ہیں انہی کے لیے سخت عذاب ہے

وَمَكْرُ أُولَٰئِكَ هُوَ يَبُورُ ○ وَاللَّهُ خَلَقَكُم مِّن

اور انہی کی چال آخر بیکار ہو جائیگی۔ اور اللہ نے تم کو مٹی سے

تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجًا ۚ وَمَا

پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تم کو جوڑا جوڑا بنا دیا اور کوئی

تَحْمِلُ مِنْ أُنثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ وَمَا يُعَمَّرُ

مادہ حاملہ نہیں ہوتی اور کوئی بچہ نہیں جنتی مگر یہ کہ خدا کو اسکا علم ہے۔ اور کسی بوڑھے کو

مِن مُّعَمَّرٍ وَلَا يُنقَصُ مِنْ عُمُرِهِ إِلَّا فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ

زیادہ عمر نہیں دی جاتی اور نہ اسکی عمر میں سے کچھ گھٹائی جاتی ہے مگر یہ کہ فرشتہ خدا میں (جو درج) ہے یقیناً

ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ○ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ هَٰذَا

یہ بات اللہ پر آسان ہے۔ اور ایسے دو دریا برابر نہیں ہو سکتے کہ یہ تو

عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ
بیٹھا میٹھا ہے (اور) اسکا پینا خوشگوار اور وہ دوسرا کھاری کڑوا

وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً
اور ہر ایک میں سے تم تازہ (تازہ) گوشت کھاتے ہو اور زیورات کی چیزیں نکالتے ہو جنہیں

تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا
تم پہنتے ہو اور کشتیوں کو دیکھتے ہو کہ وہ اس میں پھاڑتی چلی جاتی ہیں تاکہ تم اسکے فضل

مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي
کے خواستگار ہو اور تاکہ تم اس کے شکرگزار ہو۔ وہ رات کو دن میں داخل

النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۚ
کر دیتا ہے اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے اور سورج اور چاند کو اسنے مطیع کر لیا ہے

كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ
ہر ایک ایک وقت معین کے لیے چل رہا ہے۔ یہی اللہ تو تمہارا پروردگار ہے ہر طرح کا اختیار اسی کا ہے:

وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ
اور جن کو تم اسکے سوا پکارتے ہو ان کو کھجور کی گٹھلی کے پوست تک (یعنی ذرہ بھر تک) کا بھی

قِطْمِيْرٍ ؕ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ
اختیار نہیں۔ اگر تم ان کو پکارو گے تو وہ تمہارا پکارنا نہ سنینگے اور اگر

سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ؕ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ
سن لینگے تو تم کو کچھ جواب نہ دینگے۔ اور قیامت کے دن تمہارے شرک کا

بِشِرْكِكُمْ ؕ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ
انکار کر دینگے۔ اور خدائے خبیر کے برابر تم کو کوئی خبر نہ دیگا۔ اے لوگو آدمیو!

اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝
تم سب خدا کے محتاج ہو۔ اور اللہ وہی بے نیاز (اور) قابل تعریف ہے۔

إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ۝ وَمَا
اگر وہ چاہے تو تم سب کو دور کردے اور نئی مخلوق لے آئے اور اللہ
ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ بِعَزِيزٍ ۝ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ
کے لیے یہ کچھ دشوار نہیں ہے اور کوئی اٹھانیوالا کسی دوسرے کا بوجھ
أُخْرَىٰ ۚ وَإِن تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلَىٰ حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ
نہ اٹھائیگا اور اگر کوئی بھاری بوجھ والا اپنا بوجھ بٹانیکے لیے کسی دوسرے کو بلائے تو اُس میں کو
مِنْهُ شَيْءٌ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۗ إِنَّمَا تُنذِرُ الَّذِينَ
اُسپر کچھ نہ لادا جائیگا گو وہ اُسکا قریب بھی ہو۔ سوائے اِسکے نہیں ہے کہ تم اُن لوگوں کو ڈرا سکتے ہو
يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ ۚ
جو بے دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے ہوں اور نماز پڑھتے ہوں
وَمَن تَزَكَّىٰ فَإِنَّمَا يَتَزَكَّىٰ لِنَفْسِهِ ۚ وَإِلَى اللَّهِ
اور جو شخص گناہوں سے پاک رہے وہ اپنی ہی ذات کے لیے پاک رہیگا اور بازگشت اللہ ہی کی طرف
الْمَصِيرُ ۝ وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ ۝ وَلَا
ہوگی اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ہو سکتے اور نہ
الظُّلُمَاتُ وَلَا النُّورُ ۝ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ ۝ وَمَا
اندھیریاں اور نہ روشنی۔ اور نہ سایہ اور نہ دھوپ اور نہ
يَسْتَوِي الْأَحْيَاءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ
زندے اور نہ مردے برابر ہوتے ہیں بیشک اللہ تو
يُسْمِعُ مَن يَشَاءُ ۖ وَمَا أَنتَ بِمُسْمِعٍ مَّن فِي
جسکو چاہے سُنادے حالانکہ تم اُنکو جو قبروں میں ہیں کچھ نہیں
الْقُبُورِ ۝ إِنْ أَنتَ إِلَّا نَذِيرٌ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ

سُنا سکتے۔ تم تو صرف ایک ڈرانیوالے ہو۔ بیشک ہمنے تمکو برحق خوشخبری سنانیوالا

بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَّنَذِيرًا ۚ وَإِنْ مِّنْ أُمَّةٍ إِلَّا خَلَا فِيهَا
اور ڈرانیوالا بنا کر بھیجا ہے۔ اور ایک گروہ بھی ایسا نہیں ہوا جس میں کوئی ڈرانیوالا

نَذِيرٌ ۝ وَإِنْ يُّكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ
نہ آیا ہو۔ اور اگر وہ تمہاری تکذیب کریں تو یقیناً انہوں بھی تکذیب کی تھی جو اُنسے پہلے تھے

قَبْلِهِمْ ۚ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَ
(حالانکہ) اُنکے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں اور صحیفے اور روشنی پہنچانیوالی

بِالْكِتٰبِ الْمُنِيرِ ۝ ثُمَّ أَخَذْتُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَكَيْفَ
کتابیں لیکر آچکے تھے۔ پھر جو کافر ہو گئے اُنکو میں نے گرفتار کیا پھر میری ناخوشی

كَانَ نَكِيرِ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً ع ۳ ۱۲ ۵
کا انجام کیسا ہوا؟ کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی اُتارا

فَأَخْرَجْنَا بِهِ ثَمَرَاتٍ مُّخْتَلِفًا أَلْوَانُهَا ۚ وَمِنَ الْجِبَالِ
پھر ہمنے اُس کے ذریعے سے طرح بطرح کے پھل پیدا کیے اور پہاڑوں میں سے کچھ تو

جُدَدٌ بِيضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ
راستے اور پٹے سفید ہیں اور کچھ مختلف رنگ کے (یعنی ہلکے متوسط اور گہرے) سرخ اور بعض سیاہ

سُودٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَابِّ وَالْأَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ
بھونرا۔ اور آدمیوں میں سے اور جانداروں میں سے اسی طرح مختلف

أَلْوَانُهُ كَذٰلِكَ ۗ إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ۗ
رنگ کے ہوتے ہیں اللہ کے بندوں میں سے صرف علماء اللہ سے ڈرتے رہتے ہیں

إِنَّ اللّٰهَ عَزِيزٌ غَفُورٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتٰبَ اللّٰهِ
بیشک اللہ زبردست (اور) بڑا بخشنے والا ہے۔ یقیناً وہ لوگ جو کتاب خدا کی تلاوت کرتے ہیں

وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا
اور اُنہوں نے نماز پڑھی اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا اُس میں سے ظاہر اور چھپا کر

وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۝ لِيُوَفِّيَهُمْ
ہماری راہ میں خرچ کیا وہ ایسی تجارت کی امید لگائے ہوئے ہیں جس میں کبھی گھاٹا نہ ہوگا۔ تاکہ اللہ تعالےٰ
اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ
انکے اجر پورے پورے دیدے اور اپنے فضل سے انکو کچھ اور بڑھادے بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور)
شَكُوْرٌ ۝ وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ
قدردان ہے اور (اے رسول) جو کتاب ہم نے تمہاری طرف بذریعہ وحی کے بھیجی ہے وہ
هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ
برحق ہے (اور) اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرنیوالی ہے بیشک اللہ اپنے بندوں کو حال سے
لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ۝ ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا
واقف (اور انکا) نگراں ہے۔ پھر ہم نے اپنی اس کتاب کا وارث ان کو بنایا جنکو ہمنے اپنے بندوں میں
مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ
سے منتخب کر لیا تھا پس ان (بندوں) میں سے کچھ تو اپنے اوپر ظلم کرنیوالے ہیں اور کچھ میانہ رو ہیں۔
وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ
اور کچھ حکم خدا سے تمام نیکیوں میں بڑھ جانیوالے ہیں۔ یہی تو بہت بڑا
الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا
فضل ہے۔ سبب ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں داخل ہوجائینگے
يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَ
ان میں انکو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائینگے اور
لِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ
ان میں انکا لباس ریشمی ہوگا۔ اور وہ یہ کہینگے کہ خدا کا شکر ہے جس نے ہم سے
اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۭ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ ۝
رنج وغم دور کردیا۔ بیشک ہمارا پروردگار بڑا بخشنے والا (اور) قدردان ہے

الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا
جسنے ہم کو اپنے فضل سے ایسے ہمیشہ رہنے کے گھر میں لا اُتارا جس میں نہ ہم کو کوئی رنج

فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ۝ وَالَّذِيْنَ
پہنچیگا اور نہ اُس میں ہم کو کوئی تھکن پہنچیگی۔ اور جو لوگ

كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا
کافر ہو گئے اُنکے لیے آتش جہنم ہے نہ تو وہاں اُنکو قضا ہی آئیگی کہ وہ مرجائیں

وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ۚ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ
اور نہ اُنکے عذاب جہنم ہی میں تخفیف کی جائیگی (اور) ہر ناشکرے کو ہم ایسی ہی

كُلَّ كَفُوْرٍ ۝ وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا
سزا دینگے۔ اور وہ اُس میں پڑے پڑے چلائینگے کہ ای ہماری پروردگار ہمکو

نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ۚ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ
اس میں سے نکال لے تاکہ جو عمل ہم ابتک کرتے تھے اُسکے برخلاف ہم نیک عمل کیا کریں (جواب ملیگا کہ) کیا ہمنے تمکو

مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ۚ
بہت سی عمر نہیں دی تھی کہ اُس میں جو بھی نصیحت حاصل کرنا چاہتا نصیحت حاصل کرتا علاوہ بریں تمہارے پاس ایک خاص

فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۝ اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ
ڈرانیوالا بھی آیا تھا (جبکہ تمنے اُسکی نہیں سنی تو) اب مزہ چکھو کہ (یہاں) نافرمانوں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔ بیشک اللہ آسمانوں

غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝
کی اور زمین کی پوشیدہ باتوں کا جاننے والا ہے یقیناً وہی دلوں کے حال سے (پورا پورا) آگاہ ہے۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ ۚ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ
وہی تو ہے جس نے تمکو زمین میں (پہلوں کا) جانشین کر دیا پھر جو شخص کافر ہو گیا اُسکے کفر کا

كُفْرُهٗ ۚ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ
وبال اُسی پر ہے اور کافروں کے لیے اُنکا کفر اُنکے پروردگار کے نزدیک ای ناراضی کے اور کسی چیز کو نہیں بڑھاتا

وَلَا يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ
اور کافروں کے لیے اُنکا کفر سوائے نقصان کے اور کچھ زیادہ نہیں کرتا۔ تم یہ کہدو کہ کیا تم نے اپنے
شُرَكَآءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ ۭ اَرُونِيْ
اُن شریکوں کو دیکھا ہے جنکو تم خدا کے سوا پکارتے رہتے ہو۔ ذرا مجھے تو دکھاؤ
مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ
آیا زمین کی کوئی چیز اُنہوں نے پیدا کی ہے یا آسمانوں میں اُنکا کوئی ساجھا ہے؟
اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰي بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ
یا اُنکو ہمنے کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اُسکے سبب سے کھلی دلیل پر ہیں (یہ کچھ بھی نہیں) بلکہ یہ
الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ
نافرمان لوگ ایک دوسرے سے محض دھوکا ہی کی وعدی کرتے ہیں۔ بیشک اللہ آسمانوں کو اور
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ
زمین کو اِس بات سے روکے ہوئے ہے کہ یہ (اپنی اپنی جگہ سے) ٹل جائیں اور اگر یہ (اپنی جگہ سے)
اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ
ٹل جائے تو اُسکے بعد کوئی ایسا نہیں ہے جو اُنکو روک دیتا یقیناً وہ بڑا بردبار (اور)
حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ
بخشنے والا ہے۔ اور اُنہوں نے اپنی پوری قوت بھر خدا کی قسم کھا کر کہا تھا کہ اگر ہمارے
جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ
پاس کوئی ڈرانیوالا آئیگا تو ہم پہلی ہر اُمت سے زیادہ راہ راست پر آجانیوالے ہو جائینگے۔
فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ۝ اِسْتِكْبَارًا
مگر جب اُنکے پاس ڈرانیوالا آیا تو اُنکی نفرت اور بھی زیادہ ہوئی۔ اور روئے زمین پر
فِي الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۭ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا
اُنکی شیخی (اور بڑھی) اور بُری بُری چالیں حالانکہ بُری چالیں اپنے کرنیوالوں ہی پر پڑتی ہیں

بِاَهْلِهٖ ؕ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ

تو کیا یہ اپنے پہلوں کے قاعدہ کے منتظر ہیں؟ پس تم خدا کے

تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ

قاعدہ میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ اور نہ کبھی تم خدا کے قاعدہ کو ٹلتا ہوا

تَحْوِيْلًا ۝ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ

پاؤ گے کیا وہ زمین میں نہیں چلے پھرے کہ وہ یہ دیکھتے کہ انکے پہلوں کا

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ

انجام کیا ہوا تھا حالانکہ وہ ان سے قوت میں بہت بڑھے ہوئے

قُوَّةً ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي

تھے۔ اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ آسمانوں کی اور زمین کی کوئی چیز اس کو

الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ۝ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا

ہرا دے بیشک وہ (ہر چیز سے پورا پورا) واقف (اور) قدرت رکھنے والا ہے۔ اور اگر اللہ آدمیوں سے جو فعل وہ کر چکے

كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى

ہیں انکا مواخذہ کرتا تو روئے زمین پر ایک جاندار کو بھی باقی نہ رکھتا لیکن اسنے انکو ایک مقررہ وقت

اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ۝ ع ۵ ۸ ۱۷

تک کے لیے ڈھیل دے رکھی ہے پس جب انکا مقررہ وقت آجائیگا (تو بس) پھر اللہ ہی اپنے بندوں کے حال کا نگراں ہوگا

سورۃ یٰس مکیۃ وھی ثلث وثمانون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝

یٰس۔ حکمت والے قرآن کی قسم ہے یقیناً تم ان رسولوں میں سے ہو

آیاتها ۸۳ | رکوعاتها ۵ | کلماتها ۷۳۹ | حروفها ۳۰۹۰

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝

جو صراطِ مستقیم پر تھے۔ (یہ قرآن) زبردست رحم کرنیوالے کا اُتارا ہو ہے۔

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝

تاکہ تم اُن لوگوں کو ڈراؤ جنکے بزرگ کبھی ڈرائے ہی نہیں گئے اِسی سے وہ غافل ہیں۔

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

فرمودۂ خدا اُن میں سے اکثر پر یقیناً پورا ہوگیا کہ وہ ایمان نہ لائینگے۔

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ

بیشک ہمنے اُنکی گردنوں میں طوق ڈالدیے ہیں اور وہ ٹھوڑیوں تک ہیں

فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا

اِسی سے اُنکے سر اُٹھے کے اُٹھے رہگئے۔ اور ہمنے اُنکے آگے سے بھی ایک دیوار بنادی ہے

وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

اور اُنکے پیچھے سے بھی ایک دیوار۔ پھر (اوپر سے) ہمنے اُنکو ڈھانپ دیا ہی کہ وہ اب کچھ نہیں دیکھتے۔

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

اور اُنکے حق میں (دونو باتیں) برابر ہیں خواہ تم اُنکو ڈراؤ یا نہ ڈراؤ وہ ایمان

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

نہ لائینگے ڈرا تو تم اُسکو سکتے ہو جو نصیحت پر چلے اور بے دیکھے

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝ اِنَّا

خدا سے ڈرے پس ایسے شخص کو گناہوں کی بخشش کی اور عمدہ سے عمدہ اجر کی خوشخبری سنا دو بیشک ہم ہی

نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ

مُردوں کو زندہ کرینگے اور جو کچھ وہ آگے بھیجتے ہیں اور جو آثار اُنکے پیچھے رہجاتے ہیں اُن سب کو ہم

اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا

لکھتے جاتے ہیں اور ہمنے ہر چیز کو امامِ مبین میں (از روی علم و شمار) جمع کرلیا ہی۔ اور اُنکے لیے اُس بستی والوں کی مثل

وقف غفران

ع ۱ ۱۲ ۱۸

أَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ إِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝ إِذْ

بیان کرو کہ جبوقت ہمارے بھیجے ہوئے اُس بستی میں آئے (اور اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ ہم نے اُن کی

أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

طرف دو رسول بھیجے پھر اُنہوں نے دونو کو جھٹلایا تو ہم نے تیسرے (رسول) سے قوت پہنچائی

فَقَالُوْٓا إِنَّآ إِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝ قَالُوْا مَآ أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ

اور اُن تینوں رسولوں نے کہا کہ ہم تمہاری طرف (خدا کی) بھیجے ہوئے ہیں بستی والوں نے کہا کہ تم تو ہم ہی جیسے

مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ أَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا

آدمی ہو اور (خدائے) رحمٰن نے کوئی چیز نازل نہیں کی تم نرا جھوٹ

تَكْذِبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّآ إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ۝ وَمَا

بولتے ہو (تب) اُنہوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ ضرور ہم تمہاری طرف بھیجے ہوئے ہیں اور

عَلَيْنَآ إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ قَالُوْٓا إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۖ لَئِنْ

ہم پر سوا کھولکر پہنچا دینے کے اور کچھ نہیں ہے۔ بستی والوں نے کہا کہ ہم تو تمکو منحوس سمجھتے ہیں اگر تم باز

لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيْمٌ ۝

نہ آئے تو ہم ضرور تم کو سنگسار کر دینگے اور ضرور ہماری طرف سے تمکو دردناک عذاب پہنچیگا۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۚ أَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ

اُنہوں نے فرمایا کہ تمہاری بدشگونی تو تمہارے ہی ساتھ ہے کیا اِس سبب کہ تمکو سمجھایا گیا (تم ہم پر طعن کرتے ہو)

مُّسْرِفُوْنَ ۝ وَجَآءَ مِنْ أَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ

حقیقت یہ ہے کہ تم بڑی زیادتی کرنیوالے لوگ ہو اور اُس شہر کے انتہائی حصہ سے ایک شخص دوڑتا ہوا

يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اتَّبِعُوْا

آیا (آتے ہی) کہنے لگا کہ اے میری قوم اِن رسولوں کی پیروی کرو۔ اُن لوگوں کی پیروی

مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ أَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝

کرو جو تم سے کوئی اُجرت نہیں مانگتے اور وہ ہدایت یافتہ ہیں۔



وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ

اور مجھے ہو کیا گیا ہے کہ میں اسکی عبادت نہ کروں جسنے مجھ کو پیدا کیا ہے حالانکہ تم سب کی بازگشت

تُرْجَعُوْنَ ○ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ

بھی اسی کی طرف ہوگی۔ کیا میں اسے چھوڑ کر ایسے خدا بنالوں کہ اگر (خدائے) رحمٰن مجھے کوئی ضرر پہنچانا

الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ○

چاہے تو انکی سفارش میرے کچھ بھی کام نہ آئے اور نہ وہ مجھے چھڑا ہی سکیں۔

اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ

میں تو اس صورت میں کھلی تباہی میں رہجاؤنگا۔ سو (صاحبو) سن لو میں تو یقیناً تمہارے پروردگار

فَاسْمَعُوْنِ ○ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ

پر ایمان لایا ہوں۔ (اس سے) کہا جائیگا کہ تو جنت میں چلا جا وہ کہیگا کہ کاش میری قوم کے لوگ

يَعْلَمُوْنَ ○ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ

بھی یہ جان لیتے کہ مجھے میرے پروردگار نے کس وجہ سے بخشدیا اور معززین میں سے

الْمُكْرَمِيْنَ ○ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ

قرار دیدیا۔ اور اسکے بعد اسکی قوم پر (عذاب دینے کے لیے) ہمنے آسمان سے کوئی لشکر

مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ○ اِنْ

نہیں اتارے اور نہ ہمیں اتارنیکی کوئی ضرورت تھی۔ ان (کی گرفتاری)

كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خَامِدُوْنَ ○

کے لیے ایک چیخ کافی تھی کہ یکایک وہ بجھ کر رہگئے۔

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا

بندوں کے حال پر کیسا افسوس ہے کوئی رسول بھی انکے پاس ایسا نہیں آتا جس کی

كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا

یہ ہنسی نہ اڑاتے ہوں۔ کیا یہ اتنا نہیں سمجھتے کہ ہم نے ان سے پہلے

وقف غفران

قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝

کتنے گروہوں کو ہلاک کر دیا کہ اب وہ انکے پاس پلٹ کر نہیں آتے۔

ع ۲ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ

اور اسکے سوا چارہ ہی نہیں کہ وہ سب کے سب ہمارے سامنے حاضر کیے جائینگے۔ اور (یوں تو) مُردہ زمین بھی

الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ

انکے لیئے ایک معجزہ ہے کہ ہم اُسکو زندہ کر دیتے ہیں اور اُس میں سے غلے پیدا کر دیتے ہیں جن میں سے یہ

يَاْكُلُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ

کھاتے ہیں۔ اور اُس میں کھجوروں کے اور انگوروں کے باغ پیدا کر دیتے ہیں

وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ۝ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا

اور اُس میں چشمے بہا دیتے ہیں تاکہ یہ اُن کے پھلوں میں سے (بھی) کھائیں اور اپنے

عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ

ہاتھوں کی محنت سے (بھی)۔ کیا اب بھی شکر نہ ادا کرینگے؟ منزہ ہے وہ ذات جسنے ہر چیز کے

الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ

جوڑے جوڑے پیدا کر دیے اُسکے بھی جو زمین میں سے اُگتی ہے اور (بنی) منکرین کی ذات کے بھی اور

وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ

اُن چیزوں کے بھی جنکو یہ نہیں جانتے۔ اور رات بھی انکے لیے ایک نشانی ہے جس میں سے ہم دن کو

النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ۝ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ

نکال لاتے ہیں پھر یہ یکایک اندھیرے میں رہجاتے ہیں۔ اور سورج بھی ایک نشانی ہے) جو اپنے ایک

لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ وَالْقَمَرَ

مقرر مقام کی طرف چلا جاتا ہے یہ ایک بڑے زبردست صاحب علم کا مقرر کر دینا ہے۔ اور چاند بھی ایک

قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ۝

نشانی ہے) جسکی ہمنے منزلیں مقرر کر دی ہیں یہاں تک کہ وہ پلٹ کر پرانی شاخ کی (سی) صورت اختیار کر لیتا ہے۔

ع میں چاند ہر رات کو پہنتا رہتا ہے۔ نہ کسی سے پیچھے رہجاتا ہے اور نہ کسی سے کچھ آگے بڑھ جاتا ہے ۱۲

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ

نہ سورج ہی کی یہ مجال ہے کہ چاند کو پکڑ پائے اور نہ رات ہی کی یہ قدرت ہے کہ دن

سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۝ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ

سے آگے بڑھ جائے۔ حالانکہ یہ سب کسی (نہ کسی) آسمان میں پھرتے رہتے ہیں۔ اور ایک نشانی انکے لیے یہ

اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۝ وَخَلَقْنَا

بھی ہے کہ ہمنے انکے بزرگوں کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا تھا۔ اور ان کے لیے (بھی)

لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ۝ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ

ویسی ہی چیزیں پیدا کر دی ہیں جنپر یہ سوار ہوتے رہتے ہیں۔ اور اگر ہم چاہتے تو انکو ڈبو دیتے

فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا

پس نہ انکا کوئی فریاد رس ہوتا اور نہ یہ چھڑائے جاتے۔ سوائے اسکے کہ ہماری رحمت ہو اور ایک حصہ

وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ

کے لیے نفع پہنچانا (مدنظر ہو) اور جس وقت ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اپنے گزشتہ (گناہوں) سے ڈرو

اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ وَمَا

اور آئندہ (کے عذاب) سے خوف کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے اور ان کے پاس

تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

انکے پروردگار کی نشانیوں میں سے ایک بھی ایسی نہیں آتی جس سے یہ روگردان

مُعْرِضِيْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ

نہ ہوتے ہوں۔ اور جس وقت ان سے یہ کہا جاتا ہے کہ جو رزق خدا نے تم کو دیا ہے اس میں سے کچھ (راہ خدا

قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ

میں بھی) خرچ کرو تو جو لوگ کافر ہو گئے ہیں مومنوں سے یہ کہتے ہیں کیا ہم اسکو کچھ کھلائیں جسکو اگر اللہ

يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

چاہتا تو خود کھلا دیتا (اس معاملہ میں) تم صریح غلطی میں ہو۔

اس لیے کہ خدا تعالیٰ جو کھانا کھلاتا ہے اس کے لیے اسباب ہیں۔ منجملہ ان کے ایک سبب یہ بھی ہے کہ امراء کو ترغیب و تحریص فرماتا ہے

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ مَا

اور یہ بھی) کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ (یعنی روز قیامت) کب تک آئیگا؟ اتنا

يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ ۝

غور نہیں کرتے کہ ایک چیخ ان کو یکایک آلیگی اور یہ لڑتے جھگڑتے ہی رہینگے۔

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ ۝

پس نہ اسوقت وہ کوئی وصیت کر سکینگے اور نہ اپنے بال بچوں کے پاس پلٹ کر آسکینگے۔

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ

اور (دوبارہ) صور پھونکا جائیگا تو یکایک وہ قبروں سے نکل کر اپنے پروردگار کی حضور میں حاضر ہونے لیے

يَنسِلُونَ ۝ قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا هَٰذَا

جلد جلد چلنے لگینگے۔ کہتے ہونگے ہائے خرابی ہماری ہمکو ہماری خوابگاہ سے اٹھا کسنے دیا؟ (جواب دیا جائیگا کہ)

مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ۝ إِن كَانَتْ إِلَّا

یہی تو وہ وقت ہے جسکا خدائے رحمن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچی (سچی) خبر دی تھی۔ بس ایک ہی چیخ تو

صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝

ہوگی کہ یکایک وہ سب ہماری حضور میں حاضر کردیے جائینگے۔

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ

پس اس دن نہ تو کسی نفس پر کوئی ظلم کیا جائیگا اور نہ تم کو کوئی بدلا دیا جائیگا سوائے اسکے جو تم

تَعْمَلُونَ ۝ إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ

کیا کرتے تھے بیشک جنتی لوگ تو اس دن مزے اڑانے

فَاكِهُونَ ۝ هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ

ہونگے وہ اور انکی بیبیاں تختوں پر سایہ میں تکیہ لگائے

مُتَّكِئُونَ ۝ لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُم مَّا يَدَّعُونَ ۝

بیٹھے ہونگے۔ انکے لیے جنت میں ہر میوہ اور انکے لیے ہر وہ چیز ہوگی جو وہ مانگیں موجود ہوگی۔

سَلٰمٌ ۚ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا
بڑی رحمت کرنیوالے پروردگار کی طرف سے سلام کہلایا جائیگا۔ (اب بنی آدم کی سنیئے) اور اے گنہگارو! آج کے دن تم
الْمُجْرِمُوْنَ ○ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا
الگ ہو جاؤ۔ اے اولادِ آدم کیا میں نے تم کو یہ حکم نہیں دیدیا تھا کہ شیطان کے
تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۙ ○ وَّاَنِ
بندے نہ بننا وہ یقیناً تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور یہ کہ میری
اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ○ وَلَقَدْ اَضَلَّ
عبادت کرنا سیدھا راستہ یہی ہے۔ اور اس نے تم میں سے

مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ○ هٰذِهٖ
بہت سوں کو گمراہ کر دیا تو کیا تم خود کوئی سمجھ نہ رکھتے تھے اب یہ وہی جہنم
جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ○ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا
(موجود) ہے جس سے تم کو ڈرایا جایا کرتا تھا۔ جیسا کہ تم کفر کیا کرتے تھے اس کے بدلے
كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ
آج اس میں چلے جاؤ۔ اس دن ہم انکے منہ پر تو مہر لگا دینگے اور ان کے ہاتھ ہم سے
اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○
بات کرینگے اور ان کے پاؤں جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اسکی بابت گواہی دینگے۔
وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ
اور اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھوں کو پٹ کر دیتے پھر وہ راستے سے بھی آگے بڑھ جاتے
فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ○ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ
پھر وہ کہاں سے دیکھتے؟ اور اگر ہم چاہتے تو ان کو یہیں مسخ کر دیتے
فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ○ وَمَنْ ع ۱۷ ۳
پھر نہ وہ کہیں جا سکتے اور نہ پلٹ کر آ سکتے۔ اور جس کو

رکوع غفاران

نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۖ أَفَلَا يَعْقِلُونَ ۝ وَمَا

ہم زیادہ عمر دیتے ہیں تو اُسی بناوٹ میں جھکا دیتے ہیں۔ کیا وہ اِتنا بھی نہیں سمجھتے؟ اور ہم نے اُسکو

عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِي لَهُ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ

(یعنی اپنے رسول کو) شعر نہیں سکھایا اور نہ یہ اُسکے لیے زیبا ہے یہ تو صرف نصیحت

وَقُرْآنٌ مُبِينٌ ۝ لِيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَيَحِقَّ الْقَوْلُ

اور کھلا قرآن ہے تاکہ اُن لوگوں کو جو زندہ (دل) ہیں ڈرائے اور انکار کرنیوالوں پر

عَلَى الْكَافِرِينَ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِمَّا عَمِلَتْ

قول حق ثابت ہو جائے۔ کیا وہ اتنا نہیں سمجھتے کہ جو چیزیں ہم نے اپنی قدرت سے بنائے ہیں

أَيْدِينَا أَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مَالِكُونَ ۝ وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ

اُنکے نفع کے لیے پیدا کیے ہیں پس وہ (اس وقت) اُنکے مالک بنے ہوئے ہیں۔ اور ہم ہی نے اِن چوپایوں کو

فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ ۝ وَلَهُمْ فِيهَا

اُن کا مطیع کر دیا ہے کہ اِن میں سے بعض تو اُنکی سواریاں ہیں اور اِن میں سے بعض کو وہ کھاتے ہیں اور

مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ۝ وَاتَّخَذُوا

اُنکے لیے اِن چوپایوں میں بہت سی منفعتیں اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا وہ اِسکے شکر گزار نہ ہونگے؟ اور اُنہوں نے خدا کو

مِنْ دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَعَلَّهُمْ يُنْصَرُونَ ۝ لَا

چھوڑ کر اور خدا بنا لیے تاکہ وہ اِنکی کچھ مدد کریں۔ وہ اِن کی

يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ

ذرا مدد نہ کر سکینگے حالانکہ اُنکے لشکر کے لشکر اُن کی عبادت کے لیے

مُحْضَرُونَ ۝ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّا نَعْلَمُ مَا

حاضر رہتے ہیں۔ پس (اے رسول) اُنکی باتیں تمکو رنج میں نہ ڈالیں جو کچھ یہ چھپاتے ہیں اور

يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝ أَوَلَمْ يَرَ الْإِنْسَانُ أَنَّا

جو (جو) کچھ یہ ظاہر کرتے ہیں ہم اُسکو خوب جانتے ہیں۔ کیا انسان اتنا نہیں سمجھتا کہ ہم نے

خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَ

اُسکو نطفہ سے پیدا کیا ہے پھر یکایک وہ کھلا جھگڑالو بنگیا۔ اور

ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ

ہمارے ہی لیے اُس نے مثل بیان کی اور اپنی خلقت کو بھول گیا۔ کہنے لگا کہ ہڈیوں کو جبکہ

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ

کہ وہ خاک ہوجائینگی زندہ کون کردیگا؟ تم کہدو کہ انکو وہی زندہ کردیگا جسنے انکو

اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ۝

پہلی مرتبہ پیدا کردیا تھا اور وہ ہر مخلوق کے حال سے واقف ہے۔

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا

جسنے تمہارے لیے ہرے درخت سے آگ پیدا کردی کہ اب تم

فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ

اُسی سے سُلگاتے رہتے ہو آیا وہ جس نے آسمانوں

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ

کو اور زمین کو پیدا کیا ہے اِس پر قادر نہیں ہے کہ

يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝

اُنکے ایسے اور پیدا کردے۔ ضرور (قادر ہے) اور وہ بڑا پیدا کرنیوالا (اور) جاننے والا ہے۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ

یہ فقط اُسی کی شان ہے کہ جب کسی چیز کا ارادہ کرے تو اُس سے صرف اتنا فرمائے

كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ

کہ ہوجا پس وہ ہوجائے۔ پس منزہ ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں

مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

ہر چیز کا اختیار ہے اور اُسی کی حضور میں تم سب کی بازگشت ہوگی۔

سورۃ والصّٰفّٰت مکیۃ وھی مائۃ واثنتان وثمانون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ○ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ○

قسم ہے صف باندھ کر کھڑی ہونیوالوں کی۔ پھر قسم ہے جھڑکنے والوں کی۔

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ○ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ○

پھر ذکر کی تلاوت کرنیوالوں کی۔ بیشک تمہارا معبود ضرور یکتا ہے۔

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ اُن کے مابین ہے انکا پروردگار

وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ○ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ

اور مشرقوں کا مالک ہے۔ یقیناً ہمنے اِس دنیا کے آسمان کو

الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨ الْكَوَاكِبِ ○ وَحِفْظًا

ستاروں کی زینت سے مزین کیا ہے اور ہر سرکش شیطان

مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ○ لَا يَسَّمَّعُوْنَ

کے لیے اُن کو نگہبان بنایا ہے۔ اب وہ ملاءِ اعلےٰ کی

اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ

گفتگو یاں نہیں لے سکتے اور ہر طرف سے اُنکو بھگانے کے لیے مار

جَانِبٍ ○ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ○

پڑتی ہے اور یہ اُن کے لیے پائدار عذاب ہے۔

اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ

سوائے اِسکے کہ کوئی اُچکتی ہوئی بات لے بھاگا سو ایک ستارا ثاقب اُسکا پیچھا

ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ

لیتا ہے۔ اب اُنسے پوچھو کہ ازروے پیدائش یہ خود زیادہ مضبوط ہیں یا وہ

مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ

جن کو ہمنے پیدا کیا ہے یقیناً ہمنے اُنکو لسدار مٹی سے پیدا

لَّازِبٍ ۝ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ۝ وَاِذَا

کیا ہے بات یہ ہے کہ تمکو (اُنکے انکار سے) تعجب ہوا اور وہ (تمہارے تعجب کی ہنسی اڑاتے ہیں

ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ۝ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً

اور جب اُنکو نصیحت کی جاتی ہے تو وہ نصیحت نہیں پاتے۔ اور جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو

يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ

(اور زیادہ) ہنسی اڑاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو

مُّبِيْنٌ ۝ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا

ہے۔ کیا جب ہم مرجائینگے اور مٹی اور ہڈیاں ہوجائینگے تو

ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝

کیا ہم پھر اُٹھائے جائینگے؟ آیا ہمارے پہلے باپ دادا بھی؟

قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ۝ فَاِنَّمَا هِيَ

تم کہدو ہاں بلکہ تم سب ذلیل ہوکر آؤگے۔ پس وہ ایک جھڑکی

زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝ وَ

ہی تو ہوگی کہ وہ سب یکایک (قبروں سے نکل کر) دیکھتے کے دیکھتے رہجائینگے۔ اور

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ۝ هٰذَا يَوْمُ

کہینگے کہ ہائے خرابی ہماری یہی تو جزا و سزا کا دن ہے۔ (جواب ملیگا جی) یہی فیصلہ

الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝

کا دن ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔

احْشُرُوا الَّذِينَ ظَلَمُوا وَأَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوا
اُن لوگوں کو جنہوں نے نافرمانیاں کی تھیں اور اُنکی ازواج کو اور خدا کے سوا جن جن کو
يَعْبُدُونَ ۝ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ إِلَىٰ صِرَاطِ
یہ پوجا کرتے تھے اُن سب کو اکٹھا کرلو پھر ان سب کو جہنّم کا راستہ
الْجَحِيمِ ۝ وَقِفُوهُمْ إِنَّهُمْ مَسْئُولُونَ ۝ مَا لَكُمْ لَا
بتا دو۔ اور انکو ٹھہرالو کہ ان سے سوالات کیے جائیں۔ تمہیں ہو کیا گیا ہے تم
تَنَاصَرُونَ ۝ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُونَ ۝ وَ
ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے۔ بلکہ اُس دن تو وہ بڑے تابعدار بنے ہوئے ہونگے۔ اور
أَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ۝ قَالُوا إِنَّكُمْ كُنْتُمْ
ایک دوسرے کے پاس سوال کرتے ہوئے آئینگے کہتے ہونگے کہ تم تو ہماری طرف اپنی
تَأْتُونَنَا عَنِ الْيَمِينِ ۝ قَالُوا بَلْ لَمْ تَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ۝
سے (یعنی بڑا اہتمام سے) آیا کرتے تھے۔ وہ یہ کہینگے کہ تم ہی ایماندار نہ تھے۔
وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا
اور ہمارا تم پر کوئی قابو تو تھا نہیں بلکہ تم خود ہی سرکش لوگ
طَاغِينَ ۝ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۖ إِنَّا لَذَائِقُونَ ۝
تھے پس ہم پر تو ہمارے رب کا قول پورا اُترا کہ ہم ضرور (عذاب کا) مزہ چکھنے والے ہیں۔
فَأَغْوَيْنَاكُمْ إِنَّا كُنَّا غَاوِينَ ۝ فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي
سو ہمنے تم کو بھی بہکایا کہ ہم تو گمراہ تھے ہی۔ پس اُس دن وہ عذاب
الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ۝ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ۝
میں ملے جلے ہونگے۔ ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا کرتے ہیں۔
إِنَّهُمْ كَانُوا إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ۝
بیشک یہ وہ لوگ ہیں کہ جب اِنسے کہا جاتا تھا کہ سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں ہے تو یہ اکڑ دکھایا کرتے تھے

ربع

شے کی بھی وہ خواہش کرینگے انعاماً اور اکراماً وہی اُنکو دی جائیگی ۱۲ ۲ کَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ۔ تفسیر صافی میں ہے کہ حوریانِ جنت

[illegible]

وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ۝ بَلْ

اور یہ کہا کرتے تھے کہ کیا ہم ایک دیوانے شاعر کی خاطر اپنے خداؤں کو چھوڑنیوالے ہیں؟ (دیوانہ کیسا!)

جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا

بلکہ وہ تو حق لیکر آیا ہے اور اُسنے رسولوں کی تصدیق کی ہے۔ تم یقیناً دردناک عذاب

الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ۝ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

ضرور چکھنے والے ہو۔ اور تم بدلا اُسی کا پاؤگے جو کچھ تم عمل کیا کرتے تھے

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ

ہاں خدا کے خالص بندے اس سے مستثنیٰ ہیں۔ اُن کے واسطے رزق (بھی) معین

مَّعْلُوْمٌ ۝ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ۝ فِيْ جَنّٰتِ

ہے (یعنی میوے اور اُنکی عزت بھی) کی جائیگی۔ وہ نعمت والی جنتوں میں

النَّعِيْمِ ۝ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ

تختوں پر ایک دوسرے کے مقابل بیٹھے ہونگے۔ سفید شراب کے گلاس کے دور

مِّنْ مَّعِيْنٍ ۝ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝ لَا فِيْهَا غَوْلٌ

چل رہے ہونگے جس کا لطف پینے والے ہی جانینگے۔ اُس میں نہ کوئی جھگڑا ہوگا

وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ

اور نہ اُس سے مدہوش ہو جائینگے۔ اور اُن کے پاس نیچی نگاہ والی (اور) بڑی بڑی آنکھوں والی

عِيْنٌ ۝ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ۝ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ

(حوریں) اُسی طرح ہونگی گویا (رنگ کی صفائی میں) حفاظت سے رکھے ہوئے انڈے ہیں۔ پس وہ بھی ایک دوسرے کی طرف

عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ

متوجہ ہو کر سوال کرینگے۔ اُن میں سے ایک کہنے والا یہ کہیگا کہ میرا ایک

لِيْ قَرِيْنٌ ۝ يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ۝ ءَاِذَا مِتْنَا

ہمنشین تھا جو یہ کہا کرتا تھا کہ کیا تو بھی تصدیق کرنیوالوں میں سے ہے؟ کیا جب ہم مر جائینگے

۱ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ۔ کافی میں بروایت جناب امام محمد باقر جناب رسول خدا سے ایک حدیث منقول ہے جس میں آنحضرت نے اہل جنت کے حالات بیان کیے ہیں۔ ازانجملہ یہ ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ خدا نے جو یہ فرمایا ہے اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ اسکا مطلب یہ ہے کہ اُنکے خدام کو معلوم ہوگا اور قبل اسکے کہ دوستانِ خدا اُن سے سوال کو شتر مرغ کے انڈے سے اس لیے نسبت دیگئی ہے کہ شتر مرغ اُنکو اپنے بال و پر سے چھپائے رہتا ہے اسی سے وہ صاف اور ہر قسم کے گرد و غبار سے پاک و صاف رہتے ہیں۔ نیز انکا رنگ زردی مائل سفید ہوتا ہے۔

[illegible]

وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ○ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ
اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائینگے تو کیا ہمکو کوئی جزا یا سزا دی جائیگی؟ (پھر) کہیگا کہ آیا تم بھی اُس سے واقف ہو؟
مُّطَّلِعُوْنَ ○ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ○ قَالَ تَاللّٰهِ
پس جھک کر دیکھیگا تو اُسکو جہنم کے بیچوں بیچ دیکھ لیگا (تب بیساختہ) کہیگا کہ خدا
اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ○ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ○
کی قسم تو نے تو مجھے بھی مار ہی تھا۔ اور اگر میرے پروردگار کا احسان نہ ہوتا تو میں بھی (اسی طرح) تیرے سامنے حاضر
اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ○ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ○
کیا (میں تم سے) کہتا تھا کہ ہمکو ہماری پہلی موت کے سوا مرنا ہی نہیں ہے اور نہ ہمکو (آخرت میں) عذاب ہی دیا جائیگا
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ○
یقیناً بڑی سے بڑی کامیابی یہی تو ہے۔ ایسی ہی (کامیابی) کیلئے تو چاہیئے کہ کرنیوالے کچھ کریں۔
اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ○ اِنَّا جَعَلْنٰهَا
آیا مہمانی کیلیے یہ بہتر ہے یا زقوم کا درخت؟ کہ ہمنے اُسکو نافرمانوں کیلیے
فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ○ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ○
عذاب مقرر کیا ہے۔ وہ ایک درخت ہے جو جہنم کی گہرائی سے نکلتا ہے۔
طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ○ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ
اُسکی چوٹی ایسی ہے جیسے شیطانوں کے سر ہوں۔ پس وہ ضرور اُسی میں سے کھانیوالے
مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ○ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا
ہونگے اور (چارو ناچار) اُسی سے پیٹ بھرنیوالے۔ پھر اُنکے لیے اُسکے اوپر سے گرم پانی کی
مِّنْ حَمِيْمٍ ○ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ○ اِنَّهُمْ
ملائی ہوگی۔ پھر اُن سب کی بازگشت ضرور جہنم ہی میں ہوگی۔ انہوں نے یقیناً
اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ○ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ○
اپنے باپ دادا کو بھی گمراہ پایا تھا تو اُنکے نشانِ قدم پر یہ بھی دوڑے چلے آرہے تھے

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ
اور بیشک اِنسے قبل پہلے والے بہت سے گمراہ ہوگئے۔ حالانکہ ہم نے اُن میں ڈرانیوالے
مُّنْذِرِيْنَ ۝ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ اِلَّا
ضرور بھیجے تھے۔ پھر غور سے دیکھ لو کہ جنکو ڈرایا گیا تھا اُنکا انجام کیسا رہا! (ہاں) اللہ کے
عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝ وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ ع ٣ ٥٣ ٦
مخلص بندے اِس سے مستثنےٰ ہیں۔ اور یقیناً نوحؑ نے ہمکو پکارا تھا پس ہم ہی تو سب سے
الْمُجِيْبُوْنَ ۝ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ۝
اچھا جواب دینے والے ہیں۔ اور ہمنے خود اُنہیں اور اُنکے اہل کو بڑی تکلیف سے نجات دی
وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي
اور ہم نے اُنکی اولاد کو آئندہ حق پر باقی رہنے والا قرار دیا۔ اور ہمنے پچھلے آنیوالوں میں اُسے (یعنی اُنکی
الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ
صفت وثنا کو یا اُنکے قصہ کو) باقی رکھا۔ نوحؑ پر تمام عالموں میں سلام ہو۔ ہم نیکی کرنیوالوں کو
نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ ثُمَّ
اِسی طرح بدلا دیا کرتے ہیں۔ وہ یقیناً ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ پھر
اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ۝ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ۝
ہمنے اوروں کو ڈبو دیا اور یقیناً ابراہیمؑ بھی اُنہی کے پیرووں میں سے تھے۔
اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ
جبکہ وہ اپنے پروردگار کی حضور میں سالم نیت سے آئے۔ جبوقت کہ اُنہوں نے اپنے چچا سے اور اپنی قوم
مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ۝ اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ۝
کی لوگوں سے یہ کہا کہ تم یہ کیا پوجتے ہو؟ کیا تم اللہ کو چھوڑ کر جھوٹے خداؤں کے مرید بنتے ہو؟
فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ۝
تمام عالموں کی پروردگار کی نسبت تمہارا خیال کیا ہے؟ پھر ستاروں کی طرف ایک نظر ڈالی۔

فَقَالَ اِنِّیْ سَقِیْمٌ ۝ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِیْنَ ۝ فَرَاغَ اِلٰٓی

اور یہ فرمایا کہ میں بیمار ہونیوالا ہوں۔ پس یہ لوگ تو پیٹھ پھیرا کر اُسکے پاس سے (اُدھر) گئی اور یہ چپکے سے

اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ۝ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ۝

اُنکے خداؤں کی طرف گئے اور دریافت کیا کہ تم کچھ کھاتے کیوں نہیں؟ یہ تمہیں ہو کیا گیا ہے بولتے کیوں نہیں؟

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ۝ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ۝

اب تو پچھے چھپے اُن پر داہنے ہاتھ کی ضرب لگانے لگے۔ اب وہ لوگ منڈلا کر اُنکی طرف آئے

قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا

فرمایا کیا تم اُن چیزوں کی پوجا کرتے ہو جنکو اپنی ہاتھوں سے تراشتے ہو حالانکہ اللہ نے تمکو بھی پیدا کیا ہے اور جو

تَعْمَلُوْنَ ۝ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِی الْجَحِيْمِ ۝

تم بناتے ہو (انکو بھی) پھر انہوں نے آپس میں کہا کہ تم اسکے لیے ایک عمارت بناؤ پھر اسکو سخت آگ میں ڈالدو۔

فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ۝ وَقَالَ اِنِّیْ

پس اس طرح وہ ابراہیمؑ کے لیے ایک چال چلے سو ہمنے اُنھی کو ذلیل کر دیا۔ اور ابراہیمؑ نے کہا کہ میں

ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَيَهْدِيْنِ ۝ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

اپنے پروردگار کی طرف جانیوالا ہوں وہ عنقریب میری راہبری فرمائیگا۔ اے میرے پروردگار مجھے نیک اولاد عطا فرما۔

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ۝ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ قَالَ يٰبُنَیَّ

پس ہمنے اُنکو ایک بردبار فرزند کی بشارت دی پس جب وہ (فرزند) اُنکے ساتھ چلنے پھرنے کے لائق ہوا تو

اِنِّیْٓ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی ؕ

اُنھوں نے فرمایا کہ اے میرے پیارے بیٹے میں خواب میں دیکھتا کیا ہوں کہ میں تمکو ذبح کر رہا ہوں تو غور کرو کہ تمہاری رائے کیا ہے

قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِیْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

اُنھوں نے عرض کی باباجان آپکو جو حکم ملتا ہے بجا لائیے اگر اللہ نے چاہا تو آپ مجھ کو صبر کرنیوالوں

مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ۝ وَنَادَيْنٰهُ

میں سے پائینگے۔ پس جب دونوں نے اظہار اطاعت کیا اور باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹا دیا اور ہمنے اُنکو

أَنْ يَّا إِبْرٰهِيْمُ ۝ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي

آواز دی کہ اے ابراہیمؑ تم نے بیشک اپنا خواب سچا کر دیا ہم نیکی کرنیوالوں کو ایسا ہی بدلا

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ إِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ۝ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ

دیا کرتے ہیں بیشک یہ کھلی آزمائش ضرور ہے۔ اور ہمنے اسکا فدیہ ایک بڑی قربانی

عَظِيْمٍ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰٓى إِبْرٰهِيْمَ ۝

مقرر کی ہے۔ اور اس بات کو ہمنے آئندہ آنیوالوں میں باقی رکھا ہے۔ ابراہیمؑ پر سلام ہو۔

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ إِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

نیکی کرنیوالوں کو ہم اسی طرح بدلا دیا کرتے ہیں وہ یقیناً ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے

وَبَشَّرْنٰهُ بِإِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى

اور ہمنے انکو اسحٰقؑ نبی کی خوشخبری دی جو صالحین میں سے تھے اور ہمنے ابراہیمؑ اور اسحٰقؑ پر برکت

إِسْحٰقَ ۭ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ۝ ع ٣٩

نازل کی حالانکہ ان دونو کی اولاد میں نیک بھی ہونیوالے تھے اور کھلم کھلا اپنے اوپر ظلم کرنیوالے بھی

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ

اور بیشک ہم نے موسےٰؑ اور ہارونؑ پر احسان کیا۔ اور ہمنے ان دونوں کو اور انکی قوم کو سخت

الْعَظِيْمِ ۝ وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمَا

تکلیف سے نجات دی۔ اور ہمنے انکی نصرت کی جس سے وہی غالب رہے۔ اور ہمنے ان دونوں کو بلیغ

الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ۝ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝

بیان والی کتاب عطا کی۔ اور ہم ہی نے ان دونو کو راہ راست دکھائی۔

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ سَلٰمٌ عَلٰي مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝

اور ہم ہی نے آئندہ آنیوالوں میں انکا ذکر خیر باقی رکھا۔ موسےٰؑ اور ہارونؑ پر سلام ہو۔

إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ إِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا

بیشک ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں۔ یقیناً وہ دونو ہمارے ایماندار بندوں

الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ اِذْ قَالَ

میں سے تھے۔ اور یقیناً الیاسؑ رسولوں میں سے تھے۔ جسوقت کہ انہوں نے اپنی قوم

لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ○ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ

سے کہا کہ تم ڈرتے نہیں۔ تم بعل کو پکارتے ہو اور سب سے اچھے پیدا کرنیوالے اللہ کو

اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ○ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ○

جو تمہارا بھی پروردگار ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا بھی چھوڑے دیتے ہو۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ○ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ○

پس انہوں نے الیاسؑ کی تکذیب کی وہ سب (عذاب میں) ضرور دھرے جائینگے۔ اللہ کے خالص بندے اس سے مستثنیٰ ہیں

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ○ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ○ اِنَّا

اور انکا ذکر ہمنے پیچھے آنیوالوں میں باقی رکھا۔ آل یاسین پر سلام ہو۔ بالضرور ہم

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ○ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ○

نیکی کرنیوالوں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں۔ وہ بیشک ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ○

اور یقیناً لوطؑ رسولوں میں سے تھے۔ جبکہ ہمنے انکو اور انکے تمام کنبے کو نجات دی

اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ○ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ○ وَاِنَّكُمْ

سوائے ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہجانیوالوں میں سے تھی۔ پھر ہمنے اوروں کو ہلاک کر دیا۔ اور تم صبح و

لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ○ وَبِالَّيْلِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○

شام آتے جاتے ضرور انکے آثار (قدیم) کے پاس سے گزرتے رہتے ہو تو کیا تم کچھ سمجھتے نہیں؟

وَاِنَّ يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ

اور یونسؑ بیشک رسولوں میں سے تھے۔ جبکہ وہ بھاگ کر ایک بھری ہوئی کشتی میں

الْمَشْحُوْنِ ○ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ○ فَالْتَقَمَهُ

چلے گئے پس کشتی والوں نے قرعہ ڈالا تو یہ مغلوب رہے۔ پھر ان کو ایک مچھلی

الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ۝ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ۝

نکل گئی اور یہ اپنے آپ کو ملامت کرنے لگے۔ پس اگر یہ کہیں تسبیح کرنیوالوں میں سے نہوتے تو

نصف

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ

جس دن سب اٹھائے جائینگے اس دن تک مچھلی کے پیٹ ہی میں رہتے۔ پھر ہمنے انکو ایک خالی جگہ میں ڈالدیا

وَهُوَ سَقِيْمٌ ۝ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ۝ وَ

جس حال میں کہ وہ ناتوان تھے۔ اور انکے اوپر کدو کا ایک درخت اگا دیا۔ اور

اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ۝ فَاٰمَنُوْا فَمَتَّعْنٰهُمْ

انکو ایک لاکھ یا اس سے بھی زیادہ کی طرف رسول بنا کر بھیجا۔ پس وہ لوگ ایمان لے آئے اور ہمنے انکو

اِلٰى حِيْنٍ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ

ایک (مقررہ) وقت تک نفع پہنچایا۔ اب انسے پوچھو کہ کیا تیرے خدا کے لیے تو بیٹیاں ہیں اور انکے لیے

الْبَنُوْنَ ۝ اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شَاهِدُوْنَ ۝

بیٹے؟ کیا ہم نے انکو دکھا دکھا کر فرشتوں کو عورتیں پیدا کیا ہے؟

اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ۝ وَلَدَ اللّٰهُ وَاِنَّهُمْ

آگاہ رہو (یہ) یقیناً انکا بہتان ہے (جو) یہ کہتے ہیں کہ اللہ کے بھی اولاد ہے اور یہ یقیناً

لَكٰذِبُوْنَ ۝ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ۝ مَا لَكُمْ

جھوٹے ہیں۔ کیا اسنے بیٹے چھوڑ کر بیٹیاں اختیار کرلیں؟ تمہیں ہو کیا گیا ہے

كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ

تم کیسے فیصلے کرتے ہو؟ کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے یا تمہارے پاس کوئی کھلی حجت

نصف

مُّبِيْنٌ ۝ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَجَعَلُوْا

ہے؟ پس اگر تم سچے ہو تو اپنی کتاب پیش کرو اور انہوں نے خدا کے

بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۭ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ

اور جنات کے مابین رشتہ قرار دیدیا حالانکہ جنات اس بات کو خوب جانتے ہیں کہ یہ (مفتری) ضرور

لَمُحْضَرُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ
حاضر کیے جائینگے۔ جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں خدا تعالیٰ اُس سے منزّہ ہے۔ اللہ کے مخلص بندے اس سے
الْمُخْلَصِيْنَ ۝ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ۝ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ
مستثنےٰ رہے۔ پس تم اور جن جن کو تم پوجتے ہو وہ سب ملکر خدا کے برخلاف کسی کو بہکا نہیں
بِفٰتِنِيْنَ ۝ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ۝ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ
سکتے ہو۔ سوائے اُسکے جو جہنم میں جانیوالا ہے۔ اور ہم میں کوئی بھی ایسا نہیں جسکے
مَّعْلُوْمٌ ۝ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ۝ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ۝
لیے ایک معین ٹھکانا نہو اور یقیناً ہم صف باندھنے والے ہیں اور بیشک ہم تسبیح کرنیوالے ہیں۔
وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ۝ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ
اور یقیناً وہ یہ کہتے تھے کہ اگر ہمارے پاس پہلوں کی کتاب ہوتی
الْاَوَّلِيْنَ ۝ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝ فَكَفَرُوْا بِهٖ
تو ہم بھی خدا کے خالص بندوں میں سے ہوتے۔ خیر اب تو انہوں نے اِسکا
فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا
انکار کیا پس آگے چل کر انکو معلوم ہی ہو جائیگا۔ اور ہمارا وعدہ ہمارے مرسل بندوں سے پہلے ہی
الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ۝ وَاِنَّ جُنْدَنَا
ہو چکا تھا کہ اُن سب کو یقیناً مدد پہنچائی جائیگی۔ اور ہمارا لشکر ضرور
لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ وَّاَبْصِرْهُمْ
غالب رہیگا۔ پس تم اِن سے ایک وقت تک کیلیے روگردان ہو جاؤ اور انکی حالت دیکھتے رہو
فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ۝ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ فَاِذَا
کہ آگے چل کر یہ خود دیکھ لینگے۔ کیا یہ ہمارے عذاب کی باری میں جلدی کرتے ہیں؟ تو جب وہ
نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ وَتَوَلَّ
اِن پر آ اُترے گا تو اُن لوگوں کی جو ڈرائے جا چکے ہیں بہت ہی بُری حالت ہو جائیگی۔ اور ایک

عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ
وقت تک کہ لیکن تم ان سے روگرداں ہو جاؤ اور دیکھتے رہو کہ کچھ عرصہ بعد ہی یہ دیکھ لیں گے۔ تمہارا پروردگار،
رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى
صاحب عزت و غلبہ اُن سب باتوں سے منزہ ہے جو کچھ یہ لوگ بیان کرتے ہیں۔ اور تمام رسولوں پر
الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
سلام ہو۔ اور ہر قسم کی تعریف تمام عالموں کے پروردگار خدا ہی کیلئے (سزاوار) ہے

سورۃ ص مکیۃ وھی ثمان وثمانون اٰیۃ

اٰیاتھا ۸۸ | کلماتھا ۴۳۸ | حروفھا ۱۷۰۰ | رکوعاتھا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ
ص۔ قسم ہے نصیحت والے قرآن کی (یہ تو برحق ہے) لیکن جو لوگ کافر ہو گئے ہیں وہ
عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ
تکبر اور نافرمانی میں (اڑے ہوئے) ہیں۔ ہم اُنسے پہلے کتنے ہی زمانوں کو ہلاک کر چکے ہیں
فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ۝ وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ
پھر وہ چیخ چلائے مگر وہ بچاؤ کا وقت نہ تھا۔ اور انہیں تعجب یہ ہوا کہ اُنکے پاس ایک
مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ۫ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝
ڈرانیوالا انہیں میں سے آیا اور کافروں نے یہ بک دیا کہ یہ جھوٹا (اور) جادوگر ہے۔
اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝
کیا اسنے سب خداؤں کو ایک ہی خدا بنا دیا بیشک یہ تو ضرور عجیب بات ہے۔
وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ
اور اُنکے شرفاء ایک دوسرے کے پاس (یہ کہنے) گئے کہ چلو تم اپنے معبودوں کی پوجا پر قائم رہو

إِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ يُرَادُ ۝ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْآخِرَةِ إِنْ
بیشک یہ بات کسی غرض سے کہی جاتی ہے۔ پچھلے مذہب میں تو ہم نے یہ بات سنی نہیں یہ تو ایک نئی
هٰذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝ أَأُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْ بَيْنِنَا ۚ بَلْ هُمْ
پیدا کی ہوئی بات ہے۔ کیا ہم میں سے اسی کے اوپر نصیحت اتاری گئی اصل یہ ہے
فِي شَكٍّ مِنْ ذِكْرِي ۚ بَلْ لَمَّا يَذُوقُوا عَذَابِ ۖ أَمْ عِنْدَهُمْ
کہ وہ میرے ذکر سے شک میں پڑے ہوئے ہیں بلکہ (یوں سمجھو کہ ابھی) انھوں نے عذاب ہی نہیں چکھا ہے۔ آیا تمہارے
خَزَائِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيزِ الْوَهَّابِ ۝ أَمْ لَهُمْ مُلْكُ
زبردست اور بڑے عطا کرنیوالے پروردگار کی رحمت کے خزانے انکے پاس ہیں؟ یا آسمانوں کا اور زمین کا
السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ فَلْيَرْتَقُوا فِي الْأَسْبَابِ ۝
اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اسکا اختیار انکو حاصل ہو گیا ہے پس چاہیے کہ یہ (آسمانوں کی) سیڑھیوں پر چڑھ
جُنْدٌ مَا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِنَ الْأَحْزَابِ ۝ كَذَّبَتْ
وہ جتھوں میں سے ایک لشکر ہی تو ہیں جو عنقریب بھگا دیا جائیگا۔ ان سے پہلے نوح
قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ ذُو الْأَوْتَادِ ۝ وَثَمُودُ
کی قوم اور عاد اور میخوں والا فرعون بھی جھٹلا چکے ہیں۔ اور اسی طرح ثمود
وَقَوْمُ لُوطٍ وَأَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ ۖ أُولٰئِكَ الْأَحْزَابُ ۝ إِنْ
اور لوط کی قوم اور بن والے وہ بھی کے جتھے تھے۔ ان میں سے
كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ۝ وَمَا يَنْظُرُ هٰؤُلَاءِ ع ۱۴ ۱
سب ہی نے تو رسولوں کو جھٹلایا تھا اور ہمارے عذاب کے مستحق ہو گئے تھے۔ اور یہ ایک چیخ ہی کی منتظر ہیں
إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً مَا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ۝ وَقَالُوا رَبَّنَا عَجِّلْ
جس میں کچھ دیر نہ ہوگی۔ اور انھوں نے کہا کہ اے ہمارے پروردگار
لَنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ۝ اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُولُونَ
روز حساب سے پہلے پہلے ہمارے حصہ کا عذاب تو ہمارے لیے جلدی ہی بھیج دے۔ جو کچھ یہ کہتے ہیں اس پر صبر کرو۔

وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗۤ اَوَّابٌ ۝ اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ
اور ہمارے قوت والے بندے داؤدؑ کو یاد کرو بیشک وہ بڑی رجوع کرنے والے تھے۔ ہمنے پہاڑوں کو مسخر کر دیا تھا کہ
مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ۝ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ
وہ اُن کے ساتھ شام و صبح تسبیح کیا کرتے تھے۔ اور پرندے بھی جمع رہتے تھے (اور)
كُلٌّ لَّهٗۤ اَوَّابٌ ۝ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَ
یہ سب اُن کے مطیع تھے اور ہمنے اُنکی سلطنت کو مضبوط کر دیا تھا اور ہمنے اُنکو (قانون) شریعت اور
فَصْلَ الْخِطَابِ ۝ وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا
فیصلہ کرنیکی قوت عطا کی تھی۔ اور آیا تمہیں جھگڑنیوالوں کی بھی خبر ملی ہے جبکہ وہ محراب پھاند کر (داؤدؑ کی
الْمِحْرَابَ ۝ اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ ؕ قَالُوْا لَا
پاس) آگئے تھے اور وہ اُن سے پریشان ہوئے تھے (اور) اُنہوں نے کہا تھا کہ ڈریے
تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ
نہیں ہم دونو مدعی و مدعا علیہ ہیں ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے پس آپ ہمارا فیصلہ ٹھیک ٹھیک کر دیجئے
وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَاۤ اِلٰى سَوَآءِ الصِّرَاطِ ۝ اِنَّ هٰذَاۤ اَخِيْ لَهٗ
اور کسی طرح کی زیادتی نہ کیجئے اور ہمیں راہِ راست پر چلایئے (دیکھیے) یہ میرا بھائی ہے اسکے پاس
تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۖ فَقَالَ اَكْفِلْنِيْهَا
ننانوے بھیڑیں ہیں اور میرے پاس ایک ہی بھیڑ ہے پس اسنے مجھ سے کہا کہ وہ ایک بھی میرے حوالے
وَعَزَّنِيْ فِي الْخِطَابِ ۝ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى
کر دے اور مجھ بات کرنے میں بھی زبانی (حضرت داؤدؑ نے) فرمایا کہ بیشک اسنے اپنی اتنی بھیڑوں کی ہوتے تیری بھیڑ مانگنے
نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ
میں تجھپر زیادتی کی اور یقیناً بہت سے شریک اسی طرح ایک دوسرے پر زیادتی کر جایا کرتے ہیں
اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ وَظَنَّ
سوائے اُنکے جو ایمان لائے ہوں اور نیکوکار ہوں اور وہ ہیں ہی تھوڑے اور (اس حد پر پہنچکر داؤدؑ

وقف لازم

ع ۶

ف ذکر الخطاب: التوحید میں جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ کلام عرب میں ید سے مراد قوت نعمت اور عطا و بخشش ہوتی ہے پھر حضرتؑ نے یہی آیت تلاوت فرمائی ۱۲

داؤدُ اِنَّا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۝
سمجھ گئے کہ ہمنے اِس فیصلہ کے ذریعے سے اُنکی آزمائش کی ہے اُنہوں نے اپنے پروردگار سے بخشش مانگی اور وہ رکوع میں گر پڑے

فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ۝
اور خدا کی طرف رجوع کی پھر ہمنے بھی اُنکی یہ لغزش معاف کردی اور یقیناً ہمارے نزدیک اُنکا بڑا تقرب بھی تھا اور انجام

يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ
نیک بھی۔ اے داؤدؑ ہمنے تمکو اس زمین میں خلیفہ مقرر کیا ہے پس تم لوگوں کے (ابین ٹھیک ٹھیک)

النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ
فیصلہ کیا کرو اور اپنی خواہش کی پیروی نہ کرو ورنہ وہ تمکو راہ خدا سے بھٹکا دیگی

اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۢ
یقیناً جو لوگ راہِ خدا سے بھٹک جائینگے اُن کے لیے بوجہ اِس کے کہ وہ روزِ حساب کو بھولے

بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ۝ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ
ہوئے تھے سخت عذاب ہوگا۔ اور ہمنے آسمان کو اور زمین کو اور جو کچھ اِن دونو کے مابین ہے

وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ
اُسکو بیکار نہیں پیدا کیا یہ تو اُن لوگوں کا گمان ہے جو کافر ہوگئے پس اُن لوگوں کے لیے

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ۝ اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
جو کافر ہوگئے جہنم کی ویل ہے۔ آیا ہم اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِى الْاَرْضِ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ
زمین میں فساد کرنیوالوں کے برابر سمجھینگے؟ یا پرہیزگاروں کو بدکاروں کے برابر

كَالْفُجَّارِ ۝ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَ
رکھینگے؟ یہ کتاب جسکو ہمنے تمہاری طرف نازل کیا بڑی برکت والی ہے تاکہ وہ اسکے احکام میں غور

لِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ
کریں اور عقلمند نصیحت حاصل کریں۔ اور ہمنے داؤدؑ کو سلیمان جیسا بہتریں بندہ عطا کیا بیشک وہ خدا کی

اور اگر تم اُسے نصاحت میں رکھو تو تمکو عیب لگائے اور اگر تم اُسپر بھروسہ کرلو تو تمہارا خیر خواہ نہو اور کبھی تمہیں نیک بات نہ سجھائے ۱۲

إِنَّهُ أَوَّابٌ ۝ إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ ۝
طرف بڑا رجوع کرنیوالا تھا۔ (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ شام کو قریب اُنکے سامنے خاصے کے اصیل گھوڑے پیش کیے گئے

فَقَالَ إِنِّيٓ أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَن ذِكْرِ رَبِّي ۖ حَتّٰى تَوَارَتْ
تو کہنے لگے کہ میں نے مال کی محبت میں اپنے پروردگار کی یاد چھوڑ دی یہانتک کہ (سورج) پردے میں

بِالْحِجَابِ ۝ رُدُّوهَا عَلَيَّ ۖ فَطَفِقَ مَسْحًۢا بِالسُّوقِ وَالْأَعْنَاقِ ۝
چھپ گیا۔ اُنہیں میرے آگے پھر لوٹا لاؤ پھر اُنہوں نے پنڈلیوں کو اور گردنوں کو چھو کر مسح کیا۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَأَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ
اور ہمنے سلیمانؑ کی آزمائش کی اور اُنکی کرسی پر ایک (بیجان) لاشہ ڈالدیا پھر اُنہوں نے

أَنَابَ ۝ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَهَبْ لِي مُلْكًا لَّا يَنۢبَغِي لِأَحَدٍ
رجوع کی۔ عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار میری خطائیں بخشدے اور مجھے ایسی سلطنت عطا فرما کہ میرے

مِّن بَعْدِيٓ ۖ إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ۝ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي
بعد کسی اور کو میسّر نہ آئے بیشک تو بڑا عطا فرمانیوالا ہے۔ پس ہمنے ہوا کو اُنکے تابع کر دیا کہ وہ اُنکے حکم سے

بِأَمْرِهِ رُخَآءً حَيْثُ أَصَابَ ۝ وَالشَّيٰطِينَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَغَوَّاصٍ ۝
جہاں وہ چاہتے اُنکو بہ نرمی و بہ آسانی پہنچا دیتی تھی۔ اور شیاطین کو اُنکا محکوم کر دیا تھا وہ عمارتیں بنانے تھے

وَآخَرِينَ مُقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ ۝ هٰذَا
اور دریا میں غوطے لگاتے تھے۔ اور کچھ اور تھے جو بیڑیوں میں جکڑے ہوئے تھے۔ یہ ہماری

عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ أَوْ أَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ وَإِنَّ لَهُ عِندَنَا
دین ہے اب خواہ دوسروں کو عطا کرو یا بخل کرو اسکی متعلق حساب نہ لیا جائیگا۔ اور بیشک سلیمانؑ کو ہماری حضور میں

لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَـَٔابٍ ۝ وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ أَيُّوبَ ۘ إِذْ نَادٰى
قرب بھی حاصل تھا اور نیک انجام بھی۔ اور ہمارے بندہ ایوبؑ کا ذکر کرو جسوقت اُنہوں نے اپنے پروردگار

رَبَّهُۥٓ أَنِّي مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ ۝ ارْكُضْ
کو پکارا کہ شیطان نے مجھ کو رنج بھی پہنچایا ہے اور دردناک تکلیف بھی۔ (ہمنے جواب دیا کہ) تم زمین پر اپنا

بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ

پاؤں مارو (فوراً چشمہ جاری ہو گیا اور ہم نے حکم دیا کہ) یہ ٹھنڈا پانی نہانے کے لیے بھی ہے اور پینے کو بھی (تاکہ ظاہر و باطن صاف ہو جائے)

وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ۝ وَخُذْ

اور ہم نے اُن کو اہل و عیال بھی دیے اور اتنے ہی اور بڑھا دیے یہ ہماری طرف سے ایک رحمت تھی اور عقلمندوں کے لیے نصیحت۔ اور (ایوب سے کہا) اپنے

بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ۗ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۗ

ہاتھ میں شاخوں کا ایک مٹھا لیلو اور اُس کے ذریعہ سے مارو اور اپنی قسم جھوٹی نہ کرو بیشک ہم نے اُن کو صابر پایا

نِعْمَ الْعَبْدُ ۗ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ۝ وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ

وہ کیسے اچھے بندے تھے بیشک وہ بڑی رجوع کرنے والے تھے۔ اور ہمارے بندوں ابراہیمؑ و اسحٰقؑ و یعقوبؑ کو

وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَالْاَبْصَارِ ۝ اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ

یاد کرو جو بڑی قوت والے اور بڑی نظر والے تھے۔ ہم نے اُنکو عاقبت کی یاد

بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ۝ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ

کے واسطے خالص کر لیا تھا۔ اور وہ ہمارے نزدیک چیدہ اور نیک بندوں

الْاَخْيَارِ ۝ وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ۗ وَكُلٌّ مِّنَ

میں سے تھے۔ اور اسمٰعیلؑ و الیسعؑ اور ذوالکفلؑ کو بھی یاد کرو اور یہ سب کے سب

الْاَخْيَارِ ۝ هٰذَا ذِكْرٌ ۗ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ۝

نیک تھے۔ یہ تو ایک یاد دہانی ہے۔ اور پرہیزگاروں کے لیے انجام ضرور نیک ہے (یعنی)

جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ۝ مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا

ہمیشہ رہنے کے باغات جنکے دروازے اُن کے لیے کھلے ہوئے ہونگے۔ وہ اُن میں تکیے لگائے بیٹھے ہونگے

يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ۝ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ

اور طرح طرح کے میوے اور پینے کی چیزیں اُن میں طلب کرتے ہونگے۔ اور اُنکے پاس ہم عمر نیچی نگاہ والی

الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ۝ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝

(حوریں) ہونگی۔ یہی تو وہ چیزیں ہیں جنکی بابت حساب کے دن کے متعلق تم سے وعدے کیے گئے تھے۔

إِنَّ هَٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِن نَّفَادٍ ۝ هَٰذَا ۚ وَإِنَّ لِلطَّٰغِينَ

بیشک یہ ہمارا وہ عطیہ ہے جسکا خاتمہ ہونیوالا نہیں۔ یہی تو ہے۔ اور سرکشوں کیلیے ضرور

لَشَرَّ مَآبٍ ۝ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا ۖ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ هَٰذَا

انجام برا ہے (یعنی) جہنم جس میں وہ داخل ہونگے پس وہ بہت ہی برا بچھونا ہے۔ یہی تو ہے

فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ ۝ وَآخَرُ مِن شَكْلِهِ

پس چاہیے کہ اسکو چکھیں کیسا کھولتا پانی ہے اور کیسی پیپ ہے اور اسی شکل کے اور بہت سی گروہ

أَزْوَاجٌ ۝ هَٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۖ لَا مَرْحَبًا بِهِمْ ۚ

ہونگے۔ یہ فوج کی فوج تمہارے ہی ساتھ گھسنے والی ہے انکو کہیں ٹھکانا نہ ملے۔

إِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ۝ قَالُوا بَلْ أَنتُمْ ۖ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ ۚ أَنتُمْ

یہ بھی جہنم میں داخل ہونیوالے ہیں۔ وہ کہینگے کہ تم ہی کو کہیں ٹھکانا نہ ملے تم ہی نے تو

قَدَّمْتُمُوهُ لَنَا ۖ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝ قَالُوا رَبَّنَا مَن قَدَّمَ لَنَا

ہمارے لیے پہلے سے یہ تیار کیا ہے تو یہ کیسا برا ٹھکانا ہے۔ پھر عرض کرینگے کہ ای ہمارے پروردگار جسنے یہ راستہ ہمارے لیے

هَٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ۝ وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرَىٰ

پہلے سے تیار کیا تو اسی آگ میں اسکا عذاب دوگنا بڑھا دے۔ اور وہ کہینگے کہ کیا ہو گیا ہے کہ ہم ان لوگوں کو

رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُم مِّنَ الْأَشْرَارِ ۝ أَتَّخَذْنَٰهُمْ سِخْرِيًّا أَمْ

نہیں دیکھتے جنکو ہم بدوں میں سے شمار کیا کرتے تھے۔ آیا انکو ہم نے مسخرہ بنا لیا تھا یا

زَاغَتْ عَنْهُمُ الْأَبْصَارُ ۝ إِنَّ ذَٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ

نگاہیں ان سے پھر گئی ہیں۔ بیشک یہ اہل جہنم کا آپس میں لڑنا برحق

النَّارِ ۝ قُلْ إِنَّمَا أَنَا مُنذِرٌ ۖ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ الْوَاحِدُ

ہے۔ تم کہدو کہ میں تو صرف ایک ڈرانیوالا ہوں اور سوائے خدائے یکتا و زبردست کے کوئی اور معبود

الْقَهَّارُ ۝ رَبُّ السَّمَٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ

نہیں ہے۔ آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان دونو کے مابین ہے انکا پروردگار بڑا زبردست (اور)

ایسے ہی جھگڑینگے جیسے دنیا میں جھگڑا کرتے تھے ۱۲

پہلے سرادقِ عرش میں تسبیح خدا کرتے تھے۔ اور سب فرشتوں نے ہماری تسبیح سن سنکر تسبیح کرنا سیکھا۔ (بقیہ ضمیمہ میں ملاحظہ ہو) ۱۲

الْغَفَّارُ ○ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيمٌ ○ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُونَ ○ مَا

بڑا بخشنے والا ہے۔ تم کہدو کہ وہی تو خبر بزرگ ہے جس سے تم روگرداں ہونیوالے ہو۔ مجھے

كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰى اِذْ يَخْتَصِمُونَ ○ اِنْ يُّوحٰى اِلَيَّ

عالمِ بالا کی تو خبر تھی نہیں جبکہ وہ آپس میں جھگڑتے تھے۔ مجھے کوئی اور وحی نہیں کی جاتی

اِلَّا اَنَّمَا اَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ○ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّي خَالِقٌ

ہے مگر یہ کہ میں کھلا ڈرانیوالا ہوں۔ (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تمہارے پروردگار نے کل فرشتوں سے کہا کہ میں مٹی سے

بَشَرًا مِّنْ طِينٍ ○ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُّوحِي فَقَعُوا

ایک آدمی بنانیوالا ہوں پھر جب میں اُسے بنا چکوں اور اُس میں اپنی (پیدا کی ہوئی) روح پھونکدوں تو تم اُسکے لیے

لَهٗ سٰجِدِينَ ○ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُونَ ○ اِلَّا اِبْلِيسَ

سجدہ میں گر پڑنا پس سب ہی فرشتوں نے تو سجدہ کیا۔ نہ کیا تو ابلیس نے

اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِينَ ○ قَالَ يٰٓاِبْلِيسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ

اُسنے بڑائی چاہی اور کافروں میں شمار کیا گیا۔ (خدا تعالےٰ نے) سوال کیا کہ اے ابلیس جسے میں نے اپنی

تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ

قدرتِ خاص سے پیدا کیا اُسے سجدہ کرنے سے تجھے کیا چیز مانع آئی آیا تو نے (خود سے) بڑائی چاہی یا تو اعلےٰ درجہ والوں میں

الْعَالِينَ ○ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِي مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ

سے ہو گیا؟ عرض کرنے لگا کہ میں اُس سے بہتر ہوں تو نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے اور اُسکو مٹی سے بنایا

طِينٍ ○ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيمٌ ○ وَّاِنَّ عَلَيْكَ

ہے۔ فرمایا تو یہاں سے نکل جا کہ تو راندۂ درگاہ ہے اور تجھپر روزِ جزا تک

لَعْنَتِي اِلٰى يَوْمِ الدِّينِ ○ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِي اِلٰى يَوْمِ

کے لیے میری لعنت ہے۔ عرض کرنے لگا کہ اے میرے پروردگار تو مجھے اُس دن تک کے لیے مہلت دیدے جس دن

يُبْعَثُونَ ○ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِينَ ○ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ

یہ مبعوث کیے جائینگے۔ فرمایا تجھے وقتِ معلوم کے دن تک کے لیے مہلت دیگئی ہے

الْمَعْلُومِ ○ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ○ إِلَّا عِبَادَكَ
اُسنے عرض کی اب تیری ہی عزت کی قسم اِن میں سے تیرے خالص بندوں کو چھوڑ کر اور تو میں
مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ ○ قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُولُ ○ لَأَمْلَأَنَّ
سب ہی کو بہکاؤنگا۔ فرمایا یہ ٹھیک ہے اور میں بھی ٹھیک ہی کہے دیتا ہوں میں بھی تجھ سے اور
جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ أَجْمَعِينَ ○ قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ
اِن میں سے جو جو بھی تیرے پیرو ہو جائینگے اُن سب سے جہنم کو پاٹ ہی دونگا۔ تم یہ کہدو کہ میں تو تم سے تبلیغ رسالت
عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ ○ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ
کا کوئی اجر مانگتا ہی نہیں اور نہ میں تکلف کرنیوالا آدمی ہوں۔ یہ تو تمام اہل عالم کے لیے ایک
لِلْعَالَمِينَ ○ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَأَهُ بَعْدَ حِينٍ ○

نصیحت ہی۔ اور اسکی واقعی خبر کچھ عرصہ کے بعد تم سب کو ضرور ہی معلوم ہو جائیگی۔

سورۃ الزمر مکیۃ وھی خمس وسبعون اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ○ إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ
اِس کتاب کا اتارا زبردست حکمت والے خدا کی طرف سے ہے۔ یقیناً ہمنے یہ کتاب تمہارے پاس حق کے
الْكِتَابَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ ○ أَلَا لِلَّهِ
ساتھ اُتاری ہے پس تم اطاعت کو خالص کرکے اللہ ہی کی عبادت کرو۔ خبردار ہو کہ اطاعت
الدِّينُ الْخَالِصُ ۚ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ مَا
خالص خدا ہی کیلیے ہے اور جن لوگوں نے اُسکے سوا اوروں کو اپنا کارساز بنالیا ہے وہ یہ کہتے ہیں کہ
نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَىٰ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ
ہم تو انکی پرستش صرف اِس لیے کرتے ہیں کہ یہ ہمکو خدا سے نزدیک کردیں ضرور خدا یتعالیٰ اُن تمام باتوں کو جن میں

بنا لیا ہے؟ عرض کی جی ہاں۔ فرمایا کہ اگر عبادت میں شرکت ہوتی تو زیادہ موزوں یہ تھا کہ یہ تمکو پوجتے کہ تم انکے بنانے والے ہو کیونکہ تمہارا تو یہ کہنا ہے کہ انکی تعظیم کے متعلق

الجزء ۲۴

آیاتها ۷۵
رکوعاتها ۸
کلماتها ۱۱۴۳
حروفها ۴۹۲۵

فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ
اُس میں اختلاف کیا کرتے ہیں فیصل فرماوے گا۔ یقیناً خدا تعالےٰ اُس شخص کی راہبری نہیں فرماتا جو جھوٹا ہو
كَفَّارٌ ۝ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ
(اور) بڑا منکر ہو اگر اللہ یہ چاہتا کہ کوئی بیٹا بناوے تو جو کچھ وہ پیدا کرتا ہے اُس میں سے جسے چاہتا
مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
منتخب کر لیتا اُسکی ذات ایسی باتوں سے منزہ ہے۔ وہ یکتا و زبردست خدا ہے۔ اُسنے آسمانوں کو اور زمین کو
وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ
ٹھیک ٹھیک پیدا کیا وہ رات کو دن پر ڈھانپ دیتا ہے اور دن کو
عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ
رات پر اور اُسنے سورج کو اور چاند کو کام میں لگا دیا ہے ہر ایک وقت معین تک کو کیے چلا رہا ہے
مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ
خبردار رہو وہ سب پر غالب (اور) بڑا بخشنے والا ہے۔ اُسی نے تم کو ایک ذاتِ واحد سے پیدا کر دیا
ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ
پھر اُسی (کی بنی ہوئی مٹی) سے اُسکا جوڑا بنا دیا اور تمہارے واسطے چوپایوں کی آٹھ جوڑا اتار دیے
يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ
وہ تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ میں تین اندھیریوں میں اس طرح پیدا کرتا ہے کہ ایک حالت کے بعد دوسری حالت (بنتی
ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى
چلی جاتی ہے) وہی اللہ تمہارا پروردگار ہے اُسی کو ہر طرح کا اختیار ہے اُسکے سوا کوئی معبود نہیں پھر تم کدھر
تُصْرَفُوْنَ ۝ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۚ وَلَا يَرْضٰى
پھرے جاتے ہو۔ اگر تم کفرانِ نعمت کرو تو اللہ تو تم سے بے پروا ہے اور وہ اپنے بندوں کے لیے
لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ۭ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ
کفرانِ نعمت کو پسند نہیں کرتا اور اگر تم شکر کرو تو وہ اُسکو تمہارے لیے پسند کریگا اور کوئی اٹھانیوالا کسی کا بوجھ

وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ
بوجھ نہ اٹھائیگا پھر تم سب کی بازگشت تمہاری پروردگار کی طرف ہوگی پھر جو جو کچھ تم عمل کیا کرتے تھے اس سے
تَعْمَلُونَ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ وَإِذَا مَسَّ
وہ تمکو آگاہ کردیگا۔ یقیناً وہ دلوں کے حال سے خوب واقف ہے اور انسان پر جب کوئی
الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهُ مُنِيبًا إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا خَوَّلَهُ نِعْمَةً
مصیبت پڑتی ہے تو وہ اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرکے دعا مانگنے لگتا ہے پھر جب وہ اسے اپنی طرف کوئی نعمت
مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُو إِلَيْهِ مِن قَبْلُ وَجَعَلَ لِلَّهِ
عطا فرما دیتا ہے تو جس بات کیلئے دعا مانگا کرتا تھا اسے بھول جاتا ہے اور خدا کے شریک بنانے لگتا ہے
أَندَادًا لِّيُضِلَّ عَن سَبِيلِهِ ۚ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيلًا ۖ إِنَّكَ
کہ اور لوگوں کو راہِ خدا سے بھٹکائے۔ تم یہ کہدو کہ تو اپنے کفر سے تھوڑے دن نفع اٹھالے تو یقیناً
مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ ۝ أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِدًا وَقَائِمًا
جہنمیوں میں سے ہے۔ آیا وہ جو رات کی گھڑیوں میں سجدہ میں اور کھڑے کھڑے خلوص سے
يَحْذَرُ الْآخِرَةَ وَيَرْجُو رَحْمَةَ رَبِّهِ ۚ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي
دعا کرنیوالا ہو اور آخرت سے ڈرتا ہو اور اپنے پروردگار کی رحمت کا امیدوار ہو (مذکورہ بالا شخص کے مانند ہوسکتا ہے؟)
الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۗ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو
تم یہ کہدو کہ کیا وہ جو علم رکھتے ہیں اور وہ جو علم نہیں رکھتے برابر ہو جائینگے؟ سمجھتے تو اسکو فقط عقل والے ہی
الْأَلْبَابِ ۝ قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۚ لِلَّذِينَ ع ۱ ۹ ۱۵
ہیں۔ تم یہ کہدو کہ اے میرے وہ بندو جو ایمان لائے ہو تم اپنے پروردگار سے ڈرو ان لوگوں کو جو
أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۗ وَأَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةٌ ۗ
جنہوں نے نیکی کی اس دنیا میں بھی خوبی ہے اور اللہ کی زمین بڑی وسیع ہے۔
إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ أَجْرَهُم بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ
سوائے اسکے نہیں کہ صبر کرنیوالوں کو انکا اجر بلاحساب پوری پوری دیا جائیگا۔ تم یہ کہدو کہ مجھ کو یہ حکم دیا گیا ہے

سیدھی جنت کے دروازے پر آدھمکیگی اور دروازہ کھٹ کھٹائینگے تو ان سے پوچھا جائیگا تم کون ہو؟ وہ کہینگے ہم اہل المقبر ہیں۔ دریافت کیا جائیگا کہ تم نے کس چیز پر صبر کیا تھا؟

أَنْ أَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝ وَأُمِرْتُ لِأَنْ أَكُوْنَ أَوَّلَ
کہ میں خدا کی عبادت کروں اور اُسی کی لیے اطاعت کو خالص کرلوں۔ اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں پہلا فرمانبردار
الْمُسْلِمِيْنَ ۝ قُلْ إِنِّيْ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ
(ثابت) ہو جاؤں۔ تم یہ کہدو کہ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے دن کے عذاب کا
عَظِيْمٍ ۝ قُلِ اللّٰهَ أَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهُ دِيْنِيْ ۝ فَاعْبُدُوْا مَا
اندیشہ ہے۔ تم یہ کہدو کہ میں اللہ ہی کی عبادت کرتا ہوں اور اُسی کی لیے اپنی اطاعت خالص رکھتا ہوں پس تم
شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ۝ قُلْ إِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْا
اُسکے سوا جس جس کی چاہو عبادت کرو۔ تم یہ کہدو کہ حقیقی نقصان اُٹھانیوالے وہی ہیں جو قیامت کے
أَنْفُسَهُمْ وَأَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۝ أَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ
دن اپنے آپ کو اور اپنے اہل (و عیال) کو نقصان پہنچائینگے۔ خبردار رہو کھلا نقصان یہی تو
الْمُبِيْنُ ۝ لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ
ہے۔ اُنکے لیے اُنکے اوپر کی طرف سے بھی آگ کی چھتیں کی چھتیں ہونگی اور اُنکے نیچے کی طرف سے بھی ہیں
ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ۝ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ۝ وَالَّذِيْنَ
کی تہیں (ہونگی) یہی تو (وہ عذاب) ہے جس سے خدا اپنے بندوں کو ڈراتا رہتا ہے۔ اے میرے بندو (اب) تم مجھ سے ڈرو۔ اور جو لوگ
اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ أَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَأَنَابُوْا إِلَى اللّٰهِ لَهُمُ
طاغوت سے بچتے رہے کہ اُسکی عبادت نہ کریں اور خدا کی طرف رجوع کرتے رہے بشارت اُنہی کی لیے
الْبُشْرٰى ۝ فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ
ہے پس تم میرے اُن بندوں کو جو بات کو غور سے سنتے رہے اور اُن میں سے سب سے بہتر کی پیروی
أَحْسَنَهٗ ۝ أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَأُولٰٓئِكَ هُمْ
کرتے رہے یہ خوشخبری سُنا دو کہ وہ وہی ہیں جنکو خدا تعالےٰ نے ہدایت فرمائی اور وہی
أُولُوا الْأَلْبَابِ ۝ أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ أَفَأَنْتَ
عقلمند ہیں۔ کیا وہ شخص جسپر حکم عذاب ٹھیک اُترا (قابل بشارت ہو سکتا ہے) کیا تم اُسکو جو

کہ اللہ نے اپنی کتاب میں اہل عقل و فہم کو بشارت دی ہے چنانچہ فرمایا ہے فَبَشِّرْ عِبَادِ الخ اور جناب امام جعفر صادق

تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ۝ لٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ
جہنم میں پہنچ چکا ہو چھڑا سکتے ہو؟ لیکن وہ لوگ جو اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے اُنکے لیے بلند مکان

مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ
ہونگے اور اُنکے اوپر اَور اُونچے مکان بنے ہوئے ہونگے جنکے نیچے ندیاں بہتی ہونگی۔

وَعْدَ اللَّهِ ۖ لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ
یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے

مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَلَكَهُ يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ
پانی اُتارا پھر زمین میں اُس کے چشمے بنا کر جاری کر دیا پھر اُسکے ذریعہ سے رنگ برنگ

بِهِ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهُ
کی کھیتی پیدا کرتا ہے پھر وہ خشک ہونے لگتی ہے پھر تم اُسکو زرد ہوا دیکھتے ہو پھر وہ اُسکو کھلیان

حُطَامًا ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ۝ أَفَمَن شَرَحَ ع ۲ ۱۲ ۱۶
کر دیتا ہے بیشک عقلمندوں کے لیے اس میں بھی نصیحت موجود ہے کیا وہ شخص جسکے سینے کو

اللَّهُ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ عَلَىٰ نُورٍ مِّن رَّبِّهِ ۚ فَوَيْلٌ
اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہے وہ اپنے پروردگار کی طرف سے نور (ہدایت) پر ہے (یا کوئی اور ہے) پس افسوس

لِّلْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُم مِّن ذِكْرِ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝
اُن لوگوں پر ہے جنکے دل یادِ خدا کرنے سے سخت ہو گئے ہیں وہی تو کھلی گمراہی میں ہیں۔

اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ
اللہ وہی تو ہے جسنے اچھی سے اچھی بات نازل فرمائی ہے (یعنی) ایک کتاب جسکی آیتیں ایک دوسری سے ملتی جلتی ہیں اور بعض

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِينُ
مکرر آئی ہیں اُس سے جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اُنکے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں پھر اُنکے جسم اور اُنکے

جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ هُدَى اللَّهِ
دل نرم ہو جاتے ہیں (اور) خدا کی یاد کی طرف مائل ہو جاتے ہیں یہی تو خدا کی ہدایت ہے جسکو وہ

الم ۱

ہاں یہ اس کتاب میں نور اور ہدایت کا ذکر ہے اور یہ بھی ذکر ہے کہ یہ ہمیشہ رہنے والا اور ہمیشہ رہنے والے مقام کا حامل ہوگا۔ اور یہ بھی ذکر ہے کہ اس کتاب کے ذریعہ سے ہدایت حاصل کرنے والے کے دل میں ہمیشہ رہنے والا نور پیدا ہو جاتا ہے۔ اور یہ بھی ذکر ہے کہ اس کتاب کے ذریعہ سے ہدایت حاصل کرنے والے کے دل میں ہمیشہ رہنے والا نور پیدا ہو جاتا ہے۔ اور یہ بھی ذکر ہے کہ اس کتاب کے ذریعہ سے ہدایت حاصل کرنے والے کے دل میں ہمیشہ رہنے والا نور پیدا ہو جاتا ہے۔

يَهْدِي بِهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ○

جسکو وہ چاہتا ہے ہدایت فرما دیتا ہے اور جس کو خدا تعالیٰ توفیق ہدایت سلب کرلے تو اُسکا راہبر کوئی نہیں ہوتا۔

اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْۗءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَقِيْلَ

پھر آیا وہ شخص جو اپنی ذات کو قیامت کے دن بڑی سی بڑی عذاب سے بچالے (اسکے محفوظ رہنے والے کے برابر ہوسکتا ہے؟) اور ظالموں

لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ○ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

نافرمانوں سے (اُس دن) یہ کہا جائیگا کہ تم جو کچھ کیا کرتے تھے اُسکا مزا چکھو۔ جو لوگ اُنسے پہلے گزرے ہیں اُنہوں نے (بھی پیغمبروں کو)

قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ○

جھٹلایا پس اِن پر عذاب بھی اس طرح آیا کہ یہ کچھ نہ سمجھے۔

فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَلَعَذَابُ

پس اللہ نے زندگانی دنیا میں تو اِن کو رسوائی کا مزا چکھایا اور آخرت کا عذاب

الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ○ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ

اور بڑھا ہوا ہے کاش یہ اسے سمجھتے! اور ہمنے آدمیوں کے لیے اِس قرآن میں ہر طرح

هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ○ قُرْاٰنًا

کی مثل بیان کی تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں یہ قرآن عربی زبان میں

عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ○ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

ہے ہر طرح کی کجی سے بری ہے (جسکی غرض یہ ہے) کہ وہ (خدا سے) ڈریں۔ خدا نے مثل بیان کی ہے ایک ایسے

رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَاۗءُ مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ۭ هَلْ

مرد کی جس میں کئی ایک جھگڑالو حصہ دار ہوں اور ایک ایسے مرد کی جو سالم اور خالص ایک ہی شخص کا ہو۔ آیا

يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ اِنَّكَ مَيِّتٌ

مثل میں دونو برابر ہوسکتے ہیں؟ ہر قسم کی تعریف خدا ہی کیلئے (زیبا) ہے مگر اُن میں سے اکثر یہ بھی نہیں جانتے۔ تم بھی یقیناً مرنیوالے ہو

وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ○ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ○

اور یہ بھی ضرور مرنیوالے ہیں۔ پھر قیامت کے دن تم سب کے سب ضرور اپنے پروردگار کے پاس جھگڑتے ہوئے آؤ گے۔

ع ١٧

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ

پس اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو خدا کے برخلاف جھوٹ بولے اور سچ کو جب اُسکے پاس

بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝

آئے جھٹلائے کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے؟

وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ

اور وہ جو سچ کو لیکر آیا اور وہ جس نے اُسکی تصدیق کی (خدا سے) ڈرنیوالے

الْمُتَّقُوْنَ ۝ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا

وہی تو ہیں۔ اُنکے لیے اُنکے پروردگار کے پاس جو کچھ وہ چاہینگے موجود ہے نیکوکاروں کا بدلہ

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَ

یہی تو ہے۔ تاکہ جو بڑی سے بڑی بدی اُنہوں نے کی تھی اُس (کے وبال) کو خدا تعالےٰ اُن سے دور کردے اور

يَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

جو عمل (بھی) وہ کیا کرتے تھے اُسکے عوض میں کہیں زیادہ اچھا بدلہ اُن کو دے۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ

کیا اللہ اپنے بندے کے لیے کافی نہیں ہے؟ حالانکہ وہ تمہیں اُن (کے ذریعے) سے ڈراتے ہیں جو اُسکے سوا ہیں

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا

اور جس سے خدا تعالےٰ توفیق ہدایت سلب کرلیتا ہے اُسکا کوئی راہبر نہیں ہوتا۔ اور جسے خدا ہدایت فرما دیتا ہے اُسکا کوئی

لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ۝ وَلَئِنْ

بھٹکانیوالا نہیں ہے کیا اللہ زبردست (اور) انتقام لینے والا نہیں ہے؟ اور اگر تم اُن سے یہ

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ

دریافت کروگے کہ آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کسنے کیا ہے؟ تو وہ ضرور یہ کہدینگے کہ اللہ نے۔

قُلْ اَفَرَاَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ

تم کہدو کہ آیا تمہاری سمجھ میں یہ آتا ہے کہ اگر اللہ مجھے کوئی نقصان پہنچانا چاہے تو جنکو تم اللہ کے سوا پکارتے رہتے ہو

بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ
آیا یہ اُسکے نقصان کو رفع کرسکینگے؟ یا وہ مجھ پر رحمت نازل کرنی چاہے تو آیا یہ اُسکی
هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ۭ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۭ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ
رحمت کو روک سکینگے؟ (چونکہ ایسا نہیں ہے لہذا) تم کہدو کہ میرے لیے تو اللہ ہی کافی ہے بھروسہ کرنیوالے اُسی پر
الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ
بھروسہ کیا کرتے ہیں۔ تم یہ کہدو کہ اے میری قوم تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ میں (اپنا) کام کر رہا
عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ
ہوں آگے چلکر تم یہ معلوم کر ہی لوگے۔ کہ وہ کون ہے جسپر ایسا عذاب آتا ہے کہ اُسکو ذلیل کردے
وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ○ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
اور اُسی پر پائدار عذاب (بھی) نازل ہوتا ہے۔ بیشک ہمنے یہ برحق کتاب لوگوں کے فائدہ کے لیے
لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا
نازل کی ہے۔ پس جو شخص ہدایت یافتہ ہوگا تو اپنی ہی ذات کے نفع کیلیے اور جو بھٹک جائیگا تو وہ اپنی ہی ذات
يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ○ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى
کیلیے بھٹکیگا اور تم اِن کے نگہبان نہیں ہو۔ اللہ جانوں کو اُنکی موت
الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ
کے وقت لے لیتا ہے اور جو نہیں مرے ہیں اُن کی سونیکے وقت (لے لیتا ہے)۔
فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى
پس جن پر موت کا حکم صادر کرچکا ہے اُنکو تو روک رکھتا ہے اور دوسرے کو ایک وقتِ معین تک کے لیے
اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ○
بھیجدیتا ہے۔ بیشک اِس میں اُن لوگوں کے لیے جو غور و فکر کریں نشانیاں (موجود ہیں)۔
اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَاۗءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا
آیا اُنہوں نے خدا کے سوا اور سفارشی بنا لیے ہیں؟ تم یہ کہدو کہ اگر وہ کسی چیز پر اختیار

ع ۱۲ ۱

لَا يَمْلِكُونَ شَيْئًا وَّلَا يَعْقِلُونَ ○ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ
نہ رکھتے ہوں اور کوئی بات سمجھ نہ سکتے ہوں۔ تو بھی (انکو سفارشی بناؤ گے؟) تم یہ کہدو کہ شفاعت تو پوری پوری اللہ ہی
جَمِيعًا ۘ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ثُمَّ اِلَيْهِ
کے ہاتھ ہے اسی کو آسمانوں کا اختیار حاصل ہے اور اسی کو زمین کا پھر اسی کی طرف تمہاری بازگشت
تُرْجَعُوْنَ ○ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ
(بھی) ہوگی۔ اور جس وقت خدائے یکتا کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن لوگوں کے دل جو آخرت پر
الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ
ایمان نہیں رکھتے منقبض ہو جاتے ہیں اور جب انکا ذکر کیا جاتا ہے جو اس کے ماورا
دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ○ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ
ہیں تو وہ خوشی کے مارے پھولے نہیں سماتے۔ تم یہ کہدو کہ اے اللہ! اے آسمانوں کے
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ
اور زمین کے پیدا کرنیوالے! اے چھپی اور کھلی کے جاننے والے! تو ہی اپنے بندوں
تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ وَلَوْ
کے مابین اُن تمام معاملات میں فیصلہ فرمائیگا جن جن میں وہ اختلاف کیا کرتے ہیں۔ اور اگر اُن
اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ
لوگوں کے اختیار میں جو نافرمانی کیا کرتے ہیں زمین میں جو کچھ ہے یہ سب ہو اور اتنا ہی اسکے ساتھ اور ہو
مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ
تو قیامت کے دن عذاب کی سختی کے مقابلے میں وہ اُس (سب) کو بطور فدیہ دیدیں گے۔
وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ○ وَبَدَا لَهُمْ
اور اللہ کی طرف سے اُنکے بارے میں وہ کچھ ظاہر ہوگا جسکا وہ گمان (بھی) نہ کرتے تھے۔ اور جو اعمال وہ
سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ
کیا کرتے تھے اُنکی برائیاں اُن پر صاف کھل جائینگی اور جس (عذاب) کی وہ ہنسی اڑایا کرتے ہیں وہی

ع ۱۴

اور اذا ذکر الذین من دونہ اذا ہم یستبشرون کا ذکر ہوا تو انکو صدمہ زیادہ ناگوار گزرتا ہے۔ مگر بعض روایتوں کی بنا پر کسی کا ذکر ہو

يَسْتَهْزِءُونَ ○ فَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ
آنکو آگھیریگا۔ پس جس وقت انسان پر کوئی تکلیف آپڑتی ہے تو وہ ہم سے دعا کرتا ہے پھر جب
إِذَا خَوَّلْنَاهُ نِعْمَةً مِّنَّا قَالَ إِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَىٰ عِلْمٍ
ہم اُسکو اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا کرتے ہیں تو کہدیتا ہے کہ یہ تو مجھے اپنے علم کی بدولت میسر آئی ہے۔
بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ○ قَدْ قَالَهَا
حقیقت میں یہ تو آزمائش ہے لیکن اُن میں سے اکثر جانتے ہی نہیں۔ اِنسے جو پہلے تھے
الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ○
وہ بھی ایسا ہی کہا کرتے تھے پس جو کچھ اُنھوں نے کمایا تھا اُسنے اُنکو کوئی فائدہ نہ پہنچایا۔
فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا ۚ وَالَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ
پھر جو (جو) افعال اُنھوں نے کیے تھے اُنکی تکلیفیں اُنکو پہنچیں اور اُن میں سے جو نافرمان رہے عنقریب اُنکے
هَٰؤُلَاءِ سَيُصِيبُهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا ۚ وَمَا هُم
افعال کی بُرائیاں اُن کو پہنچینگی اور وہ خدا کو عاجز
بِمُعْجِزِينَ ○ أَوَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن
نہ کرسکینگے۔ کیا وہ اتنا بھی نہیں جانتے کہ یقیناً اللہ جسکے لیے چاہتا ہے رزق کو وسیع کردیتا ہے
يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ○
اور (جسکے لیے چاہتا ہے) تنگ کردیتا ہے۔ بیشک اِس میں اُن لوگوں کیلیے جو ایمان لاتے ہیں نشانیاں (موجود) ہیں۔
قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا
تم یہ کہدو کہ اے میرے وہ بندو جنھوں نے اپنی ہی ذات پر زیادتی کی ہے (یعنی دل کھول کر گناہ کیے ہیں) تم اللہ کی رحمت
مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ
سے مایوس نہ ہونا یقیناً اللہ سب ہی گناہوں کو بخشدیگا بیشک وہ بڑا
هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ○ وَأَنِيبُوا إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَأَسْلِمُوا لَهُ
بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور تم لوگ اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور قبل اِسکے کہ تم پر

ع ۱۲ ۵۴

منزل ۵

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝ وَاتَّبِعُوْٓا

عذاب آئے اسی کے مطیع رہو (ورنہ) پھر تمہاری کوئی مدد نہ کی جائیگی۔ اور جو کچھ تمہارے

اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ

پروردگار کی طرف سے تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اُس میں سے اچھی سے اچھی بات کی پیروی کرتے رہو

يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ اَنْ

قبل اِس کے کہ عذاب تمکو یکایک آئے اور تمکو خبر تک نہ ہو۔ (کہ) کوئی اُس

تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَ

وقت کہنے لگے ہائے افسوس میں نے جنب اللہ کے بارے میں یہ کیسی کمی کی! اور میں

اِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ

ہمیشہ اس کی ہنسی اڑانیوالوں میں رہا! یا یہ کہنے لگے کہ اگر اللہ مجھے ہدایت

هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ

فرماتا تو میں (بھی) ڈرنیوالوں میں سے ہو جاتا۔ یا جس وقت عذاب کو دیکھے

تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ

یہ کہے کاش میرے لیے بازگشت ہوتی تو میں بھی نیکوکاروں میں سے

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا

ہو جاتا۔ (جواب ملیگا کہ ہاں) ہاں تیرے پاس میری آیتیں آئی تھیں پھر تو نے اُن کو

وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

جھٹلایا تھا اور تو نے بڑا بننا چاہا تھا اور تو انکار کرنیوالوں میں سے تھا۔ اور قیامت کے دن تم

تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ

اُن لوگوں کو جنہوں نے خدا کے برخلاف جھوٹ بولا ہوگا دیکھو گے کہ اُنکے چہرے سیاہ ہونگے

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝ وَيُنَجِّي اللّٰهُ

کیا تکبر کرنیوالوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے؟ اور اللہ تعالےٰ اُن لوگوں کو

الَّذِينَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوءُ وَلَا هُمْ
جو ڈرتے رہے بامراد بنا کر نجات دیگا نہ کوئی تکلیف اُنکو پہنچیگی اور نہ وہ
يَحْزَنُونَ ۝ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
رنجیدہ رہینگے۔ خدا (ہی) ہر چیز کا پیدا کرنیوالا ہے اور وہی ہر چیز کا کارساز
وَكِيلٌ ۝ لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَالَّذِينَ
ہے۔ آسمانوں کی اور زمین کی کنجیاں اُسی کے ہاتھ ہیں اور جنہوں نے
كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ قُلْ
اللہ کی نشانیوں کا انکار کر دیا ٹوٹا پانیوالے تو وہی ہیں۔ تم یہ کہدو کہ
أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَأْمُرُونِّي أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجَاهِلُونَ ۝ وَلَقَدْ
اے جاہلو! کیا تم مجھے یہ حکم دیتے ہو کہ میں اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت کروں؟ حالانکہ خود
أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ
میری طرف اور جو مجھ سے پہلے تھے اُنکی طرف یہ وحی یقینی کی جاچکی ہے کہ اگر تُو نے شرک کیا تو
لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝ بَلِ اللَّهَ
تمہارے عمل ضرور مٹ جائینگے اور تم ضرور نقصان اُٹھانیوالوں میں سے ہو جاؤ گے۔ لہذا صرف خدا
فَاعْبُدْ وَكُن مِّنَ الشَّاكِرِينَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ
ہی کی عبادت کیا کرو اور شکر گزاروں میں سے ہو جاؤ۔ اور اُنہوں نے عظمتِ خدا کا اندازہ ہی نہیں کیا
قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
جیسا کہ اُسکو اندازہ کرنیکا حق ہے حالانکہ قیامت کے دن ساری زمین اُسی کی ملکیت ہوگی
وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا
اور آسمان اُسکے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہونگے۔ جن چیزوں کو یہ اُسکا شریک گردانتے ہیں اُنسے اُسکی
يُشْرِكُونَ ۝ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ
ذات منزہ و برتر ہے۔ اور (پہلی مرتبہ) صور پھونکا جائیگا تو جو آسمانوں میں ہیں وہ بھی (مرکر) گر پڑینگے

وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللَّهُ ۖ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَىٰ

اور جو زمین میں ہیں وہ (بھی) سوائے اُنکے جنکو اللہ چاہے پھر اُس میں دوبارہ پھونک ماری جائیگی

فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُونَ ۝ وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ

تو یکایک وہ سب کھڑے ہو کر (اِدھر اُدھر) دیکھنے لگینگے۔ اور زمین اپنے مالک کے نور سے روشن

بِنُورِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتَابُ وَجِيءَ بِالنَّبِيِّينَ

ہو جائیگی اور نوشتے رکھ دیے جائینگے اور نبی اور گواہ حاضر

وَالشُّهَدَاءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا

کیے جائینگے اور اُنکے مابین ٹھیک ٹھیک فیصلہ کیا جائیگا اور اُن پر کوئی ظلم

يُظْلَمُونَ ۝ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَا عَمِلَتْ وَهُوَ أَعْلَمُ

نہ کیا جائیگا۔ اور ہر نفس کو جو جو کچھ وہ کر چکا ہے اُسکا پورا پورا بدلہ دیا جائیگا اسلیئے کہ جو کچھ وہ

بِمَا يَفْعَلُونَ ۝ وَسِيقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ ع ۷

کیا کرتے ہیں وہ اُس سے خوب واقف ہے۔ اور جو کافر ہو چکے وہ ایک غول بنا کر جہنم کی طرف ہنکا دیے

زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ

جائینگے یہانتک کہ جب وہ اُسکے پاس پہنچینگے تو اُسکے دروازے کھولدیے جائینگے اور اُسکے نگہبان

لَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ

اُنسے یہ کہینگے کہ کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے کچھ پیغمبر نہیں آئے تھے جو تمکو تمہارے پروردگار

آيَاتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا ۚ

کی آیتیں پڑھکر سناتے اور تمکو تمہارے اِس دن کی پیش آمد سے ڈراتے

قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِينَ ۝

وہ کہینگے کہ ہاں آئے تو ضرور تھے لیکن (ہمنے نہ مانا اور) کافروں پر عذاب کا کلمہ پورا اُترا۔

قِيلَ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ

کہا جائیگا کہ جہنم کے پھاٹکوں میں جا گھسو ہمیشہ اِسی میں رہنا

فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ○ وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا

سو تکبر کرنیوالوں کا ٹھکانا کیسا برا ہوگا! اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے

رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا وَفُتِحَتْ

تھے اُن (کی سواریوں) کو (دل کر) دل جنت کی طرف (باعزاز) بھیجے جائینگے یہاں تک کہ جب وہ اُسکے پاس پہنچینگے اور

أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ

اُسکے دروازے کھولے جائینگے اور اُسکے نگہبان اُنسے کہینگے سلام علیکم آپ لوگ تو طیب وطاہر ہو گئے اب ہمیشہ

فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ ○ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي صَدَقَنَا

رہنے کو یہاں اس میں (تشریف لے) چلیے اور وہ کہینگے سب تعریف اُسی خدا کو ہے جس نے ہم سے اپنا وعدہ

وَعْدَهُ وَأَوْرَثَنَا الْأَرْضَ نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ

سچا کر دکھایا اور ہم کو اس زمین کا وارث کر دیا کہ ہم اس جنت میں جہاں چاہیں رہیں سہیں

نَشَاءُ ۚ فَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ ○ وَتَرَى الْمَلَائِكَةَ حَافِّينَ

تو نیک عمل کرنیوالوں کا اجر کتنا اچھا ہے! اور تم فرشتوں کو دیکھوگے کہ عرش کو

مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ

گرداگرد سے گھیرے ہوئے اپنے پروردگار کی حمد کی تسبیح پڑھتے ہونگے اور اُنکے مابین

بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيلَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ○ ع

ٹھیک (ٹھیک) فیصلہ کیا جائیگا اور یہی کہا جائیگا (کہ) ہر طرح کی تعریف تمام عالموں کے پروردگار (اللہ) ہی کیلئے (زیبا) ہے

سُورَةُ المؤمن مكية وهي خمس وثمانون آية

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ○ تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ

حٰمٓ۔ اس کتاب کا اُتارا صاحب علم (اور) زبردست خدا ہی کی طرف

الْعَلِيمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ

سے ہے۔ جو گناہ کا بخشنے والا ہے اور توبہ کا قبول کرنیوالا۔ سخت عذاب دینے والا

الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝

(بھی) ہے (اور) فضل و کرم والا (بھی) اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے سبکی بازگشت اُسی کی طرف ہے۔

مَا يُجَادِلُ فِي آيَاتِ اللَّهِ إِلَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَلَا

سوائے اُن لوگوں کے جو کافر ہو گئے خدا کے احکام میں کوئی اور نہیں جھگڑتا سو تمکو اُنکا

يَغُرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ۝ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

شہروں میں چلنا پھرنا دھوکے میں نہ ڈالے اِن سے پہلے نوح کی قوم نے (بھی)

قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ مِنْ بَعْدِهِمْ ۖ وَهَمَّتْ

تکذیب کی تھی اور اُن کے بعد اور گروہوں نے (بھی) اور ہر ہر امت نے

كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ

اپنے اپنے رسول کی نسبت یہ ارادہ کیا تھا کہ اُسے گرفتار کرلیں اور باطل کے ذریعے سے وہ جھگڑتے تھے

لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ

کہ اُس سے حق کو زائل کردیں تب میں نے اُنکو دھر پکڑا تو پھر میرا عذاب کیسا

عِقَابِ ۝ وَكَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

رہا؟ اور اِسی طرح تمہارے پروردگار کا کلمہ اُن لوگوں کے برخلاف

الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ ۝ الَّذِينَ

جو کافر ہو گئے پورا اُترگیا کہ وہ جہنمی ہیں۔ جو (فرشتے)

يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ

عرش کو اُٹھائے ہوئے ہیں اور جو اُسکے گرداگرد ہیں وہ (برابر) اپنے رب کی حمد کی تسبیح پڑھتے

رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ آمَنُوا

رہتے ہیں اور اُسی پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں اُنکی لیے مغفرت طلب کرتے رہتے ہیں

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ
(اور یہ کہتے رہتے ہیں کہ) اے ہمارے پروردگار تیری رحمت اور تیرا علم ہر چیز پر حاوی ہے پس جن لوگوں نے
تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝
توبہ کرلی ہے اور وہ تیری راہ پر چلتے ہیں اُنکے گناہ بخشدے اور اُنکو جہنم کے عذاب سے بچالے۔
رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ
(اور) اے ہمارے پروردگار اُنکو ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں جنکا تونے اُن سے وعدہ کیا ہے داخل فرما اور
صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ
اور اُنکے باپ دادا میں سے اور اُنکی ازواج میں سے اور اُنکی اولاد میں سے جو جو نیک ہوں اُنکو بھی کہ بالتحقیق تو بڑا
اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ
زبردست (اور) حکمت والا ہے اور اُنکو تکلیفوں سے بچالے اور جسکو تونے
تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ
اُس دن تکلیفوں سے بچالیا اُسی پر تو یقیناً رحمت فرمائی اور یہی تو بڑی
الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ ع ۹ ۶
کامیابی ہے۔ جو لوگ کافر ہو گئے تھے اُن سے یقیناً آواز دیکر کہدیا جائیگا کہ خدا کی
لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ
ناراضی اُس سے کہیں زیادہ ہے جتنا کہ تم اپنے آپ سے ناراض ہو کہ تمکو ایمان کی طرف
اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا
بلایا جایا کرتا تھا تبھی (بھی) تم انکار کر دیا کرتے تھے۔ وہ عرض کرینگے کہ پروردگارا تونے تو ہمکو
اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا
دو دفعہ مارا اور دو ہی مرتبہ چلایا پھر ہم نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا تو اب (بھی) اس
فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ۝ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا
عذاب سے نکلنے کی کوئی سبیل ہے؟ (جواب ملیگا کہ) بات تو یہی ہے کہ جب خدا ایک

دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ؕ
کو پکارا جاتا تھا تب تو تم انکار کیا کرتے تھے اور اگر اُسکے ساتھ کسی کو شریک کیا جاتا تھا تو تم
فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ
ایمان لے آیا کرتے تھے سو اب تو حکومت خدائے بزرگ و برتر ہی کی ہے۔ وہ وہی تو ہے جو تمکو اپنی نشانیاں دکھلاتا ہے
وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا
اور آسمان سے تمہارے لیے رزق نازل کرتا ہے اور اس سے نصیحت تو وہی حاصل کرتا ہے جو غور
مَنْ يُّنِيْبُ ۝ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ
فکر سے رجوع کرتا ہے۔ پس اب تم اللہ ہی کے لیے دین خالص کرکے اُسے پکارو گو کافروں
كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي
کو بُرا لگے (خدا تعالےٰ) بڑے درجوں والا (اور) عرش والا ہے اپنے بندوں میں
الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ
سے اپنے حکم سے جسکو چاہتا ہے روح (قدس) کے ذریعے سے فیض پہنچاتا ہے تاکہ وہ بندہ قیامت
يَوْمَ التَّلَاقِ ۝ يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ
کے دن سے لوگوں کو ڈرائے۔ جس دن کہ وہ سب (قبروں سے) نکل کر آئینگے اللہ پر اُنکی کوئی بات پوشیدہ
مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ
نہ ہوگی (سوال کیا جائیگا کہ) آج سلطنت کسکی ہے؟ (جواب دیا جائیگا کہ) خدائے یکتا و زبردست
الْقَهَّارِ ۝ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ؕ
کی۔ (پھر ندا دیجائیگی کہ) آج ہر نفس کو اُسکے کیے کا بدلہ ملیگا
لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ وَ
آج (ذرا) بے انصافی نہیں ہے یقیناً اللہ بڑا جلد حساب لینے والا ہے۔ اور
رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ

سطح پر کھڑے (کے کھڑے) رہجائیں یقیناً اس میں ہر اس شخص کے لیے جو بڑا صبر و شکر کرنیوالا ہے نشانیاں

شَكُوْرٍ ۝ اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ۝ ربع

موجود ہیں۔ یا (اگر وہ چاہے تو) ان (کی سواریوں) کو بوجہ انکے کرتوتوں کے ہلاک کردے حالانکہ وہ بہت سی باتوں سے درگزر کرتا رہتا ہے

وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ

اور وہ لوگ جو ہماری آیتوں میں جھگڑتے رہتے ہیں یہ خوب جانتے ہیں کہ ان کے لیے کوئی چھٹکارا

مَّحِيْصٍ ۝ فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

نہیں ہے۔ پس جو چیز (بھی) تم کو دیگئی ہے یہ تو زندگانی دنیا کا سرمایہ ہے

وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ

اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کہیں بہتر اور کہیں زیادہ پائدار ہے (مگر) ہے انکے لیے جو ایمان لائے ہیں اور اپنے

يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَ

پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ اور جو کبیرہ گناہوں سے اور بیحیائی کی باتوں سے بچتے رہتے

الْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ

ہیں اور جب انکو غصہ آجاتا ہے تو وہ بخشدیتے ہیں اور جو اپنے

احادیث میں بکثرت ہیں۔ ۱۲

اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۪ وَأَمْرُهُمْ شُورٰى بَيْنَهُمْ ۪ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُونَ ۝ وَالَّذِينَ إِذَا أَصَابَهُمُ

پروردگار کا حکم مانتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور اُنکا معاملہ باہمی مشورہ سے (طے) ہوتا ہے اور جو کچھ ہمنے اُنکو دیا ہے اُسکا ایک جزو (ہماری) راہ میں خرچ کرتے رہتے ہیں۔ اور جو ایسے ہیں کہ جب اُن سے

الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُونَ ۝ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ ۚ إِنَّهُ

بغاوت کی جاتی ہے تو وہ بدلہ لیتے ہیں۔ اور ہر بدی کا بدلہ ویسی ہی بدی ہو سکتا ہے پھر جو معاف کر دے اور اصلاح کرلے تو اُسکا اجر اللہ کے ذمہ ہے بیشک وہ ظلم

لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِينَ ۝ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهِ

کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور جو بعد ظلم سہنے کے بدلہ لے پس وہی تو ایسے

فَأُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِنْ سَبِيلٍ ۝ إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى

ہیں جن پر (ستانے کی) کوئی راہ نہیں۔ سوائے اِسکے نہیں ہے کہ ایسی راہ تو اُنپر

الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ

(کھلی) ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں (ناحق) ناحق بغاوت کرتے

الْحَقِّ ۚ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ وَلَمَنْ صَبَرَ

ہیں وہی تو ہیں جن کے لیے دُکھ دینے والا عذاب (مہیا) ہے۔ اور البتہ جو صبر کرے اور

وَغَفَرَ إِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ۝ وَمَنْ يُضْلِلِ اللّٰهُ ع ۵

بخشدے تو اِس میں شک نہیں کہ یہ معاملات کی پختگی میں داخل ہے۔ اور جس کو اللہ توفیق ہدایت سلب کر

فَمَا لَهُ مِنْ وَلِيٍّ مِنْ بَعْدِهِ ۚ وَتَرَى الظّٰلِمِينَ لَمَّا رَأَوُا

تو اُسکے بعد اُسکا کارساز کوئی نہ ہوگا اور ظالموں کو تم دیکھو گے کہ جس وقت وہ عذاب

الْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلٰى مَرَدٍّ مِنْ سَبِيلٍ ۝ وَتَرٰىهُمْ

کو دیکھینگے تو یہ کہینگے کہ آیا (دنیا کی طرف) لوٹ جانیکی (بھی) کوئی سبیل ہے؟ اور تم اُن کو دیکھو گے کہ

يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خٰشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنظُرُونَ مِنْ
وہ دوزخ کے سامنے پیش کئے جائینگے اس حال میں کہ ذلت کے مارے جھکے ہوئے ہونگے اور (چوری چھپی)
طَرْفٍ خَفِيٍّ ۗ وَقَالَ الَّذِينَ اٰمَنُوٓا إِنَّ الْخٰسِرِينَ
نظر سے دیکھتے جاتے ہونگے اور جو لوگ ایمان لے آئے ہیں وہ یہ کہتے ہونگے کہ حقیقی نقصان اٹھانیوالے
الَّذِينَ خَسِرُوٓا أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ أَلَآ
وہ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو بھی (نقصان پہنچایا اور اپنے عزیزوں کو بھی) آگاہ رہو کہ
إِنَّ الظّٰلِمِينَ فِي عَذَابٍ مُّقِيمٍ ۝ وَمَا كَانَ لَهُم مِّن
ظالم دوامی عذاب میں رہینگے۔ اور اللہ کے سوا انکے لیے کوئی ایسے
أَوْلِيَآءَ يَنصُرُونَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ ۗ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ
اور کارساز نہ ہونگے جو اُن کی نصرت کریں اور جس سے خدا توفیق ہدایت سلب کرلے
فَمَا لَهُۥ مِن سَبِيلٍ ۝ اسْتَجِيبُوا لِرَبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن
اسکے لیے کوئی (ہدایت ونجات کی) راہ نہیں۔ قبل اس کے کہ وہ دن آئے جسکا ٹلنا خدا کی طرف سے مقرر نہیں ہے
يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُۥ مِنَ اللَّهِ ۗ مَا لَكُم مِّن مَّلْجَإٍ
تم اپنے پروردگار کا حکم مانو اُس دن نہ تو تمہارے لیے کوئی جائے پناہ
يَوْمَئِذٍ وَمَا لَكُم مِّن نَّكِيرٍ ۝ فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَآ
ہوگی اور نہ (اُس دن) تمہارا کوئی انکار چل سکیگا۔ اس پر بھی اگر وہ روگرداں ہوں تو ہمنے
أَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلٰغُ ۗ وَ
تم کو اُنکا محافظ بناکر نہیں بھیجا تمہارے ذمے صرف پہنچا دینا ہے اور
إِنَّآ إِذَآ أَذَقْنَا الْإِنسَٰنَ مِنَّا رَحْمَةً[1] فَرِحَ بِهَا ۖ وَإِن
ہم جب انسان کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ اُس سے خوش ہوتا ہے اور اگر اُن کو
تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنسَٰنَ
انہی کی کرتوت کی بدولت کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو انسان (اُسکے بارے میں) بڑا ہی ناشکرا

[1] إِذَآ أَذَقْنَا الْإِنسَٰنَ مِنَّا رَحْمَةً الخ تفسیر ثنائی میں ہے کہ اس آیت کے پہلے جملہ کو تو اذا سے شروع کیا ہے اور دوسرے کو ان سے

كَفُورٌ ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ

ہو جاتا ہے آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہی خدا ہی کے لیے (مسلم) ہے وہ جو کچھ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے

يَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ الذُّكُوْرَ ۝

جسے چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے بیٹے عنایت فرماتا ہے

اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَاۗءُ عَقِيْمًا ۭ

یا ان کو بیٹے اور بیٹیاں جوڑ واں دیتا ہے اور جسکو چاہتا ہے بانجھ کر دیتا ہے

اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا

بیشک وہ صاحب علم (و) صاحب قدرت ہے۔ اور کسی بشر کی یہ منزلت نہیں ہے کہ اللہ اس سے بات کرے سوائے اسکے کہ

اَوْ مِنْ وَّرَاۗيْ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ

وحی کے ذریعے سے ہو یا پس پردہ سے یا کسی رسول کو بھیجے پھر جو چاہے اپنے حکم سے اسکو وحی

مَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

پہنچائے بیشک وہ بلند مرتبہ (اور) حکمت والا ہے اور اسی طرح ہم نے اپنے حکم سے روح (الامین) کو

رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۭ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ

تمہاری طرف وحی کے ساتھ بھیجا (جسکے پہلے) تم یہ نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا چیز ہے اور نہ یہ کہ (تعلیم) ایمان کیا چیز ہے

وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِنَا ۭ

لیکن ہم نے اسکو ایک نور قرار دیا جسکے ذریعے سے ہم اپنے بندوں میں سے جسکو چاہیں ہدایت کردیں

وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ صِرَاطِ اللّٰهِ

اور بیشک تم راہ راست کی طرف ہدایت کرتے ہو (یعنی) اس اللہ کی راہ کی طرف

الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ

کہ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے اسی کا ہے آگاہ رہو کہ

اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝

تمام امور کی بازگشت اللہ ہی کی طرف ہوگی

ع ۶



سورۃ الزخرف مکیۃ وھی تسع وثمانون آیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ○ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ○ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا

حٰمٓ۔ قسم ہے واضح کتاب کی بیشک ہم نے اس کو عربی قرآن مقرر

عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ○ وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا

کیا تاکہ تم سمجھو۔ اور بیشک وہ ہمارے پاس ام الکتاب میں ضرور عالیشان

لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ○ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ

(اور) حکمت والا ہے۔ کیا ہم نصیحت کو تم سے (بالکل) باز رکھینگے (اسی وجہ سے) کہ

كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ○ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ○

تم حد سے زیادہ بدکار ہو گئے ہو۔ اور ہمنے پہلوں میں کتنے ہی نبی بھیجے۔

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ فَاَهْلَكْنَآ

اور اُن کے پاس جب کوئی نبی آتا تھا تو وہ ضرور اُسکی ہنسی اڑایا کرتے تھے۔ پھر ہمنے اُن کو جو

اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ○ وَلَئِنْ

قوت میں سب سے بڑھے ہوئے تھے ہلاک کیا اور پہلوں کی مثل جاری ہو گئی۔ اور اگر تم

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ

اُن سے یہ پوچھو گے کہ آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کس نے کیا ہے تو وہ ضرور یہ کہینگے کہ

خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ○ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ

انکو اس زبردست (و) صاحب علم نے پیدا کیا ہے جسنے زمین کو تمہارے لیے فرش مقرر

مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○

کیا اور اس میں تمہارے لیے راستے مقرر کر دیے تاکہ تم راہ پالو۔

وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَنْشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً
اور جسنے آسمان سے ایک اندازے سے پانی اتارا پھر ہم نے اسکے ذریعے سے مردہ زمین کو
مَّيْتًا كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ○ وَالَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ
زندہ کردیا اسی طرح تم بھی (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔ اور جسنے ہر قسم کے جوڑے جوڑے پیدا کیے
كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ ○
اور تمہارے لیے کشتیاں اور چوپائے مقرر کردیے جن پر تم سوار ہوتے ہو
لِتَسْتَوُوا عَلَىٰ ظُهُورِهِ ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ
تاکہ تم اُن کی پیٹھوں پر درست ہو بیٹھو پھر جب تم اُن پر درست بیٹھ جاؤ تو اپنے پروردگار کی نعمت کو
عَلَيْهِ وَتَقُولُوا سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ
یاد کرو اور یہ کہو کہ منزہ ہے وہ جسنے اس کو ہمارا مطیع کردیا حالانکہ ہم میں اسکی (قابو میں لانیکی)
مُقْرِنِينَ ○ وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ ○ وَجَعَلُوا لَهُ
طاقت نہ تھی۔ اور بیشک ہم اپنے پروردگار کی حضور میں پلٹ کر جانیوالے ہیں۔ اور انہوں نے اسکے
مِنْ عِبَادِهِ جُزْءًا إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ مُّبِينٌ ○ ع
بندوں میں سے بعض کو اسکی کا ایک جزو (یعنی اولاد) بنادیا بیشک انسان کھلا ناشکرا ہے۔
أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنَاتٍ وَأَصْفَاكُم بِالْبَنِينَ ○ وَإِذَا
یا جو کچھ وہ پیدا کرتا ہے اُس میں سے بیٹیاں تو اُسنے لیں اور بیٹوں سے تم کو نوازا۔ حالانکہ جب انمیں
بُشِّرَ أَحَدُهُم بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهُ
سے کسی کو اُس (یعنی بیٹی) کی بشارت دی جاتی ہے جسکی وہ (خدائے) رحمٰن کے لیے مثل بیان کرتا تھا تو مارے
مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ ○ أَوَمَن يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ
غصے کے اُسکا چہرہ سیاہ ہوجاتا ہے۔ کیا وہ جو زیور (وزینت) میں پرورش کیا جائے اور وہ
فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ ○ وَجَعَلُوا الْمَلَائِكَةَ الَّذِينَ هُمْ
بحث میں کچھ نہ کہہ سکے (خدا کے لیے ٹھیرا گئے ہیں) اور انہوں نے فرشتوں کو جو (خدائے) رحمٰن کے

عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنٰثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ

بندے ہیں بیٹیاں قرار دیدیا آیا وہ اُنکی پیدائش کے وقت موجود تھے بعنقریب اُنکی گواہی لکھی

شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا

جائیگی اور اُن سے باز پرس کی جائیگی۔ اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ اگر (خدائے) رحمٰن چاہتا تو ہم اُنکی

عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝

عبادت نہ کرتے اُنکو اِسکا کوئی علم نہیں ہے وہ تو محض اٹکل پچو باتیں بناتے ہیں۔

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ۝ بَلْ

یا ہم نے اُن کو پہلے سے کوئی کتاب دی ہے جس کو وہ مضبوط پکڑے ہوئے ہیں؟ بلکہ

قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ

اُنہوں نے تو یہ کہا تھا کہ بیشک ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا اور ہم تو اُنہی کے قدم بہ قدم

مُّهْتَدُوْنَ ۝ وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ

چلے جائینگے۔ اور اِسی طرح ہم نے تم سے پہلے جس بستی میں کوئی ڈرانیوالا بھیجا تو اُسکے دولتمندوں

مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ

نے یہی کہا کہ ہمنے تو اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا اور ہم تو اُنہی کے

وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ۝ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى

قدم بہ قدم چلے جائینگے۔ (اُس ڈرانیوالے نے یہ) کہا کہ جس طریقے پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا تھا

مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ

اگر میں اُس سے زیادہ سیدھا طریقہ لیکر آیا ہوں (تو بھی) اُنہوں نے کہدیا کہ جو کچھ تمکو دیکر بھیجا گیا ہے اُسکے ہم

كٰفِرُوْنَ ۝ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

منکر ہیں۔ پس ہمنے اُن سے بدلہ لیا پھر دیکھ لو کہ اُن جھٹلانیوالوں کا انجام

الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِيْ

کیسا ہوا۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ ابراہیم نے اپنے باپ (یعنی چچا) سے اور اپنی قوم سے یہ کہا کہ جن

نزل ۱

ع ۱ ۲ ۸ نصف

لہ وَاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ یعنی کہ اُنکے پاس اور کوئی عقلی یا نقلی حجت تو تھی نہیں لہذا اُنہوں نے اپنے جاہل باپ دادا ؤں کی تقلید کی

بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِیْ فَطَرَنِیْ فَاِنَّهٗ سَیَهْدِیْنِ ۝

چیزوں کو تم پوجتے ہو اُن سے، تو میں بری ہوں۔ مگر اُسکو (پوجتا ہوں) جسنے مجھ کو پیدا کیا ہے (میں عنقریب وہ مجھے ہدایت فرمائیگا)

وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِیْ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝

اور اسی (اعتقاد) کو اپنی اولاد میں اُنہوں نے یادگار کے طور پر چھوڑا تاکہ وہ اُسکی طرف رجوع کرتے رہیں۔

بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَ

لیکن میں اُنکو اور اُنکے باپ دادا کو نفع پہنچاتا رہا یہاں تک کہ اُنکے پاس حق اور کھلا رسول

رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا

آگیا۔ اور جب اُن کے پاس حق آگیا تو اُنہوں نے کہدیا کہ یہ تو جادو ہے اور ہم اِس کے

بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ

یقیناً منکر ہیں۔ اور اُنہوں نے یہ (بھی) کہا کہ یہ قرآن اِن دونوں بستیوں کے کسی بڑے آدمی پر

مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ۝ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ

کیوں نہ نازل کیا گیا؟ آیا وہ تمہارے پروردگار کی رحمت کو تقسیم کرتے ہیں

نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا

ہمنے زندگانی دنیا میں اُنکے مابین اُنکی روزی تقسیم کردی ہے اور ہم نے اُن کے

بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ؕ

ایک کو دوسرے سے بدرجہا بڑھا دیا ہے تاکہ وہ ایک دوسرے کا مذاق بنایا کریں

وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ

اور تمہارے پروردگار کی رحمت اُن چیزوں سے جو یہ جمع کرتے ہیں کہیں بہتر ہے۔ اور اگر ایسا نہ ہوتا کہ لوگ ایک ہی جتھا

النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ

ہو جاتے تو ہم اُن کے لیے جو (خدائے) رحمٰن کا انکار کرتے ہیں اُن کے گھروں کی چھتیں (بھی)

سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ۝ وَلِبُيُوْتِهِمْ

چاندی کی بنا دیتے اور وہ زینے بھی جن پر وہ چڑھتے ہیں۔ اور اُن کے مکانوں کے دروازے

اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔوْنَ ۝ وَزُخْرُفًا ؕ وَاِنْ كُلُّ

(بھی) اور وہ تخت (بھی) جن پر وہ تکیے لگا کر بیٹھتے ہیں اور (چاندی کے علاوہ) سونا بھی (کر دیتے) مگر یہ سب کچھ

ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ

زندگانی دنیا کی پونجی ہوتی اور تمہارے پروردگار کے نزدیک آخرت

رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

پرہیزگاروں ہی کے لیے ہے۔ اور جو شخص (خدائے) رحمٰن کی نصیحت سے آنکھیں بند کر لیگا

نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ۝ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ

ہم اُس کے لیے ایک شیطان مقرر کر دینگے پس وہی اُسکا ساتھی رہیگا۔ اور یقیناً وہی (شیاطین تو) راہ راست

عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ حَتّٰۤى

سے روکتے رہینگے اور لوگ گمان کرتے رہینگے کہ ہم ہدایت یافتہ ہیں یہاں تک کہ

اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ

جب وہ ہمارے پاس آئیگا تو (وہ اُس شیطان سے) کہیگا کاش میرے اور تیرے مابین مشرق و مغرب کی دوری

فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ۝ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ

ہوتی کہ (تو) بہت ہی بُرا ساتھی ہے۔ اور جب تم ظلم کر چکے ہو تو یہ (تمہاری حسرت) تمکو آج اِس بارے میں

اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ۝ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ

کوئی نفع نہ پہنچائیگی کہ تم عذاب میں ایک دوسرے کے شریک رہو۔ کیا تم بہروں کو سناؤ گے؟

اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ

یا اندھوں کی اور اُن کی جو کھلی گمراہی میں ہیں راہبری کرو گے؟ پس اگر ہم تمکو لیجائینگے تو

بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ۝ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ

ہم اُن سے بھی ضرور ہی بدلہ لینے والے ہیں۔ یا ہم تم کو وہ دکھلا دینگے جسکا ہمنے اُن سے وعدہ کیا ہے

فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ۝ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْۤ اُوْحِيَ

کہ ہم اُن پر (پورا پورا) اختیار رکھنے والے ہیں۔ پھر جو کچھ تمہاری طرف وحی کی گئی ہے تم اُسے مضبوط

إِلَيْكَ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ
پکڑے رہو بیشک تم راہِ راست پر ہو۔ اور یہ ضرور تمہارے لیے اور
لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۖ وَسَوْفَ تُسْـَٔلُونَ ۝ وَسْـَٔلْ مَنْ
تمہاری قوم کے لیے نصیحت ہے اور آگے چل کر تم سے سوال کیا جائیگا۔ اور جو اپنے رسول ہم نے
أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رُّسُلِنَآ أَجَعَلْنَا مِن دُونِ
تم سے پہلے بھیجے تھے اُن سے پوچھ لو کہ آیا ہم نے سوائے (خدائے) رحمٰن کے کچھ
الرَّحْمَٰنِ ءَالِهَةً يُعْبَدُونَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِـَٔايَـٰتِنَآ
اور خدا مقرر کر دیے تھے جنکی پرستش کی جاتی تھی اور یقیناً ہم نے موسےٰ کو فرعون اور اُس کے
إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَإِيْهِ فَقَالَ إِنِّى رَسُولُ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ ۝
سرداروں کی طرف بھیجا تو اُنہوں نے فرمایا تھا کہ میں ضرور تمام عالموں کے پروردگار کا رسول ہوں۔
فَلَمَّا جَآءَهُم بِـَٔايَـٰتِنَآ إِذَا هُم مِّنْهَا يَضْحَكُونَ ۝ وَمَا
پس جب وہ اُنکے پاس ہماری نشانیاں لیکر پہنچے تو وہ یکایک اُن (نشانیوں) کا ٹھٹھا اڑانے لگے۔ اور ہم اُنکو
نُرِيهِم مِّنْ ءَايَةٍ إِلَّا هِىَ أَكْبَرُ مِنْ أُخْتِهَا ۖ وَأَخَذْنَـٰهُم
کوئی نشانی ایسی نہیں دکھاتے تھے جو دوسری سے بڑھ کر نہ ہو اور ہم نے اُن کو عذاب میں
بِٱلْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝ وَقَالُوا۟ يَـٰٓأَيُّهَ ٱلسَّاحِرُ ٱدْعُ
بھی گرفتار کیا تاکہ وہ رجوع کریں۔ اور اُنہوں نے کہا کہ اے جادوگر تو ہماری خاطر
لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِندَكَ ۖ إِنَّنَا لَمُهْتَدُونَ ۝ فَلَمَّا
اپنے پروردگار سے اُس چیز کی دعا کر جسکا اُسنے تجھ سے عہد کیا ہے کہ ہم ضرور راہ پر آنیوالے ہیں۔ پھر جب ہمنے
كَشَفْنَا عَنْهُمُ ٱلْعَذَابَ إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ ۝ وَنَادَىٰ
اُن سے عذاب کو دور کر دیا تو یکایک وہ اقرار سے پھر گئے۔ اور فرعون نے
فِرْعَوْنُ فِى قَوْمِهِۦ قَالَ يَـٰقَوْمِ أَلَيْسَ لِى مُلْكُ مِصْرَ
اپنی قوم میں آواز دیکر یہ کہا کہ اے میری قوم! کیا سلطنتِ مصر اور یہ ندیاں جو میرے

ع ۴

وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ اَمْ
بہتی ہیں میری نہیں ہیں؟ کیا تم دیکھتے نہیں؟ یا یہ کہ

اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ۝
میں اس شخص سے جو ذلیل ہے اور جو صاف بات تک نہیں کرسکتا بدرجہا بہتر (نہیں) ہوں؟

فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ
(اگر ایسا نہیں ہے تو) پھر اسکے لیے سونے کے کنگن کیوں نہ اتارے گئے یا اسکے ساتھ فرشتے پرا

الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ۝ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ فَاَطَاعُوْهُ ۭ
باندھے ہوئے کیوں نہ آئے۔ پس اس نے اپنی قوم کو احمق بنایا اور انہوں نے اسکی اطاعت کرلی

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا
یقیناوہ نافرمان لوگ تھے۔ پھر جس وقت انہوں نے ہم کو غصہ دلایا تو ہم نے

مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا
(بھی) ان سے بدلہ لیا پس ان سب کو ڈبو دیا۔ اور ہم نے انکو آنیوالوں کے لیے پیش رو اور

لِّلْاٰخِرِيْنَ ۝ وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ
ضرب المثل بنا دیا۔ اور جس وقت فرزند مریم کی مثل بیان کی گئی تو یکایک تمہاری قوم اس پر

مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ۭ مَا
غل مچانے لگی۔ اور وہ کہنے لگے کہ آیا ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ؟ انہوں نے

ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ۭ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ۝ اِنْ
تمہارے سامنے یہ (مثل) صرف جھگڑنیکے لیے بیان کی ہے بلکہ وہ لوگ ہیں ہی جھگڑالو۔ وہ (مسیح)

هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۝
نہیں ہے مگر ایک بندہ جسکو ہم نے نعمت دی تھی اور اسکو بنی اسرائیل کے لیے نمونہ (قدرت) قرار دیا تھا

وَلَوْ نَشَاۗءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰۗىِٕكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ۝
اور اگر ہم چاہتے تو تم ہی میں سے فرشتے بنا دیتے جو زمین میں تمہارے جانشین ہوتے۔

وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا

اور بیشک وہ قیامت کی شناخت ہے پس تم ذرا اسکے بارے میں شک نہ کرو اور میری پیروی کیے جاؤ۔

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ

یہی راستہ سیدھا ہے۔ اور شیطان تم کو روک نہ دے یقیناً وہ تمہارا

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ

کھلا دشمن ہے۔ اور جب عیسٰےؑ ان کے پاس کھلی دلیلیں لیکر آگئے تو فرمایا کہ میں ضرور

جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ

تمہارے پاس حکمت (شریعت) لیکر آیا ہوں اور اس لیے کہ جن جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے ہو میں انکو

فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ

بعض کو تمہارے لیے واضح کردوں پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ بیشک اللہ وہی تو میرا پروردگار (بھی) ہے اور

فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ فَاخْتَلَفَ

تمہارا پروردگار (بھی) پس تم اسی کی عبادت کرو۔ یہی راہ سیدھی ہے۔ پس گروہ (گروہ) آپس میں

الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

مختلف ہوگئے تو جو لوگ دردناک دن کے عذاب سے سرتابی کرتے ہیں انکے

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ۝ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ

لیے افسوس ہے۔ کیا وہ اسی کے منتظر ہیں کہ قیامت انکو یکایک آلے اور وہ

بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ

اس سے بیخبر ہی رہیں۔ دوستی رکھنے والے اس دن ایک دوسرے کے

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ۝ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ

دشمن ہونگے متقی اس سے مستثنٰی ہیں۔ (ندا آئیگی کہ) اے میرے بندو! آج نہ تم کو (آئندہ کی بابت)

الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا

کوئی خوف ہے اور نہ تم (گزشتہ کی بابت) رنجیدہ ہوگے۔ جو لوگ ہماری نشانیوں پر ایمان لائے تھے

ع ۱۱ ۱۲

وَكَانُوا مُسْلِمِينَ ۝ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ

اور فرمانبردار رہے تھے۔ (اُن سے کہا جائیگا کہ) تم اور تمہاری ازواج جنت میں چلے جاؤ کہ

تُحْبَرُونَ ۝ يُطَافُ عَلَيْهِم بِصِحَافٍ مِّن ذَهَبٍ وَأَكْوَابٍ ۖ وَفِيهَا

تمہاری عزت کیجائے اُن کے سامنے سونے کی رکابیاں اور کوزے دَور کے طور پر

مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ ۖ وَأَنتُمْ

لائے جائینگے اور اُن میں وہ چیزیں ہونگی جنکو دل چاہیں اور (جن سے) آنکھیں مزے اُٹھائیں

فِيهَا خَالِدُونَ ۝ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا

اور تم اُن (جنتوں) میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہوگے۔ اور یہی وہ جنت ہے جس کے تم اپنے اعمال کے

بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِّنْهَا

سبب وارث کیے گئے ہو۔ اس میں تمہارے لیے بہت کے میوے ہونگے جن میں سے

تَأْكُلُونَ ۝ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ۝

تم کھاتے رہوگے۔ یقیناً گنہگار عذاب جہنم میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے۔

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ۝ وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ

اُنکے عذاب میں کوئی سستی نہ کی جائیگی اور وہ اُس (جہنم) میں مایوس ہو جائینگے۔ اور ہمنے اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا

وَلَٰكِن كَانُوا هُمُ الظَّالِمِينَ ۝ وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ

لیکن وہ (اپنے حق میں) آپ ہی ظالم ہوئے۔ اور وہ آواز دینگے کہ اے مالک (داروغہ) کاش تیرا

عَلَيْنَا رَبُّكَ ۖ قَالَ إِنَّكُم مَّاكِثُونَ ۝ لَقَدْ جِئْنَاكُم

پروردگار ہمارا خاتمہ ہی کردے (مالک جواب میں) کہیگا کہ تمہیں تو یونہی رہنا ہے۔ ہم یقیناً تمہارے پاس حق

بِالْحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ ۝ أَمْ أَبْرَمُوا

لیکر آئے لیکن تم میں سے بہت سے حق سے نفرت کرنیوالے ہیں۔ آیا اُنہوں نے کسی بات کا

أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُونَ ۝ أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ

پختہ ارادہ کرلیا ہے تو ہم بھی پکا ارادہ کرنیوالے ہیں۔ یا وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم اُنکے بھید کو اور خفیہ باتوں کو

وَنَجْوٰىهُمْ ؕ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ۝ قُلْ اِنْ
سنتے نہیں (ہم) ضرور (سنتے ہیں) اور ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) اُنکے پاس لکھتے جاتے ہیں۔ تم کہدو کہ
كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ۝ سُبْحٰنَ رَبِّ
اگر (خدائے) رحمٰن کا کوئی بیٹا ہو سکتا تو سب سے پہلا عبادت کرنیوالا تو میں ہی ہوتا۔ آسمانوں کا اور زمین
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ
کا پروردگار عرش کا مالک اُن باتوں سے جو کچھ یہ لوگ بیان کرتے ہیں (یعنی بیٹا وغیرہ ہونے سے) منزہ ہے۔ اب اُنکو
يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝
چھوڑ دو کہ یہ باتیں بنایا کریں اور کھیل کود میں پڑے رہیں تاکہ اُس دن سے اُنکا سامنا ہو جائے جسکا اِن سے وعدہ کیا جاتا ہے
وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ وَهُوَ
اور وہ (خدا) وہی ہے جو آسمان میں بھی معبود ہے اور زمین میں بھی معبود ہے اور وہ
الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝ وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ
حکمت والا (اور) جاننے والا ہے۔ اور وہ صاحبِ برکت ہے جس کے لیے آسمانوں کی اور زمین کی اور
وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ
جو کچھ اِن دونوں کے درمیان ہے اُسکی بادشاہت ہے اور قیامت تک کا علم اُسی کے پاس ہے اور اُسی کی طرف تم سب
تُرْجَعُوْنَ ۝ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ
کی بازگشت ہوگی۔ اور جن کو یہ خدا کے سوا پکارتے ہیں وہ شفاعت کا اختیار نہ رکھینگے
الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ وَ
سوائے اُس کے جو حق کی گواہی دے جس حال میں وہ جانتے بھی ہوں۔ اور
لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝
اگر تم اُن سے دریافت کرو گے کہ اُنکو پیدا کس نے کیا ہے تو وہ ضرور یہ کہدینگے کہ اللہ نے پھر یہ کدھر بہکے جاتے ہیں؟
وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ فَاصْفَحْ

اور رسول کے یارب کہنے کی قسم ہے یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان نہ لائینگے۔ پس تم بھی اِن سے

۵ کے دن وہ سب اپنی پرستش کرنیوالوں کے لیے شفاعت کا کوئی اختیار نہ رکھینگے۔ ۱۲۔ ۵ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ۔ تفسیر صافی میں ہے کہ اِسکا مطلب یہ ہے کہ تم اُن کو دعوتِ اسلام دینے سے باز آؤ اور اُن کے ایمان سے مایوس ہو جاؤ۔ ۱۲۔ ثُمَّ ثُمَّ ثُمَّ ثُمَّ ثُمَّ ثُمَّ ثُمَّ ثُمَّ ثُمَّ ثُمَّ

عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ ع ۱۲ ۱۳

درگزرو اور کہدو (لو بس) سلام۔ پھر آگے چل کر تو یہ جان ہی لینگے۔

سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً

اٰیاتھا ۵۹ رکوعاتھا ۳ کلماتھا ۳۴۹ حروفھا ۱۴۹۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ ع ۱۲ مع

حٰمٓ۔ قسم ہے واضح کتاب کی۔ یقیناً ہمنے اسکو برکت والی رات میں اتارا ہے

اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ۝ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ۝

کہ ہم ہی ڈرانیوالے ہیں۔ ہر حکمت والا کام اسی (رات) میں مقرر کیا جاتا ہے۔

اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ۭ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ

یہ حکم ہماری طرف سے ہے ہم تمہارے رب کی طرف سے رحمت کرکے بھیجنے والے ہیں

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔ جو آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے

وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَ

درمیان ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو (تو سمجھ لو کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی جلاتا ہے

يُمِيْتُ ۭ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَاۗىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ بَلْ هُمْ فِيْ

اور وہی مارتا ہے تمہارا (بھی) پروردگار ہے اور تمہارے پہلے باپ دادوں کا (بھی) لیکن وہ تو شک میں

شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ۝ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَاۗءُ بِدُخَانٍ

پڑے کھیلتے ہیں۔ سو تم (اس دن کا) انتظار کرو جس دن آسمان ایک ظاہر دھواں

مُّبِيْنٍ ۝ يَّغْشَى النَّاسَ ۭ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ رَبَّنَا

لائیگا جو کل آدمیوں کو ڈھانپ لیگا یہی تو دردناک عذاب ہے۔ (وہ عرض کرینگے کہ) اے ہمارے

اَكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝ اَنّٰى لَهُمُ

پروردگار ہم سے (اس) عذاب کو دور کر دے ہم یقیناً ایمان لانیوالے ہیں۔ اب انہیں نصیحت کہاں

الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ

سے مل گئی؟ حالانکہ انکے پاس کھولکر سنانیوالا رسول آچکا ہے۔ پھر انہوں نے اس سے منہ پھیر لیا

وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا

تھا اور یہ کہدیا تھا کہ یہ تو سکھایا ہوا دیوانہ ہے۔ ہم تھوڑے عرصہ کے لیے عذاب دور کرنیوالے ہیں (اور)

اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ ۝ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى اِنَّا

تم پھر وہی کرنیوالے ہو جس دن ہم بڑی سے بڑی گرفت کرینگے (اسی دن تو) ہم بدلہ

مُنْتَقِمُوْنَ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَآءَهُمْ

لینے والے ہیں۔ اور ضرور ہم نے ان سے پہلے فرعون کی قوم کی آزمائش کی تھی اور انکے پاس

رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ۝ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ

ایک عزت دار رسول (یہ حکم لیکر) آیا تھا کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کردو بیشک میں تمہارے لیے

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝ وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّيْٓ اٰتِيْكُمْ

ایک امانت دار رسول ہوں۔ اور یہ کہ خدا کے برخلاف تکبر نہ کرو میں تمہارے پاس نمایاں

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ

غلبہ کے ساتھ آیا ہوں۔ اور میں اپنے پروردگار کی اور تمہارے پروردگار کی اس بات سے پناہ مانگتا ہوں

تَرْجُمُوْنِ ۝ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِيْ فَاعْتَزِلُوْنِ ۝ فَدَعَا

کہ تم مجھے سنگسار کرسکو۔ اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے جدا ہوجاؤ۔ پھر اپنے پروردگار سے

رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ۝ فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ

دعا کی کہ یہ گنہگار لوگ ہیں۔ (حکم آیا کہ) پس تم میرے بندوں کو راتوں رات

لَيْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ۝ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ

لے جاؤ تمہارا پیچھا ضرور کیا جائیگا اور دریا کو ٹھہرا ہوا چھوڑ دینا یقیناً وہ

جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ○ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ○

لشکر کے لشکر ڈوبنے والے ہیں۔ کتنے باغات اور چشمے اور کھیتیاں اور اچھے (اچھے)

وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ○ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِيْهَا فٰكِهِيْنَ ○

مکان اور نعمتیں جن کا وہ لطف اٹھایا کرتے تھے چھوڑ گئے

كَذٰلِكَ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ○ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ

ایسا ہی ہوا کرتا ہے اور ہمنے اُن چیزوں کا وارث دوسرے لوگوں کو کر دیا۔ پس نہ اُن پر آسمان

السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ ○ ع وَلَقَدْ نَجَّيْنَا

رویا اور نہ زمین اور نہ اُن کو ڈھیل دی گئی۔ اور یقیناً ہمنے بنی اسرائیل

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ○ مِنْ فِرْعَوْنَ ط

کو فرعون کے ہاتھ سے ذلت دینے والے عذاب سے نجات بخشی

اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ○ وَلَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى

بیشک فرعون زیادتی کرنیوالوں میں سے متکبر تھا۔ اور ہمنے دیدہ و دانستہ اُنکو تمام عالموں

عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ○ وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ بَلٰٓؤٌا

سے برگزیدہ کر لیا تھا اور ہمنے اُن کو اپنی نشانیوں میں سے وہ دی تھیں جن میں کھلی

مُّبِيْنٌ ○ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوْلُوْنَ ○ اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا

آزمائش تھی۔ یہ تو ضرور یہی کہتے ہیں کہ انجام کار ہماری پہلی ہی موت تو ہے

الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ○ فَاْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ

اور پھر ہم مبعوث نہیں کیے جائینگے۔ پس اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا

صٰدِقِيْنَ ○ اَهُمْ خَيْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَّالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ط

کو بلا لاؤ۔ آیا یہ اچھے ہیں یا تبع کے لوگ؟ اور وہ جو ان سے پہلے تھے

اَهْلَكْنٰهُمْ اِنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ○ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ

جن کو ہمنے ہلاک کر دیا یقیناً وہ گنہگار لوگ تھے۔ اور ہمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۝ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ
جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اسے کھیل کے طور پر پیدا نہیں کیا۔ ہم نے ان دونو کو غرض صحیح کے ساتھ
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ
پیدا کیا ہے لیکن ان میں سے بہت سے (لوگ) اس بات کو نہیں جانتے۔ یقیناً حق و باطل کی) جدائی کا دن
مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى
ان سب کے لیے مقررہ وقت ہے۔ جس دن کوئی یار کسی یار کے کچھ کام نہ آئیگا
شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ اِنَّهٗ هُوَ
اور نہ انکو مدد دی جائیگی۔ وہ اس سے مستثنےٰ ہیں جن پر اللہ نے رحمت فرمائی بیشک وہ
الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ۝ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ۝
بڑا زبردست (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ یقیناً تھوہڑ کا درخت گنہگاروں کی خوراک ہوگا (جو) پگھلے ہوئے
كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ۝ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ۝ خُذُوْهُ
تانبے کے مانند (ہے) معدوں میں ایسی کھل بلی مچا دیگا جیسے گرم پانی کا اوٹنا۔ (حکم ہوگا کہ) اسکو پکڑو
فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ
پھر اسکو جہنم کے بیچوں بیچ کھینچ لاؤ پھر اسکے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا
مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ۝ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ۝
عذاب ڈالدو (یہ) مزہ چکھ تو تو بڑا عزت دار سردار ہے۔
اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ۝ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ
جس عذاب کے بارے میں تم شک کیا کرتے تھے وہ یہی ہے۔ بلاشک پرہیزگار لوگ امن والے مقام
اَمِيْنٍ ۝ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ
میں باغوں میں اور چشموں میں ہونگے اور موٹے ریشمی کپڑے پہنے ہوئے
وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ
آمنے سامنے بیٹھے ہونگے۔ ایسا ہی ہوگا۔ اور ہم انکی شادی بڑی بڑی آنکھوں والی

ع ۲ ۱۳ ۱۵ ۱۴

عِينٍ ۝ يَدْعُونَ فِيهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ آمِنِينَ ۝ لَا يَذُوقُونَ
خوبصورت حوروں سے کر دینگے۔ وہ اُن میں بخوف ہر طرح کے میوے بکمال امن طلب کرینگے۔ پہلی موت کے سوا
فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَىٰ ۖ وَوَقَاهُمْ عَذَابَ
اُن (جنتوں) میں وہ موت کا مزہ نہ چکھینگے اور یہ تمہارے پروردگار کی عنایت ہے جو اُنکو عذاب
الْجَحِيمِ ۝ فَضْلًا مِّن رَّبِّكَ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ
جہنم سے بچالیگا یہی تو بڑی کامیابی ہے۔
الْعَظِيمُ ۝ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۝
پس اور اسکے نہیں ہے کہ ہمنے اس (قرآن) کو تمہاری زبان میں بہت ہی آسان کر دیا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔
فَارْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ ۝ ع ۱۷ ۱۶
پس تم بھی انتظار کرو کہ یہ بھی منتظر ہیں۔

سورۃ الجاثیۃ مکیۃ وھی سبع وثلثون اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
حٰمٓ ۝ تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ۝
حٰمٓ۔ اِس کتاب کا اُتارا زبردست حکمت والے خدا کی طرف سے ہوا ہے
إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۝
بیشک آسمانوں میں اور زمین میں ایمان لانیوالوں کے لیے بہت سی نشانیاں (موجود) ہیں۔
وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ
اور تمہاری پیدائش میں اور جتنے زمین پر چلنے والوں کو وہ پھیلا دیتا ہے اُن کی پیدائش
يُوقِنُونَ ۝ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ
میں اُن لوگوں کیلئے جو یقین رکھتے ہیں نشانیاں (موجود) ہیں۔ اور رات اور دن کا آنا جانا میں اور جو رزق اللہ نے

آیاتھا ۳۷ رکوعاتھا ۴ حروفھا ۲۱۳۱ کلماتھا ۴۹۲

مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا
آسمان سے اُتارا ہے کہ اُسکے ذریعے سے اُس نے زمین کو اُسکی موت کے بعد پھر زندہ کر دیا ہے

وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ
اُس میں اور ہواؤں کے بدلنے میں اُن لوگوں کیلئے جو عقل رکھتے ہیں نشانیاں (موجود) ہیں۔ یہ اللہ کی آیتیں

اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَ
ہیں جو ہم تمکو ٹھیک (ٹھیک) پڑھ (پڑھ) کر سناتے ہیں پس خدا کے اور اُسکی آیتوں کے بعد یہ لوگ

اٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ
کونسی بات پر ایمان لائینگے؟ ہر اُس جھوٹے گنہگار پر سب سے زیادہ افسوس ہے جو خدا کی آیتیں

اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ
اپنے سامنے پڑھتے ہوئے سنتا ہے پھر از روئے تکبر (اپنے کفر پر) اسی طرح اصرار کرتا ہے گویا اُنکو سنا ہی نہیں

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا اتَّخَذَهَا
تو اب تم بھی اُسکو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو۔ اور جب اُسکو ہماری آیتوں کا کچھ علم ہو جاتا ہے تو اُنکی ہنسی

هُزُوًا ۚ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ مِنْ وَّرَآئِهِمْ
اڑاتا ہے ایسے ہی لوگوں کے لیے ذلت دینے والا عذاب ہے۔ اور آگے اُن کے جہنم

جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا
ہے اور اُن کے نہ تو وہ کچھ کام آئیگا جو انہوں نے کمایا ہوگا اور نہ وہ (کام آئینگے) جنکو اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ هٰذَا
انہوں نے سرپرست ٹھہرایا ہوگا اور اُنکے لیے بہت بڑا عذاب ہوگا۔ ہدایت یہی

هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ
تو ہے اور جنہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کا انکار کیا ہے اُن کے لیے دردناک

مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ
عذاب کی مار ہے۔ اللہ وہی ہے جس نے سمندر کو تمہارا مطیع کر دیا ہے کہ اُس میں

ع ۱۱ ۱۷

الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ
کشتیاں اُس کے حکم سے چلتی رہیں اور اِس لیے کہ تم اُسکے فضل کے خواستگار رہو اور تاکہ تم شکر ادا
تَشْكُرُونَ ۝ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا
کرتے رہو اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُس سب کو اُسنے اپنے فضل
مِنْهُ ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيٰتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝ قُلْ لِلَّذِينَ
سے تمہارے کام میں لگا دیا ہے۔ بیشک اِس میں اُن لوگوں کیلیے نشانیاں موجود ہیں جو غور و فکر کرتے ہیں تم اُن لوگوں سے
آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لَا يَرْجُونَ أَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا
جو ایمان لائے ہیں یہ کہدو کہ وہ اُنکو جو اللہ کے دنوں کی امید نہیں رکھتے معاف کردیں کہ خدا تعالےٰ اُن لوگوں کو
كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَسَاءَ
جیسا (جیسا) وہ کیا کرتے تھے اُسکے بموجب خود سزا دیدیگا۔ جو شخص کوئی نیک کام کریگا تو اپنی ذات کو (نفع) کریگا اور جو بدی کریگا اُسکا
فَعَلَيْهَا ۖ ثُمَّ إِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ
وبال بھی اُسی کی ذمہ ہے پھر تم (سب) اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹائے جاؤ گے۔ اور یقیناً ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب اور قوت
الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ
فیصلہ اور نبوت عطا کی تھی اور ہمنے اُن کو اچھی اچھی چیزیں کھانیکو دی تھیں اور ہم نے اُن کو تمام
عَلَى الْعٰلَمِينَ ۝ وَآتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِنَ الْأَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوا
عالموں پر فضیلت دی تھی۔ اور ہمنے اُن کو امر دین کی کھلی دلیلیں عطا کی تھیں پس اُنھوں نے باہم اختلاف نہیں
إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّ رَبَّكَ
کیا مگر اُنکے پاس علم پہنچ جانیکے بعد محض آپس کی سرکشی کے باعث بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُنکے
يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ ثُمَّ
مابین اُن تمام چیزوں میں جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے فیصلہ فرماویگا۔ پھر ہم نے
جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيعَةٍ مِنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ
اِسی امر (دین) کی شریعت پر تم کو مقرر کیا پس تم اسی کی پیروی کرو اور اُن لوگوں کی خواہشوں کی

الجزء ۲۵

لہ قل للذین امنوا یغفروا الخ یہ آیت مکی ہے اور اس وقت نازل ہوئی جب کہ مسلمانوں کو کفار مکہ کی ایذا رسانی کی وجہ سے صبر کا حکم دیا گیا تھا اور جہاد کی اجازت نہ تھی۔ ۱۲

الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا
پیروی نہ کرنا جو بے علم ہیں۔ یقیناً وہ اللہ کے ہاں تمہارے کچھ کام نہ آئینگے اور
وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝
بیشک یہ ظالم ایک دوسرے کے یار ہیں اور اللہ پرہیزگاروں کا مددگار ہے۔
هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝
کل آدمیوں کے لیے یہ کھلی دلیلیں ہیں اور اُن لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں ہدایت و رحمت ہے۔
اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ
آیا وہ لوگ جو بدیاں کرتے ہیں اُنہوں نے یہ گمان کر لیا ہے کہ ہم اُنکو اُن لوگوں کے مانند قرار دینگے
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ ۭ سَآءَ مَا
جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اُن کا جینا مرنا یکساں ہوگا جو حکم وہ لگاتے ہیں
يَحْكُمُوْنَ ۝ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى ع ۱۰ ۱۸
بہت ہی بُرا ہے۔ اور اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو غرض صحیح سے پیدا کیا اور اس لیے کہ ہر نفس
كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ
اپنے کیے کا بدلہ پائے اور اُن پر ظلم نہ کیا جائے۔ آیا تو نے اُس شخص کی حالت پر غور کیا
اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ
جس نے اپنی خواہش کو اپنا خدا بنا لیا اور اللہ نے بھی جان بوجھ کر اُس سے توفیق ہدایت سلب کر لی اور
وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ۭ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا
اُسنے اُسکے کانوں پر اور دل پر مُہر لگا دی اور اُسکی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا پس اللہ کے بعد اُسکی راہبری کون کریگا کیا تم
تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا
نصیحت نہیں حاصل کرتے اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ یہ ہماری زندگانی دنیا ہی تو ہے جس میں ہم مرتے جیتے ہیں
وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ
اور ہمکو زمانے کے سوا کوئی ہلاک نہیں کریگا حالانکہ اُنکو اس بارے میں کوئی علم نہیں ہے وہ نرا قیاس

لَا يَظُنُّونَ ○ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ

(دور ڈایا) کرتے ہیں۔ اور جب ہماری کھلی آیتیں اُنکے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو اُنکی حجت اسکے سوا

إِلَّا أَن قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ○ قُلِ اللَّهُ

اور کچھ نہیں ہوتی کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو لے آؤ۔ تم یہ کہدو کہ اللہ

يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ

ہی نے تم کو حیات دی ہے پھر وہی تم کو موت دیگا پھر وہی قیامت کے دن جس میں کوئی شک نہیں ہے

فِيهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ○ وَلِلَّهِ مُلْكُ ع ۵ ۱۹

تم سب کو جمع کریگا لیکن بہت سے لوگ (اتنی بات بھی) نہیں جانتے۔ اور آسمانوں کا اور

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ

زمین کا اختیار اللہ ہی کو ہے اور جسدن قیامت قائم ہوگی اُسی دن جھٹلانیوالے

يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ ○ وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ أُمَّةٍ

نقصان اُٹھائینگے۔ اور تم ہر اُمت کو گھٹنوں کے بل گرا ہوا دیکھوگے۔ ہر گروہ اپنے (اپنے)

تُدْعَىٰ إِلَىٰ كِتَابِهَا ۖ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ○

نوشتے کی طرف بُلایا جائیگا (اور اُن سے یہ کہا جائیگا کہ) جو جو عمل تم کیا کرتے تھے آج تم اُسکا بدلہ پاؤگے۔

هَٰذَا كِتَابُنَا يَنطِقُ عَلَيْكُم بِالْحَقِّ ۚ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنسِخُ مَا

یہ ہمارا نوشتہ تمہارے برخلاف ٹھیک (ٹھیک) گواہی دیتا ہے (جو جو عمل تم کیا کرتے تھے

كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ○ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

ہم اُسے لکھوا لیتے جاتے تھے۔ پس جو لوگ ایمان لائے ہیں اور اُنہوں نے نیک عمل

فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ○

کیے ہیں سو اُن کو تو اُنکا پروردگار اپنی رحمت میں داخل کریگا یہی تو وہ کھلی کامیابی ہے۔

وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ

اب رہے وہ لوگ جو کافر ہو گئے تھے (اُن سے یہ کہا جائیگا کہ) کیا میری آیتیں تمہارے سامنے نہیں

فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِينَ ۝ وَإِذَا قِيلَ
پڑھی جایا کرتی تھیں پھر تم اُن سے اکڑا کرتے تھے اور تم تھے ہی گنہگار لوگ۔ اور جب یہ کہا جاتا تھا کہ

إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُمْ مَا
اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت کے بارے میں کوئی شک نہیں ہے تو تم یہ کہدیا کرتے تھے کہ ہم

نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِنْ نَظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ
جانتے ہی نہیں قیامت کیا چیز ہے ہم تو اُسکو ایک خیال ہی خیال سمجھتے ہیں اور ہم (اُس پر)

بِمُسْتَيْقِنِينَ ۝ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ
یقین لانیوالے نہیں ہیں۔ اور جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اُسکی بدی اب اُن پر کھل گئی اور جس

بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ وَقِيلَ الْيَوْمَ
چیز کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُنہیں آگھیرا۔ اور (اُن سے) یہ کہا جائیگا کہ آج

نَنْسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ
ہم تمکو اُسی طرح بھلا دینگے (یعنی عذاب میں چھوڑ دینگے) جیسا کہ تم نے اِس دن کے آنیکو بھلا دیا

النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّن نَّاصِرِينَ ۝ ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ
تھا اور تمہارا ٹھکانا جہنم ہے اور (اب) تمہارا کوئی مددگار نہیں ہے۔ یہ اِس لیے کہ تمنے اللہ کی آیتوں کو

آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ
ٹھٹھا بنالیا تھا اور زندگانی دنیا نے تم کو دھوکا دیا تھا پس اُس دن نہ وہ

لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۝ فَلِلَّهِ الْحَمْدُ
اُس سے باہر جانے پائینگے اور نہ اُن سے (اپنے رب کے) راضی کرنیکے لیے خواہش کی جائیگی پس اللہ ہی

رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ وَلَهُ
کی تعریف آسمانوں کے پروردگار اور زمین کے پروردگار (یعنی تمام عالموں کے پروردگار) ہی کیلئے (زیبا) ہے

الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝
اور آسمانوں میں اور زمین میں اُسی کی بڑائی ہے اور وہ غالب (اور) حکمت والا ہے۔

ع ۴ ۱۱ ۲۰

سورۃ الاحقاف مکیۃ وھی خمس وثلثون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ○ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ

حٰمٓ اس کتاب کا نزول زبردست حکمت والے خدا کی طرف سے ہوا

الْحَكِيْمِ ○ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ

ہے ہمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونو کے درمیان ہے

اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا

اُسکو حق ہی کے ساتھ اور ایک مقررہ وقت کے لیے پیدا کیا ہے اور جو لوگ کافر ہوگئے وہ اُن چیزوں سے جن سے ڈرایا

مُعْرِضُوْنَ ○ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

جاتا ہے روگرداں ہیں (اے رسول) تم یہ کہدو کہ آیا تم نے غور بھی کیا کہ جن جن چیزوں کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو

اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي

مجھے دکھاؤ کہ زمین میں سے اُنھوں نے کیا پیدا کیا ہے یا آسمانوں (کی پیدایش) میں اُنکا کوئی ساجھا ہے۔

السَّمٰوٰتِ ؕ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ

اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو تو اس سے پہلے کی کوئی کتاب میرے پاس لے

عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا

آؤ یا کسی علم کا بقیہ اور اُس سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جو خدا کو چھوڑ کر

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ

ایسے کو پکارے جو قیامت تک اُس کا جواب ہی نہ دے اور وہ

عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ○ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ

اُن کے پکارنے سے بے خبر بھی رہیں اور قیامت کے دن جب سب آدمی جمع کیے جائیں گے

اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا

تو وہ انکے دشمن بھی ہونگے اور اُنکی عبادت کے مُنکر بھی اور جب اُن کے سامنے ہماری کھلی آیتیں

بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

پڑھی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو کافر ہوگئے ہیں حق کے بارے میں جبکہ وہ اُن کے پاس آچکا ہے یہ کہتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو ہے

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ

یا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس (رسولؐ) نے اسے خود بنا لیا ہے تم یہ کہدو کہ (بالفرض) اگر میں نے اسے اپنی طرف سے بنا لیا ہے تو تم خدا کے عذاب

اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۭ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ

تو مجھ کو بچانیکا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے جن جن چیزوں میں تم لگی ہوئے ہو اُن سے وہ خوب واقف ہے میرے اور تمہارے بابین گواہی دینے کو وہی کافی ہے اور وہ

وَبَيْنَكُمْ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا

سب سے زیادہ بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے تم یہ کہدو کہ میں رسولوں میں سے کوئی

مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ۭ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا

انوکھا نہیں ہوں اور میں یہ بھی نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور نہ یہ کہ تمہارے ساتھ کیا (کیا جائیگا)

مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

میں تو صرف اُسکی پیروی کرتا ہوں جو کچھ میری طرف وحی کی جاتی ہے اور میں تو صاف صاف ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں تم یہ کہدو کہ آیا تم نے اس میں

كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ

بھی غور کیا کہ اگر یہ (قرآن مجید) خدا کی طرف سے ہو اور تم نے اسکا انکار کیا حالانکہ بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ نے اسی طرح کی

عَلٰي مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

ایک کتاب پر گواہی دی ہے پس وہ تو ایمان لایا اور تم اینٹھتے ہی رہے (تو تمہارا انجام کیا ہوگا) یقیناً اللہ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں

الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ خَيْرًا ع ۱

فرماتا اور اُن لوگوں نے جو کافر ہوگئے ہیں اُن لوگوں کے بارے میں جو ایمان لے آئے ہیں یہ کہدیا کہ اگر یہ

مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ۭ وَاِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ اِفْكٌ

(رسولؐ جو کچھ لایا ہے وہ) اچھا ہوتا تو یہ لوگ اسکی طرف ہم سے آگے نہ بڑھتے اور اب چونکہ انہوں نے اسکے بارے میں ہدایت نہیں پائی ہے پس وہ تو

قَدِيمٌ ۝ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ وَهٰذَا كِتٰبٌ

یہی کہنے لگے کہ یہ تو پرانا جھوٹ ہے اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب راہبر اور رحمت تھی اور یہ کتاب

مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۠ وَبُشْرٰى

عربی زبان میں اسکی تصدیق کرنیوالی ہے تاکہ ان لوگوں کو جنھوں نے نافرمانی کی ہے ڈرائے اور نیکی کرنے والوں کے

لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا

لیے بشارت ہو بیشک جو لوگ اس بات کے قائل ہوگئے کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر اسپر قائم بھی رہے پس ان کو نہ

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ

(آئندہ کا) خوف ہوگا اور نہ وہ (گزشتہ کا) رنج کریں گے وہی لوگ جنتی ہیں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ

جو عمل وہ کیا کرتے تھے اسکے بدلے میں وہ انمیں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہیں اور ہمنے انسان کو اوسکے

بِوَالِدَيْهِ ۭ اِحْسٰنًا ۭ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۭ وَ

والدین کے حق میں احسان کرنیکا حکم دیا اسکی ماں نے تکلیف سے اسکو حمل میں رکھا اور تکلیف ہی سے اسکو جنا اور

حَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ

اسکے حمل کی اور اسکے دودھ چھٹنے کی مدت تیس مہینے ہوئی یہانتک کہ جب وہ اپنی پوری قوت کو پہنچا اور چالیس

اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ

برس کا ہوگیا تو اس نے عرض کی اے میرے پروردگار مجھے توفیق عطا فرما کہ میں تیری اس نعمت کا شکر بجالاؤں

اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ

جو تونے مجھپر اور میرے والدین پر مبذول فرمائی ہے اور میں کوئی ایسا نیک کام کروں جسے تو پسند فرمائے اور میرے

لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۭ اِنِّىْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّىْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

لیے میری اولاد میں صلاح پیدا کردے بیشک میں تیرے حضور میں رجوع کی ہے اور یقیناً میں فرمانبرداروں میں سے ہوں

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ

یہی لوگ جنتیوں میں ایسے ہیں جنکے اچھے عمل کو ہم قبول کرلینگے اور جن کی بدیوں سے ہم درگزر

سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا

فرمائینگے (یہ) سچا وعدہ ہے جو اُن سے (دُنیا میں) کیا جاتا تھا

يُوْعَدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ

اور وہ شخص جس نے اپنے ماں باپ سے یہ کہا کہ مجھے تم سے نفرت ہے کیا تم دونو مجھے اس سے ڈراتے ہو

اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ

کہ میں (قبر سے) نکالا جاؤنگا حالانکہ مجھسے پہلے بہت سے زمانے (والے) گزر چکے ہیں اور وہ دونو خدا کی فریاد کرکے

اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ

اُس سے یہ کہتے تھے کہ تیرا بُرا ہو ایمان لے آ بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے مگر وہ یہی کہتا رہا کہ یہ تو فقط

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ

پہلوں کی کہانیاں ہیں ایسے ہی لوگ ہیں جن پر قول پورا اُترا (اس اُمت میں بھی اور)

فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

اُن گروہوں میں (بھی) جو جنوں اور آدمیوں میں سے ان سے پہلے چل بسے بیشک وہ سب ٹوٹا

خٰسِرِيْنَ ۝ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ

اُٹھانیوالے تھے اور ہر ایک کے لیے اُنکے اعمال کے مطابق درجے ہیں اور اسلیے کہ وہ اُنکے اعمال کا بدلہ پورا پورا دے

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ؕ

اور اُنکو کوئی نقصان نہ پہنچایا جائے اور جس دن وہ لوگ جو کافر ہوگئے آتش جہنم کے سامنے لائے جائینگے

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ

(تو اُنسے یہ کہا جائیگا کہ) اپنی زندگانی دُنیا کے مزے تو تم خوب لوٹ چکے اور اُسکا نفع بھی (خوب) اُٹھا چکے

فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي

پس آج کے دن بوجہ اسکے کہ تم زمین میں ناحق بڑائی چاہا کرتے تھے اور بوجہ اسکے کہ تم نافرمانی کیا کرتے تھے تمکو

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ

ذلت کے عذاب کی سزا دی جاتی ہے اور قوم عاد کے بھائی (ہود)

ع ۲ ۲

مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ

برکت والا پانی اُتارا پھر اُسی کے ذریعہ سے ہمنے بندوں کو روزی دینے کے لیے باغات

الْحَصِيْدِ ۝ وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ

اور اناج کے کھیت اور لمبے (لمبے) کھجور کے درخت جنکے گابھے تہ بہ تہ

نَّضِيْدٌ ۝ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً

ہوتے ہیں پیدا کر دیے اور اُسی (پانی) کے ذریعہ سے ہمنے مردہ زمین کو زندہ

مَّيْتًا ؕ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ۝ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

کر دیا (قیامت کے دن) نکلنا بھی ایسا ہی ہوگا ان سے پہلے

قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ۝

نوح کی اُمت اور اصحاب رس اور (قوم) ثمود

وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ۝ وَّ

اور (قوم) عاد اور فرعون اور لوط کی اُمت اور

اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ كَذَّبَ

اصحاب ایکہ (بن والے) اور قوم تبع (اپنے اپنے نبی کی) تکذیب کر چکے ہر ایک نے

منزل ۷

۱ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا۔ مُبٰرَكًا کے معنی ہیں بہت سے نفعے بخشنے والا کافی میں جناب امام محمد باقر سے منقول ہے کہ زمین کا کوئی پانی ایسا نہیں ہے جسکے ساتھ آسمان کا پانی مخلوط نہو ۱۲

الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ ۝ اَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ

رسولوں کو جھٹلایا پھر میرا ڈراوا بھی پورا اُترا۔ کیا ہم پہلی دفعہ کے پیدا کرنے سے تھک گئے ہیں یہ اور

هُمْ فِي لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ ع ۱ ۱۵ ۱۵

بات ہو کہ وہ پہلی ہی مرتبہ کی پیدائش کے بارے میں شک میں ہیں اور یقیناً ہمنے ہی انسان کو پیدا کیا ہے

وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ

اور جو جو کچھ اُسکا نفس اُسکے دل میں وسوسہ ڈالتا ہے اُسے بھی ہم خوب جانتے ہیں اور ہم اُس کی شہ رگ گردن سے بھی

مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ ۝ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ

زیادہ قریب ہیں جبکہ دائیں سے اور بائیں سے دو لینے والے بیٹھے (بیٹھے)

الشِّمَالِ قَعِيدٌ ۝ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ

ہر بات کو لیتے جاتے ہیں ایک بات بھی مُنہ سے ایسی نہیں نکالتا کہ اُسکے لیے نگراں پاس ہی موجود

عَتِيدٌ ۝ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ

نہ ہو اور موت کی غفلت جو برحق ہے آ پہنچی یہی تو ہے جس سے تو

مِنْهُ تَحِيدُ ۝ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيدِ ۝ وَجَآءَتْ

کترا تا پھرتا تھا اور صور پھونک دیا گیا وہ ڈراوے کا دن یہی تو ہے اور ہر نفس

كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّشَهِيدٌ ۝ لَقَدْ كُنْتَ فِي غَفْلَةٍ

(اس شان سے) آئیگا کہ ایک ہانکنے والا اور ایک گواہ اُسکے ساتھ (ساتھ) ہوگا تو اسی سے تو غفلت میں تھا

مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ۝

سو اب ہمنے تیرا پردہ ہٹا دیا سو آج تیری نظر بڑی تیز ہے

وَقَالَ قَرِينُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيدٌ ۝ اَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ

اور اُسکا ہمنشین یہ کہیگا کہ میرے پاس جو کچھ ہے یہ حاضر ہے (اور ہانکنے والے اور گواہ کو حکم ہوگا کہ) تم دونو ہر

كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيبِ ۝ الَّذِي

منکر سرکش کو جہنم میں ڈالدو جو نیکیوں سے بڑا روکنے والا زیادتی کرنیوالا شک کرنیوالا تھا (اور) جو

ع ۱ اخر۔ اس لیے کہ اُس نے یہ لفظ کہے کہ جس نے تمہارے لیے امامت اور خمس کو قرار دیا ہے ہم اُس کے منکر ہیں۔ ۱۲

جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ○

خدا کے ساتھ اور خدا (بھی) ٹھہراتا تھا پس تم دونو اُسکو سخت عذاب میں ڈال دو

قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ○

اُسکا ہمنشین عرض کریگا کہ اے ہمارے پروردگار میں نے تو اسکو سرکش نہیں بنایا تھا لیکن یہ خود ہی بڑی گمراہی میں تھا

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ○

(خدا یعنے) فرمائیگا کہ میرے حضور میں جھگڑا نہ کرو میں تمہاری طرف ڈراوا پہلے ہی بھیج چکا تھا

مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ○ ع ۲ ۱۴ ۱۶

میری حضور میں بات بدلی نہیں جاسکتی اور نہ میں بندوں کے حق میں ظلم کرنے والا ہوں

يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ

جس دن ہم جہنم سے کہینگے کہ آیا تیرا پیٹ بھر گیا وہ عرض کریگا کہ آیا کچھ

مَّزِيْدٍ ○ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ○ هٰذَا

اور بھی ہے؟ اور جنت پرہیزگاروں کی خاطر بہت ہی قریب کردی جائیگی (اور اُنسے کہا جائیگا)

مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ○ مَّنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ

یہ وہی ہے جسکا تم میں سے ہر رجوع کرنیوالے اور نگہداری کرنیوالے سے وعدہ کیا جاتا تھا جو بے دیکھے (خدائے) رحمٰن سے

بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ○ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ط

ڈرتا رہا اور رجوع کرنے والے دل کے ساتھ حاضر ہوا (ایسوں ہی سے کہا جائیگا کہ) تم سلامتی کے ساتھ اسمیں داخل ہو جاؤ

ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ○ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا

یہی تو ہمیشہ (رہنے) کا دن ہے اُنکے واسطے جو جو کچھ وہ چاہینگے اُسمیں موجود ہے اور ہمارے پاس

مَزِيْدٌ ○ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ

مزید برآں اور ان سے پہلے ہم کتنے ہی زمانے والے ہلاک کر چکے ہیں جو اِن سے قوت میں کہیں

مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ط هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ○ اِنَّ

زیادہ تھے پھر اُنہوں نے سارے ہی مُلک چھان مارے کہ کہیں بھی بچنے کا موقع ہے بیشک

فِي ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ

اِس میں اُس شخص کے لیے نصیحت ہے جو دل رکھتا ہو یا توجہ سے کان

شَهِيْدٌ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا

لگائے اور یقیناً ہمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونو کے درمیان ہے

فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ۝ فَاصْبِرْ عَلٰى

اُسکو چھ دن میں پیدا کیا اور ہمکو کوئی تکان نہ ہوئی پس جو کچھ یہ کہتے ہیں

مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ

اُسکی برداشت کرو اور سورج کے نکلنے اور ڈوبنے سے پہلے اپنے پروردگار کی حمد کی تسبیح

قَبْلَ الْغُرُوْبِ ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ۝

پڑھا کرو اور رات کے بعض حصوں میں اُسکی پاکی بیان کیا کرو اور نمازوں کے بعد بھی

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ۝ يَّوْمَ

اور جس دن ایک پکارنے والا قریب کے مکان سے پکاریگا تو اُسے غور سے سُننا جس دن

يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ۝ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ

وہ سب واقعی چنگھاڑ سُنینگے یہی تو نکلنے کا دن ہے بیشک ہم ہی تو زندہ کرتے ہیں

وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ۝ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۭ

اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہماری ہی طرف بازگشت ہے جسدن زمین اُنکی نعشوں پر سے پھٹکر (الگ ہوجائیگی اور) وہ دوڑتے ہوئے نکل پڑینگے

ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ۝ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ

یہی جمع کرلینا ہمارے لیے آسان ہے جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں ہم اُس سے خوب واقف ہیں اور تم اُنپر

عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۣ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ۝

حاکم جابر نہیں ہو پس جو میری دھمکی سے ڈرتا ہو اُسکو قرآن (مجید) سُنا سُنا کر نصیحت کرتے رہو

سورۃ الذّٰریٰت مکیّۃ وھی ستون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۝ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۝ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۝

قسم ہے اُن ہواؤں کی جو (بکھر کر) اڑنیوالی ہیں پھر اُن بدلیوں کی جو (بارش کا) بوجھ اُٹھانیوالی ہیں، پھر اُن کشتیوں کی جو آسانی چلنے والی ہیں

فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۝ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۝ وَّاِنَّ الدِّيْنَ

پھر اُن فرشتوں کی جو کام تقسیم کرنیوالے ہیں بیشک جس چیز کا تمسے وعدہ کیا جاتا ہے وہ سچی ہے اور بدلہ ضرور ملنے والا

لَوَاقِعٌ ۝ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۝ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ

ہے اور قسم ہے راستوں والے آسمان کی کہ تم جھگڑے کی بات میں

مُّخْتَلِفٍ ۝ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۝ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۝

ہو جس سے وہی گمراہ ہوجاتا ہے جو گمراہ کردیا گیا غارت ہوں یہ اٹکل پچو باتیں بنانے والے

الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۝ يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ۝

جو جہالت کے بھنور میں غافل ہیں (اور) پوچھتے ہیں فیصلہ کا دن کب آئیگا؟

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ۝ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ؕ هٰذَا

(اُسدن آئیگا) جسدن اُن کو جہنم میں عذاب دیا جائیگا (اور یہ کہا جائیگا کہ) اپنے عذاب کا مزہ چکھو وہ یہی ہے

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ

جس کی تم جلدی کیا کرتے تھے بیشک پرہیزگار لوگ جنتوں اور چشموں

وَّعُيُوْنٍ ۝ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ

(کی سرزمین) میں ہونگے اُن کے پروردگار نے جو کچھ عطا کیا ہوگا اُسکا لطف اُٹھانیوالے ہونگے بیشک وہ اس سے پہلے

ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ۝ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ۝

نیکوکار تھے (اور) راتوں کو وہ کم سویا کرتے تھے

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝ وَفِيْ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ

اور صبح کو وہ مغفرت طلب کیا کرتے تھے اور اُن کے مالوں میں مانگنے والوں کا

لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝ وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ۝
اور (یہ) مانگنے والوں کا (بھی) حصہ ہوتا تھا اور یقین کرنے والوں کے لیے اس زمین میں (بھی) نشانیاں موجود ہیں

وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ وَفِي السَّمَاۗءِ
اور تمہاری ذات میں (بھی) تو کیا تم نہیں دیکھتے اور آسمان میں

رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ۝ فَوَرَبِّ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ
تمہارا رزق (بھی) موجود ہے اور جن چیزوں کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے (وہ بھی) پس آسمان کے اور زمین کے پروردگار کی قسم ہے

اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝ هَلْ اَتٰىكَ
یہ ایسا ہی برحق ہے جیسے کہ تم باتیں کر رہے ہو آیا تمہارے پاس

حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝ اِذْ دَخَلُوْا
ابراہیم کے معزز مہمانوں کا قصہ پہنچا جس وقت کہ وہ اُن کے

عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝
پاس آئے تو اُنہوں نے سلام کہا (جواب میں) اُنہوں نے بھی سلام کہا (اور یہ فرمایا کہ) تم اجنبی لوگ ہو

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَاۗءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ۝ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ
پھر چپکے سے اپنے ناتھتوں کے پاس گئے پھر وہاں سے ایک موٹا تازہ بچھڑا (کباب کر کے) لائے پھر اُسے اُن کے پاس رکھا

قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ۝ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا
(اور) کہا کیا تم کھاتے نہیں؟ پھر اپنے دل (ہی دل) میں اُن سے ڈرے اُنہوں نے کہا

لَا تَخَفْ ۭ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۝ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ
آپ ڈریں نہیں اور اُنہوں نے اُنہیں ایک صاحب علم لڑکے کی خوشخبری سنائی پھر اُن کی زوجہ اس گروہ میں

صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ۝ قَالُوْا
آگئیں اور اپنا منہ پیٹ لیا اور کہا کہ بڑھیا اور بانجھ (میں کیونکر بچہ جنوں گی!) اُنہوں نے کہا کہ

كَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝
تمہارے پروردگار نے ایسا ہی فرمایا ہے بیشک وہ صاحب حکمت (اور) صاحب علم ہے

ع ۱۳ ۱۸

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ ○

(حضرت ابراہیمؑ نے) فرمایا کہ اے رسولو! تم کو کیا مہم درپیش ہے؟

قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمٍ مُجْرِمِينَ ○ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ

اُنہوں نے عرض کی کہ ہم ایک گنہگار قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں تاکہ اُنپر مٹی کے

حِجَارَةً مِنْ طِينٍ ○ مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِينَ ○

پتھر برسائیں جو آپ کے پروردگار کے پاس حد سے زیادہ گزر جانیوالوں کے لیے نشان کئے ہوئے (تیار) ہیں

فَأَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيهَا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ○ فَمَا وَجَدْنَا

پس اِن (بستیوں) میں مومنوں میں سے جو کوئی تھا اُسے ہم نے نکالدیا۔ اور ہم نے اُن میں فرماں بردار وں

فِيهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ○ وَتَرَكْنَا فِيهَا آيَةً

کے ایک گھر کے سوا اور کسی کو نہ پایا اور ہم نے اُن میں اُن لوگوں کے

لِلَّذِينَ يَخَافُونَ الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ○ وَفِي مُوسَىٰ إِذْ

لیے جو دردناک عذاب سے ڈریں ایک نشانی چھوڑ دی۔ اور (اسی طرح واقعۂ) موسےٰ میں (نشانی ہے)

أَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ○ فَتَوَلَّىٰ بِرُكْنِهِ

جبکہ ہم نے اُن کو فرعون کی طرف کھلے غلبہ کے ساتھ بھیجا پس اُس نے اپنے برتے پر

وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ ○ فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ

روگردانی کی اور کہنے لگا (کہ یہ) جادوگر ہے یا دیوانہ۔ پھر ہمنے اُس کو اور اُسکے لشکر کو دھر پکڑا اور اُن سب کو سمندر

فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيمٌ ○ وَفِي عَادٍ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيحَ

میں ڈالدیا جس حال میں کہ وہ (فرعون) اپنے آپ ہی کو بُرا کہتا تھا۔ اور (اسی طرح واقعۂ) قوم عاد میں (نشانی ہے) جبکہ ہمنے اُنپر ایک

الْعَقِيمَ ○ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ

منحوس آندھی بھیجی کہ جس چیز پر وہ پہنچتی تھی۔ اُس کو چورا کیے بغیر نہ چھوڑتی

كَالرَّمِيمِ ○ وَفِي ثَمُودَ إِذْ قِيلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوا حَتَّىٰ حِينٍ ○

تھی۔ اور (واقعۂ) ثمود میں (بھی نشانی ہے) جبکہ اُن سے یہ کہا گیا کہ ایک مدت (معینہ تک) نفع اُٹھالو

فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ

پھر انہوں نے اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی تو ان کے دیکھتے (دیکھتے) ان کو ایک کڑک نے

يَنْظُرُوْنَ ۝ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا

آلیا پھر نہ تو وہ کھڑے ہی ہو سکے اور نہ بدلا

مُنْتَصِرِيْنَ ۝ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا

لے سکے اور نوح کی قوم کو اس سے پہلے ہی (ہم نشانی بنا چکے تھے) یقیناً وہ لوگ

فٰسِقِيْنَ ۝ وَالسَّمَاۗءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝

نافرمان تھے۔ اور آسمان کو ہمنے ہی اپنے دست قدرت سے بنایا ہے اور ہم ہی اسکو وسعت دینے والے ہیں۔

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۝ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ

اور زمین کو ہم نے ہی بچھایا ہے پس سب سے اچھے بچھانیوالے ہم ہی ہیں۔ اور ہر چیز کو ہم ہی نے

خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ

جوڑا جوڑا بنایا تاکہ تم یاد رکھو۔ سو تم اللہ ہی کی طرف بھاگ چلو

اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا

میں بیشک تمہارے لیے اسی کی طرف سے کھلا ڈرانیوالا ہوں۔ اور اللہ کے ساتھ تم اور خدا نہ بناؤ

اٰخَرَ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ

یقیناً میں تمہارے لئے اسی کی طرف سے کھلا ڈرانیوالا ہوں۔ اسی طرح ان لوگوں کے پاس جو ان سے

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ۝

پہلے تھے ایک رسول بھی ایسا نہیں آیا جسکی نسبت انہوں نے یہ نہ کہدیا ہو کہ یہ جادوگر ہے یا مجنون ہے۔

اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ

کیا وہ اس (قول) کی ایک دوسرے کو وصیت کر آئے ہیں۔ بات یہ ہے کہ وہ لوگ ہیں ہی سرکش۔ اب تم ان سے منہ پھیر لو

فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ۝ وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ

کہ تم پر کوئی ملامت نہیں ہے۔ اور نصیحت کیے جاؤ کہ نصیحت مومنوں کو یقیناً

ع ۲ ۱۳ ۱

الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ○

نفع دیگی۔ اور میں نے جنوں کو اور آدمیوں کو نہیں پیدا کیا مگر اس لیے کہ میری عبادت کیا کریں۔

مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ○

میں اُن سے کوئی روزی تو نہیں چاہتا اور نہ میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کچھ کھلا دیا کریں۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ○ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ

بیشک اللہ وہی تو بڑا روزی دینے والا قوت والا (اور) زبردست ہے۔ پس یقیناً اُن لوگوں کے لیے

ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ○

جنہوں نے نافرمانی کی ہے ویسا ہی چرسا بھرا ہوا ہے (یعنی اُتنا ہی عذاب ہے) جیسا کہ اُنکے (پہلے) ہم رتبہ لوگوں کے لیے چرسا بھرا تھا پس

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ○ ع

میرے عذاب کے لیے جلدی نہ کریں پس اُن لوگوں کے لیے جو اُس دن کے منکر ہیں جس دن کا اُنسے وعدہ کیا جاتا ہے ویل ہے۔

سورة الطور مكية وهي تسع واربعون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالطُّوْرِ ○ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ○ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ○

قسم ہے طور کی۔ اور پھیلی ہوئی جھلی میں لکھی ہوئی کتاب کی

وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ○ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ○ وَالْبَحْرِ

اور بیت المعمور کی اور بلند کی ہوئی چھت کی اور بھرے ہوئے

الْمَسْجُوْرِ ○ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ○ مَّا لَهٗ مِنْ

سمندر کی یقیناً تمہارے پروردگار کا عذاب واقع ہونیوالا ہے جسکا کوئی دفع کرنیوالا

دَافِعٍ ○ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ○ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ

نہوگا جس دن کہ آسمان بڑے زور سے چکر کھائیگا اور پہاڑ اپنی جگہ سے حرکت کرکے

کے تحت میں ہے اور عقل و حکمت کے مطابق اور جو چیزیں خدا کی کتاب میں آچکی ہیں اُن کی تصدیق کرنیوالا ہے اور سزا و جزا کے لیے بندوں کے اعمال منضبط کیے جاتے ہیں ۱۲۰

سَيْرًا ۝ فَوَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ ۝ الَّذِينَ هُمْ فِي

نابود ہو جائینگے تو اُس دن جھٹلانیوالوں کے لیے جو لغو باتوں میں پڑے کھیلا کرتے

خَوْضٍ يَلْعَبُونَ ۝ يَوْمَ يُدَعُّونَ إِلَىٰ نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝

ہیں ویل ہوگا (اور) جس دن اُن کو آتش جہنم کی طرف دھکے پر دھکے دیے جائینگے (اور یہ جتلایا جائیگا کہ)

هَٰذِهِ النَّارُ الَّتِي كُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ ۝ أَفَسِحْرٌ هَٰذَا أَمْ

یہ آگ وہی ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ اب (بتلاؤ) آیا یہ جادو ہے یا تم کو

أَنتُمْ لَا تُبْصِرُونَ ۝ اصْلَوْهَا فَاصْبِرُوا أَوْ لَا تَصْبِرُوا

سوجھتی ہی نہیں؟ اب تم اِس میں گھس جاؤ خواہ تم برداشت کرو یا نہ برداشت کرو

سَوَاءٌ عَلَيْكُمْ ۖ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

تمہارے لیے یکساں ہے۔ جو عمل تم کیا کرتے تھے صرف اُسی کا بدلا تم کو دیا جاتا ہے۔

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَعِيمٍ ۝ فَاكِهِينَ بِمَا آتَاهُمْ

بیشک پرہیزگار لوگ جنتوں میں اور نعمتوں میں جو (جو) کچھ اُن کے پروردگار نے اُنکو دیا ہوگا اُسکی لذتیں

رَبُّهُمْ ۖ وَوَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ۝ كُلُوا

پاتے ہونگے۔ اُنکا پروردگار اُن کو جہنم کے عذاب سے بچالیگا۔ (اور اُن سے یہ فرمائیگا کہ) جو عمل

وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ سُرُرٍ

تم کیا کرتے تھے اُسکے عوض میں (خوب) کھاؤ پیو (تمکو ہر چے پچے۔ (اور) برابر بچھے ہوئے تختوں پر

مَّصْفُوفَةٍ ۖ وَزَوَّجْنَاهُم بِحُورٍ عِينٍ ۝ وَالَّذِينَ آمَنُوا

تکیے لگائے (بیٹھے) رہو۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ہم اُنکی شادیاں کردینگے۔ اور جو لوگ ایمان لائے

وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُم بِإِيمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ

اور اُن کی اولاد نے ایمان میں اُنکی پیروی کی اُن کی اولاد کو (بھی) ہم اُن کے ساتھ ملا دینگے

وَمَا أَلَتْنَاهُم مِّنْ عَمَلِهِم مِّن شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا

اور اُنکے اعمال (نیک) میں سے کچھ (بھی) کم نہ کرینگے۔ ہر شخص اپنے کیے (کی جواب دہی) میں

وقف لازم

كَسَبَ رَهِينٌ ○ وَأَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ

گرفتار ہوگا۔ اور ہم اُن کو میووں سے اور گوشت سے جو (جو) کچھ وہ

مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ○ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَأْسًا لَّا لَغْوٌ

چاہیں مدد دیں گے۔ جنت میں وہ آپس میں ایسے پیالے کی چھین جھپٹ کریں گے جس میں

فِيْهَا وَلَا تَأْثِيْمٌ ○ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ

نہ کوئی لغویت ہوگی اور نہ کوئی گناہ۔ اور اُن کے وہ غلام جو چھپے ہوئے موتیوں کے مانند

لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ○ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى

ہونگے اُن کی خدمت میں چکر لگایا کریں گے۔ اور ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر

بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ○ قَالُوْٓا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ أَهْلِنَا

وہ سوالات کیا کریں گے۔ (بعض) کہیں گے کہ اس سے پہلے ہم تو اپنے بال بچوں میں تھے اور

مُشْفِقِيْنَ ○ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ

ڈرتے ہی رہتے تھے۔ پس اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہم کو جہنم کے عذاب سے

السَّمُوْمِ ○ إِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ إِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ

بچا لیا۔ ہم تو اِس سے پہلے اُس سے دعائیں مانگا کرتے تھے بیشک وہ بڑا نیکی کرنیوالا

الرَّحِيْمُ ○ فَذَكِّرْ فَمَآ أَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا

(اور) رحم کرنیوالا ہے۔ پس (اے رسول) تم نصیحت کیے جاؤ تم اپنے پروردگار کے فضل سے نہ کاہن ہو اور نہ

مَجْنُوْنٍ ○ أَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ

دیوانے۔ آیا وہ یہ کہتے ہیں کہ شاعر ہے جس کے بارے میں ہم زمانہ کی گردش کا انتظار

الْمَنُوْنِ ○ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَإِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ○

کرتے ہیں؟ تم کہدو کہ تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنیوالوں میں ہوں۔

أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ أَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ○

آیا اُن کی عقلیں اُن کو ایسا ہی بتلاتی ہیں یا وہ سرکش لوگ ہیں؟

ع ۱۸ ۳

ركوع ۱۰ آیات ۱

أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ ۚ بَل لَّا يُؤْمِنُونَ ۝ فَلْيَأْتُوا
یا وہ یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اسے دل سے بنا لیا ہے بات یہ ہے کہ وہ ایمان ہی نہیں رکھتے۔ پھر اگر وہ سچے ہیں تو
بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ ۝ أَمْ خُلِقُوا مِن
وہ (بھی) کوئی ایسی ہی بات بنا لائیں۔ آیا وہ بغیر کسی چیز کے خود پیدا
غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ ۝ أَمْ خَلَقُوا السَّمَاوَاتِ
ہو گئے ہیں یا وہ (اپنے آپ کو) پیدا کرنیوالے ہیں؟ یا انہوں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا
وَالْأَرْضَ ۚ بَل لَّا يُوقِنُونَ ۝ أَمْ عِندَهُمْ خَزَائِنُ رَبِّكَ
کیا ہے؟ یہ کچھ بھی انہیں وہ یقین ہی نہیں رکھتے۔ آیا انکے پاس تمہارے پروردگار کے خزانے ہیں
أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُونَ ۝ أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَسْتَمِعُونَ فِيهِ ۚ
یا وہ داروغہ ہیں؟ یا انکے پاس کوئی سیڑھی ہے جسکو اوپر چڑھ کر وہ آسمان کی خبریں سن لیتے ہیں
فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ۝ أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ
ایسا ہے تو اُن کا سننے والا بھی کوئی کھلی دلیل لے آئے۔ یا خدا کی بیٹیاں ہیں
وَلَكُمُ الْبَنُونَ ۝ أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ
اور تمہارے بیٹے؟ یا تم اُن سے کوئی مزدوری مانگتے ہو جسکے بوجھ سے وہ دبے جاتے
مُّثْقَلُونَ ۝ أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ۝ أَمْ
ہیں؟ یا اُن کے پاس غیب کی خبریں ہیں جنکو وہ لکھتے جاتے ہیں؟ یا
يُرِيدُونَ كَيْدًا ۖ فَالَّذِينَ كَفَرُوا هُمُ الْمَكِيدُونَ ۝ أَمْ
وہ تم سے کوئی چال چلتے ہیں۔ پس جو لوگ کافر ہو گئے چال میں تو وہ خود ہی پھنس گئے ہیں۔ یا خدا کے
لَهُمْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ وَإِن يَرَوْا
سوا اُنکا کوئی اور معبود ہے؟ جو جن کو یہ اُسکا شریک ٹھہراتے ہیں خدا بیچارا اُن سب سے منزہ ہے۔ اور اگر کوئی آسمان
كِسْفًا مِّنَ السَّمَاءِ سَاقِطًا يَقُولُوا سَحَابٌ مَّرْكُومٌ ۝ فَذَرْهُمْ
کا ٹکڑا گرتا ہوا دیکھیں تو یہ کہیں کہ یہ تو جما ہوا بادل ہے۔ سو تم اُن کو رہنے دو

منزل ۷

حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ۝ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ

یہاں تک کہ وہ دن اُنکے سامنے آئے جس دن وہ بیہوش کر دیے جائینگے۔ جس دن اُن کی چال ذرا بھی

عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ

اُن کے کام نہ آئیگی اور نہ اُنکی مدد کی جائیگی۔ اور بیشک اُن لوگوں کے

ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

واسطے جنہوں نے ظلم کیا اس کے علاوہ بھی عذاب ہے لیکن اُن میں سے اکثر جانتے ہی نہیں۔

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

اور تم اپنے پروردگار کے حکم کے بارے میں صبر کرو کہ یقیناً تم ہماری حفاظت میں ہو اور جس وقت تم (نماز شب کیلیے) اُٹھو اپنے

حِيْنَ تَقُوْمُ ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ۝ ع ۲ ۲۱ ۴

پروردگار کی حمد کی تسبیح پڑھا کرو۔ اور رات کے کسی حصہ میں بھی اور ستاروں کے ڈوبتے وقت بھی۔

سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَانِ وَسِتُّوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۝ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۝

قسم ہے ستارے کی جس وقت کہ وہ اُترا تمہارا رفیق نہ بھٹک گیا ہے اور نہ بہکا ہے۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝

اور وہ خواہش نفسانی سے کچھ نہیں کہتا۔ جو کچھ وہ کہتا ہے وہ نہیں ہے مگر وحی جو اُسکی طرف بھیجی جاتی ہے۔

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝ ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰى ۝ وَهُوَ

اُسکو بڑی قوتوں والے اور بڑی عقل والے نے تعلیم کیا۔ پھر وہ کھڑا ہو گیا جس حال میں کہ وہ

بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۝ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝ فَكَانَ قَابَ

اونچے سے اونچے افق کے قریب تھا۔ پھر وہ اور قریب ہوا پھر معلق ہو گیا۔ پھر دو کمان کا فاصلہ



آیاتہا ۶۲ — رکوعاتہا ۳ — کلماتہا ۳۶۵ — حروفہا ۱۴۵۰

قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى ۝ فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهٖ مَآ أَوْحٰى ۝ مَا

رہا یا کچھ کم۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کی طرف وحی فرمائی جو کچھ بھی وحی فرمائی۔ اُس (رسول) نے

كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأٰى ۝ أَفَتُمٰرُونَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝

جو کچھ بھی دیکھا (اُنکے) دل نے اُس میں کچھ جھوٹ نہیں ملایا اب کیا تم اُس کے متعلق بحث کرتے ہو جو کچھ کہ وہ دیکھتے ہیں۔

وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرٰى ۝ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝

حالانکہ انہوں نے اُسے ایک مرتبہ اور سدرۃ المنتہیٰ کے پاس یقیناً دیکھا تھا۔

عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَأْوٰى ۝ إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۝

جس کے پاس رہنے کی جگہ بہشت بھی ہے۔ جس وقت کہ سدرہ پر جو کچھ بھی چھا رہا تھا چھا رہا تھا۔

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝ لَقَدْ رَأٰى مِنْ آيٰتِ رَبِّهِ

نہ تو (رسول کی) نظر نے کبھی کی اور نہ وہ اچٹ گئی۔ بیشک اُنہوں نے اپنے پروردگار کی نشانیوں میں سے بڑی نشانیوں کو

الْكُبْرٰى ۝ أَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ۝ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ

دیکھا۔ کیا تم نے (کبھی) لات و عزّٰے کو اور ایک اور تیسری منات کو غور

الْأُخْرٰى ۝ أَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْأُنْثٰى ۝ تِلْكَ إِذًا قِسْمَةٌ

سے دیکھا؟ کیا تمہارے حصہ میں تو بیٹے آئے ہیں اور خدا کے حصہ میں بیٹیاں؟ یہ تو بڑی بیجا تقسیم

ضِيزٰى ۝ إِنْ هِيَ إِلَّآ أَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوهَآ أَنْتُمْ وَ

ہے! یہ تو نام ہی نام ہیں جو اُن کے تم نے اور تمہارے باپ داداؤں نے رکھ لیے

آبَآؤُكُمْ مَّآ أَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ إِنْ يَتَّبِعُونَ

ہیں خدا تعالیٰ نے تو اُسکے بارے میں کوئی سند اُتاری نہیں ہے۔ وہ تو نرے گمان کی اور اُن

إِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْأَنْفُسُ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ

چیزوں کی پیروی کرتے ہیں جن کو اُن کے دل چاہتے ہیں حالانکہ اُن کے پاس اُن کے پروردگار کی

رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ۝ أَمْ لِلْإِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ۝ فَلِلّٰهِ الْآخِرَةُ

جانب سے ہدایت آچکی ہے۔ کیا انسان جو خواہش کرتا ہے وہ پوری ہو جاتی ہے؟ پس آخرت اور دنیا (دونوں)

وَالْاُوْلٰى ۝ وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ

کا اللہ ہی مالک ہے۔ اور آسمانوں میں بہت سے فرشتے ہیں کہ اُن کی شفاعت

شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ

کچھ کام نہ آئیگی مگر بعد اِس کے کہ اللہ تعالےٰ جس کے لیے چاہے اجازت دیدے اور پسند بھی

وَيَرْضٰى ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ

فرمالے۔ بیشک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ فرشتوں کے نام

الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ۝ وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ

عورتوں کے ایسے نام رکھتے ہیں۔ اور اِس بارے میں اُنکو علم خاک بھی نہیں ہے۔

اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ

وہ نری اٹکل پر چلتے ہیں۔ حالانکہ اٹکل حق کے مقابلے میں کچھ (بھی) کام نہیں دے سکتی۔

شَيْـًٔا ۝ فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ

پس جس نے ہماری یاد سے مُنہہ پھرا لیا ہے اور سوائے زندگانی دنیا کے اور کسی چیز کا خواستگار

اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ؕ ۝ ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ

ہی نہیں ہے پس تم بھی اُس سے مُنہہ پھرا لو۔ اِن کے علم کی انتہا اتنی ہی ہے۔ بیشک تمہارا

رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۙ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ

پروردگار اُس سے (بھی) خوب واقف ہے جو اُسکی راہ سے بھٹک گیا ہے اور اُس سے (بھی) آگاہ ہے

اهْتَدٰى ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ

جسنے ہدایت پائی ہے۔ اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ اللہ ہی کا ہے تاکہ وہ اُنکو

الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا

جنہوں نے بدی کی ہے اُنکی کرتوت کی سزا دے اور اُنکو جنہوں نے نیکی کی ہے نیک

بِالْحُسْنٰى ۝ ۚ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ

جزا دے۔ جو کبیرہ گناہوں سے اور بیحیائی کی باتوں سے اجتناب کرتے رہتے ہیں

إِلَّا اللَّمَمَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۚ هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ
گو صغیرہ سے نہ کریں۔ بیشک تمہارا پروردگار بڑا بخشنے والا ہے۔ وہ تمہارے حال سے اُسوقت بھی خوب
أَنشَأَكُم مِّنَ الْأَرْضِ وَإِذْ أَنتُمْ أَجِنَّةٌ فِي بُطُونِ
واقف تھا جبکہ اُسنے تم کو زمین سے پیدا کیا اور اُس وقت بھی جبکہ تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں
أُمَّهَاتِكُمْ ۖ فَلَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَىٰ ۝ ع ۲
جنین تھے۔ پس تم اپنے آپ کو پاکیزہ نہ ٹھہراؤ جو پرہیزگار ہے اُس سے خدا خوب واقف ہے۔
أَفَرَأَيْتَ الَّذِي تَوَلَّىٰ ۝ وَأَعْطَىٰ قَلِيلًا وَأَكْدَىٰ ۝ أَعِندَهُ
آیا تم نے اُس شخص کو غور سے دیکھا جس نے (حق سے) روگردانی کی۔ اور تھوڑا خرچ کیا اور ہاتھ روک لیا آیا علم غیب
عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرَىٰ ۝ أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِي صُحُفِ
اُس کے پاس ہے کہ وہ (اُسے) سمجھ لیتا ہے۔ یا اُسکو اُسکی خبر نہیں دی گئی جو کچھ موسےٰ کے صحیفوں
مُوسَىٰ ۝ وَإِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّىٰ ۝ أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ
میں ہے اور ابراہیم کے جنہوں نے (حق اطاعت) پورا (پورا) ادا کر دیا تھا (یعنی) یہ کہ کوئی بوجھ اُٹھانیوالا دوسرے کا
أُخْرَىٰ ۝ وَأَن لَّيْسَ لِلْإِنسَانِ إِلَّا مَا سَعَىٰ ۝ وَأَنَّ
بوجھ نہ اُٹھائیگا۔ اور یہ کہ انسان کے لیے کچھ بھی نہیں ہے سوائے اُتنے کے جتنی اُسنے کوشش کی ہو۔ اور یہ کہ اُسکی
سَعْيَهُ سَوْفَ يُرَىٰ ۝ ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفَىٰ ۝ وَأَنَّ
کوشش آگے چل کر دیکھی جائیگی۔ پھر اُس کو اُسکا بدلا پورم پور دیا جائیگا اور یہ کہ
إِلَىٰ رَبِّكَ الْمُنتَهَىٰ ۝ وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَىٰ ۝ وَأَنَّهُ
انتہا تمہارے پروردگار ہی کی حضور میں ہوگی۔ اور یہ کہ اُسی نے ہنسایا اور رُلایا۔ اور یہ کہ
هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيَا ۝ وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ
اُسی نے مارا اور جلایا۔ اور یہ کہ نطفے سے جب وہ (رحم میں) پہنچا دیا گیا اُسی نے
وَالْأُنثَىٰ ۝ مِن نُّطْفَةٍ إِذَا تُمْنَىٰ ۝ وَأَنَّ عَلَيْهِ
دونو قسمیں نر و مادہ پیدا کیے۔ اور یہ کہ دوبارہ پیدا کرنا

الشعرى ۝ وانه اهلك عادا الاولى ۝ وثمود
شعرے کا مالک ہے۔ اور یہ کہ اسی نے پہلے عاد کو ہلاک کیا اور ثمود کو اس طرح

فما ابقى ۝ وقوم نوح من قبل انهم كانوا هم اظلم
کسی کو باقی نہ چھوڑا۔ اور نوح کی قوم کو (ان سے) پہلے ہی کہ یقیناً وہ بڑے ظالم اور بڑے

واطغى ۝ والمؤتفكة اهوى ۝ فغشها ما غشى ۝ فبای
سرکش تھے۔ اور الٹی ہوئی بستیوں کو اسی نے دے پٹخا۔ پھر ان پر گزری جو کچھ گزری۔ پس تم اپنے پروردگار

الاء ربك تتمارى ۝ هذا نذير من النذر الاولى
کی کون کونسی نعمتوں میں شک کرتے ہو؟ یہ تو پہلے ڈرانیوالوں میں سے ایک ڈرانیوالا ہے۔

ازفت الازفة ۝ ليس لها من دون الله كاشفة ۝
آنیوالی قریب آپہنچی۔ اللہ کے سوا اس کا ٹالنے والا کوئی نہیں ہے۔

افمن هذا الحديث تعجبون ۝ وتضحكون ولا
کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور روتے

تبكون ۝ وانتم سامدون ۝ فاسجدوا لله واعبدوا ۝ ع ۳
نہیں۔ اور تم کھیل کود میں لگے ہوئے ہو پس خدا کے واسطے سجدہ کرو اور اسی کی عبادت کرو

سورة القمر مكية وهي خمس وخمسون اية

بسم الله الرحمن الرحيم ۝
رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اقتربت الساعة وانشق القمر ۝ وان يروا
قیامت قریب آگئی اور چاند شق ہوگیا۔ اور اگر یہ لوگ کوئی معجزہ بھی

اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا

دیکھینگے تو اُس سے روگردانی کرینگے اور یہی کہے جائینگے کہ ہمیشہ کا جادو ہے۔ اور اُنہوں نے جھٹلایا اور اپنی خواہشوں

اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ

کی پیروی کی اور ہر کام انتہا کو پہنچنے والا ہے۔ اور اُن کے پاس یقیناً ایسی خبریں آچکی

الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ۝ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ

تھیں جن میں دھمکی (بھی) تھی۔ (اور) انتہا درجہ کی دانائی (بھی) پھر بھی دھمکیاں کچھ کام

النُّذُرُ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ۝

نہیں دیتیں اب تم ان سے منہ پھیر لو جس دن بلانیوالا اُن کو مکروہ چیز کی طرف بلائیگا۔

خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ

آنکھیں اُن کی جھکی ہوئی ہونگی قبروں سے اِس طرح نکلینگے گویا وہ پھیلی ہوئی ٹڈیاں

مُّنْتَشِرٌ ۝ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ؕ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ

ہیں۔ بلانیوالے کی طرف تیز تیز جاتے ہونگے (اور) کافر یہ کہتے ہونگے کہ

هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۝ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا

یہ دن تو بڑا ہی کٹھن ہے۔ اِن سے پہلے نوح کی قوم نے جھٹلایا تھا پس اُنہوں نے ہمارے

عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ۝ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ

بندے کی تکذیب کی تھی اور یہ کہا تھا کہ یہ تو دیوانہ اور ستایا ہوا ہے۔ پس اُنہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ میں

مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝ فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ

مغلوب ہوگیا اب تو انتقام لے لے۔ پس ہم نے موسلادھار پانی کے ساتھ آسمان کے دروازے

مُّنْهَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى

کھولدیے اور ہم نے زمین کو پھاڑ کر چشمے ہی چشمے کردیے پس اُس امر کے بموجب جو یقیناً طے کردیا گیا

اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝

تھا (آسمان کے) پانی سے (زمین کا) پانی مل گیا اور ہم اُس (نوح) کو تختوں اور کیلوں والی (یعنی کشتی) پر اٹھائے رہے۔

وقف لازم

مراد ہے کشتی اور دسر سے مراد ہے میخیں۔ اور ایک قول کے بموجب دسر ایک قسم کی گھاس تھی جس سے تختوں کو باندھ کر کشتی مضبوط کیگئی تھی۔ ۱۲

تَجْرِي بِأَعْيُنِنَا جَزَاءً لِّمَن كَانَ كُفِرَ ۝ وَلَقَد

جو ہماری حفاظت میں چلتی رہی (یہ) معاوضہ اُس شخص کو دیا گیا تھا جسکی قدر نہ کی گئی تھی اور یقیناً ہمنے

تَّرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ۝ فَكَيْفَ كَانَ

اُسکو ایک نشانی بنا کر چھوڑا پس کوئی نصیحت پکڑنیوالا ہے؟ پھر میرا عذاب اور میری

عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ وَلَقَد يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ

دھمکی کیسی رہی؟ اور یقیناً ہم نے نصیحت حاصل کرنیکے لیے اِس قرآن کو آسان کر دیا تو آیا

مِن مُّدَّكِرٍ ۝ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَ

کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے؟ (قوم) عاد نے بھی جھٹلایا تھا تو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا

نُذُرِ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ

رہا؟ بیشک ہمنے اُن پر دائمی منحوس دن میں ٹھنڈا جھکڑ

نَّحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ۝ تَنزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ

بھیجا۔ جو آدمیوں کو اِس طرح گراتا تھا گویا وہ کھجور کے تنے جڑ سے اُکھڑے

مُّنقَعِرٍ ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ وَلَقَد يَسَّرْنَا

پڑے ہیں۔ پھر میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا رہا؟ اور ہمنے نصیحت حاصل کرنیکے لیے

الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ۝ كَذَّبَتْ ثَمُودُ ع ۱ ۲۲ ۸

اِس قرآن کو ضرور آسان کیا ہے پس کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے؟ (قوم) ثمود نے بھی ڈرانیوالی نشانیوں

بِالنُّذُرِ ۝ فَقَالُوا أَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهُ إِنَّا إِذًا

کو جھٹلایا تھا۔ سو اُنہوں نے یہ کہا تھا کہ کیا ہم اپنے ہی میں سے ایک اکیلے آدمی کی پیروی کریں کہ اُس صورت

لَّفِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ۝ أَأُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِن بَيْنِنَا

میں ہم ضرور گمراہی میں اور بھڑکتی ہوئی آگ میں ہونگے۔ کیا ہم میں سے وحی اِسی پر آپڑی ہے نہیں وہ تو

بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ ۝ سَيَعْلَمُونَ غَدًا مَّنِ

جھوٹا شیخی خورہ ہے۔ یہ تو وہ کل ہی جان لینگے کہ جھوٹا

الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ۝ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ

شیخی خورہ کون ہے؟ ہم اُن کی آزمائش کے لیے ایک سانڈنی بھیجنے والے ہیں

فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ۝ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌ

پس تم اُنکے نگراں رہو اور برداشت کرو۔ اور اُنکو یہ خبر دیدو کہ اُنکے (اور اُنٹنی کے) مابین پانی تقسیم ہوگیا ہے تو

بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ۝ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى

ہر ایک (فریق اپنی اپنی) باری پر حاضر ہو۔ پھر اُنہوں نے اپنے رفیق کو پکارا پھر اُسنے ہاتھ چلایا پھر اُسکی کوچیں

فَعَقَرَ ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝ اِنَّا اَرْسَلْنَا

کاٹ دیں۔ پھر میرا عذاب اور میرا ڈراوا کیسا رہا؟ یقیناً ہم نے اُن پر ایک چیخ

عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ۝ وَلَقَدْ

بھیجی پھر وہ روندے ہوئے خشک جمع شدہ بھوسے کے مانند ہو گئے اور ہم نے

يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝ كَذَّبَتْ قَوْمُ

نصیحت حاصل کرنیکے لیے اِس قرآن کو یقیناً آسان کر دیا ہے تو آیا کوئی نصیحت پکڑنیوالا ہے؟ لوط کی قوم نے ابھی

لُوْطٍ بِالنُّذُرِ ۝ اِنَّا اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ

ڈرانیوالی باتوں کو جھٹلایا۔ یقیناً ہمنے اُنپر پتھراؤ بھیجا (اور) لوط کے کنبے کو مستثنیٰ

لُوْطٍ ؕ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ۝ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ؕ كَذٰلِكَ

کیا اُنکو ہمنے سحری کے وقت نجات دیدی۔ یہ ہماری طرف سے ایک احسان تھا اور جو شکر گزار ہوتا ہے

نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ۝ وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا

ہم اُسکو ایسا ہی عوض دیا کرتے ہیں۔ اور لوط نے ضرور اُنکو ہماری گرفت سے ڈرایا تھا پھر اُنہوں نے ڈرانے میں

بِالنُّذُرِ ۝ وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَآ

شک کیا۔ اور اُنہوں نے ضرور اُن کے مہمانوں سے ارادۂ بد کیا پھر ہمنے اُن کے دیدے

اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ۝ وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ

پٹم کر دیے (اور یہ کہدیا کہ لو) اب میرے عذاب اور میرے ڈراوے کا مزہ چکھو۔ اور ضرور صبح ہی صبح اُن کو

اور ایک روایت کے بموجب چھوٹی چھوٹی کنکریاں لیں اور اُنکے منہ پر ماریں جس سے اُنکے چہرے بگڑ گئے اور اُس شہر کے کل رہنے والے اندھے ہو گئے

بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ۝ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ۝

ایک پائدار عذاب نے آپکڑا۔ (پھر اُن سے یہ کہدیا کہ لو) اب میرے عذاب اور میرے ڈراوے کا مزہ چکھو

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ۝ وَلَقَدْ ع ۲ ۱۸ ۹

اور ہم نے نصیحت کے لیے اِس قرآن کو ضرور آسان کردیا ہے تو آیا کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے؟ اور فرعون

جَاءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ۝ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كُلِّهَا

والوں کے پاس ڈرانیوالے ضرور آئے (تو اسپر) اُنہوں نے ہماری کل نشانیوں کو جھٹلایا

فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ أَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ

تو ہم نے بھی اُنکو ایسا پکڑ الا جیسا کہ زبردست صاحب اقتدار پکڑ الا کرتا ہے۔ (اے گروہ قریش) آیا تمہارے کفار اِن

مِّنْ أُولَٰئِكُمْ أَمْ لَكُم بَرَاءَةٌ فِي الزُّبُرِ ۝ أَمْ يَقُولُونَ

(مذکورہ بالا امتوں) سے بہتر ہیں یا تمہارے لیے کتابوں میں چھٹکارا آگیا ہے؟ یا یہ کہتے ہیں کہ ہم

نَحْنُ جَمِيعٌ مُّنتَصِرٌ ۝ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ

بدلا لینے والے گروہ ہیں۔ عنقریب یہ گروہ ہزیمت دیا جائیگا اور یہ پیٹھ

الدُّبُرَ ۝ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَىٰ وَ

دکھائینگے۔ بات یہ ہے کہ قیامت اُنکے وعدے کا دن ہے اور قیامت بڑی ہی سخت اور بڑی ہی

أَمَرُّ ۝ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ۝ يَوْمَ يُسْحَبُونَ

تلخ چیز ہے۔ بیشک گناہگار (یہاں تو) گمراہی میں ہیں اور (وہاں) بھڑکتی آگ میں (ہونگے)۔ جسدن کہ وہ آگ میں

فِي النَّارِ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ ۝ إِنَّا

اپنے چہروں کے بل گھسیٹے جائینگے (اور اُن سے یہ کہا جائیگا کہ) جہنم کے چھو جانیکا مزہ چکھو بیشک ہمنے

كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ ۝ وَمَا أَمْرُنَا إِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ

ہر ایک چیز کو ایک اندازے سے پیدا کیا ہے۔ اور ہمارا حکم نہیں ہے مگر جیسے ایک پلک کا

بِالْبَصَرِ ۝ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ۝

جھپک جانا۔ اور ہم تمہارے ہمسروں کو ضرور ہلاک کرچکے ہیں پس ہے بھی کوئی نصیحت پانیوالا؟

وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ ○ وَكُلُّ صَغِيرٍ وَّكَبِيرٍ
اور ہر کام جو اُنہوں نے کیا تھا نوشتوں میں (موجود) ہے اور ہر چھوٹا اور بڑا (عمل)
مُّسْتَطَرٌ ○ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَّنَهَرٍ ○ فِي
لکھا ہوا ہے بالتحقیق پرہیزگار لوگ جنتوں میں اور نہروں میں ذی اختیار
مَقْعَدِ صِدْقٍ عِندَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ ○
بادشاہ کے پاس خوشنودی کی جگہ میں ہونگے۔

ع ۱ ۱۵ ۳

سُورَةُ الرَّحْمٰنِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٍ وَسَبْعُونَ آيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
الرَّحْمٰنُ ○ عَلَّمَ الْقُرْآنَ ○ خَلَقَ الْإِنسَانَ ○ عَلَّمَهُ
(خدائے) رحمٰن نے قرآن (مجید) تعلیم فرمایا۔ اُسی نے انسان کو پیدا کیا۔ اور اُسی نے اُسکو
الْبَيَانَ ○ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ○ وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ
بیان (کرنا) سکھایا۔ سورج اور چاند (مقرر) حساب پر (چلتے) ہیں۔ اور بیل اور درخت دونو
يَسْجُدَانِ ○ وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ ○ أَلَّا
سجدے میں ہیں۔ اور آسمان کو اُس نے بلند کیا اور میزان کو نیچے رکھا تاکہ تم
تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ ○ وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا
میزان کے بارے میں سرکشی نہ کرو۔ اور انصاف سے وزن کو ٹھیک (ٹھیک) جانچو اور میزان کو
الْمِيزَانَ ○ وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ○ فِيهَا فَاكِهَةٌ
نقصان نہ پہنچاؤ۔ اور زمین کو اُس نے لوگوں کے لیے بنایا ہے جس میں میوے بھی ہیں
وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ○ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ○
اور پھیلی دار کھجور کے درخت (بھی) اور بھوسے والا دانہ اور خوشبودار پھول ہیں۔

ایاتها ۷۸
رکوعاتها ۳
کلماتها ۳۵۱
حروفها ۱۶۸۲

الجزء ۲۷

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ
پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ اُسی نے انسان کو کھنکھناتی مٹی سے

كَالْفَخَّارِ ۝ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۝ فَبِاَيِّ
پیدا کیا۔ اور اُسی نے جنوں کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا پھر تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ۝
اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ وہ دونوں مشرقوں کا مالک ہے اور دونو مغربوں کا مالک ہے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ۝
پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ اُس نے دو دریا بہا دیے وہ باہم ملتے ہیں (اور)

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝
اُن دونو کے مابین ایک پردہ ہے کہ ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کر سکتا۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
اُن دونو سے موتی اور مونگا برآمد ہوتا ہے۔ پس تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبٰنِ ۝ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَـَٔاتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۝
جھٹلاؤ گے؟ اور سمندر میں پہاڑوں کے مانند اونچے اونچے جہاز اُسی کے ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝ وَّ
پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ہر شخص جو زمین پر ہے فنا ہونیوالا ہے۔ اور

يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
تمہارے پروردگار کی ذات صاحب جلال و عزت باقی رہیگی۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ جو (جو) آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اُسی سے مانگتے رہتے ہیں۔

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝
وہ ہر روز ایک نئی حالت میں ہے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اے دونو گروہو! ہم عنقریب تمہارے حساب کیلئے فارغ ہو جائینگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبٰنِ ۝ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ

جھٹلاؤ گے؟ اے گروہ جن وانس اگر تم سے ہوسکتا ہے کہ تم آسمانوں کے اور زمین

تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ

کے کناروں سے نکل جاؤ تو (جاؤ) نکل جاؤ۔

لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

حالانکہ بغیر غلبہ (پائے) تم نکل نہ سکوگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۝

تم دونو پر آگ کی لپٹ اور بھڑکتا ہوا تانبا بھیجا جائیگا پس تم دونو روک نہ سکوگے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ پھر جب آسمان پھٹیگا اور

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

جب سرخ نرمی کی طرح لال ہوجائیگا۔ تو تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَيِّ

پھر اُس دن نہ تو انسان سے اُسکے گناہوں کی بابت پوچھا جائیگا اور نہ جن سے۔ پھر تم دونو

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ

اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ گناہگار اپنی اپنی علامتوں سے پہچان لیے جائینگے

فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

پھر اگلی چوٹی سے گرفتار کیے جائینگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبٰنِ ۝ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝

جھٹلاؤ گے؟ (کہا جائیگا کہ) وہ جہنم جسے گناہگار جھٹلایا کرتے تھے یہی ہے

يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

(اب) وہ اُسکے اور کھولتے پانی کے مابین پڑے پھرینگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبَانِ ۝ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ ع ۲ ۱۲

جھٹلاؤگے؟ اور جو اپنے پروردگار کی حضور میں کھڑے ہونے سے ڈرا اُسکیلئے دو باغ ہیں۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار

رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ ذَوَاتَا أَفْنَانٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤگے؟ طرح طرح کی نعمتوں والے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبَانِ ۝ فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝

جھٹلاؤگے؟ اِن دونو میں دو چشمے بہتے ہیں۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤگے؟

فِيهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝

ان دونو میں ہر میوہ دو دو قسم کا ہوگا۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤگے؟

مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ ۗ وَجَنَا

وہ ایسے فرشوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہونگے جن کے استر ریشمی ہونگے اور میوے اِن دونو

الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ فِيهِنَّ

باغوں کے جھکے ہوئے ہونگے۔ پھر تم دونو اپنے رب کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤگے؟ اِن جنتوں میں

قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ ۝

(غیر سے بچاکر اپنے شوہروں پر) نظر کی روکنے والی حوریں ہونگی جنہیں اِن سے پہلے نہ کسی انسان نے چھوا ہوگا اور نہ کسی جن نے۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ ۝

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤگے؟ گویا وہ یاقوت اور مونگا ہونگی۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤگے؟ کیا نیکی کا بدلا سوائے نیکی کے کچھ اور

الْإِحْسَانُ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ وَمِنْ دُونِهِمَا

ہوسکتا ہے؟ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤگے؟ اور اِن دونو کے علاوہ دو باغ

جَنَّتَانِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ مُدْهَامَّتٰنِ ۝ فَبِاَيِّ

اور ہونگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ دونو ہرے کچور ہونگے۔ پھر تم دونو

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۝ فَبِاَيِّ

اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ان دونو میں دو چشمے ابلتے ہونگے۔ پھر تم دونو

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۝

اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ان دونو میں میوے اور خرمے اور انار ہونگے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ۝

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ان جنتوں میں نیک سیرت اور خوبصورت عورتیں ہونگی۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ (یعنی حوریں جو خیموں میں چھپی ہوئی

فِي الْخِيَامِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ لَمْ

ہونگی۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ جن کو

يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ان سے پہلے نہ کسی آدمی نے چھوا ہے اور نہ کسی جن نے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی

تُكَذِّبٰنِ ۝ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ

نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ اونچے اونچے سبز فرشوں پر اور خوبصورت قیمتی قالینوں پر

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

تکیے لگائے بیٹھے ہونگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝

تمہارے صاحب عزت و جلالت پروردگار کا نام بڑا بابرکت ہے۔

سورۃ الواقعۃ مکیۃ وھی ست وسبعون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۝

جبکہ قیامت واقع ہو جائے جس کے واقع ہونے میں کوئی جھوٹ نہیں۔

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ۝ وَّ

(وہ) پست کرنیوالی (بھی) ہو اور بلند کرنیوالی (بھی) جس وقت زمین ایسی ہلائی جائیگی جیسا کہ ہلائی جانیکا حق ہے اور پہاڑ ایسے اُکھاڑ

بُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝ وَّكُنْتُمْ

دیے جائینگے جیسا کہ اُکھاڑ دیے جانیکا حق ہے پھر وہ پھیلا ہوا غبار ہو جائینگے اور تم

اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ۝ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

تین قسموں کے ہو جاؤ گے پس دائیں طرف والے کیا کہنے دائیں طرف

الْمَيْمَنَةِ ۝ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۝

والوں کے۔ اور بائیں طرف والے بھوٹ کے نصیب بائیں طرف والوں کے۔

وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝ فِيْ

اور آگے بڑھنے والے وہ تو آگے ہی بڑھنے والے ہیں۔ نعمت والی جنتوں میں مقرب بارگاہ تو

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَقَلِيْلٌ مِّنَ

وہی ہیں۔ یہ پہلوں میں سے بہت سے ہیں۔ اور پچھلوں میں سے

الْاٰخِرِيْنَ ۝ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ۝ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا

تھوڑے سے۔ سونے کے بُنے ہوئے جڑاؤ تختوں پر آمنے سامنے تکیے لگائے بیٹھے

مُتَقٰبِلِيْنَ ۝ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۝

ہونگے۔ ہمیشہ رہنے والے لڑکے گلاس اور گلیاں اور ایسی شراب کے

بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۝ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۝ لَّا يُصَدَّعُوْنَ

جام لیے ہوئے اُن کے پاس آتے جاتے رہینگے۔ جس سے نہ اُنکو کبھی دردسر ہوگا

رکوع ۱

عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ ۝ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ۝ وَ
اور نہ اُنکے ہوش وحواس گم ہونگے۔ اور پھل وہ لائینگے جن کو یہ پسند کریں۔ اور
لَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ۝ وَحُورٌ عِينٌ ۝ كَأَمْثَالِ
پرندوں کا گوشت (ایسا جس کو اُنکا جی چاہے۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں ایسی جیسے
اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ ۝ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ لَا يَسْمَعُونَ
ہوئے موتی جو نیک عمل یہ کیا کرتے تھے یہ اُسکا عوض ہوگا۔ سوائے سلام اور سلام کہنے کے
فِيهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا ۝ إِلَّا قِيلًا سَلَامًا سَلَامًا ۝ وَأَصْحَابُ
وہ جنت میں نہ کوئی لغو بات سنینگے اور نہ کوئی گناہ کی بات اور داہنے
الْيَمِينِ ۝ مَا أَصْحَابُ الْيَمِينِ ۝ فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ۝ وَطَلْحٍ
ہاتھ والے کیا کہنے داہنے ہاتھ والوں کے وہ بیر کانٹوں کی جھکی ہوئی بیریوں میں ہونگے اور تہ بہ تہ
مَّنضُودٍ ۝ وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ ۝ وَمَاءٍ مَّسْكُوبٍ ۝ وَفَاكِهَةٍ
کیلوں میں اور پھیلے ہوئے سائے میں اور بہتے ہوئے پانی میں اور بہت سے
كَثِيرَةٍ ۝ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ ۝ وَفُرُشٍ
میوے میں جو نہ ختم ہوگا اور نہ روکا جائیگا۔ اور اونچے اونچے فرشوں پر ہونگے (اور عورتیں
مَّرْفُوعَةٍ ۝ إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً ۝ فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا ۝
بھی اُن کو ملینگی) ہم نے یقیناً اُنکو بالکل نیا پیدا کیا ہے۔ پھر ہم نے اُن کو کواریاں پیار
عُرُبًا أَتْرَابًا ۝ لِّأَصْحَابِ الْيَمِينِ ۝ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ۝
دلانیوالیاں اور ہمسن خاصکر داہنے ہاتھ والوں کے لیے قرار دیا ہے۔ یہ بہت سے پہلوں میں سے ہونگے
وَثُلَّةٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ۝ وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ ۝ مَا أَصْحَابُ
اور بہت سے پچھلوں میں سے ہونگے۔ اور بائیں ہاتھ والے کیا بُری گت ہوگی بائیں ہاتھ
الشِّمَالِ ۝ فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ۝ وَظِلٍّ مِّن يَحْمُومٍ ۝ لَّا
والوں کی۔ آگ کی تپش میں اور کھولتے پانی میں اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں ہونگے۔ جو نہ

ع ۱ ۱۲

بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ۝ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ۝

ٹھنڈا ہوگا اور نہ نفع بخش۔ بیشک وہ اس سے پہلے بڑی آسائش میں تھے۔

وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ۝ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۝

اور بڑے بڑے گناہوں پر اصرار کیا کرتے تھے اور یہ کہا کرتے تھے کہ

اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝

کیا جب ہم مر جائینگے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائینگے تو آیا ہم پھر اٹھائے جائینگے؟

اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۝

آیا ہمارے پہلے باپ دادا اٹھائے گئے؟ تم یہ کہدو کہ پہلے اور پچھلے

لَمَجْمُوْعُوْنَ ۝ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا

ایک مقرر دن کے معین وقت پر ضرور جمع کیے جائینگے۔ پھر تم اے گمراہو!

الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ۝ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ۝

اے جھٹلانیوالو! تھوہڑ کے درخت میں سے کھانیوالے اور

فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۝ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ۝

اسی سے پیٹ بھرنیوالے ہوگے۔ پھر اس کے اوپر سے کھولتا پانی پینے والے

فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ۝ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۝

اور پیاسے اونٹوں کی سی پیاس پینے والے ہوگے۔ جزاؤ سزا کے دن یہ ان کی مہمانی ہوگی۔

نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝

ہم نے تم کو پیدا کیا ہے پھر تم کیوں نہیں تصدیق کرتے؟ آیا تم نے غور کیا کہ جو منی تم (رحم میں) پہنچاتے ہو

ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ

کیا تم اس سے آدمی کو پیدا کر دیتے ہو یا ہم پیدا کرنیوالے ہیں؟ ہم نے ہی تمہارے مابین موت کو

الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَ

مقرر کر دیا ہے اور ہم اس میں عاجز نہیں ہیں کہ تمہارے بدلے میں تم جیسے اور بنادیں اور

لہ مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ۔ تفسیر ثنائی میں ہے کہ اس سے مراد وہ وقت ہے جو دنیا کی انتہا مقرر کیا گیا ہے۔ اور اس معین دن کی حد اللہ ہی کو معلوم ہے۔

نُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى

تم کو اُس حالت میں پیدا کر دیں جسے تم نہیں جانتے۔ اور پہلی پیدائش کو تو تم یقیناً سمجھ گئے ہو

فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ○ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ○ ءَاَنْتُمْ

پھر اُسکو کیوں نہیں یاد رکھتے؟ آیا تم نے اِس میں بھی غور کیا کہ جو بیج تم بوتے ہو۔ کیا تم اُس کو

تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزَّارِعُوْنَ ○ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا

اُگاتے ہو یا ہم اُگانیوالے ہیں؟ اگر ہم چاہتے تو اُس کو چُورا چُورا کر دیتے

فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ○ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ○ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ○

پھر تم باتیں ہی بناتے رہجاتے کہ ہم پر تو ڈنڈ پڑ گیا۔ بلکہ ہم (تو) بدنصیب لوگ ہیں۔

اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ○ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ

آیا تم نے اُس پانی کے بارے میں بھی غور کیا جسے تم پیتے ہو؟ کیا تم نے اُسکو بادلوں سے

الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ○ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا

اُتارا ہے یا ہم اُتارنیوالے ہیں؟ اگر ہم چاہتے تو اُس کو کڑوا کھاری کر دیتے پھر تم شکر

تَشْكُرُوْنَ ○ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ○ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ

کیوں نہیں ادا کرتے؟ آیا تم نے اُس آگ کے بارے میں بھی غور کیا ہے جسے تم سلگاتے ہو۔ کیا اُسکے (ایندھن کی) درخت

شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ○ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّ

کو تم نے پیدا کیا ہے یا ہم پیدا کرنیوالے ہیں؟ ہم نے اُسکو (آتشِ جہنم کا) یاد دلانیوالا اور جنگل کے رہنے والوں کی

مَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ○ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ○ فَلَآ

لیے نفع کی چیز قرار دیا ہے۔ پس اے رسول تم اپنے عظمت والے خدا کے نام کی تسبیح پڑھو پس قسم ہے

اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ○ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ

ستاروں کے گرنے کی جگہ کی اور اگر تم سمجھو تو یہ قسم بہت ہی بڑی

عَظِيْمٌ ○ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ○ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ○

ہے۔ بیشک نفع دینے والا قرآن (مجید) ضرور پوشیدہ نوشتہ میں ہے۔

لَا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

جسکو سوائے اُن لوگوں کے جو پاک کر دیے گئے ہیں کوئی چھوتا ہی نہیں۔ تمام عالموں کے پروردگار کی طرف سے اُتارا ہوا ہے

اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝ وَتَجْعَلُوْنَ

کیا تم اسی بات کے متعلق کاہلی کرتے ہو؟ اور اپنی روزی کا شکر یہ اسی بات کو

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۝

قرار دیتے ہو کہ جھٹلایا کرو۔ پھر اُس وقت تمہارا قابو کیوں نہیں چلتا جبکہ جان حلق تک آپہنچتی ہے۔

وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ

اور تم اُس وقت پڑے پڑے دیکھا کرتے ہو۔ اور ہم اُس (موت) کی نسبت تم سے زیادہ قریب ہیں

وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝

لیکن تم کو سوجھتا ہی نہیں۔ پھر اگر تم کسی کے ماتحت نہیں ہو

تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ

تو اگر تم سچے ہو تو اُس (جان) کو لوٹا کیوں نہیں لاتے؟ پس اگر وہ مقربانِ بارگاہ

الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ۝ وَاَمَّآ اِنْ

سے ہے تو (اُس کے لیے) راحت اور خوشبو ہے اور نعمت والی جنت ہے اور اگر وہ

كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝

داہنی طرف والوں میں سے ہے تو داہنی طرف والوں سے تمہارے لیے سلامتی ہی سلامتی ہے۔

وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ۝ فَنُزُلٌ مِّنْ

اور اگر وہ جھٹلانے والے (اور) گمراہوں میں سے ہے تو کھولتے پانی کی مہمانی

حَمِيْمٍ ۝ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ۝ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ

ہے اور جہنم میں جانا ہے (جو کچھ بیان کیا گیا) یہ ضرور سچی پکی یقینی خبر

الْيَقِيْنِ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝

ہے پس (اے رسول ﷺ) اپنے عظمت والے پروردگار کے نام کی تسبیح پڑھو۔

ع ۳ ۱۶

ع ۱۶ ۱۲ ۱۱ ۱۰ ۹ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱

توحید میں شرک کرنیوالے ہوں تو نبوت میں شرک کرنیوالی جماعت ہوں تو امامت میں شرک کرنیوالے ہوں تو سب کے سب سگے بھائی ہیں۔ دشمنانِ آلِ محمدؐ چونکہ ہم خدا

سورۃ الحدید مدنیۃ وھی تسع وعشرون آیۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سبح للہ ما فی السموٰت والارض وھو العزیز الحکیم ○

آسمانوں میں اور زمین میں جو (جو) کچھ ہے وہ خدا کی پاکی بیان کرتا ہے اور خدا غالب (اور) حکمت والا ہے۔

لہ ملک السموٰت والارض یحیی ویمیت وھو علی

آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہت اُسی کی ہے وہی جلاتا ہے اور وہی مارتا ہے اور وہی ہر چیز پر

کل شیء قدیر ○ ھو الاول والاٰخر والظاھر والباطن ۚ

(پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ وہی اوّل ہے اور وہی آخر اور وہی غالب ہے اور وہی حقیقت سے آگاہ

وھو بکل شیء علیم ○ ھو الذی خلق السموٰت والارض

اور وہی ہر چیز کا جاننے والا ہے وہ وہی ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو چھ دن

فی ستۃ ایام ثم استوٰی علی العرش ۭ یعلم ما یلج فی

میں پیدا کیا پھر عرش پر (اُسکا حکم) غالب آیا۔ وہ اُسکو بھی خوب جانتا ہے جو کچھ

الارض وما یخرج منھا وما ینزل من السماء وما یعرج

زمین میں داخل ہوتا ہے اور اُسکو بھی جو اُس سے نکلتا ہے اور اُسکو بھی جو آسمان سے اُترتا ہے اور اُسکو بھی جو کچھ

فیھا ۭ وھو معکم این ما کنتم ۭ واللہ بما تعملون بصیر ○

آسمان میں چڑھ جاتا ہے اور جہاں کہیں تم ہوتے ہو وہ تمہارے ساتھ (ساتھ) ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس کا نگراں ہے۔

لہ ملک السموٰت والارض ۭ والی اللہ ترجع الامور ○

آسمانوں کا اور زمین کا اختیار اُسی کو ہے اور کل معاملات کی بازگشت اللہ ہی کی طرف ہے۔

یولج الیل فی النھار ویولج النھار فی الیل ۭ وھو

وہ رات کو دن میں داخل کر دیتا ہے اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے۔ اور دلوں کے

عَلِيمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا

مال کا جاننے والا وہی ہے۔ تم اللہ پر اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور جن (جن)

مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ

چیزوں میں اُس نے تمکو پچھلوں کا جانشین بنایا ہے اُنکا ایک حصہ (اُسکی راہ میں) خرچ کرو۔ پس جو لوگ تم میں سے ایمان لائے

وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ

اور (اُسکی راہ میں) خرچ کیا اُنکے لیے بڑا اجر ہے۔ اور تمہیں ہو کیا گیا ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے

وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ

حالانکہ رسول تمکو یہ دعوت دیتے ہیں کہ تم اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ اور اگر تم ماننے والے ہو تو (ضد بتعالی بھی)

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۢ

تم کو اسی کی بات بچنا عمدہ اچھا ہے۔ وہ وہی ہے جو اپنے بندے پر کھلی نشانیاں نازل کرتا

بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ

ہے تاکہ تمکو (کفر کی) تاریکی سے (ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لائے۔ اور یقیناً اللہ تمہارے بارے میں

لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ

بڑا مہربان (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور تمہیں ہو کیا گیا ہے کہ تم راہِ خدا میں کوئی چیز خرچ نہیں کرتے حالانکہ

مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ

آسمانوں کی اور زمین کی وراثت اللہ ہی کی ہے۔ تم میں سے جنہوں نے فتح (مکہ) سے پہلے (راہِ خدا میں) خرچ کیا

مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ

اور جہاد کیا وہ برابر نہیں ہو سکتا۔ ایسے لوگ اُن سے جنہوں نے بعد فتح خرچ کیا اور جہاد کیا

اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ

درجہ میں کہیں بڑھے ہوئے ہیں۔ اور اللہ نے اجر نیک کا وعدہ تو سبھی سے کیا ہے اور جو عمل

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا ع ۱۷

تم کرتے ہو اللہ اُس سے خوب واقف ہے۔ وہ کون ہے جو اللہ کو قرض حسنہ

حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ

دے کہ خدا اُسکی خاطر سے کئی گنا کر دے اور اُسکو نفع بخش اجر بھی ہو۔ جس دن تم مومن مردوں اور

وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ

مومن عورتوں کو دیکھو گے کہ انکا نور اُنکے آگے آگے اور اُنکے داہنے ہاتھ دوڑتا جاتا ہے (اُنسے کہا جائیگا کہ) آج تمہارے لئے

الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ

خوشخبری ہے یعنی وہ جنتیں جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں تم اُن میں (ہمیشہ ہمیشہ رہوگے یہی تو

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ

وہ بڑی کامیابی ہے۔ اُس دن منافق مرد اور منافق عورتیں ایمان لانیوالوں سے

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا

یہ کہینگے کہ ذرا ہمارا (بھی) انتظار کر لو کہ ہم (بھی) تمہارے نور سے فائدہ اٹھالیں۔ کہا جائیگا کہ تم پیچھے پلٹ جاؤ

وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ

اور کوئی نور ڈھونڈ لو پھر اُن (مؤمنین و منافقین) کے بیچ ایک فصیل قائم کر دی جائیگی جس میں ایک دروازہ ہوگا۔

بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ۝

اُسکے اندر کی طرف تو اُس میں رحمت ہوگی اور اُس کے باہر کی طرف عذاب ہوگا۔

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ

وہ (منافق) اُن (مومنوں) کو پکار کر کہینگے کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ وہ جواب دینگے کہ ہاں تھے لیکن تم نے اپنے آپکو

اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى

آزمائش میں ڈالا اور ہمنے (مومنین کے حق میں نزول بلا کا) انتظار کیا اور تم شک میں پڑگئے اور تمکو آرزوؤں نے دھوکا دیا یہانتک کہ

جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ

قیامت آگئی اور اللہ کے بارے میں شیطان تمکو دھوکے ہی دیتا رہا۔ سو آج کے دن نہ تم سے کوئی معاوضہ

مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ

لیا جائیگا اور نہ اُن سے ہی جو کافر ہو گئے تھے تمہارا ٹھکانا آتش جہنم ہے۔

هِيَ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

وہی تمہاری حاکم ہے اور وہی سب سے بُری بازگشت ہے۔ کیا اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اِسکا وقت

اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا

نہیں آیا ہے کہ اُنکے دل خدا کی یاد کے لیے اور جو کچھ حق کی طرف سے نازل ہوا ہے اُسکے لیے پگھل جائیں اور وہ

يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ

اُن لوگوں کے مانند نہو جائیں جنکو پہلے کتاب دی گئی تھی، پھر اُن پر ایک زمانہ

الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝

گزر گیا پس اُنکے دل سخت ہوگئے اور اُن میں سے بہت سے نافرمان ہیں۔

اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ قَدْ بَيَّنَّا

(یہ خوب جان لو کہ اللہ زمین کو اُسکی موت کے بعد ضرور زندہ فرمائیگا بیشک ہمنے تمہارے

لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ

لیے آیتوں کو کھولکر بیان کر دیا تاکہ تم سمجھو۔ یقیناً صدقہ دینے والے مرد

ع ۱۰۸ ۱۱

وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ

اور صدقہ دینے والی عورتیں اور وہ جنہوں نے خدا تعالےٰ کو قرض حسنہ دیا اُنکے لیے دوچند کر دیا جائیگا

وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ

اور اُنکے لیے نفع بخش اجر ہوگا۔ اور جو لوگ اللہ پر اور اُسکے رسولوں پر ایمان لائے ہیں

اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۚ وَالشُّهَدَاۗءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ

وہی تو اپنے پروردگار کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں۔

لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا

اُنکا اجر اور اُنکا نور اُنہی کے لیے ہوگا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور جھٹلایا

ع ۹ ۲ ۱۸ بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝ اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا

وہی تو جہنمی ہیں۔ (یہ) خوب سمجھ لو کہ

کتاب میں ایک آیت آئی ہے۔ عرض کیا گیا وہ آیت کونسی ہے؟ فرمایا خدا تعالےٰ کا یہ قول وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ الخ پھر فرمایا تم صادق بھی ہو گے اور اپنے پروردگار

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَ

زندگانی دنیا سوائے کھیل کود اور آرائش و پیراستگی اور آپس میں بڑائی مارنے کے اور مال اور

تَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ؕ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ

کی زیادتی کی خواہش کرنے کے اور کچھ بھی نہیں ہے۔ اسکی (مثال) بارش کی سی مثال ہے کہ اس

الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ

(کے ذریعے) سے نباتات کا پیدا ہونا کفار کو تعجب میں ڈالتا ہے پھر وہ لہلہاتی ہے پھر تم اسکو زرد ہوا دیکھتے ہو پھر وہ

حُطَامًا ؕ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ

چورا چورا ہو جاتی ہے۔ اور آخرت میں سخت عذاب (بھی) ہے اور اللہ کی طرف سے مغفرت اور

اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝

خوشنودی (بھی) اور زندگانی دنیا سوائے دھوکے کی ٹٹی کے اور کچھ (بھی) نہیں ہے

سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا

تم اپنے پروردگار کی مغفرت کی طرف اور ایسی جنت کی طرف دوڑو جس کا عرض

كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

آسمان و زمین (دونو) کے عرض کے برابر ہے (اور) وہ انہی لوگوں کے لیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

اسکے رسولوں پر ایمان لائے ہوں۔ یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے عطا فرما دیتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ جو مصیبت بھی زمین پر اور تمہاری ذات پر

فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ

گزرتی ہے قبل اس کے کہ ہم اسکو پیدا کریں وہ ہمارے پاس ایک نوشتہ میں (لکھی

نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا

ہوئی) موجود ہے۔ بلاشک یہ امر اللہ کے لیے آسان ہے تاکہ جو کچھ تمہارے ہاتھ سے جا رہا ہے

عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

اُسپر نوتم افسوس نہ کرو اور جو کچھ اُسنے تم کو عطا کیا ہے اُسپر اِترا نے سے باہر نہ ہو جاؤ۔ اور اللہ ہر شیخی باز

كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ۙ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ

کو دوست نہیں رکھتا۔ جو خود بھی کنجوسی برتتے ہیں اور لوگوں کو بھی کنجوسی برتنے کا

بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ لَقَدْ

حکم دیتے ہیں۔ اور جو روگرداں ہو جائیگا تو اللہ ضرور صاحب حمد اور بے پروا ہے۔ بیشک ہمنے

اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ

اپنے رسول کھلی دلیلوں کے ساتھ بھیجے اور ہمنے اُن کے ساتھ کتاب اور میزان

وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ

نازل کی تاکہ لوگ عدالت پر قائم ہو جائیں۔ اور ہمنے (خاص) لوہا نازل کیا جس میں

بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ

سخت خوف بھی ہے اور لوگوں کے لیے نفعے بھی) اور یہ غرض بھی کہ اللہ یہ جان لے کہ اُسکی اور

ع ۳ ۶ ۱۹ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

اُسکے رسولوں کی بغیر دیکھے مدد کون (کون) کرتا ہے بیشک اللہ صاحب قوت و غلبہ ہے۔ اور یقیناً ہمنے نوح کو

نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ

اور ابراہیم کو بھیجا اور ہمنے اُن دونوں کی اولاد میں نبوت و کتاب کو قرار دیدیا

فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى

پس اُن میں سے کوئی (کوئی) ہدایت یافتہ ہے اور بہت سے اُن میں سے نافرمان ہیں۔ پھر ہمنے اُن کے پیچھے (پیچھے) اُنہی کے نقش قدم

اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ

پر اپنے (اَور) رسول بھیجے اور اُنکے بعد ہمنے عیسٰے بن مریم کو بھیجا اور اُنکو ہمنے انجیل

الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ

عطا کی اور ہمنے اُن لوگوں کے دلوں میں جنہوں نے اُن کی پیروی کی

وجہ اس دعا کی یہ تھی کہ خدا تعالیٰ اُن سے وعدہ کر چکا تھا کہ نوحؑ اور اُنکی اہل کو نجات دیگا۔ اِس دعا کے جواب میں خدا تعالیٰ نے فرمایا یٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ فَلَا

رَأْفَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَرَهْبَانِيَّةَ ۨ ابْتَدَعُوْهَا
مہربانی اور رحمت (اور) اور ترکِ دنیا کو انہوں نے (خود) ایجاد کیا

مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ
ہم نے اُسے اُن پر واجب نہیں کیا تھا مگر خوشنودی خدا حاصل کرنے کے لیے (انہوں نے اُسے

فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
خود ایجاد کر لیا) پھر انہوں نے اُسکی ویسی رعایت نہیں کی جیسا کہ اُسکی رعایت کا حق تھا۔ پھر ہم نے اُن لوگوں کو جو اُن میں سے

مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا
ایمان لائے تھے اُنکا اجر دیدیا اور بہت سے اُن میں سے نافرمان رہے اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ
ایمان لانیوالو! اللہ سے ڈرو اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ کہ وہ اپنی رحمت کا

كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا
دوہرا حصّہ تم کو دے اور تمہارے لیے ایسا نور قرار دے جس کے

تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ
ذریعے سے تم چلو اور تمہارے گناہ بخش دے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور)

رَّحِيْمٌ ۝ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا
رحم کرنیوالا ہے۔ تاکہ اہلِ کتاب یہ جان لیں کہ وہ خدا کے

يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ
فضل کے کسی حصّے پر قدرت نہیں رکھتے اور یہ کہ فضل

الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ
(صرف) خدا کے ہاتھ ہے وہ جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔

ع ۴ ۱۹ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝
اور اللہ بڑے فضل والا ہے

سورۃ المجادلۃ مدنیۃ وھی اثنتان وعشرون آیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ

بیشک اللہ نے اُس (عورت) کی بات سنی جو تم سے اپنے شوہر کے بارے میں

زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۚ

جھگڑتی ہے اور خدا کی حضور میں شکایت کرتی ہے اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سنتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ○ اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ

یقیناً اللہ بڑا سننے والا (اور) بڑا دیکھنے والا ہے تم میں سے جو لوگ اپنی عورتوں سے ظہار

نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا

کرتے ہیں وہ اُنکی مائیں نہیں ہوجاتیں۔ اُنکی مائیں تو صرف وہی ہیں جنہوں نے اُنکو

وَلَدْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ

جنا ہے اور ضرور ایسا کہنے والے بیہودہ بات (کہتے) اور جھوٹ بکتے ہیں

وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ○ وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ

اور ضرور اللہ بڑا معاف کرنیوالا (اور) بڑا بخشنے والا ہے۔ اور جو لوگ تم میں سے اپنی عورتوں سے

نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّنْ

اظہار کریں پھر وہ جو کچھ کہہ چکے ہیں اُسکا تدارک کرنا چاہیں تو قبل اِسکے کہ دونو مباشرت کریں

قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۗسَّا ۭ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا

ایک غلام آزاد کرنا لازم ہے۔ یہ اس لیے کہ تمکو اسکے ذریعے سے نصیحت کی جائے (کہ تم ایسا نہ کرو) اور

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ○ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ

جو کچھ بھی تم کرتے ہو خدا یقیناً اُس سے خبردار ہے۔ پھر جسے یہ میسر نہ ہو تو قبل اِسکے کہ دونوں مباشرت کریں (ظہار کرنیوالے)

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ؕ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ

کے ذمے) دو مہینے کے متواتر روزے رکھنا ہے پھر جس سے یہ ممکن نہ ہو تو (اسکے ذمے) ساٹھ مسکینوں کا کھانا

مِسْكِيْنًا ؕ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ

کھلانا ہے۔ یہ اس لیے کہ تم اللہ اور اسکے رسول کی تصدیق کرو اور یہ خدا تعالیٰ کی (مقرر کی ہوئی)

اللّٰهِ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ

حدیں ہیں اور نہ ماننے والوں کے لیے دردناک عذاب (تیار) ہے بیشک جو لوگ اللہ اور اسکے رسول کی مخالفت

وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ

کرتے ہیں وہ اسی طرح ذلیل کیے جائینگے جیسے وہ لوگ ذلیل کیے گئے جو انسے پہلے تھے اور ہمنے کھلی (کھلی) نشانیاں

اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ

اتاری ہیں۔ اور نہ ماننے والوں کے لیے ذلت دینے والا عذاب (مہیا کیا) ہے جس دن اللہ ان سب کو

اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ؕ

مبعوث فرمائیگا پھر جو (جو) کچھ یہ کر چکے ہیں اس سے انکو آگاہ کریگا۔ اللہ نے تو انکے اعمال کا شمار کر لیا ہے اور یہ

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي

انکو بھول گئے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ ہر ایک چیز پر گواہ ہے۔ کیا تم اتنا نہیں سمجھتے کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں میں جو کچھ ہے

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ

اسکو (بھی) اور زمین میں جو کچھ ہے اسکو (بھی) جانتا ہے۔ کسی راز میں تین ایسے (شریک) نہیں ہوتے کہ وہ خود انکا

رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ

چوتھا نہ ہو اور نہ پانچ ایسے ہوتے ہیں کہ وہ انکا چھٹا نہ ہو اور نہ اس سے کم ہوتے ہیں اور

وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا

نہ اس سے زیادہ مگر یہ کہ جہاں کہیں (بھی) وہ ہوں وہ خود انکے پاس ہوتا ہے۔ پھر جو کچھ (بھی) وہ کر چکے ہیں

عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ

قیامت کے دن وہ انکو جتلائیگا۔ بیشک خدا تعالیٰ ہر بات کا جاننے والا ہے کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا

نُهُوا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ

جو سرگوشی کرنے سے روکے گئے پھر جس بات سے روکا گیا وہی کرتے ہیں اور گناہ کے بارے میں

بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ ۖ وَإِذَا جَاءُوكَ

اور زیادتی (کے بارے) میں اور رسول کی نافرمانی کے بارے میں آپس میں کانا پھوسی کرتے ہیں۔ اور (اے رسول)

حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللَّهُ وَيَقُولُونَ فِي أَنفُسِهِمْ لَوْلَا

جب وہ تمہارے پاس آتے ہیں تو تمکو اُس طریقے سے سلام کرتے ہیں جس طریقے سے تمکو اللہ نے سلام نہیں کیا اور اپنے دلوں میں یہ کہتے ہیں

يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ ۚ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا ۖ فَبِئْسَ

کہ جو ہم کہتے ہیں اُسکے عوض میں خدا ہمکو عذاب کیوں نہیں دیتا؟ اُنکے لیے جہنم کافی ہے جسمیں وہ جائینگے اور وہ بہت ہی بُرا

الْمَصِيرُ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا

ٹھکانا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! جب تم کانا پھوسی کرو تو گناہ اور زیادتی

بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ

اور رسول کی نافرمانی کے بارے میں کانا پھوسی نہ کیا کرو ہاں نیکی اور پرہیزگاری کے

وَالتَّقْوَىٰ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ○ إِنَّمَا

بارے میں کانا پھوسی کیا کرو اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جس کی حضور میں تم جاؤگے سوائے اسکے نہیں ہے

النَّجْوَىٰ مِنَ الشَّيْطَانِ لِيَحْزُنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ

کہ (بدی کے بارے میں) کانا پھوسی شیطان کی طرف سے ہے تاکہ مومنین رنجیدہ ہوں حالانکہ بغیر مشیت خدا کے وہ اُن کو

شَيْئًا إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ○

کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ اور مومنین کو صرف خدا ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قِيلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوا فِي الْمَجَالِسِ

اے ایمان لانیوالو! جب تم سے یہ کہا جائے کہ اپنے جلسوں میں کشادگی کرو (تو کشادگی کر دیا کرو)

فَافْسَحُوا يَفْسَحِ اللَّهُ لَكُمْ ۖ وَإِذَا قِيلَ انشُزُوا فَانشُزُوا

اللہ بھی تمہارے لیے کشادگی فرمادیگا اور جب تم سے یہ کہا جایا کرے کہ اٹھ جاؤ تو اٹھ جایا کرو

يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ
اللہ ان لوگوں کے جو تم میں سے ایمان لائے ہیں اور جن کو علم دیا گیا ہے بہت سے درجے بلند فرمائے گا۔
دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا
اور جو کچھ بھی تم عمل کرتے ہو خدا تعالےٰ اس سے خبردار ہے۔ اے ایمان لانیوالو! جب تم
نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ
رسول سے علیحدگی میں کچھ عرض کرنا چاہو تو اپنے اس تخلیہ سے پہلے کچھ صدقہ دیدیا کرو۔
ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
یہ تمہارے لیے بہتر (بھی) ہے اور زیادہ پاک کرنیوالا (بھی) پھر تم کو اگر یہ میسر نہ ہو تو خدا اللہ بڑا بخشنے والا اور
رَّحِيْمٌ ۝ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ
بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ کیا تم اس سے ڈر گئے کہ اپنے تخلیہ کرنے سے پہلے کچھ صدقے دیدیا کرتے۔
صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا
اب چونکہ تم نے ایسا نہیں کیا اور اللہ نے بھی تمہاری توبہ قبول کر لی تو (باقاعدہ)
الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ
نماز پڑھتے رہو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کیے جاؤ۔ اور جو عمل بھی تم
بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ ع ۲/۲
کرتے ہو خدا تعالےٰ اس سے باخبر ہے۔ کیا تم نے ان کی طرف خیال نہیں کیا جو ایسے لوگوں سے دوستی رکھتے ہیں جن پر خدا تعالےٰ
عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ
غضبناک ہوا ہے۔ نہ وہ تم ہی میں سے ہیں اور نہ انہی میں سے اور وہ جان بوجھ کر جھوٹی باتوں پر
وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ اِنَّهُمْ
حلف اٹھایا کرتے ہیں اللہ نے ان کے لیے سخت عذاب تیار کیا ہے۔ بیشک جو
سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اِتَّخَذُوْۤا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً
وہ کرتے ہیں وہ بہت ہی برا ہے۔ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے۔

فَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ○ لَنْ
اور لوگوں کو راہِ خدا سے باز رکھا ہے پس اُنکے لیے ذلت دینے والا عذاب تیار ہے۔ (عذاب)
تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۚ
خدا سے بچانیکے لیے نہ اُنکے مال کچھ اُنکے کام آئینگے اور نہ اُن کی اولاد
أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ○ يَوْمَ
وہی جہنمی ہیں۔ (اور) وہی اُس میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہونگے جس دن
يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعًا فَيَحْلِفُونَ لَهُ كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ وَ
اللہ تعالیٰ اِنکو ایک ساتھ مبعوث کریگا تو یہ اُسکے سامنے بھی اِسی طرح قسم کھائینگے جیسے کہ تمہارے
يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْكَاذِبُونَ ○
سامنے حلف اُٹھاتے ہیں اور گمان یہ کرینگے کہ وہ کچھ تو راستی پر ہیں خبردار رہو کہ وہ لوگ ضرور بالضرور جھوٹے ہیں
اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنْسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ ۚ أُولَٰئِكَ
شیطان اُن پر غالب آگیا ہے اور اُنکو یادِ خدا بھلا دی ہے۔ وہ
حِزْبُ الشَّيْطَانِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطَانِ هُمُ الْخَاسِرُونَ ○
شیطان کا گروہ ہیں خبردار رہنا کہ شیطان کا گروہ وہی تو ٹوٹا اُٹھانیوالے ہیں۔
إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَٰئِكَ فِي
بیشک جو لوگ اللہ اور اُسکے رسول سے مخالفت کرتے ہیں سب سے زیادہ ذلیلوں
الْأَذَلِّينَ ○ كَتَبَ اللَّهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي ۚ إِنَّ اللَّهَ
میں وہی ہیں یہ تو اللہ لکھ چکا ہے کہ میں اور میرے رسول ضرور بالضرور غالب ہونگے یقیناً اللہ
قَوِيٌّ عَزِيزٌ ○ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ
قوت والا (اور) زبردست ہے۔ تم اُن لوگوں کو جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں ایسے
الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا
لوگوں کی دوستی کرتے نہ پاؤگے جنہوں نے اللہ اور اُسکے رسول کی مخالفت کی ہو گو وہ اُن کے

اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ

باپ (دادا) ہوں یا اُنکے بیٹے (پوتے) یا اُنکے بھائی (بند) یا اُنکا کنبہ (قبیلہ)۔ وہی تو ہیں

كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَ

جنکے دلوں میں اللہ تعالےٰ نے ایمان کو لکھ دیا ہے اور اپنی طرف سے روح (ایمان) سے اُنکی تائید فرمائی ہے اور

يُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

انکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے نہریں بہتی ہونگی ہمیشہ (ہمیشہ) اُنہی میں رہنے والے

فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ

ہونگے اللہ اُنسے راضی ہو گیا اور وہ اُس سے راضی ہو گئے۔ وہی خدا کا گروہ

اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ ع ۳ ۹ ۳

ہیں آگاہ رہو کہ خدا کا گروہ وہی تو (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہیں۔

سورة الحشر مدنية وهي اربع وعشرون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُسنے خدا کی تسبیح کی اور وہ غالب (اور)

الْحَكِيْمُ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ

حکمت والا ہے۔ وہ وہی ہے جس نے اہل کتاب میں سے اُن لوگوں کو جو کافر ہو گئے تھے

الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ

اُنکے گھروں سے پہلی مرتبہ جلاوطن کر دیا تم کو یہ گمان بھی نہ تھا کہ

يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

وہ نکل جائینگے اور اُنکو خیال یہ تھا کہ اُنکے قلعے اُنکو (عذاب) خدا سے بچانیوالے ہیں

وقف النبي عليه السلام

آياتها ۲۴ ركوعاتها ۳ كلماتها ۴۵۵ حروفها ۲۰۱۶

(یہود بنی نضیر کے مدینہ منورہ سے نکالے جانیکا جو قصہ منقول ہے وہ ضمیمے میں ملاحظہ کیجیے) ۱۲

فَأَتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوا ۖ وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ
پس (عذاب) خدا اُن پر اِس طرح آیا جس طرح اُنکو گمان بھی نہ تھا اور اُسنے اُنکے دلوں میں ایسا
الرُّعْبَ يُخْرِبُونَ بُيُوتَهُمْ بِأَيْدِيهِمْ وَأَيْدِي الْمُؤْمِنِينَ
رعب ڈالدیا کہ وہ اپنے مکانوں کو اپنے ہاتھوں سے اور مومنین کے ہاتھوں سے برباد کر رہے تھے۔
فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ ۝ وَلَوْلَا أَنْ كَتَبَ اللَّهُ
تو اے آنکھوں والو! عبرت پکڑو۔ اور اگر خدا تعالےٰ نے اُنکی سزا جلاوطنی
عَلَيْهِمُ الْجَلَاءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ
نہ لکھ دی ہوتی تو اِس دُنیا میں بھی اُنکو عذاب دیتا۔ اور آخرت میں تو اُنکے لیے
عَذَابُ النَّارِ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۖ
عذابِ دوزخ موجود (ہی) ہے۔ یہ اِس لیے کہ اُنہوں نے اللہ اور اُسکے رسُول کی مخالفت کی۔
وَمَنْ يُشَاقِّ اللَّهَ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ مَا
اور جو اللہ کی مخالفت کریگا تو اللہ بھی سخت عذاب دینے والا ہے۔ عمدہ
قَطَعْتُمْ مِنْ لِينَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلَىٰ أُصُولِهَا
خُرمے کے درختوں میں سے جو تم نے کاٹ ڈالا یا جسے اُسکی جڑوں پر کھڑا چھوڑ دیا
فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ ۝ وَمَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَىٰ
تو یہ خدا کے حکم سے تھا اور اِس لیے تھا کہ نافرمانوں کو ذلیل کرے۔ اور جو مال حق تعالےٰ نے اپنے رسُول کو
رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ
اُن لوگوں سے بغیر لڑے عنایت کیا ہے تو اِسپر نہ تم نے گھوڑے دوڑائے ہیں نہ اونٹ
وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ
لیکن اللہ اپنے رسولوں کو جس جس پر چاہتا ہے مسلط فرما دیتا ہے۔ اور اللہ ہر چیز پر (پوری قدرت)
شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ مَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَىٰ
قدرت رکھنے والا ہے۔ دیہات والوں کا جو مال اللہ تعالےٰ نے اپنے رسُول کو بدون جہاد عنایت کیا

تشریف لیگئے تھے۔ وہاں زیادہ لڑائی بھی نہیں ہوئی تھی۔ اِسی لیے آنحضرت نے وہاں کا مال غنیمت سے انصار کو کچھ نہ دیا۔ سوائے دو تین آدمیوں کے جو محتاج تھے۔ ۱۲

فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ
وہ اللہ کا ہے اور رسول کا (اور رسول کے) قرابت مندوں کا اور (اُنھی کے) یتیموں اور مسکینوں

وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ۭ
اور مسافروں کا تاکہ وہ (مال فیئ) تمہارے دولتمندوں کے مابین چکر کھاتا نہ پھرے۔

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۤ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ
اور رسول جو کچھ تم کو دیں اُسے تو لیلو اور جس سے تم کو باز رکھیں (اُس سے)

فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝
باز رہو۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

لِلْفُقَرَاۗءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ
نیز (یہ مال فیئ) ہجرت کرنیوالوں میں سے اُن ضرورتمندوں کا حق بھی ہے جو اپنے گھروں سے بھی نکالے گئے اور اپنے مالوں

يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَ
سے بھی (الگ کیے گئے تاہم) خدا تعالیٰ کے فضل اور اُسکی خوشنودی کے خواستگار ہیں اور اللہ اور اُسکے رسول کی

رَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ
نصرت کیلئے کمر باندھے ہیں۔ وہی تو سچے ہیں۔ اور (اُن کا حق بھی ہے) جو ہجرت

تَبَوَّءُو الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ
کرنیوالوں کے پہلے سے دارِ ہجرت میں مقیم اور ایمان پر قائم ہیں اور جو اُنکی طرف ہجرت کرکے آئے

اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا
اُنسے محبت رکھتے ہیں۔ اور جو کچھ اُن ہجرت کرنیوالوں کو دیا جائے اُس کی اپنے دلوں میں خواہش

وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ وَ
نہیں پاتے اور گو اُنہیں خود ضرورت موجود ہو تاہم دوسروں کو اپنی ذات پر ترجیح دیتے ہیں۔ اور

مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ
جو شخص اپنے نفس کی حرص سے بچا لیا جائے تو ایسے ہی لوگ تو (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہیں۔ اور (المحاق ہی ہے)

ع ١٥ ١٦ ١٧ ١٨ ١٩ ٢٠ ٢١ ٢٢ ٢٣ ٢٤ ٢٥ ٢٦ ٢٧ ٢٨ ٢٩ ٣٠ ٣١ ٣٢ ٣٣ ٣٤ ٣٥ ٣٦ ٣٧ ٣٨ ٣٩ ٤٠ ٤١ ٤٢ ٤٣ ٤٤ ٤٥ ٤٦ ٤٧ ٤٨ ٤٩ ٥٠ ٥١ ٥٢ ٥٣ ٥٤ ٥٥ ٥٦ ٥٧ ٥٨ ٥٩ ٦٠ ٦١ ٦٢ ٦٣ ٦٤ ٦٥ ٦٦ ٦٧ ٦٨ ٦٩ ٧٠ ٧١ ٧٢ ٧٣ ٧٤ ٧٥ ٧٦ ٧٧ ٧٨ ٧٩ ٨٠ ٨١ ٨٢ ٨٣ ٨٤ ٨٥ ٨٦ ٨٧ ٨٨ ٨٩ ٩٠ ٩١ ٩٢ ٩٣ ٩٤ ٩٥ ٩٦ ٩٧ ٩٨ ٩٩ ١٠٠ ١٠١ ١٠٢ ١٠٣ ١٠٤ ١٠٥ ١٠٦ ١٠٧ ١٠٨ ١٠٩ ١١٠ ١١١ ١١٢ ١١٣ ١١٤ ١١٥ ١١٦ ١١٧ ١١٨ ١١٩ ١٢٠ ١٢١ ١٢٢ ١٢٣ ١٢٤ ١٢٥ ١٢٦ ١٢٧ ١٢٨ ١٢٩ ١٣٠ ١٣١ ١٣٢ ١٣٣ ١٣٤ ١٣٥ ١٣٦ ١٣٧ ١٣٨ ١٣٩ ١٤٠ ١٤١ ١٤٢ ١٤٣ ١٤٤ ١٤٥ ١٤٦ ١٤٧ ١٤٨ ١٤٩ ١٥٠ ١٥١ ١٥٢ ١٥٣ ١٥٤ ١٥٥ ١٥٦ ١٥٧ ١٥٨ ١٥٩ ١٦٠ ١٦١ ١٦٢ ١٦٣ ١٦٤ ١٦٥ ١٦٦ ١٦٧ ١٦٨ ١٦٩ ١٧٠ ١٧١ ١٧٢ ١٧٣ ١٧٤ ١٧٥ ١٧٦ ١٧٧ ١٧٨ ١٧٩ ١٨٠ ١٨١ ١٨٢ ١٨٣ ١٨٤ ١٨٥ ١٨٦ ١٨٧ ١٨٨ ١٨٩ ١٩٠ ١٩١ ١٩٢ ١٩٣ ١٩٤ ١٩٥ ١٩٦ ١٩٧ ١٩٨ ١٩٩ ٢٠٠ ٢٠١ ٢٠٢ ٢٠٣ ٢٠٤ ٢٠٥ ٢٠٦ ٢٠٧ ٢٠٨ ٢٠٩ ٢١٠ ٢١١ ٢١٢ ٢١٣ ٢١٤ ٢١٥ ٢١٦ ٢١٧ ٢١٨ ٢١٩ ٢٢٠ ٢٢١ ٢٢٢ ٢٢٣ ٢٢٤ ٢٢٥ ٢٢٦ ٢٢٧ ٢٢٨ ٢٢٩ ٢٣٠ ٢٣١ ٢٣٢ ٢٣٣ ٢٣٤ ٢٣٥ ٢٣٦ ٢٣٧ ٢٣٨ ٢٣٩ ٢٤٠ ٢٤١ ٢٤٢ ٢٤٣ ٢٤٤ ٢٤٥ ٢٤٦ ٢٤٧ ٢٤٨ ٢٤٩ ٢٥٠ ٢٥١ ٢٥٢ ٢٥٣ ٢٥٤ ٢٥٥ ٢٥٦ ٢٥٧ ٢٥٨ ٢٥٩ ٢٦٠ ٢٦١ ٢٦٢ ٢٦٣ ٢٦٤ ٢٦٥ ٢٦٦ ٢٦٧ ٢٦٨ ٢٦٩ ٢٧٠ ٢٧١ ٢٧٢ ٢٧٣ ٢٧٤ ٢٧٥ ٢٧٦ ٢٧٧ ٢٧٨ ٢٧٩ ٢٨٠ ٢٨١ ٢٨٢ ٢٨٣ ٢٨٤ ٢٨٥ ٢٨٦ ٢٨٧ ٢٨٨ ٢٨٩ ٢٩٠ ٢٩١ ٢٩٢ ٢٩٣ ٢٩٤ ٢٩٥ ٢٩٦ ٢٩٧ ٢٩٨ ٢٩٩ ٣٠٠ ٣٠١ ٣٠٢ ٣٠٣ ٣٠٤ ٣٠٥ ٣٠٦ ٣٠٧ ٣٠٨ ٣٠٩ ٣١٠ ٣١١ ٣١٢ ٣١٣ ٣١٤ ٣١٥ ٣١٦ ٣١٧ ٣١٨ ٣١٩ ٣٢٠ ٣٢١ ٣٢٢ ٣٢٣ ٣٢٤ ٣٢٥ ٣٢٦ ٣٢٧ ٣٢٨ ٣٢٩ ٣٣٠ ٣٣١ ٣٣٢ ٣٣٣ ٣٣٤ ٣٣٥ ٣٣٦ ٣٣٧ ٣٣٨ ٣٣٩ ٣٤٠ ٣٤١ ٣٤٢ ٣٤٣ ٣٤٤ ٣٤٥ ٣٤٦ ٣٤٧ ٣٤٨ ٣٤٩ ٣٥٠ ٣٥١ ٣٥٢ ٣٥٣ ٣٥٤ ٣٥٥ ٣٥٦ ٣٥٧ ٣٥٨ ٣٥٩ ٣٦٠ ٣٦١ ٣٦٢ ٣٦٣ ٣٦٤ ٣٦٥ ٣٦٦ ٣٦٧ ٣٦٨ ٣٦٩ ٣٧٠ ٣٧١ ٣٧٢ ٣٧٣ ٣٧٤ ٣٧٥ ٣٧٦ ٣٧٧ ٣٧٨ ٣٧٩ ٣٨٠ ٣٨١ ٣٨٢ ٣٨٣ ٣٨٤ ٣٨٥ ٣٨٦ ٣٨٧ ٣٨٨ ٣٨٩ ٣٩٠ ٣٩١ ٣٩٢ ٣٩٣ ٣٩٤ ٣٩٥ ٣٩٦ ٣٩٧ ٣٩٨ ٣٩٩ ٤٠٠ ٤٠١ ٤٠٢ ٤٠٣ ٤٠٤ ٤٠٥ ٤٠٦ ٤٠٧ ٤٠٨ ٤٠٩ ٤١٠ ٤١١ ٤١٢ ٤١٣ ٤١٤ ٤١٥ ٤١٦ ٤١٧ ٤١٨ ٤١٩ ٤٢٠ ٤٢١ ٤٢٢ ٤٢٣ ٤٢٤ ٤٢٥ ٤٢٦ ٤٢٧ ٤٢٨ ٤٢٩ ٤٣٠ ٤٣١ ٤٣٢ ٤٣٣ ٤٣٤ ٤٣٥ ٤٣٦ ٤٣٧ ٤٣٨ ٤٣٩ ٤٤٠ ٤٤١ ٤٤٢ ٤٤٣ ٤٤٤ ٤٤٥ ٤٤٦ ٤٤٧ ٤٤٨ ٤٤٩ ٤٥٠ ٤٥١ ٤٥٢ ٤٥٣ ٤٥٤ ٤٥٥ ٤٥٦ ٤٥٧ ٤٥٨ ٤٥٩ ٤٦٠ ٤٦١ ٤٦٢ ٤٦٣ ٤٦٤ ٤٦٥ ٤٦٦ ٤٦٧ ٤٦٨ ٤٦٩ ٤٧٠ ٤٧١ ٤٧٢ ٤٧٣ ٤٧٤ ٤٧٥ ٤٧٦ ٤٧٧ ٤٧٨ ٤٧٩ ٤٨٠ ٤٨١ ٤٨٢ ٤٨٣ ٤٨٤ ٤٨٥ ٤٨٦ ٤٨٧ ٤٨٨ ٤٨٩ ٤٩٠ ٤٩١ ٤٩٢ ٤٩٣ ٤٩٤ ٤٩٥ ٤٩٦ ٤٩٧ ٤٩٨ ٤٩٩ ٥٠٠ ٥٠١ ٥٠٢ ٥٠٣ ٥٠٤ ٥٠٥ ٥٠٦ ٥٠٧ ٥٠٨ ٥٠٩ ٥١٠ ٥١١ ٥١٢ ٥١٣ ٥١٤ ٥١٥ ٥١٦ ٥١٧ ٥١٨ ٥١٩ ٥٢٠ ٥٢١ ٥٢٢ ٥٢٣ ٥٢٤ ٥٢٥ ٥٢٦ ٥٢٧ ٥٢٨ ٥٢٩ ٥٣٠ ٥٣١ ٥٣٢ ٥٣٣ ٥٣٤ ٥٣٥ ٥٣٦ ٥٣٧ ٥٣٨ ٥٣٩ ٥٤٠ ٥٤١ ٥٤٢ ٥٤٣ ٥٤٤ ٥٤٥ ٥٤٦ ٥٤٧ ٥٤٨ ٥٤٩ ٥٥٠ ٥٥١ ٥٥٢ ٥٥٣ ٥٥٤ ٥٥٥ ٥٥٦ ٥٥٧ ٥٥٨ ٥٥٩ ٥٦٠ ٥٦١ ٥٦٢ ٥٦٣ ٥٦٤ ٥٦٥ ٥٦٦ ٥٦٧ ٥٦٨ ٥٦٩ ٥٧٠ ٥٧١ ٥٧٢ ٥٧٣ ٥٧٤ ٥٧٥ ٥٧٦ ٥٧٧ ٥٧٨ ٥٧٩ ٥٨٠ ٥٨١ ٥٨٢ ٥٨٣ ٥٨٤ ٥٨٥ ٥٨٦ ٥٨٧ ٥٨٨ ٥٨٩ ٥٩٠ ٥٩١ ٥٩٢ ٥٩٣ ٥٩٤ ٥٩٥ ٥٩٦ ٥٩٧ ٥٩٨ ٥٩٩ ٦٠٠ ٦٠١ ٦٠٢ ٦٠٣ ٦٠٤ ٦٠٥ ٦٠٦ ٦٠٧ ٦٠٨ ٦٠٩ ٦١٠ ٦١١ ٦١٢ ٦١٣ ٦١٤ ٦١٥ ٦١٦ ٦١٧ ٦١٨ ٦١٩ ٦٢٠ ٦٢١ ٦٢٢ ٦٢٣ ٦٢٤ ٦٢٥ ٦٢٦ ٦٢٧ ٦٢٨ ٦٢٩ ٦٣٠ ٦٣١ ٦٣٢ ٦٣٣ ٦٣٤ ٦٣٥ ٦٣٦ ٦٣٧ ٦٣٨ ٦٣٩ ٦٤٠ ٦٤١ ٦٤٢ ٦٤٣ ٦٤٤ ٦٤٥ ٦٤٦ ٦٤٧ ٦٤٨ ٦٤٩ ٦٥٠ ٦٥١ ٦٥٢ ٦٥٣ ٦٥٤ ٦٥٥ ٦٥٦ ٦٥٧ ٦٥٨ ٦٥٩ ٦٦٠ ٦٦١ ٦٦٢ ٦٦٣ ٦٦٤ ٦٦٥ ٦٦٦ ٦٦٧ ٦٦٨ ٦٦٩ ٦٧٠ ٦٧١ ٦٧٢ ٦٧٣ ٦٧٤ ٦٧٥ ٦٧٦ ٦٧٧ ٦٧٨ ٦٧٩ ٦٨٠ ٦٨١ ٦٨٢ ٦٨٣ ٦٨٤ ٦٨٥ ٦٨٦ ٦٨٧ ٦٨٨ ٦٨٩ ٦٩٠ ٦٩١ ٦٩٢ ٦٩٣ ٦٩٤ ٦٩٥ ٦٩٦ ٦٩٧ ٦٩٨ ٦٩٩ ٧٠٠ ٧٠١ ٧٠٢ ٧٠٣ ٧٠٤ ٧٠٥ ٧٠٦ ٧٠٧ ٧٠٨ ٧٠٩ ٧١٠ ٧١١ ٧١٢ ٧١٣ ٧١٤ ٧١٥ ٧١٦ ٧١٧ ٧١٨ ٧١٩ ٧٢٠ ٧٢١ ٧٢٢ ٧٢٣ ٧٢٤ ٧٢٥ ٧٢٦ ٧٢٧ ٧٢٨ ٧٢٩ ٧٣٠ ٧٣١ ٧٣٢ ٧٣٣ ٧٣٤ ٧٣٥ ٧٣٦ ٧٣٧ ٧٣٨ ٧٣٩ ٧٤٠ ٧٤١ ٧٤٢ ٧٤٣ ٧٤٤ ٧٤٥ ٧٤٦ ٧٤٧ ٧٤٨ ٧٤٩ ٧٥٠ ٧٥١ ٧٥٢ ٧٥٣ ٧٥٤ ٧٥٥ ٧٥٦ ٧٥٧ ٧٥٨ ٧٥٩ ٧٦٠ ٧٦١ ٧٦٢ ٧٦٣ ٧٦٤ ٧٦٥ ٧٦٦ ٧٦٧ ٧٦٨ ٧٦٩ ٧٧٠ ٧٧١ ٧٧٢ ٧٧٣ ٧٧٤ ٧٧٥ ٧٧٦ ٧٧٧ ٧٧٨ ٧٧٩ ٧٨٠ ٧٨١ ٧٨٢ ٧٨٣ ٧٨٤ ٧٨٥ ٧٨٦ ٧٨٧ ٧٨٨ ٧٨٩ ٧٩٠ ٧٩١ ٧٩٢ ٧٩٣ ٧٩٤ ٧٩٥ ٧٩٦ ٧٩٧ ٧٩٨ ٧٩٩ ٨٠٠ ٨٠١ ٨٠٢ ٨٠٣ ٨٠٤ ٨٠٥ ٨٠٦ ٨٠٧ ٨٠٨ ٨٠٩ ٨١٠ ٨١١ ٨١٢ ٨١٣ ٨١٤ ٨١٥ ٨١٦ ٨١٧ ٨١٨ ٨١٩ ٨٢٠ ٨٢١ ٨٢٢ ٨٢٣ ٨٢٤ ٨٢٥ ٨٢٦ ٨٢٧ ٨٢٨ ٨٢٩ ٨٣٠ ٨٣١ ٨٣٢ ٨٣٣ ٨٣٤ ٨٣٥ ٨٣٦ ٨٣٧ ٨٣٨ ٨٣٩ ٨٤٠ ٨٤١ ٨٤٢ ٨٤٣ ٨٤٤ ٨٤٥ ٨٤٦ ٨٤٧ ٨٤٨ ٨٤٩ ٨٥٠ ٨٥١ ٨٥٢ ٨٥٣ ٨٥٤ ٨٥٥ ٨٥٦ ٨٥٧ ٨٥٨ ٨٥٩ ٨٦٠ ٨٦١ ٨٦٢ ٨٦٣ ٨٦٤ ٨٦٥ ٨٦٦ ٨٦٧ ٨٦٨ ٨٦٩ ٨٧٠ ٨٧١ ٨٧٢ ٨٧٣ ٨٧٤ ٨٧٥ ٨٧٦ ٨٧٧ ٨٧٨ ٨٧٩ ٨٨٠ ٨٨١ ٨٨٢ ٨٨٣ ٨٨٤ ٨٨٥ ٨٨٦ ٨٨٧ ٨٨٨ ٨٨٩ ٨٩٠ ٨٩١ ٨٩٢ ٨٩٣ ٨٩٤ ٨٩٥ ٨٩٦ ٨٩٧ ٨٩٨ ٨٩٩ ٩٠٠ ٩٠١ ٩٠٢ ٩٠٣ ٩٠٤ ٩٠٥ ٩٠٦ ٩٠٧ ٩٠٨ ٩٠٩ ٩١٠ ٩١١ ٩١٢ ٩١٣ ٩١٤ ٩١٥ ٩١٦ ٩١٧ ٩١٨ ٩١٩ ٩٢٠ ٩٢١ ٩٢٢ ٩٢٣ ٩٢٤ ٩٢٥ ٩٢٦ ٩٢٧ ٩٢٨ ٩٢٩ ٩٣٠ ٩٣١ ٩٣٢ ٩٣٣ ٩٣٤ ٩٣٥ ٩٣٦ ٩٣٧ ٩٣٨ ٩٣٩ ٩٤٠ ٩٤١ ٩٤٢ ٩٤٣ ٩٤٤ ٩٤٥ ٩٤٦ ٩٤٧ ٩٤٨ ٩٤٩ ٩٥٠ ٩٥١ ٩٥٢ ٩٥٣ ٩٥٤ ٩٥٥ ٩٥٦ ٩٥٧ ٩٥٨ ٩٥٩ ٩٦٠ ٩٦١ ٩٦٢ ٩٦٣ ٩٦٤ ٩٦٥ ٩٦٦ ٩٦٧ ٩٦٨ ٩٦٩ ٩٧٠ ٩٧١ ٩٧٢ ٩٧٣ ٩٧٤ ٩٧٥ ٩٧٦ ٩٧٧ ٩٧٨ ٩٧٩ ٩٨٠ ٩٨١ ٩٨٢ ٩٨٣ ٩٨٤ ٩٨٥ ٩٨٦ ٩٨٧ ٩٨٨ ٩٨٩ ٩٩٠ ٩٩١ ٩٩٢ ٩٩٣ ٩٩٤ ٩٩٥ ٩٩٦ ٩٩٧ ٩٩٨ ٩٩٩ ١٠٠٠

جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا

ان مہاجرین و انصار کے بعد یہ عرض کرتے ہوئے آئے کہ اے ہمارے پروردگار تو ہمارے (گناہوں) اور ہمارے

الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ

بھائیوں کے گناہ بخش دے کو جنہوں نے ایمان میں ہم پر سبقت کی ہے بخشدے اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں

اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ ع ۱ ۱۴

کی طرف سے کوئی کینہ نہ رہنے دے اے ہمارے پروردگار بیشک تو بڑا مہربانی کرنیوالا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ کیا تمنے ان منافقوں

نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ

کی طرف نظر نہیں کی جو اہل کتاب میں سے اپنے کافر ہو جانیوالے بھائیوں سے یہ کہتے تھے کہ اگر تم نکالے گئے

الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ

تو ضرور بالضرور ہم تمہارے ساتھ نکلینگے اور تمہارے بارے میں کبھی بھی کسی کی اطاعت

اَحَدًا اَبَدًا وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ لَنَنْصُرَنَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

نہیں کرینگے اور اگر تم سے لڑائی ہوئی تو ضرور بالضرور ہم تمہاری مدد کرینگے حالانکہ اللہ گواہی دیتا ہے کہ بیشک وہ

لَكٰذِبُوْنَ ۝ لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ

جھوٹے ہیں اگر وہ نکالے گئے تو یہ انکے ساتھ نہ نکلینگے اور اگر ان سے

قُوْتِلُوْا لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ لَيُوَلُّنَّ

لڑائی ہوئی تو یہ انکی مدد نہ کرینگے۔ اور اگر انہوں نے انکی مدد بھی کی تو ضرور بالضرور پیٹھ پھیر کر

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝ لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً

بھاگینگے۔ اور پھر انکی کوئی مدد نہ کی جائیگی۔ ان کے دلوں میں خدا سے زیادہ تمہارا

فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ۝

خوف چھایا ہوا ہے۔ یہ اس لیے کہ یہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے۔

لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ

یہ اکٹھے ہو کر تم سے کبھی نہ لڑینگے سوائے اس کے کہ محفوظ بستیوں میں ہوں یا فصیلوں کے پیچھے

جُدُرٍ ۚ بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ ۚ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ

ہوں۔ انکی لڑائی آپس ہی میں سخت ہوتی ہے تم تو انکو متفق خیال کرتے ہو حالانکہ انکے دل

شَتَّىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ ۝ كَمَثَلِ الَّذِينَ

متفرق ہیں۔ یہ اس لیے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو عقل نہیں رکھتے۔ ان کی مثال اُن لوگوں کی سی

مِن قَبْلِهِمْ قَرِيبًا ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ

ہے جو ابھی (ابھی) ان سے پہلے اپنے کیے کی سزا کا مزہ چکھ چکے ہیں۔ اور انکے لیے (آخرت میں بھی) دردناک

أَلِيمٌ ۝ كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنسَانِ اكْفُرْ ۖ فَلَمَّا

عذاب ہے۔ (یا) اُن (منافقوں) کی حالت شیطان کی سی ہے جس وقت اُس نے انسان سے کہا کہ تو کافر ہو جا تو جب وہ

كَفَرَ قَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ۝

کافر ہو گیا تو یہ کہدیا کہ میں تجھ سے الگ ہوں میں تو تمام عالم کے پروردگار خدا سے ڈرتا ہوں۔

فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَا أَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ

پس نتیجہ اُن دونوں کا یہ ہوا کہ وہ دونوں جہنم میں جائینگے (اور) دونوں ہمیشہ اُسی میں رہنے والی ہونگی۔ اور

جَزَاءُ الظَّالِمِينَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ ع ۲

ظالموں کا بدلہ ہے بھی یہی۔ اے ایمان لانیوالو! اللہ سے ڈرو

وَلْتَنظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ

اور ہر شخص کو غور کرنا چاہیے کہ وہ کل (روز قیامت) کے واسطے کیا بھیجتا ہے۔ اور اللہ سے ڈرو۔ بیشک

اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ

اللہ جو (جو) کچھ تم کرتے ہو اُس سے باخبر ہے۔ اور اُن لوگوں کے مانند نہ بنو جو

نَسُوا اللَّهَ فَأَنسَاهُمْ أَنفُسَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ۝

اللہ کو بھول گئے پس اللہ نے بھی اُن کو اُنکا آپ بھلا دیا۔ وہی تو نافرمان ہیں۔

لَا يَسْتَوِي أَصْحَابُ النَّارِ وَأَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۚ أَصْحَابُ

الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ○ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ

(واقعی) کامیاب تو وہی ہیں۔ اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر

عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ

اُتارتے تو تم اُسکو خوفِ خدا سے لرزتا اور پھٹتا دیکھ لیتے۔

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ○

اور یہ مثالیں ہم لوگوں آدمیوں کے لیے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ

وہ اللہ وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ چھپی اور کھلی کا جاننے والا

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ

وہی رحمٰن (اور) رحیم ہے۔ وہ اللہ وہی ہے جسکے سوا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ

کوئی معبود نہیں بادشاہ ہے۔ پاکیزہ ہے۔ صاحب سلامتی ہے۔ امان عطا فرمانیوالا۔

الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا

نگہبانی کرنیوالا۔ زبردست۔ حکم چلانیوالا (اور) حسب بڑا ہے۔ جن جن چیزوں کو لوگ شریک قرار دیتے ہیں

يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ

اُن سب سے اللہ (کی ذات) منزہ ہے۔ وہ اللہ بنانیوالا پیدا کرنیوالا (اور) صورت عطا فرمانیوالا ہے۔ کل

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

اچھے اچھے نام اُسی کے ہیں۔ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے اُسی کی تسبیح کرتا ہے۔

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ ع ۳ ۶

اور وہی زبردست (اور) حکمت والا ہے۔

سورۃ الممتحنۃ مکیۃ وھی ثلث عشرۃ اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ

اے ایمان لانیوالو! تم میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ

اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا

تم اُن سے محبت سے پیش آتے ہو حالانکہ جو حق تمہارے پاس آچکا ہے

جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ

وہ اُسکے قطعی منکر ہو چکے ہیں وہ رسُول کو اور تم کو اسی بنا پر تو نکالتے ہیں کہ تم

اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ۭ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا

اللہ اپنے پروردگار پر ایمان رکھتے ہو اگر تم میری راہ میں جہاد کرنیکے لیے اور میری

فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ۭ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ

خوشنودی حاصل کرنیکے لیے (اپنے گھروں سے) نکلے ہو (تو ایسا نہ کرو کہ) تم اُنہیں چپکے چپکے دوستی

وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ۭ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ

کے پیغام دیتے ہو حالانکہ جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جسکا تم اظہار کرتے ہو میں اُس سے خوب واقف ہوں۔ اور

مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ○ اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ

تم میں سے ایسا کریگا وہ راہ راست سے قطعی بھٹکا ہوا ہے۔ اگر وہ تم کو پکڑ پائیں تو

يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَ

تمہارے دشمن ہو جائیں اور اذیت رسانی کے لیے تمہاری طرف اپنے ہاتھ بڑھائیں اور

اَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ○ لَنْ تَنْفَعَكُمْ

زبان درازی کریں۔ اور خواہش یہ کریں کہ کاش تم کافر ہو جاؤ۔ نہ تمہارا کنبہ رشتہ

اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ

تمکو نفع پہنچائیگا اور نہ تمہارے بال بچے۔ قیامت کے دن وہ تمہارے مابین جدائی

ع ۱۶

بَيْنَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ

فرما دیگا۔ اور جو کچھ بھی عمل تم کرتے ہو اللہ اسکا دیکھنے والا ہے۔ تمہارے لیے ابراہیم اور اُن لوگوں (کی باتوں)

اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا

میں جو اُن کے ساتھ تھے اچھا نمونہ موجود ہے۔ جس وقت کہ اُنہوں نے اپنی قوم

لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

سے یہ کہا کہ ہم تم سے اور اُن چیزوں سے جنکی تم خدا کے سوا پرستش کرتے ہو یقیناً بیزار ہیں

كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ

ہم تم سے علحدہ ہو چکے اور جب تک تم

اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ

خدائے یکتا پر ایمان نہ لے آؤ ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان ہمیشہ دشمنی اور عداوت

لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ

ظاہر ہو گئی مگر ابراہیم کا اپنے چچا سے یہ کہنا کہ میں تمہارے لیے بخشش کی دعا ضرور کرونگا (پر وہی کی قابل

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝

نہیں ہے) اسکو سوا تمہارے لیے خدا کی حضور میں میرا کوئی اختیار نہیں ہے۔ اے ہمارے پروردگار ہمنے تجھ پر بھروسہ کیا اور ہمنے تیری طرف رجوع

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا

کی اور تیری ہی حضور میں بازگشت ہوگی۔ اے ہمارے پروردگار ہم کو اُن لوگوں کے لیے جو کافر ہو گئے ہیں (ذریعہ)

رَبَّنَآ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ

آزمائش نہ بنا۔ اور ہمکو بخشدے۔ اے ہمارے پروردگار تو ضرور زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ بیشک تمہارے لیے

فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ

اُن لوگوں (کی باتوں) میں اچھا نمونہ موجود ہے (مگر) اُس کے لیے جو اللہ کی اور قیامت کے دن کی امید رکھتا ہے

الْاٰخِرَ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝

اور جو روگردانی کریگا تو اللہ بھی ضرور بے پروا (اور) قابل تعریف ہے۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ
قریب ہے کہ اللہ تمہارے درمیان اور اُن لوگوں کے درمیان جن سے تم نے دشمنی کی ہے
مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝
دوستی پیدا کر دے۔ اور اللہ (ہر بات پر) قدرت رکھنے والا ہے۔ اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنے والا ہے۔
لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِى الدِّيْنِ وَ
جو لوگ تم سے دین کے بارے میں نہیں لڑے اور اُنہوں نے تم کو تمہارے گھروں سے نہیں نکالا
لَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا
خدا تعالےٰ تم کو اِس سے منع نہیں فرماتا کہ تم اُن سے نیکی کرو اور اُنکے ساتھ انصاف سے
اِلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ
پیش آؤ یقیناً اللہ تعالےٰ انصاف کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے۔ خدا تعالےٰ تم کو صرف اُن لوگوں کے
عَنِ الَّذِيْنَ قَاتَلُوْكُمْ فِى الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ
دوست رکھنے سے منع کرتا ہے جو تم سے دین کے بارے میں لڑے اور تمکو تمہارے گھروں سے نکالا
وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ
اور تمہارے نکالنے والوں کے پشت پناہ بنے اب جو ایسوں کو دوست رکھے بس وہی تو
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا
نافرمان ہیں۔ اے ایمان لانیوالو! جب ایمان والی
جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ
عورتیں ہجرت کرکے تمہارے پاس آئیں تو اُن کا امتحان لے لو۔ اللہ تو اُن کے ایمان (کی حالت)
بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ
سے واقف ہی ہے۔ پس اگر تم بھی اُن کو صاحب ایمان سمجھ لو تو پھر اُن کو کافروں کی طرف
اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ
واپس نہ بھیجو۔ نہ تو یہی (ایمان والی عورتیں) اُنکے لیے حلال ہیں اور نہ وہی (کافر شوہر) اِن (ایمان دار

لہ جو وہ ایمان کا اقرار کرتی ہیں دل سے اُس اقرار کی موافقت کہاں تک ہے۔ ۱۲۔

وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ

عورتوں) کے لیے حلال ہیں۔ ہاں جو کچھ وہ خرچ کر چکے ہوں تم اُنکو دیدو۔ اور اِس میں تم پر کوئی الزام نہیں

تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ وَلَا تُمْسِكُوْا

کہ تم اُن سے نکاح کر لو جبکہ تم اُنکے مہر دیدو۔ اور کافر عورتوں کو تم اپنے

بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ؕ

نکاح میں نہ رکھو اور جو کچھ تم خرچ کر چکے ہو وہ (اُنسے) مانگ لو اور جو کچھ وہ خرچ کر چکے ہیں وہ تم سے

ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

مانگ لیں۔ خدا کا فیصلہ یہی ہے۔ وہ تمہارے مابین حکم دیتا ہے۔ اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے۔

وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ

اور اگر تمہاری عورتوں میں سے کوئی تمہارے ہاتھ سے نکل کر کافروں کی طرف چلی جائے پھر کفار کا

فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ؕ

مال غنیمت تمہارے ہاتھ آئے تو جن لوگوں کی عورتیں چلی گئی ہوں اُنکو (اُس مال غنیمت میں سے) اُتنا دیدو جتنا

وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ

وہ خرچ کر چکے ہوں۔ اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔ اے نبی!

اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ

جب ایمان لانیوالی عورتیں تمہارے پاس اِس شرط پر تمہاری بیعت کرنے آئیں کہ نہ کسی چیز کو اللہ

بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ

کا شریک قرار دیں اور نہ چوری کریں اور نہ زنا کریں اور نہ اپنی اولاد کو

اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ

قتل کریں۔ اور نہ (اپنے شوہروں پر) اپنے ہاتھوں اور پیروں کے مابین کوئی بہتان باندھیں

وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ

(یعنی غیر کے بچے کو شوہر کا نہ قرار دیں) اور نہ کسی نیکی میں تمہاری نافرمانی کریں تو اُنکی بیعت قبول کر لو

ڈالو۔ یہی تمہاری بیعت ہے ۱۲

وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

اور اُنکے بارے میں خدا سے مغفرت مانگو۔ بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ

اے ایمان لانیوالو! اُن لوگوں سے دوستی نہ کرو جن پر خدا نے اپنا غضب نازل کیا ہے

عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ

اور وہ آخرت سے ایسے ہی مایوس ہیں جیسے کافر لوگ

الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ○

مُردوں (کے زندہ ہونے) سے۔

سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

جو کچھ آسمانوں میں ہے اُسنے اور جو کچھ زمین میں ہے اُسنے اللہ کی پاکی بیان کی اور وہی غالب (اور)

الْحَكِيْمُ ○ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا

حکمت والا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! جو کرتے نہیں وہ مُنہہ سے کہتے کیوں

تَفْعَلُوْنَ ○ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا

ہو؟ خدا کے نزدیک یہ بات حد سے زیادہ ناپسندیدہ ہے کہ مُنہہ سے وہ کچھ کہو جو

تَفْعَلُوْنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ

کرو نہیں۔ بیشک اللہ تو اُن لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو اُس کی راہ میں اِس طرح

صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ○ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى

صف باندھکر لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ موسیٰ نے اپنی قوم

آیاتها ۱۴ | رکوعاتها ۴ | کلماتها ۲۲۳ | حروفها ۹۹۱

لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ
سے کہا کہ اے میری قوم! تم مجھے کیوں ایذا پہنچاتے ہو حالانکہ تم یہ جانتے ہو کہ میں
رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ
تمہارے لیے خدا کا رسول ہوں۔ پھر جب اُنہوں نے کجی اختیار کی تو اللہ نے بھی اُنکے دلوں کو کج کر دیا۔
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى
اور اللہ بدکار لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ عیسےٰ ابن
ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ
مریمؑ نے یہ فرمایا کہ اے بنی اسرائیل! ضرور میں تم سب کی طرف خدا کا رسول ہوں
مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا
توریت کی جو مجھ سے پہلے سے ہے تصدیق کرنیوالا ہوں اور ایسے رسول کی خوشخبری
بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا
دینے والا ہوں جو میرے بعد آئیگا اُسکا نام احمدؐ ہوگا پھر جب وہ اُنکے پاس
جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَمَنْ
واضح دلیلیں لیکر آیا تو اُنہوں نے کہدیا کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔ اور اُس سے زیادہ
اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى
ظالم اور کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے حالانکہ وہ اسلام کی طرف
الْاِسْلَامِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝
بُلایا جاتا ہو اور اللہ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا۔
يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ
وہ تو یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے مُنہ سے (پھونک مار مار کر) بجھا دیں۔ اور اللہ اپنے نور کو
نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ
پورا کرنیوالا ہے گو کافروں کو بُرا لگے۔ وہ وہی تو ہے جسنے اپنے رسول کو ہدایت

بالهدٰی ودین الحق لیظهرہ علی الدین کله ولو کرہ
اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اُسکو تمام ادیان پر غالب کردے گو مشرکوں کو
المشرکون ○ یٰایها الذین اٰمنوا هل ادلکم علی
برا لگے۔ اے ایمان لانیوالو! آیا میں تم کو ایسا سودا بتلاؤں جو
تجارة تنجیکم من عذاب الیم ○ تؤمنون بالله و
تمہیں دردناک عذاب سے بچالے؟ کہ اللہ پر اور اُسکے رسول پر
رسوله وتجاهدون فی سبیل الله باموالکم وانفسکم ط
ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کرو۔
ذٰلکم خیر لکم ان کنتم تعلمون ○ یغفر لکم ذنوبکم
اگر تم سمجھو تو یہ تمہارے لیے سب سے بہتر ہے۔ اللہ تمہاری خاطر سے تمہارے گناہ بخشدیگا
ویدخلکم جنت تجری من تحتها الانهر ومسکن
اور تم کو ایسی جنتوں میں داخل کریگا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور اُن پاکیزہ مکانوں
طیبة فی جنت عدن ط ذٰلک الفوز العظیم ○ و
میں (پہنچائیگا) جو دائمی جنتوں میں ہیں۔ اور دوسری وہ چیز (عطا فرمائیگا) جسکو تم بہت ہی دوست رکھتے ہو۔
اخرٰی تحبونها ط نصر من الله وفتح قریب ط وبشر
یعنی اللہ کی طرف سے نصرت اور جلد آنیوالی فتح۔ اور مؤمنین کو خوشخبری
المؤمنین ○ یٰایها الذین اٰمنوا کونوا انصار الله کما
سُنادو۔ اے ایمان لانیوالو! تم اللہ کے مددگار بن جاؤ جیسے
قال عیسی ابن مریم للحوارین من انصاری الی الله ط
عیسےٰ ابن مریمؑ نے حواریوں سے فرمایا تھا کہ اللہ کے لیے میرے مددگار کون کون ہونگے؟
قال الحواریون نحن انصار الله فاٰمنت طائفة من

ع ۱ ۹

توحواریوں نے جواب دیا تھا کہ اللہ کے مددگار ہم ہیں پس بنی اسرائیل میں سے ایک گروہ تو ایمان لایا تھا

منزل ۷

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور ایک کافر ہو گیا تھا۔ پھر ہم نے اُن لوگوں کی جو ایمان لائے تھے

عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ۝ ع ۱۰

اُنکے دشمنوں کی برخلاف تائید کی تھی تو وہ غالب رہے تھے۔

سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ

آسمانوں میں جو کچھ ہے اور زمین میں۔ جو کچھ ہے وہ اُس اللہ کی تسبیح کرتا رہتا ہے جو بادشاہ ہے

الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي

پاک ہے زبردست ہے (اور) حکمت والا ہے۔ وہ وہی ہے جس نے سکے کے رہنے والوں میں

الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ

ایک رسول اُنہی میں سے مبعوث فرمایا جو اُنکو خدا کی آیتیں پڑھ پڑھکے سناتا ہے اور اُن (کے ظاہر و باطن)

وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ

کو پاک کرتا ہے اور اُنکو قرآن اور شریعت کی تعلیم دیتا ہے۔ گو اس سے پہلے وہ

لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا

کھلی گمراہی میں تھے۔ اور انہی میں سے دوسروں کے لیے بھی (مبعوث فرمایا ہے) جو

بِهِمْ ۗ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ

ابھی اِنسے نہیں ملے ہیں۔ اور وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ یہ تو اللہ کا فضل ہے کہ جسے چاہتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ مَثَلُ الَّذِيْنَ

عنایت فرماتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔ اُن لوگوں کی مثال جن پر

حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ
توریت (کے علم وعمل) کا بار ڈالا گیا تھا پھر اُنہوں نے اُسکا بار نہ اُٹھایا اُس گدھے کی سی مثال ہے جو کتابیں

اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ
اُٹھائے ہوئے ہو۔ اُن لوگوں کی حالت جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا ہو کیا ہی بری ہے

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اور اللہ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا۔ تم یہ کہدو کہ اے وہ لوگو! جو

هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ
یہودی ہو گئے ہو اگر تم یہ گمان کرتے ہو کہ تم ہی خدا کے دوست ہو نہ اور لوگ تو اگر تم

فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗۤ
(اپنے اس گمان میں) سچے ہو تو موت کی آرزو کرو۔ اور جو اعمال اِنکے ہاتھ پہلے کر چکے

اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝
اُنکی وجہ سے یہ موت کی تمنا کبھی نہ کرینگے۔ اور اللہ ان ظالموں سے خوب واقف ہے۔

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ۚ
تم یہ کہدو کہ وہی موت جس سے تم بھاگتے ہو تم سے ضرور ملاقات کرنیوالی ہے

ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا
پھر تم کھلی اور چھپی کے جاننے والی کی حضور میں پیش کیے جاؤگے پھر جو عمل تم کیا کرتے تھے

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ ع ١١
اُس سے وہ تمکو آگاہ کر دیگا۔ اے ایمان لانیوالو! جب تمکو جمعہ کے دن نماز (جمعہ) کیلیے

لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا
پکارا جائے تو تم خدا کی یاد کی طرف دوڑ پڑو اور لین دین چھوڑ دو۔

الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ فَاِذَا
اگر تم علم رکھتے ہو تو یہ تمہارے لیے سب سے بہتر ہے۔ پھر جب

قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ

نماز ختم ہو جائے تو تم زمین میں پھیل جاؤ اور خدا کے فضل کے

فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

خواستگار رہو اور اللہ کو زیادہ یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ

وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ

اور اُنہوں نے جب کوئی سوداگری یا کھیل کود کی بات دیکھی تو (وہ نیت توڑ کر) اُسکی طرف دوڑ گئے اور تم کو

قَآئِمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ

(نماز پڑھتے) کھڑا چھوڑ گئے تم یہ کہدو کہ جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ اس کھیل کود اور اس سوداگری سے

التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ ع ۲ ۱۲

بہت بہتر ہے۔ اور اللہ سب رزق دینے والوں سے بہتر (رزق دینے والا) ہے۔

سورة المنفقون مدنية وهي احدى عشرة اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ

جس وقت منافق تمہارے پاس آتے ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ تم ضرور اللہ کے رسول ہو

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

اور اللہ بھی یہ جانتا ہے کہ تم بیشک اُسکے رسول ہو۔ اور اللہ یہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافق ضرور

لَكٰذِبُوْنَ ۝ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ

جھوٹے ہیں۔ انہوں نے اپنی (جھوٹی) قسموں کو سپر بنا لیا پس لوگوں کو راہ خدا سے

سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ ذٰلِكَ

روکا۔ بیشک جو عمل یہ کرتے ہیں وہ بہت ہی برا ہے۔ یہ اس سبب سے

بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝

کہ وہ ایمان لائے اور پھر کافر ہو گئے اب اُنکے دلوں پر چھاپا لگا دیا گیا تو وہ کچھ بھی نہیں سمجھتے۔

وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ

اور جب تم اُنکو دیکھو تو اُنکا ڈیل ڈول تمکو اچھا معلوم ہو گا۔ اور اگر وہ باتیں کریں تو تم اُنکی باتیں

لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ

سُنو گے۔ (مگر یہ علم و عقل سے ایسے خالی ہیں) گویا وہ لکڑیاں ہیں جنکو دیوار کے سہارے کھڑا کر دیا ہو۔ ہر چیخ کو یہ

عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۫ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝

سمجھتے ہیں کہ اُنہی پر پڑتی ہے۔ وہ دشمن ہیں سو اُنسے بچتے رہو۔ خدا اُنکو غارت کرے۔ کدھر بہکے جاتے ہیں؟

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا

جس وقت اُن سے یہ کہا جاتا ہے کہ آؤ رسولِ خدا تمہارے لیے دعائے مغفرت کریں تو وہ اپنے سروں کو

رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝

پھرا لیتے ہیں اور تم اُنکو دیکھو گے کہ وہ متکبرانہ انداز سے منہ بھی پھرا لیتے ہیں۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ

اُنکے لیے برابر ہے خواہ تم اُنکے حق میں دعائے مغفرت مانگو یا اُنکے حق میں دعائے مغفرت نہ مانگو

لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

اللہ اُنکو ہرگز نہ بخشیگا۔ بیشک اللہ بدکار لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا۔

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

یہ وہی تو ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ رسولِ خدا کے پاس جو لوگ ہیں اُنپر اپنا پیسہ خرچ نہ کرو

حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ

تاکہ وہ بھاگ جائیں۔ حالانکہ آسمانوں کے اور زمین کے خزانے اللہ ہی کے ہیں لیکن

الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى

منافق (اتنا بھی) نہیں سمجھتے۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینہ پلٹ کر گئے تو

الْمُنٰفِقُوْنَ

الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ ۚ وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَ

جو زیادہ عزت دار ہے وہ مدینہ سے زیادہ ذلیل کو ضرور بالضرور نکالدیگا۔ حالانکہ حقیقی عزت اللہ

لِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلَٰكِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۝ ع ۱ ۸ ۱۳

کی ہے اور اسکے رسول کی اور مومنین کی۔ لیکن منافق (اتنا بھی) نہیں جانتے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ

اے ایمان لانیوالو! تم کو تمہارے مال خدا کی یاد سے غافل نہ کرنے پائیں اور نہ

عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ ۚ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝

تمہاری اولاد۔ اور جو ایسا کرینگے وہی تو نقصان اٹھانیوالے ہیں۔

وَأَنْفِقُوا مِنْ مَا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ

اور جو کچھ ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے کچھ (ہماری راہ میں) خرچ کرو قبل اسکے کہ تم میں سے کسی کو موت

الْمَوْتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِي إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ ۙ

آجائے پھر وہ یہ عرض کرے کہ اے میرے پروردگار! تو نے مجھے تھوڑی سی مہلت اور کیوں نہ دی کہ میں

فَأَصَّدَّقَ وَأَكُنْ مِنَ الصَّالِحِينَ ۝ وَلَنْ يُؤَخِّرَ اللَّهُ ع ۲ ۳ ۱۴

تصدق کرتا اور میں نیک بندوں میں سے ہو جاتا۔ اور اللہ تعالے کسی نفس کو جبکہ اسکی

نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا ۚ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝

اجل آجائیگی ہرگز مہلت نہ دیگا۔ اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اس کو خبردار ہے۔

سورۃ التغابن مکیۃ وھی ثمان عشرۃ اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يُسَبِّحُ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ

آسمانوں میں جو چیز ہے وہ اور زمین میں جو چیز ہے وہ اللہ کی تسبیح کرتی ہے سلطنت اسی کی ہے اور ہر طرح کی

الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ

تعریف اُسی کو (زیبا) ہے اور وہی ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ وہ وہی ہے جسنے تمکو پیدا کیا تم میں سے کوئی تو

كَافِرٌ وَمِنْكُمْ مُؤْمِنٌ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ خَلَقَ

کافر ہے اور تم میں سے کوئی مومن ہے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے۔ اُس نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۖ

کو اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور تمکو صورت عطا فرمائی ہے تو تمہاری صورتیں کیسی اچھی بنا دی ہیں

وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ

اور بازگشت اُسی کی حضور میں ہونیوالی ہے۔ وہ آسمانوں میں جو کچھ ہے اُسکو بھی جانتا ہے اور زمین میں جو کچھ ہے اُسکو بھی۔ اور

مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ۚ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝

جو کچھ تم چھپاتے ہو اُسکو بھی جانتا ہے اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اُسکو بھی۔ اور اللہ دلوں کے حالات سے آگاہ ہے۔

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَبْلُ فَذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ

کیا تمہارے پاس اُن لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو پہلے سے کافر ہوئے تھے۔ کہ اُنہوں نے اپنے کیے کی سزا کا مزہ (یہاں

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ ذٰلِكَ بِأَنَّهُ كَانَتْ تَأْتِيهِمْ رُسُلُهُمْ

بھی) چکھا اور (وہاں بھی) اُنکے لیے دردناک عذاب ہے۔ یہ اس وجہ سے کہ اُنکے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر

بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوا أَبَشَرٌ يَهْدُونَنَا فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى

آتے تھے تو وہ یہ کہتے تھے کیا آدمی ہم کو ہدایت کرینگے؟ پس اُنہوں نے انکار کیا اور روگرداں ہوئے اور

اللّٰهُ ۚ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝ زَعَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنْ لَّنْ يُبْعَثُوا

اللہ نے بھی اُنکی پروا نہ کی۔ اور اللہ بےپروا (اور) قابل تعریف ہے۔ جو لوگ کافر ہو گئے ہیں اُنہوں نے یہ گمان کیا ہے کہ وہ

قُلْ بَلٰى وَرَبِّي لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۚ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

ہرگز زندہ نہ کیے جائینگے تم کہدو کہ میرے رب کی قسم تم ضرور زندہ کیے جاؤگے پھر جو کچھ تم کر چکے ہو اُسکی بابت ضرور تمکو آگاہ کیا جائیگا۔ اور یہ

يَسِيرٌ ۝ فَآمِنُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَالنُّورِ الَّذِي أَنْزَلْنَا ۚ وَاللّٰهُ

بات خدا کے لیے آسان ہے۔ پھر اللہ پر اور اُسکے رسول پر اور اُس نور پر جسکو ہم نے نازل کیا ہے ایمان لاؤ۔ اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ
جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے آگاہ ہے جب وہ قیامت کے دن تمکو جمع کریگا یہی تو ہار جیت کا دن
التَّغَابُنِ ۗ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ
ہے اور جو اللہ پر ایمان لائیگا اور نیک عمل کریگا تو اللہ اُسکی بدیوں کو اُس سے
وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۗ
دور کردیگا اور اُسکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں اُن میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے ہونگے
ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ
یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور جو لوگ کافر ہوگئے اور اُنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا جہنم والے
اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۗ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ مَآ اَصَابَ
وہی ہیں جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے ہونگے اور وہ بری بازگشت ہے۔ بغیر حکم خدا کے
مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ۗ
کوئی تکلیف نہیں پہنچتی۔ اور جو اللہ پر ایمان لائیگا اللہ اُسکے دل کو ہدایت کردیگا۔
وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ
اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے۔ اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو۔
فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ
پھر اگر تم روگرداں ہوجاؤ گے تو ہمارے رسول پر تو صرف پیغام کا کھول کر پہنچا دینا واجب ہے۔ خدا وہی ہے جسکے سوا
اِلَّا هُوَ ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اور کوئی معبود نہیں۔ اور مومنوں کو لازم ہے کہ خدا ہی پر توکل کیا کریں۔ اے ایمان لانیوالو!
اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ
یقیناً تمہاری بیبیوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض لوگ ضرور تمہارے دشمن ہیں پس اُنسے بچتے رہو
وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝
اور اگر تم معاف کردو گے اور درگزر کروگے اور بخشدو گے تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔

لاطلاق تو ایسے شخص کو حکم دیا کہ اُنکے ساتھ نیکی کرے اور صلہ رحم کو کام میں لائے۔ چنانچہ فرمایا کہ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۚ وَاللَّهُ عِنْدَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ ۝

سوائے اسکے نہیں ہے کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد (تمہارے لیے) ایک آزمائش ہیں اور اللہ جو ہے اسکے پاس بہت بڑا اجر موجود ہے

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنْفِقُوا

پس جہاں تک تم سے بن پڑے اللہ سے ڈرو اور (اسکی نصیحت) سنو اور (اسکے احکام) مانو اور اپنی ذات کی بہتری کے لیے

خَيْرًا لِأَنْفُسِكُمْ ۗ وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ

(اسکی راہ میں) مال خرچ کرو۔ اور جو شخص اپنے نفس کی کنجوسی سے بچا لیا گیا پس وہی تو (پوری پوری) فلاح

الْمُفْلِحُونَ ۝ إِنْ تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَ

پانیوالے ہیں۔ اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دوگے تو وہ اسکو تمہارے لیے دو چند کر دیگا اور

يَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ ۝ عَالِمُ الْغَيْبِ

تمہارے گناہ بخشدیگا۔ اور اللہ بڑا قدردان (اور) بڑا بردبار ہے۔ کھلی اور چھپی کا

وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

جاننے والا زبردست (اور) صاحب حکمت ہے۔

ع ۲ ۸ ۱۶

سورة الطلاق مدنية وهي اثنتا عشرة آية

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَ

اے نبی جب تم لوگ عورتوں کو طلاق دو تو انکے عدہ کے (یعنی حیض سے پاک ہونیکے) وقت طلاق دو

أَحْصُوا الْعِدَّةَ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ رَبَّكُمْ ۖ لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِنْ

اور عدے کا شمار رکھو۔ اور اللہ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہو۔ نہ تم انکو انکے گھروں سے

بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ ۚ وَ

نکالو اور نہ وہ خود نکلیں سوائے اسکے کہ انہوں نے کوئی کھلی بیحیائی کی ہو۔ اور یہ خدا کی

آیاتها ۱۲ — رکوعاتها ۲ — کلماتها ۲۹۸ — حروفها ۱۲۳۷

برتنا بھی۔ لہذا اگر مطلقہ عورت جسکو طلاق بائن نہ دی گئی ہو اور وہ امور مندرجہ بالا میں سے کسی کی مرتکب ہو تو شوہر کو جائز ہے کہ قبل عدہ پورا ہونیکے اسے اپنے گھر سے نکال دے ۱۲

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ
(مقرر کردہ) حدیں ہیں۔ اور جو خدا کی (مقرر کردہ) حدوں سے تجاوز کرے تو اسی نے تو اپنے آپ پر یقیناً ظلم کیا
لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝ فَاِذَا بَلَغْنَ
کوئی نفس نہیں جانتا کہ اس (قضیہ) کے بعد شاید خدا کوئی بات پیدا کر دے (اور طلاپ ہو جائے) پھر جب وہ
اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ
اپنی مدت پوری کر چکیں تو یا تم انہیں حسن سلوک کے ساتھ روک لو یا انہیں معقول طریقہ سے رخصت کر دو اور
وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ
(بوقت طلاق) اپنے میں سے دو عادل گواہ کر لو اور (اے گواہو!) اللہ تم ٹھیک ٹھیک گواہی دینا ان احکام کی
يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ
انکو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو۔ اور جو شخص
يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا
اللہ سے ڈریگا خدا تعالیٰ اسکے لیے بچاؤ کی راہ پیدا کر دیگا۔ اور اُس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچائیگا جہاں سے
يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ
اسکو گمان بھی نہو۔ اور جو اللہ پر بھروسہ کریگا تو اللہ ہی اُس کے لیے کافی ہے۔ بیشک اللہ اپنے کام کو پورا
اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ وَالّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ
کرنیوالا ہے۔ یقیناً اللہ نے ہر چیز کے لیے ایک اندازہ مقرر فرما دیا ہے۔ اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس
مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓـِٔيْ
ہو چکی ہوں اگر تم کو (اُنکے بارے میں) شک ہو تو اُنکا عدہ تین مہینے ہے اور ایسا ہی اُنکا جن کو
لَمْ يَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ
ابتک حیض آیا ہی نہیں۔ اور حمل والیوں کا عدہ یہ ہوگا اُن کا وضع حمل ہو جائے
وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ
اور جو اللہ سے ڈریگا تو اللہ تعالےٰ اُس کے لیے اُسکے معاملے میں آسانی پیدا کر دیگا۔ یہ اللہ کا حکم ہے

رکوع ۱۲

أَنزَلَ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝ وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُعْظِمْ

جو اُسنے تمہاری طرف اُتارا ہے۔ اور جو اللہ سے ڈریگا اللہ اُسکی بدیاں اُس سے دور کر دیگا اور اُسکے لیے اجر

لَهُ أَجْرًا ۝ أَسْكِنُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنتُم مِّن

کو بڑھا دیگا۔ مطلقہ عورتوں کو حتے الامکان وہیں رکھو جہاں تم رہتے ہو

وُجْدِكُمْ وَلَا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ ۚ وَإِن كُنَّ

اور تنگ کرنیکی غرض سے اُنہیں تکلیف نہ پہنچاؤ۔ اور اگر وہ

أُولَاتِ حَمْلٍ فَأَنفِقُوا عَلَيْهِنَّ حَتَّىٰ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَإِنْ

حاملہ ہوں تو جب تک اُنکا وضع حمل نہو جائے اُنہیں خرچ دیتے رہو۔ پھر اگر

أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۖ وَأْتَمِرُوا بَيْنَكُم

وہ تمہاری لیے دودھ پلائیں تو اُنکی اجرت اُنکو دیتے رہو۔ اور آپس میں حسن سلوک سے

بِمَعْرُوفٍ ۖ وَإِن تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَىٰ ۝ لِيُنفِقْ

معاملہ کرو۔ اور طرفین سے تم میں کشمکش ہو تو مرد کی خاطر (بچہ کو) کوئی اور عورت دودھ پلائی۔ تاکہ مقدور والا تو

ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ ۖ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ

اپنے مقدور بھر خرچ کرے۔ اور جس کی روزی تنگ ہو تو اُسکو لازم ہے کہ اللہ نے جو کچھ اُسے دیا ہو

مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ ۚ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا ۚ سَيَجْعَلُ

اُسی کے مطابق خرچ کرے۔ اور اللہ کسی نفس کو تکلیف نہیں دیتا مگر اتنی ہی جتنا کہ اُسکو عطا فرمایا ہے عنقریب

اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا ۝ وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ ع ۱۷

اللہ تعالیٰ تنگی کے بعد فراخی عطا فرمائیگا۔ اور کتنی ہی بستیوں نے اپنے پروردگار اور اُسکے رسولوں کے حکم

رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَابًا شَدِيدًا وَعَذَّبْنَاهَا

سے سرتابی کی پھر ہم نے بھی بڑی سختی سے اُنکا امتحان لیا اور بہت عذاب (بھی) اُنکو انوکھا

عَذَابًا نُّكْرًا ۝ فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا

عذاب دیا۔ پھر اُنہوں نے اپنے کیے کی سزا کا مزہ چکھا اور اُنکے معاملے کا انجام نقصان ہی نقصان

خُسْرًا ۝ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

ہوا۔ اللہ نے اُنکے لیے سخت عذاب تیار فرمایا ہے پس اے صاحبان عقل! جو

يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝ ع ۱۴

ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرتے رہو۔ یقیناً اللہ نے تمہاری طرف ذکر کو رسول بناکر

رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ

بھیجا ہے جو تم کو خدا کی کھلی آیتیں پڑھکر سُناتا ہے تاکہ اُن لوگوں کو جو ایمان

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَ

لائے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں (کفر کی) تاریکیوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لائے۔ اور

مَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

جو شخص اللہ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے اللہ تعالےٰ اُسکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ

جنکے نیچے نہریں بہتی ہونگی وہ ہمیشہ ہمیشہ اُنہی میں رہنے والے ہونگے۔ یقیناً اللہ نے ایسے شخص کو لیے

لَهٗ رِزْقًا ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ

اچھا رزق مہیا فرمایا ہے۔ اللہ وہی ہے جس نے سات آسمانوں کو پیدا کیا ہے اور اُنہی کے

الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ۭ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ

برابر زمینوں کو۔ حکم خدا اِنہی میں سے ہوکر نازل ہوتا ہے۔

لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ

تاکہ تم یہ جان لو کہ اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے اور یہ کہ اللہ تعالےٰ نے

ع ۲ ۱۸ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝

(اپنے) علم سے ہر چیز کا ضرور احاطہ کرلیا ہے۔

سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ اثْنَتَا عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ

اے نبیؐ! جو کچھ اللہ نے تمہارے لیے حلال قرار دیا ہے تم اُسے کیوں حرام کرتے ہو؟ کیا تم اپنی بیبیوں کی خوشنودی

اَزْوَاجِكَ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ

چاہتے ہو؟ اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ خدا تعالےٰ نے تمہارے لیے (کفارہ ہی) تمہاری

تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ○

قسموں کا توڑ دینا مقرر فرما دیا ہے۔ اور اللہ تمہارا مالک ہے۔ اور وہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔

وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ

اور جس وقت نبیؐ نے اپنی کسی زوجہ سے ایک بات بطور راز کے کہی اور اُس نے اُس راز سے کسی اور کو آگاہ

بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ

کر دیا اور اللہ (اپنے نبیؐ پر یہ معاملہ کھولدیا تو نبیؐ نے کچھ حصہ تو اُسکا جتلایا اور کچھ حصہ سے چشم پوشی کی۔

بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ۭ قَالَ

پھر جس وقت نبیؐ نے اُس (عورت) کو اس سے مطلع کیا تو وہ کہنے لگی کہ آپکو اس کی خبر کس (نے دی)؟ فرمایا

نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ○ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ ۚ

مجھکو بڑے جاننے والے (اور) بڑی خبردار نے خبر دی۔ اگر تم دونو خدا کی حضور میں توبہ کرلو (تو بہتر ہی) پس تم دونوں کے دل

قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ

حق سے ضرور منحرف ہو گئے ہیں۔ اور اگر تم دونو ہمارے رسولؐ کے برخلاف ایک دوسرے کی پشت و پناہ بنو تو

وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَعْدَ

اللہ اور جبرئیلؑ اور صالح المومنین اُسکے مددگار ہیں۔ اور بعد اسکے کل فرشتے اُس کی

ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ○ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ

پشتی پر ہیں۔ اگر وہ تم کو طلاق دیدے تو قریب ہے کہ اُسکا پروردگار بدلے میں اُسکو

أَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ

ایسی ازواج دیدے جو تم سے بہتر ہوں فرمانبرداری کرنیوالیاں۔ ایمان والیاں۔ اطاعت کرنیوالیاں

تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا ۝ يَا أَيُّهَا

توبہ کرنیوالیاں عبادت کرنیوالیاں روزہ رکھنیوالیاں شوہر دیدہ اور کنواریاں۔ اے

الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا

ایمان لانیوالو! اپنے آپکو اور اپنے بال بچوں کو اُس آگ سے بچاؤ جسکا ایندھن

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُونَ

آدمی ہیں اور پتھر اُس پر نہایت تند خو اور سخت مزاج فرشتے مقرر ہیں جو خدا یتعالے کی

اللَّهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

کسی بات میں جسکا وہ اُنکو حکم دیتا ہے نافرمانی نہیں کرتے اور جس بات کا اُنکو حکم دیا جاتا ہے وہی بجالاتے ہیں۔ اے

كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ۖ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ

وہ لوگو جو کافر ہو گئے ہو آج کے دن تم کوئی عذر نہ کرو۔ سوا اسکے نہیں کہ جو عمل تم کیا کرتے تھے اُسی کا بدلہ

تَعْمَلُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً ع ۱۹

دیا جاتا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! خدا کی حضور میں اثر پذیر توبہ کرو

نَّصُوحًا ۚ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن يُكَفِّرَ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ

قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تم سے تمہاری برائیوں کو دور کردے

وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِي

اور تم کو (اُس دن) ایسی جنتوں میں داخل کرے جنکے نیچے ندیاں بہتی ہونگی (اُس دن) جس دن خدا شرمندہ

اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ ۖ نُورُهُمْ يَسْعَىٰ بَيْنَ

نبی کو اور اُن لوگوں کو جو اُنکے ساتھ ایمان لائے ہیں رسوا نہ کریگا۔ اُنکا نور اُن کے سامنے اور اُنکے

أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا

دائیں ہاتھ چلتا ہوگا اور وہ یہ کہتے ہونگے کہ اے ہمارے پروردگار! تو ہمارے نور کو ہمارے لیے پورا کردے

وَاغْفِرْ لَنَا ۚ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ

اور ہمارے گناہ بخشدے۔ بیشک تو ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبی تم

جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَأْوَاهُمْ

کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو اور اُن پر سختی کرو۔ اور اُنکا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ

جہنم ہے۔ اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔ اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جو کافر ہو گئے ہیں

كَفَرُوا امْرَأَتَ نُوحٍ وَامْرَأَتَ لُوطٍ ۖ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ

نوح کی زوجہ کی اور لوط کی زوجہ کی مثل بیان کی ہے۔ کہ یہ دونوں ہمارے بندوں میں سے دو

مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتَاهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ

نیک بندوں کی ماتحت تھیں پھر اُن دونوں نے اُن دونوں کے حق میں خیانت کی پس وہ دونوں خدا کے عذاب سے

اللَّهِ شَيْئًا وَقِيلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدَّاخِلِينَ ۝ وَضَرَبَ

بچانے میں اِن دونوں کے کچھ بھی کام نہ آئے اور اُن دونوں سے یہ کہا جائیگا کہ تم بھی جانیوالوں کے ساتھ ساتھ جہنم میں چلی جاؤ۔ اور

اللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ آمَنُوا امْرَأَتَ فِرْعَوْنَ إِذْ قَالَتْ

اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں فرعون کی زوجہ کی مثل بیان کی ہے کہ جس وقت اُسنے یہ عرض کی کہ

رَبِّ ابْنِ لِي عِندَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِي مِن فِرْعَوْنَ

اے میرے پروردگار میرے لیے اپنے پاس جنت میں ایک مکان بنادے اور مجھ کو فرعون سے اور اُسکی بدکاری سے

وَعَمَلِهِ وَنَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ

نجات دے اور مجھ کو اِن نافرمان لوگوں کے ہاتھ سے چھٹکارا دے۔ اور عمران کی بیٹی مریم کی (مثل بیان کی ہے)

عِمْرَانَ الَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهِ مِن رُّوحِنَا وَ

جس نے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی تھی پھر ہمنے اُس میں اپنی (پیدا کی ہوئی) روح پھونکدی تھی اور وہ اپنے

صَدَّقَتْ بِكَلِمَاتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِينَ ۝

پروردگار کے کلمات کی اور اُسکی کتابوں کی تصدیق کیا کرتی تھی اور وہ اطاعت گزاروں میں سے تھی۔

ع ۲ ۲

آیاتہا ۳۰ رکوعاتہا ۲ کلماتہا ۳۳۹ حروفہا ۱۳۵۹

سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ز وَهُوَ عَلٰى كُلِّ

برکت والا ہے وہ خدا جس کے قبضہ میں (تمام جہان کی) بادشاہت ہے اور وہ ہر چیز پر (پوری پوری)

شَيْءٍ قَدِيْرُ ○ ن الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ

قدرت رکھنے والا ہے۔ ۲ جس نے موت کو بھی پیدا کیا اور حیات کو بھی تاکہ تم کو آزمائے کہ

اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ط وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ○ لا الَّذِيْ

تم میں سے کون شخص عمل میں بہتر ہے۔ اور وہی زبردست (اور) سب سے زیادہ بخشنے والا ہے۔ جس نے

خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ

سات آسمانوں کو تو بر تو پیدا کیا۔ تم (خدائے) رحمٰن کی پیدا کی ہوئی چیز میں کوئی

مِنْ تَفٰوُتٍ ط فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ○ ثُمَّ

اختلاف نہ پاؤ گے۔ پھر نظر ڈالکر دیکھو آیا تم کوئی خلل دیکھتے ہو؟ پھر

ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا

بار بار نظر ڈالو وہ نظر تمہاری طرف تھک کر ذلیل ہو کر لوٹ آئیگی۔

وَّهُوَ حَسِيْرٌ ○ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ

اور ہم نے آسمانِ دنیا کو چراغوں سے زینت دی ہے

وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ ۳ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ

اور انکو شیطانوں کے لیے (پھینک کر) مارنیکا آلہ قرار دیا ہے۔ اور انکے لیے بھڑکتی ہوئی آگ کا عذاب

السَّعِيْرِ ○ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ط وَ

تیار کیا ہے۔ اور ان لوگوں کے لیے جو اپنے پروردگار کا انکار کر چکے ہیں جہنم کا عذاب ہے۔ اور

بِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ إِذَا أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيقًا وَهِيَ

وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔ جس وقت وہ اس میں ڈالے جائینگے تو اسکی چنگھاڑ سنینگے حالانکہ وہ

تَفُورُ ۝ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ

جوش مار رہی ہوگی۔ قریب ہوگا کہ وہ غصے کے مارے پھٹ پڑے۔ جب کوئی گروہ اس میں ڈالا جائیگا تو

سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ۝ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ جَاءَنَا

نگہبان اُن سے پوچھینگے کہ آیا تمہارے پاس کوئی ڈرانیوالا (نبی) نہیں آیا تھا؟ وہ کہینگے ہاں ڈرانیوالا (نبی) تو ہمارے

نَذِيرٌ ۖ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي

پاس ضرور آیا تھا۔ مگر ہمنے اُسکو جھٹلا دیا تھا اور (یہ) کہدیا تھا کہ اللہ نے تو کوئی چیز بھی نہیں اُتاری۔ تم (خود ہی) بڑی

ضَلَالٍ كَبِيرٍ ۝ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ

گمراہی میں ہو۔ اور وہ یہ بھی کہینگے کہ اگر ہم سنتے اور سمجھ لیتے تو ہم جہنمیوں میں (داخل)

السَّعِيرِ ۝ فَاعْتَرَفُوا بِذَنبِهِمْ ۖ فَسُحْقًا لِّأَصْحَابِ السَّعِيرِ ۝

نہوتے۔ پس وہ اپنے گناہوں کا اقرار کرینگے۔ پس جہنمیوں کے لیے خدا (اپنی رحمت سے) دوری کرے

إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ

بیشک وہ لوگ جو بغیر دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہیں اُنکے لیے گناہوں کی بخشش اور بڑا

كَبِيرٌ ۝ وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ ۖ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ

اجر ہے۔ اور تم اپنی بات کو چھپاؤ یا اُسے ظاہر کرو یقیناً خدا (تمہارے) دلوں کے حال سے

الصُّدُورِ ۝ أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۗ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۝ هُوَ ع ۱۴ ۱

واقف ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا جس نے پیدا کیا ہے حالانکہ وہ باریک بین اور خبردار ہے۔ وہ

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا

وہی ہے جسنے زمین کو تمہارے لیے نرم کر دیا ہے پس تم اُس کے راستوں میں چلو پھرو

وَكُلُوا مِن رِّزْقِهِ ۖ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ ۝ ءَأَمِنتُم مَّن فِي

اور خدا تعالےٰ کے رزق میں سے کھاؤ (پیو) اور اُسی کی طرف تم سب کو اٹھکر جانا ہے۔ کیا تم اس سے جو

السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ۝ اَمْ
کہ وہ (فرشتوں کا گروہ) جو آسمان میں (رہتا) ہے تمکو زمین میں دھنسا دے اور وہ (زمین) یکایک جھونچال میں آجائے۔ یا
اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ؕ
تم اس کی طرف سے نڈر ہو گئے ہو کہ جو آسمان میں ہے وہ تم پر پتھراؤ کی بارش بھیجدے۔
فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ۝ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ
پھر تم جان ہی لوگے کہ میرا ڈراوا کیسا ہے؟ اور یقیناً ان لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے
قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ
جھٹلایا تھا پس میرا ناخوش ہونا (عذاب کا نازل کرنا) کیسا رہا؟ کیا انہوں نے پرندوں کی طرف نہیں دیکھا جو اوپر
صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ۛ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ
(اڑتی ہیں) پر پھیلائے رہتے ہیں اور (کبھی) سمیٹ لیتے ہیں سوائے (خدائے) رحمٰن کے کوئی اور انکو روکے ہوئے نہیں ہے
شَيْءٍۢ بَصِيْرٌ ۝ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ
یقیناً وہی ہر چیز کا دیکھنے والا ہے۔ آیا کوئی شخص (جسکو تم معبود جانتے ہو) جو تمہارا لشکر ہے سوائے (خدائے) رحمٰن کے ایسا ہے کہ
دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ۝ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ
تمہاری مدد کرے؟ کافر محض دھوکے میں ہیں۔ آیا ان میں کوئی ایسا ہے جو
يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ۝ اَفَمَنْ
تمکو رزق دیوے اگر خدا تعالےٰ اپنا رزق روک لے؟ بات یہ ہے کہ یہ سرکشی اور نفرت میں بہت ہی بڑھ گئے ہیں۔ آیا وہ
يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ
زیادہ ہدایت یافتہ ہے جو اپنے منہ کے بھل لوندھا چل رہا ہے یا وہ جو کھڑا (کھڑا) صراطِ مستقیم پر چلا جا رہا
مُّسْتَقِيْمٍ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ
ہے۔ (تم) کہدو کہ وہی ہے جسنے تمکو پیدا کیا اور تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل
وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي
بنا دیے۔ (مگر) تم بہت کم شکر کرتے ہو۔ (تم) کہدو کہ وہی ہے جسنے تمکو زمین میں

وقف ضروری ان

ع ۱۰ ۱۰

الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ○ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

پھیلا دیا ہے اور اُسی کی حضور میں تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔ اور (وہ) یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو (تو بتلاؤ) یہ وعدہ کا

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَاِنَّمَآ اَنَا

وقت کب آئیگا؟ (تم) کہدو کہ اِسکا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے۔ اور میں تو فقط ظاہر

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ○ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ

ڈرانیوالا ہوں۔ مگر جب اُسکو قریب آتا دیکھینگے تو اُن لوگوں کے منہہ جو کافر ہو گئے ہیں

كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ○ قُلْ

بگڑ جائینگے اور اُنسے کہا جائیگا کہ یہ وہی ہے جس کی تم خواہش کیا کرتے تھے۔ (تم) کہدو کہ

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُّجِيْرُ

آیا تم اِسے سمجھے کہ اللہ مجھے اور جو میرے ساتھ ہیں اُنکو ہلاک کر دے یا ہم پر رحم فرمائے تو کافروں کو

الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ

دردناک عذاب سے کون بچا لیگا؟ (تم) کہدو وہی (خدائے) رحمٰن ہے ہم اُسپر ایمان لائے ہیں اور اُسی

تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

ہمنے بھروسہ کیا ہے۔ سو عنقریب تم بھی جان لوگے کہ کھلی گمراہی میں کون ہے؟ (تم) کہدو کہ آیا تم یہ بھی

اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ○

سمجھے کہ اگر تمہارا پانی گہران میں چلا جائے تو چشمہ کا پانی تمہارے لیے کون لے آئیگا؟

سورة القلم مكية وهي اثنتان وخمسون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ○ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ

نٓ۔ قسم ہے قلم کی اور جو کچھ وہ لکھتے ہیں۔ تم اپنے رب کی نعمت کے سبب دیوانے

ایاتها ٥٢ | رکوعاتها ٢ | کلماتها ٣٠٦ | حروفها ١٢٩٥

بِمَجْنُونٍ ۝ وَإِنَّ لَكَ لَأَجْرًا غَيْرَ مَمْنُونٍ ۝ وَإِنَّكَ

نہیں ہو۔ اور یقیناً تمہارے لیے ایسا اجر (مہیا) ہے جو منقطع ہونیوالا نہیں ہے۔ اور بیشک تمہارا

لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ ۝ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَ ۝ بِأَيِّيكُمُ

خلق بہت بڑھا ہوا ہے۔ سو عنقریب تم بھی دیکھ لوگے اور وہ بھی دیکھ لینگے کہ تم میں سے دیوانہ

الْمَفْتُونُ ۝ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ

کونسا ہے؟ بالتحقیق تمہارا پروردگار اُس شخص کو بھی خوب جانتا ہے جو اُسکی راہ سے بھٹک گیا ہے

وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۝ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِينَ ۝ وَدُّوا لَوْ

اور اُن لوگوں کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت یافتہ ہیں۔ پس تم جھٹلانیوالوں کی بات نہ ماننا۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ اگر تم

تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ ۝ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ ۝ هَمَّازٍ

نرمی کرو تو وہ بھی نرم ہو جائیں۔ اور تم کسی ایسے شخص کی بات میں آجانا جو بڑا قسمیں کھانیوالا ذلیل خیال عیب جو

مَّشَّاءٍ بِنَمِيمٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ ۝ عُتُلٍّ بَعْدَ ذَٰلِكَ

چغل خور نیکی سے روکنے والا حد سے گزر جانیوالا گناہگار منہ پھٹ بدتر حرامی بھی

زَنِيمٍ ۝ أَن كَانَ ذَا مَالٍ وَبَنِينَ ۝ إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا

ہو محض اس سبب سے کہ وہ مال و اولاد والا ہے جس وقت اُس کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں

قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ۝ سَنَسِمُهُ عَلَى الْخُرْطُومِ ۝ إِنَّا

وہ کہہ دیتا ہے کہ یہ تو پہلوں کی کہانیاں ہیں۔ عنقریب ہم اُسکی ناک پر ایک نشان لگائینگے۔ بیشک ہمنے

بَلَوْنَاهُمْ كَمَا بَلَوْنَا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ إِذْ أَقْسَمُوا لَيَصْرِمُنَّهَا

اُنکی اسی طرح آزمائش کی ہے جیسے کہ ہمنے ایک باغ والوں کی آزمائش کی تھی جبکہ اُنہوں نے

مُصْبِحِينَ ۝ وَلَا يَسْتَثْنُونَ ۝ فَطَافَ عَلَيْهَا طَائِفٌ

قسم کھائی تھی کہ کل صبح ہم اِس باغ کا پھل ضرور توڑ لینگے اور انشاء اللہ نہ کہا تھا پس اُس باغ پر تمہارے

مِّن رَّبِّكَ وَهُمْ نَائِمُونَ ۝ فَأَصْبَحَتْ كَالصَّرِيمِ ۝ فَتَنَادَوْا

پروردگار کی طرف سے ایک بلا پھر گئی اور وہ سو رہے تھے۔ پس وہ ایسا ہو گیا کہ اُس میں ایک پھل بھی باقی نہ رہا۔ اور صبح کے وقت وہ

مُصْبِحِيْنَ ۝ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ۝
ایک دوسرے کو آواز دینے لگے کہ اگر تم کو پھل لینے ہیں تو اپنے باغ کو سویرے ہی سویرے چلو۔

فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ۝ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ
پس وہ چلے اور پچھے پچھے یہ کہتے جاتے تھے کہ آج کوئی مسکین تمہارے پاس نہ آنے

مِّسْكِيْنٌ ۝ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا
پائے۔ اور انہوں نے (اپنے باغ میں پہنچکر) ایسی حالت میں صبح کی کہ وہ (صرف) روک تھام کی قدرت رکھتے تھے

لَضَآلُّوْنَ ۝ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝ قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ
پھر جب اسکو (اُجڑا ہوا) دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم یقیناً رستہ بھول گئے۔ بلکہ (بات یہ ہے کہ) ہم ہی بدنصیب۔ اُن میں سے جو سب سے اچھا

لَكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝
تھا اُسنے کہا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم خدا کی تسبیح کیوں نہیں کرتے۔ کہنے لگے کہ ہمارا پروردگار منزہ ہے بیشک

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا
ہم ہی ظالم رہے۔ اب لگے ایک دوسرے کو ملامت کرنے اور یہ کہنے کہ ہائے خرابی ہماری ہم ضرور

كُنَّا طٰغِيْنَ ۝ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا
سرکش رہے قریب ہے کہ ہمارا پروردگار اس کے بدلے میں ہمکو اس سے بہتر عطا فرمائے۔ یقیناً ہم

رٰغِبُوْنَ ۝ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ
اپنے پروردگار ہی کی طرف رغبت کرنیوالے ہیں۔ عذاب یوں ہوا کرتا ہے۔ اور آخرت کا عذاب (اس سے) کہیں بڑھا ہوا ہے۔

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ
بشرطیکہ یہ لوگ سمجھتے ہوتے۔ بیشک پرہیزگاروں کے لیے اُن کے پروردگار کے پاس نعمت والی

النَّعِيْمِ ۝ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ۝ مَا لَكُمْ كَيْفَ
جنتیں ہیں۔ کیا ہم فرمانبرداروں کو گناہگاروں کی مانند کر دینگے۔ تمہیں ہو کیا گیا ہے کیسے

تَحْكُمُوْنَ ۝ اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ۝ اِنَّ لَكُمْ
فیصلے کرتے ہو؟ آیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم پڑھتے ہو۔ کہ جو کچھ تم پسند کرو گے

فِيهِ لَمَا تَخَيَّرُونَ ۝ أَمْ لَكُمْ أَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ إِلَىٰ

وہ تمکو اُس میں ضرور ملیگا؟ یا تمہاری قسمیں ہمارے ذمے ہیں جو قیامت تک

يَوْمِ الْقِيَامَةِ إِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُونَ ۝ سَلْهُمْ أَيُّهُم بِذَٰلِكَ

چلی جائینگی کہ جو کچھ تم حکم کروگے وہ ضرور تم کو ملجائیگا۔ اِن سے دریافت کرو کہ اِن میں سے اُس کا

زَعِيمٌ ۝ أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ فَلْيَأْتُوا بِشُرَكَائِهِمْ إِن

ضامن کون ہے؟ یا اِن کے کچھ شریک ہیں۔ پھر اگر یہ سچے ہیں تو اپنے شرکاء کو

كَانُوا صَادِقِينَ ۝ يَوْمَ يُكْشَفُ عَن سَاقٍ وَيُدْعَوْنَ إِلَى

لے آئیں۔ جس دن پنڈلی کھولی جائیگی (یعنی جو سخت پریشانی اور گھبراہٹ کا دن ہوگا) اور لوگ

السُّجُودِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ ۝ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ

سجدے کیلئے بلائے جائینگے تو (سجدہ) نہ کرسکینگے۔ اُن کی آنکھیں نیچی ہونگی اور ذلت اُن پر چھائی ہوئی

ذِلَّةٌ ۖ وَقَدْ كَانُوا يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ سَالِمُونَ ۝

ہوگی۔ اور دنیا میں بھی یہ سجدے کیلئے بلائے جاتے تھے جس حال میں کہ یہ تندرست تھے۔

فَذَرْنِي وَمَن يُكَذِّبُ بِهَٰذَا الْحَدِيثِ ۖ سَنَسْتَدْرِجُهُم

اب اُسے جو اِس بات کو جھٹلاتا ہے مجھ پر چھوڑ دو (کہ میں سمجھ لونگا) ہم اُنکو رفتہ رفتہ عذاب سے اِس طرح

مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَأُمْلِي لَهُمْ ۚ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ۝

قریب کرینگے کہ اُن کو خبر بھی نہ ہوگی۔ اور میں اُن کو ڈھیل دیتا رہونگا کہ میری تدبیر سنجیدہ ہے۔

أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ ۝ أَمْ عِندَهُمُ

آیا تم اُن سے کوئی اُجرت مانگتے ہو کہ وہ تاوان کی ماری دبے ہوئے ہیں؟ یا اُن کے پاس

الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ۝ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُن

غیب کی خبریں ہیں جنہیں وہ لکھ لیتے ہیں۔ اب تم اپنے پروردگار کے فیصلے کے انتظار میں صبر کرو اور مچھلی والے

كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَىٰ وَهُوَ مَكْظُومٌ ۝ لَّوْلَا أَن تَدَارَكَهُ

(یعنی یونس) کی مانند نہ ہو جاؤ جبکہ انہوں نے غم و غصہ کی حالت میں پکارا تھا۔ اگر اُنکے پروردگار کی مہربانی

نِعْمَةً مِّنْ رَّبِّهٖ لَنَبِذٌۢ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ۝ فَاجْتَبٰىهُ
اُن کی خبر گیری نہ کرتی تو وہ بُرے حال سے چٹیل میدان میں پڑی ہوئی ہوتی۔ مگر انکو پروردگار نے
رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
اُنکو برگزیدہ کر لیا اور اُنکو نیک بندوں میں سے قرار دیا۔ قریب ہے کہ کافر جس وقت قرآن مجید کو سنیں
لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ
تو اپنی نظروں کے ذریعے سے تمہیں پھسلا دیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ تو
اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ ع ۲
دیوانہ ہے۔ حالانکہ وہ (قرآن) تمام عالموں کے لیے نصیحت ہے۔

سُوْرَةُ الْحَآقَّةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اثْنَتَانِ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
اَلْحَآقَّةُ ۝ مَا الْحَآقَّةُ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ۝
برحق ہونیوالی ہے۔ کیا چیز ہے وہ برحق ہونیوالی اور تم کیا سمجھے کہ وہ برحق ہونیوالی کیا ہے؟
كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ۝ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا
(قوم) ثمود و عاد نے تو اُس کھڑکھڑانے والی کو جھٹلا ہی دیا تھا پس ثمود تو صرصر جو کہ عذاب (بڑی چیخ) کی
بِالطَّاغِيَةِ ۝ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝
ہلاک کر دی گئی تھے۔ اور رہے عاد تو وہ ایک تیز و تند ٹھنڈی ہوا سے ہلاک کیے گئے۔ جس کو (خدا نے)
سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا فَتَرَى
لگاتار سات رات اور آٹھ دن اُن پر مسلط رکھا سو تم اُن لوگوں کو اُس میں
الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ فَهَلْ تَرٰى ع ۱
اِس طرح پڑا ہوا دیکھتے گویا وہ کھجوروں کے کھوکھلے تنے ہیں۔ پس اب بھی تم اُن کا

لَهُمْ مِّنْ بَاقِيَةٍ ۝ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ
کچھ بقیہ دیکھتے ہو؟ اور فرعون اور جو لوگ اُس سے پہلے تھے اور اُلٹی ہوئی بستیوں والے

بِالْخَاطِئَةِ ۝ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً
گناہ کو مرتکب ہوئے۔ پس اُنہوں نے اپنے پروردگار کے رسول کی نافرمانی کی تو اُسنے بھی اُنکی بہت ہی سخت گرفت

رَّابِيَةً ۝ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝ لِنَجْعَلَهَا
کی۔ یہ ہم ہی تھے کہ جب پانی نے طغیانی کی تو ہم نے تم کو کشتی میں سوار کر دیا۔ تاکہ ہم اُسکو تمہارے

لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ
لیے ایک یادگار قرار دیں۔ اور ایک یاد رکھنے والا کان اُسکو یاد رکھے۔ پھر جبکہ صور ایک دم سے پھونکا جائیگا۔

نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً
اور زمین اور پہاڑ اُٹھا لیے جائینگے پھر یکایک چکنا چور

وَّاحِدَةً ۝ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ
کر دیے جائینگے پس اُسی دن تو قیامت واقع ہوگی۔ اور آسمان پھٹ جائیگا

فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝ وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا وَيَحْمِلُ
تو وہ اُس دن بالکل کمزور ہو جائیگا۔ اور فرشتے اُس کے کناروں پر ہونگے۔ اور تمہارے

عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝ يَوْمَئِذٍ
پروردگار کے عرش کو اُس دن آٹھ اپنے اوپر لیے ہوئے ہونگے۔ اُس دن تم پیش

تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۝ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ
کر دیے جاؤ گے اور تمہارا کوئی بھید چھپا نہیں رہیگا۔ اب رہا وہ شخص جس کا نوشتہ

كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝ اِنِّيْ
اُسکو داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا وہ تو کہیگا کہ لو آؤ میرے نوشتے کو پڑھو میں تو یقین

ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ۝ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝
رکھتا تھا کہ مجھے حساب دینا پڑیگا۔ اب وہ تو پسندیدہ عیش میں

فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝ قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ ۝ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا
عالیشان باغ میں ہوگا جسکے پھل جھکے ہوئے ہونگے (اُن سے کہا جائیگا کہ) گزشتہ دنوں میں جو جو کچھ تم

بِمَا أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝ وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ
پہلے کر چکے ہو اُسکے عوض میں اب مزے سے کھاؤ پیو۔ اور رہا وہ جسکا نوشتہ اُسکے بائیں ہاتھ میں

بِشِمَالِهِ ۙ فَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُوتَ كِتَابِيَهْ ۝ وَلَمْ أَدْرِ مَا
دیا جائیگا تو وہ کہیگا کاش میرا نوشتہ ہی مجھے نہ دیا گیا ہوتا۔ اور میں جانتا ہی نہیں کہ

حِسَابِيَهْ ۝ يَا لَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۝ مَا أَغْنَىٰ عَنِّي
میرا حساب کیا ہے؟ اے کاش موت نے فیصلہ ہی کر دیا ہوتا۔ میرا مال تو میرے کچھ بھی کام

مَالِيَهْ ۝ هَلَكَ عَنِّي سُلْطَانِيَهْ ۝ خُذُوهُ فَغُلُّوهُ ۝ ثُمَّ
نہ آیا۔ میری سلطنت بھی مجھ سے جاتی رہی (حکم ہوگا کہ) اِسکو پکڑو پھر اِسکے گلے میں طوق ڈالو۔ پھر

الْجَحِيمَ صَلُّوهُ ۝ ثُمَّ فِي سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا
اِسکو جہنم میں جھونک دو۔ پھر ایک ایسی زنجیر میں جسکا طول ستر ہاتھ کا ہو اِسے

فَاسْلُكُوهُ ۝ إِنَّهُ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ ۝ وَلَا يَحُضُّ
جکڑ دو۔ یہی ہے وہ جو خدائے بزرگ پر ایمان نہ لاتا تھا۔ اور نہ مسکین کے

عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ۝ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هَاهُنَا حَمِيمٌ ۝
کھلانے پر آمادہ کرتا تھا۔ سو آج نہ تو اِسکا یہاں کوئی دلسوز دوست ہے

وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِينٍ ۝ لَا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْخَاطِئُونَ ۝
اور نہ پیپ کے سوا کوئی اور کھانا جسکو گنہگاروں کے سوا کوئی اور نہ کھائیگا

فَلَا أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ ۝ وَمَا لَا تُبْصِرُونَ ۝ إِنَّهُ لَقَوْلُ
پس مجھے اُن (چیزوں) کی بھی قسم ہے جو تم دیکھتے ہو اور اُنکی بھی جو تم نہیں دیکھتے۔ یقیناً یہ عزت دار

رَسُولٍ كَرِيمٍ ۝ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۚ قَلِيلًا مَا تُؤْمِنُونَ ۝
رسول کا قول ہے۔ اور یہ کسی شاعر کی بات نہیں ہے۔ تم لوگ کسقدر کم ایمان لاتے ہو۔

ع ۱ ۳۷ ۵

وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ۝ تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ
اور نہ یہ کسی کاہن کی خیال بندی ہے کس قدر کم تم لوگ نصیحت حاصل کرتے ہو۔ یہ (قرآن) تو تمام عالموں کے پروردگار
الْعَالَمِينَ ۝ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ ۝ لَأَخَذْنَا
کی طرف سے اتارا ہوا ہے۔ اور اگر (رسول) ہماری برخلاف کچھ باتیں بنا لیتے تو ہم اپنی قدرت سے ان کو
مِنْهُ بِالْيَمِينِ ۝ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ ۝ فَمَا مِنكُم
گرفتار کرتے۔ پھر ہم ان کی شہ رگ کاٹ دیتے تو تم میں سے کوئی
مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ ۝ وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ ۝
اُنکی طرف سے دفع کرنیوالا نہ ہوتا۔ اور یہ پرہیزگاروں کے لیے ضرور نصیحت ہے۔
وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنكُم مُّكَذِّبِينَ ۝ وَإِنَّهُ لَحَسْرَةٌ عَلَى
اور یہ بھی ہم جانتے ہیں کہ تم میں سے کچھ جھٹلانیوالے بھی ہیں۔ اور اس میں شک نہیں کہ یہ کافروں کے لیے
الْكَافِرِينَ ۝ وَإِنَّهُ لَحَقُّ الْيَقِينِ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ۝ ع ۲ ۱۵ ۶
حسرت ہے۔ اور یہ قطعاً سچ ہے۔ پس (اے رسول) تم اپنے عظمت والے پروردگار کے نام کی تسبیح کرتے رہو

سُورَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعٌ وَأَرْبَعُونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ ۝ لِّلْكَافِرِينَ لَيْسَ لَهُ
ایک سوال کرنیوالے نے بڑے درجوں والے خدا سے ایسے عذاب کا سوال کیا جو کافروں کے لیے واقع ہوتا رہتا ہے
دَافِعٌ ۝ مِّنَ اللَّهِ ذِي الْمَعَارِجِ ۝ تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ
اور اسکا دفع کرنیوالا کوئی نہیں ہو سکتا۔ فرشتے اور روح اسکی حضور میں (حاضر
وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ
ہوتے ہیں) ایک ایسے دن میں جس کا اندازہ پچاس ہزار برس ہوگا چڑھ جاتے ہیں۔

سَنَةٍ ۝ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيلًا ۝ إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيدًا ۝

اب تم نہایت خوبی کے ساتھ برداشت کرتے رہو۔ یہ لوگ تو اُس (قیامت) کو دور سمجھتے ہیں۔

وَنَرَاهُ قَرِيبًا ۝ يَوْمَ تَكُونُ السَّمَاءُ كَالْمُهْلِ ۝ وَتَكُونُ الْجِبَالُ

اور ہم اُسکو قریب ہی دیکھتے ہیں۔ جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی مانند ہو جائیگا اور پہاڑ دھنکی ہوئی اُون کی

كَالْعِهْنِ ۝ وَلَا يَسْأَلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا ۝ يُبَصَّرُونَهُمْ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ

مانند ہو جائینگے اور آنکھوں دیکھتے کوئی دوست کسی دوست کی بات نہ پوچھیگا اور گنہگار یہ آرزو کریگا کہ وہ اُس دن کے

لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ ۝ وَصَاحِبَتِهِ وَ

عذاب سے بچنے کے لیے اگر ہو سکے تو اپنے بیٹوں کو اور اپنی بی بی کو اور اپنے بھائی کو اور اپنے کنبے کو جو

أَخِيهِ ۝ وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ ۝ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ

اُسے اپنے ساتھ رکھتا تھا اور زمین (بھر) میں جو (جو) ہیں اُن سب کو بطور فدیہ کے دیدے پھر وہ سب (فدیہ)

جَمِيعًا ثُمَّ يُنْجِيهِ ۝ كَلَّا إِنَّهَا لَظَىٰ ۝ نَزَّاعَةً لِلشَّوَىٰ ۝

اُسے (اُس عذاب سے) محفوظ رکھے (تو) ہرگز ایسا نہوگا۔ وہ (جہنم کی آگ) تو بھڑکتا ہوا شعلہ ہے جو کھال کو (جھلس کر)

تَدْعُو مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّىٰ ۝ وَجَمَعَ فَأَوْعَىٰ ۝ إِنَّ الْإِنْسَانَ

اُدھیڑ دیگا۔ یہ (جہنم) اُن لوگوں کو بلاتی ہوگی جنہوں نے پیٹھ پھیری اور روگردانی کی اور مال جمع کیا پھر اُسے (بخل سے) روک رکھا۔

خُلِقَ هَلُوعًا ۝ إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ۝ وَإِذَا مَسَّهُ

بیشک انسان حریص پیدا کیا گیا ہے جب اُسپر کوئی تکلیف پڑتی ہے تو بڑا گھبرا جانیوالا ہے اور جب اُسے دولت ملجاتی ہے

الْخَيْرُ مَنُوعًا ۝ إِلَّا الْمُصَلِّينَ ۝ الَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ

تو بڑا روکنے والا ہے۔ ہاں وہ نماز پڑھنے والے اُس سے مستثنیٰ ہیں جو اپنی نمازوں پر قائم

دَائِمُونَ ۝ وَالَّذِينَ فِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَعْلُومٌ ۝

رہنے والے ہیں۔ اور وہ لوگ جن کے مالوں میں مانگنے والوں اور نہ مانگنے والوں کا ایک

لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ ۝ وَالَّذِينَ يُصَدِّقُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ ۝

مقررہ حق ہے۔ اور وہ لوگ جو فیصلے کے دن کو سچا جانتے ہیں

وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ اِنَّ
اور وہ لوگ جو اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرانیوالے ہیں بیشک اُنکے پروردگار
عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ
کا عذاب ایسی چیز نہیں ہے کہ اُس سے بیخوف ہو جائیں۔ اور وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کو اپنی
حٰفِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ
بیبیوں یا اپنی لونڈیوں کے سوا اوروں سے محفوظ رکھنے والے ہیں کہ اُس صورت میں
فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ
اُن کو کوئی ملامت نہیں کیجاسکتی۔ پس جو اُس کے سوا کا خواستگار ہو تو ایسے ہی لوگ تو حد سے
هُمُ الْعٰدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝
بڑھ جانیوالے ہیں۔ اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں کی اور اپنے عہد کی رعایت کرنیوالے ہیں
وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى
اور وہ لوگ جو اپنی گواہیوں پر قائم ہیں۔ اور وہ لوگ جو اپنی نمازوں کی
صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ۝ ع ۱
حفاظت کرتے ہیں۔ ایسے ہی لوگ تو جنتوں میں عزت پائینگے۔
فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ۝ عَنِ الْيَمِيْنِ وَ
پس ان کافروں کو کیا ہو گیا ہے کہ ان کی ٹولیاں کی ٹولیاں داہنے سے اور بائیں سے
عَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ ۝ اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّدْخَلَ
تمہاری طرف دوڑی چلی آتی ہیں۔ کیا ان میں سے ہر شخص یہ خواہش رکھتا ہے کہ اُسے نعمت والی جنت میں
جَنَّةَ نَعِيْمٍ ۝ كَلَّا ۭ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ فَلَآ
داخل کر دیا جائے۔ ہرگز ایسا نہوگا۔ ہمنے انکو اُس چیز سے پیدا کیا ہے جسکو یہ جانتے ہیں پس مشرقوں
اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ۝ عَلٰٓى اَنْ
اور مغربوں کے پروردگار کی قسم ہم اس بات پر ضرور قادر ہیں کہ انکے بدلے میں ان سے بہتر

نُبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ ○ فَذَرْهُمْ

نے آئیں اور (اس بارے میں) ہم سے کوئی بازی نہیں لے جا سکتا۔ اب تم ان کو جھوڑ دو کہ

يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ ○

یہ باتیں بناتے رہیں اور کھیلتے (کودتے) رہیں تا آنکہ اُس دن سے مڈبھیڑ ہو جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلَىٰ نُصُبٍ

اُس دن یہ (اپنی اپنی) قبروں سے نکل کر (اس طرح) بھاگتے ہونگے گویا جھنڈوں کی طرف چلے

يُوفِضُونَ ○ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۚ ذَٰلِكَ

جا رہے ہیں۔ ان کی آنکھیں نیچی ہونگی اور ذلت ان پر چھائی ہوئی ہوگی۔ (اور ان سے یہ

الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ ○ ع ۲ ۹ ۸

کہا جائیگا کہ) یہی وہ دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جایا کرتا تھا۔

سورۃ نوح مکیۃ وھی ثمان وعشرون اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ أَنْ أَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ

بالتحقیق ہم نے نوح کو اُن کی قوم کی طرف (اس حکم کے ساتھ) بھیجا کہ تم اپنی قوم کو قبل اس کے کہ

قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي لَكُمْ

اُن پر دردناک عذاب آئے ڈراؤ۔ اُنہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم بیشک میں تمہارے لئے

نَذِيرٌ مُّبِينٌ ○ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ وَأَطِيعُونِ ○

ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں کہ تم اللہ کی عبادت کیا کرو اور اُس سے ڈرا کرو اور میرا کہنا مانتے رہو۔

يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ إِنَّ

کہ وہ تمہارے بعض گناہ بخشدیگا اور وہ معینہ مدت تک تم کو مہلت دیگا۔ بیشک جب



اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ قَالَ

خدا کا مقرر کیا ہوا وقت آجاتا ہے تو وہ ہٹایا نہیں جاتا۔ کاش تم اسی سمجھ لیتے (پھر نوحؑ نے) عرض کی

رَبِّ اِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ۝ فَلَمْ يَزِدْهُمْ

اے میرے پروردگار میں نے اپنی قوم کو رات اور دن بلایا مگر میرے بلانے نے انکو کچھ فائدہ نہ

دُعَآءِيْٓ اِلَّا فِرَارًا ۝ وَاِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ

پہنچایا ہو اسکے کہ (مجھ سے) اور زیادہ بھاگے اور جب بھی میں نے اُن کو اس غرض سے بلایا کہ تو انکے گناہ معاف کردے

جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَ

تو انہوں نے اپنے (اپنے) کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیں اور اپنے کپڑے اوڑھ لیے اور اپنی بات پر

اَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝ ثُمَّ اِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ

اڑے رہے اور حد سے بڑھکر تکبر کیا۔ پھر میں نے انکو کھلم کھلا

جِهَارًا ۝ ثُمَّ اِنِّيْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ۝

بلایا۔ پھر میں نے اُن کے لیے اپنی دعوت کا اعلان کیا اور خفیہ خفیہ بھی انسے راز میں باتیں کیں

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۝ يُّرْسِلِ

اور یہ کہا کہ تم اپنے پروردگار سے مغفرت مانگو بیشک وہ بڑا بخشنے والا ہے۔ جو آسمان سے تم پر

السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۝ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ

موسلا دھار پانی برساتا ہے۔ اور مال و اولاد سے تمہاری مدد فرماتا ہے

وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۝ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ

اور تمہارے لیے باغات پیدا کرتا ہے اور تمہارے لیے نہریں جاری کرتا ہے تمہیں ہو کیا گیا ہے کہ تم خدا

لِلّٰهِ وَقَارًا ۝ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ۝ اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ

کی عزت نہیں کرتے۔ حالانکہ اُسنے تم کو طرح طرح کا پیدا کیا ہے۔ کیا تمنے یہ نہیں دیکھا کہ خدا تعالےٰ

خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۝ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ

نے سات آسمانوں کو تو بر تو پیدا کیونکر کیا ہے۔ اور اُن میں چاند کو روشن کیا

وقف لازم

[1] یدرسل ... تا ... بنین بتقسیر صافی میں ہے کہ جب انکو خدا کے دین کی طرف بہت بلایا گیا اور انکا اصرار بڑھتا گیا تو قحط سالی سے مبتلا کیے گئے۔ پھر جب توبہ و استغفار کی تو بارش اور اولاد کی کثرت سے نوازے گئے۔ یہ سب باتیں خدا تعالےٰ کی قدرت اور اسکی حکمت کی کامل دلیل ہیں۔

الا تقربوا (۱۱ تا ۱۳ تمہ ۱۲)

نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝ وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ
اور سورج کو ایک چراغ بنادیا۔ اور اللہ نے زمین سے تم کو پیدا اس طرح کیا ہے جیسا کہ
نَبَاتًا ۝ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ
پیدا کرنیکا حق ہے۔ پھر وہ اسی میں تم کو لوٹا دیگا اور ایک دفعہ (اسی سی) تم کو نکال لیگا۔ اور اللہ نے زمین کو
لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ۝ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ۝ ع ۱۰ ۹
تمہارے لیے فرش بنایا ہے۔ تاکہ تم اس کے چوڑے چوڑے راستوں میں چلو پھرو (پھر)
قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ
نوح نے عرض کی اے میرے پروردگار انہوں نے میری نافرمانی کی اور اس شخص کی پیروی کی جسکے مال اور اولاد نے
وَوَلَدُهٗٓ اِلَّا خَسَارًا ۝ وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ۝ وَقَالُوْا
اس کا نقصان ہی بڑھایا۔ اور یہ بڑی بڑی چالیں چلے۔ اور انہوں نے یہ کہا کہ
لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا
تم اپنے خداؤں کو نہ چھوڑنا اور تم نہ وَدّ کو چھوڑنا اور نہ سواع کو اور نہ یغوث
يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ۝ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ
و یعوق و نسر کو۔ اور انہوں نے بہت سوں کو گمراہ کیا۔ اور (اے پروردگار) انکی
الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ۝ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا
ہلاکت ہی زیادہ کیجو۔ (چنانچہ) اپنے گناہوں کے سبب سے وہ ڈبو دیے گئے اور جہنم میں
نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ۝ وَقَالَ نُوْحٌ
جھونک دیے گئے۔ پھر اللہ کے سوا انہوں نے اپنے مددگار نہ پائے۔ اور نوح نے عرض کی
رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ۝ اِنَّكَ اِنْ
اے میرے پروردگار روئے زمین پر کافروں میں سے ایک کو بھی نہ چھوڑ بیشک اگر تو نے انکو
تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝
باقی رکھا تو یہ تیرے بندوں کو گمراہ کرینگے اور انکی اولاد سوائے گنہگار کافر کے اور کچھ نہ ہوگی۔

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّ
اے میرے پروردگار تو مجھ (بھی) بخشدے اور میرے ماں باپ کو بھی اور ہر اُس شخص کو جو حالت ایمان میں میرے
لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ۝ ع
گھر میں آئے اور تمام ایماندار مردوں اور ایماندار عورتوں کو بھی اور ظالموں کی حق میں تو تباہی کو اور مجھ بڑھیا

سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٍ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا
تم یہ کہدو کہ میری طرف وحی کی گئی ہے کہ جنوں میں سے کچھ لوگوں نے کان لگا کر سُنا پھر یہ کہا کہ بیشک ہمنے عجیب
سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ
کتاب سُنی ہے (جو) نیکی کی طرف ہدایت کرتی ہے پس ہم اُس پر ایمان لے آئے۔

وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ
اور ہم اپنے پروردگار کا کسی کو ہرگز شریک نہ کرینگے۔ اور ہمارے پروردگار کی شان بہت بڑی ہے اُسنے نہ کوئی جورو
صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ
اختیار کی اور نہ کوئی بیٹا (بنایا) اور بیشک ہم میں سے احمق خدا کے برخلاف لغو بکا کرتا
شَطَطًا ۝ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى
تھا اور ہمنے گمان کیا تھا کہ آدمی اور جن خدا کی برخلاف (اُسکی لیے شریک قرار دینمیں) ہرگز جھوٹ
اللّٰهِ كَذِبًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ
نہ کہینگے۔ اور ضرور آدمیوں میں سے کچھ لوگ جنوں میں سے بعض لوگوں کی
بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۝ وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا
پناہ چاہتے تھے جس نے جنوں کی سرکشی بڑھادی اور بیشک وہ بھی یہی گمان کیا کرتے تھے

ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَبْعَثَ اللَّهُ أَحَدًا ۝ وَأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَاءَ

جیسا کہ تم گمان کرتے ہو کہ اللہ کسی کو ہرگز مبعوث نہ کریگا۔ اور ضرور ہم نے آسمانوں کو چھوا تو ہم نے

فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيدًا وَشُهُبًا ۝ وَأَنَّا كُنَّا

اُسکو بڑی قوی نگہبانوں اور شہابوں سے بھرا ہوا پایا۔ اور ہم سننے کے لیے اُسکے

نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۖ فَمَن يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا

بعض مقامات میں جا بیٹھا کرتے تھے۔ مگر اب کوئی جاکر سننا چاہے تو اپنے لیے شعلے کو تیار

رَّصَدًا ۝ وَأَنَّا لَا نَدْرِي أَشَرٌّ أُرِيدَ بِمَن فِي الْأَرْضِ أَمْ

پائیگا۔ اور ہم یہ بھی نہیں جانتے کہ جو لوگ زمین میں ہیں اُن کی نسبت کسی بدی کا ارادہ کیا گیا ہے

أَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۝ وَأَنَّا مِنَّا الصَّالِحُونَ وَمِنَّا

یا اُنکے پروردگار نے اُنکی بہتری میں کسی نیکی کا ارادہ کیا ہے۔ اور یہ کہ ہم میں سے کچھ تو نیک ہیں اور اُن میں سے کچھ

دُونَ ذَٰلِكَ ۖ كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا ۝ وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن

اُس کے علاوہ ہم میں ہی کئی طریقے کے فرقے ہیں۔ اور یہ ہم کو بھی یقین ہے کہ نہ ہم زمین میں

نُّعْجِزَ اللَّهَ فِي الْأَرْضِ وَلَن نُّعْجِزَهُ هَرَبًا ۝ وَأَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا

خدا کو ہرا سکینگے اور نہ بھاگ کر اُس کو عاجز کر سکینگے۔ اور ہم نے جب بھی ہدایت سُنی ہم

الْهُدَىٰ آمَنَّا بِهِ ۖ فَمَن يُؤْمِن بِرَبِّهِ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَلَا

اُسپر ایمان لے آئے۔ پھر جو اپنے پروردگار پر ایمان لایا تو نہ اُسے کسی نقصان کا خوف ہے اور نہ عذاب

رَهَقًا ۝ وَأَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُونَ وَمِنَّا الْقَاسِطُونَ ۖ فَمَنْ

کا۔ اور ضرور ہم میں سے کچھ فرمانبردار ہیں اور ہم میں سے کچھ نافرمان۔ پس جو

أَسْلَمَ فَأُولَٰئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ۝ وَأَمَّا الْقَاسِطُونَ

فرمانبردار ہوا تو ایسے ہی لوگ تو سیدھے راستے پر چلے۔ اور رہے نافرمان تو وہی

فَكَانُوا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ۝ وَأَن لَّوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ

جہنم کے کندے بنے۔ اور جو یہ سیدھے راستے پر قائم رہتے

لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ۙ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ۭ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ
تو ہم انکو بکثرت پانی سے سیراب کرتے تاکہ ہم اُس میں انکی آزمائش کریں اور جو شخص اپنے پروردگار کی
ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ۝ وَاَنَّ الْمٰسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا
یاد سے روگرداں ہوگا وہ اُسکو سخت عذاب میں داخل کریگا۔ اور ضرور مسجدیں اللہ ہی کیلیے
تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ
مخصوص ہیں پس تم اللہ کے ساتھ کسی اور کو نہ پکارو۔ اور ضرور جب خدا کا بندہ اُسکی عبادت کیلیے کھڑا ہوا تو لوگ
كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ ع ۱۹ ۱۱
ہجوم کرکے اُسکو گھیر لیتے ہیں۔ تم کہدو کہ سوائے اِس کے نہیں ہے کہ میں تو اپنے پروردگار کی
اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ۝ قُلْ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا
عبادت کرتا ہوں اور کسی کو اُسکا شریک نہیں ٹھہراتا۔ تم کہدو کہ میں تمہارے لیے کسی ضرر کا اختیار رکھتا ہوں اور نہ
رَشَدًا ۝ قُلْ اِنِّىْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ
کسی نفع کا۔ تم کہدو کہ مجھے اللہ کے مقابلے میں کوئی شخص ہرگز پناہ نہ دیگا۔ اور میں اُسکے سوا
اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۝ اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ۭ وَ
پناہ کی کوئی جگہ ہرگز نہ پاؤنگا۔ سوائے اِس کے کہ میں خدا کی طرف سے پہنچادوں اور اُسکے پیغاموں
مَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ
کو ادا کردوں۔ (کہ میرے لیے یہی ہے) اور جو اللہ کی اور اُسکے رسول کی نافرمانی کریگا تو اُسکے لیے آتش جہنم ہے جسمیں وہ
اَبَدًا ۝ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ
ہمیشہ ہمیشہ رہینگے۔ یہانتک کہ جب وہ اُسکو دیکھینگے جسکا اُن سے وعدہ کیا جاتا تھا تو وہ جان لینگے کہ مددگار کی
اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ۝ قُلْ اِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ
حیثیت سے کون زیادہ کمزور ہے اور تعداد کی حیثیت سے کون زیادہ کم ہے۔ تم کہدو میں نہیں جانتا کہ جسکا تم سے وعدہ
مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ اَمَدًا ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا
کیا جاتا ہے وہ نزدیک ہے یا میرا پروردگار اُسکی مدت بڑھادیگا۔ غیب کا جاننے والا وہی ہے پس اپنے

يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ

غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا سوا اُس شخص کے جسکو وہ رسولوں میں سے (علمِ غیب کی) منتخب کرلے کہ

يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ۝ لِّيَعْلَمَ

اُسکے آگے کی طرف سے اور پیچھے کی طرف سے نگہبان مقرر فرما دیتا ہے۔ تاکہ وہ یہ جان لے کہ انہوں نے اپنے

اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَ

پروردگار کے پیغام پہنچا دیئے اور جو کچھ اُن کے پاس ہے اُس سب پر خدا تعالےٰ حاوی

ع ٩ ١٢ ٢ اَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ۝

ہے اور ہر چیز کو اُسنے گن لیا ہے۔

سورۃ المزمل مکیۃ وھی عشرون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ اَوِ

اے چادر لپیٹنے والے (رسول) رات کو (نماز کیلئے) اٹھا کرو مگر کم۔ (یعنی) آدھی رات یا اُس میں

انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ

سے کچھ کم کردو۔ یا اُس پر کچھ بڑھالو اور قرآن مجید کو ٹھہر ٹھہر کر

تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ

پڑھا کرو۔ عنقریب ہم تم پر ایک سخت حکم نازل کرینگے۔ یقیناً رات کا اُٹھنا

نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ لَكَ فِي

بڑی سخت کوفت اور ذکر کا بہت ٹھیک وقت ہے۔ بیشک دن میں تمہارے

النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ

لیے بڑی فراغت ہے۔ اور تم اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کیا کرو اور سب طرف سے ٹوٹ کر اُسی کے

ایاتھا ٢٠ | رکوعاتھا ٢ | کلماتھا ٢٠٠ | حروفھا ٨٦٤

تَبْتِيلًا ۝ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ

ہو رہو۔ وہ مشرق اور مغرب کا مالک ہے اسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے پس تم

وَكِيلًا ۝ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا

اسی کو کارساز بنا لو۔ اور لوگ جو کچھ بھی کہتے ہیں اسپر صبر کرو اور انکو خوبی کے ساتھ

جَمِيلًا ۝ وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ

چھوڑ بیٹھو۔ اور مجھے ان جھٹلانیوالے صاحبان نعمت سے بدلا لینے کو چھوڑ دو اور انہیں تھوڑی سی

قَلِيلًا ۝ إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالًا وَجَحِيمًا ۝ وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ

مہلت دیدو۔ بیشک ہماری پاس بھاری بھاری بیڑیاں بھی ہیں اور جلانیوالی آگ بھی اور گلے میں پھنسنے والا کھانا بھی

وَعَذَابًا أَلِيمًا ۝ يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ

اور دردناک عذاب بھی (اس دن کو بھی) جس دن زمین اور پہاڑ لرزنے لگیں اور پہاڑ

الْجِبَالُ كَثِيبًا مَّهِيلًا ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا ۙ

ریت کے ٹیلے ہو جائیں۔ یقیناً ہم نے تم لوگوں کی طرف ایک رسول تمہاری حالت

شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُولًا ۝ فَعَصٰى

کی گواہی دینیوالا اسی طرح بھیجا ہے جس طرح ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجا تھا۔ پس فرعون نے

فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ فَأَخَذْنٰهُ أَخْذًا وَبِيلًا ۝ فَكَيْفَ تَتَّقُونَ

اس رسول کی نافرمانی کی تھی تو ہمنے بھی اسکو سخت وبال میں دھر پکڑا تھا۔ پھر اگر تم نے کفر کیا تو تم

إِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا ۝ السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ

اس دن سے کیونکر بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کر دیگا اور آسمان اس میں پھٹ پڑیگا

بِهٖ ۚ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُولًا ۝ إِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ

اور اسکا وعدہ پورا ہو کر رہیگا۔ یقیناً یہ ایک نصیحت ہے اب جو چاہے اپنے

شَاءَ اتَّخَذَ إِلٰى رَبِّهٖ سَبِيلًا ۝ إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ

پروردگار تک پہنچنے کیلیے راستہ اختیار کرلے۔ بیشک تمہارا پروردگار جانتا ہے کہ تم اور جو تمہارے

تَقُومُ أَدْنَىٰ مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ

ساتھ ہیں اُن میں کا ایک گروہ رات کی دو تہائی کے قریب اور کبھی آدھی رات تک اور کبھی ایک

الَّذِينَ مَعَكَ ۚ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ

تہائی رات تک نماز پڑھتے رہتے ہو۔ اور اللہ رات اور دن کا خوب اندازہ کرتا ہے۔ وہ یہ بھی جانتا ہے کہ تم اسکا (ٹھیک)

فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ ۚ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ

اندازہ کبھی نہ کرسکو گے پس اس نے (اپنی مہربانی سے) تم پر آسانی کردی اب قرآن میں سے جتنا میسر ہو پڑھ لیا کرو۔ وہ یہ بھی جانتا ہے کہ

مِنكُم مَّرْضَىٰ ۙ وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن

عنقریب تم میں سے بعض بیمار ہوجائینگے اور کچھ اور فضل خدا کی تلاش میں سفر کرینگے اور

فَضْلِ اللَّهِ ۙ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ

کچھ اور راہِ خدا میں لڑتے ہونگے پس جتنا اس میں سے آسان ہو پڑھ لیا کرو

مِنْهُ ۚ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا

اور (باقاعدہ) نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ کو قرض حسنہ دیتے رہو۔

حَسَنًا ۚ وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ

اور جو نیکی بھی اپنی ذات کے لیے (خدا کی حضور میں) پیش کروگے اللہ کے پاس اس سے بہتر

هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا ۚ وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٢٠﴾

اور اجر میں بڑھا ہوا پاؤ گے۔ اور اللہ سے مغفرت مانگتے رہو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔

ع ۲ ۱۴

سورۃ المدثر مکیۃ وھی ست وخمسون اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ﴿١﴾

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ﴿١﴾ قُمْ فَأَنذِرْ ﴿٢﴾ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ﴿٣﴾ وَثِيَابَكَ

اے کپڑا اوڑھنے والے (رسول)! اٹھو اور ڈراؤ اور اپنے پروردگار کی بڑائی بیان کرو۔ اور اپنے کپڑوں کو

ایاتھا ۵۶ | کلماتھا ۲۵۶ | حروفھا ۱۱۴۵ | رکوعھا ۲

فَطَهِّرْ ۝ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝ وَ

پاک کر ڈالو۔ اور میل کچیل کو دھو ڈالو۔ اور نیکی اس لیے نہ کیا کرو کہ (اس سے) زیادہ کی خواہش رکھو۔ اور

لِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝ فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ ۝ فَذَٰلِكَ يَوْمَئِذٍ

اپنے پروردگار کے لیے صبر کرو۔ پس جس وقت صور پھونکا جائیگا تو وہی دن تو

يَوْمٌ عَسِيرٌ ۝ عَلَى الْكَافِرِينَ غَيْرُ يَسِيرٍ ۝ ذَرْنِي وَمَنْ

کافروں پر سخت دن ہوگا۔ آسان نہوگا۔ مجھے اس سے سمجھ لینے دو

خَلَقْتُ وَحِيدًا ۝ وَجَعَلْتُ لَهُ مَالًا مَّمْدُودًا ۝

جسے میں نے اکیلا پیدا کیا۔ اور اسے بہت سا مال دیا۔

وَبَنِينَ شُهُودًا ۝ وَمَهَّدتُّ لَهُ تَمْهِيدًا ۝ ثُمَّ يَطْمَعُ أَنْ

اور اس کو سامنے رہنے والے بیٹے دیے۔ اور اسکے لیے بہت کچھ ساز و سامان بہم پہنچا دیا۔ پھر بھی وہ طمع رکھتا ہے کہ میں

أَزِيدَ ۝ كَلَّا ۖ إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا عَنِيدًا ۝ سَأُرْهِقُهُ صَعُودًا ۝

اور بڑھا دوں۔ ہرگز ایسا نہوگا وہ تو ہماری نشانیوں کا دشمن ہے۔ عنقریب میں اسے بلندی پر لیجاؤنگا۔

إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۝ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ

یقیناً اس نے غور کیا اور اندازہ کیا۔ پس وہ غارت کیا جائے اس نے کیسا اندازہ کیا؟ پھر وہ غارت کیا جائے اس نے کیسا

قَدَّرَ ۝ ثُمَّ نَظَرَ ۝ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۝ ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝

اندازہ کیا۔ پھر اس نے غور کیا۔ پھر اس نے تیوری چڑھائی اور منہ بنایا۔ پھر پیٹھ پھیری اور تکبر کیا۔

فَقَالَ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ ۝ إِنْ هَٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝

پھر یہ کہا کہ یہ کچھ بھی نہیں ہے مگر جادو جو پہلے سے چلا آیا ہے۔ یہ کچھ بھی نہیں ہے مگر کسی آدمی کا قول۔

سَأُصْلِيهِ سَقَرَ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ ۝ لَا تُبْقِي وَلَا

عنقریب میں اسے بھڑکتی ہوئی آگ میں پھینکونگا۔ اور تمکو کیا خبر ہے کہ بھڑکتی ہوئی آگ کیا ہے؟ وہ نہ کوئی چیز باقی رکھتی ہے

تَذَرُ ۝ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۝ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ۝ وَمَا جَعَلْنَا

نہ چھوڑتی ہے۔ آدمی کو جھلس کر سیاہ کر دینے والی ہے۔ اس پر انیس (فرشتے موکل) ہیں اور ہم نے جہنم کے داروغہ

اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً

سوائے فرشتوں کے اور کوئی نہیں کیے ہیں۔ اور ہمنے گنتی اُنکی نہیں مقرر کی ہے مگر اس لیے کہ کافروں کے

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ

واسطے آزمائش ہو تاکہ وہ لوگ جنکو کتاب دی گئی ہے یقین کرلیں اور جو ایمان لے آئے ہیں

اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَ

اُنکا ایمان اور بڑھ جائے۔ اور جن کو کتاب دی گئی ہے وہ اور ایمان لانیوالے شک نہ کریں اور

لِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ

تاکہ وہ لوگ جن کے دلوں میں نفاق کی بیماری ہے اور کفار یہ کہیں کہ اللہ نے اس مثل سے کیا غرض

بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ

رکھی ہے؟ اللہ جس سے چاہتا ہے یونہی توفیق ہدایت سلب کرلیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت

يَّشَآءُ ؕ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ۝ ع ۱ ۳۱ ۱۵

فرمادیا کرتا ہے۔ اور تمہارے پروردگار کے لشکروں کو سوائے اُسکے کوئی نہیں جانتا۔ اور یہ تو آدمی کے لیے صرف ایک نصیحت ہے

كَلَّا وَالْقَمَرِ ۝ وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ۝ وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ۝ اِنَّهَا

ہرگز نہیں قسم ہے چاندنی اور رات کی جبکہ وہ پیٹھ پھیرے اور صبح کی جبکہ وہ روشن ہو جائے بیشک وہ بڑی بڑی

لَاِحْدَى الْكُبَرِ ۝ نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ۝ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ

(نشانیوں) میں سے ایک بڑی (نشانی) ہے آدمیوں کے لیے ڈرانیوالی (خصوصاً) اُس کے لیے جو تم میں سے یہ چاہے کہ آگے بڑھ جائے یا پیچھے

يَتَاَخَّرَ ؕ ۝ كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ۝ اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ۝ مع ۱۶

رہجائے۔ ہر نفس جو کچھ کرچکا ہے اُسی کے بارے میں گروی ہے سوائے داہنی طرف والوں کے۔

فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ۝

جو جنتوں میں گنہگاروں سے یہ دریافت کرتے ہونگے کہ تم کو بھڑکتی آگ میں کس چیز نے پہنچا دیا؟

قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۝ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۝ وَ

وہ کہینگے کہ ہم نہ تو نمازیوں میں سے تھے اور نہ ہم مسکین کو کھانا کھلایا کرتے تھے اور ہم

كُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ۝ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ ۝
باطل میں گھس پڑنیوالوں کیساتھ گھس پڑا کرتے تھے۔ اور ہم فیصلے کے دن کو جھٹلایا کرتے تھے۔
حَتَّىٰ أَتَانَا الْيَقِينُ ۝ فَمَا تَنفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ ۝
یہانتک کہ ہم کو موت آگئی۔ پس شفاعت کرنیوالوں کی شفاعت اُن کے کچھ کام نہ آئیگی۔
فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِينَ ۝ كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنفِرَةٌ ۝
اب انہیں کیا ہوگیا ہے کہ وہ نصیحت سے اسی طرح روگردانی کرنیوالے ہیں۔ گویا وہ وحشی گدھے ہیں
فَرَّتْ مِن قَسْوَرَةٍ ۝ بَلْ يُرِيدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَن يُؤْتَىٰ
جو شیر سے بھاگتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ اُن میں سے ہر شخص چاہتا ہے کہ اسے کھلی ہوئی
صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ۝ كَلَّا ۖ بَل لَّا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ ۝ كَلَّا إِنَّهُ
کتابیں دیدی جائیں۔ ایسا ہرگز نہوگا۔ بلکہ وہ آخرت ہی سے نہیں ڈرتے۔ ہرگز ایسا نہوگا یہ تو
تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَن شَاءَ ذَكَرَهُ ۝ وَمَا يَذْكُرُونَ إِلَّا أَن
ایک نصیحت ہے۔ اب جو چاہے اسے یاد رکھے۔ اور اگر اللہ نہ چاہیگا تو اُن کو
يَشَاءَ اللَّهُ ۖ هُوَ أَهْلُ التَّقْوَىٰ وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۝
یاد ہی نہوگی۔ وہی اس بات کا اہل ہے کہ اُس سے ڈرا جائے اور وہی بخشنے کا اہل ہے۔

سُورَةُ الْقِيَامَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعُونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ ۝ وَلَا أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝
قسم کھاتا ہوں میں قیامت کے دن کی اور قسم کھاتا ہوں میں ملامت کرنیوالے نفس کی۔
أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَلَّن نَّجْمَعَ عِظَامَهُ ۝ بَلَىٰ قَادِرِينَ
کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ ہم اُسکی ہڈیاں جمع نہ کرینگے؟ ہاں (ہاں) ہم اسپر قادر ہیں کہ

عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ۝ بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۝

اسکی پور پور (پھر سے) ٹھیک (ٹھیک) بنادیں۔ بات یہ ہے کہ انسان (کافر) چاہتا ہے کہ آئندہ بھی بدکاری کرتا رہے

يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ۝ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝

پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب آئیگا؟ تو جب آنکھیں چوندھیا جائینگی اور چاند کو گہن لگ جائیگا۔

وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ

اور سورج اور چاند جمع کردیے جائینگے۔ انسان اُس دن کہیگا کہ اب بھاگنے کی جگہ کہاں

الْمَفَرُّ ۝ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ نِ الْمُسْتَقَرُّ ۝ يُنَبَّؤُا

ہے؟ ہرگز نہیں کوئی ٹھکانا نہیں ہے۔ اُس دن تو قرار لینے کی جگہ تمہارے پروردگار ہی کی حضور میں ہے۔ اُس دن انسان

الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝ بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ

کو وہ سب کچھ جتلایا جائیگا جو وہ پہلے کرچکا ہے اور پیچھے ڈال چکا ہے بلکہ انسان اپنے نفس کا بڑا دیکھنے والا

بَصِيْرَةٌ ۝ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ۝ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ

ہے۔ گو وہ اپنے عذر پیش کیا کرے۔ تم اس کے ساتھ اپنی زبان کو اس غرض سے حرکت

لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ

نہ دو کہ اُسے جلد ادا کرلو بیشک اُسکا جمع کرنا اور اُسکا پڑھا دینا ہمارے ذمہ ہے۔ پھر جب ہم اُسے پڑھا دیں تو تم اُسے

قُرْاٰنَهٗ ۝ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ۝ وَ

پڑھتے رہنا۔ پھر اُسکا واضح کردینا بھی ہمارے ہی ذمہ ہے۔ ہرگز نہیں (عذر بیکار ہے) بات یہ ہے کہ تم لوگ دنیا کو پسند کرتے ہو۔ اور

تَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ۝ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝

آخرت کو چھوڑے بیٹھے ہو۔ کچھ چہرے تو اُس دن چمکتے ہونگے اپنے پروردگار (کی نعمتوں) کی طرف دیکھتے ہونگے

وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ۝ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ۝ كَلَّا

اور کچھ چہرے اُس دن اُداس ہونگے اور یہ گمان کرتے ہونگے کہ کمر توڑنیوالی مصیبت ہم پر پڑیگی۔ یہی نہیں ہے

اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۝ وَقِيْلَ مَنْ رَاقٍ ۝ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ۝

جبکہ سانس ہنسلی تک پہنچیگی اور کہا جائیگا کہ کوئی جھاڑ پھونک کرنیوالا ہے اور وہ (مرنیوالا) سمجھیگا کہ اب جدائی ہے

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ۝ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۨالْمَسَاقُ ۝ ع ۱ ۳۰ ۱۷

اور پنڈلی پر پنڈلی لپٹیگی تیری پروردگار کی حضور میں جانیکا وہی دن ہے۔

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ۝ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝ ثُمَّ ذَهَبَ

پس نہ اُسنے تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی بلکہ جھٹلایا اور منہہ موڑا۔ پھر وہ اپنے اہل وعیال

اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ۝ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۝ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ

کی طرف اکڑتا ہوا گیا۔ افسوس ہو تیرے لیے پھر افسوس ہے پھر افسوس ہے تیرے لیے پھر

فَاَوْلٰى ۝ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ۝ اَلَمْ يَكُ

افسوس ہے۔ کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ وہ یونہی چھوڑ دیا جائیگا۔ کیا وہ منی کا ایک نطفہ

نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ۝ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ۝

نہ تھا جو (رحم میں) ڈالا جاتا ہے پھر وہ بستہ خون ہو گیا پھر (خدا نے اُس سے) صورت کو پیدا کیا پھر ٹھیک

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝ اَلَيْسَ ذٰلِكَ

ٹھاک کر دیا پھر اُسی سے جوڑے کو پیدا کیا (یعنی) نر و مادہ کر دیا۔ کیا وہ اس پر قادر

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۝ ع ۲ ۱۰ ۱۸

نہیں ہے کہ مُردوں کو زندہ کر دے۔

سورۃ الدھر مکیۃ وھی احدی وثلثون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا

یقیناً انسان پر ایک ایسا وقت آیا ہے کہ وہ کوئی چیز ہی نہ تھا جو ذکر

مَّذْكُوْرًا ۝ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ

کیا جاتا۔ بیشک ہمنے انسان کو (زن و مرد کی) ملے ہوئے نطفے سے پیدا کیا

آیاتھا ۳۱ | کلماتھا ۲۴۶ | رکوعھا ۲ | حروفھا ۱۰۹۹

نَبْتَلِيهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيعًا بَصِيرًا ۝ إِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيلَ إِمَّا
کہ ہم اسکو آزمائیں پھر ہم نے اسکو سننے والا اور دیکھنے والا بنا دیا۔ بالتحقیق ہم نے اسکو ٹھیک راستہ بتا دیا اب یا تو
شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا ۝ إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِينَ سَلٰسِلَا۠ وَ
وہ شکر گزار ہوگا یا ناشکرا۔ یقیناً ہم نے منکروں کے لیے زنجیریں اور طوق اور بھڑکتی ہوئی
أَغْلٰلًا وَسَعِيرًا ۝ إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِنْ كَأْسٍ كَانَ
آگ تیار کر رکھی ہے۔ بیشک نیک لوگ اس پیالہ (شراب) میں سے پیئینگے جس میں
مِزَاجُهَا كَافُورًا ۝ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُونَهَا
کافور ملا ہوا ہوگا۔ (وہ ایک) ایسا چشمہ (ہی) جس میں سے خدا کے (خاص بندے پیئینگے اور جہاں
تَفْجِيرًا ۝ يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ
چاہینگے اسکو جاری کرلینگے۔ منتوں کو وہ پورا کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جسکی سختی ہر طرف
مُسْتَطِيرًا ۝ وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهِ مِسْكِينًا وَ
پھیلی ہوگی۔ اور مسکین اور یتیم اور قیدی کو باوجود اس (کھانے) کی خواہش کے کھانا
يَتِيمًا وَأَسِيرًا ۝ إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيدُ مِنْكُمْ
کھلاتے ہیں۔ (اور یہ کہتے ہیں کہ) ہم تو تمکو محض خدا کی خوشنودی کیلئے کھانا کھلاتے ہیں نہ ہم تمسے کوئی بدلا
جَزَاءً وَلَا شُكُورًا ۝ إِنَّا نَخَافُ مِنْ رَبِّنَا يَوْمًا عَبُوسًا
چاہتے ہیں اور نہ شکریہ ہم تو اپنے پروردگار سے اس سخت دن کا خوف کرتے ہیں جس میں (کافروں کے)
قَمْطَرِيرًا ۝ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً
چہرے بگڑ جائینگے (اور) سکڑ جائینگے پس اللہ انکو اس دن کی سختی سے بچا لیگا اور انکو (صورت میں) تر و تازگی
وَسُرُورًا ۝ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوا جَنَّةً وَحَرِيرًا ۝ مُتَّكِـِٔينَ
اور (دلوں میں) خوشی عطا فرمائیگا۔ اور جیسا انہوں نے صبر کیا ہے اسکے عوض میں انکو بہشت اور ریشمی لباس عطا کریگا۔
فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ ۖ لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَلَا زَمْهَرِيرًا ۝
اس (جنتوں) میں تختوں پر تکیے لگائے ہوئے ہونگے نہ اس میں دھوپ دیکھینگے اور نہ (بہت) ٹھنڈی ہوا

۱۲ ع ۱۲ ع ۱۲ ع

وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ۝ وَ

(جسکی گرمی یا سردی سے اذیت ہو) اور اُن (درختوں کی) سائے اُنپر جھکے ہوئے ہونگے اور میووں کی خوشی اُنکے اختیار میں کردیے

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا ۝

جائینگے۔ اور اُن کے سامنے چاندی کے برتنوں اور شیشوں کے پیالوں کا دور چلیگا۔

قَوَارِيرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا ۝ وَيُسْقَوْنَ فِيهَا

یہ شیشے بھی چاندی کے ہونگے جنکا اُنہوں نے مناسب اندازہ کرلیا ہوگا۔ اور اُس (جنت) میں وہ (بہشتی لوگ)

كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيلًا ۝ عَيْنًا فِيهَا تُسَمّٰى

ایسی پیالہ (شراب) سے سیراب کیے جائینگے جس میں سونٹھ ملی ہوئی ہوگی۔ ایسی چشمہ کی جو اُس (بہشت) میں (موجود)

سَلْسَبِيلًا ۝ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ ۚ اِذَا

ہے جسکا نام سلسبیل رکھا گیا ہے۔ اور اُنکے پاس ہمیشہ رہنے والے لڑکے چکر لگاتے رہینگے۔ جب تم اُنکو

رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُورًا ۝ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ

دیکھوگے تو تم اُنکو بکھرے ہوئے موتی خیال کروگے۔ اور جب تم وہاں نظر اُٹھا کر دیکھوگے

رَاَيْتَ نَعِيمًا وَّمُلْكًا كَبِيرًا ۝ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ

تو کثیر نعمتیں اور بڑی سلطنت پاؤگے۔ اُنکے اوپر سبز مہین اور موٹے ریشمی کپڑے

وَّاِسْتَبْرَقٌ ۫ وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ

ہونگے۔ اور اُن (بہشتی لوگوں) کو چاندی کے کنگن پہنائے جائینگے۔ اور اُنکا مالک اُنکو پاک شراب

شَرَابًا طَهُورًا ۝ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ

پلائیگا۔ (اور یہ کہیگا کہ) یہ تو تمہارے لیے بدلہ ہے اور تمہاری سعی شکر گزاری (یا قدر) کے

مَّشْكُورًا ۝ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيلًا ۝ ع ۲۲ ۱۹

قابل ہے۔ بالتحقیق ہمنے قرآن مجید کو تم پر تھوڑا تھوڑا کرکے اُتارا۔

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُورًا ۝

پس تم اپنے پروردگار کے حکم کا انتظار کرو اور اُن میں سے کسی گنہگار یا ناشکرے کا کہنا نہ مانو۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ

اور صبح و شام اپنے پروردگار کا نام لیتے رہو۔ اور راتوں کو اُسے سجدے کیا کرو

وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ۝ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَ

اور بڑی رات تک اُسکی تسبیح پڑھا کرو۔ بیشک یہ لوگ دنیا کو تو دوست رکھتے ہیں اور

يَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ۝ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ

سخت دن کو اپنے پیچھے چھوڑے دیتے ہیں۔ ہمنے اُن کو پیدا کیا ہے اور ہمنے اُنکی خلقت

اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ

کو مضبوط کر دیا ہے۔ اور جب ہم چاہیں تو اُنہی جیسے اور بدل دیں۔ بیشک یہ ایک

تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ وَمَا تَشَآءُوْنَ

نصیحت ہے۔ پس جو چاہے اپنے رب کی حضور میں پہنچنے کے لیے رستہ اختیار کر لے۔ مگر جب تک خدا کی مرضی

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ يُّدْخِلُ

نہو گی تم ایسا چاہو گے ہی نہیں بیشک اللہ علم والا (اور) حکمت والا ہے جسکو چاہتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے۔ اور جو نافرمان ہیں اُنکے لیے اُسنے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

ع ۲ ۹ ۲۰

سورة المرسلٰت مكية وهي خمسون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۝ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۝

قسم ہے فرشتوں کی اُن جماعتوں کی جو احکام معروف دیکر بھیجی گئی ہیں پھر تیزی سے اُنکے پہنچانیوالے ہیں اور قسم ہے اُنکی جو (احکام ہدایت کو زمین میں)

فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۝ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۝ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۝

خوب پھیلانیوالے ہیں پھر (حق و باطل میں) خوب فرق کرنیوالے ہیں۔ پھر (انبیاء کے دل میں) نصیحت ڈالنیوالے ہیں حجت تمام کرنے اور ڈرانیکے لیے

آیاتها ۵۰ | رکوعاتها ۲ | کلماتها ۱۸۱ | حروفها ۸۴۶

اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۝ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۝ وَاِذَا السَّمَآءُ
جس چیز (یعنی قیامت) کا تمسے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور ہونیوالی ہے۔ پس جب ستارے مٹا دیے جائینگے اور جب آسمان

فُرِجَتْ ۝ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۝ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ۝
پھاڑ دیا جائیگا اور جب پہاڑ اڑا دیے جائینگے اور جبکہ رسول ایک وقت جمع کیے جائینگے

لِاَیِّ یَوْمٍ اُجِّلَتْ ۝ لِیَوْمِ الْفَصْلِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ
کو کس دن کیلئے (ان رسولوں) کو ڈھیل دی ہے؟ فیصلہ کے دن کیلئے۔ اور تم کیا سمجھے کہ فیصلے کا دن کیا ہے؟

الْفَصْلِ ۝ وَیْلٌ یَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ۝ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِیْنَ ۝
اس دن جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی۔ کیا ہمنے پہلوں کو ہلاک نہیں کیا؟

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِیْنَ ۝ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِیْنَ ۝ وَیْلٌ
پھر پچھلوں کو انکے پیچھے بھیجتے رہتے ہیں۔ ہم گناہگاروں کیساتھ ایسا ہی (معاملہ) کیا کرتے ہیں۔ اس دن جھٹلانیوالوں

یَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ۝ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ۝ فَجَعَلْنٰهُ
کی (بڑی) شامت آئیگی۔ کیا ہمنے تم کو ایک ذلیل پانی سے پیدا نہیں کیا؟ پھر ہمنے ایک معین اندازہ

فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ ۝ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ فَقَدَرْنَا ۟ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ۝
تک اسکو ایک محفوظ مقام میں رکھا۔ پھر ہم نے اندازہ کیا تو ہم کیسے اچھے اندازہ کرنیوالے ہیں۔

وَیْلٌ یَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ۝ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ۝ اَحْیَآءً
اس دن جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی۔ کیا ہمنے زمین کو زندہ اور مُردہ لوگوں کا مسکن نہیں

وَّاَمْوَاتًا ۝ وَّجَعَلْنَا فِیْهَا رَوَاسِیَ شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَیْنٰكُمْ مَّآءً
قرار دیا اور ہمنے اس میں اونچے اونچے اور بڑے بڑے پہاڑ قائم کر دیے اور ہمنے تمکو میٹھا (پینے کا) پانی

فُرَاتًا ۝ وَیْلٌ یَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ۝ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى مَا كُنْتُمْ
پلایا۔ اس دن (ان نعمتوں کی) جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی۔ (انکو کہا جائیگا کہ جس (عذاب) کو تم

بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِیْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ۝ لَّا
جھٹلایا کرتے اسکی طرف چلو۔ تین شاخ والے سائے کی طرف چلو جو نہ

ظَلِيلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ۝ اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ۝
ٹھنڈا ہے اور نہ آگ کی لپٹ سے بچائیگا۔ وہ آگ ایسی (بڑی بڑی) چنگاریاں پھینکتی ہوگی جیسے (بڑے بڑے) محل

كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ۝ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ هٰذَا
گویا وہ زرد اونٹ ہیں۔ اُس دن اِن جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی۔ یہی وہ دن ہوگا

يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ۝ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ۝ وَيْلٌ
(پریشانی کی ماری) بول نہ سکینگے اور نہ اُنکو اسکی اجازت دی جائیگی کہ وہ کچھ عذر معذرت کریں۔ اُس دن اِن

يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۚ جَمَعْنٰكُمْ
جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی۔ یہی تو فیصلے کا دن ہے (آج) ہم نے تم کو اور پہلوں کو اکٹھا

وَالْاَوَّلِيْنَ ۝ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ۝ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ
کرلیا ہے۔ اگر تمہیں کوئی چال چلنی آتی ہے تو وہ مجھ سے چلو۔ اُس دن اِن جھٹلانیوالوں کی (بڑی)

ع ۱ ۲۱ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ وَّفَوَاكِهَ
شامت آئیگی۔ بیشک پرہیزگار لوگ سایوں میں اور چشموں میں اور ایسے میووں میں (بسر کرینگے)

مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ۝ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝
جنکی وہ خواہش کرینگے۔ (اُنسے کہا جائیگا کہ) جو عمل نیک تم کیا کرتے تھے اُسکے عوض میں مزہ سے کھاؤ پیو۔

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝
ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں اُس دن اِن جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی (نیست و نابود ہونگے)

كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ۝ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ
کہا جاتا ہے کہ (اس دنیا میں) کھالو اور چند روز نفع اٹھالو کہ ضرور تم گنہگار ہو۔ اُس دن اِن جھٹلانیوالوں کی (بڑی)

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ۝ وَيْلٌ
شامت آئیگی۔ اور جب اُنسے کہا جاتا ہے کہ رکوع کرو تو وہ رکوع نہیں کرتے۔ اُس دن اِن

ع ۲ ۲۲ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ۝
جھٹلانیوالوں کی بڑی شامت آئیگی۔ پس اِس (قرآن) کے بعد وہ کونسی بات پر ایمان لائینگے؟

الجزء الثالث

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ
ان رسولوں میں سے بعض کو ہمنے بعض پر فضیلت دی

مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَ
ان میں سے ایسے بھی ہیں جنسے خدانے کلام کیا اور بعض کے درجے بڑھائے اور

اٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ
مریم کے بیٹے عیسٰے کو ہم نے کھلی نشانیاں دیں اور روح القدس کے ذریعہ سے

الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْ
اُنکی مدد کی اور اگر خدا کو منظور ہوتا تو وہ لوگ بعد اسکے کہ اُنکے پاس

بَعْدِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا
کھلی دلیلیں آچکی تھیں اُن پیغمبروں کے بعد نہ لڑتے لیکن اُنہوں نے اختلاف کیا

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ
پھر ان میں سے کوئی (تو) ایمان لایا اور کوئی اُن میں سے کافر ہو گیا اور اگر اللہ چاہتا تو وہ

ع ۳۳ ۵ ۱ مَا اقْتَتَلُوْا ۫ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝ يٰۤاَيُّهَا
نہ لڑتے لیکن اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ
ایمان لانیوالو جو کچھ ہمنے تمہیں دیا ہے اُسمیں سے کچھ (ہماری راہ میں) خرچ کرو قبل اسکے کہ وہ دن آجائے

يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ
جس میں نہ خریدی ہوگی نہ دوستی نہ سفارش اور منکر (جو ہیں)

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ
وہی ظالم ہیں اللہ (وہ ہے) جسکے سوا معبود نہیں زندہ (اور)

الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا
قائم ہے اُسکو نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ

آسمانوں میں اور زمین میں ہے اُسی کا ہے وہ کون ہے جو اُسکے اذن بغیر اُسکی

عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ

حضور میں شفاعت کرے وہ لوگوں کے آئندہ اور گزشتہ کا حال جانتا ہے

وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ

اور لوگ اُسکے علم کا کسی طرح احاطہ نہیں کر سکتے سوا اُسکے جتنا وہ چاہے اُسکی

كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ

کرسی آسمانوں کو اور زمین کو حاوی ہے اور ان دونوں کی حفاظت اُسے تھکاتی نہیں

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣ

اور وہ بلند مرتبہ (اور) صاحب عظمت ہے دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے

قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

یقیناً ہدایت گمراہی سے الگ ہو گئی پس جو شخص طاغوت کا منکر ہو

وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ

اور اللہ پر ایمان لائے اُسنے بیشک مضبوط رسّی پکڑلی

لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ

جو ٹوٹنے والی نہیں ہے اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے جو لوگ ایمان لائے اللہ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ

اُنکا حامی ہے اُنکو تاریکیوں سے نور کی طرف نکال لاتا ہے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗـــُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ

اور جو منکر ہو گئے اُنکے حامی کرنیوالا ہے ہیں جو اُنکو نور سے

مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

نکال کر تاریکیوں کی طرف لے جاتے ہیں اور بیشک تم رسولوں جہنمی ہیں

هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِي حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ

جس میں وہ (ہمیشہ) ہمیشہ رہینگے کیا تمنے اُسکو نہیں دیکھا جس نے ابراہیم سے اُنکے رب کے

فِي رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ

بارے میں حجت کی اس سے کہ خدا نے اُسے سلطنت دیدی تھی جسوقت ابراہیم نے یہ کہا کہ

رَبِّيَ الَّذِي يُحْيٖ وَيُمِيتُ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيتُ ؕ

میرا پروردگار وہ ہے جو جلاتا اور مارتا ہے اُسنے کہا کہ میں بھی جلاتا ہوں اور مارتا ہوں

قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِي بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ

ابراہیم نے کہا کہ خدا سورج کو مشرق کی طرف سے نکالتا ہے

فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِي كَفَرَ ؕ وَاللّٰهُ

تو اُسکو مغرب کی طرف سے نکال لا اسپر وہ کافر مبہوت ہو گیا اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ ۝ اَوْ كَالَّذِي مَرَّ

ظالم لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا یا مانند اُس شخص کے (تمنے نہیں دیکھا)

عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى

جو ایک بستی کے پاس سے گزرا اور وہ (بستی) اپنی چھتوں پر گری ہوئی پڑی تھی (اور دیکھکر) کہنے لگا

يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ

کہ اللہ اس بستی کو اسکے اُجاڑنیکے بعد کیونکر زندہ کریگا پس اللہ نے اُسکو سو برس کے لئے موت دی

عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا

پھر اُسکو زندہ کر دیا (اور) پوچھا کہ تم یہاں کتنے دن رہے؟ جواب دیا کہ ایک دن

اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ

یا ایک دن سے کم فرمایا (نہیں) بلکہ تم سو برس رہے ہو اب اپنے

اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ

کھانے اور پانی کو دیکھو کہ وہ سڑا اُبسا نہیں ہے اور اپنے

إِلَىٰ حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً لِّلنَّاسِ وَانظُرْ إِلَى
گدھے کی طرف دیکھو اور تاکہ ہم تمکو آدمیوں کے لئے ایک نشانی بنائیں اور ہڈیوں کی طرف
الْعِظَامِ كَيْفَ نُنشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا ۚ فَلَمَّا
دیکھو کہ ہم کس طرح اُنکو جوڑ دیتے ہیں پھر اُن پر گوشت چڑھاتے ہیں پس جسوقت یہ بات
تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝
اُنپر کھل گئی تو کہنے لگے کہ میں خوب جانتا ہوں کہ بیشک اللہ ہر شے پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے
وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَىٰ ۖ
اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ابراہیمؑ نے عرض کی تھی کہ اے میرے پروردگار مجھے دکھا دے کہ تو مُردوں کو کیونکر زندہ کیا کرتا ہے
قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِن ۖ قَالَ بَلَىٰ وَلَٰكِن لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي ۖ
فرمایا کیا تم ایمان نہیں لائے؟ عرض کی ایمان ضرور لایا ہوں لیکن اسلئے کہ میرا قلب مطمئن ہو جائے
قَالَ فَخُذْ أَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ
فرمایا تو چار پرندے لو پھر اُنکے ٹکڑے ٹکڑے کرکے ملا کے ہر ہر
عَلَىٰ كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِينَكَ سَعْيًا ۚ
پہاڑ پر اُنکا ایک ایک ٹکڑا ڈال دو پھر اُنکو بلاؤ وہ تمہارے پاس دوڑتے چلے آئینگے
وَاعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ مَّثَلُ الَّذِينَ ع ٣٥ ٣
اور یہ سمجھ لو کہ خدا زبردست (اور) حکمت والا ہے مثال اُنکی جو
يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنبَتَتْ
اپنا مال راہِ خدا میں صرف کرتے ہیں اُس دانے کی سی مثال ہے جو
سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ سُنبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَاللَّهُ يُضَاعِفُ
سات بالیں اُگائے کہ ہر بال میں سو دانے ہوں اور اللہ جسکے لئے چاہے
لِمَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ الَّذِينَ يُنفِقُونَ
بڑھا دیتا ہے اور اللہ صاحب وسعت و علم ہے جو لوگ اپنے مال

أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُونَ مَا أَنْفَقُوا

راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں پھر جو کچھ خرچ کر چکے اُسکے بعد احسان نہیں

مَنًّا وَلَا أَذًى لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا

جتاتے اور ایذا نہیں پہنچاتے اُنکے لئے اُنکے پروردگار کے پاس صلہ ہے اور اُنکو

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○ قَوْلٌ مَعْرُوفٌ

نہ خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہونگے نرم بات

وَمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِنْ صَدَقَةٍ يَتْبَعُهَا أَذًى ۗ وَاللَّهُ

اور درگزر اُس صدقے سے بہتر ہے جسکے بعد ایذا ہو اور اللہ

غَنِيٌّ حَلِيمٌ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُبْطِلُوا

بے نیاز (اور) بردبار ہے اے ایمان لانیوالو تم اپنے صدقات کو

صَدَقَاتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْأَذَىٰ كَالَّذِي يُنْفِقُ مَالَهُ

احسان جتانے سے اور ایذا دینے سے باطل نہ کرو مثل اُس شخص کی جو اپنا مال لوگوں کو

رِئَاءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۖ

دکھانیکے لئے صرف کرتا ہے اور اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا

فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَأَصَابَهُ

پس اُسکی مثال اُس چٹان کی سی ہے جسپر مٹی ہو پھر اُسپر زور کا مینہ پڑے

وَابِلٌ فَتَرَكَهُ صَلْدًا ۖ لَا يَقْدِرُونَ عَلَىٰ شَيْءٍ

اور اُسے صفا چٹ چھوڑ جائے اسی طرح جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے کچھ بھی اُسمیں سے

مِمَّا كَسَبُوا ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ○

نہ پائینگے اور اللہ منکر لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا

وَمَثَلُ الَّذِينَ يُنْفِقُونَ أَمْوَالَهُمُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ

اُن لوگوں کی مثل جو اپنے مال خدا کی خوشنودیاں حاصل کرنیکے لئے اور اپنی ذات کی

وَتَثْبِيتًا مِّنْ أَنفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ أَصَابَهَا
ثابت قدمی کی وجہ سے صرف کرتے ہیں اُس باغ کی سی ہے جو بلندی پر ہو اور اُسپر زور کا
وَابِلٌ فَآتَتْ أُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۖ فَإِن لَّمْ يُصِبْهَا
مینہ پڑے پھر وہ دوچند پھل دے پھر اگر زور کا مینہ اُسپر نہ پڑے
وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ أَيَوَدُّ
تو ہلکا (ہی سہی) اور اللہ تمہارے اعمال کا دیکھنے والا ہے کیا تم میں سے
أَحَدُكُمْ أَن تَكُونَ لَهُ جَنَّةٌ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ تَجْرِي
کوئی اسکو پسند کرتا ہے کہ اُسکا ایک باغ کھجوروں اور انگوروں کا ہو جسکے
مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ لَهُ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَأَصَابَهُ
نیچے نہریں بہتی ہوں جس میں اُسکے لئے ہر طرح کے پھل ہوں اور اُس (شخص) کو
الْكِبَرُ وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاءُ فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيهِ
بڑھاپا آئے اور اُسکے بچے (ابھی) کمزور ہوں پھر اُس باغ میں ایک بگولہ آجائے جس میں
نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ
آگ بھی ہو جس سے وہ (باغ) جلجائے اسی طرح اللہ تمہارے (نفع کے) لئے آیتیں کھولکر بیان کرتا ہے
لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا ع ٣٦ ٤
تاکہ تم غور و فکر کرو اے ایمان لانیوالو جو کچھ تم نے
مِن طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُم مِّنَ الْأَرْضِ
نیک کمائی کی ہے اور جو جو کچھ ہمنے تمہارے لئے زمین سے پیدا کیا ہے اُسمیں سے (راہ خدا میں) خرچ کرو
وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنفِقُونَ وَلَسْتُم
اور خراب چیز کو اس نیت سے کہ اُس میں سے (راہ خدا میں) خرچ کرو چھونا بھی نہیں حالانکہ تم خود اُسکے
بِآخِذِيهِ إِلَّا أَن تُغْمِضُوا فِيهِ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ
لینے کے روادار نہیں ہو۔ سوائے اسکے کہ اُسکے بارے میں چشم پوشی کرلو اور یہ سمجھ لو کہ اللہ

غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝ اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ

بے نیاز (اور) لائق حمد ہے شیطان تم کو فقر سے ڈراتا اور بیہودہ باتوں کی ترغیب

بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ

دیتا ہے اور اللہ اپنی طرف سے مغفرت اور فضل کا وعدہ کرتا ہے

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ

اور اللہ صاحب وسعت و علم ہے (وہ) جسکو چاہتا ہے حکمت عنایت فرماتا ہے

وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ؕ

اور جسکو حکمت دی گئی بالتحقیق اُسے (تو) بہت کچھ خیر و برکت دی گئی

وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ

حالانکہ سوائے عقلمندوں کے کوئی نصیحت نہیں حاصل کرتا اور جو کچھ (بھی) تمنے

مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ

(راہِ خدا میں) صرف کیا اور جو کچھ بھی تمنے منت مانی وہ اللہ کو ضرور معلوم ہے

وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ

اور ظالموں کا کوئی مددگار نہوگا اگر تم صدقات کو ظاہر کرو تو

فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ

وہ اچھا ہے اور اگر تم اُنکو چھپاؤ اور محتاجوں کو دو تو وہ تمہارے

فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ

حق میں اور بہتر ہے اور تمہاری بدیوں کا کفارہ ہوگا

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ

اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے آگاہ ہے (اے رسول) تمہارے ذمہ یہ نہیں ہے کہ تم اُنکو منزل مقصود

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ

تک پہنچا دو لیکن اللہ جسے چاہتا ہے منزل مقصود تک پہنچا دیتا ہے اور جو کچھ تم نیکی میں خرچ کرو گے

فَلِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ وَجْهِ اللّٰهِ ۭ

اُسکا نفع تمہارے ہی لئے ہوگا جس حال میں کہ تم سوائے خدا کی رضاجوئی کے اور کسی غرض سے صرف نہ کرو

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝

اور جو کچھ بھی تم نیکی میں خرچ کروگے وہ تمکو پورا پورا دیا جائیگا اور تمکو کچھ نقصان نہ پہنچایا جائیگا

لِلْفُقَرَاۗءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

تمہارے صدقات اُن محتاجوں کا حق ہیں جو راہ خدا میں محصور ہوگئے ہوں اور کسی طرف ملک میں

ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ۡ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَاۗءَ مِنَ

جا نہ سکتے ہوں ناواقف اُنکو اُنکی خود داری کی وجہ سے بے نیاز خیال

التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْـَٔـلُوْنَ النَّاسَ

کرتا ہے تم اُنکی علامتوں سے اُنہیں پہچان لوگے وہ لوگوں سے گڑگڑا کر سوال نہیں

اِلْحَافًا ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝

کرتے اور تم نیکی میں جو کچھ بھی خرچ کروگے اللہ اُس سے آگاہ ہے

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا

جو لوگ اپنے مال رات اور دن پوشیدہ اور ظاہر (راہ خدا میں) صرف کیا کرتے

وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

ہیں اُنکا اجر اُنکے پروردگار کے پاس ہے اور اُنکو نہ کوئی

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ

خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے جو لوگ سود کھاتے ہیں

الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ

وہ (قبر سے نکل کر) نہ کھڑے ہونگے مگر اُس شخص کی طرح جسکو شیطان نے

الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ

چھوکر مخبوط الحواس کردیا ہو یہ اس لئے کہ وہ کہتے تھے کہ معاملۂ بیع بھی

مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ

مثل سود کے ہے حالانکہ خدا نے بیع کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام قرار دیا ہے

فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ

پس جس شخص کے پاس اُسکے رب کی طرف سے نصیحت آئی اور وہ باز رہا تو جو کچھ پہلے گزر چکا وہ

وَاَمْرُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

اُسکے لئے (معاف) ہے اور اُسکا معاملہ خدا کے حوالے ہے اور جو پھر ایسا ہی کریں وہی دوزخی ہیں

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي

جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے اللہ تعالےٰ سود کو مٹا دیتا ہے اور صدقات کو

الصَّدَقٰتِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ۝ اِنَّ

بڑھاتا ہے اور اللہ کسی منکر گنہگار کو دوست نہیں رکھتا بیشک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ

جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کئے اور نماز پڑھی

وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

اور زکوٰۃ دی اُنکے لئے اُنکا اجر اُنکے پروردگار کے پاس ہے اور اُنہیں نہ کوئی

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے اے ایمان لانیوالو

اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰوا اِنْ كُنْتُمْ

اگر تم مومن ہو تو اللہ سے ڈرو اور سود جو (کسی پر) باقی رہگیا ہے اُسے

مُّؤْمِنِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ

چھوڑ دو پھر اگر تم ایسا نہ کرو تو اللہ اور اُسکے رسول سے لڑنے کے

وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ

لئے تیار ہو جاؤ اور اگر تم توبہ کرلو تو تمہاری اصل پونجی تمکو ملنی چاہئے

سود کے ستر جزو ہیں جسکے ادنے کا وبال اُتنا ہے جتنا خاص بیت اللہ الحرام میں اپنی ماں سے زنا کرنیکا۔ جناب امیر المؤمنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ

لَا تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ ۝ وَإِنْ كَانَ ذُو عُسْرَةٍ
نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے اور اگر مقروض تنگدست ہو تو
فَنَظِرَةٌ إِلَىٰ مَيْسَرَةٍ ۚ وَأَنْ تَصَدَّقُوا خَيْرٌ لَّكُمْ
فراغت کے زمانے تک مہلت (دو) اور اگر تم اصل قرض معاف کردو تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے
إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ
بشرطیکہ تم سمجھو اور اُس دن سے ڈرو جس دن خدا کی حضور میں
ع ۳۸ ۶ إِلَى اللَّهِ ۖ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ع
حاضر کیے جاؤ گے پھر ہر نفس کو جو کچھ اُسنے کیا ہے اُسکا پورا پورا بدلہ ملیگا اور اُنپر ظلم نہ کیا جائیگا
يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ إِلَىٰ أَجَلٍ
اے ایمان لانیوالو جب تم کسی مقررہ مدت کے لئے آپس میں قرض کا لین دین کرو
مُّسَمًّى فَاكْتُبُوهُ ۚ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌ بِالْعَدْلِ ۖ ص
تو اُسکو لکھ لیا کرو اور لازم ہے کہ کاتب تمہارے مابین انصاف سے لکھے
وَلَا يَأْبَ كَاتِبٌ أَنْ يَكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللَّهُ فَلْيَكْتُبْ ج
اور کاتب لکھنے سے انکار نہ کرے بلکہ جس طرح اللہ نے اُسے سکھایا ہے اُسی طرح لکھدے
وَلْيُمْلِلِ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللَّهَ رَبَّهُ وَلَا يَبْخَسْ
اور جو قرض لینے والا ہو وہ لکھواتا جائے اور اُسے لازم ہے کہ خدا سے ڈرے اور قرض دینے والے کا
مِنْهُ شَيْئًا ۚ فَإِنْ كَانَ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيهًا أَوْ
کچھ حق کم نہ کردے پھر اگر وہ قرض لینے والا نادان یا
ضَعِيفًا أَوْ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهُ
کمزور ہو یا عبارت خود نہ بتلا سکتا ہو تو اُسکا ولی انصاف کے ساتھ
بِالْعَدْلِ ۚ وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِن رِّجَالِكُمْ ۖ ج
بتلائے اور گواہوں میں سے جو تمہیں پسند ہوں دو مردوں کو گواہ بنالو

فَإِنْ لَّمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَأَتٰنِ مِمَّنْ

اور اگر دو مردنہوں تو ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنالو

تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ

تاکہ اُن (عورتوں) میں سے اگر ایک بھول جائے تو

اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا

دوسری اُسے یاد دلائے اور گواہ جسوقت بُلائے جائیں تو انکار

مَا دُعُوْا ؕ وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ

نہ کریں اور تم کسی چھوٹے بڑے معاملے کے لکھنے میں

كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ

سستی نہ کرو خدا کے نزدیک یہ زیادہ انصاف کی بات ہے

لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ

اور شہادت کا زیادہ ثبوت ہے اور اس بات کے زیادہ قرین ہے کہ تمکو شک

تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ

نہ پڑے سوائے اسکے کہ جو نقد سودا ہو جیسا تم باہمی لین دین کیا کرتے ہو پس اگر تم

جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۪

اُسکو نہ لکھو تو تم پر کچھ گناہ نہیں ہے اور جسوقت تم خرید و فروخت کرو تو گواہ کرلو

وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ؕ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ

اور کاتب کو اور گواہ کو کوئی نقصان نہ پہنچایا جائے اور اگر تم ایسا کروگے تو یہ تمہاری طرف

فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ

سے نافرمانی ہوگی اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمکو (احکام) تعلیم کرتا ہے اور خدا

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا

ہر شے کا علم رکھتا ہے اور اگر تم سفر میں ہو اور کوئی کاتب

كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا

نہ پاؤ تو جو چیز تمہارے پاس ہے اُسے رہن کر دو پھر اگر تم میں سے کوئی کسی دوسرے کو امین

فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ

سمجھ لے تو جسکو امین سمجھا گیا ہے اُسے لازم ہے کہ دینے والے کی امانت ادا کر دے اور اللہ سے جو اُسکا پروردگار ہے

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ

ڈرے اور شہادت کو نہ چھپاؤ اور جو شہادت کو چھپائیگا اُسکا دل یقیناً گنہگار ہے

ع ۳۹ ۲ ۷ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے آگاہ ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے

وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْۤ اَنْفُسِكُمْ اَوْ

وہ اللہ (ہی) کا ہے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے خواہ اُسے تم ظاہر کرو یا

تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ

چھپاؤ اللہ تم سے اُسکا حساب لیگا پھر جسے چاہیگا بخش دیگا اور جسے چاہیگا

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اٰمَنَ

عذاب دیگا اور اللہ ہر شے پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے رسُول

الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ

اُسپر ایمان لائے ہیں جو اُنپر اُنکے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اور مومنین (بھی)

كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ

سب اللہ پر اور اُسکے فرشتوں پر اور اُسکی کتابوں پر اور اُسکے رسولوں پر ایمان لائے ہیں ہم اُسکے

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ز ق

رسولوں میں سے کسی (کی تصدیق) میں کوئی تفریق نہیں کرتے اور اُن لوگوں نے یہ کہا کہ ہمنے سُنا اور مان لیا

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ

نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا

وسعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا (اب) جو کچھ اُسنے اچھا کیا اُسکا نفع اُسکے لیے ہی اور جو کچھ اُسنے برا کیا

لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ

اُسکا نقصان اُسکے لیئے ہے ای ہمارے پروردگار اگر ہم سے بھول چوک ہوجائے تو اُسکا مواخذہ نہ کر اور ہم پر

عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا

ویسا بار نہ ڈال جیسا اُنپر ڈالا تھا جو ہم سے پہلے تھے ای ہمارے پروردگار

وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا ۙ

اور جسے اُٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں اور ہم سے درگزر کر اور ہمکو بخشدے اور ہم پر

وَارْحَمْنَا ۙ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ع ۴۰ ۳

رحم کر تو ہمارا آقا ہے پس ہمکو کافر لوگوں کے مقابلے میں مدد دے

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ مِائَتَا اٰيَةٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ۝ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ نَزَّلَ

الٓمّٓ اللہ کہ اُسکے سوا کوئی معبود نہیں زندہ و قائم ہے اُسنے

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ

تجھپر کتاب برحق نازل کی جو اپنے سے پہلی (کتب) کی تصدیق کرتی ہے اور اُسنے

التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۝ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ

آدمیوں کی ہدایت کے لئے پہلے توریت و انجیل نازل کی اور اُسی نے

وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

قرآن اُتارا بیشک جو لوگ خدا کی نشانیوں کے منکر ہوگئے

ل الفرقان کافی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ قرآن تو ساری کتاب ہے اور فرقان اُسکا وہ حصہ ہے جو محکم لعدہ واجب العمل ہے ۱۲

لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝

اُنکے لئے سخت عذاب ہے اور اللہ زبردست (اور) بدلہ لینے والا ہے

إِنَّ اللَّهَ لَا يَخْفَىٰ عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۝

بیشک آسمان اور زمین کی کوئی چیز اللہ سے چھپی ہوئی نہیں ہے

هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ لَا إِلَٰهَ

وہ وہی تو ہے جو رحم مادر میں جیسی چاہتا ہے تمہاری صورتیں بنا دیتا ہے سوائے

إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ

اُس زبردست حکمت والے کے کوئی معبود نہیں ہے وہ وہی تو ہے جسنے تمپر کتاب

الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ

نازل کی جسکی کچھ آیتیں تو صاف صاف ہیں اور وہی کتاب کی اصل ہیں اور کچھ

مُتَشَابِهَاتٌ ۖ فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ

گول گول ہیں اب جن لوگوں کے دلوں میں کھوٹ ہے وہ فتنہ پھیلانے کی نیت سے

مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ ۗ وَمَا

اور اپنا مطلب نکالنے کی غرض سے اُن گول گول آیتوں کی پیروی کرتے ہیں حالانکہ اُنکا اصلی

يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ ۘ وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ

مطلب سوا خدا اور اُن لوگوں کے جو علم میں مضبوط ہیں (اور) کوئی نہیں جانتا وہ یہ

يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ

کہتے ہیں کہ ہم اسپر ایمان لائے ہر ایک (محکم و متشابہ) ہمارے رب کی طرف سے ہے اور سوائے صاحبان عقل کے

إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ

(اس سے) اور کوئی نصیحت نہیں حاصل کرتا اے ہمارے پروردگار بعد اسکے کہ تو ہمکو ہدایت کرچکا

إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ

ہمارے دل حق سے نہ ہٹا اور ہمکو اپنے پاس سے رحمت عنایت فرما بیشک تو

أَنتَ الْوَهَّابُ ○ رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ

سب سے بڑا عطا کرنیوالا ہے اے ہمارے پروردگار بلاشک تو سب لوگوں کو اُسدن جمع کرنیوالا ہے

لَّا رَيْبَ فِيهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ○ إِنَّ ع ۹

جسکے بارے میں کوئی شک نہیں بیشک اللہ خلاف وعدہ نہیں کرتا جو

الَّذِينَ كَفَرُوا لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا

کافر ہوگئے اُنکے مال اور اُنکی اولاد (غضب) خدا سے اُنہیں ذرہ بھر

أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمْ وَقُودُ

(بھی) ہرگز ہرگز نہ بچا سکینگے اور وہ جہنم کا ایندھن

النَّارِ ○ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ

بنینگے جیسے فرعون والوں کی اور اُنسے پہلوں کی گت بنی

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا ۖ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ

جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا پھر خدا نے اُنکے گناہوں کے بدلے میں اُنکو گرفتار کیا اور اللہ

شَدِيدُ الْعِقَابِ ○ قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُوا سَتُغْلَبُونَ

سخت سزا دینے والا ہے جو کافر ہوگئے ہیں اُنسے کہدو کہ عنقریب تم مغلوب کئے جاؤگے

وَتُحْشَرُونَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ○ قَدْ

اور جہنم میں جمع کئے جاؤگے اور (وہ بہت ہی) بُرا ٹھکانا ہے بیشک تمہارے لئے

كَانَ لَكُمْ آيَةٌ فِي فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۖ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِي

اُن دو گروہوں کے بارے میں جو مقابل ہوگئے تھے ایک نشانی (موجود) تھی ایک گروہ تو راہ خدا

سَبِيلِ اللَّهِ وَأُخْرَىٰ كَافِرَةٌ يَرَوْنَهُم مِّثْلَيْهِمْ رَأْيَ

میں لڑتا تھا اور دوسرا کافر تھا اور کھلی آنکھوں اپنے مقابل والوں کو اپنے سے دوچند

الْعَيْنِ ۚ وَاللَّهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهِ مَن يَشَاءُ ۗ إِنَّ

دیکھ رہا تھا اور اللہ اپنی نصرت سے جسکی چاہتا ہے تائید فرماتا ہے بیشک

فِي ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُولِي الْأَبْصَارِ ۝ زُيِّنَ لِلنَّاسِ

اس واقعہ میں صاحبانِ بصیرت کے لئے نصیحت ہے لوگوں کی نظر میں اُن

حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ

خواہشوں کی محبت زینت پا گئی ہے جو عورتوں اور بچوں سونے اور

الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ

چاندی کے لدے ہوئے توڑوں دغیلے گھوڑوں

وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۗ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

اور چوپایوں اور کھیتی باڑی سے متعلق ہوں یہ زندگانی دنیا کا سرمایہ ہیں

وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ۝ قُلْ أَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ

اور انجام کی نیکی خدا ہی کے ہاتھ ہے تم کہدو کیا میں تمکو اُنسے اچھی چیزوں کی

مِّنْ ذٰلِكُمْ ۚ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ

خبر دوں اُنکے لئے جنہوں نے پرہیزگاری اختیار کی اُنکے رب کے پاس باغات ہیں جنکے نیچے

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ

نہریں بہتی پھرتی ہیں جن میں وہ (ہمیشہ) ہمیشہ رہینگے اور پاکیزہ بیبیاں ہیں

وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ ۝ الَّذِيْنَ

اور خدا کی خوشنودی ہے اور خدا کل بندوں کا نگراں ہے جو

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ إِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

یہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار بیشک ہم ایمان لائے ہیں تو ہمارے گناہوں کو بخشدے اور

عَذَابَ النَّارِ ۝ الصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ

ہمکو عذاب جہنم سے بچالے صبر کرنیوالے اور سچ بولنے والے خدا کی طرف رجوع کرنیوالے

وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْأَسْحَارِ ۝ شَهِدَ اللّٰهُ

راہ خدا میں خرچ کرنیوالے اور نور کے تڑکے مغفرت مانگنے والے (یہی ہیں) خدا نے خود اس بات کی

أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَأُولُوا الْعِلْمِ
شہادت دی کہ سوائے اُسکے کوئی معبود نہیں ہے اور کل فرشتوں نے اور صاحبان علم نے جو

قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ۚ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○
عدل پر قائم ہیں (یہی شہادت دی کہ) سوائے اُس زبردست حکمت والے کے اور کوئی معبود نہیں ہے

إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ ۗ وَمَا اخْتَلَفَ
دین تو اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے اور جنکو کتاب دی گئی تھی

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَٰبَ إِلَّا مِنۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ
اُنھوں نے اختلاف نہیں کیا مگر آپس کے حسد کی وجہ سے بعد اسکے کہ

الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۗ وَمَن يَكْفُرْ بِـَٔايَٰتِ اللَّهِ فَإِنَّ
اُنکو علم ہو گیا تھا اور جو (شخص) خدا کی آیتوں کا منکر ہوگا تو

اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ○ فَإِنْ حَآجُّوكَ فَقُلْ
اللہ (اُس سے) بہت جلد حساب لینے والا ہے پھر اگر وہ تم سے حجت کریں تو کہدو کہ میں نے

أَسْلَمْتُ وَجْهِىَ لِلَّهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ۗ وَقُل لِّلَّذِينَ
اور میرے تابعین نے خدا کے سامنے (اطاعۃً) اپنا سر جھکا دیا ہے اور اُن لوگوں سے جنکو کتاب

أُوتُوا الْكِتَٰبَ وَالْأُمِّيِّـۧنَ ءَأَسْلَمْتُمْ ۚ فَإِنْ
دی گئی ہے اور اَن پڑھ لوگوں سے دریافت کرلو کہ آیا تم (بھی) اسلام لائے اگر وہ

أَسْلَمُوا۟ فَقَدِ اهْتَدَوا۟ ۖ وَّإِن تَوَلَّوْا۟ فَإِنَّمَا
اسلام لے آئینگے تو یقیناً ہدایت یافتہ ہو جائینگے اور اگر روگرداں ہونگے تو تمہارے ذمہ تو صرف

عَلَيْكَ الْبَلَٰغُ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌۢ بِالْعِبَادِ ○ إِنَّ
پیغام پہنچا دینا ہے اور اللہ کل بندوں کا خود نگراں ہے بے شک

الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِـَٔايَٰتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّـۧنَ
جو لوگ خدا کی نشانیوں کے منکر ہیں اور ناحق انبیاءؑ کو قتل

نصف

ع ۱۱ ۲

بِغَيْرِ حَقٍّ وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَأْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ
کرتے ہیں اور اُن لوگوں کو قتل کرتے ہیں جو آدمیوں میں سے عدل و انصاف کا حکم
النَّاسِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
دیتے ہیں پس اُنکو دردناک عذاب کی خبر سنادو وہ وہی ہیں جنکے
حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ
اعمال دنیا و آخرت میں اکارت ہوجائینگے اور اُنکا کوئی بھی
مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا
مددگار نہ ہوگا کیا تم نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنکو کچھ بہرہ کتاب سے
مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ
دیا گیا تھا وہ کتاب خدا کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ وہ اُنکے مابین فیصلہ کرے
ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ ذٰلِكَ
پھر اُن میں سے ایک گروہ روگرداں ہوکر حق سے پھر جاتا ہے یہ اِس وجہ سے
بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۖ
کہ اُن لوگوں نے کہدیا کہ آگ تو ہمکو سوائے گنتی کے دنوں کے ہرگز نہ چھوئیگی
وَّغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ فَكَيْفَ
اور جو جھوٹ وہ جوڑا کرتے تھے اُسی نے اُنکو اُنکے دین کے بارے میں دھوکا دیا پھر کیا حالت ہوگی
اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۗ وَوُفِّيَتْ
جبکہ ہم اُنکو اُس دن جمع کرینگے جسکے بارے میں شک نہیں اور ہر نفس کو اُسکے
كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ قُلِ
کیے کا پورا پورا بدلہ دیا جائیگا اور اُنپر ظلم نہ کیا جائیگا کہدو کہ
اَللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ
اے اللہ اے سلطنت کے مالک تو جسکو چاہتا ہے سلطنت عطا فرماتا ہے

وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ

اور جس سے چاہتا ہے سلطنت چھین لیتا ہے اور جسے چاہتا ہے توعزت دیتا ہے

وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى

اور جسے چاہتا ہے تو ذلت دیتا ہے تمام خیر و خوبی تیرے ہی ہاتھ ہے بیشک تو

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ

ہر شے پر قادر ہے تو رات کو دن میں داخل کر دیتا ہے اور دن کو

النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ۚ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ

رات میں اور تو مُردے کو زندے سے نکال لاتا ہے اور

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَىِّ ۚ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

زندے کو مُردے سے اور جسکو چاہتا ہے تو بحساب رزق عنایت فرماتا ہے

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ

مومن مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست

دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ

نہ بنائیں اور جو ایسا کریگا تو اُس سے

مِنَ اللّٰهِ فِىْ شَىْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ؕ وَ

اور خدا سے کوئی واسطہ نہیں سوائے اُس صورت کے کہ تم اُنسے کسی قسم کا خوف رکھتے ہو اور

يُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝

اللہ تمکو اپنے سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کی طرف بازگشت ہے

قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِىْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ

کہدو جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے خواہ تم اُسکو چھپاؤ یا اُسکا اظہار کرو اللہ اُسکو

اللّٰهُ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ

جانتا ہے اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُس سے (بھی) واقف ہے

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ
اور اللہ ہر چیز پر پوری پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ اُس دن ہر نفس اُس نیکی کو جو وہ
مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚ وَمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚ
کر چکا ہے اور اُس بدی کو جو وہ کر چکا ہے موجود پائیگا
تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًا بَعِيْدًا ۗ وَيُحَذِّرُكُمُ
اور یہ خواہش کریگا کہ کاش خود اُسکے اور اُس دن کے مابین ایک مدت طول وطویل حائل ہوتی اور
اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۗ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ قُلْ اِنْ
اللہ تمکو اپنے سے ڈراتا ہے اور اللہ تمل بندوں پر بڑا مہربان ہے (اے رسول) کہدو اگر
كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ
تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو تاکہ اللہ تم کو دوست رکھے اور تمہارے
لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ قُلْ
گناہ بخشدے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے کہدو
اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ
اللہ اور رسول کی اطاعت کرو پھر اگر وہ روگردانی کریں تو یقیناً اللہ
لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَ
منکروں کو دوست نہیں رکھتا بالتحقیق اللہ نے آدمؑ اور
نُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى
نوحؑ اور آلِ ابراہیمؑ اور آلِ عمرانؑ کو تمام عالموں سے
الْعٰلَمِيْنَ ۝ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ۗ وَاللّٰهُ
برگزیدہ کیا ان میں سے بعض بعض کی اولاد ہیں اور اللہ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ
سننے والا (اور) جاننے والا ہے جسوقت عمران کی زوجہ نے یہ عرض کی کہ

مع ع ۱۰ ۱۱

رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ
اے میرے پروردگار جو میرے پیٹ میں ہے اُسکو تیرے نام پر چھوڑ دینے کی منت مانتی ہوں پس تو میری
مِنِّیْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ فَلَمَّا
(یہ منت) قبول کر لے بیشک تو سننے والا (اور) جاننے والا ہے پھر جب اُسے
وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ وَضَعْتُهَا اُنْثٰی ؕ وَاللّٰهُ
جنا تو کہنے لگی کہ اے میرے پروردگار میں نے تو یہ لڑکی جنی حالانکہ اللہ
اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ؕ وَلَیْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰی ۚ
خوب جانتا تھا کہ وہ کیا جنی اور لڑکا لڑکی کے مانند نہیں ہوتا
وَاِنِّیْ سَمَّیْتُهَا مَرْیَمَ وَاِنِّیْۤ اُعِیْذُهَا بِكَ وَ
اور میں نے اسکا نام مریم رکھا اور میں اسکو اور اسکی اولاد کو
ذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا
شیطان لعین کے شر سے بچانے کے لئے تیری پناہ میں دیتی ہوں پھر اُسکے پروردگار نے اُسکی نذر کو
بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِیَّا ؕ
حسن قبول سے قبول کر لیا اور اُس لڑکی کو خوبی کے ساتھ بڑھایا اور زکریا نے اُسکی کفالت کی
كُلَّمَا دَخَلَ عَلَیْهَا زَكَرِیَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا
جسوقت زکریا اُس لڑکی کے پاس محراب (عبادت) میں جاتے اُسکے پاس کچھ کھانے کی چیز
رِزْقًا ۚ قَالَ یٰمَرْیَمُ اَنّٰی لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ
پاتے دریافت کرتے کہ اے مریم یہ تمہارے پاس کہاں سے آئی وہ عرض کرتیں کہ اللہ
مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ
کے پاس سے بیشک اللہ جسکو چاہتا ہے بیحساب رزق عنایت
حِسَابٍ ۝ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِیَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ
فرماتا ہے اُسوقت زکریا نے اپنے پروردگار کو پکارا (اور) عرض کی کہ

سیقول عرض کی ہوگی ہے اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب رزق عطا فرماتا ہے ۱۲

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ
اے میرے پروردگار مجھے بھی اپنے پاس سے پاک اولاد عنایت فرما بے شبہ تو دعا کا
الدُّعَآءِ ۝ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ
سننے والا ہے پھر جس حالت میں وہ محراب میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے فرشتوں نے انہیں
فِي الْمِحْرَابِ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا
آواز دی (اور کہا) کہ اللہ تمکو یحییٰ کی خوشخبری دیتا ہے (جو) خدا کے کلمے کی تصدیق
بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ
کرنیوالا اور سردار اور شہوتوں سے باز رہنے والا اور نبی صالحین
الصّٰلِحِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ
سے (ہوگا)۔ (زکریا نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار میرے لڑکا کہاں سے ہوگا حالانکہ
بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ
بڑھاپے نے مجھے آگھیرا اور میری بی بی بانجھ ہے جواب ملا کہ اللہ جو کچھ چاہتا ہے
يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۝ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ
یوں ہی کر دیا کرتا ہے (زکریا نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار میرے لئے کوئی نشانی قرار دے فرمایا
اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ۭ
تمہاری نشانی یہ ہے کہ تم تین دن تک آدمیوں سے سوائے اشارے کے بات نہ کر سکو گے
ع ۱۱ ۱۲ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝
اور اپنے رب کی یاد زیادہ کرو اور شام اور صبح تسبیح پڑھو
وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ
اور جبوقت فرشتوں نے کہا کہ اے مریم یقیناً اللہ نے تم کو چن لیا
وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ عَلٰي نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ۝
اور تمکو پاک قرار دیا اور تمکو زمانے بھر کی عورتوں سے برگزیدہ کیا

يٰمَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِي وَارْكَعِي مَعَ

اے مریم تم اپنے رب کی خالص عبادت کرو اور سجدہ کرو اور رکوع کرنیوالوں کے ساتھ

الرّٰكِعِيْنَ ○ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ؕ

رکوع کرو (اے رسول) یہ غیب کی خبریں ہم تمکو بذریعہ وحی پہنچاتے ہیں

وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ

اور حالانکہ وہ جسوقت قرعہ ڈال رہے تھے کہ مریمؑ کی کفالت کون کرے تم اُنکے پاس

يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ○

موجود نہ تھے اور جسوقت وہ (اس بارے میں) جھگڑ رہے تھے تم اُنکے پاس نہ تھے

اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ

(اُسوقت کو یاد کرو) جب فرشتوں نے یہ کہا کہ اے مریمؑ خدا تمکو اپنے کلمہ کی خوشخبری پہنچاتا ہے

مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِي

جسکا نام مسیح عیسےٰ ابن مریم ہوگا دنیا اور آخرت میں (وہ)

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ○ وَيُكَلِّمُ

رو دار اور مقرب بندوں میں (اُسکا شمار) ہوگا اور آدمیوں سے وہ

النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ قَالَتْ

بچپن اور بڑھاپے میں (یکساں) باتیں کریگا۔ اور صالحین سے ہوگا (مریمؑ نے) عرض کی کہ

رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ؕ قَالَ

اے میرے پروردگار میرے بچہ کہاں سے ہوجائیگا جس حال میں کہ کسی مرد نے مجھکو چھوا تک نہیں فرمایا

كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا

اللہ جس چیز کو چاہتا ہے یوں ہی پیدا کر دیتا ہے جب وہ کسی معاملہ کو طے کر دے تو سوا ے

يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

اسکے کچھ نہیں کہ فرمادے ہو اور وہ ہوجائے اور اللہ اُسکو کتاب اور حکمت

الجزء ۱

وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۝ وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ

اور توریت اور انجیل کی تعلیم دیگا اور بنی اسرائیل کی طرف رسول (بنا کر بھیجیگا اور وہ

اِسْرَآءِيْلَ ۙ اَنِّىْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّىْٓ

یہ کہیگا) کہ میں تمہارے رب کی طرف سے نشانی لیکر آیا ہوں میں

اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ

تمہارے لئے گندھی مٹی سے پرندے کی سی صورت پیدا کرونگا پھر اُس میں پھونک ماروں گا پھر وہ

طَيْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْىِ

حکم خدا سے پرندہ بنجائیگا اور میں مادر زاد اندھے اور کوڑھی کو تندرست کر دونگا اور میں

الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا

حکم خدا سے مُردوں کو زندہ کرونگا اور جو کچھ تم اپنے گھروں میں کھاتے ہو اور جو کچھ ذخیرہ

تَدَّخِرُوْنَ فِىْ بُيُوْتِكُمْ ۭ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ

کرتے ہو اُسکی تمکو خبر دونگا اگر تم مؤمن ہو تو یقیناً اِس میں تمہارے لئے نشانی موجود

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ

ہے اور (میں اس لئے آیا ہوں) کہ اپنے سے پہلے کی توریت کی تصدیق کروں اور اس لئے کہ

التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِىْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ

بعض چیزیں جو کہ تم پر حرام کی گئی ہیں تمہارے لئے حلال قرار دوں اور تمہارے رب کے

وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۡ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝

پاس سے نشانی لیکر آیا ہوں پس خدا سے ڈرو اور میری اطاعت کرو

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّىْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ

بیشک اللہ میرا پروردگار بھی ہے اور تمہارا پروردگار بھی پس اُسی کی عبادت کرو سیدھا راستہ

مُّسْتَقِيْمٌ ۝ فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ

یہی ہے پھر جب عیسٰے نے اُنکی طرف سے انکار محسوس کیا (تو) بولے

مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ

اللہ کے کام میں میرے مددگار کون ہیں حواری بولے اللہ کے مددگار

اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ۝

ہم ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے اور گواہ رہئے کہ ہم فرمانبردار ہیں

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ

اے ہمارے پروردگار جو کچھ تو نے ہم پر نازل کیا ہم اُسپر ایمان لائے اور ہمنے رسُول کی پیروی کی پس (حق کی)

الشّٰهِدِيْنَ ۝ وَمَكَرُوْا ۖ وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ

شہادت دینے والوں کے ساتھ ہمکو بھی لکھ اور وہ (یہودی) ایک چال چلے اور اللہ (بدلہ دینو کو) ایک چال چلا اور اللہ سب سے

الْمٰكِرِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ وَ

بہتر بدلہ دینے والا ہے جسوقت خدا نے فرمایا کہ اے عیسےٰ میں تمہاری مُدت پوری کرنیوالا ہوں اور تمکو اپنی طرف اُٹھا نیوالا

رَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ

ہوں اور تمکو کافروں (کے میل جول کی خرابی) سے پاک کرنیوالا ہوں اور جن لوگوں نے تمہاری پیروی کی

الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ

ہے اُنکو انکار کرنیوالوں پر قیامت تک فوقیت دینے والا ہوں

ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ

پھر تم سب کی بازگشت میری طرف ہوگی اور جن معاملات میں تم اختلاف کیا کرتے تھے اُن میں میں تمہارے

تَخْتَلِفُوْنَ ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ

مابین اُسی وقت حکم سنا دونگا اب جو کافر ہو گئے ہیں اُنکو تو دنیا و آخرت میں

عَذَابًا شَدِيْدًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمْ

سخت عذاب دونگا اور اُنکا مددگار

مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

کوئی بھی نہوگا اور جو ایمان دار اور نیکوکار ہونگے تو

فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ ○
(اللہ) انکو انکے اجر پورے پورے (دیگا) اور اللہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا

ذَٰلِكَ نَتْلُوهُ عَلَيْكَ مِنَ الْآيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيمِ ○
(اے رسول) ہم تمپر یہ آیتیں اور حکمت والا ذکر تلاوت کرتے ہیں

إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ عِندَ اللَّهِ كَمَثَلِ آدَمَ ۖ خَلَقَهُ مِن
بیشک اللہ کے نزدیک عیسےٰ کی مثال آدمؑ کی سی مثال ہے اسکو مٹی سے

تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ○ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ
پیدا کیا تھا پھر اس سے فرمایا ہو اور وہ ہو گیا حق تمہارے رب کی طرف سے ہے

فَلَا تَكُن مِّنَ الْمُمْتَرِينَ ○ فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ
پس تم شک کرنیوالوں میں سے نہ ہونا پھر جو شخص تم سے عیسےٰ کے بارے میں

مِن بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ
حجت کرے بعد اسکے کہ تمہارے پاس علم آچکا ہے تو کہدو کہ آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں اور تم اپنے

أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنفُسَنَا
بیٹوں کو بلاؤ اور ہم اپنی عورتوں کو (بلائیں) اور تم اپنی عورتوں کو (بلاؤ) اور ہم اپنے نفسوں کو (بلائیں) اور

وَأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ ○
تم اپنے نفسوں کو (بلاؤ) پھر ہم خدا کی طرف رجوع کریں اور خدا کی لعنت جھوٹوں پر قرار دیں

إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ ۚ
بلاشک یہ سچا بیان ہے اور سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں ہے

وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ
اور بیشک وہی خدا زبردست (اور) صاحب حکمت ہے پھر اگر وہ روگرداں ہو جائیں تو

عَلِيمٌ بِالْمُفْسِدِينَ ○ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا ع ۱۲
اللہ تو فسادیوں کو خوب جانتا ہے (اے رسول) کہدو کہ اے اہل کتاب ایک ایسی

جناب فاطمہ زہرا اور انفسنا کی جناب علیؑ مرتضےٰ ہیں ۱۲ (آیۂ مباہلہ کی تفسیر کی تفصیل ضمیمہ میں ملاحظہ فرمائیے)

نوٹ: اس آیت سے ثابت ہوا کہ جناب رسول خدا صلعم نے آیۂ مباہلہ کے نازل ہونے کے بعد اپنی جگہ جناب امیرؑ کو بھیجا اور انفسنا کے تحت میں علیؑ کو اپنا نفس قرار دیا اور قرآن کی رو سے جناب امیرؑ کا نفس رسول ہونا ثابت ہے اور جو شخص رسول کا نفس ہو اسکو رسول کے برابر ہونا چاہیئے اور رسول کے برابر کوئی نہیں ہو سکتا مگر علیؑ لہٰذا علیؑ کے سوا کوئی دوسرا خلیفہ نہیں ہو سکتا

حسین علیہ السلام کے کوئی شخص اسلام کے

إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ

بات کی طرف آجاؤ جو ہمارے اور تمہارے مابین مساوی ہے کہ ہم سوا خدا کے کسی کی پرستش نہ کریں

وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا

اور اسکا کسی کو شریک نہ بنائیں اور (حقیقی) خدا کو چھوڑ کر ہم میں کوئی کسی کو پروردگار

مِّن دُونِ اللَّهِ ۚ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا

نہ بنالے پھر اگر وہ روگرداں ہوں تو یہ کہدو کہ اسکے گواہ رہنا کہ واقعی

مُسْلِمُونَ ○ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تُحَاجُّونَ فِي إِبْرَاهِيمَ

مسلمان ہم ہیں اے اہل کتاب ابراہیمؑ کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو

وَمَا أُنزِلَتِ التَّوْرَاةُ وَالْإِنجِيلُ إِلَّا مِن بَعْدِهِ ۚ

حالانکہ توریت اور انجیل نازل ہی اسکے بعد کی گئی ہیں کیا تمہیں

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ○ هَا أَنتُمْ هَٰؤُلَاءِ حَاجَجْتُمْ فِيمَا

اتنی بھی عقل نہیں اے لوگو تم وہی تو ہو جو ابھی تو اسکے بارے میں جھگڑتے تھے

لَكُم بِهِ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَاجُّونَ فِيمَا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ ۚ

جسکا تمہیں علم ہے پھر اسکے بارے میں کیوں جھگڑنے لگے جسکا تمہیں علم نہیں ہے

وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ○ مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ

حالانکہ اللہ جانتا ہے اور تم (کچھ) نہیں جانتے ابراہیمؑ نہ

يَهُودِيًّا وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلَٰكِن كَانَ حَنِيفًا مُّسْلِمًا ۖ

یہودی تھے اور نہ نصرانی بلکہ وہ سچے فرمانبردار تھے

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ○ إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ

اور مشرکوں میں سے نہ تھے بلاشک بمقابلہ کل آدمیوں کے ابراہیمؑ سے

بِإِبْرَاهِيمَ لَلَّذِينَ اتَّبَعُوهُ وَهَٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِينَ

زیادہ خصوصیت ان لوگوں کو ہے جو انکے پیرو ہیں اور اس نبیؐ کو ہے اور ان لوگوں کو جو ایمان

اٰمَنُوْا ۚ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ
ایمان لائے ہیں اور اللہ کل مومنوں کا کارساز ہے اہل کتاب کے ایک گروہ نے
مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ۭ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ
یہ خواہش کی کہ کاش وہ تمکو گمراہ کرلیں حالانکہ وہ اپنے آپ ہی کو
اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ○ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ
گمراہ کرتے ہیں اور سمجھتے نہیں اے اہل کتاب خدا کی آیتوں کا کیوں
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ○ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ
انکار کرتے ہو جس حال میں کہ تم خود گواہی دے رہے ہو اے اہل کتاب
لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ
حق کو باطل کے لباس میں کیوں ظاہر کرتے ہو اور جان بوجھکر حق کو کیوں چھپاتے
تَعْلَمُوْنَ ○ وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ ع ۸ ۱۵
ہو اور اہل کتاب کے ایک گروہ نے یہ کہا کہ جو کچھ
اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ
ایمان لانیوالوں پر نازل ہوا ہے دن کے اول حصہ میں تم بھی اُسپر ایمان لاؤ
وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ○ وَلَا تُؤْمِنُوْٓا
اور آخر حصہ میں اُس سے انکار کرجاؤ شاید (اس طرح) وہ بھی پھر جائیں اور (انہوں نے کہا کہ) سوا
اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ
اسکے جو تمہارے دین کا پیرو ہو کسی پر (اس بات کے متعلق) ایمان نہ لاؤ کہ کسی کو وہ کچھ دیا جائے جو کچھ تمکو دیا گیا ہے
اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَاۗجُّوْكُمْ عِنْدَ
یا تمہارے رب کے پاس وہ تمسے کچھ حجت کرسکیں (اے رسول) تم کہدو کہ حقیقی ہدایت خدا کی ہدایت ہے
رَبِّكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ
(اور اے رسول) تم کہدو کہ اس میں شک نہیں کہ فضل خدا کے ہاتھ ہے جسے وہ چاہتا ہے دیتا ہے

لہ یہاں کا ترجمہ بلحاظ محاورہ مقدم و موخر ہوگیا ہے۔ جو حضرات ملاحظہ فرمائیں بغور ملاحظہ کریں ۱۲ مترجم

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ

اور اللہ صاحب وسعت وعلم ہے وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت سے مخصوص کرلیتا ہے اور

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝ وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ

اللہ بڑے فضل والا ہے اور اہل کتاب میں سے بعض تو ایسے ہیں کہ اگر

تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ

تم اُنکے پاس ایک ڈھیر امانت رکھوادو تو وہ تمہیں ادا کر دینگے اور بعض ایسے ہیں کہ اگر ایک

بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآىِٕمًا ۭ

دینار تم اُنکے سپرد کردو تو سوائے اسکے کہ جبتک تم اُنکے سر پہ کھڑے رہو وہ تمکو پھیر کر نہ دینگے

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ

وجہ اسکی یہ ہے کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ ہمارے ذمہ ان جاہلوں کے بارے میں کچھ الزام ہی نہیں

وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝

حالانکہ وہ جان بوجھکر خدا پر بہتان باندھتے ہیں

بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝

ہاں جو خدا کے عہد کو پورا کریگا اور پرہیزگاری برتیگا تو بلاشبہ اللہ (بھی) پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا

بیشک جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کو تھوڑی قیمت

قَلِيْلًا اُولٰۗىِٕكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ

پر بیچتے ہیں وہی تو ہیں جنکا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے اور نہ خدا اُنسے بات

اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠

کریگا اور نہ قیامت کے دن اُنکو (بھر نظر) دیکھیگا اور نہ اُنکو پاک کریگا

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ

اور اُنکے لئے دردناک عذاب ہے اور اُن میں سے ایک گروہ یقیناً ایسا ہے کہ وہ

اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ

(تلاوت) کتاب میں اپنی زبان کو اس طرح موڑتا ہے کہ تم اُسکو کتاب کا جزو خیال کرلو حالانکہ وہ

مِنَ الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ

کتاب نہ ہو اور وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے پاس سے ہے حالانکہ وہ

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ

اللہ کے پاس سے نہیں ہے اور وہ جان بوجھکر اللہ پر بہتان

يَعْلَمُوْنَ ○ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ

باندھتے ہیں کسی بشر کا یہ حوصلہ نہیں ہے کہ خدا تو اُسکو کتاب اور حکمت

وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ

اور نبوت دے پھر وہ سب آدمیوں سے یہ کہے کہ تم خدا کو چھوڑکر میرے

دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ

بندے بن جاؤ البتہ یہ کہہ سکتا ہے کہ) جیسے تم کتاب کی تعلیم و تدریس کرتے ہو ایسے تم خود

وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ○ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ

اللہ والے بن جاؤ اور (اللہ) تمکو یہ حکم نہیں دیتا کہ تم فرشتوں کو

وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ۭ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○ ع ۸ ۹ ۱۶

اور پیغمبروں کو خدا بناؤ کیا وہ تمکو کفر کا حکم دیگا بعد اِسکے کہ تم مسلمان ہو چکے ہو

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ

اور جبوقت خدا نے پیغمبروں سے عہد لیا تھا کہ میں تمکو کتاب اور حکمت

وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاۗءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ

دونگا پھر ایک رسول تمہارے پاس والی چیزوں کی تصدیق کرتا ہوا آئیگا تو تم ضرور (بالضرور)

لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ۭ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ

اُسپر ایمان لانا اور ضرور (بالضرور) اُسکی مدد کرنا (پھر خدا نے) فرمایا کہ کیا تمنے اِسکا اقرار کیا اور کیا

عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا

تم نے میرا یہ بوجھ اپنے ذمہ لے لیا (تو) سب نے کہا کہ ہم نے اقرار کیا (خدا نے) فرمایا کہ اب تم سب گواہ

وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ

رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہی دینے والا ہوں پھر جو اس عہد سے پھر جائے

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ

وہی تو نافرمان ہونگے کیا دین خدا کے سوا وہ

يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کسی اور دین کے خواستگار ہیں حالانکہ آسمانوں میں اور زمین میں جو ہیں

طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ

برغبت و بکراہت اُسی کے مطیع ہونگے اور اُسی کی حضور میں پلٹ کر جائینگے (اے رسول) کہدو ہم اللہ پر

وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَ

ایمان لائے ہیں اور اُسپر جو ہم پر نازل ہوا ہے اور اُسپر جو ابراہیم اور

اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ

اسمٰعیل اور اسحاق اور یعقوب اور اسباط پر نازل ہوا تھا اور اُسپر جو

مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۖ لَا نُفَرِّقُ

موسےٰ اور عیسےٰ اور (اور پیغمبروں کو اُنکے رب کی طرف سے دیا گیا تھا اور ہم (بہ حیثیت نبوت)

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ وَمَنْ

اُن میں کوئی فرق نہیں کرتے اور ہم اُسکے خالص فرمانبردار ہیں اور جو

يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي

اسلام کے سوا کسی اور دین کا خواستگار ہوگا وہ اُس سے ہرگز قبول نہ کیا جائیگا اور وہ روز

الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا

قیامت نقصان اُٹھانیوالوں میں سے ہوگا خدا ایسے لوگوں کو ہدایت کیونکر کرے جو

كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ وَشَهِدُوا أَنَّ الرَّسُولَ حَقٌّ

ایمان لانیکے بعد کافر ہوگئے حالانکہ وہ گواہی دے چکے تھے کہ رسول برحق ہیں

وَجَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ ۚ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝

اور انکے پاس کھلی نشانیاں آچکی تھیں اور اللہ ظالم لوگوں کو توفیق ہدایت نہیں دیتا

أُولَٰئِكَ جَزَاؤُهُمْ أَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ

انکا بدلہ یہی ہے کہ انپر اللہ کی اور کل فرشتوں کی اور

وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ۝ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ لَا يُخَفَّفُ

کل آدمیوں کی لعنت (ہے) ہمیشہ وہ اسی (لعنت) میں رہینگے نہ انکا

عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ

عذاب کم کیا جائیگا اور نہ انکو مہلت دیجائیگی سوائے انکے جو

تَابُوا مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ

بعد اسکے توبہ کرلیں اور (بگاڑ کی) اصلاح کریں تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور)

رَّحِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ ثُمَّ

رحم کرنیوالا ہے جو لوگ بعد اپنے ایمان کے کافر ہوگئے پھر

ازْدَادُوا كُفْرًا لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ

کفر میں بڑھ گئے انکی توبہ ہرگز نہ قبول کیجائیگی اور (اصل)

الضَّالُّونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ

گمراہ وہی ہیں بیشک جو کافر ہوگئے اور کفر ہی کی حالت میں مرگئے

فَلَن يُقْبَلَ مِنْ أَحَدِهِم مِّلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا وَلَوِ افْتَدَىٰ

انمیں سے کوئی ایک اگر اتنا سونا بھی فدیہ میں دینا چاہے کہ پوری زمین کو بھردے تو اسکا فدیہ

بِهِ ۗ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ ۝

ہرگز نہ قبول کیا جائیگا۔ انھی کے لئے دردناک عذاب ہے اور انھی کا کوئی مددگار نہ ہوگا

سورة النبا مكية وهي اربعون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝

(لوگ) کس کی نسبت ایک دوسرے سے سوال کرتے ہیں؟ اُس خبر بزرگ کی نسبت

الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝

جس کے بارے میں وہ اختلاف کرنیوالے ہیں۔ (حق یہ ہے کہ) عنقریب وہ جان لینگے

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ۝

پھر (حق یہ ہے کہ) عنقریب وہ جان لینگے۔ کیا ہمنے زمین کو فرش نہیں بنایا؟

وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۝ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۝ وَّجَعَلْنَا

اور پہاڑوں کو میخیں (نہیں بنایا)؟ اور تم کو جوڑے جوڑے پیدا کیا۔ اور تمہاری نیند کو

نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۝ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۝ وَّجَعَلْنَا

تکان دور کرنیوالا مقرر کیا۔ اور ہمنے رات کو پردہ پوش بنایا۔ اور ہمنے دن کو

النَّهَارَ مَعَاشًا ۝ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝

روزی (کمانے) کا وقت مقرر کیا۔ اور ہمنے تمہارے اوپر سات مضبوط آسمان بنا دیے۔

وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ

اور ہمنے ایک روشن چراغ مقرر کیا۔ اور ہمنے بدلیوں سے موسلا دھار

مَآءً ثَجَّاجًا ۝ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۝ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝

پانی اُتارا تاکہ ہم اُس کے ذریعے سے دانے اور گھاس۔ اور درخت بھری ہوئی باغ پیدا کریں

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۝ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ

بیشک فیصلے کا ایک معین وقت ہے۔ جس دن صور پھونکا جائیگا

فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۝ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۝
پھر تم گروہ گروہ ہو کر آجاؤ گے۔ اور آسمان کھولدیا جائیگا تو اُس میں دروازے (دروازے) ہو جائینگے

وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ
اور پہاڑ چلائے جائینگے تو وہ چمکتا ہوا ریت ہو جائینگے۔ بیشک جہنم گھات کی جگہ (اور)

مِرْصَادًا ۝ لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ۝ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ۝ لَا
سرکشوں کے رہنے کا مقام ہے۔ جس میں وہ مدتوں رہینگے۔ نہ

يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ۝ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ۝
اُسمیں ٹھنڈے پانی کا مزہ چکھینگے اور نہ سوائے گرم پانی اور بہتی پیپ کے کسی اور پینے کی چیز کا (اُنکے عقائد و

جَزَآءً وِّفَاقًا ۝ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ۝ وَّ
اعمال کا) یہ پورا (پورا) بدلا ہوگا۔ بیشک وہ حساب (و کتاب) کی امید نہ رکھتے تھے۔ اور

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ۝ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ۝ فَذُوْقُوْا
ہماری نشانیوں کو (بہت کچھ) جھٹلایا کرتے تھے۔ اور ہمنے لکھ (لکھکر) ہر چیز کو شمار کر لیا ہے۔ لہٰذا (ہم کہینگے کہ)

فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ۝ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ۝ حَدَآئِقَ
جبکہ کہ ہم سوائے عذاب کے تمہارے لیے اور کچھ نہ بڑھائینگے۔ بیشک پرہیزگاروں کے لیے کامیابی ہے۔ (یعنی) باغات

وَاَعْنَابًا ۝ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ۝ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ۝ لَا
اور انگور۔ اور نوخیز ہمسن عورتیں۔ اور چھلکتا ہوا پیالہ۔ وہ اُن

يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ۝ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ
(جنتوں) میں نہ کوئی بیہودہ بات سنینگے اور نہ کوئی جھوٹ۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے بدلا ہوگا

عَطَآءً حِسَابًا ۝ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا
اور پورا (پورا) عطیہ۔ (یعنی) آسمانوں کے اور زمین کے اور جو کچھ اُن دونوں کے مابین ہے

الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۝ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ
اُسکے مالک (خدا) رحمٰن کی طرف سے جس سے وہ بات نہ کر سکینگے۔ اُس دن جس دن روح (جو فرشتوں سے

ع ۱

وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ
(کھڑے ہی) اور فرشتے صف بصف کھڑے ہونگے۔ (مگر) بات نہ کرینگے ہونگے سوائے اُسکے جسے (خدا نے) رحمٰن نے
الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ
اجازت دی ہو اور وہ (بھی ٹھیک) ٹھیک کہیگا۔ یہ دن برحق ہے۔ اب جو چاہے
شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا
اپنے پروردگار کے پاس ٹھکانا بنالے۔ بیشک ہم نے تم کو قریب آنیوالے عذاب سے ڈرایا۔
قَرِيْبًا ۙ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ
(اُس دن کے عذاب سے) جس دن آدمی وہ کچھ دیکھ لیگا جو کچھ اُسکے ہاتھوں پہلے ہو چکا ہے۔ اور کافر
الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ۝ ع ۲ ۲
یہ کہیگا کہ کاش میں (آج) مٹی ہوتا۔

سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتٌّ وَّاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)
وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۝ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۝ وَّالسّٰبِحٰتِ
قسم ہے بہ شدت جان نکالنے والے فرشتوں کی۔ اور بہت آہستہ سے روح کھینچ لینے والوں کی۔ اور قسم ہے روحوں کی
سَبْحًا ۝ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۝ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۝
ساتھ ساتھ) تیرنے پھرنے والوں کی۔ پھر سبقت کرکے (جنت کی طرف) لیجانیوالوں کی۔ پھر (امور عالم کی) تدبیر کرنیوالوں کی
يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝ قُلُوْبٌ
جس دن (نفخ صور کی) ایک بڑی دہلانیوالی آواز آئیگی۔ اُسکے بعد (اُسی کی ایک) دوسری آواز آئیگی۔ دل اُس دن
يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝ يَقُوْلُوْنَ
سخت خوف زدہ ہونگے۔ آنکھیں اُن (دلوں کی) جھکی ہوئی ہونگی۔ (کفار) کہتے ہیں کہ



تفسیر مجمع البیان میں جناب امیر المؤمنین علیہ السلام سے بھی یہی مضمون مروی ہے۔ ۱۲

ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ۝ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا
کیا ہم پہلے حالت پر لوٹا دیے جائینگے ؟ کیا اُس وقت بھی کہ ہم کھوکھلی ہڈیاں ہو جائینگے

نَّخِرَةً ۝ قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۝ فَاِنَّمَا
(ہم زندہ ہو سکتے ہیں) ؟ (کافروں نے) کہا کہ اُس صورت میں تو یہ لوٹنا بڑا ہی نقصان دینے والا ہے۔ پھر (نفخ صور کی)

هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ۝
آواز تو صرف ایک جھڑکی ہوگی۔ کہ یکایک وہ کھلے میدان میں ہونگے۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ
آیا تمہیں موسٰے کا قصہ پہنچا ہے ؟ جبکہ اُن کو اُنکے پروردگار نے

بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۝ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ
طوٰے کے پاک میدان میں پکار کر کہا فرعون کے پاس جاؤ کہ وہ سرکش

طَغٰى ۝ فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ۝ وَاَهْدِيَكَ
ہو گیا ہے۔ پھر اُس سے کہو کہ آیا تجھے اِس بات کی خواہش ہے کہ تو (شرک سے) پاک ہو جائے۔ اور

اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ۝ فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ۝ فَكَذَّبَ
میں تجھے تیرے پروردگار کی راہ بتلا دوں کہ تو ڈرے ؟ چنانچہ اُسکو بڑی سی بڑی نشانی دکھلائی۔ پھر اُسنے جھٹلایا

وَعَصٰى ۝ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ۝ فَحَشَرَ فَنَادٰى ۝ فَقَالَ
اور نافرمانی کی۔ پھر روگرداں ہوا اور (برخلاف) تدبیر کرنے لگا پھر لوگوں کو جمع کیا اور پکار کر کہا کہ میں

اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ۝ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ۝
تم سب کا سب سے اعلٰے پروردگار ہوں۔ پھر خدا نے اُسکو قولِ آخر اور قولِ اوّل کے عذاب میں دھر پکڑا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا
بیشک اِس (واقعے) میں اُس شخص کے لیے عبرت ہے جو ڈرے۔ آیا خلقت میں تم زیادہ مضبوط ہو یا

اَمِ السَّمَآءُ ۭ بَنٰىهَا ۝ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ۝ وَ
آسمان جس کو اُس نے بنایا ہے ؟ اُس کی بلندی کو بڑھایا پھر اُس کو درست کیا۔ اور

وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۱۲

[illegible]

اَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ۝ وَالْاَرْضَ بَعْدَ

اُسکی رات اندھیری رکھی اور اُسکی دھوپ نکالی اور بعد اِس کے

ذٰلِكَ دَحٰىهَا ۝ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا ۝

زمین کو بچھادیا۔ اُس کا پانی اور اُس کی چراگاہ اُسی سے نکالی۔

وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ۝ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۝ فَاِذَا

اور پہاڑوں کو اُسی نے (بیچ میں) قائم کیا۔ (کہ) تمہارے لیے اور تمہارے جانوروں کے لیے نفع (ہو) پھر جب

جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ۝ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ

بڑی مصیبت (قیامت) آجائیگی (اُس دن) جس دن انسان اپنے کیے کو

مَا سَعٰى ۝ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ۝ فَاَمَّا مَنْ

یاد کریگا۔ اور ہر اُس شخص کے لیے جو دیکھتا ہوگا جہنم نمایاں کردیجائیگی پس جس نے

طَغٰى ۝ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ

سرکشی کی ہوگی۔ اور زندگانی دنیا کو اختیار کیا ہوگا تو یقیناً اُسکا ٹھکانا جہنم

الْمَاْوٰى ۝ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى

ہوگا۔ اور جو اپنے پروردگار کی حضور میں کھڑے ہونے سے ڈرا ہوگا اور نفس کو

النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ۝

خواہشوں سے روکتا رہا ہوگا یقیناً جنت اُس کا ٹھکانا ہوگا۔

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۝ فِيْمَ اَنْتَ

لوگ تم سے قیامت کے بارے میں دریافت کرتے ہیں کہ اُسکا وقت کونسا ٹھیرا ہے؟ اِسکے بتلانے سے

مِنْ ذِكْرٰىهَا ۝ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ۝ اِنَّمَآ اَنْتَ

تم کو کیا کام ہے؟ (کہدو کہ) تمہارے پروردگار تک اُسکی انتہا ہے۔ تم تو اُس شخص کو ڈرانیوالے

مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ۝ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا

ہو جو قیامت سے ڈرتا ہو۔ جس دن وہ اُسکو دیکھینگے یہ سمجھینگے کہ وہ (دنیا میں) نہیں

منزل ۷

[1] مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى تفسیر قمی میں ہے کہ یہ ایسے بندے کا ذکر ہے جو خدا کی نافرمانی پر قدرت رکھتا ہو اور نافرمانی کو نافرمانی سمجھتا بھی ہو۔ پھر خدا سے ڈر کر اُسکو چھوڑ دے اور اپنے نفس کو اُس سے باز رکھے تو اُسکا ماوٰی جنت ہے۔ کافی میں جناب امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ جو شخص اس بات کو سمجھا ہوگا کہ میرے قول و فعل کو خدا بتلائے سنتا اور دیکھتا ہے اور جو نیکی یا بدی میں کرتا ہوں

إِلَّا عَشِيَّةً أَوْ ضُحَاهَا ۝

رہے ہیں مگر شام کی یا صبح کی صبح۔

سُورَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ اِثْنَتَانِ وَأَرْبَعُونَ اٰيَةً

ایاتہا ۴۲ | رکوعہا ۱ | کلماتہا ۱۳۳ | حروفہا ۵۵۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

عَبَسَ وَتَوَلّٰى ۝ أَنْ جَاءَهُ الْأَعْمٰى ۝ وَمَا يُدْرِيكَ

(ایک شخص نے (اس سے) تیوری چڑھائی اور منہ پھیر لیا کہ نبی کے پاس ایک نابینا آگیا۔ اور تجھ کو کیا معلوم ہے

لَعَلَّهُ يَزَّكّٰى ۝ أَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ۝ أَمَّا مَنِ

شاید کہ وہ پاکیزہ ہو جائے۔ یا نصیحت حاصل کرلے تو وہ نصیحت اسکو نفع پہنچائے۔ لیکن جو

اسْتَغْنٰى ۝ فَأَنْتَ لَهُ تَصَدّٰى ۝ وَمَا عَلَيْكَ أَلَّا يَزَّكّٰى ۝

مالدار ہے اُسکے لیے تو تو آمادہ رہتا ہے حالانکہ تجھ کو اسکی کچھ پروا نہونی چاہیے کہ وہ پاکیزہ ہوتا ہے

وَأَمَّا مَنْ جَاءَكَ يَسْعٰى ۝ وَهُوَ يَخْشٰى ۝ فَأَنْتَ عَنْهُ

اور وہ جو تیرے پاس نیکی کی غرض سے آتا ہے اور وہ (خدا کا) ڈرتا ہے تو اُس سے تو اغراض

تَلَهّٰى ۝ كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَاءَ ذَكَرَهُ ۝ فِي

کرتا ہے۔ حق یہ ہے کہ یہ قرآن (کا سورہ) تو ایک نصیحت ہے۔ پس جو چاہے اسے یاد رکھے۔ (اصل کتاب)

صُحُفٍ مُكَرَّمَةٍ ۝ مَرْفُوعَةٍ مُطَهَّرَةٍ ۝ بِأَيْدِي

معزز بلند مرتبہ اور پاک صحیفوں میں ہے جو نیکوکار و بزرگ سفیروں کے

سَفَرَةٍ ۝ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ۝ قُتِلَ الْإِنْسَانُ مَا أَكْفَرَهُ ۝

ہاتھوں میں رہی۔ لعنت ہو انسان وہ کیسا ناشکرا ہے۔

مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهُ ۝ مِنْ نُطْفَةٍ خَلَقَهُ فَقَدَّرَهُ ۝

اُسے (خدا نے) پیدا کس چیز سے کیا ہے؟ نطفہ ہی سے تو اُسے پیدا کیا پھر اُسکے لیے تقدیر مقرر کی

---

۱۲ ایسے عتاب کے لائق نہیں ہو سکتے۔ الزام ہی کیوں نہ آجائے

ثُمَّ السَّبِيلَ يَسَّرَهُ ۝ ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ ۝ ثُمَّ إِذَا

پھر راہ اُسکے لیے آسان کر دی۔ پھر اُسے موت دی پھر اُسے قبر میں پہنچا دیا۔ پھر جب چاہیگا

شَاءَ أَنشَرَهُ ۝ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَا أَمَرَهُ ۝ فَلْيَنظُرِ

اُسے اُٹھا بٹھائیگا۔ کبھی نہیں جو کچھ خدا نے اُسکو حکم دیا تھا اُسے پورا نہ کیا۔ اب انسان کو چاہیئے کہ

الْإِنسَانُ إِلَىٰ طَعَامِهِ ۝ أَنَّا صَبَبْنَا الْمَاءَ صَبًّا ۝

اپنے کھانے کی طرف غور کرے کہ ہم نے پانی زور سے برسایا۔

ثُمَّ شَقَقْنَا الْأَرْضَ شَقًّا ۝ فَأَنبَتْنَا فِيهَا حَبًّا ۝ وَعِنَبًا

پھر (بخوبی) اچھی طرح سے زمین کو پھاڑ دیا۔ پھر ہمنے (ہی) اُس میں غلہ اور

وَقَضْبًا ۝ وَزَيْتُونًا وَنَخْلًا ۝ وَحَدَائِقَ

انگور اور ترکاری اور زیتون اور کھجوریں اور گنجان باغ

غُلْبًا ۝ وَفَاكِهَةً وَأَبًّا ۝ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِأَنْعَامِكُمْ ۝

اور میوے اور گھاس خود تمہارے نفع کیلئے اور تمہارے چوپایوں کے نفع کیلئے پیدا کیے۔

فَإِذَا جَاءَتِ الصَّاخَّةُ ۝ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ۝

پھر جب کانوں کی پردے پھاڑنیوالی (چیز) آجائیگی تو اُس دن آدمی اپنے بھائی سے

وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ۝ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ ۝ لِكُلِّ امْرِئٍ

اور اپنی ماں سے اور باپ سے اور اپنی جورو سے اور اپنے بچوں سے بھاگتا پھریگا۔ اور اُس دن اُن میں سے ہر شخص

مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ ۝ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ

کی ایک (خاص) حالت ہوگی جو اُسے (اوروں سے) بے پروا کر دیگی۔ بہت سے چہرے تو اُس دن روشن

مُّسْفِرَةٌ ۝ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝ وَوُجُوهٌ

خنداں (اور) شادماں ہونگے اور بہت سے چہرے اُس دن گرد

يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝ أُولَٰئِكَ

میں اٹے ہوئے ہونگے کہ اُن پر سیاہی چھا جائیگی۔ (آخر الذکر) یہی تو

هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ○

کفار (اور) بدکار ہیں۔

سورۃ التکویر مکیۃ وھی تسع وعشرون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ○ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ○

جبکہ سورج کی روشنی لپیٹ دیجائیگی۔ اور جبکہ تاروں کی روشنی جاتی رہیگی۔

وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ○ وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ○ وَ

اور جبکہ پہاڑ چلائے جائینگے۔ اور جبکہ گابھن اونٹنیاں بیکار ہوجائینگی۔ اور

اِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ○ وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ○

جبکہ جانور جمع کیے جائینگے۔ اور جبکہ دریاؤں میں آگ لگ جائیگی۔

وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ○ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ○

اور جبکہ (نیک وبد) نفسوں کے جوڑ ملائے جائینگے۔ اور جبکہ زندہ دفن کی ہوئی (لڑکی) سے سوال کیا جائیگا۔

بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ○ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ○ وَاِذَا

کہ وہ کس گناہ پر ماری گئی تھی اور جبکہ نامۂ اعمال پھیلائے جائینگے۔ اور جبکہ

السَّمَآءُ كُشِطَتْ ○ وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ○ وَاِذَا

آسمان (اپنے مقام سے) کھینچ لیا جائیگا۔ اور جبکہ دوزخ بھڑکائی جائیگی۔ اور جبکہ

الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ○ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ○

جنت قریب کردی جائیگی۔ تو ہر نفس جان لیگا کہ وہ (کیا) کیا لیکر آیا ہے۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ○ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ○ وَالَّيْلِ

تو قسم ہے مجھ کو پیچھے اور چلنے والوں اور پھر چھپنے والوں کی اور رات کی

إِذَا عَسْعَسَ ۝ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ۝ إِنَّهُ لَقَوْلُ

جبکہ وہ خوب تاریک ہو جائے۔ اور صبح کی جبکہ وہ روشن ہو جائے۔ بیشک یہ (قرآن) ایک معزز قوت

رَسُولٍ كَرِيمٍ ۝ ذِي قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ۝

والے رسول کی زبانی آیا ہے جو صاحب عرش کے ہاں رتبہ والا سردار

مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ۝ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُونٍ ۝ وَ

و امین ہے۔ اور تمہارا ساتھی دیوانہ نہیں ہے۔ اور

لَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ۝ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ

یقیناً انہوں نے اس (جبرئیل) کو آسمان کے کنارے کھلا دیکھا ہے۔ اور وہ غیب کی باتوں کے بارے میں

ربع

بِضَنِينٍ ۝ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ ۝ فَأَيْنَ

بخیل نہیں ہے۔ اور نہ یہ شیطانِ ملعون کا قول ہے۔ تم پھر کدھر

تَذْهَبُونَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ۝ لِمَنْ

(بھٹکے) جاتے ہو؟ یہ اور کچھ نہیں ہے مگر تمام عالموں کے لیے نصیحت۔ (خاص کر) اس

شَاءَ مِنْكُمْ أَنْ يَسْتَقِيمَ ۝ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا

شخص کے واسطے جو تم میں سے سیدھی راہ چلنا چاہے۔ اور تم کچھ بھی نہ چاہو گے سوائے اس کے

ع ۱ ۲۹ ۶

أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝

کہ جو اللہ تمام عالموں کا پروردگار چاہے۔

سورۃ الانفطار مکیۃ وھی تسع عشرۃ اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ ۝ وَإِذَا الْكَوَاكِبُ

جبکہ آسمان پھٹ جائے اور جبکہ تارے گر کر



انتثرت ﴿۲﴾ وَإِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ﴿۳﴾ وَإِذَا الْقُبُورُ
تتر بتر ہو جائینگے۔ اور جبکہ دریا بہکر مل جائینگے۔ اور جبکہ قبریں اُلٹ پلٹ
بُعْثِرَتْ ﴿۴﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَأَخَّرَتْ ﴿۵﴾
کر دیجائینگی۔ (اُس وقت) ہر نفس جان لیگا کہ اُسنے آگے کیا بھیجا اور پیچھے کیا چھوڑا۔
يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ ﴿۶﴾
اے انسان! تجھے کس چیز نے دھوکا دیا تیرے صاحب کرم پروردگار کے مقابلے میں۔
الَّذِي خَلَقَكَ فَسَوَّاكَ فَعَدَلَكَ ﴿۷﴾ فِي أَيِّ صُورَةٍ
جس نے تجھے پیدا کیا پھر تجھے درست کیا پھر تجھے موزوں بنایا۔ پھر جس صورت میں تُو سب جانا
مَّا شَاءَ رَكَّبَكَ ﴿۸﴾ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُونَ بِالدِّينِ ﴿۹﴾ وَ
عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِىَ عَنْهُمْ

پرہیزگاروں کی حال سے آگاہ ہے۔ بیشک جو کافر ہو گئے نہ اُن کے مال

أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ وَأُولَٰئِكَ
اللہ کے ہاں اُن کے کچھ کام آئینگے اور نہ اُن کی اولاد اور وہی
أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ مَثَلُ مَا يُنفِقُونَ
جہنمی ہیں۔ جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے۔ جو کچھ وہ اِس
فِي هَٰذِهِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيحٍ فِيهَا صِرٌّ أَصَابَتْ
زندگانی دنیا میں خرچ کرتے ہیں اُسکی مثال اُس تند ہوا کی سی ہے جس میں سخت سردی ہو
حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ فَأَهْلَكَتْهُ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ
اور وہ اُس قوم کی کھیتی پر آپڑے اور اُسکو تباہ کردے جسنے اپنی جانوں پر ظلم توڑا ہو اور اللہ نے
اللَّهُ وَلَٰكِنْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا
اُنپر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ اپنی جانوں پر وہ خود ظلم کرتے ہیں۔ اے ایمان لانیوالو!
لَا تَتَّخِذُوا بِطَانَةً مِّن دُونِكُمْ لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالًا ۚ
اپنوں کے سوا کسی کو رازدار نہ بناؤ وہ تمہاری خرابی میں کمی نہ کرینگے۔
وَدُّوا مَا عَنِتُّمْ ۖ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاءُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ
جتنی تم کو تکلیف پہنچیگی وہ خوش ہونگے دشمنی اُن کی بات بات سے ظاہر ہے۔
وَمَا تُخْفِي صُدُورُهُمْ أَكْبَرُ ۚ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ
اور جو کچھ اُنکے دلوں میں چھپا ہوا ہے وہ اس سے کہیں بڑھکر ہے۔ ہمنے تو تمہارے لیے نشانیاں
إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ ۝ هَا أَنتُمْ أُولَاءِ تُحِبُّونَهُمْ وَلَا
کھولکر بیان کردیں بشرطیکہ تم سمجھو۔ لو اب تم اُنہی سے محبت کرتے ہو حالانکہ وہ تم سے
يُحِبُّونَكُمْ وَتُؤْمِنُونَ بِالْكِتَابِ كُلِّهِ ۖ وَإِذَا لَقُوكُمْ
محبت نہیں کرتے اور تم پوری کتاب پر ایمان رکھتے ہو۔ اور وہ جب تم سے ملتے ہیں
قَالُوا آمَنَّا ۖ وَإِذَا خَلَوْا عَضُّوا عَلَيْكُمُ الْأَنَامِلَ
کہدیتے ہیں کہ ہم بھی ایمان لائے۔ اور جب اکیلے ہوتے ہیں تو تمہارے برخلاف غصہ سے اپنی اُنگلیاں

لہ لا یحفلون والبطانۃ بطانۃ الرجل کو ذی معنی میں لباس کا استعارہ اور اصطلاحی معنی میں ایسا دوست جسپر کوئی شخص اعتماد کرکے آزادی یا بیباکی سے اپنا راز اُس پر کھولدے

منزل ۱

مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

اپنے دانتوں سے کاٹتے ہیں۔ کہدو کہ تم آپ ہی اپنے غصہ سے مرجاؤ۔ بیشک اللہ دلوں کے حال سے

الصُّدُوْرِ ۝ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ

واقف ہے۔ اگر تم کو کوئی نفع پہنچتا ہے تو اُن کو بُرا لگتا ہے اور اگر

تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا

تم پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو اس سے وہ خوش ہوتے ہیں۔ اور اگر تم صبر کروگے اور اُنسے بچتے رہوگے

لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

تو اُنکا مکر تمکو کچھ نقصان نہ پہنچائیگا۔ اس میں شک نہیں کہ جو کچھ (بھی) وہ کرتے ہیں خدا کے

مُحِيْطٌ ۝ وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ ع ۱۲ ۳

احاطہ میں ہے۔ اور (اے رسول تم اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ صبح ہی صبح تم اپنے بال بچوں میں سے نکلے اور مومنین

مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اِذْ هَمَّتْ

کو لڑائی کے مورچوں میں بٹھانے لگے۔ اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ

طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ؕ وَعَلَى

تم میں سے دو گروہوں نے ہمت ہار دینی چاہی حالانکہ اللہ اُن دونوں کی مدد پر تھا۔ اور

اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ

مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ بیشک اللہ نے بدر میں تمہاری مدد کی تھی

بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

جبکہ تم حقیر تھے پس خدا سے ڈرو تاکہ تم شکرگزار ہو جاؤ۔

اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ

(اے پیغمبر تم اُس وقت کو یاد کرو) جب تم مومنوں سے یہ کہہ رہے تھے کہ کیا یہ بات تمہارے لیے کافی نہ ہوگی

يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ۝

کہ تمہارا پروردگار (آسمان سے) تین ہزار فرشتے بھیجکر تمہاری مدد کریگا۔

بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ

ہاں اگر تم صبر کرو اور نافرمانی سے بچو اور دشمن تمہیں یکایک آ لیں

هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

تو تمہارا پروردگار پانچ ہزار سجے سجائے فرشتوں سے تمہاری

مُسَوِّمِيْنَ ○ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ ع

مدد کریگا۔ اور یہ مدد خدا نے مقرر نہیں کی مگر اس لیے کہ تمہارے لیے خوشخبری ہو

وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ۭ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ

اور اس لیے کہ تمہارے دل اس سے مطمئن ہو جائیں۔ اور ہر مدد زبردست حکمت والے

عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ○ لِيَقْطَعَ طَرَفًا

خدا ہی کی طرف سے ہوتی ہے۔ تاکہ کافروں کے

مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا

جتھے میں سے کچھ کم کر دے یا انکو ایسا ذلیل کرے کہ وہ ناکام

خَاۗىِٕبِيْنَ ○ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ

پلٹ جائیں۔ (اے رسول) اس معاملہ میں تمہارا کچھ اختیار نہیں خواہ خدا انکی توبہ

عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ○ وَلِلّٰهِ

قبول کرے یا انکو عذاب دے اس لیے کہ وہ ظالم ہیں۔ اور جو کچھ

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ سب اللہ ہی کا ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے

يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

بخشدیتا ہے اور جسے چاہتا ہے عذاب کرتا ہے۔ اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا

اے ایمان لانیوالو! دونا دون سود

ع ۱۳ ۹ ۴

مُّضٰعَفَةً ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَاتَّقُوا

نہ کھاؤ۔ اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاجاؤ اور اُس آگ سے

النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

ڈرو جو انکار کرنیوالوں ہی کے لیے تیار کی گئی ہے۔ اور اللہ اور رسول کی

وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى

اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور اپنے پروردگار کی بخشش

مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ

اور جنت کی طرف دوڑ کر جاؤ جس کی وسعت کل آسمانوں اور ساری زمین

وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

کے برابر ہے (جو) پرہیزگاروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔ جو فراخی اور تنگدستی میں

فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ

خرچ کرتے اور غصے کو روکتے

وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

اور لوگوں (کے قصور) سے درگزر کرتے رہتے ہیں۔ اور اللہ احسان کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

اور وہ لوگ جو بدی کر بیٹھتے ہیں یا اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں تو

ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ

خدا کو یاد کرکے اپنے گناہوں کی معافی چاہتے ہیں اور سوا خدا کے

الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۠ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰي مَا فَعَلُوْا وَهُمْ

گناہوں کو کون معاف کرسکتا ہے؟ اور جو کچھ وہ کرچکے جان بوجھ کر اُس پر اصرار

يَعْلَمُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ

نہیں کرتے۔ اُنہی کی جزا اُنکے پروردگار کی طرف سے بخشش ہے

رَبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

اور ایسے باغ جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں جن میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ)

فِيْهَا ۭ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ قَدْ خَلَتْ مِنْ

رہینگے۔ اور نیک عمل کرنیوالوں کا کیا ہی اچھا اجر ہے۔ تم سے پہلے بہت سے واقعات

قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ

گزر گئے پس چلو پھرو اور دیکھو کہ جھٹلانیوالوں کا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ

کیسا انجام ہوا۔ یہ کُل آدمیوں کے لیے سمجھانا ہے۔

وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا

اور پرہیزگاروں کے لیے ہدایت و نصیحت۔ اور ہمت نہ ہارو اور

تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

رنجیدہ نہو حالانکہ اگر مومن ہو تو تم ہی غالب آؤ گے۔

اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ۭ

اگر تمکو زخم لگا تو اُن لوگوں کو بھی ایسا ہی زخم لگ چکا ہے۔

وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ

اور یہ تو اتفاقات زمانہ ہیں جو ہم آدمیوں کے درمیان الٹ پھیر کرتے رہتے ہیں۔ اور اس لیے کہ خدا جان لے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَاۗءَ ۭ وَاللّٰهُ لَا

کہ ایمان لانیوالے کون ہیں اور تم ہی میں سے بعض کو گواہ بنالے۔ اور اللہ ظالموں

يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ

کو دوست نہیں رکھتا۔ اور اس لیے (بھی) کہ خدا ایمان لانیوالوں کو خالص کرلے

الْكٰفِرِيْنَ ۝ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا

اور کافروں کو مٹا دے۔ یا تمنے یہ گمان کیا تھا کہ تم بہشت میں چلے جاؤ گے؟ حالانکہ اس وقت تک

يَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ○

اللہ نے (بذریعۂ امتحان) نہ اُن لوگوں کو جانا تھا جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا اور نہ اُن لوگوں کو جو ثابت قدم رہے

وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ فَقَدْ

اور ملاقات کرنے سے پہلے تو تم موت کی تمنا کیا کرتے تھے پھر تو تم نے

رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ○ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ع ۱۴/۵

اُسے کھلی آنکھوں سے دیکھ لیا محمدؐ ایک رسول ہی ہیں۔

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ط اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ

جن سے پہلے بہت سے رسول گزر چکے کیا اگر وہ مرجائینگے یا

قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ط وَمَنْ يَّنْقَلِبْ

قتل کر دیے جائینگے تو تم اپنے پچھلے پاؤں پلٹ جاؤ گے۔ اور جو اپنے پچھلے پاؤں

عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ط وَسَيَجْزِى اللّٰهُ

پلٹ جائیگا وہ خدا کا کچھ نہ بگاڑ یگا۔ اور عنقریب خدا شکر کرنیوالونکو

الشّٰكِرِيْنَ ○ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ

جزا دیگا۔ اور کوئی متنفس بغیر خدا کے حکم کے جو لکھا ہوا اور

اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ط وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ

مقرر کیا ہوا ہے نہیں مرسکتا۔ اور جو شخص دنیا کا بدلا چاہیگا ہم اُسکو یہیں

مِنْهَا ج وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ط

دینگے۔ اور جو شخص آخرت کا بدلا چاہیگا اُس کو وہیں دینگے۔

وَسَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ ○ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ

اور عنقریب ہم شکر گزار لوگوں کو جزائے خیر دینگے۔ اور نبیوں میں سے بہت سے ایسے ہوئے ہیں جنکی

رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ج فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

معیت میں اکثر اللہ والے لڑے۔ پھر خدا کی راہ میں جو مصیبت اُنپر پڑی نہ اُس سے اُنھوں نے ہمت

وَمَا ضَعُفُوا وَمَا اسْتَكَانُوا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ○
پست کی نہ بودا پن ظاہر کیا اور نہ (دشمن کے آگے) گڑگڑائے۔ اور اللہ (ایسی ہی) صبر کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے۔

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا
اور انکا قول اسکے سوا کچھ نہ تھا کہ انہوں نے یہ کہا کہ اے ہمارے پروردگار ہمارے گناہوں کو اور

وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا
معاملات میں ہماری زیادتیوں کو بخشدے اور ہمارے قدم جمائے رکھ اور ان کافر

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ
لوگوں کے برخلاف ہماری مدد کر۔ پھر اللہ نے انکو دنیا کا بھی

الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ○ ع ۱۵ ۵ ۶
بدلہ دیا اور آخرت کا بدلہ اُس سے اچھا دیا۔ اور اللہ نیکی کرنیوالوں کو پسند کرتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
اے ایمان لانیوالو! اگر تم کافروں کی اطاعت کروگے تو وہ تم کو

يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ○
تمہارے پچھلے پاؤں لوٹا دینگے پھر تم زیاں کار ہو کر پلٹ جاؤگے۔

بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ○ سَنُلْقِيْ
بلکہ اللہ تمہارا حامی اور سب سے اچھا مددگار ہے۔ عنقریب ہم

فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ
کافروں کے دل میں رعب ڈالدینگے بوجہ اس کے کہ اُس کو اُنہوں نے خدا کا

مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَبِئْسَ مَثْوَى
شریک قرار دیا جسکی بابت اُسنے کوئی دلیل نازل نہیں کی اور اُنکا ٹھکانا جہنم ہے۔ اور ظالموں کی بازگشت

الظّٰلِمِيْنَ ○ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ
بہت ہی بری ہے۔ اور بیشک اللہ نے تم سے اپنا وعدہ سچا کیا جبکہ تم اُس کے

۱ اور اوروں نے تلوار کی باڑھ پر رکھ لیا۔ یہانتک کہ وہ شکست کھا کر بھاگے۔ اور مسلمانوں نے اُن کا تعاقب کیا

بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِى الْاَمْرِ وَ

حکم سے اُنکو قتل کرتے رہے یہانتک کہ جب تم نے ہمت ہاردی اور اپنی پسند کی چیز میں دیکھنے کے بعد

عَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ مِنْكُمْ مَّنْ

معاملہ میں آپس میں جھگڑنے لگے اور (رسول کی) نافرمانی کی۔ تم میں سے بعض

يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ

دنیا کے طلبگار ہیں اور بعض آخرت کے خواستگار ہیں۔ پھر تمہارا رُخ

عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ

اُنکی طرف سے پھیر دیا کہ تمہارا امتحان لے اور یقیناً خدا نے تم سے درگزر کی۔ اور اللہ مومنوں پر

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ

(بڑا) فضل کرنیوالا ہے۔ جب تم دور بھاگے چلے جاتے تھے اور کسی کو پلٹ کر بھی

عَلٰٓى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ

نہ دیکھتے تھے اور پیچھے سے رسول تم کو پکار رہے تھے پھر خدا نے تم کو

غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰي مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ

رنج پر رنج پہنچایا تاکہ جو کچھ تمہارے ہاتھ سے نکل گیا ہے اُسپر اور جو مصیبتیں تم پر پڑی ہیں اُنپر

اَصَابَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ ثُمَّ اَنْزَلَ

افسوس نہ کرو۔ اور جو کچھ عمل تم کرتے ہو اللہ اُس سے خبردار ہے۔ پھر بعد اِس رنج کے

عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَاۗىِٕفَةً

خدا نے تم پر چین کی نیند نازل کی جو تم میں سے ایک گروہ پر

مِّنْكُمْ ۙ وَطَاۗىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ

چھاگئی اور ایک گروہ کو اپنی جان کے لالے پڑ گئے تھے اور خدا کی نسبت ناحق

غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ

کفار کی سی بدگمانیاں کرتے تھے۔ کہتے تھے اِس معاملہ میں ہمارا بھی اختیار ہے؟

مِنْ شَيْءٍ ۗ قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ ۗ يُخْفُونَ فِي أَنْفُسِهِمْ

تم کہدو کہ یہ معاملہ پورا خدا کے ہاتھ ہے۔ وہ اپنے دلوں میں وہ کچھ چھپا رہے ہیں

مَا لَا يُبْدُونَ لَكَ ۗ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ

جو تم پر ظاہر نہیں کرتے۔ کہتے ہیں کہ اس معاملہ میں اگر ہمارا کچھ اختیار ہوتا

شَيْءٌ مَا قُتِلْنَا هَاهُنَا ۗ قُلْ لَوْ كُنْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ

تو ہم اس جگہ قتل نہ کیے جاتے۔ تم کہدو کہ اگر تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے

لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ

تو بھی جنکے لیے قتل لکھا جاچکا تھا وہ اپنے مقتل میں ضرور نکل کر آتے

وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي

اور اس لیے کہ خدا تمہارے دلوں کی باتوں کو آزمالے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے

قُلُوبِكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ○ إِنَّ

اسکو جانچ لے۔ اور اللہ دلوں کی حالت سے آگاہ ہے۔ یقیناً تم میں سے

الَّذِينَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ ۙ إِنَّمَا

وہ لوگ جو (اُس دن) بھاگ گئے تھے جس دن دو گروہوں کا مقابلہ ہوا تھا سوا اسکے

اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوا ۖ

نہیں کہ شیطان نے بوجہ اُنکے بعض افعال کے اُن کے قدم ڈگمگا دیے تھے۔

وَلَقَدْ عَفَا اللَّهُ عَنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ حَلِيمٌ ○

اور اللہ نے اُن کے قصور سے درگزر کی بیشک خدا بخشنے والا (اور) بردبار ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ كَفَرُوا

اے ایمان لانیوالو! تم اُن کے مانند نہ ہو جو منکر ہو گئے

وَقَالُوا لِإِخْوَانِهِمْ إِذَا ضَرَبُوا فِي الْأَرْضِ

اور اپنے بھائیوں کے بارے میں جبکہ وہ سفر میں گئے یا مجاہد بنے یہ کہنے لگے کہ

نصف ع ۱۶

أَوْ كَانُوا غُزًّى لَّوْ كَانُوا عِندَنَا مَا مَاتُوا وَمَا

اگر یہ ہمارے پاس رہتے تو نہ موت سے مرتے اور نہ قتل کیے جاتے (تم کو منع

قُتِلُوا ۚ لِيَجْعَلَ اللَّهُ ذَٰلِكَ حَسْرَةً فِي قُلُوبِهِمْ ۗ

اس لیے کیا کہ خدا نے اِس خیال کو اُن کے لیے اُن کے دلوں میں ایک حسرت قرار دیدیا ہے۔

وَاللَّهُ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝

حالانکہ اللہ ہی جلاتا اور مارتا ہے۔ اور جو اعمال تم کرتے ہو اللہ اُن سب کا دیکھنے والا ہے۔

وَلَئِن قُتِلْتُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ

اور اگر تم راہِ خدا میں قتل کیے گئے یا اپنی موت سے مر گئے تو جو کچھ لوگ جمع کرتے رہتے ہیں

اللَّهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ۝ وَلَئِن مُّتُّمْ

اُن سب سے خدا کی مغفرت اور رحمت بہت ہی بہتر ہے۔ اور اگر تم (ویسے ہی)

أَوْ قُتِلْتُمْ لَإِلَى اللَّهِ تُحْشَرُونَ ۝ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ

مر گئے یا قتل کر دیے گئے تو بھی خدا کی حضور میں محشور کیے جاؤ گے۔ پھر (اے رسول) خدا ہی کی رحمت کے

اللَّهِ لِنتَ لَهُمْ ۖ وَلَوْ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ

سبب سے تم اُن سے نرمی برتی۔ اور اگر تم درشت مزاج اور سخت دل ہوتے تو وہ

لَانفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ

تمہارے پاس سے متفرق ہو جاتے۔ پس اب بھی تم اُن سے درگزر کرو اور اُنکے لیے دعائے

لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ۖ فَإِذَا عَزَمْتَ

مغفرت کرو اور اُن سے معاملات میں مشورہ کر لیا کرو۔ اور جب تم کسی بات کا پختہ ارادہ کر لو

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ ۝

تو اُس وقت اللہ پر بھروسہ کیا کرو۔ یقیناً اللہ بھروسہ کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے۔

إِن يَنصُرْكُمُ اللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۖ وَإِن يَخْذُلْكُمْ

اگر اللہ تمہاری مدد کریگا تو کوئی تم پر غلبہ نہ پائیگا۔ اور اگر وہ تم کو چھوڑ دیگا

فَمَنْ ذَا الَّذِي يَنْصُرُكُمْ مِنْ بَعْدِهِ ۗ وَعَلَى اللَّهِ
تو پھر وہ کون ہے جو اس کے خلاف تمہاری نصرت کریگا؟ اور مومنوں کو لازم ہے
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ
کہ اللہ ہی پر بھروسہ کیا کریں۔ اور نبی کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ
يَغُلَّ ۚ وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ ثُمَّ
خفیہ کوئی چیز اڑالے۔ اور جو شخص کوئی چیز خفیہ اڑالیگا تو قیامت کے دن وہ اُسے ظاہر کرنی پڑیگی
تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ أَفَمَنِ
پھر ہر شخص کو اُسکی کرتوت کا بدلہ پورا پورا دیا جائیگا اور اُن پر ظلم نہ کیا جائیگا۔ کیا وہ شخص جو
اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللَّهِ كَمَنْ بَاءَ بِسَخَطٍ مِنَ اللَّهِ وَمَأْوَاهُ
خوشنودی خدا کا تابع ہو اُس کے مانند ہو جائیگا جو پھر کر خدا کے غضب میں گرفتار ہوا اور اُسکا
جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ هُمْ دَرَجَاتٌ عِنْدَ اللَّهِ ۗ
ٹھکانا جہنم ہو۔ اور وہ بہت ہی بُری بازگشت ہے۔ اُنکے تو خدا کے نزدیک بڑے درجے ہیں
وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ۝ لَقَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَى
اور جو وہ کرتے ہیں خدا اُن کا نگران ہے۔ بیشک اللہ نے مومنوں پر
الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْ أَنْفُسِهِمْ
احسان کیا جبکہ ایک رسول اُنہی میں سے مبعوث کر دیا جو
يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ
اُن پر خدا کی آیتیں پڑھتا ہے اور اُنکو (ظاہر و باطن) پاک کرتا ہے اور اُنکو کتاب اور حکمت
وَالْحِكْمَةَ ۚ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝ أَوَلَمَّا
کی تعلیم دیتا ہے۔ بیشک اس سے پہلے وہ کھلی گمراہی میں تھے۔ کیا جب تم پر
أَصَابَتْكُمْ مُصِيبَةٌ قَدْ أَصَبْتُمْ مِثْلَيْهَا قُلْتُمْ أَنَّىٰ هَٰذَا ۖ
ایسی مصیبت آپڑی جس سے دوگنی تم خود پہنچا چکے تھے تو تم یہ کہنے لگے کہ یہ کہاں سے آئی۔

قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

(اے رسول) تم کہدو کہ یہ تمہاری اپنی طرف سے ہے۔ بیشک اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

وَمَا أَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيَعْلَمَ

اور جو کچھ مصیبت تم پر اُس دن پڑی جس دن دو گروہوں کی مڈبھیڑ ہوئی تو وہ خدا کے حکم سے تھی (اور اسلئے تھی)

الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ نَافَقُوا ۚ وَقِيلَ لَهُمْ

کہ خدا مومنوں کو جان لے۔ اور اُن کو بھی جان لے جو منافق ہو گئے تھے۔ اور اُن سے جب یہ کہا گیا

تَعَالَوْا قَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوِ ادْفَعُوا ۖ قَالُوا لَوْ

کہ آؤ خدا کی راہ میں لڑو یا دفاع ہی کرو تو کہنے لگے اگر

نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنَاكُمْ ۖ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ

پہلے سے ہمکو لڑائی کی خبر ہوتی تو ہم تمہاری پیروی ہی نہ کرتے اُس دن وہ (منافق) ایمان کی نسبت

مِنْهُمْ لِلْإِيمَانِ ۚ يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِم مَّا لَيْسَ فِي

کفر سے زیادہ قریب تھے اپنے مُنہ سے وہ کہتے ہیں جو کچھ اُن کے دلوں میں

قُلُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُونَ ۝ الَّذِينَ قَالُوا

نہیں ہے۔ حالانکہ جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اُس سے خدا خوب آگاہ ہے۔ جو لوگ لڑائی سے بیٹھ رہے

لِإِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوا لَوْ أَطَاعُونَا مَا قُتِلُوا ۗ قُلْ

تھے اور اُنہوں نے اپنے بھائیوں کے بارے میں یہ کہا تھا کہ اگر وہ ہماری اطاعت کرتے تو قتل نہ کیے جاتے۔ تم

فَادْرَءُوا عَنْ أَنفُسِكُمُ الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝

اُن سے کہدو کہ اگر تم سچے ہو تو اپنی ہی جانوں سے موت کو ٹال دو۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا ۚ بَلْ

اور جو لوگ راہِ خدا میں قتل کیے گئے ہیں اُنکو ہرگز ہرگز مُردہ نہ خیال کرنا۔ بلکہ وہ

أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ ۝ فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ

زندہ ہیں اور اپنے رب کے پاس رزق پاتے ہیں۔ اللہ نے اپنے فضل سے جو کچھ اُنکو دیا ہے

مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ

وہ اُس سے خوش ہیں اور جو لوگ پیچھے رہگئے ہیں اور اب تک اُن سے نہیں ملے ہیں اُنکی باری میں خوشخبری پاتے ہیں

خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

کہ اُن پر کسی طرح کا خوف نہیں ہے اور نہ وہ رنجیدہ ہونگے۔

يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا

خدا کی نعمت اور فضل کی خوشخبری پاتے ہیں اور اسکی کہ اللہ مومنوں

يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ ۚ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ

کے کسی اجر کو ضائع نہیں کرتا۔ جنہوں نے زخم لگجانے کے بعد بھی اللہ

وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ

اور رسول کا حکم مان لیا اُن میں سے جو

اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ ۚ اَلَّذِيْنَ

نیکوکار اور پرہیزگار ہیں اُنکے لیے بہت بڑا اجر ہے۔ وہی تو ہیں کہ

قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ

جن سے آدمیوں نے کہا کہ لوگوں نے تمہارے لیے بڑا ایکا کیا ہے لہذا

فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ

اُن سے ڈرو تو اس خبر نے اُنکا ایمان اور بڑھا دیا اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ اللہ ہمارے لیے

وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ

کافی ہے اور وہ سب سے بہتر کارساز ہے۔ وہ خدا کی نعمت اور فضل کے ساتھ پلٹ کر آئے

لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ

اور اُنکو کوئی تکلیف نہ پہنچی اور وہ خوشنودی خدا کے پیرو رہے۔ اور اللہ

ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۝ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ

بڑا فضل کرنیوالا ہے۔ یہ تمہارا شیطان ہی اپنے یاروں کو ڈرایا کرتا

وقف لازم

ع ۱۷ ۱۶ ۸

مع ۲ عند المتقدمین

أَوْلِيَاءَهُ ۖ فَلَا تَخَافُوهُمْ وَخَافُونِ إِن كُنتُم

ہے۔ پس اگر تم مومن ہو تو اُن سے ہراساں نہ ہو صرف مجھ سے ہی

مُّؤْمِنِينَ ○ وَلَا يَحْزُنكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي

ڈرتے رہو۔ اور (اے رسُول) یہ لوگ جو کفر کی طرف دوڑے چلے جاتے ہیں یہ بات تمکو

الْكُفْرِ ۚ إِنَّهُمْ لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ۗ يُرِيدُ اللَّهُ أَلَّا

کچھ رنج نہ پہنچائے۔ یقیناً وہ اللہ کا کچھ نہ بگاڑینگے (اور) اللہ کا ارادہ ہے کہ

يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْآخِرَةِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ

آخرت میں اُنکا کچھ حصّہ نہ رکھے۔ اور اُنکے لیے بڑا عذاب (تیار)

عَظِيمٌ ○ إِنَّ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْإِيمَانِ

ہے۔ بیشک جن لوگوں نے کفر کو (بخوشی) ایمان کے بدلے خرید لیا

لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ وَلَا

وہ ہرگز خدا کا کچھ نقصان نہ کرینگے اور اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔ اور جو لوگ منکر

يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ لِّأَنفُسِهِمْ ۚ

ہو گئے ہیں وہ کبھی یہ گمان نہ کریں کہ ہم جو مہلت اُن کو دیتے ہیں یہ اُنکے لیے کچھ بہتری ہے ہم تو

إِنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ لِيَزْدَادُوا إِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

اُنکو اس لیے مہلت دیتے ہیں کہ گناہگاری میں وہ اور بڑھ جائیں اور اُنکے لیے ذلّت دینے والا عذاب

مُّهِينٌ ○ مَّا كَانَ اللَّهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَىٰ مَا أَنتُمْ

(مہیّا) ہے۔ خدا کی یہ شان نہیں ہے کہ مومنوں کو اُسی حالت پر رہنے دے کہ جس حالت پر

عَلَيْهِ حَتَّىٰ يَمِيزَ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۗ وَمَا كَانَ اللَّهُ

تم ہو یہانتک کہ ناپاک کو پاک سے جُدا نہ کردے۔ اور خدا کی یہ شان نہیں ہے کہ

لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَجْتَبِي مِن رُّسُلِهِ

وہ تم کو غیب کی باتوں سے آگاہ کردے لیکن خدا تعالےٰ اپنے رسولوں میں سے جسکو چاہتا ہے (اِس

لے اَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ لِّأَنفُسِهِمْ ۔ تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ اُن حضرت سے کافر کے بارے میں دریافت

مَنْ يَّشَآءُ ۚ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا

بات کو لیا) منتخب کر لیتا ہے پس تم اللہ پر اور اُسکے رسولوں پر ایمان لاؤ۔ اور اگر تم ایمان لاؤ گے

وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

اور پرہیزگاری کرو گے تو تمہارے لیے بہت بڑا اجر ہوگا۔ اور جو لوگ اُسکے بارے میں بخل کرتے ہیں

يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ

جو کچھ اللہ نے اپنے فضل سے اُنکو دیا ہے ہرگز یہ گمان کریں کہ اُنکا یہ بخل کرنا اُنکے لیے اچھا ہے۔

بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ

بلکہ یہ اُنکے لیے بُرا ہے۔ قریب ہے کہ قیامت کے دن وہی چیزیں جنکے بارے میں وہ بخل کرتے تھے طوق

وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

بنا کر اُنکو پہنا دی جائینگی اور کُل آسمانوں کی اور زمین کی میراث خدا ہی کی ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اُس سب سے

خَبِيْرٌ ۝ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ع ۱۸ ۹ ۹

آگاہ ہے۔ یقیناً اللہ نے اُن لوگوں کی بات سُن لی جنہوں نے یہ کہا کہ اللہ تو

فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ ربع ۹

محتاج ہے اور ہم مالدار ہیں۔ جو کچھ اُنہوں نے کہا وہ اور اُن کا

الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝

انبیاء کو ناحق قتل کرنا ہم لکھ لینگے۔ اور کہینگے کہ آگ کے عذاب کا مزا چکھو۔

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ

تمہارے ہاتھوں جو کچھ ہو چکا یہ اُسی کا بدلہ ہے اور یقیناً اللہ (اپنے) بندوں کے حق میں ظالم

لِّلْعَبِيْدِ ۝ ۙ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا

نہیں ہے۔ جنہوں نے یہ کہا کہ اللہ نے ہم سے عہد لے لیا ہے کہ ہم کسی رسول

نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ۭ

پر ایمان نہ لائیں جبتک کہ وہ ایسی قربانی ہمارے روبرو پیش نہ کرے جس کو آگ کھا جائے۔

قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ

(اے رسول) تم یہ کہدو کہ مجھ سے پہلے بہت سے رسول تمہارے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے اور جو کچھ تم

قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ

کہتے ہو یہ بھی لائے تھے پھر اگر تم سچے ہو تو تمنے اُن کو قتل کیوں کیا تھا؟ پھر (بھی) اگر وہ

كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ

تمکو جھٹلائیں تو تم سے پہلے بہت سے ایسے رسول جھٹلائے گئے ہیں جو کھلی نشانیاں

بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ۝ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ

(بھی) لائے تھے اور نصیحت کی باتیں (بھی) اور روشن کتاب (بھی)۔ ہر جان کو موت کا مزہ

الْمَوْتِ ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ

چکھنا ہے۔ اور قیامت کے دن تم کو تمہارے اجر پورے پورے دیے جائینگے۔ پس جو شخص

زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا

آتش جہنم سے بچا لیا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا وہ تو یقیناً کامیاب ہو گیا۔ اور یہ

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝ لَتُبْلَوُنَّ فِيْ

زندگانی دنیا تو صرف دھوکے کی ٹٹی ہے۔ ضرور تم اپنے مالوں اور اپنی

اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۗ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

جانوں کے بارے میں آزمائے جاؤ گے اور جن لوگوں کو تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے اُن سے

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى

اور جو لوگ مشرک ہو گئے ہیں اُن سے ضرور بہت سی ایذا کی باتیں

كَثِيْرًا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ

سنوگے۔ اور اگر تم صبر کروگے اور پرہیزگار رہوگے تو یہی تو بختی کے کاموں میں سے

الْاُمُوْرِ ۝ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

(ایک بات) ہے۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ اللہ نے اُن لوگوں سے جن کو کتاب دی گئی تھی اِس بات کا

لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ

عہد لیا تھا کہ ضرور تم اُسکو کل آدمیوں سے کھولکر بیان کرنا اور اُسکو پوشیدہ نہ کرنا پھر اُنہوں نے اس عہد خدا کو پس پشت ڈالدیا

وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ۝

اور کتاب خدا کو تھوڑی سی قیمت پر بیچ لیا۔ تو کیا ہی بُری وہ قیمت ہے جو وہ لیتے ہیں!

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ

جو لوگ اپنے کیے پر خوش ہوتے ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ جو کچھ اُنہوں نے نہیں کیا اُس پر بھی

يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ

اُن کی تعریف کی جائے اُن کی نسبت ہرگز یہ گمان نہ کرنا کہ وہ

مِّنَ الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلِلّٰهِ مُلْكُ

عذاب سے بچینگے حالانکہ اُن کے لیے دردناک عذاب تیار ہے۔ اور کل آسمانوں کی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ ع ۱۹ ۱۰

اور زمین کی بادشاہی خدا ہی کے لیے ہے۔ اور اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ

بیشک آسمانوں کی اور زمین کی پیدائش میں اور رات اور دن کے اَدل بدل

وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۝ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ

میں اُن صاحبانِ عقل کے لیے نشانیاں موجود ہیں جو کھڑے (کھڑے) اور

اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ

بیٹھے (بیٹھے) اور کروٹوں کے بھل (لیٹے لیٹے) اللہ کو یاد کرتے رہتے ہیں اور آسمان و زمین کی

خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ

پیدائش میں غور کرتے ہیں (تو یہ کہتے ہیں کہ) اے ہمارے پروردگار تونے اِنکو فضول نہیں پیدا کیا۔

سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

تیری ذات پاک ہے پس تو ہمکو آتش دوزخ سے بچالے۔ اے ہمارے پروردگار بیشک جسکو تو جہنم میں داخل کرے

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ رَبَّنَآ اِنَّنَا

اُسی کو تو رسوا کریگا۔ اور ظالموں کا حمایتی کوئی بھی نہو گا۔ اے ہمارے پروردگار!

سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ

ہمنے ایک پکارنیوالے کی آواز سنی جو ایمان کے لیے پکارتا تھا کہ تم اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ

فَاٰمَنَّا ۟ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا

پس ای ہماری پروردگار ہم ایمان لائے ای ہماری پروردگار تو ہماری گناہونکو بخشدے اور ہماری برائیونکو ہمسے دور کر

وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى

اور ہمکو نیکوں کے ساتھ محسوب فرما۔ اے ہمارے پروردگار جو کچھ تو نے اپنے رسولوں کی زبانی ہم سے وعدہ

رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

کیا ہے وہ ہمیں عطا فرما اور قیامت کے دن ہم کو رسوا نہ کر۔ بیشک تو وعدے کے خلاف

الْمِيْعَادَ ۝ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ

نہیں کرتا۔ پس اُنکے رب نے اُنکی دعا قبول کرلی (اور یہ فرمایا کہ) میں تم میں سے کسی عمل کرنیوالے کا عمل

عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ

ضائع نہ کرونگا (خواہ وہ) مرد ہو یا عورت کہ ایک تم میں سے دوسرے سے ہے

فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا

پس جنہوں نے ہجرت کی اور اپنے وطن سے نکالے گئے اور میری راہ میں اُن کو

فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ

ایذا دی گئی اور لڑے اور مارے گئے میں ضرور اُنکی برائیاں اُن سے دور کردونگا

وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ثَوَابًا

اور ضرور اُنکو ایسی جنتوں میں داخل کرونگا جنکے نیچے ندیاں بہتی پھرتی ہیں یہ اللہ کی

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ۝

طرف سے ایک صلہ ملیگا۔ اور سب سے اچھا صلہ اللہ ہی کے پاس ہے۔

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي الْبِلَادِ ۝

جو لوگ کافر ہو گئے ہیں اُنکی شہر شہر کی آمد و رفت تمکو ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے۔

مَتَاعٌ قَلِيلٌ ثُمَّ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

یہ چند روزہ پونجی ہے پھر اُنکا ٹھکانا جہنم ہے۔ اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔

لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا

لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اُنکے لیے ایسے باغات ہیں جن کے نیچے ندیاں

الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا نُزُلًا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۗ وَمَا

بہتی پھرتی ہیں وہ ہمیشہ ہمیشہ اُنہی میں رہینگے یہ اللہ کی طرف سے ایک مہمانی ہوگی۔ اور سب سے اچھا

عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ لِلْأَبْرَارِ ۝ وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ

وہ ہی جو نیکوں کے لیے اللہ کے پاس (مہیا) ہے۔ اور بیشک اہل کتاب میں سے کچھ لوگ

لَمَنْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا أُنْزِلَ

ایسے ہیں جو خدا پر اور جو تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اُسپر اور جو کچھ اُن کی طرف نازل کیا گیا تھا

إِلَيْهِمْ خَاشِعِينَ لِلَّهِ لَا يَشْتَرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا

اُس پر ایمان رکھتے ہیں اللہ سے ڈرتے ہیں اللہ کی آیتوں کو تھوڑی قیمت پر نہیں

قَلِيلًا ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۗ إِنَّ

بیچتے۔ اُنہی کا اجر اُن کے رب کے پاس ہے۔ بیشک

اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا

اللہ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! صبر کرو اور ایک دوسرے کو

وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

صبر دلاؤ اور (اطاعت امام پر) کمر کس لو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

سُورَةُ النِّسَاءِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَسَبْعٌ وَسَبْعُونَ آيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ

اے آدمیو! تم اپنے پروردگار سے ڈرو جسنے تم کو ایک تنفس سے

وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا

پیدا کیا اور اُسی (کی بیچی مٹی) سے اُسکا جوڑا بنایا اور اُن دونوں سے بہت سے مرد

كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ

اور عورتیں پھیلادیں۔ اور اُس اللہ سے ڈرو جسکا واسطہ دیکر آپس میں تم سوال کرتے ہو

وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۝ وَاٰتُوا

اور قطع رحمی سے بچو۔ اِس میں شک نہیں کہ خدا تم پر نگران ہے۔ اور یتیموں کو

الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۠

اُن کے مال دیدو اور بُرے کو اچھے سے نہ بدلو۔

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا

اور اپنے مال کے ساتھ (ملاکر) اُنکے مال نہ کھاجاؤ۔ بلاشک یہ بہت بڑا گناہ

كَبِيْرًا ۝ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا

ہے۔ اور اگر تم کو یہ خوف ہو کہ یتیم لڑکیوں کی باری میں انصاف نہ کرسکو گے تو (اور)

مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَاۗءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ

عورتوں میں سے جو تم کو پسند آجائیں دو دو تین تین چار چار سے نکاح کرلو۔

فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ

پھر اگر تمہیں یہ خوف ہو کہ (اُنکے مابین بھی) عدالت نہ کرسکو گے تو سنکو حہ ایک ہی ہو یا (لونڈیاں)

اَيْمَانُكُمْ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۝ وَاٰتُوا النِّسَاۗءَ

جو تمہاری ملکیت ہوں۔ یہ بات ناانصافی سے بچنے کے لیے اقرب ہے۔ اور عورتوں کو اُن کے

صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا

مہر خدا کا عطیہ سمجھ کر دیدو۔ پھر اگر بخوشی وہ اس میں سے کچھ تم کو دیڈالیں تو

فَكُلُوْهُ هَنِیْٓـًٔا مَّرِیْٓـًٔا ۝ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ

اُسے کھالو وہ تم کو رچے پچے۔ اور بیوقوفوں کو اپنے وہ مال

الَّتِیْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِیٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِیْهَا

جو خدا نے تمہارا سہارا بنایا ہے نہ دو ۔ ہاں اس میں سے اُنکو کھلاؤ

وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَابْتَلُوا

اور پہناؤ اور اُن سے نرمی کی بات کرو۔ اور یتیموں کو

الْیَتٰمٰی حَتّٰٓی اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ

کاروبار میں لگاکر جانچتے رہو جبتک کہ وہ نکاح کے قابل ہوجائیں۔ پھر اگر تم اُن میں کافی سمجھ

رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ

دیکھو تو اُن کے مال اُنکے حوالے کردو۔ اور اُس مال کو فضول خرچی کرکے اور

اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ یَّكْبَرُوْا ؕ وَمَنْ كَانَ غَنِیًّا

جلدی جلدی (اِس خیال سے) نہ کھاجانا کہ یتیم بڑے ہوجائینگے (تو حساب لینگے) اور جو مالدار ہو تو وہ مال یتیم

فَلْیَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ فَقِیْرًا فَلْیَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ

سے (قطعاً) پرہیز کرے۔ اور جو محتاج ہو وہ دستور کے بمطابق کھائے۔

فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَیْهِمْ ؕ

پھر جب تم اُنکے مال اُن کے حوالے کرو تو اُس پر گواہ بھی کرلو۔

وَكَفٰی بِاللّٰهِ حَسِیْبًا ۝ لِلرِّجَالِ نَصِیْبٌ مِّمَّا تَرَكَ

اور خدا حساب لینے کے لیے کافی ہے۔ ماں باپ اور قریبی رشتہ دار جو ترکہ چھوڑجائیں

الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۪ وَلِلنِّسَآءِ نَصِیْبٌ مِّمَّا

اُس میں مردوں کا بھی حصہ ہے۔ اور ماں باپ اور رشتہ داروں نے جو ترکہ

تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ

چھوڑا ہو وہ تھوڑا ہو یا بہت اُس میں عورتوں کا بھی حصہ

نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى

حصہ واجب ہے۔ اور جب دور کے قرابت والے

وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ

اور یتیم اور مسکین تقسیم ترکہ کے وقت حاضر ہوں تو اُس میں سے کچھ اُنکو بھی دیدو اور اُن سے نرمی

قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ

کے ساتھ بات کرو۔ اور اُن لوگوں کو ڈرنا چاہیے جو اگر اپنے پیچھے کمزور بچے

ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۪ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا

چھوڑ جاتے تو اُنکے ضائع ہونیکا کیسا خوف کھاتے پس لازم ہے کہ وہ اللہ سے ڈریں

قَوْلًا سَدِيْدًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى

اور سچی نکلی بات کہیں۔ بلاشک جو ظلم سے یتیموں کا مال کھا جاتے

ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ؕ وَسَيَصْلَوْنَ

ہیں سوائے اِسکے نہیں کہ وہ اپنے پیٹ میں انگارے بھرتے ہیں۔ اور وہ عنقریب دہکتی ہوئی

سَعِيْرًا ۝ ع ۱ ۱۰ ۱۲ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۗ لِلذَّكَرِ مِثْلُ

آگ میں جائینگے۔ خدا تم کو تمہاری اولاد کے بارے میں وصیت کرتا ہے کہ مرد کے لیے دو

حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ

عورتوں کے برابر حصہ ہے۔ پھر اگر فقط بیٹیاں دو (یا دو) سے زائد ہوں

فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا

تو متروکہ کا دو تہائی اُنکا ہے۔ اور اگر ایک ہی بیٹی ہو تو اُس کا

النِّصْفُ ؕ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ

آدھا ہے۔ اور متوفے کے ماں باپ میں سے ہر ایک کے لیے اگر متوفی کی

منزل

[1] اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا۔ کافی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ یتیم کا مال کھانیوالا اس شان سے میدانِ حشر میں آئیگا کہ آگ اُس کے پیٹ میں بھڑکتی ہوگی۔ اور شعلے اُس کے منہ سے نکلتے ہونگے۔ لوگ اُس کو پہچان لینگے کہ اس نے مالِ یتیم کھایا ہے۔ ۱۲۔ ؛؛ ؛؛ ؛؛

مِمَّا تَرَكَ إِنْ كَانَ لَهُ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُ

کچھ اولاد بھی ہے تو اُسکے ترکہ میں سے ایک ایک چھٹا حصہ ہے اور اگر اُسکے کوئی اولاد نہو اور

وَلَدٌ وَّوَرِثَهُ أَبَوَاهُ فَلِأُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَإِنْ كَانَ

ماں باپ ہی اُسکے وارث ہوئے ہوں تو ماں کے لیے ترکہ کا تہائی ہے۔ اور اگر اُس کے

لَهُ إِخْوَةٌ فَلِأُمِّهِ السُّدُسُ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

بھائی بہنیں بھی ہوں تو اُسکی ماں کا چھٹا حصہ ہے (یہ تقسیم) بعد تعمیل وصیت (ہوگی)

يُوصِي بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۗ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ

جو متوفی کر گیا ہو یا بعد ادائے قرض۔ تمہارے باپ (دادا) ہوں اور تمہارے بیٹے (پوتے)

لَا تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۚ فَرِيضَةً

تم نہیں جانتے کہ باعتبار نفع رسانی کون تم سے زیادہ قریب ہے۔ یہ اللہ کی طرف سے

مِّنَ اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ○ وَ

مقرر ہو چکا ہے۔ بیشک اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔ اور

لَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ

تمہاری ازواج جو کچھ چھوڑ جائیں اگر اُن سے کوئی اولاد نہو تو اُس میں سے آدھا

لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ

تمہارا ہے۔ پھر اگر اُن کے کوئی اولاد ہو تو اُنکے ترکے کا چوتھائی تمہارا ہے

مِمَّا تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِينَ بِهَا أَوْ

بعد اُس وصیت کے جو وہ کر گئی ہوں یا بعد ادائے قرض

دَيْنٍ ۚ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ

کے۔ اور تمہارے ترکے میں سے اُن کے لیے چوتھائی ہے اگر تمہارے

لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ

کوئی اولاد نہو۔ پھر اگر تمہارے اولاد ہو تو تمہارے ترکے میں سے اُنکا آٹھواں

مَا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ

ہے بعد تعمیل وصیت کے جو تم نے کی ہو یا بعد ادائے

دَيْنٍ ؕ وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً[1] اَوِ امْرَاَةٌ

قرض کے۔ اور اگر کسی مرد یا عورت کے وارث بھائی بہن ہوں اور اُسکا

وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ[2] فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ

کوئی (مادری) بھائی یا بہن بھی ہو تو اُن میں سے ہر ایک کے لیے چھٹا حصہ ہے

فَاِنْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي

اور اگر وہ اس سے زیادہ ہوں تو ایک تہائی میں وہ سب

الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ

شریک ہیں بعد تعمیل وصیت کے جو کی گئی ہو یا ادائے قرض کے جس میں

غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ۝ؕ

وارثوں کا ضرر مدنظر نہو۔ یہ وصیت خدا کی ہے۔ اور اللہ جاننے والا (اور) بردبار ہے۔

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

یہ اللہ کی مقرر کی ہوئی حدیں ہیں۔ اور جو اللہ اور اُسکے رسول کی اطاعت کریگا

يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

اُسکو خدا اُن جنتوں میں داخل کردیگا جنکے نیچے ندیاں بہتی پھرتی ہیں اُن میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ)

فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ

رہینگے۔ اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور جو خدا کی اور اُسکے رسول کی

وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا

نافرمانی کریگا اور اُسکی حدود سے تجاوز کریگا اُسکو وہ آتش جہنم میں داخل کریگا جس میں وہ

فِيْهَا ۖ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ[3]

ہمیشہ (ہمیشہ) رہیگا۔ اور اُسکے لیے ذلت دینے والا عذاب ہوگا اور تمہاری عورتوں میں سے جو

ع ۲ ۴ ۱۳

[1] کلالۃ۔ کافی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے کلالۃ کی تفسیر یوں وارد ہے کہ وہ مرد یا عورت جسکے نہ بیٹا بیٹی باقی رہیں نہ ماں باپ اور اُسکے بھائی بہن وارث ہوں خواہ حقیقی ہوں یا علاتی یا اخیافی۔ قول مترجم حقیقی بھائی بہن وہ ہیں جو ایک ماں باپ سے ہوں۔ اور علاتی وہ جنکا باپ ایک ہو اور مائیں مختلف اور اخیافی وہ ہیں جنکی ماں ایک ہو اور باپ مختلف ۱۲

مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً
زنا کی مرتکب ہوں اُنکے برخلاف اپنے میں سے چار آدمیوں کی گواہی
مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ
طلب کرو پھر اگر وہ گواہی دیدیں تو اُنکو مکانوں میں قید رکھو
حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ
جبتک کہ موت اُنکا خاتمہ کردے یا اللہ اُن کے لیے کوئی اور راستہ
سَبِيْلًا ۝ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ
نکالے۔ اور جو دو شخص تم میں سے ایسی بدی کریں اُنکو ایذا دو
فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ
پھر اگر وہ توبہ کریں اور نیکی اختیار کرلیں تو اُن سے روگردانی کرو۔ بیشک اللہ
كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ
بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اللہ کے ذمے انھی لوگوں کی توبہ قبول کرنی لازم ہے
لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ
جو نادانی سے بدی کرتے ہیں پھر قریب ہی توبہ
مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰۗىِٕكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ
کرلیتے ہیں پس اُنھی کی توبہ اللہ قبول کرلیتا ہے۔ اور
اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ
اللہ صاحبِ علم (و) حکمت ہے۔ اور اُنکے لیے کوئی توبہ نہیں ہے جو
يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ
بدی کیے چلے جاتے ہیں۔ جبتک کہ اُن میں سے کسی کو موت
الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ
آجائے (اور) کہے کہ اب میں توبہ کرتا ہوں اور نہ اُنکے لیے ہے جو کفر کی حالت میں

وَهُمْ كُفَّارٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا
مرجاتے ہیں۔ اُنکے لیے تو ہمنے دردناک عذاب مہیا
اَلِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ
کیا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! یہ تمہارے لیے حلال نہیں ہے کہ
تَرِثُوا النِّسَاۗءَ كَرْهًا ۭ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا
تم زبردستی عورتوں کو میراث میں لیلو اور نہ اُنکو اس غرض سے قید رکھو کہ جو کچھ تم
بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ
اُنکو دے چکے ہو اُس میں سے کچھ اُن سے چھین لو سوائے اُس صورت کے کہ اُنہوں نے کھلی
مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ
بدکاری کی ہو۔ اور اُنکے ساتھ بہ نیکی بسر کرو پھر اگر
كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـــًٔا وَّيَجْعَلَ
تم کو اُن سے کراہت ہو جائے تو شاید ایک چیز سے تم کراہت رکھتے ہو اور خدا نے
اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ۝ وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ
اُسی میں بہت سی خوبی رکھی ہو۔ اور اگر تم ایک زوجہ کے بدلے دوسری
زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا
زوجہ کرلینی چاہتے ہو اور اُن میں سے ایک کو بہت سا مال دے چکے ہو
فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـــًٔا ۭ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّ
تو اُس میں سے کچھ نہ لینا۔ کیا تم بہتان لگا کے یا کھلی نافرمانی کرکے
اِثْمًا مُّبِيْنًا ۝ وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى
وہ واپس لیلوگے؟ اور تم اُسے کیونکر لے لوگے حالانکہ تم ایک دوسرے کے
بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝
ساتھ صحبت کرچکے ہو اور وہ (عورتیں) تم سے پکا عہد لے چکی ہیں۔

وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ

اور جن عورتوں سے تمہارے باپ دادا نکاح کر چکے ہوں تم اُن سے نکاح نہ کرنا سوائے اُسکے جو

سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ۝

ع ۳ ۸ ۱۴

بیت چکا۔ بیشک یہ بڑی بیحیائی کی اور ناپسندیدہ بات ہے۔ اور بُرا دستور ہے۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ

تم پر حرام کی گئی ہیں تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں

وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ

اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں

الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ

اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہے اور تمہاری

مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ

دودھ شریک بہنیں اور تمہاری ساسیں اور تمہاری ربیبہ بیٹیاں

الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ

جو تمہاری اُن ازواج کی گود میں ہوں جن سے تم نے صحبت

بِهِنَّ ز فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا

کی ہو۔ پھر اگر تم نے اُن سے صحبت نہ کی ہو تو

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ز وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ

کوئی حرج نہیں ہے۔ اور تمہارے اُن بیٹوں کی ازواج

الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ

جو تمہارے صلب سے ہوں (تم پر حرام ہیں) اور یہ بات بھی حرام کی گئی ہے کہ ایک وقت میں دو

اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

بہنوں کو جمع کرلو سوائے اُسکے جو پہلے ہو چکا۔ بیشک اللہ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنیوالا ہے۔

الجزء الخامس ۵

وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ

اور شوہر دار عورتیں سوائے اُنکے جو تمہاری ملکیت ہو جائیں۔

اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ

(یہ حرام ہونا) خدا نے تمہارے ذمے لکھدیا۔ اور اِس کے سوا سب تمہارے لیے حلال

ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ

کی گئی ہیں کہ تم اپنے مال خرچ کرکے بحالتِ پاکدامنی نہ بغرضِ بدکاری اُنکی خواستگاری

مُسٰفِحِيْنَ ۭ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ

کرو۔ پھر اُن میں سے جن سے تم متعہ کرلو تو مقرر کیا ہوا

اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا

مہر اُنکو دیدو۔ اور مہر مقرر ہو جانیکے بعد آپس میں اگر تم کچھ

تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

کمی بیشی پر راضی ہو جاؤ تو تم پر کوئی الزام نہیں ہے۔ بیشک اللہ

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ

صاحبِ علم و حکمت ہے۔ اور جو تم میں سے اتنا مقدور نہ رکھتا ہو

طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا

کہ آزاد مومن عورتوں سے نکاح کرے تو وہ مومن

مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ

لونڈیوں سے نکاح کرلے جو تمہارے قبضے میں ہوں۔ اور اللہ

اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ۭ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ

تمہارے ایمان سے خوب واقف ہے۔ تم ایک دوسرے کے ہمجنس ہو پس اُن سے اُنکے

بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

مالکوں کی اجازت سے نکاح کرو اور اُنکے مہر نیکی کے ساتھ اُن کو دیدو

مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ

(وہ) عفیفہ ہوں نہ بدکاریں اور نہ چوری چھپے آشنائی کرنیوالیاں۔ پھر جب

اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ

وہ نکاح میں آجائیں اور بدکاری کریں تو اُن کو آزاد

مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ

عورتوں کی بہ نسبت آدھی سزا دی جائیگی۔ یہ (تجویز) اُنکے لیے ہے جو

خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۭ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ

تم میں سے زحمت (تجرد) سے ڈرتے ہوں۔ اور صبر کرنا تمہارے لیے بہت ہی اچھا ہے۔

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ ع ۳

اور اللہ بڑا بخشنے والا رحم کرنیوالا ہے۔ اللہ یہ ارادہ فرماتا ہے کہ تمہارے لیے

وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوْبَ

تم سے پہلے والوں کے قاعدے کھولکر بیان کردے اور بتلا دے اور تمہاری توبہ

عَلَيْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ

قبول کرلے۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور خدا تو چاہتا ہے کہ

يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۡ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ

تمہاری توبہ قبول کرلے۔ اور جو لوگ خواہشوں کے پابند ہیں وہ یہ چاہتے ہیں

اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ۝ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ

کہ تم پورے منحرف ہوجاؤ۔ اللہ تعالےٰ کا ارادہ ہے کہ تمہاری باری میں

عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

تخفیف کردے۔ اور انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔ اے ایمان لانیوالو!

اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ

ایک دوسرے کے مال ناحق نہ کھاؤ سوائے اس کے

مسئلہ

کہ تجارت ہو جو کہ باہمی رضامندی سے ہو۔ ۲ بالباطل تفسیر فتح البیان میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ یہاں باطل سے مراد ہے سود خواری۔ قمار بازی۔ ناپ تول میں کمی بیشی کرنا اور جبر و ظلم سے لینا یا رکھ لینا ۱۲

اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۣ وَلَا تَقْتُلُوْٓا

کہ باہمی رضامندی سے تجارت ہو اور اپنے آپ کو قتل

اَنْفُسَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ۝ وَمَنْ

نہ کرو۔ بیشک اللہ تم پر رحم کرنیوالا ہے۔ اور جو شخص

يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ

بطور زیادتی وظلم کے ایسا کریگا تو آگے بڑھکر ہم اُس کو آتش جہنم میں

نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝ اِنْ تَجْتَنِبُوْا

پہنچائینگے۔ اور یہ بات اللہ پر آسان ہے۔ اگر کبیرہ گناہوں سے

كَبٰۗىِٕرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ

جن سے تم منع کیے گئے ہو بچتے رہو گے تو ہم تمہاری چھوٹی برائیاں تم سے دور کر دینگے

وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ۝ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا

اور تم کو اچھے مکان میں داخل کرینگے۔ اور جو زیادتی تم میں سے

فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ لِلرِّجَالِ

خدا نے بعض کو بعض پر دی ہے اُس کے بارے میں تمنائیں نہ کرو۔ مردوں کا

نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ۭ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

حصہ اُنکے کیے میں ہے۔ اور عورتوں کا حصہ اُن کے کیے میں

اكْتَسَبْنَ ۭ وَسْـَٔـلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

ہے۔ اور اللہ سے اُس کے فضل کے خواستگار رہو۔ بیشک اللہ

كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ

ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ اور جو کچھ ماں باپ اور عزیز و قریب

مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۭ وَالَّذِيْنَ

چھوڑ جائیں اُس کے لیے ہمنے ہر ایک کے وارث قرار دیے ہیں۔ اور جن سے

عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

تم نے عہد باندھ لیے ہیں تو اُنکا حصّہ اُنکو دیدو۔ بیشک خدا

كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۝ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَي ع ۵

ہر چیز کا گواہ ہے۔ مرد عورتوں پر حاکم

النِّسَاۗءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰي بَعْضٍ وَّبِمَآ

ہیں (ایک تو) اُس فضیلت کے سبب جو خدا نے ایک کو دوسرے پر دی ہے اور (دوسرے)

اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ۭ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ

اپنے مال خرچ کرنیکے سبب سے۔ پس نیکبختیں تو اطاعت کرنیوالیاں ہیں اور پیٹھ پیچھے ان

لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ۭ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ

چیزوں کی حفاظت کرنیوالیاں جنکی خدا نے حفاظت چاہی۔ اور جن کی نافرمانی کا تم کو خوف ہو

فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ

اُن کو نصیحت کرو اور اُنکے بستروں پر اُن کو چھوڑ دو اور اُنکو مارو

فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

پھر اگر وہ تمہاری اطاعت کریں تو اُن پر کسی طرح بیجا زیادتی نہ کرو۔ بیشک اللہ

كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ۝ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا

بزرگ و برتر ہے۔ اور اگر تم کو شوہر اور زوجہ کی مخالفت کا اندیشہ ہو

فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ

تو ایک پنچ مرد کے کنبے سے بھیجدو اور ایک پنچ عورت کے کنبے سے۔

اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اگر وہ دونوں اصلاح کا ارادہ کرینگے تو اللہ اُن دونوں میں ملاپ کرادیگا۔ بیشک اللہ

كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ۝ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ

صاحبِ علم و خبر ہے۔ اور اللہ کی عبادت کرو اور کسی چیز کو اُسکا شریک

شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

نہ ٹھہراؤ اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو اور قرابت داروں اور یتیموں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ

اور مسکینوں اور رشتہ دار ہمسایہ اور اجنبی ہمسایہ

وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ

اور پہلو میں بیٹھنے والے رفیق اور مسافر اور لونڈی غلاموں کے ساتھ

اَيْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا

(نیکی کرتے رہو)۔ بیشک خدا اُن کو دوست نہیں رکھتا جو متکبر ہوں (اور) شیخی مارنیوالے

فَخُوْرَا ۝ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ

ہوں جو خود بھی کنجوس ہوں اور لوگوں کو بھی بخیل ہونیکی رائے

بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ

دیتے ہوں اور جو کچھ اللہ نے اپنے فضل سے اُن کو دیا ہے اُسکو چھپاتے ہوں۔

وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ وَالَّذِيْنَ

اور ہمنے منکروں کے لیے ذلیل کرنیوالا عذاب تیار کیا ہے۔ اور جو لوگ

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ

اپنے مال لوگوں کے دکھاوے کے لیے صرف کرتے ہیں اور خدا اور قیامت

بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ

کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور جن کا رفیق شیطان ہے

قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ۝ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا

تو وہ کیا ہی بُرا رفیق ہے۔ اور اُنکا کیا نقصان ہوتا اگر وہ اللہ اور

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ

قیامت کے دن پر ایمان لاتے اور جو کچھ اللہ نے اُن کو دیا ہے اُس میں سے (راہِ خدا میں) خرچ کرتے

وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ

حالانکہ اللہ اُن سے آگاہ ہے۔ بیشک اللہ ذرہ بھر ظلم نہیں کرتا

ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ

اور اگر کچھ بھی نیکی ہوتی ہے تو اُس کو بڑھا دیتا ہے اور اپنے پاس سے

لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ

بہت بڑا ثواب دیتا ہے۔ پھر اُس وقت کیا حالت ہوگی جب ہم ہر گروہ کو

اُمَّةٍۢ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ۝

اُسکے گواہ کے ساتھ بلائینگے اور تم کو اُن سب پر گواہ کرکے بلائینگے۔

يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ

اُسی دن وہ لوگ جو کافر ہو گئے تھے اور رسول کی نافرمانی کیا کرتے تھے آرزو کرینگے کہ

تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ۝

کاش وہ پیوند زمین ہو جاتے۔ حالانکہ کوئی بات اللہ سے چھپا نہ سکینگے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ

اے ایمان لانیوالو جب تم حالت غفلت میں ہو تو (مسجد میں یا) نماز کے پاس نہ جانا

سُكَارٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا

جبتک کہ تم جو کچھ کہتے ہو اُسے سمجھنے نہ لگو اور نہ حالت جنابت میں (جانا)

عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى

سوائے اس کے کہ راستہ سے گزر جاؤ جبتک کہ غسل نہ کرلو۔ اور اگر تم بیمار ہو

اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ

یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی بیت الخلا سے (فارغ ہوکر) آئے یا

لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا

تمنے عورتوں سے جماع کیا ہو پھر تم کو پانی نہ ملا ہو تو پاک مٹی سے تیمم

وقف النبی علیہ السلام

ع ۶ ۹ ۳

طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

کر لینا پھر اپنے چہروں کی بعض حصوں کا اور ہاتھوں کے بعض حصوں کا مسح کرنا۔ بیشک اللہ

كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا

بڑا درگزر کرنیوالا اور بڑا بخشنے والا ہے۔ کیا تم نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو

نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ

کتاب سے بہرہ دیا گیا ہے وہ خود گمراہی خریدتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تم بھی

اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ۝ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ

راہِ (راست) سے بھٹک جاؤ۔ اور اللہ تمہارے دشمنوں سے خوب واقف ہے۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ۝ مِنَ الَّذِيْنَ

اور اللہ حامی بننے کے لیے بھی کافی ہے اور مددگار بننے کے لیے بھی کافی ہے۔ جو لوگ

هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ

یہودی ہو گئے اُن میں سے بعض خدا کے کلموں کو اُنکے موقعوں سے تبدیل کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ

سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا

ہمنے سُنا اور نافرمانی کی اور اپنی زبانیں ہیر پھیر کر اور دین میں طعن کرنیکے لیے

لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ

کہتے ہیں کہ جو باتیں نہ سُننے کے لائق ہیں وہ سُن اور ہمارا لحاظ کر۔ اور اگر وہ یہ

قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ

کہتے کہ ہمنے سُنا اور اطاعت کی اور آپ سنیے اور ہماری حالت پر نظر کیجیے تو یہ

خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ

بات سیدھی بھی ہوتی اور اُنکے لیے بہتر بھی لیکن اللہ نے اُنکے کفر کے سبب سے اُنپر لعنت کی

فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اور وہ بہت ہی کم ایمان لائینگے۔ اے وہ لوگو! جن کو

منزل

[1] صعیدا طیبا۔ معانی الاخبار میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ صعید کے معنی ہیں بلند مقام۔ اور طیب کے معنی ہیں ایسا موضع جس پر سے پانی نہ بہے جائے

اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا
کتاب دی گئی ہے اُس پر ایمان لاؤ جو کچھ ہمنے نازل کیا ہے درحالیکہ جو کچھ تمہارے پاس
مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا
پہلے سے ہے وہ اُسکی تصدیق بھی کرتا ہے قبل اسکے کہ ہم چہرے بگاڑ دیں اور پھر اُن کو
عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ
پشت کی طرف پھیر دیں یا اُن پر ایسی ہی لعنت کریں جیسے ہمنے اصحابِ سبت پر لعنت کی تھی
وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ
اور امرِ خدا ہوکر رہیگا۔ یقیناً اللہ اسکو تو نہ بخشیگا
اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ
کہ اُسکے ساتھ شرک کیا جائے اور اسکے ماسوا جسکو چاہے بخش دے۔
وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ۝
اور جس نے اللہ سے شرک کیا تو اُسنے یقیناً بہت بڑا گناہ کیا۔
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ
کیا تم نے اُنکو نہیں دیکھا جو اپنے نفوس کو پاک قرار دیتے ہیں؟ بلکہ اللہ جسکو چاہتا ہے
مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ
پاک قرار دیتا ہے اور اُن پر سوت برابر ظلم نہ کیا جائیگا۔ دیکھو تو سہی یہ
يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا
اللہ پر کیسا جھوٹا بہتان باندھتے ہیں۔ اور صریح گناہ کے لیے یہی
مُّبِيْنًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ
کافی ہے۔ کیا تمنے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتابِ خدا سے بہرہ
الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ
دیا گیا ہے وہ جبت اور طاغوت پر ایمان لاتے ہیں اور جو منکر ہوگئے ہیں

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ

اُن سے یہ کہتے ہیں کہ یہ اُن ایمان لانیوالوں کی بہ نسبت زیادہ راہِ راست

اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ

پر ہیں۔ وہی تو ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے۔

وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ۝ اَمْ لَهُمْ

اور جس پر اللہ لعنت کریگا تم اُسکا مددگار ہرگز کسی کو نہ پاؤگے۔ آیا سلطنتِ (حقیقی)

نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ

میں سے اُنکا کچھ حصہ ہے؟ اگر ہے تو کسی کو تِل برابر (بھی)

نَقِيْرًا ۝ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ

نہ دینگے۔ کیا وہ لوگوں پر اُس کا حسد کرتے ہیں جو کچھ اللہ نے اُن کو اپنے

مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ

فضل سے دیا ہے؟ بیشک ہمنے آلِ ابراہیمؑ کو کتاب اور حکمت

وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ۝ فَمِنْهُمْ

عطا فرمائی اور اُنکو بہت بڑی (حقیقی) سلطنت دی۔ پھر (عام) آدمیوں میں سے

مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ

کچھ لوگ تو اُسپر ایمان لائے اور کچھ اُس سے رُک گئے اور (اُن رُکنے والوں کیلیے) بھڑکتی ہوئی

سَعِيْرًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ

آگ کافی ہے۔ بالتحقیق جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا عنقریب ہم اُنکو آتش جہنم میں

نَارًا ؕ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ

پہنچینگے۔ جب اُنکی جلدیں جل جائینگی تو اِس غرض سے کہ وہ عذاب کا مزہ

جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

چکھیں ہم اُنکی اور جلدیں بدل دینگے۔ بیشک خدا زبردست

ربع عَزِيزًا حَكِيمًا ۝ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

(اور) حکمت والا ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے ہیں

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

عنقریب ہم اُنکو ایسی جنتوں میں پہنچا دینگے جن کے نیچے ندیاں بہتی پھرتی ہیں

خٰلِدِينَ فِيهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۖ

اُن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہینگے۔ اُنکے لیے پاکیزہ اُنمیں بیبیاں ہیں

وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيلًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ

اور ہم اُنکو گھنے سایے میں پہنچا ئینگے۔ بیشک اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ

تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ

تم امانتیں اُنکے مالکوں کو پہنچا دو اور جس وقت آدمیوں کے مابین فیصلہ کرو

النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا

تو انصاف کے ساتھ حکم دو۔ اللہ اِس بارے میں تم کو بہت ہی اچھی

يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيعًا بَصِيرًا ۝

نصیحت کرتا ہے۔ بیشک اللہ سُننے والا (اور) دیکھنے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوٓا اَطِيعُوا اللّٰهَ وَاَطِيعُوا

اے ایمان لانیوالو! اللہ کی اطاعت کرو اور اُس رسُول اور

الرَّسُولَ وَاُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ

اُن والیان امر کی اطاعت کرو جو تم ہی میں سے ہیں پھر اگر

تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُولِ

کسی معاملہ میں تم میں آپس میں جھگڑا ہو تو اُسے اللہ اور رسُول کی طرف پھیر دو

اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ

بشرطیکہ تم اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو۔

ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ ع ۸ ۹ ۵

یہی سب سے بہتر اور عمدہ تاویل ہے کیا تم نے انکو نہیں دیکھا جو یہ

يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ

گمان کرتے ہیں کہ جو کچھ تم پر نازل کیا گیا اور جو کچھ تم سے پہلے نازل کیا گیا وہ سب پر

اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى

ایمان لائے ہیں (اور) چاہتے ہیں کہ اپنا مقدمہ طاغوت کے پاس

الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَيُرِيْدُ

لے جائیں حالانکہ اُن کو حکم دیا جا چکا ہے کہ اُس کے منکر ہوں۔ اور شیطان

الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝ وَاِذَا

یہ ارادہ کرتا ہے کہ اُن کو بھٹکا کر بڑی گمراہی میں ڈالدے۔ اور جس وقت

قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ

اُن سے یہ کہا جائے گا کہ اللہ نے جو کچھ نازل کیا اُس کی طرف اور اُسکے رسول کی طرف آؤ

رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ۝

تو تم منافقوں کو اپنے سے رُکتا ہوا دیکھو گے۔

فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ

پھر اُس وقت کیا حالت ہوگی جبکہ اُن پر اپنے ہاتھوں کے کیے ہوئے کے سبب کوئی مصیبت پڑیگی

ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۚ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا

پھر وہ تمہارے پاس خدا کی قسم کھاتے ہوئے آئینگے کہ ہمارا تو ارادہ سوائے نیکی اور اتفاق کرنے

وَّتَوْفِيْقًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ

اور کچھ نہ تھا۔ یہ لوگ وہی ہیں کہ جو کچھ ان کے دلوں میں ہے اُسے اللہ جانتا ہے

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

پس تم بھی ان سے منہ پھیر لو اور ان کو نصیحت کرو اور انکی ذات کے بارے میں ان سے بر محل

قَوْلًا بَلِيْغًا ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ

باتیں کیا کرو۔ اور ہمنے کسی رسول کو نہیں بھیجا مگر اسی لیئے کہ خدا کے حکم کے بموجب اُس کی اطاعت

اللّٰهِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا

کی جائے۔ اور اگر یہ لوگ اُسی وقت جبکہ اِنہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا تمہارے پاس آجاتے اور اللہ سے بخشش مانگتے

اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا

اور رسول بھی اِنکے لیئے بخشش طلب کرتا تو یہ ضرور اللہ کو توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا

رَّحِيْمًا ۝ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ

پاتے۔ سو ایسا نہیں ہے تمہارے پروردگار کی قسم یہ لوگ (کبھی) مومن نہونگے جبتک کہ اُن جھگڑوں میں

فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا

جو اِنکے مابین پڑے ہیں تم کو حاکم نہ بنالیں پھر جو کچھ تم فیصلہ کردو اُس سے اپنے دلوں میں تنگی نہ پائیں اور

قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ

اُسکو اِس طرح تسلیم کرلیں جیسا کہ تسلیم کرنیکا حق ہے۔ اور اگر ہم اُن پر یہ لازم کردیتے

اَنِ اقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ

کہ آپس میں ایک دوسرے کو قتل کرو یا اپنے گھروں سے نکل جاؤ تو سوائے معدودے چند

اِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ

کے یہ لوگ اُسکی تعمیل نہ کرتے۔ اور اگر وہ اُسکے موافق کرتے جو کچھ انکو نصیحت کی گئی تھی تو یہ بات

لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَشَدَّ تَثْبِيْتًا ۝ وَّاِذًا

اُنکے لیئے بہت ہی اچھی ہوتی اور (اُنکے ایمان کی) زیادہ مضبوطی کا باعث ہوتا۔ اور اُس وقت

لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ

ہم بھی اُن کو بڑا اجر دیتے۔ اور اُن کو

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ

صراطِ مستقیم تک پہنچا دیتے۔ اور جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے

فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ
وہی تو اُن لوگوں کے ساتھ ہونگے جن پر اللہ نے انعام کیا ہے کہ بعض پیغمبروں میں سے ہیں
وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ
اور بعض صدیقوں میں سے ہیں اور بعض شہیدوں میں سے ہیں اور بعض صلحا میں سے ہیں اور وہی لوگ رفاقت کے
اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ
سب سے اچھے ہیں۔ یہ خدا کی طرف سے فضل ہے۔ اور خدا کا آگاہ ہونا
عَلِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ع ۹ ۱۱ ۶
کافی ہے۔ اے ایمان لانیوالو! اپنی حفاظت کے سامان کرو۔ پس دستے دستے
ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ۝ وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ
نکلو یا اکٹھے نکل پڑو۔ اور ضرور تم میں کوئی کوئی ایسا بھی ہے کہ وہ یقیناً پیچھے رہ جائیگا
فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ
پھر اگر تم پر کوئی مصیبت پڑ گئی تو وہ یہ کہیگا کہ خدا نے مجھ پر احسان کیا کہ
اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ۝ وَلَىِٕنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ
میں تمہارے ساتھ حاضر نہ تھا۔ اور اگر تم پر خدا کا فضل ہو گیا تو (اس صورت میں کہ
مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ
گویا تمہارے اور اُس کے مابین کوئی محبت ہی نہ تھی ضرور یہ کہیگا کہ
مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝
کاش میں بھی اُن لوگوں کے ساتھ ہوتا اور بڑی کامیابی حاصل کرتا۔
فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
پس وہ لوگ جو آخرت کے عوض میں زندگانی دنیا کو بیچتے ہیں اُن کو لازم ہے کہ راہ خدا میں
بِالْاٰخِرَةِ ۭ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ
لڑیں۔ اور جو شخص راہ خدا میں لڑیگا وہ مارا جائیگا تب یا غالب آئیگا تب

فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ

عنقریب ہم اس کو بہت بڑا اجر دینگے۔ اور تم کو کیا ہو گیا ہے کہ تم راہِ خدا میں

فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

نہیں لڑتے حالانکہ کچھ کمزور مرد اور عورتیں

وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَٰذِهِ

اور بچے جو (روک لیے گئے ہیں) عرض کرتے ہیں (کہ) اے ہمارے پروردگار ہم کو اس بستی سے

الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ

نکال جس کے باشندے ظالم ہیں۔ اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی حامی مقرر

وَلِيًّا وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ نَصِيرًا ۝ الَّذِينَ

فرما دے اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی مددگار بنا دے۔ جو ایمان

آمَنُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَالَّذِينَ

لائے ہیں وہ تو خدا کی راہ میں لڑتے ہیں اور جو کافر

كَفَرُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ الطَّاغُوتِ فَقَاتِلُوا أَوْلِيَاءَ

ہو گئے ہیں وہ طاغوت کی راہ میں لڑتے ہیں پس تم شیطان کے

الشَّيْطَانِ ۖ إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَانِ كَانَ ضَعِيفًا ۝ أَلَمْ تَرَ إِلَى ع ۱۰

دوستوں سے لڑو۔ یقیناً شیطان کا مکر بودا ہے۔ (اے رسول) کیا تم نے انکو نہیں دیکھا

الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ

جن سے یہ کہا گیا تھا کہ اپنے ہاتھ روک لو اور نماز پڑھو

وَآتُوا الزَّكَاةَ ۖ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ

اور زکوٰۃ دو پھر جب اُنپر جہاد واجب کیا گیا تو اُن میں سے ایک گروہ آدمیوں سے

يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللَّهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوا رَبَّنَا

ایسا ہی ڈرنے لگا جیسا کہ اللہ سے ڈرتا یا اُس سے بھی زیادہ اور وہ یہ کہنے لگے کہ اے پروردگار

لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَا أَخَّرْتَنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ ۗ

ہم پر جہاد کیوں واجب کیا ہم کو تھوڑی مدت اور مہلت کیوں نہ دی

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ ۖ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ لِمَنِ اتَّقَىٰ ۚ وَلَا تُظْلَمُونَ

(اے رسول) کہدو کہ دنیا کا فائدہ تھوڑا ہے اور جو پرہیزگار ہے اُسکے لئے آخرت بہتر ہے اور تم پر ظلم نہ ہوگا

فَتِيلًا ۝ أَيْنَمَا تَكُونُوا يُدْرِكْكُمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِي

ایک دھاگے کے برابر بھی۔ تم جہاں کہیں ہو موت تم کو آ پکڑیگی اگرچہ تم

بُرُوجٍ مُشَيَّدَةٍ ۗ وَإِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَقُولُوا هَٰذِهِ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۖ

مضبوط قلعوں میں ہو اور اگر اُنکو کوئی بھلائی پہنچتی ہے تو کہتے ہیں کہ یہ خدا کی طرف سے ہے

وَإِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَقُولُوا هَٰذِهِ مِنْ عِنْدِكَ ۚ قُلْ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۖ

اور اگر کوئی برائی پہنچتی ہے تو کہتے ہیں کہ یہ تمہاری طرف سے ہے (اے رسول) کہدو کہ سب خدا کی طرف سے ہے

فَمَالِ هَٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ حَدِيثًا ۝ مَا أَصَابَكَ

پس ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ کوئی بات سمجھتے ہی نہیں۔ تم کو جو

مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللَّهِ ۖ وَمَا أَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَفْسِكَ ۚ

بھلائی پہنچتی ہے وہ خدا کی طرف سے ہے اور جو برائی پہنچتی ہے وہ تمہاری طرف سے ہے

وَأَرْسَلْنَاكَ لِلنَّاسِ رَسُولًا ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ۝ مَنْ يُطِعِ

اور ہم نے تم کو لوگوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا ہے اور خدا گواہ کافی ہے جو

الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ ۖ وَمَنْ تَوَلَّىٰ فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ

رسول کی اطاعت کرے بیشک اُس نے خدا کی اطاعت کی اور جو منہ پھیر لے تو ہم نے تم کو

حَفِيظًا ۝ وَيَقُولُونَ طَاعَةٌ فَإِذَا بَرَزُوا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَائِفَةٌ

اُنپر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا ہے اور یہ لوگ (تمہارے سامنے) کہتے ہیں کہ ہم فرمانبردار ہیں پھر جب تمہارے پاس سے

مِنْهُمْ الَّذِي تَقُولُ ۖ وَاللَّهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُونَ ۖ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ

چلے جاتے ہیں تو اُن میں سے کچھ لوگ جو بات تم سے کہتے ہیں اُسکے خلاف رات کو مشورے کرتے ہیں اور جو مشورے یہ کرتے ہیں خدا اُن کو لکھ رکھتا ہے تو تم اُن سے

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ۝ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ

اعراض کرو اور خدا پر بھروسا رکھو اور خدا کارساز کافی ہے کیا یہ لوگ قرآن

الْقُرْآنَ ۚ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللَّهِ لَوَجَدُوا فِيهِ اخْتِلَافًا كَثِيرًا ۝

میں غور نہیں کرتے اور اگر یہ خدا کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو اس میں بہت سا اختلاف پاتے

وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِ ۖ وَلَوْ رَدُّوهُ

اور جب اُنکے پاس امن یا خوف کی خبر آتی ہے تو اُسکو مشہور کر دیتے ہیں اور اگر یہ لوگ اُسکو

إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ

رسول اور اپنے میں سے اختیار والوں کے پاس پہنچاتے تو جو لوگ اُن میں بات کی تہ تک پہنچنے والے ہیں وہ اُسکو

مِنْهُمْ ۗ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَانَ

جان لیتے اور اگر تم پر خدا کا فضل اور اُسکی رحمت نہ ہوتی تو تھوڑے لوگوں کے سوا سب شیطان

إِلَّا قَلِيلًا ۝ فَقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ إِلَّا نَفْسَكَ

کی پیروی کرنے لگتے پس (اے رسول) تم خدا کی راہ میں جہاد کرو تم پر تمہاری ذات کے سوا

وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ عَسَى اللَّهُ أَنْ يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ

کسی اور کی ذمہ داری نہیں ہے اور مومنوں کو (جہاد کی) ترغیب دو عنقریب خدا کافروں کی لڑائی کو روک دیگا

وَاللَّهُ أَشَدُّ بَأْسًا وَأَشَدُّ تَنْكِيلًا ۝ مَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً

اور خدا لڑائی میں بہت زور آور اور سزا میں بہت سخت ہے جو شخص اچھی سفارش کریگا

يَكُنْ لَهُ نَصِيبٌ مِنْهَا ۖ وَمَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُنْ لَهُ كِفْلٌ

اُسکو اُس میں سے حصہ ملیگا اور جو بری سفارش کریگا اُسکو اُس میں سے حصہ ملیگا

مِنْهَا ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ مُقِيتًا ۝ وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ

اور خدا ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور جب تم کو کوئی دعا دے

فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

تو تم اُسکو اُس سے اچھی دعا دو یا وہی کہو خدا ہر چیز

حَسِيبًا ۝ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

کا حساب کرنیوالا ہے اللہ (وہ ہے کہ) اُسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ تم کو قیامت کے دن

لَا رَيْبَ فِيهِ ۗ وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ حَدِيثًا ۝ فَمَا لَكُمْ فِي

جس میں کچھ شک نہیں ضرور جمع کریگا اور خدا سے زیادہ سچی بات کس کی ہو سکتی ہے پھر تم

الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ وَاللَّهُ أَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوا ۗ أَتُرِيدُونَ أَنْ

منافقوں کے بارے میں دو گروہ کیوں ہو گئے ہو حالانکہ خدا نے اُنکے اعمال کے سبب اُنکو اوندھا کر دیا ہے کیا تم

تَهْدُوا مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ ۗ وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهُ سَبِيلًا ۝

چاہتے ہو کہ جس شخص کو خدا نے گمراہ کیا ہے اُسکو ہدایت دو اور جس شخص کو خدا گمراہ کرے تو اُسکے لئے کوئی راہ نہیں پا سکتا

وَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ كَمَا كَفَرُوا فَتَكُونُونَ سَوَاءً فَلَا تَتَّخِذُوا

وہ تو چاہتے ہیں کہ جس طرح وہ کافر ہیں تم بھی کافر ہو جاؤ تو سب برابر ہو جائیں پس جب تک وہ

مِنْهُمْ أَوْلِيَاءَ حَتَّىٰ يُهَاجِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ فَإِنْ تَوَلَّوْا

خدا کی راہ میں ہجرت نہ کریں تم اُن میں سے کسی کو دوست نہ بنانا پھر اگر وہ

فَخُذُوهُمْ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ ۖ وَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ

(ہجرت سے) منہ پھیر لیں تو اُنکو پکڑو اور جہاں پاؤ قتل کر دو اور اُن میں سے کسی کو

وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ۝ إِلَّا الَّذِينَ يَصِلُونَ إِلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ

دوست یا مددگار نہ بنانا مگر جو ایسے لوگوں سے جا ملیں کہ تم میں اور اُن میں

مِيثَاقٌ أَوْ جَاءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ أَنْ يُقَاتِلُوكُمْ أَوْ يُقَاتِلُوا

صلح کا عہد ہو یا تمہارے پاس اس حالت میں آئیں کہ اُنکے دل اس سے تنگ ہوں کہ تم سے لڑیں یا

قَوْمَهُمْ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقَاتَلُوكُمْ ۖ فَإِنِ

اپنی قوم سے لڑیں اور اگر خدا چاہتا تو اُنکو تم پر مسلط کر دیتا اور وہ تم سے لڑتے پس اگر

اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللَّهُ

وہ تم سے الگ رہیں اور تم سے لڑائی نہ کریں اور تمہاری طرف صلح کا پیغام بھیجیں تو خدا نے تم کو

لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيلًا ۝ سَتَجِدُونَ آخَرِينَ يُرِيدُونَ أَنْ يَأْمَنُوكُمْ

اُنپر (لڑنے کی) کوئی راہ نہیں دی ہے تم عنقریب کچھ اور لوگ پاؤ گے جو چاہتے ہیں کہ تم سے بھی امن میں رہیں

وَيَأْمَنُوا قَوْمَهُمْ ۖ كُلَّمَا رُدُّوا إِلَى الْفِتْنَةِ أُرْكِسُوا فِيهَا ۚ فَإِنْ

اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہیں جب کبھی فتنہ کی طرف بلائے جاتے ہیں تو اُسمیں اوندھے گر پڑتے ہیں پس اگر

لَمْ يَعْتَزِلُوكُمْ وَيُلْقُوا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوا أَيْدِيَهُمْ فَخُذُوهُمْ

وہ تم سے الگ نہ رہیں اور تمہاری طرف صلح کا پیغام نہ بھیجیں اور اپنے ہاتھ نہ روکیں تو اُنکو

وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ ۚ وَأُولَٰئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ

پکڑو اور جہاں پاؤ قتل کر دو اور ہم نے تم کو اُنپر (لڑنے کی) کھلی راہ دی ہے

سُلْطَانًا مُبِينًا ۝ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً ۚ

اور کسی مومن کو لائق نہیں کہ مومن کو مار ڈالے مگر غلطی سے

وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ وَدِيَةٌ مُسَلَّمَةٌ إِلَىٰ

اور جو شخص مومن کو غلطی سے مار ڈالے تو ایک مومن غلام کا آزاد کرنا اور خون بہا جو اُسکے

أَهْلِهِ إِلَّا أَنْ يَصَّدَّقُوا ۚ فَإِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَكُمْ وَهُوَ

وارثوں کے حوالے کیا جائے ہاں اگر وہ معاف کر دیں (تو کچھ نہیں) اور اگر وہ مقتول تمہارے دشمن

مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ ۖ وَإِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ

کی قوم سے ہو اور مومن ہو تو ایک مومن غلام کا آزاد کرنا (واجب ہے) اور اگر وہ ایسی قوم سے ہو کہ تم میں اور اُن میں

مِيثَاقٌ فَدِيَةٌ مُسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ وَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ ۖ فَمَنْ

صلح کا عہد ہو تو خون بہا جو اُسکے وارثوں کے حوالے کیا جائے اور ایک مومن غلام کا آزاد کرنا (واجب ہے) پھر جس

لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِنَ اللَّهِ ۗ وَكَانَ اللَّهُ

شخص کو (غلام) نہ ملے تو خدا کی طرف سے توبہ کے لئے دو مہینے کے لگاتار روزے (رکھنا) اور خدا

عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ

جاننے والا اور حکمت والا ہے اور جو شخص مومن کو جان بوجھ کر مار ڈالے تو اُسکی سزا

خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا ۝

جہنم ہے کہ اُسمیں ہمیشہ رہیگا اور خدا اُس پر غضبناک ہوا اور اُسکو لعنت کی اور اُسکے لئے بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا ضَرَبْتُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَتَبَيَّنُوا وَلَا

اے ایمان والو جب تم خدا کی راہ میں سفر کرو تو تحقیق کر لیا کرو اور جو

تَقُولُوا لِمَنْ أَلْقَىٰ إِلَيْكُمُ السَّلَامَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُونَ عَرَضَ

شخص تم سے سلام علیک کرے اُسکو یہ نہ کہو کہ تم مومن نہیں ہو (اگر تم ایسا کرو گے) تو دنیا کی

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللَّهِ مَغَانِمُ كَثِيرَةٌ ۚ كَذَٰلِكَ كُنْتُمْ مِنْ قَبْلُ

زندگانی کا فائدہ چاہتے ہو تو خدا کے پاس بہت سی غنیمتیں ہیں تم بھی پہلے ایسے ہی تھے

فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۝

پھر خدا نے تم پر احسان کیا تو تحقیق کر لیا کرو جو کچھ تم کرتے ہو خدا اُسکی خبر رکھتا ہے

لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُونَ

جو مومن بغیر عذر کے (جہاد سے) گھر میں بیٹھے رہتے ہیں اور جو خدا کی راہ میں

فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ ۚ فَضَّلَ اللَّهُ الْمُجَاهِدِينَ

اپنے مال اور جان سے جہاد کرتے ہیں برابر نہیں خدا نے مال اور جان سے جہاد کرنیوالوں کو

بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقَاعِدِينَ دَرَجَةً ۚ وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ

بیٹھے رہنے والوں پر درجے میں فضیلت بخشی ہے اور خدا نے نیک وعدہ سب سے

الْحُسْنَىٰ ۚ وَفَضَّلَ اللَّهُ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ۝

کیا ہے اور مجاہدوں کو بیٹھے رہنے والوں پر بڑا اجر بخشا ہے

دَرَجَاتٍ مِنْهُ وَمَغْفِرَةً وَرَحْمَةً ۚ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝

(یعنی) اپنی طرف سے درجے اور بخشش اور رحمت اور خدا بخشنے والا مہربان ہے

إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنْفُسِهِمْ قَالُوا فِيمَ كُنْتُمْ ۖ

جو لوگ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے جب فرشتے اُنکی روحیں قبض کرنے لگے تو اُن سے پوچھا کہ تم کس کام میں تھے

قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ قَالُوا أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ

وہ کہنے لگے کہ ہم ملک میں عاجز و ناتواں تھے فرشتے کہنے لگے کہ کیا خدا کا ملک

وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا ۚ فَأُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَسَاءَتْ

فراخ نہیں تھا کہ تم اُسمیں ہجرت کرتے سو ایسے لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ

مَصِيرًا ۝ إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ لَا

بری جگہ ہے مگر جو مرد اور عورتیں اور بچے عاجز و ناتواں ہیں اور نہ

يَسْتَطِيعُونَ حِيلَةً وَلَا يَهْتَدُونَ سَبِيلًا ۝ فَأُولَٰئِكَ عَسَى اللَّهُ أَنْ

کوئی تدبیر کر سکتے ہیں اور نہ کوئی راہ جانتے ہیں تو ایسے لوگوں سے عنقریب خدا

يَعْفُوَ عَنْهُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَفُوًّا غَفُورًا ۝ وَمَنْ يُهَاجِرْ فِي سَبِيلِ

درگزر فرمائیگا اور خدا معاف کرنیوالا بخشنے والا ہے اور جو شخص خدا کی راہ میں

اللَّهِ يَجِدْ فِي الْأَرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيرًا وَسَعَةً ۚ وَمَنْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهِ

ہجرت کرے گا وہ زمین میں بہت سی جگہ اور کشائش پائیگا اور جو شخص اپنے گھر سے

مُهَاجِرًا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهُ

خدا اور اُسکے رسول کی طرف ہجرت کرکے نکلا پھر اُسکو موت آ پکڑے تو اُسکا اجر

عَلَى اللَّهِ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ۝ وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ

خدا کے ذمہ ثابت ہو گیا اور خدا بخشنے والا مہربان ہے اور جب تم ملک میں

فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوا مِنَ الصَّلَاةِ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ

سفر کرو تو تم پر کچھ گناہ نہیں کہ نماز کو کم کر دو اگر تم کو خوف ہو کہ

يَفْتِنَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ إِنَّ الْكَافِرِينَ كَانُوا لَكُمْ عَدُوًّا مُبِينًا ۝

کافر تم کو ایذا دینگے کافر تو تمہارے کھلے دشمن ہیں

وَإِذَا كُنْتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَاةَ فَلْتَقُمْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ

اور جب تم اُنمیں ہو اور نماز پڑھانے کھڑے ہو تو چاہیئے کہ ایک گروہ

مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا أَسْلِحَتَهُمْ ۖ فَإِذَا سَجَدُوا فَلْيَكُونُوا مِنْ وَرَائِكُمْ

تمہارے ساتھ کھڑا ہو اور اپنے ہتھیار لے لے پھر جب وہ سجدہ کر چکیں تو تمہارے پیچھے

وَلْتَأْتِ طَائِفَةٌ أُخْرَىٰ لَمْ يُصَلُّوا فَلْيُصَلُّوا مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا

چلے جائیں اور دوسرا گروہ جس نے نماز نہیں پڑھی ہے آئے اور تمہارے ساتھ نماز پڑھے اور

حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ ۗ وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ

اپنا بچاؤ اور ہتھیار لے لے کافر تو اس تاک میں ہیں کہ تم

أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُمْ مَيْلَةً وَاحِدَةً ۚ وَلَا

اپنے ہتھیاروں اور اسباب سے غافل ہو جاؤ تو تم پر یکبارگی حملہ کر دیں اور اگر

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ كَانَ بِكُمْ أَذًى مِنْ مَطَرٍ أَوْ كُنْتُمْ مَرْضَىٰ أَنْ

تم کو بارش سے تکلیف ہو یا تم بیمار ہو تو اس بات میں کچھ گناہ نہیں کہ

تَضَعُوا أَسْلِحَتَكُمْ ۖ وَخُذُوا حِذْرَكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْكَافِرِينَ

ہتھیار رکھ دو اور اپنا بچاؤ کر لو خدا نے کافروں کے لئے

عَذَابًا مُهِينًا ۝ فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلَاةَ فَاذْكُرُوا اللَّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا

ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے پھر جب تم نماز پڑھ چکو تو کھڑے اور بیٹھے اور

وَعَلَىٰ جُنُوبِكُمْ ۚ فَإِذَا اطْمَأْنَنْتُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ ۚ إِنَّ الصَّلَاةَ

لیٹے ہر حال میں خدا کو یاد کرو پھر جب تم کو اطمینان ہو جائے تو نماز پڑھو بیشک

كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتَابًا مَوْقُوتًا ۝ وَلَا تَهِنُوا فِي ابْتِغَاءِ

نماز مومنوں پر وقت کی پابندی کے ساتھ فرض ہے اور تم لوگوں کی تلاش میں

الْقَوْمِ ۖ إِنْ تَكُونُوا تَأْلَمُونَ فَإِنَّهُمْ يَأْلَمُونَ كَمَا تَأْلَمُونَ ۖ

سستی نہ کرو اگر تم تکلیف اٹھاتے ہو تو جیسے تم تکلیف اٹھاتے ہو ویسے وہ بھی تکلیف اٹھاتے ہیں

وَتَرْجُونَ مِنَ اللَّهِ مَا لَا يَرْجُونَ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝

اور تم خدا سے اُمید رکھتے ہو جو وہ نہیں رکھتے اور خدا جاننے والا حکمت والا ہے

إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا

(اے رسول) ہم نے تمہاری طرف سچی کتاب نازل کی ہے تاکہ جو (سیدھا راستہ) خدا

أَرَاكَ اللَّهُ ۚ وَلَا تَكُنْ لِلْخَائِنِينَ خَصِيمًا ۝ وَاسْتَغْفِرِ اللَّهَ ۚ إِنَّ

تم کو دکھائے اُسکے مطابق لوگوں میں فیصلہ کرو اور خیانت کرنیوالوں کی طرف سے جھگڑنے والے نہ بنو اور خدا سے بخشش مانگو

اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَحِيمًا ۝ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِينَ يَخْتَانُونَ

بیشک خدا بخشنے والا مہربان ہے اور جو لوگ اپنی خیانت کا وبال اپنے اوپر لیتے ہیں تم اُنکی طرف سے

أَنْفُسَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا أَثِيمًا ۝ يَسْتَخْفُونَ

جھگڑنا نہ کرو خدا خیانت کرنیوالے گنہگار کو دوست نہیں رکھتا یہ لوگ

مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُونَ مِنَ اللَّهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُونَ

لوگوں سے تو چھپاتے ہیں مگر خدا سے نہیں چھپا سکتے اور وہ اُنکے پاس ہوتا ہے جب وہ رات کو

مَا لَا يَرْضَىٰ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطًا ۝

ایسی باتوں کے مشورے کرتے ہیں جو خدا کو پسند نہیں اور جو کچھ یہ کرتے ہیں خدا اُسکو گھیرے ہوئے ہے

هَا أَنْتُمْ هَٰؤُلَاءِ جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَمَنْ يُجَادِلُ

ہاں تم ایسے ہو کہ دنیا کی زندگی میں تو تم نے اُنکی طرف سے جھگڑا کر لیا مگر قیامت کے دن

اللَّهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَمْ مَنْ يَكُونُ عَلَيْهِ وَكِيلًا ۝ وَمَنْ

خدا سے کون جھگڑا کریگا یا کون اُنکا کارساز ہوگا اور جو

يَعْمَلْ سُوءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللَّهَ يَجِدِ اللَّهَ غَفُورًا

شخص برا کام کرے یا اپنے اوپر ظلم کرے پھر خدا سے بخشش مانگے تو خدا کو بخشنے والا

رَحِيمًا ۝ وَمَنْ يَكْسِبْ إِثْمًا فَإِنَّمَا يَكْسِبُهُ عَلَىٰ نَفْسِهِ ۚ وَكَانَ

مہربان پائیگا اور جو شخص گناہ کرتا ہے تو اُسکا وبال اُسی پر ہے اور خدا

اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ وَمَنْ يَكْسِبْ خَطِيئَةً أَوْ إِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهِ

جاننے والا حکمت والا ہے اور جو شخص کوئی خطا یا گناہ کرکے اُسکی تہمت

بَرِيئًا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ

کسی بے گناہ پر لگائے تو بیشک اُس نے بہتان اور صریح گناہ اپنے اوپر لیا اور اگر تم پر خدا کا فضل

عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهُ لَهَمَّتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ أَنْ يُضِلُّوكَ ۚ وَمَا يُضِلُّونَ

اور اُسکی رحمت نہ ہوتی تو ان میں کے کچھ لوگ تو تمہیں بہکانے کا قصد کر چکے تھے مگر وہ بہکا نہیں سکتے

إِلَّا أَنْفُسَهُمْ ۖ وَمَا يَضُرُّونَكَ مِنْ شَيْءٍ ۚ وَأَنْزَلَ اللَّهُ عَلَيْكَ

مگر اپنے تئیں اور تمہارا کچھ نقصان نہیں کر سکتے خدا نے تم پر کتاب اور

الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۚ وَكَانَ فَضْلُ اللَّهِ

دانائی نازل کی ہے اور تم کو وہ باتیں سکھائی ہیں جو تم نہیں جانتے تھے اور خدا کا فضل

عَلَيْكَ عَظِيمًا ۝ لَا خَيْرَ فِي كَثِيرٍ مِنْ نَجْوَاهُمْ إِلَّا مَنْ أَمَرَ

تم پر بڑا ہے ان کے اکثر خفیہ مشوروں میں کچھ بھلائی نہیں مگر جو

بِصَدَقَةٍ أَوْ مَعْرُوفٍ أَوْ إِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ

خیرات یا نیک کام یا لوگوں میں صلح کرانے کا حکم دے اور جو شخص خدا کی خوشنودی

ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ وَمَنْ يُشَاقِقِ

کے لئے ایسا کام کرے تو ہم اُسکو بڑا اجر دینگے اور جو شخص

الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَىٰ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ

ہدایت کے ظاہر ہو جانے کے بعد بھی رسول کی مخالفت کرے اور مومنوں کے راستے

الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ۝

کے سوا اور راستے پر چلے تو جدھر وہ پھرتا ہے ہم اُدھر ہی پھیر دیتے ہیں اور اُسکو جہنم میں داخل کرینگے اور وہ بری جگہ ہے

إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ

خدا اس بات کو نہیں بخشتا کہ اُسکے ساتھ شریک کئے جائیں اور اس کے سوا اور گناہ جس کے چاہتا ہے بخش دیتا ہے

يَشَاءُ ۚ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا ۝ إِنْ يَدْعُونَ

اور جو شخص خدا کے ساتھ شریک بناتا ہے وہ رستے سے بہت دور جا پڑا وہ خدا کو چھوڑ کر

مِنْ دُونِهِ إِلَّا إِنَاثًا ۖ وَإِنْ يَدْعُونَ إِلَّا شَيْطَانًا مَرِيدًا ۝

دیویوں کو پکارتے ہیں اور سرکش شیطان کو پکارتے ہیں

لَعَنَهُ اللَّهُ ۘ وَ

كُتِبَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ؕ

تونے ہم پر کیوں جہاد واجب کیا؟ کاش ہمکو تھوڑی دن اور مہلت دی ہوتی۔

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۟

تم کہدو کہ سرمایۂ دنیا کم ہے۔ اور جو لوگ پرہیزگار ہیں انکے لیے آخرت کہیں بہتر ہے

وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ

اور تمپر ایک سوت برابر بھی ظلم نہ کیا جائیگا۔ جہاں کہیں بھی تم ہوگے موت تمکو (ضرور)

الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ؕ وَاِنْ تُصِبْهُمْ

آلیگی گو تم مضبوط بُرجوں ہی میں کیوں نہو۔ اور (حالت انکی یہ ہے کہ) اگر انکو

حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ

کچھ بھلائی پہنچتی ہے تو کہدیتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے اور اگر اُن کو کچھ

سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ؕ قُلْ كُلٌّ

بُرائی پہنچتی ہے تو کہدیتے ہیں کہ یہ تمہاری طرف سے ہے۔ تم کہدو کہ سب

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ

اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ اِن لوگوں کو کیا ہو گیا ہے۔ کہ اتنی سی

يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ۝ مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ

بات بھی نہیں سمجھتے؟ (اے بندۂ خدا) جو بھلائی تجھ کو پہنچتی ہے

فَمِنَ اللّٰهِ ۘ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ؕ

اللہ کی طرف سے ہے اور جو بُرائی تجھ کو پہنچتی ہے یہ تیری ذات کی طرف سے ہے۔

وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝ مَنْ

اور (اے رسول) ہمنے تمکو کل آدمیوں کیلیے پیغامبر (بنا کر) بھیجا ہے۔ اور اللہ شہادت کیلیے کافی ہے۔ جو

يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ

رسول کی اطاعت کریگا اُسنے یقیناً خدا کی اطاعت کی اور جو پھر جائیگا تو ہمنے تم کو اُسکا نگہبان بنا کر

حَفِيظًا ۝ وَيَقُولُونَ طَاعَةٌ ۖ فَإِذَا بَرَزُوا مِنْ عِنْدِكَ

نہیں بھیجا۔ اور (انکی حالت یہ ہے کہ) منہ سے تو اطاعت کا اقرار کرتے ہیں اور جب تمہارے پاس سے باہر جاتے

بَيَّتَ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ غَيْرَ الَّذِي تَقُولُ ۖ وَاللَّهُ يَكْتُبُ

ہیں تو جو کچھ تم کہہ چکتے ہو اسکے برخلاف ان میں سے ایک گروہ راتوں کو مشورہ کرتا ہے اور جو کچھ وہ راتوں کو مشورہ کرتے ہیں

مَا يُبَيِّتُونَ ۖ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ

اسکو اللہ لکھتا جاتا ہے۔ تو (اب) تم اُن سے روگردانی کرو اور اللہ پر بھروسہ رکھو۔

وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ۝ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ ۚ

اور کارساز ہونیکے لیے اللہ کافی ہے۔ کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے؟

وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللَّهِ لَوَجَدُوا فِيهِ اخْتِلَافًا

اور اگر وہ سوائے خدا کے اور کسی کے پاس سے آیا ہوتا تو اس میں بہت سی کچھ اختلاف

كَثِيرًا ۝ وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ

پاتے۔ اور جس وقت انکو امن یا خوف کی کوئی بات معلوم ہو جاتی ہے تو اسکا

أَذَاعُوا بِهِ ۖ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ

افشا کر دیتے ہیں۔ اور اگر وہ اس کو پیغمبر (صلعم) اور والیان امر کے سامنے

مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ ۗ وَلَوْلَا

پیش کر دیتے تو اُن میں سے جو بات کی تہ تک پہنچ جانیوالے ہیں وہ اس (کی حقیقت) کو سمجھ لیتے۔ اور اگر

فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَانَ إِلَّا

تم پر اللہ کا فضل اور اسکی رحمت نہ ہوتی تو سوائے بہت تھوڑے لوگوں کے سب شیطان کی پیروی

قَلِيلًا ۝ فَقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ إِلَّا نَفْسَكَ

ہو گئے ہوتے۔ پس (اے رسول) تم خدا کی راہ میں لڑو۔ تمہاری ذات کے سوا کسی کو تکلیف نہیں دی جاتی

وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ عَسَى اللَّهُ أَنْ يَكُفَّ بَأْسَ

اور مومنین کو آمادہ کرو شاید اللہ کافروں کے زور کو

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ○

رو کنے اور اللہ زور کی حیثیت سے سب سے زیادہ قوی اور عذاب دینے کی حیثیت سے سب سے زیادہ سخت ہے۔

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ

جو شخص اچھی سفارش کریگا اُس میں سے اُس کو بھی حصّہ ملیگا

وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۭ وَ

اور جو شخص بُری سفارش کریگا اُس میں سے اُسکو حصّہ ملیگا اور

كَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ○ وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ

خدا ہر شے کا نگران ہے۔ اور جس وقت تم کو سلام کیا جائے

فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي

تو تم اُس سے بہتر طرز پر سلام کرو یا اُس کا جواب دو۔ بیشک اللہ ہر چیز کا

كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ○ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى

حساب لینے والا ہے۔ اللہ کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس میں شک نہیں کہ

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ○

قیامت کے روز وہ ضرور ضرور تم سب کو اکٹھا کریگا اور بات کہنے میں اللہ سے زیادہ سچا کون ہے؟

فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا

تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ منافقین کے بارے میں دو گروہ ہو گئے ہو حالانکہ اللہ نے اُنکو اُنکے افعال کے سبب

كَسَبُوْا ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ

اُلٹ دیا۔ کیا تم یہ ارادہ رکھتے ہو کہ خدا نے جس کو توفیق ہدایت سلب کی ہو تم اُسکو راہ راست پر لا دو؟

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ○ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ

اور جس کو خدا توفیق ہدایت سلب کر لیگا تم ہرگز اُسکو کوئی راستہ نہ پاؤ گے۔ اُنکی تو آرزو ہے کہ جس طرح وہ کافر ہو گئے

كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَاۗءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَاۗءَ

تم بھی اُسی طرح کافر ہو جاؤ کہ تم سب برابر ہو جاؤ۔ پس تم اُن میں سے کسیکو دوست نہ بناؤ

حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ

جب تک کہ وہ راہِ خدا میں ہجرت نہ کریں پھر اگر وہ روگرداں ہوں تو انکو گرفتار کرو

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ

اور جہاں انکو پاؤ قتل کر ڈالو اور ان میں سے کسی کو نہ دوست

وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍ

بناؤ اور نہ مددگار۔ سوائے انکے جو ایسی قوم سے جا ملے ہوں کہ

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ جَاۗءُوْكُمْ حَصِرَتْ

تمہارے اور اس قوم کے مابین معاہدہ ہو یا تمہارے پاس اس حالت سے آئیں کہ تم سے لڑنے میں

صُدُوْرُهُمْ اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ ۭ وَلَوْ

یا اپنی قوم سے لڑنے میں دلتنگ ہوتے ہوں۔ اور اگر

شَاۗءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ

اللہ چاہتا تو انکو تم پر مسلط کر دیتا پھر وہ تم سے ضرور لڑتے۔ پس اگر وہ تم سے الگ رہیں

فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ

اور تم سے نہ لڑیں اور تمہیں صلح کا پیغام دیں تو (اس پر تعدی کرنیکا) خدا نے تمہارے لیے

عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ۝ سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ

کوئی راستہ نہیں رکھا ہے۔ عنقریب تم کچھ اور لوگوں کو ایسا پاؤ گے کہ وہ چاہتے ہیں کہ

يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ۭ كُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ

تم سے بھی امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی بچے رہیں جب فتنہ کی طرف بلائے جائیں اندھا دھند

اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ

اس میں گر پڑیں۔ پس اگر وہ لوگ تم سے کنارہ کش نہوں اور تم سے صلح نہ کریں

وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ۭ

اور اپنے ہاتھ نہ روکیں تو انکو گرفتار کرلو اور جہاں پاؤ ان کو قتل کردو۔

منزل ۱

کے قتل کا حکم آگیا خواہ وہ کنارہ کشی کریں یا نہ کریں ہاں اس حکم سے وہ مستثنیٰ تھے جن سے آنحضرتؐ نے فتح مکہ کے دن معاہدہ کرلیا تھا مثلاً صفوان ابن امیہ عکرمہ

وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝ وَمَا ع ۱۲ ۹
اور انہی پر ہم نے تم کو کھلا تسلط دیا ہے۔ اور کسی

كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ
مومن کا یہ کام نہیں کہ کسی مومن کو قتل کرے سوائے اسکے کہ غلطی ہو جائے۔ اور جو شخص

قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ
غلطی سے کسی مومن کو قتل کر دے تو اسکے ذمہ ہے ایک ایماندار بردہ کا آزاد کرنا اور پورا خوں بہا

مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۭ فَاِنْ
اس (مقتول) کے ورثہ کو دینا سوائے اسکے کہ وہ معاف کر دیں۔ پھر اگر وہ مقتول

كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ
ایسی قوم سے ہے جو تمہاری دشمن ہے لیکن ہو مومن تو (قاتل کے ذمہ) ایک ایماندار بردہ کا

مُّؤْمِنَةٍ ۭ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ
آزاد کرنا ہے۔ اور اگر ایسی قوم سے ہو کہ تمہاری قوم کے اور اس کے مابین

مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ
معاہدہ ہو تو اسکے ورثہ کو پورا خوں بہا دینا اور ایک ایمان دار بردہ کا آزاد کرنا

مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ
(لازم ہے) پھر جس کو (بردہ آزاد کرنا) میسر نہ ہو تو خدا کی طرف سے توبہ کرنے کے لیے اسکے ذمے

تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَمَنْ
متواتر دو مہینے کے روزے ہیں۔ اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے۔ اور جو شخص

يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا
کسی مومن کو جان بوجھ کر مار ڈالیگا اسکا بدلہ جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ)

فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ
رہیگا اور اسپر خدا غضبناک ہوگا اور اس پر لعنت کریگا اور اس کے لیے

عَذَابًا عَظِيمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا

بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اے ایمان لانیوالو جب تم

ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ

راہ خدا میں باہر نکلو تو تحقیق کرلو اور جو شخص تم سے (بقاعدۂ اسلام)

اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ

سلام کرے تو یہ نہ کہدو کہ تو مومن نہیں ہے۔ تم زندگانی دنیا کا

عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ

اثاثہ ڈھونڈھتے ہو حالانکہ بڑے بڑے منافع خدا کے

كَثِيْرَةٌ ۭ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ

پاس ہیں۔ تم بھی پہلے سے ایسے ہی تھے۔ پھر اللہ نے تم پر احسان کیا

فَتَبَيَّنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

پس تحقیق کرلیا کرو۔ یقیناً اللہ اُس سے جو کچھ تم کرتے ہو خبردار ہے۔

لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ

مومنوں میں سے گھر میں بیٹھے رہنے والے سوائے اُن کے جو

اُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

معذور ہیں اور راہ خدا میں اپنے مالوں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ

اور جانوں سے جہاد کرنیوالے برابر نہیں ہیں۔ اللہ تعالےٰ نے مال اور

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ۭ

جان سے جہاد کرنیوالوں کو بیٹھ رہنے والوں پر درجے کی رو سے فضیلت دی ہے۔

وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۭ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ

حالانکہ ثواب کا وعدہ ہر ایک سے کیا ہے۔ اور جہاد کرنیوالوں کو

عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَ

بیٹھ رہنے والوں پر بڑی بزرگی دی ہے۔ یہ اُسکی طرف سے درجے ہیں اور

ع ۱۳ ۵ ۱۰ مَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

مغفرت ہو اور رحمت ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنیوالا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا

بیشک وہ لوگ جنکا خاتمہ فرشتے اُس حال میں کرتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر ستم توڑنیوالے ہوں (تو اُن سے

فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ

کہتے ہیں کہ تم کس حال میں تھے؟ وہ جواب دیتے ہیں کہ ہم اِس زمین میں کمزور کر دیے گئے تھے۔

قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ

(تو فرشتے دریافت کرتے ہیں کہ کیا اللہ کی زمین لمبی چوڑی نہ تھی کہ تم اُس میں ہجرت کر جاتے؟

فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝

پس اُنہی کا ٹھکانا جہنم ہے۔ اور وہ بُری بازگشت ہے۔

اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ

سوائے اُن کے جو مردوں اور عورتوں اور بچوں سے واقعتاً

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ۝

بے بس ہوں کہ نہ کوئی حیلہ کر سکیں اور نہ کوئی راستہ پائیں۔

فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

پس قریب ہے کہ خدا ایسوں سے درگزرے۔ اور خدا بڑا درگزر کرنیوالا (اور)

عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ

بڑا بخشنے والا ہے۔ اور جو شخص راہِ خدا میں ہجرت کریگا تو وہ

فِى الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ

زمین میں بڑی وسعت اور کشائش پائیگا۔ اور جو خدا اور رسول

مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ
کے لیے اپنے گھر سے ہجرت کر کے نکلیگا پھر اُسے موت
الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
آ لیگی تو اُسکا اجر یقیناً خدا کے ذمے رہا۔ اور اللہ بڑا
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَلَيْسَ ع ۱۴ ۱۱
بخشنے والا اور رحم کرنیوالا ہے۔ اور جب تم زمین میں سفر کرتے ہو یا
عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ اِنْ
تم کو خوف ہو کہ کافر تم سے فساد کر بیٹھینگے تو تم پر کچھ الزام نہیں
خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ
کہ تم نماز میں قصر کردو۔ بیشک کافر
كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ۝ وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ
تمہارے کھلے دشمن ہیں۔ اور (اے رسول) جب تم اُن میں ہو اور
فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ
تم اُنکو نماز پڑھانے لگو تو لازم ہے کہ اُن میں سے ایک گروہ تمہارے ساتھ نماز پڑھے
وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۖ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا
اس حال میں کہ اپنے ہتھیار لیے رہیں۔ پس جب وہ سجدہ کر چکیں تو اُنہیں لازم ہے کہ
مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۪ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا
وہ تمہارے پیچھے آجائیں اور دوسرا گروہ جس نے ابھی نماز نہیں پڑھی ہے اُنہیں چاہیے کہ وہ آکر
فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ
آجائیں پھر وہ تمہارے ساتھ نماز پڑھیں لیکن اُنکو بھی لازم ہے کہ وہ اپنی حفاظت کی چیزیں اور ہتھیار لیے رہیں
وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ
کافر اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ اگر وہ تم کو تمہارے ہتھیاروں سے اور تمہارے

وَاَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ؕ وَلَا

اسباب سے غافل پائیں تو وہ ایک دفعہ ہی تم پر حملہ کر دیں اور اگر

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ

تمکو بارش سے تکلیف ہو یا تم بیمار ہو تو تم پر کچھ گناہ

مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ؕ

نہیں ہے کہ تم اپنے ہتھیار رکھدو اور ویسے اپنی حفاظت کرو۔

اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ فَاِذَا قَضَيْتُمُ ع ۱۱

بیشک اللہ نے کافروں کیلئے رسوا کرنیوالا عذاب مہیا کیا ہے۔ پھر جب تم نماز

الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى

ختم کر چکو تو کھڑے کھڑے بیٹھے بیٹھے لیٹے لیٹے خدا کی یاد

جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ

کیا کرو پھر جب تم مطمئن ہو جاؤ تو (پوری) نماز پڑھو۔ بیشک

الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ۝ وَلَا

نماز مومنین پر واجب ہے اور لکھی گئی ہے۔ اور اُن

تَهِنُوْا فِى ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ

لوگوں کا تعاقب کرنے میں سستی نہ کرو۔ اگر تم کو تکلیف پہنچتی ہے تو اُنکو بھی تو اسی طرح

يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ؕ

تکلیف پہنچتی ہے جس طرح تمکو تکلیف پہنچتی ہے۔ حالانکہ تم اللہ سے جو امید رکھتے ہو وہ امید وہ نہیں رکھتے۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ع ۱۲

اور خدا صاحب علم و حکمت ہے۔ (اے رسول) بیشک ہمنے تمہاری طرف کتاب برحق

بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ

اُتاری تاکہ تم آدمیوں کی مابین جو جب اسکے فیصلہ کرو جو خدا تمہیں دکھلا چکا ہے۔ اور تم

لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۝ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
خیانت کرنیوالوں کی طرفدار نہ بنو۔ اور اللہ سے بخشش مانگو۔ بیشک اللہ بڑا بخشش
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ
کرنیوالا اور رحم کرنیوالا ہے۔ اور جو لوگ اپنی ذات سے خیانت کرتے ہیں تم اُنکی طرف سے
اَنْفُسَهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ۝
جھگڑا نہ کرو۔ بیشک اللہ اُنکو دوست نہیں رکھتا جو خائن (اور) گنہگار ہیں۔
يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ
لوگوں سے تو یہ چھپاتے ہیں اور خدا سے نہیں چھپاتے حالانکہ جب
مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ
راتوں کو اُن باتوں کا مشورہ کرتے ہیں جو خدا کو ناپسند ہیں تو خدا اُنکے ساتھ موجود ہوتا ہے۔ اور جو کچھ وہ
بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ۝ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ
عمل کرتے ہیں خدا کا علم اُس سب کو گھیرے ہوئے ہے۔ زندگانی دنیا میں تو اُن کی طرف سے
فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۣ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ
اب تم جھگڑتے ہو قیامت کے دن اُن کی طرف سے کون جھگڑا
الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝ وَمَنْ
کریگا یا کون اُنکا وکیل بنے گا؟ اور جو شخص
يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ
کوئی بدی کرے یا اپنی ذات پر ظلم کرے پھر خدا سے بخشش مانگ لے تو وہ
اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا
اللہ کو بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا پائیگا اور جو شخص کوئی گناہ کریگا
فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا
سو اُسکا وبال نہیں کہ وہ اپنی ہی ذات کیلئے وبال پیدا کریگا۔ اور خدا صاحب علم و

حَكِيمًا ○ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓئًا

حکمت ہے۔ اور جو شخص سہواً یا عمداً کوئی گناہ کرے پھر اسکا الزام وہ کسی بیگناہ

فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ○ وَلَوْلَا فَضْلُ

دیدے تو یقیناً وہ بہتان اور صریح گناہ کا ملزم ہوگا۔ اور اگر خدا کا فضل اور

اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ

اسکی رحمت تم پر نہوتی تو ان میں سے تو ایک گروہ نے یہ ارادہ کیا تھا کہ تم کو

يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ

بھٹکا دے۔ حالانکہ وہ اپنے آپے ہی کو بھٹکاتے اور تمہارا کچھ بھی

مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

نہ بگاڑتے۔ جس حال میں کہ اللہ نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی ہے

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ

اور جو کچھ تم نہ جانتے تھے اسکی تم کو تعلیم دی ہے۔ اور اللہ کا تم پر بہت بڑا

عَلَيْكَ عَظِيْمًا ○ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا

فضل ہے۔ ان کی بہت سی سرگوشیاں کرنے میں کوئی خیر و خوبی نہیں ہے سوائے

مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ[1] بَيْنَ

اسکے جو صدقہ دینے یا نیکی کرنے یا لوگوں کے مابین میل جول کرا دینے کی

النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ

صلاح دے۔ اور جو شخص خدا کی رضا جوئی کے لیے ایسا کریگا عنقریب

فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ○ وَمَنْ يُّشَاقِقِ

ہم اس کو بہت بڑا اجر عطا کرینگے۔ اور جو شخص بعد اس کے کہ حق

الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ

اسکے لیے کھل جائے رسول کی مخالفت اختیار کریگا اور مومنوں کے

ع ۱۶ ۸ ۱۳

ثلثة ارباع

[1] اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ کافی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ کلام تین قسم کا ہوتا ہے۔ صدق۔ کذب۔ اصلاح بین الناس

غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ
اسکے سوا اور کوئی راہ اختیار کریگا ہم بھی اُسے اُسی راہ پر چلائینگے اور اُسے جہنم میں داخل کرینگے۔

وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ ع ۱۷ ۳ ۱۴
اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔ بیشک خدا اسکو تو نہ بخشیگا کہ اُسکے ساتھ شرک کیا جائے

بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ
اور اُس کے کم گناہوں کو بخش دیگا جسے چاہے۔ اور جس نے

يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ۝ اِنْ
خدا سے شرک کیا تو اُسنے یقینا بہت بڑی گمراہی کی۔ وہ خدا کے سوا

يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ
نہیں پکارتے ہیں مگر عورتوں (دیویوں) کو اور نہیں پکارتے ہیں

اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ۝ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ وقف لازم
مگر شیطان سرکش کو جسپر خدا نے لعنت کی۔ اور اُسنے یہ کہا تھا کہ میں

مِنْ عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝ وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّهُمْ
تیرے بندوں میں سے ایک مقرر حصہ ضرور لونگا۔ اور میں اُنکو ضرور گمراہ کرونگا اور میں اُنکو

وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّهُمْ
جھوٹی امیدیں دلاؤنگا اور میں اُن کو ضرور سمجھاؤنگا پس وہ چوپاؤں کے کان چیر ڈالینگے اور میں اُنکو

فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ
ضرور حکم دونگا پس وہ خدا کی پیدائش (بنائی ہوئی ہیئت) کو ضرور بدل ڈالینگے اور جو شخص خدا کو چھوڑ کر شیطان کو

دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ۝ يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ؕ
دوست بنائیگا وہ یقینا صریح نقصان اُٹھائیگا۔ شیطان اُن سے وعدے کرتا ہے اور اُنہیں امیدیں

وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ۝ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ
دلاتا ہے اور شیطان نہیں وعدہ کرتا ہے مگر دھوکا ہی دھوکا۔ انہی لوگوں کا ٹھکانا

جَهَنَّمَ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ۝ وَالَّذِيْنَ
جہنم جس سے بھاگنے کا موقع وہ نہ پائینگے۔ اور جو لوگ
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ
ایمان لائے اور (انہوں نے) نیک کام کیے عنقریب ہم اُن کو ایسے باغوں میں داخل
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ
کرینگے جن کے نیچے نہریں بہتی پھرتی ہیں ہمیشہ رہیں گے وہ اُنمیں رہینگے۔ (یہ)
وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ۝
اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ اور بات کہنے میں اللہ سے زیادہ سچا کون ہوگا؟
لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ
تمہاری امیدوں کو اور اہل کتاب کی امیدوں کو اِس میں کچھ دخل نہیں۔ جو بھی
يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
کوئی بدی کریگا اُس کا بدلہ پائیگا اور خدا کے سوا وہ کسی کو نہ اپنا حامی
وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ
پائیگا اور نہ مددگار۔ اور جو شخص کوئی نیکی کریگا اس حال میں
مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ
کہ وہ مومن بھی ہو خواہ (وہ) مرد ہو یا عورت وہی تو
يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ۝ وَمَنْ اَحْسَنُ
جنت میں داخل ہونگے اور اُن پر ذرا برابر ظلم نہ کیا جائیگا۔ اور جس سے اچھا اپنے آپ کو
دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ
اطاعت خدا کے لیے جھکا دیا جس حال میں کہ وہ نیکوکار بھی ہو اور طریق ابراہیم کا
اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ۝ وَلِلّٰهِ
پیرو ہو کیا اس سے بہتر دین کسی کا ہوگا؟ حالانکہ ابراہیم کو خدا نے اپنا خلیل مقرر کیا تھا۔ اور جو کچھ

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ

آسمانوں میں ہی اور جو کچھ زمین میں ہی وہ سب اللہ کا ہی۔ اور اللہ (کا علم) ہر چیز کو

شَيْءٍ مُّحِيْطًا ۝ وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ اللّٰهُ

گھیرے ہوئے ہے۔ اور (ای پیغمبر) یہ لوگ عورتوں کی باری میں تم سے فتوی طلب کرتے ہیں۔ تم کہدو کہ اللہ

يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى

تم کو عورتوں کی باری میں فتوی دیتا ہی اور وہ حکم جو تم پر یتیم عورتوں کے بارے میں

النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ

پڑھا جاتا ہی جن کو تم اُن کا مقررہ حصہ نہیں دیتے حالانکہ تم اُن سے نکاح کرنیکی خواہش

اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ

نہیں رکھتے ہو اور اسی طرح کمزور بچوں کے بارے میں حکم دیتا ہے اور یہ کہ

تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ

تم یتیموں کے حق میں انصاف کرنیکے لیے کھڑے ہو جاؤ۔ اور جو نیکی بھی تم کروگے

اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ۝ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا

اللہ اُس سے ضرور آگاہ ہے۔ اور اگر کوئی عورت اپنے خاوند کی طرف سے ظلم یا

نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا

بے رغبتی کا اندیشہ رکھے تو اگر وہ آپس میں کسی طرح صلح کرلیں تو اُن کے ذمے کچھ الزام

صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ

نہیں۔ اور صلح سب سے بہتر ہے۔ اور سب نفس بخل کے سامنے کیے گئے ہیں۔ اور اگر

تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ وَلَنْ

تم نیکی کرو اور پرہیزگار رہو تو جو عمل بھی تم کرتے ہو اللہ اُس سے آگاہ ہے۔ اور اگر

تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا

تم اس بات کے حریص بھی ہو کہ اپنی کل ازواج کے مابین مساوات برتو تو ہرگز نہ برت سکوگے پھر پورا

كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا

ظلم بھی نہ کرو کہ اسکو آدھر میں جھوڑ دو۔ اور اگر تم اصلاح کرو

وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا

اور ڈرتے رہو تو اللہ بہت بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور اگر وہ دونوں جدا ہو جائیں

يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ۝

تو اللہ ہر ایک کو اپنے خزانہ کی وسعت سے غنی کر دیگا۔ اور اللہ وسعت والا (اور) حکمت والا ہے۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا

اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے وہ سب اللہ کا ہے۔ اور تحقیق ہم نے ان لوگوں کو

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ

جنہیں تم سے پہلے کتاب دی تھی اور خود تم کو یہ حکم دیا ہے کہ اللہ سے

اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

ڈرتے رہو۔ اور اگر تم ناشکری کرو گے تو آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے

وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ۝ وَلِلّٰهِ

وہ تو اللہ ہی کا ہے۔ اور اللہ بے پروا (اور) لائق حمد ہے۔ اور

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝

آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ اللہ کا ہے۔ اور کارسازی کے لیے اللہ کافی ہے۔

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَ

اے لوگو اگر وہ چاہے تو تم کو فنا کر دے اور بجائے تمہارے اور پیدا کر دے۔ اور

كَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ۝ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا

اللہ اس (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ جو شخص دنیا کا بدلہ چاہتا ہے تو خدا کے پاس

ع ۱۹ ۸ ۱۶ فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝

دنیا کا بھی بدلہ موجود ہے اور آخرت کا بھی۔ اور اللہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ

اے ایمان لانیوالو تم انصاف کے لیے بڑے مضبوط بنجاؤ اور خدا کے گواہ ہو جاؤ گو تمکو

وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا

اپنی ذات یا ماں باپ اور رشتہ داروں کی خلاف گواہی دینی پڑے کوئی مالدار ہو

اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۣ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ

یا محتاج خدا دونوں کا حاکم (نگران) ہے پس تم انصاف سے درگزر کرنے میں خواہش نفسانی کی پیروی نہ کرو

وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

اور اگر تم ادای شہادت میں زبان دباؤ گے یا منہ پھراؤ گے تو جو کچھ بھی تم کرو گے اللہ اُس سے آگاہ ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ

اے ایمان لانیوالو تم اللہ پر اور اُسکے رسُول پر اور اُس کتاب پر

الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ

جو اُسنے اپنے رسُول پر نازل کی ہے اور اُس کتاب پر جو اُسنے پہلے نازل کی ہے

قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ

ایمان لاؤ۔ اور جس شخص نے خدا کا اور اُسکے فرشتوں کا اور اُس کی کتابوں کا اور اُسکے رسولوں کا

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور قیامت کے دن کا انکار کر دیا وہ راہ راست سے بہت ہی دور جا پڑا۔ جو لوگ

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا

ایمان لائے اور کافر ہوئے پھر ایمان لائے پھر منکر ہوئے پھر اپنے انکار میں بڑھ گئے

لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ۝ بَشِّرِ

خدا کا یہ کام نہیں ہے کہ انکو بخشے اور نہ یہ کہ انکو راہ راست دکھلائے۔ اُن

الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ۝ ۙ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ

منافقوں کو جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا یار بناتے ہیں

الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَيَبْتَغُوْنَ

یہ خوشخبری سنا دو کہ اُن کے لیے عذاب دردناک مہیا ہے۔ کیا اُن کے پاس

عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۝ وَقَدْ نَزَّلَ

عزت تلاش کرتے ہیں حالانکہ عزت سب خدا کے لیے ثابت ہے۔ اور وہ تم پر کتاب

عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَ

میں یہ حکم نازل کر چکا ہے کہ جس وقت تم یہ سنو کہ خدا کی آیتوں کا انکار کیا جاتا ہے اور

يُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ

اُنکی ہنسی اُڑائی جاتی ہے تو تم اُن لوگوں کے پاس مت بیٹھو جبتک کہ وہ کسی اور معاملہ میں گفتگو نہ شروع

غَيْرِهٖ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ

کر دیں ورنہ تم بھی اس صورت میں (کفر میں) اُنہی کے مانند ہو جاؤ گے۔ بیشک خدا کل منافقوں

وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعَا ۝ الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ

اور کافروں کو جہنم میں جمع کریگا۔ جو تمہارے انتظار میں لگے ہوئے ہیں

فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ

کہ اگر فتح خدا کی طرف سے تمہاری ہو جائے تو یہ کہدیں کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے

وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ

اور اگر کافروں کو نصیب ہو جائے تو اُن سے یہ کہدیں کہ کیا ہم تم پر غالب نہ آ گئے تھے

عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ

اور کیا ہمنے تم کو مومنوں سے نہیں بچایا۔ پس اللہ قیامت کے دن تمہارے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

مابین فیصلہ کر دیگا۔ اور خدا ہرگز مومنوں پر کافروں کا غلبہ نہونے دیگا۔

سَبِيْلًا ۝ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ

بیشک منافق اللہ کو دھوکا دیتے ہیں اور وہ اُنکو اُنکے دھوکے کا بدلہ دینے والا ہے

ع ۲۰ ۷ ۱۷

حجت میں غالب نہیں آئے ۱۲

وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى يُرَآءُوْنَ النَّاسَ

اور جس وقت وہ نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو الکسائی ہوئے کھڑے ہوتے ہیں لوگوں کو دکھلاتے ہیں

وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ

اور خدا کا ذکر بہت ہی کم کرتے ہیں۔ کفر اور ایمان کے مابین متذبذب میں ہیں

لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ

نہ انہی کی طرف ہیں نہ انہی کی طرف۔ اور جس سے خدا توفیق ہدایت سلب کرلیگا

تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ

تم اسکیلیے ہرگز کوئی راہ نہ پاؤگے۔ اے ایمان لانیوالو مومنوں کو چھوڑکر کافروں

اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا

کو یار نہ بناؤ۔ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ

لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ

خدا کی کھلی حجت اپنے اوپر قائم کرلو یقیناً منافق جہنم کے سب سے نیچے

الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ۝

طبقے میں ہونگے۔ اور تم انکا کوئی مددگار نہ پاؤگے۔

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ

سوائے اُن کے جو توبہ کرلیں اور نیکی اختیار کریں اور خدا کا سہارا لیے رہیں

وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ وَسَوْفَ

اور اللہ کے واسطے اپنا دین خالص کرلیں تو وہ مومنوں کے ساتھ ہونگے اور عنقریب

يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ

خدا مومنوں کو بڑا اجر دیگا۔ اگر تم شکر کرو اور

بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ۝

ایمان لاؤ تو خدا تم کو عذاب کیوں دیگا حالانکہ اللہ تو قدرداں اور علم ہے

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا
اللہ بدظنون مین کھول کر بدی بیان کرنے کو پسند نہین کرتا سوائے اس کے جو
مَنْ ظُلِمَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ۝ اِنْ تُبْدُوْا
ستایا گیا ہو اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے اگر تم کسی نیکی کا
خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ
اظہار کرو گے یا اسکو چھپاؤ گے یا کسی برائی سے درگذر کرو گے تو اللہ بھی بڑا درگزر
عَفُوًّا قَدِيْرًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَ
کرنیوالا (اور) قدرت رکھنے والا ہے بیشک جو لوگ اللہ اور اُسکے رسول کے منکر ہین اور
يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ
یہ ارادہ رکھتے ہین کہ اللہ مین اور اُسکے رسولون مین جدائی ڈالدین اور یہ کہتے ہین کہ ہم
نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا
بعض پر ایمان لائے ہین اور بعض کے منکر ہین اور وہ یہ چاہتے ہین کہ (کفر و ایمان کے)
بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ
بین بین ایک راستہ اختیار کرلین وہی تو اصلی کافر ہین
حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝
اور ہمنے کافرون کے لئے ذلت دینے والا عذاب مہیا کیا ہے
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ
اور جو اللہ اور اُسکے رسولون پر ایمان لائے اور اُنمین سے کسی مین کوئی
اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰۗىِٕكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ
تفریق نہ کی اُن لوگون کو اُن کے اجر ضرور عنایت فرمائے گا
وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ
اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے اہل کتاب تم سے سوال کرتے ہین

ع ١١ ١٢

أَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ ۚ فَقَدْ سَاَلُوْا
کہ تم اُنپر آسمان سے کوئی کتاب نازل کردو تو موسےٰ سے تو
مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً
اُنھون نے اس سے بھی بڑا سوال کیا تھا یعنی یہ کہا تھا کہ خدا کو ہمین کھلم کھلا دکھلا دو
فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا
پس اُنکے اسی ظلم کے سبب سے اُنپر بجلی گری تھی پھر بعد اسکے کہ اُن پر
الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ
کھلی نشانیان آچکی تھین بچھڑا پوجنے لگے پھر بھی اس سے بھی
ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝ وَرَفَعْنَا
درگزر کی اور موسےٰ کو کھلا غلبہ عنایت کیا اور اُن سے
فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا
عہد لینے کے لئے کوہ طور کو اُنکے اوپر بلند کیا اور اُنسے ہمنے یہ کہا کہ اس دروازہ مین سے
الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ
سجدہ کرتے ہوے داخل ہو اور ان سے یہ کہا کہ احکام سبت مین زیادتی نہ کرو
وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝ فَبِمَا نَقْضِهِمْ
اور ہم نے اُن سے سخت عہد لیا تھا پھر اُنکے اپنے اس عہد کے
مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ
توڑ دینے کے سبب سے اور آیات خدا کا انکار کرنے کے باعث سے اور انبیاء کو ناحق قتل کرنے کی
بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ
وجہ سے اور اُنکے اس قول کی جہۃ سے کہ ہمارے دلونپر غلاف چڑھے ہوے ہین (ہمنے جو سنا بھلا کیا) بلکہ اللہ نے
عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝
اُنکے دلونپر اُنکے کفر کے سبب سے چھاپہ لگا دیا پس وہ ایمان نہ لائین گے مگر بہت کم

وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيمًا ۙ

نیز اُنکے کفر کے باعث اور اُنکے اس قول کے باعث جس سے مریم پر اُنھون نے بہت بڑا بہتان باندھا

وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

اور اس قول کے سبب کہ ہمنے مسیح ابن مریم خدا کے رسول کو قتل کردیا

رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ

(اُنکے دلون پر جھاپہ لگادیا) حالانکہ اُنھون نے نہ اُنکو قتل کیا اور نہ صلیب دی بلکہ اُن (یہودیون) کے

لَهُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۭ

لئے ایک شخص اُنکی شبیہ بنادیا گیا تھا اور جن لوگون نے مسیح کے بارہ مین اسوقت اختلاف کیا تھا وہ

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ

آج تک اُنکے بارے مین شک ہی مین ہین سوائے گمان کی پیروی کے اس بارہ مین اُنکو کوئی علم نہین ہے حالانکہ مسیح کو

يَقِيْنًا ۞ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا

اُنھون نے بالیقین قتل نہین کیا بلکہ اللہ نے اُنکو اپنے پاس اُٹھالیا اور اللہ زبردست حکمت والا

حَكِيْمًا ۝ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ

ہے اور اہل کتاب مین سے کوئی نہ بچیگا مگر یہ کہ اُسکو اپنے

قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۝

مرنے سے پہلے مسیح پر ضرور ایمان لاپڑیگا اور مسیح قیامت کے دن اُنکے برخلاف گواہی دینگے

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ

پس یہودیون کے ظلم کے باعث ہمنے اُنپر بہت سی پاک چیزین جو اُنکے لئے حلال تھین

اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۝

حرام کردین نیز راہ خدا سے اکثر لوگون کو روکنے کے باعث

وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ

اور اُنکی سود خوری کے باعث جس سے اُنکو یقینا ممانعت کی گئی تھی اور لوگونکے مال ناحق کھاجانیکے

أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ۚ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ
سبب بہت سی پاک چیزیں حرام کردیں) اور جو اُن میں منکر ہیں اُنکے لئے ہمنے
مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝ لَٰكِنِ الرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ
دردناک عذاب تیار رکھا ہے لیکن اُن میں سے جو علم میں راسخ
مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُونَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ
ہیں اور جو کچھ تم پر نازل کیا گیا ہے اُس پر اور جو کچھ تم سے پہلے
وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيمِينَ الصَّلَاةَ وَ
نازل کیا گیا ہے اُس پر ایمان لانیوالے ہیں اور نماز پڑھنے والے اور زکوٰۃ
الْمُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالْمُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ
دینے والے اور اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لانیوالے ہیں
أُولَٰئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ إِنَّا أَوْحَيْنَا ع ۲۲ ۱۰ ۲
اُنھیں کو عنقریب ہم بڑا اجر دینگے یقیناً ہمنے تم پر اسی طرح وحی
إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلَىٰ نُوحٍ وَالنَّبِيِّينَ مِنْ بَعْدِهِ ۚ
بھیجی جس طرح نوح پر اور اُن کے بعد کے انبیاء پر بھیجی تھی
وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ
اور ہمنے ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ
وَالْأَسْبَاطِ وَعِيسَىٰ وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَارُونَ وَسُلَيْمَانَ ۚ
اور اسباط (بنی اسرائیل) اور عیسےٰؑ اور ایوب اور یونسؑ اور ہارونؑ اور سلیمانؑ پر وحی بھیجی
وَآتَيْنَا دَاوُودَ زَبُورًا ۝ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنَاهُمْ عَلَيْكَ
اور داؤدؑ کو ہمنے زبور عنایت کی اور (ہمنے) ایسے رسول (بھی بھیجے) جنکا قصہ ہمنے تم سے بیان کیا
مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۚ وَكَلَّمَ اللَّهُ
اور ایسے رسول (بھی) جنکا قصہ ہم نے تم سے نہیں بیان کیا اور موسےٰؑ سے خدا نے کلام کیا

مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ۝ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا
جو حق کلام کرنے کا تھا (ایسے) رسول (جو) خوشخبری دینے والے بھی تھے اور ڈرانے والے (بھی) تاکہ
يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ ۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ
آنے کے بعد اللہ پر آدمیوں کی کوئی حجت باقی نہ رہے اور اللہ
عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ
زبردست حکمت والا ہے لیکن اللہ اسکے باب میں جو کچھ تم پر نازل کیا گیا ہے گواہی دیتا ہے
اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يَشْهَدُوْنَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ
کہ اسنے اپنے علم سے نازل کیا ہے اور فرشتے بھی اس بات کی گواہی دیتے ہیں حالانکہ گواہی اللہ (ہی)
شَهِيْدًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
کی کافی ہے بیشک جو لوگ کافر ہوگئے اور انھوں نے راہ خدا سے روکا
قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا
وہ گمراہی میں بہت بڑھ گئے جن لوگوں نے یقیناً کفر (بھی) کیا اور ظلم (بھی) کیا
لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ۝ ۙ
اللہ کا یہ کام نہیں ہے کہ انکو بخشدے یا انکو کوئی اور راستہ سوائے
اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَكَانَ
جہنم کے راستے کے بتلائے جسمیں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور اللہ
ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمُ
کے لئے یہ بات آسان ہے ای آدمیو یقیناً رسول تمھارے
الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۭ وَاِنْ
رب کی طرف سے تمھارے پاس حق لیکر آیا ہے پس اسے مان لو تمھارے لئے بہتر ہے اور اگر
تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ
انکار کروگے تو آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے ضرور اللہ کا ہے اور اللہ

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ۝ ۙ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ ... قَدْ جَاۗءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ ...

عَلِيمًا حَكِيمًا ○ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ وَلَا

صاحب علم و حکمت ہو — اے اہل کتاب اپنے دین کے بارے مین غلو نہ کرو اور سوائے

تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ ۚ إِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ

حق کے خدا کے بارے مین کچھ نہ کہو — مسیح عیسیٰ ابن مریم سوائے اسکے

مَرْيَمَ رَسُولُ اللَّهِ وَكَلِمَتُهُ ۚ أَلْقَاهَا إِلَىٰ مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِّنْهُ

کچھ نہین ہے کہ اللہ کا رسول ہے اور اُسکا کلمہ جسکو اُسنے مریم تک پہنچا دیا تھا اور اُسکی پیدا کی ہوئی روح ہے

فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ۖ وَلَا تَقُولُوا ثَلَاثَةٌ ۚ انتَهُوا خَيْرًا

پس اللہ اور اُسکے رسولون پر ایمان لاؤ اور تثلیث کے قائل نہو اس سے باز رہو یہی تمھارے لئے اچھا

لَّكُمْ ۚ إِنَّمَا اللَّهُ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ سُبْحَانَهُ أَن يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ

ہے — اللہ تو وہی یکتا معبود ہے — اُسکی ذات اس سے منزہ ہے کہ اُسکے کوئی بیٹا ہو

لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ○

آسمانون مین اور زمین مین جو کچھ ہے اللہ ہی کا ہے — اور اللہ ہی انتظام کے لئے کافی ہے

لَّن يَسْتَنكِفَ الْمَسِيحُ أَن يَكُونَ عَبْدًا لِّلَّهِ وَلَا الْمَلَائِكَةُ

مسیح کو یہ بات ہرگز ناگوار نہوگی کہ وہ اللہ کا بندہ بنے — اور نہ مقرب

الْمُقَرَّبُونَ ۚ وَمَن يَسْتَنكِفْ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيَسْتَكْبِرْ

فرشتون کو اور جو اُسکی عبادت سے انکار کرے گا اور تکبر کرے گا

فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيْهِ جَمِيعًا ○ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

تو عنقریب وہ اُن سب کو اپنے پاس جمع کریگا — پھر جو لوگ ایمان لائے ہین اور

الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِ ۖ

نیکوکار ہین اُنکو تو اُنکے اجر پورے (پورے) دیگا اور اپنے فضل سے اور کچھ بڑھا دے گا

وَأَمَّا الَّذِينَ اسْتَنكَفُوا وَاسْتَكْبَرُوا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

اور جن لوگون نے نافرمانی کی اور تکبر کیا — پس اُنکو دردناک عذاب دیگا

وقف لازم ع ٣٣ ٩

مزل ١

(مسیح کے قول ثابت ہے کہ آنت قلت للناس اتخذونی وامی الٰھین من دون اللہ (کیا تھے لوگون سے یہ کہا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو خدا کہو اور خدا بنالو) ؛

الیما ○ ولا یجدون لهم من دون الله ولیا ولا نصیرا ○
اور اللہ کے سوا وہ کسی کو اپنا یار و مددگار نہ پائین گے

یا ایها الناس قد جاءکم برهان من ربکم وانزلنا
اے آدمیو بیشک تمہارے رب کے پاس سے دلیل آچکی ہو اور اسنے تمہر

الیکم نورا مبینا ○ فاما الذین امنوا بالله واعتصموا
دکھلادینے والا نور نازل کیا ہو پس جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور اس نور سے تمسک

به فسیدخلهم فی رحمة منه وفضل ویهدیهم
پہے اُنکو عنقریب اپنی رحمت اور فضل مین داخل کرے گا اور اپنی حضوری کا

الیه صراطا مستقیما ○ یستفتونک ط قل الله
سیدھا راستہ بتادیگا لوگ تجسے فتوے دریافت کرتے ہین تم کہدو کہ اللہ

یفتیکم فی الکلالة ط ان امرؤا هلک لیس له ولد
تمکو کلالہ کے بارے مین فتوے دیتا ہو کہ اگر کوئی مرد ایسا مرجائے کہ جسکے اولاد (یا ماں باپ) نہون

وله اخت فلها نصف ما ترک ج وهو یرثها
اور اُسکی ایک بہن ہو تو اُس بہن کو اُسکے ترکہ کا نصف ملیگا اور اسی طرح وہ مرد اُس بہن کا وارث ہوگا

ان لم یکن لها ولد ط فان کانتا اثنتین فلهما
اگر اُسکے اولاد (یا ماں باپ) نہون اور اگر بہنین دو ہون تو اُن دونون کو

الثلثان مما ترک ط وان کانوا اخوة رجالا و
اُسکے ترکہ کا دو تہائی ملیگا اور اگر بہائی بہن مرد عورت (سب ملے جلے) ہون

نساء فللذکر مثل حظ الانثیین ط یبین الله
تو ہر مرد کو دو عورتون کے برابر حصہ ملیگا اللہ تمہارے لئے

لکم ان تضلوا ط والله بکل شیء علیم ○ ع ۲۴ ۶ ۴
اس وجہ سے کھولکر بیان کرتا ہو کہ تم نہ بھٹکو اور اللہ ہر شے سے آگاہ ہو

منزل ۱

سورة المائدة مدنية وهي مائة وعشرون اٰية

بسم الله الرحمٰن الرحيم ○

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۭ اُحِلَّتْ

اے ایمان لانے والو عہد پورے کرو چرندے

لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ

تمہارے حلال کئے گئے ہیں سوائے اُنکے جنکی ممانعت تمکو پڑھکر سنائی جائیگی جبکہ تم

مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا

بحالت احرام شکار کے حلال نہ جاننے والے ہو بیشک اللہ جو چاہتا ہے حکم

يُرِيْدُ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَاۗىِٕرَ اللّٰهِ

دیتا ہے اے ایمان لانیوالو خدا کی نشانیوں کی بے توقیری نکرو

وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَاۗىِٕدَ

اور نہ حرمت والے مہینے کی اور نہ نذر کردہ قربانی کی اور نہ پٹہ دار قربانی کی

وَلَآ اٰۗمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا

اور نہ اُن لوگوں کی جو اپنے رب کے فضل اور اُسکی خوشنودی کیلئے احرام محترم

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ۭ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا

مکان کو جاتے ہوں اور جب تم محل ہو جاؤ تو شکار کھیلو

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ

اور کسی قوم کی عداوت اس بنا پر کہ اُنہوں نے تمکو مسجد حرام سے

عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا

روکا تھا تمہارے لئے اس امر کا باعث نہو کہ تم زیادتی کرگزرو اور نیکی

عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ

اور پرہیزگاری مین ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی مین

وَالْعُدْوَانِ ۖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

ایک دوسرے کی مدد نہ کرو اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ سخت عذاب

الْعِقَابِ ○ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ

دینے والا ہے تم پر حرام کیا گیا مردار اور خون اور سور

الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ

کا گوشت اور وہ جانور جسپر خدا کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو اور جو گردن مروڑ کر

وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ

مارا گیا ہو اور جسکے پاؤن باندھکر پیٹ پیٹ کر مارا ہو اور جو بلندی سے گر کر مرا ہو اور سینگون سے مارا گیا ہو اور

السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۖ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ

جسکو درندون نے پھاڑا ہو سوائے اسکے جسکا تمنے تذکیہ کر لیا ہو اور جو تھان پر ذبح کیا گیا ہو

وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ

اور یہ کہ تیرون پر تقسیم کرلو یہ بدکاری ہے

اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا

آج کے دن کافر تمہارے دین سے مایوس ہو گئے پس تم

تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ

اُنسے نہ ڈرو اور مجھسے ڈرو آج مین نے تمہارا دین تمہارے لئے کامل

دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ

کر دیا اور اپنی نعمت تمپر پوری کر دی اور دین اسلام کو

لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ

تمہارے لئے پسند کر لیا پس جو شخص بھوک کے سبب سے مضطر ہو

غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّإِثْمٍ فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ يَسْأَلُونَكَ

نہ گناہ کی طرف مائل ہو کر تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا رحم کرنیوالا ہے لوگ تم سے دریافت کرتے ہیں

مَاذَا أُحِلَّ لَهُمْ ۖ قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُم

کہ انکے لئے کیا کیا حلال کیا گیا ہے تم کہدو کہ تمہارے لئے کل پاک چیزیں حلال کیگئی ہیں اور شکاری جانور

مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِينَ تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللَّهُ ۖ

شکاری جانور اس قاعدہ سے سدھایا ہو جیسا کہ اللہ نے تمکو بتادیا ہے

فَكُلُوا مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ

پس وہ جو کچھ تمہارے لئے پکڑ رکھیں انمیں سے (تم حلال کو) کھالو اور اللہ کا نام اسپر لیا کرو

عَلَيْهِ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝

اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شبہ اللہ جلد حساب لینے والا ہے

الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ ۖ وَطَعَامُ الَّذِينَ أُوتُوا

آج کے دن حلال کی گئیں تمہارے لئے کل پاک چیزیں اور ان لوگوں کی خوراک جنکو

الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ ۖ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۖ وَالْمُحْصَنَاتُ

کتاب دی گئی ہے تمہارے لئے حلال ہے اور تمہاری خوراک انکے لئے حلال ہے اور مسلمان پاکدامن عورتیں

مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ

اور ان لوگوں کی پاکدامن عورتیں جنکو تم سے پہلے کتاب دیگئی تھی (جائز ہیں)

مِن قَبْلِكُمْ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ مُحْصِنِينَ

جبوقت کہ تم انکے مہر دیدو درآنحالیکہ انسے نکاح کرنا منظور ہو

غَيْرَ مُسَافِحِينَ وَلَا مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ ۗ وَمَن يَكْفُرْ

نہ کہ زنا یا خفیہ تعلق اور جو ایمان کا منکر ہوگا

بِالْإِيمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝

ع ۵ ۵ تو اسکے اعمال سب اکارت ہوجائینگے اور وہ آخرت میں گھاٹا اٹھانیوالا ہوگا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا

اے ایمان لانیوالو جب تم نماز کے لئے آمادہ ہو تو اپنے منہ

وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ

دھو ڈالو اور اپنے ہاتھ کہنیون سمیت اور اپنے سرون کے بعض حصہ کا

وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ

اور ٹخنون تک پاؤن کا مسح کرلو اور اگر تم جنب ہو تو غسل کرڈالو

وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ

اور اگر تم مریض ہو یا سفر مین ہو یا تم مین سے کوئی

مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً

بیت الخلا سے آئے یا عورتون سے مباشرت کی ہو پھر پانی نہ پاؤ

فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ

تو پاک مٹی سے تیمم کرلو اور اس سے اپنے منہ اور ہاتھون کے بعض حصہ کا مسح

مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ

کرلو اللہ یہ نہین چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی کرے بلکہ وہ

يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ

یہ چاہتا ہے کہ تمکو پاک کرے اور اپنی نعمت کو تم پر پورا کرے تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ

شکرگزار ہو جاؤ اور اللہ کی نعمت کا جو تم پر ہوئی ذکر کرتے رہو اور اسکے اس عہد کا جو

وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اسنے تم سے پکا کرلیا ہے جسوقت کہ تمنے یہ کہا تھا کہ ہمنے سنا اور تابعداری کی اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا

دلون کی باتون سے واقف ہے اے ایمان لانے والو خدا کے لئے

اور جناب امیر المومنین علیہ السلام و نیز دیگر ائمہ طاہرین علیہم السلام کی ولایت کے فرض ہونے کے بارے مین فرمایا تھا سمعنا و اطعنا تفسیر قمی مین ہے

قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ

انصاف کے ساتھ گواہ بننے کے لئے آمادہ ہو جاؤ اور کسی قوم کی سخت عداوت تمکو

قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ

اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نکرو انصاف کرو کہ وہ پرہیزگاری سے قریب تر ہے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ

اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ اس سے جو کچھ تم کرتے ہو خبردار ہے اللہ نے اُنسے جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ

ایمان لائے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں وعدہ فرمایا ہے کہ اُنکے لئے بخشش ہے اور بہت بڑا

عَظِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ

اجر اور جو لوگ منکر ہوگئے اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا جہنمی

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

وہی ہیں اے ایمان لانے والو تم پر اللہ کی جو نعمت ہے اُسکو یاد کرو

عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ

کہ جسوقت ایک قوم نے تمپر دست درازی کا ارادہ کیا تو اُسنے تم سے اُنکے ہاتھوں کو

اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

روک دیا اور اللہ سے ڈرتے رہو اور مومنوں کو لازم ہے کہ اللہ ہی

ع ۲ ۶ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۚ

پر بھروسہ کریں بیشک اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا

وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ

اور اُنمیں سے بارہ سردار بھیجے اور (پھر) اللہ نے (یہ) فرمایا کہ بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں

لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ

اگر تم نماز پڑھوگے اور زکوٰۃ دوگے اور میرے

بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا
رسولون پر ایمان لاؤگے اور اُنکی مدد کروگے اور اللہ کو قرض حسنہ دیتے رہوگے
لَأُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي
تو ضرور مین تمھاری برائیان تمسے دور کردونگا اور تمھین ایسی جنتون مین
مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ
جنکے نیچے نہرین بہتی ہین داخل کرونگا پس اسکے بعد جو تم مین سے منکر ہوگا وہ ضرور
ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ○ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِيثَاقَهُمْ
سیدھے راستے سے بھٹک جائیگا پس بوجہ اپنے عہد توڑ دینے کے
لَعَنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ قَاسِيَةً ۖ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ
ہمنے اُنپر لعنت کی اور اُنکے دلون کو سخت کردیا وہ لفظون کو اُنکے
عَنْ مَوَاضِعِهِ وَنَسُوا حَظًّا مِمَّا ذُكِّرُوا بِهِ ۚ وَلَا تَزَالُ
موقعون سے بدلدیتے ہین اور جن چیزونکی اُنکو نصیحت کیگئی تھی اُسکا ایک بڑا حصہ بھول گئے اور جو اُنمین سے خیانت کرنیوالے
تَطَّلِعُ عَلَىٰ خَائِنَةٍ مِنْهُمْ إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ ۖ فَاعْفُ
ہین اور وہ بہت ہی تھوڑے مین (جو خائن نہین ہین) اُنکے حال پر تمکو برابر اطلاع ہوتی رہیگی پس تم اُنکو معاف
عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ○ وَمِنَ
کردو اور درگزر کرو بیشک اللہ احسان کرنیوالون کو دوست رکھتا ہی اور اُن
الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ أَخَذْنَا مِيثَاقَهُمْ فَنَسُوا
لوگون مین سے جو یہ کہتے ہین کہ ہم نصاریٰ ہین ہمنے اُنکا عہد لیا پھر جو کچھ اُنکو یاد دلایا گیا تھا
حَظًّا مِمَّا ذُكِّرُوا بِهِ ۖ فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ
اُسکا ایک بڑا حصہ بھول گئے پھر ہمنے قیامت تک کے لئے اُنکے مابین عداوت
وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۚ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللَّهُ
اور بغض ڈالا اور آگے چل کر اللہ اُنکو جتلائیگا

بِمَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ○ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ
کہ وہ کیا کیا کرتے تھے ای اہل کتاب بیشک ہمارا رسول تمہارے
رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا مِمَّا كُنْتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ
پاس آیا کتاب کے اس حصہ میں سے جسے تم چھپایا کرتے تھے تم بہت کچھ ظاہر کر دیتا ہے
وَيَعْفُوا عَنْ كَثِيرٍ ۚ قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللَّهِ نُورٌ وَكِتَابٌ
اور بہت سے درگزر کرتا ہے بیشک تمہارے پاس خدا کی طرف سے نور اور روشن کتاب
مُبِينٌ ○ يَهْدِي بِهِ اللَّهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ سُبُلَ
آگئی جسکے ذریعہ سے خدا اُن لوگوں کو جو اُسکی خوشنودی کے خواستگار ہیں سلامتی کی راہیں
السَّلَامِ وَيُخْرِجُهُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِهِ وَ
دکھلا دیتا ہے اور اُنکو تاریکی کفر سے اپنے حکم کے نور کی طرف نکال لاتا ہے اور اُنکو
يَهْدِيهِمْ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ○ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ
صراط مستقیم تک پہونچا دیتا ہے وہ لوگ یقیناً کافر ہو گئے جنہوں نے
قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۗ قُلْ فَمَنْ يَمْلِكُ
یہ کہا کہ اللہ وہی مسیح ابن مریم ہے تم یہ کہدو کہ خدا کو
مِنَ اللَّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ أَنْ يُهْلِكَ الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ
روک کون سکتا ہے اگر وہ یہ ارادہ کرے کہ مسیح ابن مریم کو اور اُنکی
وَأُمَّهُ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ۗ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ
والدہ کو اور زمین میں جو جو ہیں سب کو ہلاک کر دے حالانکہ آسمانوں کا
وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ
اور زمین کا اور جو کچھ اُنکے مابین ہے اُسکا اختیار خدا ہی کو ہے جو چاہتا ہے وہ پیدا کرتا ہے اور اللہ
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَىٰ نَحْنُ
ہر شے پر پوری قدرت رکھنے والا ہے اور یہود و نصاریٰ نے یہ کہا کہ ہم

أَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَأَحِبَّآؤُهُ ۚ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُم بِذُنُوبِكُم ۚ

اللہ کے بیٹے اور اُسکے دوستدار ہین تم یہ کہدو کہ پھر وہ تمھارے گناہون کے سبب تمکو عذاب کیون دیتا ہی

بَلْ أَنتُم بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ۚ يَغْفِرُ لِمَن يَشَآءُ وَيُعَذِّبُ ۚ ۷

بلکہ تم تو اُسکی مخلوق مین سے انسان ہو جسے وہ چاہتا ہی بخش دیتا ہی اور جسے چاہتا ہی

مَن يَشَآءُ ۚ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا

عذاب دیتا ہی کل آسمانون کا اور زمین کا اور جو کچھ اُنکے مابین ہی اُسکا اختیار

بَيْنَهُمَا ۖ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝ يٰٓأَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ

خدا ہی کو ہی اور بازگشت اُسیکی حضور مین ہو گی اے اہل کتاب بیشک

جَآءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ

ہمارا رسول (جو ہمارے احکام) کھولکر تمھارے لئے بیان کرتا ہی تمھارے پاس ایسے وقت آیا جبکہ رسولونکی آمد رکی ہوئی تھی

أَن تَقُولُوا مَا جَآءَنَا مِنۢ بَشِيرٍ وَّلَا نَذِيرٍ ۖ فَقَدْ

کہ کہین تم یہ نہ کہدو کہ ہمارے پاس تو کوئی خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا آیا ہی نہین پس تمھارے پاس

جَآءَكُم بَشِيرٌ وَّنَذِيرٌ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ ع ۷

خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا یقینا آچکا اور اللہ ہر شی پر پوری قدرت رکھنے والا ہی

وَإِذْ قَالَ مُوسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ

اور جبوقت موسیٰ نے اپنی قوم سے یہ کہا کہ اے میری قوم اللہ کی نعمت کو جو تمپر ہی

عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُم مُّلُوكًا وَّ

یاد کرو کہ جب تم مین انبیا مقرر فرمائے اور تمکو بادشاہ بنایا اور تمکو

اٰتٰىكُم مَّا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِينَ ۝ يٰقَوْمِ

وہ کچھ دیا جو تمام عالم مین سے کسی کو نہین دیا تھا اے میری قوم

ادْخُلُوا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ

تم اُس زمین مقدس مین داخل ہو جاؤ جسکو اللہ نے تمھارے لئے لکھدیا ہی

وَلَا تَرْتَدُّوا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ○ قَالُوْا
اور پیچھے کی طرف نہ پلٹو ورنہ خسارہ اٹھانیوالوں میں ہوجاؤ گے اُنھوں نے کہا کہ
يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا
اے موسیٰ اس میں تو ایک قوم بڑے زبردست لوگوں کی ہے اور جب تک وہ
حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ○
اُس میں سے نہ نکل جائیں ہم تو اُسمیں جائیں گے نہیں پھر اگر وہ اسمیں سے نکل جائینگے تو ہم اُسمیں چلے جائینگے
قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا
اُن لوگوں میں سے جو اللہ سے ڈرتے تھے دو شخصوں نے جنکو خدا نے نعمت عطا فرمائی تھی یہ کہا کہ اُن کے
ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ
دروازوں میں گھس پڑو کہ اگر تم اُسمیں گھس پڑوگے تو تم ہی
غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○
غالب آجاؤ گے اور اگر تم مومن ہو تو اللہ ہی پر بھروسہ کرو
قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا
اُنھوں نے کہا کہ اے موسیٰ جب تک وہ اُسمیں موجود ہیں ہم تو ہرگز ہرگز نہ جائیں گے
فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ○
اب تم اور تمھارا پروردگار جاؤ اور دونوں لڑو ہم تو یہیں بیٹھے ہیں
قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَاَخِىْ فَافْرُقْ
(موسیٰ نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار میں صرف اپنی ذات کا اختیار رکھتا ہوں اور اپنے بھائی کا بس تو
بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ○ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ
ہم میں اور ان نافرمان لوگوں میں جدائی کردے (خدا نے) فرمایا کہ زمین اُن پر
عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِى الْاَرْضِ ۗ
چالیس برس کے لئے حرام کردی گئی (اب) وہ اسی زمین میں سرگردان پھرینگے

نصف

سبزل ۲

لہ قال رجلان من الذین یخافون منسوب بہ ہی الذین یخافون جملہ اعتراضیہ ہے مراد حضرت یوشع بن نون اور کالب بن یوفنا ہیں اور وہ دو شخص حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جاں نثار بھائی تھے ۱۲

فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ ع ٧

پس تم نافرمان لوگوں کے حال پر کچھ افسوس نکرو اور انکو آدم کے دونوں

نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ

بیٹوں کی واقعی خبر پڑھکر سنادو جبوقت کہ اُن دونوں نے قربانی پیش کی تو اُن دونوں میں سے

اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ

ایک کی تو قبول ہوگئی اور دوسرے کی قبول نہوئی تو اُسنے یہ کہا کہ میں تجھے ضرور قتل کرڈالونگا

قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ لَىِٕنْۢ بَسَطْتَّ

اُسنے کہا کہ اللہ تو پرہیزگاروں کی (نذر) قبول کرتا ہے اگر تو اپنے ہاتھ میری طرف اسی نیت سے

اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ

بڑھائیگا کہ مجھے قتل کردے تو میں اپنا ہاتھ تیری طرف اس نیت سے بڑھانیوالا نہیں ہوں کہ

اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ

مجھے قتل کروں کیونکہ میں تو تمام عالموں کے پروردگار خدا سے ڈرتا ہوں میں تو یہ چاہتا ہوں کہ

تَبُوْۗءَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ

تو میرا اور اپنا (دونوں کا) گناہ سمیٹ لیجائے اور جہنمی ہوجائے

وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ

کہ ظالموں کا بدلہ یہی ہے پھر اُسکے نفس نے اُسے اُسکے

قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ فَبَعَثَ اللّٰهُ

بھائی کے قتل پر آمادہ کیا اور اُسنے اُسے قتل کردیا پھر وہ نقصان اُٹھانیوالوں میں ہوگیا پھر اللہ نے ایک

غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ

کوا بھیجا کہ وہ زمین کریدتا تھا تاکہ اُسے دکھادے کہ وہ اپنے بھائی کی حالت بد

سَوْاَةَ اَخِيْهِ ۭ قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ

(لاش) کو کیونکر چھپائے تو وہ کہنے لگا ہائے خرابی میری کیا میں اس سے (بھی) عاجز ہوں کہ

مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْاَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ

اس کوّے کی مانند ہو جاؤن اور اپنے بھائی کی حالت بد (لاش) کو چھپا دون غرضکہ وہ

مِنَ النّٰدِمِيْنَ ۝ۚ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۛ كَتَبْنَا عَلٰى

نادم ہوا اسی سبب سے ہمنے بنی اسرائیل پر

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ

لازم کر دیا کہ جو شخص کسی نفس کو بغیر دوسرے نفس کے قصاص کے یا

فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَمَنْ

بغیر زمین مین فساد کئے قتل کر ڈالے پس ایسا ہی گویا اُسنے کل آدمیون کو قتل کر ڈالا اور جسنے

اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَلَقَدْ

ایک نفس کو زندہ کر دیا تو گویا اُسنے کل آدمیون کو زندہ کیا اور یقیناً

جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۡ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ

ہمارے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلین لیکر آئے پھر اُسکے بعد اُنمین سے بہت سے

بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ۝ اِنَّمَا جَزٰۗؤُا

زمین مین زیادتیان کرنے لگے سواے اسکے کیا جزا ہو

الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ

اُن لوگون کی جو اللہ اور اُسکے رسول سے لڑتے ہین اور زمین مین فساد پھیلاتے ہین

فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ

کہ وہ قتل کر دئے جائین یا سولی دیدئے جائین یا اُنکے ہاتھ اور پاؤن

وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ۭ

ایک دوسرے کے مخالف کاٹ دئے جائین یا وہ اپنے ملک سے جلاوطن کر دئے جائین

ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

یہ تو اُنکی دنیا کی رسوائی ہی اور آخرت مین اُنکے لئے

عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِنْ قَبْلِ أَنْ

بہت بڑا عذاب ہی سوائے اُنکے جو توبہ کرین قبل اسکے کہ

تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ ۖ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ ع ۸

تم اُنپر قابو پاؤ پس تم یہ جان لو کہ اللہ بہت بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہی

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَابْتَغُوا إِلَيْهِ

اے ایمان لانے والو اللہ سے ڈرو اور اُسکے حضور مین مقربہ

الْوَسِيلَةَ وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

وسیلہ ہم پہنچالو اور اُسکی راہ مین مجاہدہ کرو تاکہ تم فلاح پالو

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ أَنَّ لَهُمْ مَا فِي الْأَرْضِ

بیشک جو کافر ہو چکے ہین اگر زمین مین جو کچھ ہی وہ سب اُنکا ہی ہو

جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ

اور اُتنا ہی اور اُسکے ساتھ ہو اور عذاب روز قیامت سے بچنے کے لئے وہ اس سب کا

الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

فدیہ دینا چاہین تو یہ اُنکا قبول نہ کیا جائیگا اور اُنکے لئے دردناک عذاب ہوگا

يُرِيدُونَ أَنْ يَخْرُجُوا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخَارِجِينَ

وہ ارادہ کرینگے کہ آگ سے نکل جائین حالانکہ وہ اُس سے نکل نہ سکینگے

مِنْهَا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُقِيمٌ ۝ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ

اور اُنکا عذاب پائدار ہوگا چور مرد اور عورت

فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِنَ اللَّهِ ۗ

دونون کے ہاتھ کاٹو یہ اُنکے کئے کی خدا کی طرف سے بطور عقوبت سزا ہی

وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ فَمَنْ تَابَ مِنْ بَعْدِ ظُلْمِهِ

وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اور اصلاح کرے تو بیشک اللہ اسکی توبہ قبول کرلے گا یقیناً اللہ بڑا بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

(اور) مہربان ہی کیا تم نہین جانتے کہ آسمانون کا اور زمین کا اختیار

وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ

خدا کو ہی جسے وہ چاہتا ہی عذاب دیتا ہی اور جسے چاہتا ہی بخشدیتا ہی

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ

اور اللہ ہر شی پر قدرت رکھنے والا ہی ای رسول یہ بات تمکو رنج مین نہ ڈالے

الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اٰمَنَّا

کہ لوگ کفر کے اظہار مین مبادرت کرتے ہین بعض تو اُن مین سے ایسے ہین کہ وہ

بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ

منہ سے کہتے ہین کہ ہم ایمان لائے ہین اور اُنکے دل ایمان نہین لائے اور بعض یہودیون مین

هَادُوْا ۛۚ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ

سے جھوٹ کے بڑے سننے والے ہین سننے والے بھی دوسرونکے واسطے

لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ

جو تمھارے پاس تک نہین آتے (جو) لفظون کو اُنکے موقعون سے بدلدیتے ہین

يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ ۚ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ

اور کہدیتے ہین کہ اگر تمسے یہ کہا جائے تو ماننا اور اگر یہ نہ کہا جائے تو

فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ

بچنا ہان جسکی آزمائش خدا چاہے تو تم ہرگز خدا کے یہان اُسکے بارے مین

مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ

قابو نہ پاؤگے یہی وہ لوگ ہین جنکے دلون کو اللہ نے

مع عند المتقدمین

منزل ٢

بنو نضیر اور بنو قریظہ کا قصہ ہی جسے ہم ضمیمہ مین انشاء اللہ درج کرین گے

يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ ۚ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي
پاک کرنا نہین چاہا دنیا مین اُنکے لئے رسوائی ہی اور آخرت مین
الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ سَمّٰعُونَ لِلْكَذِبِ
اُنکے لئے بہت بڑا عذاب ہی جھوٹ کے بڑے سننے والے
اَكّٰلُونَ لِلسُّحْتِ ۚ فَاِنْ جَآءُوكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ
حرام کے بڑے کھانے والے اگر تمھارے پاس آئین تو اُنکے مابین فیصلہ کردو یا
اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوكَ
اُنسے مُنھ پھیرلو اور اگر تم اُنسے روگردانی کروگے تو وہ ہرگز تمھارا کچھ
شَيْئًا ۭ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۭ
نہ بگاڑینگے اور اگر فیصلہ کرو تو اُنکے مابین انصاف سے فیصلہ کرو
اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَ
بیشک اللہ منصفون کو دوست رکھتا ہی اور یہ تمکو حکم بنانے کیونکر حالانکہ
عِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ
اُنکے پاس توریت ہی جس مین حکم خدا موجود ہی پھر اُس سے یہ روگردان
بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنَا ع ٦ ٩ ١٠
ہوتے ہین اور حقیقت مین یہ مومن ہی نہین ہین بیشک ہمنے
التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ
توریت نازل کی جسمین ہدایت ہی اور نور ہی وہ نبی جو مطیع خدا تھے یہودیونکے فیصلے
الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ
اُسی کےمطابق کرتے رہے اور اسی طرح اللہ والے لوگ اور علماء
بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ
جنکو اللہ کی کتاب کی حفاظت سپرد کی گئی تھی اور وہ اُسکے

شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوا

گواہ تھے ۔ پس تم لوگون سے نہ ڈرو مجھ سے ڈرو اور میری آیتون کو

بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

(تھوڑی) تھوڑی قیمت پر مت بیچو اور جو لوگ اُسکے مطابق حکم نکریں جو کچھ اللہ نے نازل کیا ہی

فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ

وہی کافر ہین اور ہمنے اُنپر واجب کردیا تھا کہ

النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ

الْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَ

کا پالنے والا ہے کہدو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اگر خدا تمھاری سماعت اور

اَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ

بصارت لے لے اور تمھارے دلون پر مہر کر دے تو اللہ کے سوا کونسا معبود ہی جو تمکو یہ چیزین

بِهٖ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ۝ قُلْ

دیدیگا غور تو کرو کہ ہم کس طرح نشانیان الٹ پلٹ کر (دکھلا) تے ہین پھر (بھی) وہ روگردان ہو جاتے ہین

اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ

تم کہدو کیا تم اپنے آپ کو اتنا سمجھتے ہو کہ اگر خدا کا عذاب تمپر اچانک یا کھلم کھلا آجائے تو کیا سوائے ظالم لوگون کے

يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ

کوئی اور بھی ہلاک کیا جائیگا اور ہم رسولونکو نہین بھیجتے ہین

اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا

مگر خوشخبری دینے والے اور ڈرانیوالے (مقرر کرکے) پھر جو ایمان لائینگے اور نیکوکار ہونگے اُنپر

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا

نہ کسی قسم کا خوف (طاری) ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہونگے اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو

بِآيَاتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ○ قُلْ

جھٹلایا تو بوجہ اسکے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھے عذاب اُنکو پہنچ جائیگا تم کہدو کہ

لَا أَقُولُ لَكُمْ عِنْدِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ

مین تمسے یہ تو نہین کہتا کہ میرے پاس خدا کے خزانے ہین اور نہ یہ کہ مین غیب دان ہون

وَلَا أَقُولُ لَكُمْ إِنِّي مَلَكٌ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ ۚ

اور نہ یہ کہتا ہون کہ مین فرشتہ ہون مین تو صرف اُسکی پیروی کرتا ہون جو میری طرف وحی کیجاتی ہے

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ ۚ أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ ○ ع ۵ ۱۱

تم کہدو کہ کیا اندھا اور آنکھون والا برابر ہی کیا تم اتنا بھی نہین سوچتے

وَأَنْذِرْ بِهِ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْ يُحْشَرُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ

اور جو لوگ خوف کرتے ہین اُنکو اس بات سے ڈراؤ کہ وہ اپنے رب کی حضور مین جمع کئے جائینگے

لَيْسَ لَهُمْ مِنْ دُونِهِ وَلِيٌّ وَلَا شَفِيعٌ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ○

کہ وہان اُنکے لئے اُسکے سوا نہ کوئی حمایتی ہوگا اور نہ سفارشی تاکہ وہ ڈرین

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ

اور جو صبح و شام اپنے پروردگار کو پکارتے ہین اور اُسکی رضا کے طالب ہین

يُرِيدُونَ وَجْهَهُ ۚ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِنْ شَيْءٍ

اُنکو نہ نکالو نہ تمھارے ذمہ کچھ اُنکا محاسبہ ہے

وَمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُونَ

اور نہ اُنکے ذمہ کچھ تمھارا محاسبہ کہ تم اُنکو نکالتے پھرو اور

مِنَ الظَّالِمِينَ ○ وَكَذَٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِيَقُولُوا

ظالمون مین سے ہو جاؤ اور اسی طرح ہمنے بعض کا امتحان بعض کے ذریعہ سے کیا ہے تاکہ وہ یہ کہین کہ

أَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِم مِّنۢ بَيْنِنَآ ۗ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِأَعْلَمَ
کیا یہ وہی لوگ ہم میں کے ہیں جنپر اللہ نے احسان کیا ہے کیا اللہ شکر گزاروں سے (تمہاری نسبت)
بِالشّٰكِرِينَ ○ وَإِذَا جَآءَكَ ٱلَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِـَٔايَٰتِنَا فَقُلْ
زیادہ باخبر نہیں ہے اور (اے رسول) جسوقت تمہارے پاس وہ آدمی جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں تو تم
سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ ٱلرَّحْمَةَ ۙ أَنَّهُۥ مَنْ عَمِلَ
اُنسے کہدو کہ تمپر سلامتی ہو تمہارے رب نے اپنی ذات پر رحمت واجب فرمائی ہے کہ تم میں سے جو شخص از روے
مِنكُمْ سُوٓءًۢا بِجَهَٰلَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنۢ بَعْدِهِۦ وَأَصْلَحَ فَأَنَّهُۥ غَفُورٌ
جہالت کوئی بدی کر گیا پھر اُسکے بعد وہ توبہ کرلے گا اور اصلاح کر گیا تو خدا تعالےٰ بڑا بخشنے والا
رَّحِيمٌ ○ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ ٱلْـَٔايَٰتِ وَلِتَسْتَبِينَ سَبِيلُ
(اور) رحم کرنیوالا ہے اور اسی طرح ہم آیات کی تفصیل کرتے ہیں تاکہ قصوروارون کا راستہ صاف معلوم
ٱلْمُجْرِمِينَ ○ قُلْ إِنِّى نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ ٱلَّذِينَ تَدْعُونَ مِن ع ۶ ۱۲
ہو جائے کہدو کہ مجھے تو اسکی ممانعت کی گئی ہے کہ میں اُنکی عبادت کرنے لگون جنکو
دُونِ ٱللّٰهِ ۖ قُل لَّآ أَتَّبِعُ أَهْوَآءَكُمْ قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَآ أَنَا
تم خدا کے سوا پکارتے ہو کہدو کہ میں تمہاری خواہشوں کی پیروی نکرونگا کہ اُس صورت میں میں بھی گمراہی سے بھٹک
مِنَ ٱلْمُهْتَدِينَ ○ قُلْ إِنِّى عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّى وَكَذَّبْتُم بِهِۦ ۚ
جاؤں اور ہدایت یافتہ نہ رہوں کہدو کہ میں اپنے رب کیطرف سے کھلی دلیل پر ہوں اور تم اُسکو جھٹلاتے ہو
مَا عِندِى مَا تَسْتَعْجِلُونَ بِهِۦٓ ۚ إِنِ ٱلْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ ۖ يَقُصُّ ٱلْحَقَّ
جسکی تم جلدی کرتے ہو وہ میرے پاس نہیں ہے اختیار فقط خدا ہی کو ہے وہ حق کو بیان کرتا ہے
وَهُوَ خَيْرُ ٱلْفَٰصِلِينَ ○ قُل لَّوْ أَنَّ عِندِى مَا تَسْتَعْجِلُونَ
اور وہی سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے کہدو کہ اگر وہ میرے پاس ہوتا جسکی تم جلدی کرتے ہو تو
بِهِۦ لَقُضِىَ ٱلْأَمْرُ بَيْنِى وَبَيْنَكُمْ ۗ وَٱللّٰهُ أَعْلَمُ بِٱلظّٰلِمِينَ ○ وَ
میرے تمہارے مابین معاملہ طے ہو چکا ہوتا اور اللہ ظالمون کے حال سے خوب واقف ہے اور

عِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ
غیب کے خزانے اُسی کے پاس ہین اُسکے سوا اُن خزانونکو کوئی نہین جانتا اور وہ خشکی اور تری کی
وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ
سب چیزونکو جانتا ہی اور ایک پتا بھی ایسا نہین گرتا جسے وہ نہ جانتا ہو اور کوئی دانہ زمین کی اندھیریون مین
الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَهُوَ
اور کوئی تر اور خشک ایسا نہین ہی جسکا ذکر کھلی کتاب مین نہو اور وہ خدا
الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ
وہی ہے جو رات کو تمھاری روح قبض کرلیتا ہی اور دن مین جو کارروائی تم کرچکے ہو اُسے بھی وہ جانتا ہے
فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ
پھر تمکو اُسی مین اُٹھا بٹھاتا ہے کہ مقرر کیا ہوا وقت پورا ہو پھر تمھاری بازگشت اُسی کی حضور مین ہوگی
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ ع ۱۳
پھر جو (جو) کچھ تم کیا کرتے تھے اُس سے تمکو آگاہ کریگا۔ اور وہ اپنے بندون پر غالب ہی اور تمپر حفاظت کرنیوالے بھیجتا ہے
عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ
یہان تک کہ جب تم مین سے کسی کی موت آتی ہے تو ہمارے بھیجے ہوئے اُسکا
رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ۝ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ
خاتمہ کردیتے ہین اور وہ کسی طرح کوتاہی نہین کرتے پھر وہ اللہ اپنے برحق مالک کی طرف پھیر جاتے ہین
الْحَقِّ ۭ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ۝ قُلْ مَنْ
خبردار ہو اختیار اُسی کا ہے اور وہ سب سے تیز حساب لینے والا ہی تم کہدو کہ
يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً
خشکی اور تری کی اندھیریون سے تمکو نجات کون دیتا ہے جس سے تم اُسکو رو رو کے اور چپکے چپکے دعا مانگتے ہو
لَىِٕنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ قُلِ اللّٰهُ
کہ اگر اُسنے اس سے ہمکو بچالیا تو ہم ضرور شکرگزار بن جائینگے کہدو کہ اللہ

يُنَجِّيكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ أَنتُمْ تُشْرِكُونَ ○ قُلْ هُوَ
تمکو اُن (اندھیریون) سے اور ہر رنج سے نجات دیتا ہی پھر تم (اُسکا) شریک کرتے ہو کہدو کہ وہ
الْقَادِرُ عَلَىٰ أَن يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّن فَوْقِكُمْ أَوْ مِن
اسپر قادر ہی کہ تمپر عذاب اوپر کی طرف سے بھیجے یا تمھارے پاؤن کے نیچے سے یا تمھارے
تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيقَ بَعْضَكُم بَأْسَ
ایک گروہ کو دوسرے سے بھڑادے اور تم مین سے ایک کی سختی کا مزہ دوسرے کو چکھائے
بَعْضٍ ۗ انظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُونَ ○
غور کرو کہ ہم آیات کو کس طرح اُلٹ پلٹ کرتے ہین تاکہ وہ سمجھ لین
وَكَذَّبَ بِهِ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۚ قُل لَّسْتُ عَلَيْكُم
اور تمھاری قوم نے اُسکو جھٹلایا حالانکہ وہ حق ہے تم کہدو کہ مین تمھارا نگران نہین
بِوَكِيلٍ ○ لِّكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ ۚ وَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ○ وَإِذَا
ہون ہر چیز کا ایک وقت معین ہے اور آگے چل کر تم کو بھی معلوم کرلو گے اور جسوقت تم
رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ فِي آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتَّىٰ
اُن لوگون کو دیکھو جو ہماری آیتون مین (بنظر استہزا و تکذیب) غور و خوض کرتے ہین تو تم اُنسے
يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ ۚ وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ
اعراض کرجاؤ جبتک کہ وہ دوسری بات مین غور نہ کرنے لگین اور اگر شیطان تمکو بھلادے
فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَىٰ مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○ وَمَا
تو یاد آجانیکے بعد ظالم لوگون کے پاس نہ بیٹھو اور جو لوگ
عَلَى الَّذِينَ يَتَّقُونَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَلَٰكِن ذِكْرَىٰ
متقی ہین اُنکے ذمہ ظالمون کے حساب کا کوئی جزو نہو گا لیکن اتنا کہ یاد دلاتے
لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ○ وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَلَهْوًا
رہین تاکہ وہ باز رہین اور اُن لوگونکو جنہون نے اپنے دین کو کھیل تماشا بنا رکھا ہی اور

لَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌ

دنیا کی زندگانی نے اُنکو دھوکا دیا ہے چھوڑدو اور اسی قرآن کے ذریعہ سے نصیحت کرو

بِمَا كَسَبَتْ ۚ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ

کہ نفس اپنے افعال سے باز رہے کیونکہ خدا کے سوا اُسکا کوئی سفارشی اور حمایتی نہوگا

وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ

اور اگر وہ کوئی فدیہ دینا چاہیگا تو اُس سے قبول نہ کیا جائیگا وہ وہی تو ہین جو اپنے

اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ

کرتوت کے سبب سے ہلاک کئے گئے اُنہی کے لئے گرم پانی کا پینا ہے اور جن باتونکا انکار

ع ۱۰ ۸ ۱۴ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

کیا کرتے تھے اُنہی کے سبب سے دردناک عذاب ہے تم کہدو کیا ہم خدا کو چھوڑکر اُنکی عبادت کرین کہ جو

مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ

ہمکو نہ نفع پہنچائین نہ نقصان اور بعد اسکے کہ خدا ہمکو ہدایت کرچکا ہو مثل اُس شخص کے پچھلے

هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ

پاؤن پھر جائین جسکو بھوتون نے زمین مین راستہ بھلاکر حیران کردیا ہو کہ اُس کے

حَيْرَانَ ۡ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۭ قُلْ

یار دوست سیدھے راستے کی طرف بُلاتے ہی رہین کہ اِدھر آؤ (اِدھر آؤ) تم کہدو کہ

اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۭ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ

اللہ کی ہدایت اصل ہدایت تو وہی ہے اور ہمکو حکم دیا گیا ہے کہ ہم پروردگار عالم

الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۭ وَهُوَ الَّذِيْٓ

کو مان لین اور حکم دیا گیا ہے کہ تم نماز پڑھو اور اُس سے ڈرو اور وہ وہی ہے

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

جسکی حضور مین تم محشور کئے جاؤگے اور وہ خدا وہی ہے جسنے آسمانونکو اور زمین کو برحق پیدا کیا

بِالْحَقِّ ۚ وَيَوْمَ يَقُولُ كُنْ فَيَكُونُ ۝ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۚ وَلَهُ الْمُلْكُ

اور اُس دن کو (بھی جسدن) فرمائیگا ہو اور ہو جائیگا اُسکا قول حق ہی اور جسدن صور پھونکا جائیگا

يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ

اختیار اُسی کا ہوگا غیب کا اور حضوری کا وہ عالم ہی اور وہ صاحب حکمت و خبر

الْخَبِيرُ ۝ وَإِذْ قَالَ إِبْرٰهِيمُ لِأَبِيهِ آزَرَ أَتَتَّخِذُ أَصْنَامًا

ہے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جسوقت ابراہیم نے اپنے باپ (یعنی چچا) آزر سے کہا کیا تم بتونکو

آلِهَةً ۖ إِنِّي أَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِي ضَلٰلٍ مُّبِينٍ ۝ وَ

خدا بناتے ہو مین تم کو اور تمھاری قوم کو کھلی گمراہی مین دیکھتا ہون اور

كَذٰلِكَ نُرِي إِبْرٰهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

اس طرح ہم ابراہیم کو آسمان اور زمین کی سلطنت دکھانے لگے

وَلِيَكُونَ مِنَ الْمُوقِنِينَ ۝ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَأٰ

تاکہ وہ یقین کرنے والون مین سے ہو جائین پھر جب رات اُن پر چھا گئی تو اُنہون نے ایک

كَوْكَبًا ۖ قَالَ هٰذَا رَبِّي ۖ فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ لَا أُحِبُّ

ستارہ دیکھا (تو اپنی قوم سے) پوچھا کیا میرا پروردگار یہی ہی پھر جب وہ غروب ہو گیا فرمایا کہ مین غروب ہو جانیوالون

الْآفِلِينَ ۝ فَلَمَّا رَأَى الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّي ۖ فَلَمَّا

کو تو پسند نہین کرتا پھر جب چاند کو چمکتے دیکھا دریافت کیا کہ آیا یہ میرا رب ہے پھر جب وہ

أَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَمْ يَهْدِنِي رَبِّي لَأَكُونَنَّ مِنَ الْقَوْمِ

غروب ہوا فرمایا کہ اگر میرے پروردگار نے مجھے ہدایت نہ کی ہوتی تو مین بھی ضرور گمراہون مین

الضَّالِّينَ ۝ فَلَمَّا رَأَى الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّي

سے ہو جاتا پھر جب سورج کو چمکتے دیکھا دریافت کیا کہ آیا یہ میرا پروردگار ہے کہ

هٰذَا أَكْبَرُ ۖ فَلَمَّا أَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا

سب سے بڑا ہے پھر جب وہ غروب ہو گیا تو فرمایا کہ اے میری قوم مین تو ان سب چیزون سے جنکو تم

تُشْرِكُونَ ○ إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ
شریک (خدا) گردانتے ہو دور ہون مین تو سچے دل سے اور اطاعت گزاری کے لئے فقط اسکی طرف متوجہ کرتا ہون
وَالْأَرْضَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ○ وَحَاجَّهُ
جسنے آسمانون کو اور زمین کو پیدا کیا اور مین مشرکین مین سے نہین ہون اور اُنکی قوم نے
قَوْمُهُ قَالَ أَتُحَاجُّونِّي فِي اللَّهِ وَقَدْ هَدٰىنِ وَلَا أَخَافُ
اُنسے جھگڑا کیا فرمایا کیا تم اللہ کے بارے مین مجھسے جھگڑتے ہو حالانکہ اُسنے مجھکو رستہ بتایا ہی اور جن چیزون کو
مَا تُشْرِكُونَ بِهِ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ رَبِّي شَيْئًا وَسِعَ رَبِّي
تم شریک کرتے ہو مین اُنسے نہین ڈرتا مگر یہ کہ میرا پروردگار ہی خود کچھ چاہے میرے پروردگار کا علم
كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ ○ وَكَيْفَ أَخَافُ مَا
ہر چیز سے زیادہ ہے کیا تم اتنا نہین سمجھتے اور جن چیزونکو تم اُسکا شریک کرتے ہو
أَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُونَ أَنَّكُمْ أَشْرَكْتُمْ بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ
مین اُنسے کیونکر ڈرون حالانکہ تم اس بات سے نہین ڈرتے کہ اللہ کا شریک ٹھہراتے ہو باوجودیکہ اُسنے
عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا فَأَيُّ الْفَرِيقَيْنِ أَحَقُّ بِالْأَمْنِ إِنْ
اسکی کوئی دلیل تمپر نازل نہین کی پھر اگر تم علم رکھتے ہو تو سوچو کہ دونون گروہون مین سے کونسا گروہ بیخوف
كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ○ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ
رہنے کا مستحق ہے جو ایمان لائے اور اُنھون نے اپنے ایمان کو ظلم سے نہین ملا دیا
بِظُلْمٍ أُولٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُمْ مُهْتَدُونَ ○ وَتِلْكَ
امن (و اطمینان) اُنھی کے لئے ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہین اور یہ ہماری
حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرٰهِيمَ عَلٰى قَوْمِهِ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَنْ
دلیل تھی جو ہمنے ابراہیم کو اُنکی قوم پر (غلبہ پانیکے لئے) عطا کی تھی ہم جسکے چاہتے ہین بہت سے درجے
نَشَاءُ إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ○ وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحٰقَ
بلند کر دیتے ہین بیشک تمھارا رب صاحب حکمت و علم ہے اور ہمنے اُنکو اسحٰق و یعقوب عطا کئے

ع ۱۳ ۱۵

وَيَعْقُوبَ ۚ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ

ہرایک کو اپنا راستہ دکھایا اور نوح کو پہلے ہی راستہ دکھایا تھا اور اُنکی

ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَىٰ

اولاد مین سے داؤدؑ کو اور سلیمانؑ کو اور ایوبؑ کو اور یوسفؑ کو اور موسےٰؑ کو

وَهَارُونَ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝ وَزَكَرِيَّا وَ

اور ہارونؑ کو (راہ دکھائی) اور ہم نیکی کرنیوالون کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہین اور زکریاؑ کو اور

يَحْيَىٰ وَعِيسَىٰ وَإِلْيَاسَ ۖ كُلٌّ مِنَ الصَّالِحِينَ ۝ وَإِسْمَاعِيلَ

یحییٰؑ کو اور عیسےٰؑ کو اور الیاسؑ کو (راہ دکھائی) انمین سے ہرایک صلحا مین سے تھا اور اسمٰعیلؑ کو

وَالْيَسَعَ وَيُونُسَ وَلُوطًا ۚ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِينَ ۝

اور الیسعؑ کو اور یونسؑ اور لوطؑ کو (راہ دکھائی) اور ہرایک کو تمام عالمون پر فضیلت دی

وَمِنْ آبَائِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَإِخْوَانِهِمْ ۖ وَاجْتَبَيْنَاهُمْ وَ

اور اُنکے باپ دادا دن مین سے اور اُنکی اولاد مین سے اور اُنکے بھائیون مین سے (جنکو مناسب جانا) ہمنے منتخب کرلیا

هَدَيْنَاهُمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ۝ ذَٰلِكَ هُدَى اللَّهِ

اور راہ راست کی ہدایت کردی یہ اللہ کا راستہ دکھانا ہے

يَهْدِي بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۚ وَلَوْ أَشْرَكُوا لَحَبِطَ

وہ اپنے بندون مین سے جسے چاہے اپنا راستہ دکھلادے اور اگر اُنہون نے شرک کیا ہوتا تو جو کچھ وہ

عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ

کیا کرتے تھے سب اکارت ہو جاتا وہ وہی ہین جنکو ہمنے کتاب اور

الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَإِنْ يَكْفُرْ بِهَا هَٰؤُلَاءِ فَقَدْ

حکومت اور نبوت عطا کی پھر اگر یہ (کفار) ان چیزون کا انکار کرین تو کچھ پرواہ

وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَيْسُوا بِهَا بِكَافِرِينَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ

نہین (کیونکہ) ہمنے تو یہ اُن لوگونکے سپرد کی ہین جو اُنکے منکر نہین ہین وہ وہی تو ہین

ع ۱۲

هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ۗ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ

جنکو اللہ نے راستہ دکھلایا ہے پس اے رسول تم انہی کے راستے پر چلو کہدو کہ میں تمسے اسپر کچھ اجرت

ع ۱۰ ۱۶ اَجْرًا ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ

نہیں مانگتا یہ تو اور کچھ نہیں ہے مگر کل عالموں کے لئے ایک نصیحت ہے اور اُن لوگوں نے خدا کی ایسی قدر نہ کی

حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰي بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ۭ

جیسا کہ حق قدر کرنیکا تھا جبوقت انہوں نے یہ کہدیا کہ اللہ نے تو کسی آدمی پر کوئی چیز نازل ہی نہیں کی تم دریافت کرو کہ

قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَاۗءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّ

وہ کتاب جو موسےٰ لائے تھے کسنے نازل کی تھی جو کل آدمیوں کے لئے روشنی

هُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ

اور ہدایت تھی جسکو تمنے ورق ورق کر رکھا ہے جنکو تم ظاہر کرتے ہو اور بہت سے کو

كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَاۗؤُكُمْ ۭ قُلِ اللّٰهُ

چھپاتے ہو اور تمکو وہ کچھ سکھایا گیا ہے جسکو تم اور تمہارے باپ دادا جانتے نہ تھے کہدو وہ اللہ ہی

ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ۝ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ

ہے پھر انکو چھوڑ دو کہ وہ اپنے بیہودہ خیالات میں پڑے کھیلتے رہیں اور یہ وہ کتاب ہے جسکو ہمنے نازل کیا ہے

مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى

برکت والی ہے اپنے سے پہلی کتاب کی تصدیق کرتی ہے تاکہ تم مکہ والونکو اور اُسکے حوالی کے رہنے والونکو

وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ

ڈراؤ اور جو آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں

وَهُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

وہ اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں۔ اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو

افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ

اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا یہ کہدے کہ مجھپر (بھی) وحی آئی ہے حالانکہ اُسپر کوئی وحی نہیں کی گئی

شَيْءٍ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى

اور جو یہ کہدے کہ مین بھی ایسا ہی کلام نازل کردونگا جیسا کہ اللہ نے نازل کیا ہے اور کاش تم

اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا

دیکھتے جب یہ ظالم موت کی سختیون مین ہون اور فرشتے ہاتھ بڑھائے ہوے (کہتے) ہون

اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۚ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ

کہ اپنی جانین حوالے کردو آج تم ذلت کے عذاب سے سزایاب

الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ

ہوگے بوجہ اسکے کہ تم خدا کے برخلاف ناحق باتین بنایا کرتے تھے اور اسکی آیتون

عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ○ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا

(کے ماننے) سے اکڑا کرتے تھے اور تم ہمارے پاس ایک ایک کرکے آئے جیسا کہ ہمنے

خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ

پہلی دفعہ تمکو پیدا کیا تھا اور جو کچھ ہمنے تمکو دیا تھا وہ تم اپنے پیچھے چھوڑ آئے

وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ

اور ہم تمھاری اُن سفارش کرنیوالون کو تمھارے ساتھ نہین دیکھتے جنکی نسبت تمکو یہ گمان تھا کہ وہ بھی

شُرَكٰٓؤُا ؕ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ○ ع ۱۱ ۴ ۱۷

تمھاری خلقت مین ہمارے شریک ہین تمھارے اور اُنکے مابین یقیناً جدائی ہوگئی اور جس چیز کا تمکو بھروسہ تھا وہی تمسے جاتی رہی

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ؕ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ

بیشک خدا دانہ کا اور گٹھلی کا شگافتہ کرنیوالا ہے مردہ سے زندہ کو نکالتا ہے اور

مُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ○ فَالِقُ

زندہ کو مردہ سے نکالنے والا ہے وہی اللہ ہے پھر تم کدھر بہکے جاتے ہو (وہ) صبح کا نور

الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

پھیلانیوالا ہے اور رات کو اُسنے سکون قرار دیا ہے اور چاند اور سورج کو

فرماتے تھے کہ خدا تعالیٰ نے شب کو ہر چیز کے لئے راحت اور سکون قرار دیا ہے ۱۲

حُسْبَانًا ۚ ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۝ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ

حساب یہ زبردست صاحب علم کا مقرر کیا ہوا ہے اور وہ وہی ہے جسنے ستارونکو

لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُوا بِهَا فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۗ قَدْ

تمہارے لئے مقرر کیا ہے کہ تم انکے ذریعہ سے خشکی اور تری کی اندھیریون مین راہ پالو یقیناجاننے

فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي أَنْشَأَكُمْ

والے لوگون کے لئے ہم نے کھول کر آیتین بیان کردین اور وہ وہی ہے جسنے تمکو

مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَمُسْتَوْدَعٌ ۗ قَدْ فَصَّلْنَا

ایک ذات سے پیدا کیا پھر قرار کی جگہ ہے اور سپردگی کا مقام بیشک سمجھنے والون کے لئے

الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَفْقَهُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ

ہمنے آیتین کھول کر بیان کردین اور وہ وہی ہے جسنے آسمان سے پانی اتارا

مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَأَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا

جسکے ذریعہ سے ہمنے ہر قسم کی روئیدگی پیدا کی پھر اُس سے ہمنے ہری ٹہنیان نکالین

نُخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا

جنمین سے ہم جڑے ہوے دانے نکالتے ہین اور درخت خرما کے گابھے مین سے لٹکتے ہوے

قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَجَنَّاتٍ مِنْ أَعْنَابٍ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ

گچھے (لٹکتے ہین) اور انگور کے باغ اور زیتون اور انار (ہم پیدا کرتے ہین کہ انمین سے)

مُشْتَبِهًا وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۗ انْظُرُوا إِلَىٰ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ

ملتے جلتے بھی ہین اور بے میل بھی اُسکے پھل کی طرف جبکہ وہ پھل لائے اور اُسکی پکنے کی طرف تو ذرا

وَيَنْعِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكُمْ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

پھر کے دیکھو بیشک ان مین اُن لوگون کے لئے جو ایمان لائین نشانیان موجود ہین

وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوا لَهُ

اور اُنہون نے تو اللہ کا شریک جنون کو بنالیا حالانکہ اُنکو اللہ ہی نے پیدا کیا ہے اور اُسکے لئے

بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا

بغیر جانے بوجھے بیٹے اور بیٹیان ٹھہرادین جو کچھ وہ بیان کرتے ہین اُس سے اُسکی ذات

يَصِفُوْنَ ۝ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَنّٰى يَكُوْنُ

منزہ اور برتر ہے آسمانون اور زمین کا بنانے والا اُسکے بچہ کہان سے

لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ

ہوگا حالانکہ اُسکے کوئی جورو نہین ہے اور اُسی نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور وہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

ہر چیز کو جاننے والا ہے وہی اللہ تو تمھارا پروردگار ہے کوئی معبود اُسکے سوا نہین

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝

ہر چیز کا پیدا کرنیوالا ہے پس اُسی کی تم عبادت کرو اور وہی ہر چیز کا محافظ ہے

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ

نظر مین اُسکو نہین پاتین حالانکہ وہ بینائیون کو محسوس کرتا ہے اور وہ

اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝ قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ

باریک بین و خبردار ہے بیشک تمھارے پروردگار کے پاس سے تمھارے پاس دلیلین آچکین

فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَآ اَنَا

اب جو سمجھے نفع اُسکی ذات کے لئے ہے اور جو آنکھین بند کرلے ضرر اُسکے لئے ہی اور مین تمھارا کچھ

عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ۝ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا

(اس معاملہ مین) نگران نہین ہون اور ہم آیتون کو اسی طرح اُلٹ پلٹ کرتے ہین اور اسلئے کہ وہ یہ نہ کہدین

دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ اِتَّبِعْ مَآ

کہ تمنے کہین تعلیم پائی ہے اور اسلئے ہم کھولکر بیان کردین اُن لوگونکے لئے جو سمجھ رکھتے ہین جو وحی تمھارے

اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ

رب کی طرف سے تمکو کی گئی ہے اُسکی پیروی کرو اُسکے سوا کوئی معبود نہین ہے اور مشرکون سے

عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ○ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ؕ وَمَا

الگ رہو اور اگر اللہ کو منظور ہوتا تو وہ شرک ہی نہ کرتے اور ہمنے

جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ○

تمکو اُنکا نگہبان نہین بنایا ہے اور نہ تم اُنکے ذمہ دار ہو

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ

اور جو لوگ اللہ کے سوا کسی دوسرے کو پکارتے ہین اُنکو بُرا بھلا نہ کہو کہ وہ بغیر سمجھے بوجھے

عَدْوًا ۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠

بے ادبی سے اللہ کو بُرا کہین گے اسی طرح سے ہمنے ہر ایک گروہ کے لئے اُسکے عمل کو زینت دی ہے

ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا

پھر اُنکی بازگشت اُنکے رب کی طرف ہے پھر وہ جو کچھ عمل کیا کرتے تھے اُس سے اُنکو

يَعْمَلُوْنَ ○ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ

آگاہ کردیگا اور اُنھون نے پوری کوشش سے اللہ کی قسم کھائی تھی کہ اگر کوئی

لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا

آیت اُنکے پاس آئے گی تو وہ ضرور اُسپر ایمان لائین گے تم کہدو کہ آیات تو

الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا

صرف خدا کے اختیار مین ہین اور تم کیا جانتے ہو کہ یہ معجزہ

جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ

دیکھکر بھی ایمان نہ لائین گے اور ہم اُنکے دلون کو اور اُنکی آنکھون کو

وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ

اُلٹ دین گے گویا کہ وہ اول مرتبہ (ہی) ایمان

وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ○ ع ۱۳ ۱۹

نہ لائے تھے اور اُنکو اُنھی کی سرکشی مین چھوڑ دینگے کہ وہ سرگردان رہین

الجزء الثامن

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ

اور اگر کبھی ہم واقعی اُن پر فرشتون کو نازل کر دیتے اور مُردے اُنسے باتین

الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا

کرتے اور ہر شے کو ہم اُنکے ساتھ محشور کر لیتے تب (بھی) وہ ایمان نہ لاتے

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ○ وَكَذٰلِكَ

سوائے اسکے کہ اللہ ہی کو منظور ہوتا ولیکن اکثر ان مین سے جاہل ہین اور اسی طرح

جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ

ہمنے ہر نبی کے دشمن انس و جن سے قرار دئے

يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ

جو بناوٹی باتین دھوکا دینے کے لئے ایک دوسرے کے کان مین پھونکتے ہین

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ○

اور اگر تیرا رب چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے اب تم اُنکو اور جو افترا پردازیان وہ کرتے ہین اُنکو چھوڑ دو

وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

اور اسلئے کہ اُنکے دل جو آخرت پر ایمان نہین رکھتے ہین اُسکی طرف متوجہ ہو جائین

وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ○ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ

اور اسلئے کہ وہ اس بات کو پسند بھی کر لین اور اسلئے بھی کہ یہ (بھی) وہ کام کرنے لگین جو کچھ وہ کر رہے ہین کیا مین خدا کو

اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ

چھوڑ کر کسی دوسرے کو حکم بناؤن حالانکہ وہ وہی ہے جسنے تمہاری طرف مفصل کتاب

مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ

نازل کی اور وہ لوگ جنکو ہمنے کتاب دی ہے اس بات کو جانتے ہین کہ وہ

مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ○

خدا کی طرف سے برحق نازل ہوئی ہے پس تم ہرگز شک کرنے والون مین سے مت ہونا

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ
اور تمھارے رب کا کلمہ از روے صدق وعدل کے پورا ہو گیا اُسکے کلموں کا بدلنے والا
لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ
کوئی نہین ہی اور وہ بڑا سُننے والا (اور) جاننے والا ہے اور اگر تم اُن لوگون مین سے جو زمین مین
فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ
ہین اکثر کا کہنا مان لوگے تو وہ تمکو راہ خدا سے بھٹکا دینگے وہ گمان ہی گمان کی پیروی
اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ
کرتے ہین اور وہ جو بات کہتے ہین اٹکل پچو کہتے ہین یقیناً تمہارا رب اُن لوگون کو
اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝
خوب جانتا ہے جو اُسکی راہ سے بھٹکتے ہین اور وہ ہدایت یافتہ لوگون سے بھی خوب واقف ہی
فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ
پس اللہ کا نام جس (ذبیحہ) پر لیا گیا ہے اُسمین سے کھاؤ اگر تم اُسکی نشانیون پر ایمان
مُؤْمِنِيْنَ ۝ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ
رکھنے والے ہو اور تمھین کیا ہو گیا ہے کہ جن (ذبیحون) پر اللہ کا نام لیا گیا ہے اُنمین
عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ
سے نہین کھاتے حالانکہ جن چیزون کو اُسنے تمپر حرام کیا ہے اُنہین کھولکر بیان کر دیا ہے
اِلَيْهِ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَاۗىِٕهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ
سوا اُسکے کہ جس چیز کیلئے تم مضطر ہو جاؤ اور بیشک بہت سے اپنی خواہشون کی پیروی کرکے بے جانے بوجھے گمراہ ہو جاتے ہین
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَذَرُوْا ظَاهِرَ
بیشک تمھارا پروردگار زیادتی کرنے والون سے خوب آگاہ ہی گناہ کے ظاہر و باطن
الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ
(دونون) کو چھوڑ دو بیشک جو گناہ کمائے چلے جاتے ہین

سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا يَقْتَرِفُونَ ○ وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا
عنقریب وہ اپنے کئے کی سزا پائین گے اور اللہ کا جس (ذبیحہ) پر نام نہین
لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ ۗ وَإِنَّ
لیا گیا ہو اُس مین سے مت کھاؤ اور یہ بیشک نافرمانی ہے اور شیاطین
الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ ۖ وَإِنْ
اپنے دوستون کے کانون مین پھونکتے پھرتے ہین تاکہ وہ تمسے لڑین اور اگر
ع ۱۴ ۱۱ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ ○ أَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا
تم اُنکی بات مان لوگے تو بیشک تم (بھی) مشرک ہوجاؤ گے کیا وہ جو مُردہ تھا جسکو
فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ
ہم نے زندہ کیا اور ہمنے اُسکو نور دیا کہ اُسکے ذریعہ سے لوگون مین چلے پھرے
كَمَنْ مَثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنْهَا ۚ كَذَٰلِكَ
مثل اُس شخص کے ہے جو اندھیریون مین ہو اور اُن سے نکل نہ سکے اسی طرح
زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا
کافرون کے اعمال زینت دیئے گئے ہین اور اسی طرح ہمنے ہر ہر گاؤن
فِي كُلِّ قَرْيَةٍ أَكَابِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُوا فِيهَا ۗ وَمَا
مین اُسکے بڑے بڑے مجرمون کو مقرر کیا ہے تاکہ وہ اُسمین چالین چلین حالانکہ جو چالین
يَمْكُرُونَ إِلَّا بِأَنْفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ○ وَإِذَا جَاءَتْهُمْ
وہ چلتے ہین اپنی ہی ذات کی خرابی کے لئے (چلتے ہین) اور سمجھتے کچھ نہین اور جسوقت اُنکے پاس کوئی
آيَةٌ قَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ ۘ
نشانی آتی ہے تو وہ کہدیتے ہین کہ ہم تو ایمان نہ لائینگے جبتک کہ ہمکو ویسا کچھ نہ دیا جائے جیسا کہ اللہ کے رسولون کو دیا گیا ہے
اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ ۗ سَيُصِيبُ الَّذِينَ
اللہ اُس محل سے خوب واقف ہے جہان اپنی رسالت کو مقرر فرمائے عنقریب جو لوگ گناہ

اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌ بِمَا كَانُوْا

کرتے ہین اُنکو خدا کی طرف سے ذلت پہنچیگی اور بوجہ اسکے کہ وہ مکر کیا کرتے تھے اُنکو

يَمْكُرُوْنَ ○ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ

سخت عذاب دیا جائیگا پس جسکی نسبت اللہ یہ چاہتا ہے کہ اُسے ہدایت کرے تو اُسکا سینہ اسلام کے

لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ

لئے کھولدیتا ہے اور جسکی نسبت یہ چاہتا ہو کہ اُس سے توفیق ہدایت سلب کرلے تو اُسکے سینہ کو

ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ۭ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ

تنگ اور گھٹوس کردیتا ہے گویا وہ آسمان کو چڑھا چلا جاتا ہے اسی طرح اُن لوگون پر جو ایمان نہین

الرِّجْسَ عَلَي الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ وَهٰذَا صِرَاطُ

رکھتے ہین اللہ خباثت کو سوار کردیتا ہے اور یہ تمہارے رب کا رستہ

رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ○

سیدھا ہے نصیحت پانیوالے لوگون کے لئے ہمنے احکام کو کھولکر بیان کردیا ہے

لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا

اُنکے رب کے پاس اُنکے لئے سلامتی کا مکان موجود ہی اور جو عمل وہ کرتے ہین اُنکے بارے مین وہ اُنکا

يَعْمَلُوْنَ ○ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ

حامی کار ہے اور جس دن اُن سب کو جمع کریگا (پھر وہ یہ کہیگا) کہ اے گروہ جنات تم آدمیون سے

قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓـؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ

زیادہ بڑھ گئے تھے اور آدمیون مین سے (جو) اُنکے طرفدار (ہین وہ) عرض کرینگے کہ اے

رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ

ہمارے پروردگار ہم مین بعض نے بعض کے ذریعہ سے نفع پایا اور ہم اُس مدت کو پہنچ گئے جو تونے ہمارے

اَجَّلْتَ لَنَا ۭ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا

لئے مقرر فرمائی تھی خدا تعالےٰ فرمائیگا کہ جہنم تمہارا ٹھکانا ہی اُسی مین تم ہمیشہ رہوگے سوائے اسکے کہ

مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ

جو خدا کو منظور ہو بیشک تمہارا پروردگار صاحب حکمت و علم ہے اور اسی طرح سے

نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

ہم بعض ظالموں کو بوجہ اُنکے افعال کے بعض ظالموں کے سپرد کر دیا کرتے ہیں

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

اے گروہ جن و انسان کیا تمہارے پاس تمہیں میں سے ایسے رسول نہیں آئے تھے جو

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ

تمکو میری آیتیں سُناتے اور آج کے دن (جو مصیبت) تمکو پیش آنیوالی ہے اُس سے

هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ

ڈراتے وہ کہیں گے کہ ہم اپنی ذات کے برخلاف گواہی دیتے ہیں حالانکہ زندگانی دنیا نے اُنکو دھوکا دیا تھا

الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝

اور وہ اپنی ذات کے برخلاف اپنے کافر ہونے کی گواہی دینگے

ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا

یہ (رسولوں کا بھیجنا) اسلئے ہے کہ تمہارا رب بستیوں کو ناحق برباد نہیں کرتا جس حال میں کہ اُنکے باشندے

غٰفِلُوْنَ ۝ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ

(احکام سے) بیخبر ہوں اور ہر ایک کے لئے درجے اُسی کے بموجب ہیں جو کچھ اُنہوں نے کیا اور جو کچھ وہ کرتے ہیں

بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ

اُس سے تمہارا پروردگار بے خبر نہیں ہے اور تمہارا پروردگار بے نیاز (اور) صاحب رحمت ہے

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ

اگر وہ چاہے تمکو دور کر دے اور بعد تمہارے جنکو چاہے قائم مقام کر دے جیسا کہ

اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۝ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ

دوسرے لوگوں کی اولاد سے تمکو پیدا کر دیا بیشک جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے

لہ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا کافی اور تفسیر عیاشی میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ خدا نے ظالم سے انتقام بھی ظالم ہی کے ذریعہ سے لیا ہے اور اسی طرح سے ظالموں کو ظالموں پر مسلط کر دیا ہے اور اسی طرح سے ہم نے ایک ظالم کو دوسرے ظالم پر مسلط کر دیا ہے

لَاٰتٍ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ○ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى

ہوہ آنیوالی ہے اور تم خدا کو عاجز کرنیوالے نہین ہو تم کہدو کہ اے میری قوم تم اپنی جگہ (جو جی چاہے وہ)

مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ تَكُوْنُ

کام کرتے رہو مین بھی (اپنی جگہ) عمل کرتا ہونکا آگے چل کر تمکو معلوم ہوگا کہ آخرت کا گھر کسکے ہاتھ

لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ○ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ

رہیگا بیشک ظالم فلاح نہ پائینگے اور (ان کافروں نے) خدا کی پیدا

مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا

کی ہوئی زراعت اور مویشی مین خدا کا حصہ مقرر کیا اور یہ کہدیا کہ یہ تو ہمارے گمان کے

لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۡ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ

موجب خدا کا حصہ ہو اور یہ ہمارے شرکا کا ہے اور جو ہمارے شرکا کا ہے وہ تو اللہ کو نہین

فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى

پہنچتا اور جو اللہ کا ہے وہ ہمارے شرکا کو

شُرَكَآئِهِمْ ۭ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ○ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ

پہنچتا ہے (یہ) کیسے بیہودہ حکم لگاتے ہین اور اسی طرح بہت سے مشرکین کی نظر مین

مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ

انکے شرکا نے انکی اپنی اولاد کے قتل کو زینت دیدی ہے تاکہ انکو ہلاک کرین

وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ

اور انکے دین کو انپر ملتبس کردین اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے

فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ○ وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّ

(اے محمد) تم انکو اور انکی افترا پردازیون کو چھوڑ دو اور انہون نے اپنے گمان کے بموجب یہ کہا کہ مویشی اور کھیتی

حَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ

اچھوتی ہے اسکو کوئی نہین کھا سکتا لیکن جسکو ہم چاہین اور کچھ وہ چوپائے ہین جنکی سواری

وَاَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ

حرام کی گئی ہے اور کچھ وہ چوپائے ہین جنپر ذبح کرنے کے وقت

اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا

خدا کا نام نہین لیتے یہ (محض) خدا پر بہتان ہے عنقریب وہ اُنکو اس بہتان باندھنے

يَفْتَرُوْنَ ۝ وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ

کی سزا دیگا اور اُنہون نے یہ بھی کہدیا کہ ان مویشیون کے پیٹ مین جو کچھ ہے وہ خالص

خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ

ہمارے مردون ہی کے لئے ہے اور ہماری ازواج پر حرام ہے اور اگر وہ

يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ

مُردار ہو جائے تو اس مین سب شریک ہین عنقریب اُنکے اس بیان کی سزا دیگا بیشک

اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ

وہ صاحب حکمت و علم ہے یقیناً اُن لوگون نے نقصان اُٹھایا جنہون نے نادانی سے بغیر سمجھے بوجھے

سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً

اپنی اولاد کو قتل کر دیا اور جو کچھ اللہ نے اُنکو عطا فرمایا تھا اللہ ہی پر بہتان باندھکر حرام

عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝ وَهُوَ

کر دیا بیشک وہ گمراہ ہوگئے اور ہدایت یافتہ نہ ہے اور وہ خدا

الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ

وہی ہے جسنے باغات پیدا کئے ہین کہ اُنمین بیلین چڑھی ہوئی ہوتی ہین اور زمین مین بڑی ہوئی

وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ

اور درخت خرما اور کھیتیان جنکے پھل طرح بطرح کے ہوتے ہین اور زیتون اور انار جو (صورت مین)

مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ

ہمشکل (بھی) ہوتے ہین اور بے میل (بھی) جب اُن مین پھل آجائے تو اُنکے پھل کھاؤ

وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ
اور کاٹنے کے دن اُسکا مقررہ حصہ دیدو اور فضول خرچی نہ کرو کہ خدائے تعالےٰ فضول خرچ لوگون
الْمُسْرِفِيْنَ ۝ وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ۭ
کو دوست نہین رکھتا اور چوپایون مین سے تمھارے لئے لادنے کے قابل (بھی) پیدا کئے اور زمین سے
كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ
لگے ہوئے بھی جو کچھ اللہ نے تمکو عنایت کیا ہے اُسمین سے کھاؤ پیو اور شیطان کے قدم بقدم نہ چلو
اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ
بیشک وہ تمھارا کھلا دشمن ہے (اللہ نے کھانے کے لئے) آٹھ نر و مادہ (پیدا کئے) بھیڑ کی
الضَّاْنِ اثْنَيْنِ ۙ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰۗالذَّكَرَيْنِ
قسم مین سے دو اور بکری کی قسم مین سے دو دریافت کرو کہ آیا دونو نر حرام کئے ہین
حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ
یا دونو مادہ یا جو کہ مادینون کے پیٹ مین جو بچے ہین وہ (حرام ہین)
الْاُنْثَيَيْنِ ۭ نَبِّـــُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَ
اگر تم سچے ہو تو علم کے ذریعہ سے مجھے خبر دو اور
مِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰۗالذَّكَرَيْنِ
اونٹ کی قسم سے دو اور گائے کی قسم سے دو دریافت کرو کہ آیا دونو نر
حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ
حرام کئے ہین یا دونو مادہ یا مادینون کے پیٹ مین جو بچے ہین
الْاُنْثَيَيْنِ ۭ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاۗءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۭ
وہ (حرام ہین) آیا تم اُسوقت موجود تھے جسوقت اللہ نے تمکو اسکی بابت حکم دیا
فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ
پس اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو جھوٹ خدا پر افترا کرے کہ اُسکے ذریعہ سے بغیر علم کے لوگون

النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝ ع ١٧

گمراہ کرے بیشک اللہ ظالمون کی رہبری نہین فرماتا

قُلْ لَا أَجِدُ فِي مَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلَىٰ طَاعِمٍ

(اے رسول) کہدو کہ مجھپر جو وحی آئی ہی مین تو اُسمین کسی کھانے والے پر جو اشیا مذکورہ

يَطْعَمُهُ إِلَّا أَنْ يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا مَسْفُوحًا أَوْ

مین سے) کچھ کھائے کوئی چیز حرام نہین پاتا سوا اسکے کہ مُردار ہو یا اُچھل کر نکلا ہوا خون یا سوَر

لَحْمَ خِنْزِيرٍ فَإِنَّهُ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ ۚ

کا گوشت کہ یہ سب گندی چیزین ہین یا نافرمانی کا ذبیحہ جسپر غیر خدا کا نام لیا گیا ہو

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ

پھر جو شخص اضطرار کی حالت مین ہو نہ بغاوت کرنے والا (ہو) اور نہ حد سے گزرنے والا (اور وہ کچھ کھالے) تو بیشک تمہارا پروردگار

رَحِيمٌ ۝ وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ ۖ

بڑا بخشنے والا (اور) رحمت کرنیوالا ہی۔ اور یہودیون پر ہمنے ہر ناخن والا حرام کردیا تھا

وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا إِلَّا

اور گائے اور بکری کی قسم سے اُنپر اُن دونو کی چربیان حرام کردین سوائے اُسکے

مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ

جو اُنکی پشت سے چمٹی ہوئی ہو یا آنتون پر لپٹی ہوئی یا جو ہڈیون کے ساتھ

بِعَظْمٍ ۚ ذَٰلِكَ جَزَيْنَاهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝ فَإِنْ

ملی ہوئی ہو یہ ہمنے اُنکو اُنکی بغاوت کی سزا دی تھی اور ہم ضرور سچے ہین پھر اگر وہ

كَذَّبُوكَ فَقُلْ رَبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ ۖ وَلَا يُرَدُّ

تمکو جھٹلائین تو تم کہدو کہ تمہارا پروردگار وسیع رحمت والا ہے اور اُسکا عذاب

بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ ۝ سَيَقُولُ الَّذِينَ

نافرمان لوگون سے اُٹھایا نہ جائے گا عنقریب مشرک یہ کہین گے کہ

اشركوا لو شاء الله ما اشركنا ولا اباؤنا ولا حرمنا
اگر اللہ چاہتا تو نہ ہم شرک کرتے نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم کسی چیز کو حرام
من شيء ۭ كذلك كذب الذين من قبلهم حتى
قرار دیتے اسے پہلے لوگ (بھی) اسی طرح جھٹلایا کرتے تھے یہانتک کہ انھون نے ہمارے
ذاقوا بأسنا ۭ قل هل عندكم من علم فتخرجوه
عذاب کا مزا چکھا تم انسے کہدو کہ تمھارے پاس کوئی علم ہے تو تم ہمین نکالکر دکھاؤ
لنا ۭ ان تتبعون الا الظن وان انتم الا تخرصون ۝١٤٨
تم تو صرف گمان کی پیروی کرتے ہو اور تم مجھ نہین ہو مگر اٹکل پچو باتین بناتے ہو
قل فلله الحجة البالغة ۚ فلو شاء لهداكم
تم کہدو کہ سب سے بڑھی ہوئی حجت خدا کی ہے پھر اگر وہ چاہتا تو تم سب کو خود ہی
اجمعين ۝١٤٩ قل هلم شهداءكم الذين يشهدون
ہدایت کر دیتا تم کہدو کہ تم اپنے اُن گواہون کو بلا لو جو اسکی گواہی دین کہ اللہ
ان الله حرم هذا ۚ فان شهدوا فلا تشهد معهم ۚ
نے اس چیز کو حرام قرار دیا ہے پھر اگر وہ گواہی دین تو تم اُنکی تصدیق نہ کرو
ولا تتبع اهواء الذين كذبوا بآياتنا والذين
اور جو لوگ ہماری آیتون کو جھٹلاتے ہین اور آخرت پر
لا يؤمنون بالاخرة وهم بربهم يعدلون ۝١٥٠ ع
ایمان نہین رکھتے اُنکی خواہشون پر نہ چلو جس حال مین کہ وہ اپنے پروردگار کا مانند ٹھہراتے ہین
قل تعالوا اتل ما حرم ربكم عليكم ۖ الا تشركوا
تم کہدو کہ آؤ مین پڑھکر سناؤن کہ تمھارے پروردگار نے تمپر کیا چیزین حرام کی ہین یہ کہ کسی کو اسکا
به شيئا ۖ وبالوالدين احسانا ۚ ولا تقتلوا اولادكم
شریک نہ کرو اور والدین کے ساتھ نیکی کرو اور اپنی اولاد کو افلاس کے خوف سے قتل نہ کرو

مِّنْ إِمْلَاقٍ ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ ۖ وَلَا تَقْرَبُوا

کہ ہم تمکو (بھی) ارزق دینگے اور اُنکو (بھی) اور بے حیائی کی باتون کے

الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۖ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ

پاس نہ جاؤ خواہ وہ ظاہر ہون یا پوشیدہ اور کسی نفس کو جسکا قتل خدا نے

الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ

حرام کیا ہے تم قتل نہ کرو سوا اسکے کہ (وہ قتل) موافق حق ہو یہ چیزین ہین جنکا اُسنے تمکو حکم دیا ہے

تَعْقِلُونَ ﴿١٥١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ

تاکہ تم سمجھ لو اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ سوائے اُس طریقے کے جو

أَحْسَنُ حَتَّىٰ يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۚ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ

بہتر ہو جب تک کہ وہ قوت تیز کو پہنچ جائے اور انصاف کے ساتھ ناپ اور تول

بِالْقِسْطِ ۖ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ وَإِذَا قُلْتُمْ

کرو ہم کسی نفس کو اُسکی وسعت سے زیادہ تکلیف نہین دیتے اور جب تم کوئی بات کہو

فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۖ وَبِعَهْدِ اللَّهِ أَوْفُوا ۚ

تو اُس مین انصاف کرو گو تمہارا قرابت دار ہو اور اللہ کے عہد کو پورا کرو

ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٢﴾ وَأَنَّ هَٰذَا

اُنھی چیزون کی اللہ نے تمکو وصیت کی ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو اور بیشک یہی

صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ

میرا راستہ سیدھا ہے پس اسکا اتباع کرو اور مختلف راستون پر نہ چلو

فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَن سَبِيلِهِ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ

کہ وہ تمکو اُسکے راستہ سے ہٹا دینگے ان باتون کا اُسنے تمکو حکم دیا ہے تاکہ تم

تَتَّقُونَ ﴿١٥٣﴾ ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ تَمَامًا عَلَى الَّذِي

پرہیزگار بنو پھر ہمنے موسےٰ کو ایسی کتاب عنایت کی جو نیکوکارون پر اتمام نعمت

مین ہون اور میرے بعد علی اور اُسکے بعد وہ ائمہ جو میرے بیٹے ہین اور اُسکے صلب سے ہین۔ یہ سب ہمیشہ حق کی راہ بتائینگے اور حق پر قائم رہینگے

أَحْسَنَ وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُم

کرتی ہے اور ہر چیز کا کھلا بیان ہے اور ہدایت و رحمت ہے تاکہ وہ اپنے

بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ۝ وَهَٰذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ ع ١٩

پروردگار کے حضور میں جانے پر ایمان لے آئیں اور یہ کتاب جو ہم نے اتاری ہے

مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَاتَّقُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝ أَن

برکت والی ہے پس تم اسکی پیروی کرو اور ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے (مبادا) تم

تَقُولُوا إِنَّمَا أُنزِلَ الْكِتَابُ عَلَىٰ طَائِفَتَيْنِ مِن

یہ کہدو کہ ہم سے پہلے دو گروہوں پر کتاب نازل کی گئی تھی

قَبْلِنَا وَإِن كُنَّا عَن دِرَاسَتِهِمْ لَغَافِلِينَ ۝ أَوْ

اور ہم ضرور اسکے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے یا

تَقُولُوا لَوْ أَنَّا أُنزِلَ عَلَيْنَا الْكِتَابُ لَكُنَّا أَهْدَىٰ

یہ کہدو کہ کاش ہم پر کتاب نازل کی جاتی تو ہم اُنسے کہیں زیادہ ہدایت یافتہ

مِنْهُمْ فَقَدْ جَاءَكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَ

ہوتے اب تو تمہارے رب کے پاس سے کھلی دلیل اور ہدایت و رحمت

رَحْمَةٌ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَذَّبَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَ

آگئی پس اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلائے یا اُنسے

صَدَفَ عَنْهَا ۗ سَنَجْزِي الَّذِينَ يَصْدِفُونَ عَنْ

روگردان ہو عنقریب ہم اُن لوگوں کو جو ہماری آیتوں سے روگردان

آيَاتِنَا سُوءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يَصْدِفُونَ ۝

ہوتے ہیں بقدر اُنکے روگردان ہونے کے بُری سزا دیں گے

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ

اب کیا وہ اسکے منتظر ہیں کہ اُنکے پاس فرشتے آئیں یا تمہارا پروردگار

رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ ۗ يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ

آئے یا تمھارے پروردگار کی کچھ نشانیاں آئین جسدن تمھارے پروردگار کی بعض نشانیاں

آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ

آجائینگی (اُسدن) کسی نفس کو اُسکا ایمان فائدہ نہ دیگا جبتک کہ ایمان پہلے سے نہ لایا ہو یا ایمان

مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا ۗ قُلِ انْتَظِرُوا

کی حالت میں نیکی نہ کرچکا ہو تم کہدو کہ تم انتظار کرتے رہو

إِنَّا مُنْتَظِرُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا

ہم بھی منتظر ہیں بیشک وہ لوگ جنھوں نے اپنے دین میں پھوٹ ڈالی اور گروہ گروہ

شِيَعًا لَسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ ۚ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللَّهِ

ہو گئے تمکو اُنسے کسی معاملہ میں سروکار نہیں اُنکا فیصلہ خدا کے ہاتھ ہے

ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝ مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ

پھر وہ اُنکو اُنکے کرتوت سے آگاہ کردے گا جو ایک نیکی لائیگا تو اُسکے

فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا ۖ وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَىٰ

لیے اُسکا دس گنا ہے اور جو ایک بدی لائیگا اُسکو مزا صرف اُسی کی مقدار کے موافق

إِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ قُلْ إِنَّنِي هَدَانِي

دی جائیگی اور اُن پر زیادتی نہ کی جائیگی (اے رسول) تم کہدو بیشک مجھکو میرے پروردگار

رَبِّي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ۚ دِينًا قِيَمًا مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ

نے راہ راست کی ہدایت کی ہے (وہ) پائدار مذہب راستی کی طرف مائل ابراہیم کی ملت

حَنِيفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ قُلْ إِنَّ صَلَاتِي

(ہے) اور وہ مشرکین سے نہ تھے تم کہدو کہ میری نماز اور میری

وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝

عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا سب عالمون کے پالنے والے خدا کے واسطے ہے

لَا شَرِيكَ لَهُ ۚ وَبِذَٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ ۝

جسکا کوئی شریک نہین اور اسی کا مجھکو حکم دیا گیا ہے اور مین سب سے پہلا اطاعت کرنے والا ہون

قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ

کہدو کیا مین خدا کے سوا کوئی اور پروردگار تلاش کرون حالانکہ وہ ہر چیز کا پروردگار ہے اور کوئی نفس کوئی

كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ

عمل نہ کرے گا مگر اپنے ہی وبال کے لئے اور کوئی اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائیگا پھر قیامت

رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝

کے دن تم سب کی بازگشت اپنے پروردگار کی حضور مین ہوگی اور جس معاملہ مین تم اختلاف کیا کرتے تھے اُس سے وہ تمکو آگاہ کردیگا

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ

اور وہ (خدا) وہی تو ہے جس نے تمکو زمین کا متصرف بنایا اور تم مین سے بعض کو بعض پر

فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ

درجون مین فوقیت دی تاکہ جو نعمت تمکو دی ہے اسمین تمھاری آزمائش کرے

سَرِيعُ الْعِقَابِ ۖ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

بیشک تمھارا پروردگار جلد عذاب دینے والا اور بیشک وہ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے

سُورَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَتَانِ وَسِتُّ آيَاتٍ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمن اور رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہون)

الٓمٓصٓ ۝ كِتَابٌ أُنزِلَ إِلَيْكَ فَلَا يَكُن فِي

المص (اے رسول) یہ کتاب تیرپر نازل کی گئی کہ (لوگونکو) اسکے ذریعہ سے ڈراؤ

صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنذِرَ بِهِ وَذِكْرَىٰ

اور ہر مومن کے لئے نصیحت ہو پس تم (تکذیب وایذا کے خوف سے) اس سے

ع ۱۱ ۲۰

آیاتها ۲۰۶
رکوعاتها ۲۴
کلماتها ۳۳۹۰
حروفها ۱۴۶۳۵

لِلْمُؤْمِنِينَ ○ اِتَّبِعُوا مَا اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ

دلتنگ نہو (اے بندو) جو کچھ تمھارے رب کے پاس سے تمھاری طرف نازل کیا گیا ہے

وَلَا تَتَّبِعُوا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ○

وہ اپنے بندون مین سے جسکو چاہتا ہی اسکا وارث کردیتا ہے حالانکہ انجام پرہیزگارون ہی کا بہتر ہے

قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا

(بنی اسرائیل) بولے کہ (اے موسےٰ) ہمنے تمہارے آنے سے پہلے بھی ایذا پائی اور تمہارے آنے کے

جِئْتَنَا ۚ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ
بعد بھی فرمایا قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تمہارے دشمنوں کو ہلاک کردے اور
يَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ۝
تمکو زمین مین اُنکا قائم مقام کردے اور پھر دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو
وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ
اور بیشک ہمنے فرعون والون کو متواتر قحطون کی اور پھلون کی کمی کی یقینی
الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۝ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ
سزا دی تاکہ وہ عبرت پکڑین پھر جب اُنکے یہان فراغت ہوئی تو اُنھون نے کہدیا
قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى
کہ یہ (فراخی) تو ہماری ہی وجہ سے ہوئی ہے اور اگر اُنکو کوئی تکلیف پہنچتی تو اُسکو موسےٰ اور اُنکے
وَمَنْ مَّعَهٗ ۚ اَلَآ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ
ساتھیون کی نحوست بیان کرتے آگاہ رہو کہ اسباب نحوست خدا ہی کے اختیار مین ہین لیکن
اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ
اکثر لوگ جانتے ہی نہین اور اُنھون نے یہ بھی کہدیا تھا کہ جب کبھی کوئی ایسی نشانی
اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝ فَاَرْسَلْنَا
لاؤ کہ اُس سے ہمپر جادو کردو تو ہم تو تمپر کبھی ایمان لائینگے نہین پس ہم نے اُنپر
عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ
طوفان (بھی) بھیجا ٹڈیان بھی بچھڑیان بھی مینڈک بھی
وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا
خون بھی یہ کھلی نشانیان تھین پھر بھی وہ اکڑے اِسلئے کہ وہ لوگ
مُّجْرِمِيْنَ ۝ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى

ع ۱۵ ۳ ۵

گنہگار ہی تھے اور جب اُنپر عذاب آتا تو کہنے لگتے کہ اے موسےٰ

ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا
ہمارے واسطے اپنے پروردگار سے بموجب اُس عہد کے جو اُسنے تجھ سے کیا ہے دعا کرو۔ اگر تونے یہ عذاب ہمسے دور
الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝
کر دیا تو ضرور ہم تمپر ایمان بھی لے آینگے اور بنی اسرائیل کو بھی تمہارے ساتھ ضرور ہی بھیجدینگے
فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰ أَجَلٍ هُمْ بَالِغُوهُ إِذَا هُمْ
پھر جب ہم اُنسے عذاب کو ایک مدت تک کے لئے ہٹا لیتے تو وہ اُس مدت کے پورا ہونے سے پہلے پہلے
يَنْكُثُونَ ۝ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ
پھر بدعہدی کرتے آخر ہمنے اُنسے بدلہ لیا اور اس بات کے عوض مین کہ وہ ہماری آیتون
بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا غَافِلِينَ ۝ وَأَوْرَثْنَا
کو جھٹلایا کرتے تھے اُنکو سمندر مین ڈبو دیا حالانکہ وہ اس عوض لینے (کے خیال) سے غافل تھے اور ہمنے
الْقَوْمَ الَّذِينَ كَانُوا يُسْتَضْعَفُونَ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَ
اُس قوم کو جو ضعیف کر دی گئی تھی اُس زمین کے اس سرے سے اُس سرے تک کا مالک
مَغَارِبَهَا الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا ۖ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ
بنا دیا جسمین اُنکو برکت بھی دی اور بنی اسرائیل کے حق مین بوجہ اُنکے صبر کے
الْحُسْنَىٰ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۛ بِمَا صَبَرُوا ۖ وَدَمَّرْنَا
تمہارے رب کا اچھا (اور سچا) وعدہ پورا ہو گیا اور فرعون اور اُسکی
ربع مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهُ وَمَا كَانُوا يَعْرِشُونَ ۝
قوم جو کچھ بناتا اور بلند کیا کرتی تھی وہ سب کچھ ہمنے برباد کر دیا
وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ الْبَحْرَ فَأَتَوْا عَلَىٰ قَوْمٍ
اور ہم بنی اسرائیل کو سمندر پار لے گئے اور وہ ایک ایسی قوم کے پاس پہنچے
يَعْكُفُونَ عَلَىٰ أَصْنَامٍ لَهُمْ ۚ قَالُوا يَا مُوسَى اجْعَل
جو اپنے بتون کی عبادت پر اڑے ہوے تھے (تو اسوقت) بولے کہ اے موسے ہمارے لئے بھی

لَنَآ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ○

ایک ایسا ہی معبود بنا دیجئے جیسے کہ انکے کئی کئی معبود ہین (موسےٰ نے) فرمایا یقیناً تم جاہل لوگ ہو

اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا

یہ لوگ جس دین مین ہین وہ ضرور تباہ ہونیوالا ہے اور اُنکے کل اعمال اکارت

يَعْمَلُوْنَ ○ قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ

ہونیوالے ہین (یہ بھی) فرمایا کہ کیا مین تمہارے لئے خدا کے سوا کوئی اور معبود تلاش کردون حالانکہ وہ ایسا ہی کہ

فَضَّلَكُمْ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ○ وَاِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ

اُسنے تمکو تمام عالمون پر فضیلت دی ہے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے تمکو فرعونیون (کے ہاتھ)

فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْۗءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ

سے نجات دی تھی جو تمکو بُرے سے بُرے عذاب دیا کرتے تھے (یعنی) تمہارے بیٹون کو

اَبْنَاۗءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۗءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ

قتل کیا کرتے تھے اور تمہاری بیٹیون کو زندہ چھوڑ دیا کرتے تھے اور اسمین تمہارے پروردگار کی طرف سے (تمہاری)

مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ○ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ ع ۱۲ ۱۶

بڑی سخت آزمائش تھی اور ہمنے موسےٰ سے تیس شبون کا وعدہ

لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ اَرْبَعِيْنَ

کیا تھا اور ایک عشرہ اور ملاکر اُسکو پورا کیا پس اُنکے پروردگار کی مقررہ مدت چالیس شبون

لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ

پوری ہوئی اور موسےٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا کہ تم میری قوم مین میرے خلیفہ

قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○

بنو اور اصلاح کرتے رہو اور مفسدون کی راہ کی پیروی نہ کرنا

وَلَمَّا جَاۗءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ

اور جب موسےٰ ہمارے مقررہ وقت پر آئے اور اُنکے پروردگار نے اُنسے باتین کین (موسےٰ نے) عرض کی کہ

رَبِّ أَرِنِي أَنظُرْ إِلَيْكَ ۚ قَالَ لَن تَرَانِي وَلَٰكِنِ انظُرْ
اے میرے پروردگار تو مجھے دکھلا دے کہ میں تجھے دیکھ لوں فرمایا کہ تو مجھے ہرگز نہ دیکھیگا ولیکن پہاڑ کی طرف
إِلَى الْجَبَلِ فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهُ فَسَوْفَ تَرَانِي ۚ فَلَمَّا
نظر کر اگر وہ اپنی جگہ پر ٹھہرا رہا تو آئندہ تو مجھے دیکھ لیگا پس جبوقت
تَجَلَّىٰ رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا وَخَرَّ مُوسَىٰ صَعِقًا ۚ
اُسکا پروردگار (یعنی اُسکا پیدا کیا ہوا نور) پہاڑ (والوں) کی طرف جلوہ افروز ہوا تو اُسکے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے اور موسےٰ
فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ تُبْتُ إِلَيْكَ وَأَنَا أَوَّلُ
غش کھا کر گر پڑے۔ پھر جب ہوش میں آئے۔ کہنے لگے۔ تیری ذات منزہ ہے میں تیری ہی حضور میں توبہ کرتا ہوں
الْمُؤْمِنِينَ ۝ قَالَ يَا مُوسَىٰ إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى
اور میں (اس بات پر کہ تو دیکھا نہیں جاسکتا) سب سے پہلا ایمان لانیوالا ہوں۔ فرمایا اے موسیٰ بیشک میں نے تمکو اپنی
النَّاسِ بِرِسَالَاتِي وَبِكَلَامِي فَخُذْ مَا آتَيْتُكَ وَكُن
رسالت اور اپنے کلام کے لئے کل آدمیوں سے منتخب کر لیا ہے پس جو کچھ میں نے تمکو دیا ہے اُسے لو اور
مِّنَ الشَّاكِرِينَ ۝ وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِن كُلِّ
شکر گزار رہو اور ہمنے لوحوں میں اُنکے لئے نصیحت کی ہر بات اور ہر چیز کی تفصیل
شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ
لکھدی تھی (اور اُنکو یہ حکم دیا تھا) کہ اسکو مضبوط ہو کر لو اور اپنی
وَأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوا بِأَحْسَنِهَا سَأُورِيكُمْ دَارَ
قوم کو حکم سنادو کہ انمیں سے اچھی اچھی باتوں کو اختیار کرلیں عنقریب میں تمکو نافرمانوں کا مکان
الْفَاسِقِينَ ۝ سَأَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ
دکھلا دونگا عنقریب میں اپنی نشانیوں سے اُن لوگوں کو ہٹا دونگا جو
فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَإِن يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوا
زمین پر ناحق تکبر کیا کرتے ہیں اور اگر وہ ہر ایک نشانی کو دیکھ بھی لینگے تو بھی اُسپر ایمان

بِهَا ۚ وَإِن يَرَوْا سَبِيلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ۚ
نہ لائینگے اور اگر وہ نیکی کا راستہ دیکھ لینگے تو اُسے اپنا راستہ نہ بنائینگے

وَإِن يَرَوْا سَبِيلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ۚ ذَٰلِكَ
اور اگر گمراہی کا راستہ دیکھ پائینگے تو اُسے اپنا راستہ بنا لینگے یہ اسوجہ سے کہ

بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا غَافِلِينَ ۝ وَالَّذِينَ
اُنھون نے ہماری نشانیون کو جھٹلایا اور اُنسے غافل رہے اور جن لوگون نے

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَلِقَاءِ الْآخِرَةِ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ ۚ
ہماری نشانیون کو اور آخرت سے کام پڑجانیکو جھٹلایا اُنکے اعمال باطل ہوگئے

هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَاتَّخَذَ ع ۱۷
کیا اُنکو سوائے اُس عمل کے جو کچھ وہ کیا کرتے تھے کوئی اور بدلہ دیا جائیگا اور موسےٰ کی قوم نے

قَوْمُ مُوسَىٰ مِن بَعْدِهِ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا
اُنکے بعد اپنے زیورون سے ایک بچھڑا بنا لیا (وہ) ایک کھوکھلی مورت تھی

لَّهُ خُوَارٌ ۚ أَلَمْ يَرَوْا أَنَّهُ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيهِمْ
جس مین گائے کی سی آواز تھی کیا وہ اتنا نہین سمجھتے تھے کہ وہ بچھڑا نہ اُنسے بات کرتا تھا اور نہ

سَبِيلًا ۘ اتَّخَذُوهُ وَكَانُوا ظَالِمِينَ ۝ وَلَمَّا
اُنکو کوئی راستہ بتاتا تھا۔ (اسپر بھی) اُنھون نے یہ ظلم کیا کہ اُسے پوجا اور جب وہ

سُقِطَ فِي أَيْدِيهِمْ وَرَأَوْا أَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوا ۙ
حد سے زیادہ نادم ہوے اور یہ سمجھ گئے کہ ہم گمراہ ہوچکے

قَالُوا لَئِن لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ
تو اُنھون نے عرض کی کہ اگر ہمارا پروردگار ہم پر رحم نہ فرمائیگا اور ہمارے گناہ معاف نہ کردیگا تو ہم ضرور

الْخَاسِرِينَ ۝ وَلَمَّا رَجَعَ مُوسَىٰ إِلَىٰ قَوْمِهِ غَضْبَانَ
نقصان اُٹھانیوالون مین سے ہوجائینگے۔ اور جب موسےٰ اپنی قوم کی طرف سخت غصہ مین اور رنجیدہ

أَسِفًا ۚ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُونِي مِنْ بَعْدِي ۖ أَعَجِلْتُمْ

لوٹ کر آئے (اور) فرمایا کہ تمنے میرے بعد کیا ہی بُرا برتاؤ کیا ہے کیا تمنے اپنے پروردگار کی

أَمْرَ رَبِّكُمْ ۖ وَأَلْقَى الْأَلْوَاحَ وَأَخَذَ بِرَأْسِ أَخِيهِ

نسبت جلدی کی اور (غصہ سے) لوحین ڈالدین اور اپنے بھائی کا سر پکڑ کر اپنی طرف

يَجُرُّهُ إِلَيْهِ ۚ قَالَ ابْنَ أُمَّ إِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُونِي

کھینچا (اُنھون نے) عرض کی کہ اے میرے ماں جائے بالتحقیق قوم نے مجھے ضعیف سمجھا

وَكَادُوا يَقْتُلُونَنِي فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْأَعْدَاءَ وَلَا

اور قریب تھا کہ مجھکو قتل کردے پس آپ مجھپر دشمنون کو نہ ہنسوائین اور

تَجْعَلْنِي مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي

ظالم لوگون کے ساتھ میرا شمار نہ کرین (موسےٰ نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار

وَلِأَخِي وَأَدْخِلْنَا فِي رَحْمَتِكَ ۖ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝ ع ۱۸

تو مجھے اور میرے بھائی کو بخشدے اور ہم دونو کو اپنی رحمت مین داخل کرلے اور تو ہی سب رحم کرنیوالون سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے

إِنَّ الَّذِينَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ

بالتحقیق جن لوگون نے بچھڑا پوجا عنقریب اُنکے رب کی طرف سے اُنپر غضب

مِنْ رَبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَكَذَٰلِكَ

آئیگا اور زندگانی دنیا مین اُنکو ذلت ملیگی اور ہم افترا پردازون کو

نَجْزِي الْمُفْتَرِينَ ۝ وَالَّذِينَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ ثُمَّ

ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہین اور جن لوگون نے بدیان کین پھر

تَابُوا مِنْ بَعْدِهَا وَآمَنُوا إِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا

اُسکے بعد توبہ کرلی اور ایمان لے آئے بیشک تمہارا پروردگار بعد توبہ کرلینے کے

لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُوسَى

بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور جب موسےٰ کا غصہ فرو ہوا

الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۚ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّ

تو اُنھون نے لوحین اُٹھالین اور اُسکے نسخون مین اُن لوگون کے لئے ہدایت

رَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ○ وَاخْتَارَ

ورحمت تھی جو اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہین اور موسےٰ نے

مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّا

اپنی قوم مین سے ستر آدمی ہمارے مقررہ وقت کے لئے چھانٹ لئے پھر جب اُنکو

اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ

زلزلے نے آلیا تو (موسےٰ نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار اگر تو چاہتا تو انکو

مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ۚ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ

اور مجھے پہلے ہی ہلاک کردیتا کیا تو ہمین اُس کرتوت کے عوض ہلاک کرتا ہے جو ہم مین سے بیوقوف لوگون نے کی ہو

اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۚ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِيْ

یہ تو تیری ہی جانب سے آزمائش ہے اسکے ذریعہ سے جس کو تو چاہے تو توفیق ہدایت سلب کرلے اور جسے

مَنْ تَشَآءُ ۚ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَ

تو چاہے ہدایت فرمادے تو ہی ہمارا مالک ہے پس تو ہمین بخشدے اور ہم پر رحم فرما اور

اَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ○ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا

تو سب سے اچھا بخشنے والا ہے اور اس دنیا مین ہمارے لئے خوبی لکھدے

حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ۚ قَالَ عَذَابِيْٓ

اور آخرت مین (بہشت) یقیناً ہمنے تیرے (ہی) حضور مین توبہ کی ہے (خدا تعالےٰ نے)

اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۚ

فرمایا کہ مین اپنا عذاب تو جسے چاہتا ہون پہنچاتا ہون اور رحمت میری ہر چیز کو حاوی ہے

فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

پس عنقریب مین اُن لوگون کے لئے جو ڈرتے رہتے ہین اور زکوٰۃ دیتے رہتے ہین

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ

اور اُنکے لئے جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہین رحمت لکھدونگا وہ لوگ جو رسول کی پیروی

الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا

کرتے ہین (یعنی) اُس نبی اُمّی کی جسکا ذکر وہ اپنے پاس

عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۡ يَاْمُرُهُمْ

توریت اور انجیل مین لکھا ہوا پاتے ہین جو اُنکو نیکی کا حکم

بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ

دیتا ہے اور بدی سے باز رکھتا ہے اور پاک چیزون کو اُنکے لئے

الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ

حلال قرار دیتا ہے اور ناپاک چیزونکو اُنپر حرام ٹھہراتا ہے اور اُنکے وبال کو

اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور اُن طوقون کو جو اُنکے گلے مین پڑے تھے اُنسے دور کرتا ہے پس جو لوگ اُسپر ایمان

بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ

لائے اور (جنھون نے) اُسکو قوت پہنچائی اور اُسکی مدد کی اور اُس نور کی پیروی کی جو اُسکے

ع ۱۹ ۶ ۹ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ قُلْ يٰٓاَيُّهَا

ساتھ نازل ہوا ہے وہی تو (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہین تم کہدو کہ اے آدمیو

النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَۨا ۨالَّذِيْ لَهٗ

مین تم سب کی طرف خدا کا پیغام لانیوالا ہون وہی خدا جسکا

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ

اختیار آسمان بھی ہے اور زمین بھی سوائے اُسکے کوئی اور معبود نہین ہے وہی جلاتا

وَيُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ

ہے اور وہی مارتا ہے پس تم اللہ پر اور اُسکے رسول نبی اُمّی پر ایمان لاؤ جو خود

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝

خدا اور اُسکے کلمات پر ایمان رکھتا ہے۔ اور اُسی کی پیروی کرو تاکہ تم (بھی) ہدایت یافتہ ہو جاؤ

وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ

اور قوم موسےٰ مین سے ایک گروہ اُنکا بھی تھا جو راہ حق بتلاتے تھے اور حق کے بموجب

يَعْدِلُوْنَ ۝ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا

فیصلے کیا کرتے تھے اور ہمنے اُنکو (یعنی قوم موسےٰ کو) بارہ گھرانون مین گروہ گروہ کرکے تقسیم

اُمَمًا ۭ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ

کردیا تھا اور موسےٰ کی طرف جب اُسکی قوم نے اُس سے پانی مانگا ہمنے یہ وحی بھیجی

اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۭ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ

کہ تم پتھر پر اپنا عصا مارو پس اُس سے

اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۭ

بارہ چشمے بہ نکلے کہ ہر گروہ اپنے اپنے چشمہ کو خوب پہچانتا تھا

وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ

اور ہمنے اُنپر بادل سے سایہ کیا تھا اور اُنپر منّ وسلوےٰ نازل کیا تھا (اور اُنسے

وَالسَّلْوٰى ۭ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۭ وَمَا

یہ کہدیا تھا کہ جو پاک چیزین ہمنے تمکو دی ہین اُنمین سے کھاؤ پیو اور اُنھون نے

ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ وَاِذْ

ہمارا کچھ نقصان نہین کیا ولیکن اپنی ہی جانون پر ظلم کیا کرتے تھے اور (اُسوقت کو

قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ

یاد کرو) جبکہ اُنسے یہ کہا گیا کہ اس گاؤن مین آباد ہو اور اُسمین سے جہان جہان سے تمہارا جی

شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

چاہے کھاؤ (پیو) اور لفظ حطہ اپنی زبان پر جاری کرو اور اس دروازے مین سجدہ کرتے ہوے داخل ہو

نَغْفِرْ لَكُمْ خَطِيٓـَٔاتِكُمْ ۚ سَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ ۝ فَبَدَّلَ

تو ہم تمہاری خطائین بخشدینگے عنقریب ہم نیکی کرنیوالون کو بڑھا دینگے تو اُن لوگون نے

الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ

جو اُنمین سے ظالم تھے اُس بات کو بدلکر جو اُنسے کہی گئی تھی دوسری کہدی

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا

پھر ہمنے بھی بوجہ اسکے وہ نافرمانی کیا کرتے تھے اُن پر آسمان سے عذاب

يَظْلِمُونَ ۝ وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ

بھیجا اور اُنسے اُس گاؤن کا حال دریافت کرلو جو سمندر کے

حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ إِذْ يَعْدُونَ فِي السَّبْتِ إِذْ تَأْتِيهِمْ

کنارے تھا کہ (اس گاؤن والے) احکام سبت مین زیادتی کیا کرتے تھے (یعنی)

حِيتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَيَوْمَ لَا يَسْبِتُونَ ۙ لَا

اُنکے سبت کے دن مچھلیان (پانی پر) کنارے آجایا کرتی تھین اور جبدن انکا سبت نہوتا تھا

تَأْتِيهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ ۚ نَبْلُوهُم بِمَا كَانُوا

اس طرح نہ آیا کرتی تھین (اور اسطرح) بوجہ اسکے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھے ہم اُنکی آزمائش

يَفْسُقُونَ ۝ وَإِذْ قَالَتْ أُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُونَ

کیا کرتے تھے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ اُنمین سے ایک گروہ نے یہ کہا تھا کہ تم اُن لوگونکو

قَوْمًا ۙ اللَّهُ مُهْلِكُهُمْ أَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا ۖ

نصیحت ہی کیون کرتے ہو جنکو اللہ ہلاک کرنیوالا ہے یا اُنکو سخت عذاب دینے والا ہے

قَالُوا مَعْذِرَةً إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝ فَلَمَّا

تو (جواب مین اُنہون نے) کہا تھا کہ (ہم تو) تمہارے رب کی حضور مین الزام اُتارنیکی غرض سے (نصیحت کرتے ہین) اور

نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ أَنجَيْنَا الَّذِينَ يَنْهَوْنَ عَنِ

اسلئے کہ شاید یہ لوگ باز آجائین پھر جسوقت اُنہون نے اُسکو بھلا دیا جسکی اُنکو نصیحت کی گئی تھی تو ہمنے اُن لوگونکو جو منہ

ع ۱۵ ۱۰ ۲۰ ۶ ۱۰ ۱۰ ۱۰

السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۢ بَئِيْسٍۢ بِمَا

جو بدی سے باز رکھا کرتے تھے اور انکو نافرمانی کیا کرتے تھے بوجہ انکی نافرمانیوں کے بڑے عذاب

كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ

مین گرفتار کر لیا پھر جب انہون نے اُس سے سرکشی کی جس سے انکو منع کیا گیا تھا تو

قُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ ۝ وَاِذْ تَاَذَّنَ

ہمنے اُنسے کہدیا کہ (اب تم) ذلیل بندر بنجاؤ اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تمہارے

رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ

پروردگار نے آگاہ کردیا تھا کہ اُن پر قیامت تک کے لئے کسی ایسے کو ضرور مقرر کرتا رہیگا

يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۭ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ

جو اُنکو سخت عذاب دیا کریگا بیشک تمہارا پروردگار بہت جلد عذاب

الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِي

دینے والا ہے اور بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور ہمنے اُنکے گروہ کے گروہ

الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ

زمین مین متفرق کردئے کچھ تو اُنمین سے نیک ہین اور کچھ اُسکے

ذٰلِكَ ۚ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ

خلاف اور ہمنے نیکیون اور بدیون سے اُنکی آزمائش کی تاکہ وہ

يَرْجِعُوْنَ ۝ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا

باز رہین پس اُنکے بعد اُنکے قائم مقام ایسے نالائق ہوے جو کتاب کے تو

الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ

وارث بنے (اور) اس حقیر دنیا کی پونجی کو لیتے جاتے ہین اور

سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ۭ

یہ کہتے جاتے ہین کہ عنقریب ہمارے گناہ بخشدئے جائینگے حالانکہ ویسی ہی پونجی اگر اُنکو (پھر) ملے

عمل کرنے پر پھر تیار اور بجائے توبہ کرنے کے پھر اُسپر اصرار ۱۲

مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ۭ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ

تو (پھر) لے لیں کیا اُنسے کتاب مین یہ عہد نہین لیا گیا تھا

اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَي اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ۭ

کہ خدا کے ذمے کوئی بات سوائے سچ کے نہ بولیں اور جو کچھ اُسمین ہے اُسکو

وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

پڑھ (بھی) چکے ہین اور آخرت کا گھر اُنھی لوگون کے لئے اچھا ہے جو ڈرتے رہتے ہین کیا تم (اتنا بھی) نہین سمجھتے

وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۭ

اور وہ لوگ جو کتاب کی پیروی کرتے ہین اور نماز ادا کرتے ہین

اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ۝ وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ

بیشک ہم بھی نیکی کرنیوالون کے اجر کو ضایع نہ کرینگے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے پہاڑ کو اُٹھاکر

فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا

اُنکے اوپر اسطرح چھادیا گویا کہ وہ ایک سائبان تھا اور اُنھون نے یقین کرلیا کہ وہ اُنپر گرنیوالا ہے

مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ

(اُسوقت ہمنے حکم دیا کہ) جو کچھ ہم تمکو دیتے ہین اُسے مضبوطی سے لو اور جو کچھ اُسمین ہے اُسکو یاد رکھو تاکہ تم

تَتَّقُوْنَ ۝ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ع ۲۱ ۹ ۱۱

بچتے رہو اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تمہارے پروردگار نے اولاد آدم سے اُنکی پشت در پشت

ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ ۚ

اولاد کو لیا اور اُنکو اُنکی اپنی اپنی ذات پر گواہ قرار دیا (اور اُنسے یہ سوال کیا)

اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰي ۛ شَهِدْنَا ۛ اَنْ تَقُوْلُوْا

کیا مین تمہارا رب نہین ہون سب نے عرض کی بیشک ہی ہم گواہ ہین (کہ تو ہمارا رب ہے تمہارا یہ اقرار ہمنے اسلئے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ۝ اَوْ تَقُوْلُوْٓا

(جتلادیا کہ) قیامت کے دن کہین تم یہ نہ کہدو کہ ہم تو اس سے بیخبر تھے یا یہ کہدو کہ

إِنَّمَا أَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِن قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّن
پہلے ہی سے تو ہمارے باپ دادا شرک کیا کرتے تھے اور ہم تو اُنکے بعد اُنکی اولاد میں سے
بَعْدِهِمْ ۖ أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُونَ ○ وَكَذَٰلِكَ
تھے تو کیا تو باطل کی بنیاد ڈالنے والوں کے فعل کے سبب ہمین بھی ہلاک کئے دیتا ہے اور اسی غرض سے
نُفَصِّلُ الْآيَاتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ○ وَاتْلُ
ہم ان آیات کو کھولکر بیان کرتے ہین اور اسلئے (بھی) کہ وہ (اپنے افعال سے) باز آئین اور اُنکو اُس شخص
عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِي آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانسَلَخَ مِنْهَا فَأَتْبَعَهُ
کی خبر سنادو جسکو ہمنے اپنی آیتین دی تھین پھر وہ اُنسے الگ ہوگیا پھر شیطان اُسکے
الشَّيْطَانُ فَكَانَ مِنَ الْغَاوِينَ ○ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاهُ
پیچھے آلگا پس وہ گمراہون مین سے ہوگیا اور اگر ہم چاہتے تو اُنہی آیتون کے
بِهَا وَلَٰكِنَّهُ أَخْلَدَ إِلَى الْأَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوَاهُ ۚ
سبب سے اُسکو بلند مرتبہ دیتے لیکن وہ خود سے زمین کی طرف جھک پڑا اور اپنی خواہش نفسانی کا پیرو ہوگیا
فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ إِن تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ أَوْ
پس اُسکی مثل کتے کی سی مثل ہوگئی کہ اگر تم اُسپر حملہ کرو تو بھی زبان نکالے اور اُسے
تَتْرُكْهُ يَلْهَث ۚ ذَّٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا
چھوڑے رکھو تب بھی زبان نکالے یہ اُن لوگون کی سی مثل ہوئی جو ہماری آیتون کو جھٹلایا کرتے
بِآيَاتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ○
ہین پس تم یہ قصے بیان کرتے رہو تاکہ وہ (کچھ تو) فکر کرین
سَاءَ مَثَلًا الْقَوْمُ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَأَنفُسَهُمْ
اُن لوگون کی مثل بہت ہی بُری ہے جنہون نے ہماری آیتون کو جھٹلایا اور اپنی جانون پر
كَانُوا يَظْلِمُونَ ○ مَن يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِي ۖ
ظلم کرتے رہے جسے خدا ہدایت دے پس وہی ہدایت یافتہ ہے

وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ
اور جس سے وہ توفیق ہدایت سلب کرلے پس نقصان اُٹھانیوالے وہی تو ہین اور ہمنے جنون اور
ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ لَهُمْ
آدمیون مین سے بہت سون کو جہنم ہی کے لئے بنایا ہے اُنکے دل
قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ
موجود ہین جنسے سمجھتے نہین اور اُنکی آنکھین ہین جن سے دیکھتے نہین
بِهَا وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ اُولٰٓئِكَ
اور اُنکے کان ہین جن سے سنتے نہین وہ چوپاؤن
كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝
کے مانند ہین بلکہ اُنسے بھی بدتر وہی لوگ تو غافل ہین
وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۠ وَذَرُوا الَّذِيْنَ
اور کل اچھے اچھے نام اللہ ہی کے ہین پس تم اُسکو اُنہی سے پکارو اور اُن لوگون کو چھوڑ دو
يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَاۗىِٕهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝
جو اُسکے نامون مین الحاد (کجروی) کیا کرتے ہین وہ جیسے عمل کیا کرتے ہین عنقریب ویسی ہی جزا پائینگے
وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۝
اور اُن لوگون مین سے جنکو ہمنے پیدا کیا ہے ایک گروہ ایسا بھی ہے جو حق کی ہدایت کرتا ہے اور اُسی کے موجب انصاف کیا
وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ
کرتا ہے۔ اور جن لوگون نے ہماری آیتون کو جھٹلایا ہم بتدریج اُنکو اس حیثیت سے گرفتار کرینگے کہ وہ (کچھ)
لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ۝
نہ سمجھینگے اور مین اُنکو مہلت دونگا بیشک میری چال زبردست ہے
اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۭ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ
کیا اُنہون نے یہ نہ سوچا کہ اُنکے صاحب کو جنون نہین ہے وہ تو

ع ۱۰ ۲۲ ۱۲

إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝ أَوَلَمْ يَنظُرُوا فِي مَلَكُوتِ

کھلا ڈرانیوالا ہے کیا انہون نے آسمانون کی اور زمین کی

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ وَأَنْ

سلطنت مین اور جو جو چیزین خدا نے پیدا کی ہین انمین غور نہین کیا اور اس بات مین

عَسَىٰ أَن يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ ۖ فَبِأَيِّ

کہ شاید انکی اجل قریب ہی آگئی ہو پس اس (قرآن)

حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ۝ مَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَا

کے بعد وہ اور کونسی بات پر ایمان لائینگے جس کو خدا توفیق ہدایت سلب کرلے پس اسکا

هَادِيَ لَهُ ۚ وَيَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝

کوئی راہبر نہین اور وہ انکو انہی کی سرکشی مین چھوڑ دیتا ہے کہ (خود) سرگردان رہین

يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا ۖ قُلْ

لوگ تمسے قیامت کی بابت سوال کرتے ہین کہ اسکا معین وقت کونسا ہے تم کہدو کہ

إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي ۖ لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا

اسکا علم تو میرے پروردگار ہی کے پاس ہے وہ خود ہی اسکے ہوجانیکے وقت پر اسکو ظاہر

هُوَ ۚ ثَقُلَتْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ لَا تَأْتِيكُمْ

کردیگا وہ آسمانون مین اور زمین مین سخت گھڑی ہوگی تمکو یکایک آلیگی

إِلَّا بَغْتَةً ۗ يَسْأَلُونَكَ كَأَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ۗ قُلْ إِنَّمَا

تم سے تو وہ اس طرح پوچھتے ہین گویا تم ہی اسکے رازدار ہو تم یہ کہدو کہ

عِلْمُهَا عِندَ اللَّهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝

اسکا علم تو خدا ہی کے پاس ہے ولیکن اکثر لوگ سمجھتے نہین ہین

قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَلَا ضَرًّا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۚ

تم یہ کہدو کہ مین اپنی ذات کے لئے نہ کسی نفع کا اختیار رکھتا ہون نہ کسی نقصان کا سوا اسکے جو اللہ کو منظور ہو

ع ۱۳

مع ۸ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ

اور اگر مین غیب جانتا ہوتا تو بہت سی خیر و خوبی اکٹھی کرلیتا

وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ

اور خرابی تو مجھکو چھو بھی نہ جاتی الّا مین تو اُن لوگون کے لئے جو ایمان رکھتے ہین فقط ایک خوشخبری

ع ۷ ۲۳ ۱۳ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

دینے والا اور ڈرانیوالا ہون وہ وہی تو ہے جسنے تم سب کو ایک ذات سے پیدا کیا اور اُسی (کی

وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا

بچی ہوئی مٹی) سے اُسکا جوڑا بنادیا کہ اُس سے مانوس ہو پس جسوقت مرد اُس سے

حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ

ہم صحبت ہوا تو عورت کو ہلکا سا حمل رہا کہ اُس سمیت چلتی پھرتی رہی پھر جب اُس حمل کا وزن بڑھا

دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ

تو دونو نے اللہ اپنے پروردگار سے دعا کی کہ اگر تو ہمکو صحیح و سالم (بچہ) عنایت کریگا تو ہم ضرور

الشّٰكِرِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ

تیرے شکرگزار ہونگے پھر جسوقت اُسنے اُنکو صحیح و سالم (بچہ) دیا تو جو کچھ دیا تھا اُسمین اُنہون نے

فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

اُسی خدا کا شریک ٹھہرایا حالانکہ خدا اُن چیزون سی برتر ہی جنکو اُسکا شریک ٹھہراتے ہین

اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ۝

کیا اُنکو شریک ٹھہراتے ہین جو کوئی چیز پیدا نہین کرتے اور وہ خود ہی پیدا کئے جاتے ہین

وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ۝

اور نہ وہ ان (شریک ٹھہرانیوالون) کی کوئی مدد کرسکتے ہین اور نہ اپنی ذات ہی کی مدد کرتے ہین

وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ سَوَآءٌ

اور اگر تم اُنکو راہ راست کی طرف بلاؤ تو وہ تمہاری پیروی نہ کرینگے تمہارے لئے (دونو)

عَلَيْكُمْ أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنْتُمْ صَامِتُونَ ۝ إِنَّ

برابر ہین خواہ تم اُنکو بُلاؤ یا خاموش ہو رہو بالتحقیق

الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ

تم خدا کے سوا جنکو پکارتے ہو وہ تم ہی جیسے بندے ہین

فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝

پس اُنکو پکارو (اور) اگر تم سچے ہو تو چاہیے کہ وہ تمہارا جواب دین

أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ

کیا اُنکے پاؤن ہین جنسے وہ چلتے ہین یا اُنکے ہاتھ ہین جنسے وہ پکڑتے ہین

بِهَا أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ آذَانٌ

یا اُنکی آنکھین ہین جنسے وہ دیکھتے ہین یا اُنکے کان ہین

يَسْمَعُونَ بِهَا قُلِ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ

جنسے وہ سنتے ہین کہدو کہ تم اپنے شریکون کو بُلالو پھر

كِيدُونِ فَلَا تُنْظِرُونِ ۝ إِنَّ وَلِيِّيَ اللَّهُ الَّذِي

مجھ سے چالین چلو اور مجھے مہلت نہ دو بیشک میرا حمایتی (وہی) اللہ ہے جسنے یہ

نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ ۝ وَالَّذِينَ

کتاب نازل کی ہے اور وہ نیک بندون سے دوستی رکھتا ہے اور اُسکے سوا

تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ

تم جن جن کو پکارتے ہو وہ نہ تمہاری ہی مدد کرینگے

وَلَا أَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُونَ ۝ وَإِنْ تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَى

اور نہ اپنی ہی جانون کو بچا سکینگے اور اگر تم اُنکو راہ راست کی طرف بُلاؤگے تو

لَا يَسْمَعُوا وَتَرَاهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ وَهُمْ

وہ کچھ نہ سنینگے اور تم سمجھتے ہو کہ وہ تمہاری طرف دیکھ رہے ہین حالانکہ وہ

لَا يُبْصِرُونَ ○ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ

کچھ نہیں دیکھتے معافی دینا اختیار کرو اور نیکی کا حکم دو اور جاہلوں سے

عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ○ وَإِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ

درگزر کرو۔ اور جسوقت شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ تمکو اُبھارے تو اللہ کی پناہ

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۚ إِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ إِنَّ الَّذِيْنَ

مانگ لیا کرو بیشک وہ سُننے والا (اور) جاننے والا ہے بیشک جو ڈرتے رہتے ہیں

اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا

جسوقت شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ اُنکو محسوس ہوتا ہے تو وہ (احکام خدا کو) یاد کرلیا کرتے ہیں

فَإِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ○ وَإِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ

اور یکایک اُنکی آنکھ کھل جایا کرتی ہے اور اُنکے بھائی (شیطان) اُنکو گمراہی میں ڈالے رکھتے ہیں

فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ○ وَإِذَا لَمْ تَأْتِهِمْ بِاٰيَةٍ

پھر وہ کوئی کوتاہی نہیں کرتے اور جب تم اُنکے پاس کوئی آیت نہ لاؤ تو وہ یہ

قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ۚ قُلْ إِنَّمَآ أَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى إِلَيَّ

کہتے ہیں کہ آپ کوئی آیت کیوں نہ چُنکر لائے تم کہدو کہ میں تو صرف اُسکی پیروی کرتا ہوں جو مجھ

مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ

میرے رب کی طرف سے میری طرف وحی کیجاتی ہے یہ اُن لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں تمہارے رب کی طرف سے دلیلیں ہیں اور

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ

ہدایت اور رحمت ہے اور جسوقت قرآن پڑھا جائے تو اُسے توجہ سے سُنو

وَأَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ

اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے اور اپنے دل میں اپنے پروردگار

نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ

کو گریہ وزاری کے ساتھ اور ڈرتے ڈرتے صبح و شام یاد کرتے رہنا پکار کر کہنے کی کوئی ضرورت

* اللہ الا قلیلا (لوگوں کو دکھلاتے ہیں اور اللہ کو بہت ہی کم یاد کرتے ہیں) ۱۲

بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝ اِنَّ

نہین اور غافلون مین سے نہونا بیشک

الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ

جو لوگ تمہارے پروردگار سے قربت رکھتے ہین وہ اُسکی عبادت کرنے سے اکڑتے نہین اور

يُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۝ ع

اُسکی پاکی بیان کرتے رہتے ہین اور اُسی کو سجدے کیا کرتے ہین

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمن و رحیم خدا کے نام سے شروع کرتا ہون

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ

(اے رسول) لوگ تم سے مال غنیمت کا حکم دریافت کرتے ہین تم کہدو کہ مال غنیمت اللہ و

الرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَ

رسول کا ہے پس تم اللہ سے ڈرتے رہو اور آپس کے جھگڑون کی اصلاح کرتے رہو

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

اور اگر تم مومن ہو تو اللہ اور اُسکے رسول کی اطاعت کرتے رہو

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ

(کامل) مومن تو صرف وہی ہین کہ جب خدا کا نام لیا جاتا ہے تو اُنکے دل (اُسکی ہیبت و جلال

قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

سے) دہل جاتے ہین اور جب اُسکی آیتین اُنپر پڑھی جاتی ہین اُنکے ایمان کو بڑھا دیتی ہین

وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ

اور وہ صرف اپنے پروردگار ہی پر بھروسہ کرتے ہین جو (باقاعدہ) نماز پڑھا کرتے ہین

الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ
اور جو کچھ ہمنے اُنکو دیا ہے اُسمین سے ہماری راہ مین خرچ کیا کرتے ہین وہی لوگ
الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ
حقیقی مومن ہین اُنہی کے لئے اُنکے پروردگار کے پاس درجے ہین اور
مَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ
بخشش ہے اور آبرو کی روزی ہے جیسا کہ تمہارے پروردگار نے تمکو تمہارے
مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۠ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
گھر سے ایک امر حق کے لئے نکالا تھا حالانکہ مومنون کا ایک گروہ اسکو ناپسند
لَكٰرِهُوْنَ ۝ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ
کرنیوالا تھا یہ لوگ تجسے حق کے بارے مین جھگڑتے ہین بعد اسکے کہ حق کھل چکا ہے
كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝ وَاِذْ
گویا وہ آنکھون دیکھتے موت کی طرف ہانکے جاتے ہین اور (اُسوقت کو
يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّاۗىِٕفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَ
یاد کرو) جبکہ خدا نے تم سے وعدہ کیا تھا کہ دو گروہون مین سے ایک تمہارے ہاتھ لگیگا اور تم
تَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَ
یہ چاہتے تھے کہ کم شان و شوکت والا تمہارے ہاتھ لگے اور
يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ
اللہ یہ چاہتا تھا کہ اپنے کلمات کے ذریعہ سے حق کو حق ثابت کردے اور کافرون کی نسل
الْكٰفِرِيْنَ ۝ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ
منقطع کردے تاکہ حق کو حق ثابت کردے اور باطل کو باطل گو مجرمون کو
الْمُجْرِمُوْنَ ۝ اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ
بُرا لگے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تم اپنے پروردگار سے فریاد کرتے تھے اور اُسنے تمکو جواب

أَنِّي مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِينَ ○ وَمَا

دیا تھا کہ میں تمہاری ہزار فرشتوں سے مدد کرونگا جو تمہاری پشتی پر ہونگے اور اس کو خدا

جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ قُلُوبُكُمْ ۚ

نے مقرر اسی غرض سے کیا تھا کہ تمہارے لئے ایک بشارت ہو نیز اسلئے کہ تمہارے دل اس سے مطمئن ہو جائیں

وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِندِ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ○ ع

حالانکہ حقیقی مدد سوائے اللہ کے پاس کے اور کہیں سے ہوتی ہی نہیں بیشک اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے

إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم

(اسوقت کو یاد کرو) جبکہ تمکو امن دینے کے لئے اُسنے نیند کو تم پر مسلط کیا اور آسمان سے تم پر

مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ

پانی اُتارا کہ اُس سے تم اپنے کو پاک کرو اور تاکہ شیطان کی نجاست کو تم سے

رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ

دور کرے اور تمہارے دلوں کو مضبوط کرے اور تمہارے قدم اُس سے

الْأَقْدَامَ ○ إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلَائِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ

جمادے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تمہارا پروردگار فرشتوں کو وحی فرما رہا تھا کہ میں

فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا ۚ سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ

تمہارے ساتھ ہوں پس تم اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں ثابت قدم رکھو عنقریب میں اُن لوگوں کے

كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا

دلوں میں جو کافر ہو گئے ہیں رعب ڈالونگا پس تم اُنکی گردنوں پر اور اُنکی پور پور پر

مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ○ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَ

ضرب لگاؤ یہ اس لئے کہ وہ اللہ اور اُسکے رسول کے مقابل

رَسُولَهُ ۚ وَمَن يُشَاقِقِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللَّهَ

بنے اور جو اللہ اور اُسکے رسول کا مقابل بنے گا پس اللہ

شَدِيدُ الْعِقَابِ ○ ذٰلِكُمْ فَذُوقُوهُ وَأَنَّ لِلْكٰفِرِينَ
سخت عذاب دینے والا ہے یہ تمہاری سزا ہے پس اسی کو تم چکھو اور یقیناً کافرون کے لئے
عَذَابَ النَّارِ ○ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوٓا إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ
جہنم کا بھی عذاب ہے اے ایمان لانیوالو جسوقت کافرون سے جنگ مین
كَفَرُوا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَارَ ○ وَمَن يُوَلِّهِمْ
آمنا سامنا کرو تو اُنکو پیٹھ نہ دکھاؤ اور اُسدن جو پیٹھ
يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُۥٓ إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزًا إِلَىٰ فِئَةٍ
دکھائیگا سوائے اسکے کہ لڑائی کے لئے کترا کے جاتا ہو یا دوسرے گروہ کی پاس جگہ پکڑنا مقصود
فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ وَمَأْوَىٰهُ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ
ہو وہ یقیناً غضب خدا مین گرفتار ہوگا اور اُسکا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت ہی بُری
الْمَصِيرُ ○ فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلٰكِنَّ اللَّهَ قَتَلَهُمْ ۖ وَمَا
جگہ ہے پس تمنے اُنکو قتل نہین کیا تھا بلکہ اللہ نے اُنکو قتل کیا تھا اور (اے رسول)
رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِينَ
جسوقت تمنے اُنکی طرف مٹی پھینکی تھی تو تمنے نہین پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی تھی اور یہ اسلئے تھی کہ اللہ
مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ○ ذٰلِكُمْ
اُسکو ذریعہ سے مومنین کی اچھی طرح آزمائش کرے بیشک اللہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے یہ تو یہ
وَأَنَّ اللَّهَ مُوهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِينَ ○ إِن تَسْتَفْتِحُوا
اور اللہ کافرون کی چال کو سست کرنیوالا ہے اگر تم فتح کے طالب ہو تو تم (مین سے
فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ۖ وَإِن تَنتَهُوا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ وَ
حق والے) کو فتح میسر آگئی اور اگر تم باز رہو تو وہ تمہارے لئے بہتر ہے اور
إِن تَعُودُوا نَعُدْ ۚ وَلَن تُغْنِيَ عَنكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَلَوْ
اگر تم پھر ایسا کروگے تو ہم بھی پھر ایسا ہی کرینگے اور تمہارا گروہ گو کیسا ہی بڑا ہو تمہارے کچھ کام نہ آئیگا

كَثُرَتْ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ۹ ۱۶

جس حال مین کہ اللہ مومنون کا ساتھ دینے والا ہے اے ایمان

اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ

لانیوالو اللہ کی اور اُسکے رسول کی اطاعت کرو اور جس حال مین کہ تم سنتے ہو اُس سے

تَسْمَعُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا

روگردان نہو اور اُن لوگون کے مانند مت بنو جنہون نے کہا کہ ہمنے سُنا

وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ

حالانکہ وہ سُنتے کچھ نہین بیشک اللہ کے نزدیک سب سے بدتر جانور وہ ہین جو

الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ

بہرے گونگے ہین (اور) جو (کچھ) نہین سمجھتے اور اگر اللہ کو اُنمین کسی قسم

فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ۭ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ

کی خیر و خوبی ہونیکا علم ہوتا تو اُنکو سُنواتا اور اگر وہ اُنکو سُنوا دے تو وہ اُس سے ضرور روگردان

مُّعْرِضُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَ

ہو کر اُلٹے بھاگین اے ایمان لانیوالو جسوقت رسول تمکو ایسے کام کی طرف

لِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

بلائین جس مین تمہاری زندگی ہے تو اللہ کا اور اُسکے رسول کا حکم مان لو اور یہ

يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَاتَّقُوْا

جان لو کہ فرور اللہ آدمی کے اور اُسکے دل کے مابین حائل ہے اور یہ کہ تم سب اُسکی حضور مین جمع کئے جاؤگے اور اُس فتنہ

فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاصَّةً ۚ

سے ڈرتے رہو جو خصوصیت کے ساتھ تمہارے اُنہی لوگون پر نہ پڑیگا جو تم مین سے ظالم ہین

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ

اور یہ جان لو کہ اللہ بہت سخت عذاب دینے والا ہے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تم اُس

أَنتُمْ قَلِيلٌ مُّسْتَضْعَفُونَ فِي الْأَرْضِ تَخَافُونَ أَن
سر زمین مین گنتی مین کم اور بے بس تھے اور اس بات سے ڈرتے تھے کہ
يَتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَآوَاكُمْ وَأَيَّدَكُم بِنَصْرِهِ وَرَزَقَكُم
کہین لوگ تمکو اچک کر نہ لیجائین اور خدا نے تمکو ٹھکانا بھی دیا اور اپنی نصرت کے ذریعہ سے تمہاری تائید
مِّنَ الطَّيِّبَاتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
بھی کی اور پاک چیزون سے تمکو رزق بھی عطا کیا تاکہ تم شکر گزار ہو اے ایمان لانیوالو
آمَنُوا لَا تَخُونُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ وَتَخُونُوا أَمَانَاتِكُمْ
نہ تو اللہ اور رسول کی خیانت کرو اور نہ جان بوجھکر اپنی امانتون مین
وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ وَاعْلَمُوا أَنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ
خیانت کرو اور یہ جان لو کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد آزمائش
فِتْنَةٌ وَأَنَّ اللَّهَ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ ع ۳ ۹ ۱۷
ہین اور بیشک بڑا اجر خدا (ہی) کے پاس ہے اے ایمان
آمَنُوا إِن تَتَّقُوا اللَّهَ يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَانًا وَيُكَفِّرْ عَنكُمْ
لانیوالو اگر تم اللہ سے ڈرتے رہوگے تو وہ تمہارے واسطے ایک حق و باطل کی جانچ مقرر
سَيِّئَاتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝
فرمائیگا اور تمہاری بدیان تم سے دور کردیگا اور تمکو بخشدیگا اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے
وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِيُثْبِتُوكَ أَوْ يَقْتُلُوكَ
اور (اے رسول اسوقت کو یاد کرو) جبکہ کفار تم سے چال چل رہے تھے کہ تمکو قید کردین یا قتل کردین
أَوْ يُخْرِجُوكَ ۚ وَيَمْكُرُونَ وَيَمْكُرُ اللَّهُ ۖ وَاللَّهُ خَيْرُ
یا نکالدین وہ تو اپنی چال چل رہے تھے اور خدا تعالے بدلہ لینے پر آمادہ تھا اور اللہ سب سے بہتر
الْمَاكِرِينَ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا قَالُوا قَدْ سَمِعْنَا
بدلہ لینے والا ہے اور جسوقت ہماری آیتین انپر پڑھی جاتی ہین تو کہدیتے ہین کہ ہم سن چکے

لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ
اگر ہم چاہین تو ہم بھی اسکے مانند کہلین یہ تو صرف پہلے لوگون کی کہانیان
الْاَوَّلِيْنَ ○ وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ
ہین اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ اُنھون نے یہ کہدیا کہ یا اللہ اگر یہ امر حق ہے
الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ
اور تیری طرف سے ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا
اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ
یا ہم کو کوئی دردناک عذاب دے اور اللہ کا یہ کام نہین ہے کہ جس حال مین تم
وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ○
اُن مین موجود ہو وہ اُنکو عذاب دے اور نہ اللہ اُنکو اس حال مین عذاب دیگا کہ وہ استغفار کرتے رہین
وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ
اور اللہ اُنکو عذاب کیون نہ دے جس حال مین کہ وہ مسجد الحرام سے
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ۭ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ
روکتے ہین حالانکہ وہ خود اُسکے مستحق نہین ہین اُس کے مستحق تو صرف
اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَمَا كَانَ
شرک سے بچنے والے ہین ولیکن اُن مشرکون مین سے اکثر اس بات کو نہین جانتے اور بیت اللہ کے پاس
صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ۭ فَذُوْقُوا
اُنکی نماز سوائے سیٹیان بجانے اور تالیان پٹخارنے کے اور کچھ بھی نہ تھی پس جیسے (جیسے)
الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
کفر تم کیا کرتے تھے ویسے ہی اب عذاب (بھی) چکھو بیشک جو لوگ کافر ہوگئے
يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ
وہ اپنے مال اس غرض سے صرف کرتے ہین کہ راہ خدا سے روکین

فَسَيُنْفِقُونَهَا ثُمَّ تَكُونُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ ۗ
سو عنقریب وہ اور خرچ کرینگے پھر وہی اُنکے لئے باعث حسرت ہو جائیگا پھر وہ مغلوب ہو جائینگے

وَالَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ ۝ لِيَمِيزَ اللَّهُ
اور جو لوگ کافر ہو گئے وہ جہنم کی طرف ہانکے جائینگے تاکہ خدا تعالےٰ ناپاک کو

الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهُ
پاک سے الگ کر دے اور ناپاک کو اوپر تلے

عَلَىٰ بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ ۚ
رکھدے پھر اُن سب کا ڈھیر لگا دے پھر اُس سارے ڈھیر کو جہنم مین جھونکدے

ع ۹ ۱۸ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ قُلْ لِلَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ
وہی تو نقصان اُٹھانیوالے ہونگے کافروں سے کہدو کہ اگر وہ باز آئین تو جو کچھ

يَنْتَهُوا يُغْفَرْ لَهُمْ مَا قَدْ سَلَفَ ۖ وَإِنْ يَعُودُوا
پہلے ہو چکا ہے وہ اُنکو معاف کر دیا جائیگا اور اگر پھر ویسا ہی کرینگے تو

فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْأَوَّلِينَ ۝ وَقَاتِلُوهُمْ
پہلوں کا قاعدہ تو مقرر ہو ہی چکا ہے اور اُنسے یہانتک لڑو کہ

حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ
کفر باقی نہ رہے اور دین سب کا سب خالص اللہ کا

لِلَّهِ ۚ فَإِنِ انْتَهَوْا فَإِنَّ اللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ
ہو جائے پھر اگر وہ کفر سے باز آجائین تو اللہ اُنکے اعمال کا

بَصِيرٌ ۝ وَإِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ
نگران ہے اور اگر وہ نہ باز آئین تو یہ جان لو کہ اللہ

مَوْلَاكُمْ ۚ نِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ ۝
تمہارا حامی ہے (اور) وہ سب سے بہتر حامی اور سب سے بہتر مددگار ہے